www.iqbalkalmati.blogspot.com

فارسی - اُردُو

فیروزُ اللّغات

فارسی کے پچاس ہزار سے زائد الفاظ کے اُردو مطالب پر مشتمل جامع فرہنگ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فارسی - اُردو

فیروز اللغات

مرتب کردہ : مقبول بیگ بدخشانی

ایڈیٹر : ڈاکٹر وحید قریشی

فارسی کے پچاس ہزار سے زائد الفاظ کے اُردو مطالب پر مشتمل جامع فرہنگ

فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ
لاہور - راولپنڈی - کراچی

marfat.com

مجلد: 969 0 01845 0

بار اول __________ ۲۰۰۴ء

فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

ہیڈ آفس و شو روم: 60۔ شاہراہ قائداعظم، لاہور۔ (پاکستان)

راولپنڈی آفس: 277۔ پشاور روڈ، راولپنڈی۔

کراچی آفس: فرسٹ فلور، مہران ہائٹس، کراچی۔

مقبول بیگ بدخشانی	Maqbool Baig Badkhshani
فیروز سنز فارسی اردو لغت	Ferozsons Farsi Urdu Lught

اس کتاب کا کوئی حصہ نقل کرنے یا کسی بھی طریقے سے محفوظ کرنے،

فوٹو کاپی کرنے یا ترسیل کرنے کی اجازت نہیں۔

2004ء © جملہ حقوق فیروز سنز محفوظ ہیں۔

مطبوعہ فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ لاہور۔ باہتمام عبدالسلام پرنٹر و پبلشر

email:support@ferozsons.com.pk
www.ferozsons.com.pk

بسمہ اللہ الرحمن الرحیم

سخن ہائے گفتنی

برصغیر پاکستان و ہند کے ایران کے ساتھ قدیم زمانے سے کچھ سیاسی اور کچھ معاشرتی روابط چلے آئے تھے، قدیم ایرانی حکمرانوں نے توسیع سلطنت کی غرض سے برصغیر پر یلغاریں بھی کیں۔ ہخانشی بادشاہ داریوش کبیر نے ۵۱۲ ق م میں حملہ کرکے پنجاب اور سندھ پر تسلط قائم کیا جو کچھ عرصہ جاری بھی رہا۔ اشکانی دور میں انطیوکس نے ۲۰۳ق م میں چڑھائی کی درہ خیبر کے راستے پنجاب میں داخل ہوا- ساسانی دور میں بہرام گور(۴۲۰-۴۴۰) جو عظیم شکاری بھی تھا، سیرو سیاحت کے شوق میں ہندوستان آیا، مقصد دوستانہ روابط قائم کرنا تھا جس میں اسے کامیابی ہوئی۔ اس بنا پر لوگ ایک دوسرے کے ملک میں آنے جانے لگے اور یہ سلسلہ صدیوں تک قائم رہا۔

ایران کے دور سامانیہ (۹۰۰-۹۹۸) میں ایران و ہند میں لوگوں کے ارتباط میں کافی اضافہ ہوا۔ یہاں کے لوگ فارسی زبان سے آشنا ہوئے۔ دور غزنویہ (۹۶۲-۱۱۸۶ء) کے آغاز میں الپتگین خراسان کا سپہ سالار تھا، اسے دراصل خراسان کی حکومت ہی حاصل تھی۔ اس کے بعد اس کے داماد سبکتگین کو غزنی اور خراسان کی حکومت ملی۔ پشاور کے راجا جیپال کو شکست دے کر وہ پشاور پر بھی قابض ہوا اور دور غزنویہ کا آغاز ہوا۔ سبکتگین کی وفات کے بعد اس کا بیٹا سلطان محمود تخت نشین ہوا، اس نے ایران کے آخری صفاری حکمران کو شکست دی۔ کچھ عرصہ پہلے خراسان جو سلطنت غزنویہ سے نکل گیا تھا، سلطان محمود نے اسے فتح کرلیا۔ چند سال بعد بخارا اور سمرقند بھی فتح کرلیے۔ہند میں قنوج اور سومنات کو فتح کیا تو اس کی شہرت اطراف عالم میں پھیل گئی۔

ہند میں فارسی زبان کا باقاعدہ آغاز غزنوی دور میں ہوا۔ (۱۰۲۳-۱۰۲۵) میں پنجاب غزنوی سلطنت کا حصہ بنا، تو سلطان محمود نے غزنی میں وسیع پیمانے پر ایک دارالعلوم کی بنیاد ڈالی۔ اس میں عنصری، عسجدی جیسے شاعر ابوریحان البیرونی ایسے ماہر ہئیت و علم ریاضی شامل تھے۔ سلطان کی دعوت اور داد و دہش پر ابوالحسن طبیب، ابونصر عراق ماہر ریاضی ایسے جید عالم بھی غزنی آئے۔ عالمگیر شہرت کے شاعر فردوسی کو "شاہنامہ" لکھنے پر سلطان محمود نے مامور کیا تھا، یہ زندہ جاوید کارنامہ اسی عہد کی عظیم یادگار ہے۔

سلطان محمود خود بھی عالم شخص تھا، فقہ پر کتاب "تفریدالفروع" اس نے لکھی تھی۔ اس دور میں ایران اور ہند کے روابط مزید استوار ہوئے اور یہاں فارسی زبان کی ترویج ہوئی۔ غزنوی عہد کے دوران فارسی زبان کا بڑا مرکز لاہور تھا نامور شعرا مسعود سعد سلمان اور ابوالفرج رونی کا تعلق لاہور ہی سے تھا جو دربار غزنہ سے وابستہ تھا۔ یہاں فارسی زبان نے مقبولیت عام کی صورت اختیار کی، فارسی کو درباری زبان کا درجہ ملا اور دفتری زبان کی بھی حیثت حاصل ہوئی۔ اور/

اس کی درس و تدریس باقاعدہ ہونے لگی۔ علما نے بعض علوم پر تصنیفات کے لیے فارسی ہی کو ذریعہ بنایا۔ اس میں شک نہیں کہ جن علما نے یہ کام شروع کیا ان میں زیادہ تر وہ لوگ تھے جو ایران ہی سے آئے تھے، لیکن رفتہ رفتہ مقامی باشندوں نے بھی تصنیف و تالیف کا سلسلہ شروع کیا۔ اس عہد میں علی ہجویری داتا گنج بخش وارد لاہور ہوئے۔ تصوف کے موضوع پر جو کتابیں لکھی گئیں ان میں سرفہرست کشف المحجوب ہے، جو حضرت داتا گنج بخش کی تصنیف ہے۔ حضرت معین الدین چشتی کے مسلک تصوف و عرفان کا ذریعہ اظہار بھی فارسی تھا۔ بعض اور صوفیاے کرام نے فارسی ہی کو تبلیغ اسلام کا ذریعہ بنایا۔ ہندوستان میں جو فارسی پہنچی، وہ خراسان اور توران کے توسط سے ہی پہنچی۔

مغول سلطنت کے بانی چنگیز خاں نے ۱۲۲۰-۱۲۲۶ء کے دوران ایران فتح کیا۔ اس کے ظلم وستم کا ہاتھ دراز ہوا تو ایران کے متعدد خانوادے ترک وطن کرکے ہندوستان آئے اور یہاں کے شمالی علاقوں میں مستقل طور سے رس بس گئے۔ ایرانی علما کے ترک وطن کرنے کا یہ سلسلہ بعد میں بھی قائم رہا۔ ان کی وجہ سے تیرھویں صدی عیسوی میں فارسی زبان کے نشرونفوذ میں مزید ترقی ہوئی۔ فارسی زبان رفتہ رفتہ ہندوستان کے بعض حصوں میں سمجھی اور بولی جانے لگی، فارسی کے شوق تدریس میں بھی اضافہ ہوتا گیا۔

فارسی زبان کی تشویق و ترویج میں ہندوستان میں بعد کے مسلمان بادشاہوں اور امرا نے بھی نمایاں حصہ لیا۔ ہند کے تقریباً تمام مسلمان بادشاہ اس طریق پر کاربند رہے۔ فارسی زبان وادب کے مصنفین کی انھوں نے بڑی فیاضی سے حوصلہ افزائی کی۔ اکثر بادشاہوں کے درباروں سے شعرا و علما وابستہ ہوئے۔ جنھیں اکثر انعام و اکرام اور وظائف سے نوازا جاتا تھا۔ غیاث الدین بلبن (۱۲۶۵-۱۲۸۶ء) اور کیقباد (۱۲۸۶-۹۰) کے عہد میں اور ان کے بعد خلجی (۱۲۹۰-۱۳۲۰ء) اور تغلق دور (۱۳۲۰-۱۴۱۳ء) میں فارسی زبان کی بہت ترقی ہوئی اس دور میں اور بعد کے دور میں مشہور شاعر امیر خسرو اور حسن سجزی تھے۔ امیر خسرو نے پانچ دیوان اور دس مثنویاں لکھیں، جنکی شہرت ایران تک پہنچی نثر میں اعجاز خسروی اور خزائن فتوح تالیف کیں۔ علاءالدین خلجی کا عہد فارسی زبان و ادب کی ترقی کا زمانہ تھا۔ پھر غیاث الدین تغلق کے بیٹے محمد تغلق کے عہد میں فارسی زبان وادب نے ترقی کی مزید منزلیں طے کیں۔ خود حکمران کو بھی کئ علوم میں کامل دسترس حاصل تھی۔ وہ علماء و شعرا کا بڑا قدردان تھا۔ تغلق خاندان کے بعد سید خاندان کی حکومت قائم ہوئی، اس مختصر عہد میں تاریخ کی ایک قابل قدر کتاب "تاریخ مبارک شاہی" یحییٰ بن احمد سرہندی نے تألیف کی۔ لودھی خاندان برسر اقتدار ہوا (۱۴۱۳-۱۴۵۱ء) تو اس عہد میں فلسفہ کا ارتقا ہوا۔ مکاتب میں فلسفے کی تدریس کا کام بھی فارسی میں ہونے لگا۔ سکندر لودھی کے زمانے میں علم طب کی کتابوں کا فارسی میں ترجمہ ہوا۔ محمود بن شیخ ضیا نے ایک لغت "تحفۃالسادات فی علم اللغات" کے نام سے تالیف کی جو بعد میں "فرہنگ سکندری" کے نام سے مشہور ہوئی۔ فیروز شاہ تغلق کے زمانے میں ضیا ءالدین برنی نے "فتاوای جہانداری" تصنیف کی۔ سکندر لودھی کا عہد فارسی ادبیات کی تاریخ میں بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ اس عہد کی یہ خصوصیت بھی ہے کہ ہندوؤں کی خاصی تعداد نے فارسی زبان میں دسترس حاصل کی اور بعض ان میں دفتروں میں منشیوں کے منصب پر فائز ہوئے۔ اس دور میں صوفیانہ ادب کا بھی ارتقا ہوا۔ بعض صوفیاے کرام نے تبلیغ اسلام کے لیے فارسی کو ذریعہ اظہار بنایا۔ حضرت نظام لدین اولیا کے ملفوظات پر مشتمل کتابیں "انوار مجلس" مولفہ خواجہ محمد امام، فوائد الفواد"مولفہ حسن سجزی" اور "افضل الفوائد" مولفہ امیر خسرو کا ہدیہ عقیدت ہیں۔ بعض اور فضلا نے بھی تصوف پر کتابیں اور رسائل لکھے۔ تصوف کے علاوہ ان حکمرانوں کے عہد میں شعرو شاعری کو بھی ترقی

حاصل ہوئی۔

مغلیہ دور کا آغاز ۱۵۲۶ء میں ہوا اس کا بانی ظہیرالدین بابر تھا۔ بابر خود شاعر تھا، صاحب دیوان تھا تزک بابری" اس نے ترکی زبان میں لکھی، جس کا ترجمہ " بابر نامہ" کے نام سے عبدالرحیم خانخانان نے کیا۔اس کے دربار سے بعض شعرا وابستہ تھے۔ ہمایوں کو شعرو ادب ورثے میں ملا تھا۔ وہ صاحب دیوان بھی تھا، اسے شیرشاہ سوری سے شکست کھا کر ایران جاناپڑا۔ پھر ایران سے کمک لے کر جب وہ واپس آیا تو اس کے ساتھ متعدد نامور علما بھی آئے۔ یہاں اسے تخت و تاج دوبارہ میسر آیا تو یہ علما اس کے دربار سے وابستہ ہوئے۔ اس کی ہمشیرہ گلبدن بیگم فارسی زبان میں کامل دسترس رکھتی تھی، اس نے فارسی میں "ہمایوں نامہ" تصنیف کیا۔

اکبراعظم کی درس و تدریس کا معقول انتظام ہمایوں کے عہد کی سیاسی افراتفری کی وجہ سے تو نہ ہو سکا لیکن وہ سخن شناس، علم نواز اور علما کا قدردان تھا، شعر کا ذوق بھی رکھتا تھا۔ اس کی شعر گوئی کا ذکر "تاریخ فرشتہ" اور ریاض الشعرا" میں آیا ہے اس کے دو شعر حسب ذیل ہیں۔

دوشینہ زکوی مے فروشاں یك کاسہ مے بزر خریدم
اکنون زخمار سرگرانم زردادم و دردسر خریدم

اکبر کے دور میں فارسی زبان نے جو ترقی کی وہ فیضی، ابوالفضل، عبدالقادر بدایونی، عبدالرحیم خانخاناں، عرفی، نظیری اور بعض دوسرے شعرا و علما کی علمی یادگاروں سے ظاہر ہے۔ "تاریخ الفی" اس دور کی گراں قدر علمی یادگار ہے۔ اکبر نے اپنے دربار میں شعرا، علما و مورخین کو معزز مقام دے کر سرفراز کیا جہانگیر کے علم فارسی کی شاہد اس کی کتاب "تزک جہانگیری" ہے۔ اس کی سخن پروری اور علم نوازی کی بدولت متعدد گراں قدر کتابیں منظر عام پر آئیں۔ یہاں کے دانشمندوں نے فارسی زبان کی ترویج میں جواب علم و ادب اور سیاست و حکومت کی زبان تھی، انتہائی کوشش کی۔ رفتہ رفتہ پاکستان ایران کے بعد فارسی کا دوسرا بڑا مرکز بن گیا۔ ایک خاص دور ایسا بھی آیا جب شعر و ادب میں فارسی کا رواج ایران سے زیادہ ہوگیا۔ عصر حاضر کے ایک ایرانی فاضل شاہ وحید مازندرانی اپنی تالیف "سر زمین مشرق" میں لکھتے ہیں (صفحہ۳۱)

"در دربار باشکوہ اکبرو جہانگیر کانونِ ادبی گرمتر از دربار شاہان صفوی، شہر دہلی بیشتر از اصفہان مرکز ادبیات فارسی ، وہند۔ بہتر از خود ایران بانیء انتشارِ آثار "گراں بہای ادبی بود۔،

"اکبر اور جہانگیر کے پر شکوہ دربار میں ادبیات کا آتش دان صفوی بادشاہوں کے دربار سے گرم تر، شہر دہلی اصفہان سے زیادہ بڑا مرکز اور ہند گران بہا ادبی کارناموں کی نشر و اشاعت میں خود ایران سے اگے تھا"۔

دونوں ملکوں کے روشن فکر اصحاب کے روابط قائم تھے اور آثار فکری سے اہل علم آسانی سے مطلع ہوجاتے تھے۔ حالات کی تبدیلیوں کی وجہ سے جو اثرات زبان میں آتے تھے، اس ے دونوں کے اہل علم یکساں متاثر ہوتے تھے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ اکبر اعظم کے دور کے شعرو ادب،میں ایک خاص اسلوب تخلیق ہوا جسے «سبک ہندی» کا نام دیا گیا۔ اس سے ایران کے شاعر بھی متعارف اور متاثر ہوئے اور بعض شعرا نے کسی حد تک یہ سبک بھی اختیار کیا مغلیہ دور میں شاہجہان کی سخن پروری قدسی مشہدی اور ابوطالب کلیم کے شاعرانہ کارناموں سے واضح ہے۔ شاہجہان کے بیٹے داراشکوہ کی علمی یادگاریں سفینۃ الاولیا سکینۃ الاولیا اور مجمع بحرین ہیں۔ اورنگ زیب کے مراسلات اور اس کی انشا پر دازی اس کے علم

وفضل کے شاہد ہیں۔ عظیم شاعر بیدل نے فارسی زبان ہی کے ذریعے اپنے وسیع اور عمیق خیالات اہل ذوق تک پہنچایے۔

مغلیہ دور کے حکمرانوں کی دادو دہش لطف و کرم اور سخن پروری کا یہ نتیجہ تھا کہ اس دور کے ہر بادشاہ کے زمانے میں ارباب کمال نے تصانیف کے انبار لگا دیے، جو آج بھی مطبوعات و مخطوطات کی صورت میں دنیا بھر کے اہم کتابخانوں میں موجود ہیں۔اس دورکے بادشاہوں، وزرا اور امرا کی سرپرستی تو اہل علم کو حاصل رہی، لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ بعض اصنافِ ادب کے ارتقا میں جن کا تعلق عوام سے تھا، مثلاً طب، نجوم، لغت و انشا، ایسے علوم کا ایک بڑا محرک علما کا ذاتی علمی و ادبی ذوق تھا۔ ان موضوعات کے علاوہ مذہب، تصوف، فقہ، تاریخ، شعراو علما کے تذکرے، ملفوظات فلسفہ، اخلاق، علم ہیئت، ریاضی، موسیقی، خطاطی سنسکرت اور عربی سے فارسی تراجم، دیوان اشعار، مثنویاں، داستانیں وغیرہ دلکش انداز میں لکھی گئیں۔

علمی موضوعات پر لکھی ہوئی گرانقدر کتابوں کے مطالعہ میں آسانی پیدا کرنے کے لیے جن وسائل کی ضرورت تھی وہ تدریسی رہنمائی کے علاوہ لغات نویسی تھی، چنانچہ علمائے لسانیات نے اس طرف بھی توجہ دی اور لغاتیں لکھی جانے لگیں جن سے پڑھنے والوں کے لیے آسانی پیدا ہوگئی اور زبان و ادبیات کے شوق تدریس میں مزید اضافہ ہوا۔

میرا موضوع فرہنگ نویسی ہے اس لیے میں برصغیر کے مختلف ادوار کی فرہنگوں کا مختصر ذکر کرنا مناسب سمجھتا ہوں۔ فرہنگنویسی کے دور اول کا سلسلہ تیرھویں صدی سے پندھرویں صدی تک کا ہے۔ اس دور کی فرہنگیں یا لغاتیں حسب ذیل ہیں:

محمد فخرالدین مبارک شاہ غزنوی قواسی:فرہنگ قواسی

مولانا محمد رفیع دہلوی: دستور الا فاضل

فضل الدین محمد: بحر الفضائل فی منافع الافاضل

قاضی خوان بدر محمد دہلوی: ادات الفضلا

محمد بن داود: مفتاح الفضلا

شیخ ابراہیم قوام فاروقی: شرف نامہ منیری

فرہنگ ابراہیم شاہی: اسمیں مولف کا نام تو موجود نہیں البتہ یہ فرہنگ ابراہیم لودھی کے نام منسوب ہے۔

عاصم شعیب عبدوسی: مجمل العجم

محمد بن شیخ لاد دہلوی: موید الفضلا

مغلیہ دور کی فرہنگیں درج ذیل ہیں:

ابوالخیر بن سعد الانصاری:فتح الکتاب

شیر خاں سُور: فرہنگ شیر خانی

ابوالفضل:مجموع اللغات

عبدالکریم: انیس الشعرا

اللہ داد فیضی سرہندی:: مدارالا فاضل

عضدالدولہ میرجمال الدین: فرہنگ جہانگیری

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

علی یوسفی شیروانی: در دری

امان اللہ حسینی: چہار عنصر دانش

محمد حسین تبریزی: برہان قاطع

عبدالرشید ٹھٹھوی: فرہنگ رشیدی

بحرالفصاحت: اس کے مولف کا نام معلوم نہیں

غلام اللہ بہکن صدیقی الہانسوی: اشہراللغات

فاضل محمد دہلوی،لغات عالمگیر۔

عہد مغلیہ کے دور آخر کے لغت نویس:

سراج الدین علی خاں آرزو: سراج اللغات و چراغ ہدایت

ٹیک چند: بہار عجم

محمد پاشاہ شاد: فرہنگ انند راج مطبوعہ تہران (سات جلدیں)

اس دور میں فرہنگوں کی تحقیق و تنقید کی طرف توجہ ہوئی، بعض فرہنگوں پر تنقید ہوئی اور فرہنگ نویسی کے کچھ اصول مقرر ہوئے۔

یہاں ایران اور بیرون ایران طبع ہونے والی فرہنگوں اور ڈکشنریوں کا مختصر سا ذکر کر دینا بھی مناسب ہوگا جو امتیازی اہمیت کی حامل ہیں۔

ایف سٹین گاس نے پرشین انگلش ڈکشنری تالیف کی جو باراول ۱۸۹۲ء میں، باردوم ۱۹۳۰ء میں اور بارسوم ۱۹۳۷ء میں لندن میں طبع ہوئی؛ سلیمان حیئم کی نیو پرشین انگلش ڈکشنری جسے انھوں نے خود «فرہنگ جامع فارسی بہ انگلیسی» کا نام دیا ہے اس کی جلداول ۱۹۳۳ء اور جلد دوم ۱۹۳۶ میں تہران میں طبع ہوئی؛ حبیب اللہ آموز گار کی فرہنگ آموزگار ۱۹۵۳ء میں تہران میں طبع ہوئی۔ حسن عمید کی فرہنگ فارسی تہران میں ۱۳۶۲ شمسی میں شائع ہوئی۔

مغلیہ دور کے اختتام پر ہندوستان میں انگریزوں کی حکومت قائم ہوئی اور اس عہد میں ایران اور ہندوستان کا رابطہ کافی دیر کے لیے ختم ہوگیا۔ ہندوستان میں انگریزی کی طرف رفتہ رفتہ زیادہ توجہ ہونے لگی اور فارسی کی طرف توجہ کم ہوگئی۔

ایران میں حالات کچھ ایسے پیدا ہوئے جن کا فارسی زبان پر بھی اثر پڑا۔ مشروطیت کی تحریک آزادی کی لہر پورے ملک میں پھیل گئی۔ ایران میں انگریزوں کے تعاون سے جو کمپنی قائم ہوئی، اس کی وجہ سے انگریزوں کے ساتھ رابطہ بڑھا۔ فرانس کے ساتھ بھی تعلقات پیدا ہوئے۔ روس سے بھی میل جول ہوا۔ خارجہ سیاست ملکی سیاسیات میں دخل انداز ہونے لگی۔ طالب علم یورپ میں تعلیم حاصل کرنے لگے۔ ان حالات کا فارسی زبان و ادب پر بہت گہرا اثر پڑا اور زبان میں خاص انداز میں ترقی ہونے لگی، لیکن ہندوستان میں فارسی زبان کی حالت جوں کی توں رہی، اس لیے دونوں کی تحصیل فارسی میں تفاوت پیدا ہوگیا۔ ہمارے ہاں کے اہل علم ان تبدیلیوں سے نا آشنا رہے جو ایران کی زبان و ادب میں ہوئیں اب تو یہ عالم تھا کہ ایران وہند کے لوگ ایک دوسرے کی گفتگو آسانی سے نہیں سمجھ سکتے تھے جس میں کچھ حصہ ذخیرہ الفاظ، تلفظ اور انداز بیان کا بھی تھا۔ پاکستان کے عالم وجود میں آنے سے ایران و پاکستان کے رابطے استوار ہوئے، علم کے رابطوں

میں بھی اضافہ ہوا اور پاکستان کے اہل علم بڑے شوق سے ان تبدیلیوں کو اپنانے میں کوشاں رہے جو فارسی زبان میں آرہی تھیں۔ یہاں اب فارسی کی تعلیم و تدریس بھی اس انداز میں ہورہی ہے کہ زبان کی تبدیلیاں ہمارے لیے اجنبی نہیں رہیں۔ یہاں کے فارسی کے طالب علم ان سے نہ صرف آگاہ ہیں بلکہ انھیں بروی کار بھی لارہے ہیں۔

مجھے ۱۹۵۹ء میں ایران کے بعض پروفیسر صاحبان کی دعوت پر جب وہاں جانے کا موقع ملا تو وہاں میں زبان کی تبدیلیوں سے بہت متاثر ہوا، بعض الفاظ و تراکیب پر وہاں کے اساتذہ سے مذاکرہ بھی ہوتا رہا جس میں پروفیسر سعید نفیسی صاحب نے میری رہنمائی بھی کی۔ مجھے سیاحت ایران کے دوران «فرہنگ فارسی۔ اردو» مرتب کرنے کا خیال آیا لیکن واپس آکر میں «تاریخ ایران» لکھنے میں کچھ ایسا مصروف ہوا کہ اس کی تکمیل میں کئی سال صرف ہوئے جو بالآخر دو جلدوں میں مجلس ترقی ادب کے اہتمام میں طبع ہوئی اس کے بعد فرہنگ مرتب کرنے میں مصروف ہوگیا۔

کسی علمی زبان میں الفاظ کے تلفظ کا مسئلہ بڑا اہم ہوتا ہے۔ اس اہمیت کے پیش نظر راقم نے «فرہنگ فارسی - اردو» میں اکثر الفاظ کو مستند اسناد کے ذریعے اعراب کے ساتھ پیش کیا ہے۔ الفاظ کے لیے فتح یعنی زبر، کسرہ یعنی زیر، ضمہ یعنی پیش اور علامت سکون کو تلفظ کے لیے لازم سمجھا گیا ہے۔ لفظ کے حرف پر اگر زیر ہے تو اس پر زیر دی گئی ہے۔ اگر حرف اول پر زبر نہ بھی دی گئی ہو تو زبر ہی سمجھی جائے، «زیر» اور «پیش» کا اہتمام ہر صورت میں کیا گیا ہے سکون کی علامت جہاں ضروری سمجھی گئی ہے وہاں دی گئی ہے

تلفظ کے سلسلے میں ایک اختلافی مسئلہ یہ نمایاں ہوا کہ حسن عمید کی جدید فرہنگ میں ہم دیکھتے ہیں کہ اگر کسی لفظ کے آخر میں حرف «ہ» آیا ہے تو اس سے ملحقہ پہلے حرف پر زبر کی علامت ظاہر کی ہے اسی طرح نامور مستشرق ایف سٹین گاس نے اپنی «پرشین انگلش ڈکشنری» میں اسے علامت زبر ہی سے ظاہر کیا ہے، مثلا «کردَہ است، نوشتَہ است، خستَہ شد، وابستَہ شد۔ لیکن سلیمان حییم نے اپنی «فرہنگ جامع فارسی بہ انگلیسی» میں اسی طرح کے افعال میں حرف «ہ» سے پہلے ملحقہ حرف کی علامت کو زبر کے بجائے زیر سے ظاہر کیا ہے، اس فرہنگ کی رو سے ان افعال کی صورت یہ ہے: کردِہ است، نوشتِہ است، خستِہ شد وابستِہ شد یہ اختلاف تلفظ کے سلسلے میں حائل تو ہوا لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ اہل علم ایرانی، بلکہ عام اہل زبان بھی گفتگو کے دوران کردِہ است، نوشتِہ است، خستِہ شد، وابستِہ شد وغیرہ ہی کہتے ہیں اس لیے ایسے الفاظ کے تلفظ کو مستند سمجھتے ہوئے «فرہنگ فارسی - اردو» میں سلیمان حییم ہی کی پیروی کی گئی ہے۔

افعال کی صورت کے علاوہ اسمائے صفات جن کے آخر میں «ہ» آیا ہے، سٹین گاس اور حسن عمید کی فرہنگ میں «ہ» سے پہلے ملحقہ حرف پر زبر ہی کی علامت آتی ہے، تازَہ، شگفتَہ، مشردَہ، بردَہ، عاطفَہ وغیرہ اسی طرح صفاتی صورتوں میں حرف «ہ» سے پہلے حرف پر زبر ہی آتی ہے جیسے دانشمندانہ ، حاکمانَہ، حکیمانَہ، درویشانَہ، ابلہانَہ، لیکن سلیمان حییم میں«ہ» سے پہلے حرف کے نیچے زیر ہی کی علامت آئی ہے، یعنی تازِہ، شگفتِہ، مشردِہ، پردِہ، عاطفِہ اور دانشمندانِہ، حاکمانِہ، درویشانِہ، ابلہانِہ وغیرہ۔ اہل زبان اب ان کا تلفظ ایسا ہی کرتے ہیں یہی صورت «فرہنگ فارسی - اردو» میں اختیار کی گئی ہے۔

اسم فاعل کے آخر میں حرف «ہ» ہو، تو «ہ» سے پہلے ملحقہ حرف پر سٹین گاس اور حسن عمید نے زبر ہی دی ہے، مثلاً خوانندَہ، نویسندَہ لیکن فرہنگ حییم نے اس صورت میں زیر ہی کی علامت دی ہے، یعنی خوانندِہ، نویسندِہ، بینندِہ۔ «فرہنگ فارسی - اردو» میں بھی یہی صورت اختیار کی گئی ہے۔ البتہ بعض کلمات جو حرف «میم» سے شروع ہوتے ہیں اور

marfat.com

مفاعله کے وزن کے مطابق ہیں اور مصدر کے معنی میں آتے ہیں، مثلاً مذاکرہ یعنی تبادلۂ خیال کرنا، مشاہدہ یعنی غور سے دیکھنا، مشافهه یعنی روبرو بات چیت کرنا، ایسے الفاظ میں «ہ» سے پہلے حرف پر زبر ہی کی علامت ہے ایسے الفاظ کا تلفظ سب میں ایک سا ہے۔بعض اسمائے صوت بھی ایسے ہیں جن میں حرف «ہ» سے پہلے حرف پر زبر ہی کی علامت ہوتی ہے مثلاً چهچهَ، قهقهَ، وغیرہ ان کا تلفظ بھی سب میں ایک سا ہے۔ بعض اسم فاعل جن کی تانیث حرف «ہ» بڑھانے سے بنتی ہے، اس صورت میں سب کا تلفظ ایک سا ہے، مثلاًمعلم سے معلمَہ معصوم سے معصومَہ، مدعی سے مدعیہَ، مدیر سے مدیرہ، مُسلم سے مسلمہَ، بالغ سے بالغہَ وغیرہ۔

ایرانی تلفظ میں اگر حرف «واو» سےپہلے حرف پر کوئی علامت نہ ہو، یعنی واو مجہول ہو تو اس پر علامت «پیش» آتی ہے، مثلا تُوپ، تُوپخانه، بوُسیده، بُوستان، بهلُول، دُوست، اُو۔ حرف واؤ سے پہلے حرف پر زبر ہو تو اس کا تلفظ البتہ زبر ہی سے کیا جاتا ہے، مثلا، تَوحید، سَو دا، پوَیدا ۔

ایران میں یاے مجہول کے بجائے یاے معروف ہی استعمال ہوتی ہے، اس لیے اگر «ی» سے پہلے حرف پر بظاہر کوئی علامت نہ ہو تو اس کے نیچے زیر آتی ہے مثلا پیِش، پیِشرفت، کیِش، آمیِخته، شیِفته، بیِ بصر، بی حاصل وغیرہ اگر یی سے پہلے حرف پر بظاہر زبر ہو تو اس لفظ کا تلفظ زبر ہی سے ہوتا ہے، مثلا طَیران، حَیران وغیرہ۔ اس صورت میں سب اہل فرہنگ متفق ہیں۔

فرہنگ میں الفاظ کے معنی عام طور سے لغوی اعتبار سے دیے جاتے ہیں، لیکن بعض فقرات میں ان کا استعمال کچھ مختلف صورت اختیار کر لیتا ہے جیساکه فقرات ذیل سے ظاہر ہوتا ہے۔

«از» کا مطلب تو «سے» ہے لیکن بعض فقرات میں اس کا مطلب لغوی معنی سے مختلف ہو جاتا ہے، مثلا ازآنجائیکہ= چونکه، یا اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے۔

از برداشتن: زبانی یاد کرلینا

از پیش بُردن: مکمل کرنا، کامیابی سے انجام دینا

از جا رفتن: غصے میں آنا، غضب ناک ہونا

لفظ «پا» کا مطلب تو «پاؤں» ہے لیکن بعض فقرات و مرکبات کی صورت میں اس کے معنی کچھ مختلف ہوجاتے ہیں، مثلاً:

پا ازمیان کشیدن: کنارہ کرنا، الگ ہوجانا، دوری اختیارکرلینا

پازدن: دھوکا کرنا یا دینا۔ پاخوردن ۔ دھوکا کھانا

پا شو و بمدرسه رو: اٹھ اور مدرسے جا

صبح چه ساعت پا شدید؟: آپ صبح کس وقت اٹھے؟

عمارتی بر پاکرد: اس نے عمارت تعمیر کرائی

اس طرح لفظ «پس» کے لغوی معنی پیچھے، بعد ہیں، لیکن ان کے مفہوم ذیل میں دیکھیے

پس انداز: بچائی ہوئی رقم

پس دادن: واپس دے دینا

پسِ گوش انداختن: نظر انداز کر دینا

پس نشستن: پسپا ہونا، لوٹ جانا

ایسے الفاظ کے معانی کو واضح کرنے کے لیے انہیں مرکبات یا فقرات کی صورت میں «فرہنگ فارسی - اردو» میں ابجدی ترتیب سے لکھا گیا ہے۔ بعض الفاظ کے معنوں کی وضاحت اشعار سے بھی کی گئی ہے جن کا ترجمہ بھی دے دیا گیا ہے۔ بعض اور امور درج ذیل ہیں

فعل کی صورت میں جو الفاظ آئے ہیں، ان کے مصدر اور مصدر سے ان کی بناوٹ بھی بتا دی گئی ہے۔

اہل حرفہ کی ضروری اصطلاحات، بعض تکنیکی اور سائنسی اصطلاحات بھی اس میں آئی ہیں۔

روز مرہ اور محاورات بھی شامل فرہنگ ہیں۔

تاریخی واقعات کی طرف بھی اشارات کیے گئے ہیں۔

صرف ونحو کے بعض اصول بھی پیش نظر رکھے گئے ہیں۔

عربی، انگریزی اور بعض دوسری زبانوں کے الفاظ جواب فارسی میں استعمال ہوتے ہیں، وہ مفرس صورت میں پیش کیے گئے ہیں۔

«فرہنگ فارسی - اردو» مرتب کرتے ہوئے راقم کے پیش نظر . ایف سٹین گاس کی پرشین انگلش ڈکشنری، سلیمان حیئم کی «فرہنگ جامع فارسی انگلیسی» ، حبیب اللہ آموز گار کی فرہنگ آموز گار، محمد پاشاہ شاد کی فرہنگ انندارج، غیاث اللغات، برہان قاطع اور نیک چند کی بہار عجم تھیں۔ ان سے میں نے استفادہ بھی کیا، جس کے لیے میں ان شہرہ آفاق مولفین کا شکر گزار ہوں۔

مقبول بیگ بدخشانی

marfat.com

تشکرو امتنان

«فرہنگ فارسی - اردو» کی تالیف کے سلسلے میں کچھ پرانی باتیں یاد آرہی ہیں، ان کا یہاں ذکر کرنا، مناسب سمجھتا ہوں۔ میں جب گورنمنٹ کالج لاہور میں تھا تو تہران کے بعض پروفیسر خانہ فرہنگ ایران میں آیا کرتے تھے۔ اور پھر ہماری انجمن فارسی کی دعوت پر کالج میں تشریف لاکر ہمیں شرف بخشا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ سعید نفیسی صاحب تشریف لائے۔ اس وقت پروفیسر بدیع الزمان فروز انفر اور شاعر شیریں بیان صادق سرمد بھی ان کے ساتھ تھے۔ میری دعوت پر وہ کالج میں تشریف لائے اور اساتذہ اور طلبہ کو اپنے خیالات سے مستفید فرمایا۔ میں ان سے اپنی کتاب «ادب نامہ ایران» کی وجہ سے متعارف تھا، اس لیے کھل کر بات چیت بھی ہوئی۔ انہوں نے خدا حافظی کے موقعپر مجھے فرمایا «آپ کے ذمے کام تو اور بھی ہیں لیکن دو اہم کام یہ ہیں کہ جس محنت سے آپ نے «ادب نامہ ایران» اہل ذوق تک پہنچایا اسی طرح «تاریخ ایران» اور «فرہنگ فارسی بہ اردو» بھی مرتب کیجیے کہ یہ دو کتابیں بھی برادر ملکوں کی محبت کی علامت ہونگی۔ موقع ملے تو اس سلسلے میں ایران بھی آئیے: ان کی فرمائش اور دعوت سے مجھے خوشی ہوئی اور کچھ رہنمائی بھی ملی۔ زیادہ عرصہ نہیں گزرا تھا کہ مجھے ایران آنے کا دعوت نامہ ملا جس کے لیے میں ان کا تہ دل سے شکر گزار ہوا۔ فرصت ملتے ہی ۱۹۵۹ء میں میں تہران گیا۔ ایران میں تاریخ ایران کے سلسلے میں جو کام ہوئے تھے سعید نفیسی صاحب نے ان کی نشاندہی کی اور تاریخی مواد کے طور پر کچھ رسائل بھی مرحمت فرمائے خواجہ عبدالحمید عرفانی مرحوم اس وقت حکومت پاکستان کی طرف سے سفارت خانے میں ایک اہم منصب پر فائز تھے، ان کی وساطت سے تہران کے علما سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا اور فارسی زبان میں لسانی تبدیلیوں کے اسباب پر بھی گفتگو ہوتی رہی۔ مجھے اصفہان، قم اور شیراز جانے کا بھی موقع ملا۔ ساسانی عہد کے قدیمی آثار بھی دیکھے جو میرے لیے تاریخ ایران کا ایک باب تھا۔ ایسے معلوم ہوا کہ علم کا ایک اور دروازہ میرے لیے کھلا ہے۔

مجھے حکومت ایران کا شکریہ ادا کرنا ہے کہ میری کتاب «ادب نامہ ایران» جب ایران پہنچی اور سربراہ مملکت کی نظر سے گزری تو مجھے پاکستان میں نشانِ سپاس کے اعزاز سے نوازا گیا۔ اس سے میری ہمت افزائی ہوئی اور تمناپیدا ہوئی کہ سر زمین ایران کی کچھ اور خدمت بجا لا کر اس کا ثمر ہم وطنوں تک پہنچاؤں۔

میں سیاحت ایران سے واپس آیا تو تاریخ ایران لکھنے میں مصروف ہوگیا۔ چند سال اسی مصروفیت میں گزرے اس کی تکمیل ہونے پر «مجلس ترقی ادب» نے دو جلدوں میں یہ کتاب طبع فرما کر مجھ پر نوازش کی۔ اب اور کام جو میرے ذمے تھا وہ «فرہنگ فارسی - اردو» کی تالیف تھی جس کی راہ پر ایران کے کرمفرماؤں نے مجھے ڈالا تھا۔ چند سال میں اس کام میں مصروف رہا۔ کافی حد تک کام ہوچکا تھا کہ مجھے ایک کرمنانہ آقائ ڈاکٹر سید احمد حسینی رای زن فرہنگی ایران، اسلام آباد کی طرف سے موصول ہوا جس میں انہوں نے فرمایا، تھا آپ فارسی کے کسی علمی موضوع پر کوئ کتاب تصنیف کریں تو ہمارے لیے بھی خوشی کا موجب ہوگا۔ اس سے مجھے دلی خوشی ہوئی میں نے شکریے کے ساتھ اپنے کام کی تفصیل ان کی خدمت میں عرض کردی۔ اس مراسلے سے میرے کام کی رفتار کچھ بڑھ گئی اور میں اس قابل ہوگیا کہ جلد اس کی تکمیل کرسکوں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اس فرہنگ کے طبع ہونے کا موقع شاید جلد نہ ملتا اگر مغربی پاکستان اردو اکیڈمی کے جنرل سیکریٹری، آقای ڈاکٹر وحید قریشی اس کی طباعت کے سلسلے میں نوازش نہ فرماتے۔ ان کا میں صمیمیت قلب سے شکر گزار ہوں۔ مجھے کوثر مشہدی پروفیسر انگریزی نے جن کی مادری زبان فارسی اور اکتسابی زبان انگریزی ہے فرہنگ کی نظم و ترتیب میں مدد دی جس کے لیے شکریہ ادا کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں۔

بعض اور ذرائع سے تالیف فرہنگ کے سلسلے میں تعاون حاصل ہوا جس کے لیے:

ہر مُو میرے بدن پہ زبان سپاس ہے۔

بدخشانی

*****

marfat.com

آ

آ:آمدن= آنا سے فعل امر، حرف آ فارسی میں تنہا نہیں آتا اس سے پہلے حرف "ب" کا اضافہ کیا جاتا ہے یعنی بیا یعنی آ، مثال:

در بن بہار چو گل از سفر تو باز بیا
بن چہ می کند این چشم خونفشان بی تو

اس موسم بہار میں جس طرح پھول خزاں کے بعد پھر نکل آئے ہیں تو بھی سفر سے لوٹ آ اور دیکھ کہ خون برساتی ہوئی آنکھوں نے تیرے بغیر میرا کیا حال کیا ہے

آب:پانی، رس، دھات کی چمک، جیسے آب تیغ، شمشیر کی چمک، آب و تاب

آبِ آتشگون:آگ کے سے رنگ کا پانی، کنایہ ہے شراب کا

آب ارغوان:کنایہ ہے شراب سرخ کا

آب ازپئی رفتن:کسی کے پیچھے پانی چھڑکنا، اہل ایران کی یہ پرانی رسم تھی کہ نیک شگو ن کے طور سے کسی کو وداع کرتے ہوئے پانی چھڑکتے تھے

آب از دیدہ پاک کردن:دلاسا دینا، دلجوئی کرنا

آب از سرگذشتن:پانی سر سے گزر جانا، بے تدبیر ہو جانا

آب آسیا:پانی کے بہاؤ سے چلنے والی چکی

آب افتادن:پانی گرنا، منہ میں پانی آنا

آب انبار:پانی کا ذخیرہ، بڑا حوض جو پانی ذخیرہ کرنے کے لیے پختہ اینٹوں سے تیار کیا جاتا ہے

آب انداختن:پیشاب کرنا، عام طور سے جانوروں کے لیے آتا ہے

آب انگور:انگوروں کا شیرہ نیز شراب

آب بستہِ:برف، یخ، ٹھنڈ سے جما ہوا پانی

آب بہا:آبیانہ، آبپاشی کا لگان

آب پا:آبپاشی کا مہتمم، پانی کا نگران

آب تاختن:پیشاب کرنا

آبِ تلخ:کنایہ ہے شراب کا

آب تنی:غسل کرنا، پانی میں غوطہ لگانا

آبِ چشم گرِفتن:کسی کی دلجوی کرنا

آب چشیدن:پانی پینا

آب چکیدن از چیزی:کسی چیز کی لطافت اور تازگی کا کنایہ ہے

آب چیزی بُردن:کسی چیز کے خوار اور بے اعتبار ہونے کا کنایہ

آب چین:تولیا جس سے ہاتھ یا بدن پونچھا جاتا ہے

آبِ حیات:پانی جس کے پینے سے دائمی زندگی حاصل ہو، مثال:

ماہمہ تشنہ لبانیم تُوی آب حیات
رحم فرما کہ ز حد گذرد تشنہ لبی

ہم تشنہ لبوں کےلیے تیرا وجود دائمی زندگی بخشنے والے پانی کی حیثیت رکھتا ہے رحم فرما کہ ہماری تشنہ لبی حد سے بڑھ گئی ہے

آبِ حَیوان:آبِ حیات

آبِ خزان:موسم خزاں کی بارش

آب خضر:آب حیات

آب خُوردَن: پانی پینا، اپنی کسی کوشش میں بہرہ یاب ہونا

آب دادَن: پینے کے لیے پانی دینا

آب درجامہ کسی رِیختَن: کسی کے کپڑوں پر پانی گرانا، کسی کو سراسیمہ یا مضطرب کرنا

آب در چیزی کردن: ملاوٹ کرنا

آب در غِربال: چھلنی میں پانی، فضول کام، بے حاصل کام، بے نتیجہ کام، عبث بات

آب رفتَن: دھونے کے بعد نئے کپڑے کا سکڑ جانا

آب رَو: آبراھہ، پانی کی گزرگاہ

آبِ روان: بہتا پانی، مثال:

زندانی جِسمم بِرہانم زسَمای
آزاد کُن این تِیرہ گِل از آبِ روان را

اس جسم کے وجود میں قید ہوں، آسمان کی سیل روان سے اس وجود کو جو بد نصیب مٹی کی حیثیت رکھتا ہے، نجات دلا دے

آب زدن: پانی چھڑکنا

آبِ زیرِ کاہ: کسی کے ہوشیار اور مکار ہونے کا کنایہ ہے

آب شدن: پسیجنا، پگھلنا، حل ہو جانا، گھل جانا، متاثر ہونا

آبِ طِلا: مُلمع

آب و تاب: چمک دمک، تیزی، روشنی، رونق

آب و دانہ: دانہ پانی، روزی، معاش،

آب و رنگ: چہرے کی سفیدی و سرخی، زیبائی، رعنائی

آب و ہوا: پانی اور ہوا، وہ اجزا جو انسان اور حیوان کی صحت یا زمین کی پیداوار سے تعلق رکھتے ہوں

آبا: (ع) اب کی جمع، باپ، باپ دادا، اسلاف

آباد: خوب بسا ہوا، معمور، گنجان، (ویران کی ضد)

آبادان: آباد، پر رونق

آبادانیدن: تحسین و آفرین کرنا

آباد بُوم: آباد جگہ

آبار: (ع) کنویں

آبان: ایران کے شمسی سال کا آٹھواں مہینہ جس کے تیس دن ہوتے ہیں

آبپاش: پانی چھڑکنے والا، کھیتوں کو پانی دینے والا، پانی چھڑکنے کی مشین

آبپاشی: کھیت یا باغ وغیرہ کو پانی دینا

آبتابَہ: آفتابہ، لوٹا

آبپز: پانی میں ابالے ہوئے انڈے وغیرہ

آبجَو: ہلکی شراب کی قسم جو جَو سے تیار کی جاتی ہے، بئیر (انگ)

آبجَو سازی: جَو سے شراب تیار کرنا، بیئر تیار کرنا

آبجی: (ت) آغا باجی (ترکی)، خواہر، بہن

آبجُوش: ابلتا ہوا پانی

آبخانِہ: پیشاب گاہ، ٹٹی

آبخَست: پکا ہوا پھل جس میں سے عرق نکل رہا ہو، پھل جو گل سڑ چکا ہو

آبخَو: دیکھیے آبخوست

آبخُور، آبخورد: (۱) بہرہ، نصیب، روزی، معاش (۲) دریا کا ساحل یا تالاب کا کنارہ، یا وہ جگہ جہاں سے پانی حاصل کرتے ہیں

marfat.com

آبخوری:شیشے یا دھات کا بنا ہوا جگ نما برتن جس سے پانی پیتے ہیں

آبخوست:جزیرہ، بہت مرطوب جزیرہ جہاں کے پانی میں بدبو پیدا ہو گئی ہو

آبخون:آبخوست

آبخیز:پُر آب زمین، ایسی زمین کہ جہاں سے بھی اسے کھودیں اس میں سے پانی نکل آئے نیز بمعنی موج اور پانی کا سیلاب، رس دار

آبدار:سیراب، شاداب، جہاں طراوت ہو، وہ چیز جس میں چمک اور آب و تاب ہو

آبدادہ:جوہردار، تیز کی ہوئی، صفت شمشیر

آبدارخانہ:وہ کمرہ یا خاص جگہ جہاں چائے، شربت خصوصی طور سے تیار کیے جاتے ہیں

آبدان:حوض وغیرہ جہاں پانی جمع رکھا جاتا ہے، مثانہ

آبدانک:انسان یا حیوان کے جسم کا وہ حصہ جس میں پیشاب جمع ہو جاتا ہے، مثانہ

آبدُزدک:ٹیکا لگانے کا آلہ، سرِنج

آبدَست:وضو کےلیے ہاتھ منہ وغیرہ دھونا، طہارت

آبدَستان:آفتابہ، لوٹا، کُوزہ

آبدُوغ:لسّی جو دہی سے تیار کی جاتی ہے

آبِ دہان:پانی جو منہ سے نکلتا ہے، تھوک

آبدیدہ:وہ شخص جس کی آنکھوں میں آنسو ہوں، غمگین، ستم رسیدہ، نیز بھیگا ہوا

آبرو:(آب رُو) چہرے کا نور، چہرے کی تابندگی، عزت، حُرمت، بزرگی

آبرُود:ارغوانی، آسمانی اور بعض دوسرے رنگوں کے گلدار درخت

آبرُودار:عزت والا، معزز، اچھی شہرت والا

آبرومند:معزز، باوقار

آبریز:پیشاب کرنے کی جگہ

آبزَن:نہانے کا برتن حمام وغیرہ، برتن جس میں غسل کرنے کے لیے دوائی ملائی جاتی ہے

آبِ زندگی:آبِ حیات

آبسال:باغ، بوستان، چمن زار

آبِست:آبستن سے ماضی مطلق

آبستن:عورت کا حاملہ ہونا،

آبستنی:حمل

آبستہ:وہ زمین جس میں ہل جوتا گیا ہو

آب سوار:(۱)حباب، بلبلا (۲)خیالی منصوبے بنانے والا شخص

آب سپر:سہل رفتار، آہستہ چلنے والا

آبشار:قدرتی بہتا ہوا پانی جو کسی اونچی جگہ سے گرے

آبشتَن:مخفی کرنا، پنہان کرنا، پوشیدہ کرنا، چھپانا

آبشخُور:قسمت، نصیب، روزی، معاش

آب شدن:پانی پانی ہو جانا، شرمسار ہونا

آب شناس:سمندر میں جہازوں اورکشتیوں کی رہنمائی کرنے والا

آبشنگ:دھات یا چینی کا ٹب جس میں بیٹھ کر نہاتے ہیں

آب شنگرفی:کنایہ ہے شراب سرخ کا

آبشیب:آبشار

آبغُورہ:تُرش رس، تُرش عرق

آب فشان:چشمہ، گرم پانی کا چشمہ، سوراخ جس سے

گرم پانی نکلتا ہے

آبک: سیماب، پارہ

آبکار: مے فروش، شراب کا تاجر، شراب کشید کرنے والا، سقّہ جو پانی گھر میں لے جاتا ہے

آب کشیدن: کنوئیں سے پانی نکالنا

آبکند: پہاڑی نالہ، تیز بہنے والی ندی، تالاب

آبکی: رقیق، پانی کی طرح، پُر آب

آبگاہ: حوض، تالاب

آبگذر: نالہ

آب گردان: تانبے کا دستہ دار بڑا برتن جس سے پانی دوسرے برتن میں ڈالا جاتا ہے

آبگوشت: یخنی، شوربا

آبگون: پانی ایسی چمک والا، چمکدار، صاف، روشن

آبگونہ: رقیق، پتلا

آبگیر: تالاب، جوہڑ جس میں بارش کا پانی جمع ہو جاتا ہے

آبگیرہ: پانی کا بند، خصوصاً وہ بند جس کے ذریعے پانی کسی اور طرف لایا جاتا ہے یا پانی کسی اور طرف کو نکالا جاتا ہے

آبگینہ: آئینہ، شیشہ

آبلوج: قند، چینی، سفید شکر

آبلمبو: انار کی طرح کا، رس بھرا

آبلہ: چھالا، چیچک، پھنسی

مثال:

من از قدم سعی بمقصود رسیدم

ہر آبلہ پای مرا قبلہ نماشد

میں جدوجہد کا اقدام کرکے منزل مراد کو پہنچا ہوں صحرا میں چلتے ہوئے پاؤں میں جو چھالے پڑے انھوں نے ہی مجھے قبلہ کی راہ دکھائی

آبلہِ خوردہ یا زدہ: چیچک زدہ

آبلہ دار، آبلہ رُو، آبلہ زار: جس کے چہرے پر چیچک کے داغ ہوں

آبلہ فرنگ: آتشک، آتشک کی قسم کا مرض

آبلہ کُوب: ٹیکا لگانے والا، ویکسینیٹر

آبلہ کوبی: ٹیکا لگانا

آبِ لیموں: لیموں کا رس جس سے شکنجبین تیار کرتے ہیں

آب مروارید: آنکھوں کی بیماری جسے موتیا بند کہتے ہیں

آبناک: رس دار

آبِ نبات: شیرینی کی ایک قسم جو چینی کے شیرے سے تیار کی جاتی ہے

آب نُما: حوض، وہ جگہ جہاں چشمے کا پانی بہ کر آتا ہو، جہاں پانی نمایاں ہو، سُراب

آبنُوس: درخت جس کی لکڑی سیاہی مائل اور وزنی ہوتی ہے اس کا پھل انگوروں کی طرح زرد اور پتے صنوبر کے پتوں جیسے ہوتے ہیں

آبو: نیلوفر کا پھول

آب ورنگ: رونق، طراوت، تازگی، چمک دمک

آب و گل: انسان کی سرشت

آبونَد: پانی کا برتن، کوزہ، پیالہ

آبیار: آبپاشی کرنے والا، گھروں میں پانی پہنچانے والا، باغوں اور کھیتوں میں پانی دینے والا

آبیاری: آبپاشی

آپارتمان: (انگ) اپارٹمنٹ، کمرہ، عمارت کا وہ حصہ جس

marfat.com

میں چند کمرے ہوں

آپاردی:بہت بیشرم، دھوکے باز، فریبی

آتاباتی:بزرگ مالدار شخص (ت)

آتاشہ:سفارت کار، رکن عملہ سفارت، (مفرس اتاچی)

آتریاد:سپاہیوں کا دستہ

آتَش:آگ

آتش خاموش کردن:آگ بجھانا

آتش افرازہ:آتشبازی کی ایک قسم

آتش افرُوز:کوئی چیز جس سے آگ جلاتے ہیں، دیاسلائی وغیرہ

آتش انداز:آگ جلانے یا لگانے والا

آتش انگیز:آگ جلانے والا، آگ بھڑکانے والا، دھماکا کرنے والا

آتشبار:آگ برسانے والا

آتشباز:بارود سے چیزیں بنانے والا، آگ سے کھیلنے والا

آتشبازی:مراسم جشن پر بارود سے بنی ہوئی چیزوں کو جلانا

آتشِ پارسی:چھالا جو ہونٹ پر نکل آتا ہے

آتش پارہ:(۱)چنگاری (۲)فتنہ انگیز

آتشِ پَرست:آگ کی پرستش کرنے والا، آگ کو مقدس سمجھنے والے لوگ، زرتشت کے پیرو، پارسی آتش پرستوں کا معبد آتشکدہ ہوتا ہے

آتش تاب:انگیٹھی، سٹوو (انگ)

آتشخانہ:آتشکدہ، پیروان زرتشت کا معبد

آتش خوار:آگ کھانے والا پرندہ، ظالم، ستمگار

آتشدان:جس میں آگ جلائی جاتی ہے، چولہا، انگیٹھی

آتش روشن کردن:آگ جلانا

آتش زدن:آگ لگانا

آتش سُوزی:آگ لگنے کا حادثہ

آتش فام:آگ جیسا سرخ

آتش فِشان:پہاڑ جس سے آگ یا لاوا نکلتا ہے

آتِشک:پیشاب کا خطر ناک مرض

آتشکار:آگ سے کام لینے والا، آگ کے ذریعے چیزیں تیار کرنے والا

آتشکدِہ:آتش پرستوں کا مقدس مقام جہاں آگ جلائی جاتی ہے جو ہمیشہ جلتی رہتی ہے

آتش کردن:غصہ دلانا، بھڑکانا، اشتعال دلانا

آتش نشاندن:آگ بجھانا

آتش گرفتن:آگ پکڑنا، آگ سے متاثر ہونا، آگ سے جلنا

آتش مِزاج:گرم مزاج، تند مزاج، جلد ہی غصے میں آ جانے والا، غصیل

آتش موسیٰ:آتِش طُور، جس کی تجلی حضرت موسیٰ (ع) پر ہوئی

آتش نِشان:آگ بجھانے والا

آتش نشاندن:آگ بجھانا

آتش نشانی:آگ بجھانے کا عمل

آتشِین:آتشی، جلا دینے والا، سوزان جیسے آہ آتشین

آتشین پنجہ:کنایہ ہے ماہر صنعت گر کا

آتُون:لڑکیوں کو پڑھانے سکھانے والی خاتون

آتی:(ع) آئندہ

آتِیہ:(ع) آئندہ

در آتیہ نزدیک:مستقبل قریب میں

آثار:(ع) اثر کی جمع، نشانیاں، علامتیں، یادگاریں، علمی یادگاریں، صورت، وضع، ڈھنگ، افعال، کارنامے/

احوال و آثار غالب: غالب کے حالات زندگی اور ان کے علمی کارنامے

آثام:(ع) اِثم کی جمع، گناہ

آجُر: پختہ اینٹ، بھٹے میں پکائی گئی اینٹ

آجُر پزی: بھٹے میں اینٹیں بنانے کا کام

آجُر کاشی: کاشی کاری کی اینٹیں

آجُری: اینٹوں کی بنی ہوئی

ساختمانِ آجُری: اینٹوں کی بنی ہوئی عمارت

آجِل:(ع) آیندہ، آخری

آجُل: ذکار

آجِلا:(ع) بالآخر، مستقبل کی زندگی سے متعلق

آجُودان:(انگ) ایجوٹنٹ، فوجی نائب افسر

آجِیدَن: ٹانکے لگانا، سینا پرونا

آجِیدہ: سینے پرونے سے جس کپڑے پر سجاوٹ کی گئی ہو

آجِیل: خشک میوہ

آچار: اچار

آچار:(ترکی) پیچ کھولنے کا آلہ، کلید، چابی

آحاد:(ع) احد کی جمع، اکائیاں

آخ: کلمہ افسوس، آہ، افسوس، مثال:

چنان رسید جراحت بدل کہ دیدہ ندید
ز زخمِ حادثہ زد ناگہان نظیری آخ

دل کو ایسا زخم آیا جو کبھی آنکھوں نے نہ دیکھا تھا، اس زخم کے حادثے سے نظیری کے منہ سے آہ نکلی

آخ واخ کردن: ہائے وائے کرنا، آہ و زاری کرنا

آخال: بیکار چیز، بچی کھچی چیزوں کا انبار، کوڑا کرکٹ

آختَن: کھینچنا (تلوار)

آخِذ:(ع) اخذ کرنے والا، اختیار کرنے والا، حاصل کرنے والا

آخِر:(ع) پچھلا، انجام، انتہا، نتیجہ، (اول کی ضد)

آخِر کار: انجام کار، آخر کو، قصہ کوتاہ، القِصہ

آخِر الأمر: آخر کار، بالاخر، انجام کار

آخِربین: دُوربین، دور کی بات سوچنے والا، مآل، اندیش، عاقبت اندیش

آخِرَت:(ع) عاقبت، دوسرا جہاں، دارالبقا، قیامت، عقبیٰ، انجام

آخِرالزّمان:(ع) آخر زمانے تک

آخِری: پچھلا، آخر کا

آخِریان: مال و اسباب، ساز و سامان

آخِرین: آخری

آخسُمَہ: شراب جو چاولوں سے تیار کی جاتی ہے

آخشِیج:(۱)ضد، مخالف (۲)عناصرِ اربعہ، پانی، آگ، ہوا، خاک

آخُور: جانوروں کو چارہ مہیا کرنے کی جگہ

آخور سالار: میر آخور، جانوروں کے چارے وغیرہ کا انتظام کرنے والا

آخُوری: جانوروں کے چارہ وغیرہ کا انتظام کرنا

آخُوند: معلم، مُلّا، واعظ

آداب: ادب کی جمع، احترام کرنے کے موقع پر بولا جاتا ہے، طور طریقے، روشن، دستور

آداش: دو ہم نام آدمیوں میں سے ایک

آداک: سمندر کا خشک حصہ، جزیرہ

آدَغ: خوب، اچھا، مبارک، کلمہ تحسین

marfat.com

آدَر:نشتر

آدَریس:(انگ) ایڈریس، پتا

آدَرَم:زین پوش، گھوڑے کی زین پر ڈالنے کا پردہ

آدرَنگ:رنج و اندوہ، محنت، مشقت

آدَم:(ع) حضرت آدم (ع) جن سے انسانوں کی نسل چلی، ابوالبشر، انسان

بنی آدم:بنی نوع انسان، نسلِ انسانی

آدَم خوار:آدم خور، مردم خور، وحشی

آدم رَو:جہاں آدمی داخل ہو سکے

آدم زاد:بنی نوع انسان کا فرد، انسان، آدمی زادہ

آدمک:(۱) حقیر آدمی، (۲)گڑیا، کھلونا

آدم کردن:تہذیب سکھانا، تربیت کرنا، آدمیت سکھانا

آدَم کُش:آدمیوں کو ہلاک کرنے والا۔

آدم وار:آدمیوں کی طرح ۔

آدَمی:انسان ۔

آدَمی زاد:حضرت آدم (ع) کی اولاد، انسان ۔

آدَمیّت:انسانیت، تمیز، تہذیب، اہلیّت ۔

آدِیش:آگ، آتش ۔

آدِیَندَہ:قوس قزح

آدِینَہ:جمعہ کا دن ۔

آذار:آذر،یہودی کیلنڈر کا بارھواں مہینہ (فروری، مارچ)۔

آذاری:آذر مہینے سے متعلق ۔

آذان:اُذن کی جمع، کان ۔

آذَر:ایران کے شمسی کیلنڈر کا نواں مہینہ جو تیس دن کا ہوتا ہے، ہر ماہ کے نویں دن کو بھی آذر کہا جاتا تھا مثال:

ابر آذاری بر آمد بادِ نوروزی وزید
دَورِمے می خواہم و مطرب کہ می گوید رسید

آذر کے مہینے کا بادل آیا اور نو رُوز (مارچ کے مہینہ کے اوکیس دن) کی ہوا چلی میرے دل میں دوَر مے کی خواہش اور مُطرب کی تمنا ہے کون کہے کہ وہ پہنچ گیا ہے ۔

آذر آباد:آتشکدہ ۔

آذر آبادگان:آذر بائیجان کے ایک آتشکدے کا نام، آذر بائیجان میں آتشکدے بہت تھے اس لیے اس خاص آتشکدے کا نام آذر آبادگان ہوا ۔

آذر بر زِین:ایک آتشکدے کا نام جو بلخ یا نیشاپور میں تھا ۔

آذَر پرَست:آتش پرست ۔

آذَر پیرا:آتشکدے کا خادم ۔

آذَر خش:بجلی، رعد، برق ۔

آذَر کدہ:آتشکدہ ۔

آذَر گُون:آگ کی طرح سرخ ۔

آذَ رَنگ:رنج و غم، محنت ۔

آذر نُوش:پارسیوں کے آٹھ بڑے آتشکدوں میں سے ایک کا نام ۔

آذَری:آذَر سے متعلق ۔

آذَرِین:آتشی، آگ کا کرہ آتش فشاں ۔

آذُوقَہ:بہم رسانی، رسد رسانی، خوراک کی بہم رسانی ۔

آذِیش:آتش، آگ ۔

آذِین:زیب و زینت، آرائش، چراغاں، جشن و شادمانی کے دن ۔

آر: آور کی مختصر صورت، لا (بیارا) ۔

آرا:آراستہ کرنے والا، بناؤ سنگار کرنے والا، مثال:

روی بنماو بزم را آرا

چوں توہی آفتاب بزم آرا

اپنا چہرہ دکھا اور بزم کو آراستہ کر چونکہ تو ہی بزم کو آراستہ کرنے والا آفتاب ہے ۔

آراستگی:زیب و زینت، بناؤ سنگار ۔

آراستن:آراستہ کرنا ، سجانا ،

آراستہ:سجا ہوا ، سجایا ہوا ۔

آرام:آرامیدن سے، تسکین، سکون، قرار، ٹھہراؤ ۔

آرام دہ:سکون بہم پہنچانے والا ، جس سے کسی کو تسکین حاصل ہو ۔

آرامانیدن:آرام کرنا ۔

آرامش:سکُون، اطمینان، راحت، آرام ۔

آرامگاہ:(۱)آرام کرنے کی جگہ (۲)آرام کی آخری جگہ، لحد، قبر ۔

آرام گرفتن:آرام پانا ، سکون حاصل ہونا ۔

آرامی:سکون، آرام، راحت، اطمینان ۔

آرامیدن:آرام کرنا ۔

آرایش:سج دھج، بناؤ سنگار۔ سجاوٹ ۔

آرایش دادن، آرائش کردن:سجانا ، بناؤ سنگار کرنا۔

آرایشگر:آرائش کرنے والا، بناو سنگار کرنے والا، حجام

آرد:آٹا

آردبیز:چھلنی، غربال ۔

آرد کردن:آٹا پیسنا ۔

آردن:کفگیر، بڑا چمچہ ۔

آردینہ:آٹے سے متعلق ۔

آرزُو:فریدون کے بیٹے سلم کی بیوی کا نام تھا ۔

آرزُو:خواہش، تمنا ۔

آرزو بردن:خواہش کرنا ۔

آرزو پُختن:آرزو کیے جانا ، خواہش پر قائم رہنا ۔

آرزو بگور بُردن:حسرت دل میں لیے ہوئے دنیا سے رخصت ہوجانا ۔

آرزوانہ:جس کی آرزو ہو ۔

آرزو مند:خواہش مند ۔

آرزو مندی:خواہش، تمنا ۔

آرزُو مندانہ:دلی تمنا سے، بڑے شوق سے ۔

آرزِہ:لیپ پوت ۔

آرستن:آراستن، آراستہ کرنا ، بناؤ سنگار کرنا ۔

آرِش:معنی، مفہوم، اہمیت ۔

آرَش:منو چہر کے زمانے کے ایک پہلوان کا نام ۔

آرُغدن:غصے میں آنا ، خشمگین ہونا ۔

آرُغدہ:(۱) خشمناک، برآشفتہ ۔

آرمان:آرزو، حسرت، خواہش، تمنا ، حاملہ عورت کی تمنا

آرمان سرای:سرائے حسرت، مراد دنیا ۔

آرمہ:عورت کی تمنا جو امید سے ہو ۔

آرمیدگی:آرام، امن و سکون ۔

آرمیدن:آرام پانا ، آسودگی حاصل ہونا ۔

آرَن:آرَنج کا مخفف

آرَنج:کُہنی

آرَندہ:اورَندہ، لانے والا ۔

آرَنگ:(۱)کہنی (۲)طور طریقہ (۳)بے چینی، مصیبت،

marfat.com

آفت، (۳) مہارت۔

آرواره: جبڑا، جبڑے کی ہڈی۔

آرُوغ: ڈکار۔

آرُوغیدَن: ڈکار لینا۔

آروَند: شہرت، شان و شوکت، فخرو ناز، تعریف و توصیف۔

آروِین: آزمائش۔

آرِه: آری، بڑھئی کا لکڑی کاٹنے کا دندانہ دار آلہ

آری: کلمہ جواب، جی ہاں۔

آرِید بَرید: پیاز کی طرح کی ایک سبزی کی جڑ جو طب قدیم میں بواسیر کے علاج کے لیے استعمال ہوتی تھی۔

آرِیغ: نفرت، کینہ۔

آرِیَن: آریائی نسل۔

آریه: ایک ایرانی سردار جو کوروش صغیر کا حامی تھا۔

آز: حرص، لالچ، مثال:

انعامِ تو بردوختہ چشم و دہن آز
احسان تو بشگافتہِ ہر قطرہ یم را

تیری عطا و بخشش سے جو نعمتیں حاصل ہوئیں انہوں نے لالچ کا دہن اور حرص کی آنکھ بند کردی ہے۔ تیرے احسان نے تو سمندر کے ہر قطرے کا منہ کھول دیا ہے (تاکہ اس سے موتی نکلے)۔

آزاد: جو کسی بات کا پابند نہ ہو، کسی کا غلام نہ ہو، کسی کی اطاعت پر مجبور نہ ہو۔

درهوای آزاد: کھلی فضا میں۔ آزادانہ آزادی کے ساتھ

آزادِگی: آزاد ہونے کی کیفیت، وارستگی، نجات۔

آزادی: پابندی کی ضد، بغیر کسی قسم کی پابندی کے اپنی خوشی سے کوئی کام کرنا، کسی کی اطاعت سے بے نیاز ہو جانا۔

آزادی خواه: کسی کی محکومیت سے آزاد ہونے کا خواہش مند، آزادی طلب، آزادی پسند۔

آزار: اذیت، تکلیف، رنج، بیماری۔

آزار: آزُردن=ستانا سے فعل امر، بیازار کا مخفف، ستالو۔

آزارَخش: طوفانِ برق و باد۔

آزارمَند: علیل، بیمار، جسے کوئی رنج یا تکلیف ہو۔

آزارَندِه: ستانے والا، تکلیف پہنچانے والا، اذیت رساں۔

آزارِ بدَن: ستانا، تکلیف دینا، پریشان کرنا۔

آزپیشِه: حریص، لالچی۔

آزر: حضرت ابراہیم کے والد یا چچا کا نام، ایک بت تراش کا نام

آزُردِگی: ملال، افسردگی، رنجیدگی، ناراضی۔

آزُردِه خاطِر: پریشان۔

آزردن: ستانا، تکلیف پہنچانا، آزار دینا۔

آزَرم: شرم، حیا۔

آزَرم خُوی: صلح جوئی۔

آزَرمگِین: باحیا، حیادار، شرم و حیا والا۔

آزرمی: حیادار۔

آزرمی دُخت: خسرو پرویز کی بیٹی جس نے چار ماہ ایران میں حکومت کی۔

آزَرمیدن: عزت کرنا، احترام کرنا۔

آز رَنگ: بد بختی، مصیبت، تکلیف۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

آزُغ: شاخ، درخت کی کاٹ چھانٹ ۔

آزُغدان: قوس قزح ۔

آزما: آزمُودن= آزمانا سے فعل امر، آزمالو ۔

آزمان: ندامت، پشیمانی، تاسف ۔

آزمائِیدن: آزمانا ۔

آزمایِش: جانچ پڑتال، امتحان، تجربہ ۔

آزمایش کردن: آزمانا، جانچ پڑتال کرنا ۔

آزمایشگاہ: تجربہ گاہ، لیبارٹری ۔

آزمایِش گر: آزمانے والا، جانچ پڑتال کرنے والا ۔

آزمَند: حریص، لالچی ۔

آزمَندی: حرص، لالچ ۔

آزمُودگی: تجربہ، جانچ پڑتال، آزمایش ۔

آزمودن: آزمانا ۔

آزمُون: آزمایش، امتحان ۔

آزمُودِہ: آزمایا ہوا ۔

آزناک: حریص، لالچی ۔

آزوَر: حریص، لالچی، آزمند ۔

آزوُغِہ: آذوقہ، بہم رسانی، رسد رسانی، خوراک رسانی ۔

آزِیدَن: ستانا، دق کرنا ۔

آزِیر: آزار، رنج ۔

آژان: کارگزار، پولیس کا ملازم، نمایندہ ۔

آژانس: نمایندگی، کارگزاری ۔

آژانگ: جھری، شکن،

آژور: (١) بھلا کام (٢) کڑھائی سلائی کا کام ۔

آژِیانہ: پتھر یا اینٹوں کا فرش ۔

آژِیدَن: آجِیدن، بخیہ کرنا

آژِیر: صاف دل، ہوشیار، نیک کردار، خاموش، محتاط، مثال:

سپہ را نگہدار و آژیر باش
شب و روز با سرکش و تیر باش

فوج کی نگہداشت کرو، محتاط اور ہوشیار رہو ۔ دن رات تیرو ترکش تمہارے پاس رہنے چاہیئں ۔

آژِیراک: نالہ و فریاد ۔

آژِیردَن: آگاہ کرنا ۔

آژِینہ: ایک آلہ جس سے چکی کو دندانہ دار بناتے ہیں ۔

آس: (١) چکی پیسنے کا عمل (٢) مہندی، حِنا

آس: تاش کا کھیل ۔

آسا: انگڑائی ۔

آسا: لاحقے کے طور پر آتا ہے جس کا مطلب ہے ، کی مانند ۔

برق آسا: بجلی کی مانند ۔

آسارِہ: شُمار، گنتی، اجزا اور حصص کی بناوٹ ۔

آسال: بنیاد، اساس ۔

آسان: مشکل کی ضد، سہل ۔

آسان کار: مہارت رکھنے والا ۔

آسان گُزار: آسانی سے گزر اوقات کرنے والا ۔

آسان گوار: جلدی ہضم ہونے والا ۔

آسان گِیر: سہل انکار، تن آسان، کاہل، سُست ۔

آسانی: سہولت، سہل، آرام، راحت ۔

آسائِیدَن: آسایش بہم پہنچانا ۔

آسایِش: راحت، آرام، امن چین، مثال:

چشم آسایش کہ دارد از سپہر تیز رو

marfat.com

ساقیا جامی بمن دہ تابیا سایم دمی

اس تیز رفتار آسمان سے راحت و آرام کی امید کس کو ہے ۔ اے ساقی ایک جام مجھے دے تاکہ میں کچھ وقت آرام کر سکوں ۔

آسایش خاطر: دلی راحت، دلی سکون ۔

آسایش دادن: آرام بہم پہنچانا ، سکون پہنچانا ۔

آسایش گاہ: جہاں امن و سکون میسر آ سکے ۔

آسپا: اسپ، گھوڑا ۔

آستان: دہلیز، چوکھٹ، دروازہ ۔

آستان بوس: دہلیز چومنے والا ، عقیدت مند ۔

آستانہ: مسکن، گھر، مکان ۔

آستَر: استر، لباس کے نیچے لگانے والا کپڑا ۔

آستر دُوزی: استر لگانا ۔

آستی: قمیص کا بازو ۔

آستیم: آماس، سوجن، زخم، جراحت ۔

آستین: کرتے یا قبا کے بازو کا کپڑا ، مثال:

اگر خواہی بگو تا آستین از دیدہ بردارم

کہ مژگانِ مرا از گریہ شاخِ ارغوان بینی

اگر چاہتے ہو تو بتادو کہ میں اپنی آنکھوں سے بازو کا کپڑا ہٹالوں تاکہ میری پلکیں جو خون کے آنسوؤں سے ارغوانی شاخوں کی صورت اختیار کیے ہوئے ہیں انہیں دیکھ لو ۔

آستین بر افشاندن:(۱)سخاوت کرنا ، نوازش کرنا ، (۲)ترک و انکار کا کنایہ (۳)رقص کرنا ۔

آستین بالا زدَن:آستین چڑھانا ، کسی کام کے لیے مستعد ہونا ، غصہ کرنا ، لڑائی پر آمادہ ہونا

آستینہ:انڈا ۔

آسریس:گھوڑ دوڑ

آسکُون:بحیرہ خزر، کیسپئین سی ۔

آسم:دمہ ، استھما ۔

آسمان:فلک، چرخ، سپہر ۔

آسمان پایہ:انتہائی بلند درجہ ۔ عالی مرتبہ ۔

آسمان پیما:ہوائی جہاز، غبارہ، ہواباز

آسمان جاہ:بہت بلند مرتبے والا۔

آسمان جُوی:پودے جن پر ارغوانی یا آسمانی رنگ کے پھول آتے ہیں ۔

آسمان خراش:بہت بلند ۔

آسمان دَرّہ:کہکشاں ۔

آسمان قُر قُرہ:بادل کی گرج، رعد ۔

آسمان وریسمان:ضرب المثل ہے ۔ معقول سوال کا نامعقول جواب ۔

آسمانہ:(۱) سماوی، نیلگوں، آبی (۲) چھت ۔

آسمَند:دروغ گو، جھوٹا ، فریب دینے والا

آسودگی:امن و امان، آرام و راحت ۔

آسُودن:آرام پانا ، تسکین حاصل ہونا ، ذہنی سکون ملنا ، آسائش حاصل ہونا ۔

آسُودہ:امن چین سے زندگی گزارنے والا ۔

آسودہ حال:فارغ البال ۔

مُرفّہ الحال:جو آرام و راحت سے زندگی گزارتا ہو۔

آسُودہ دل:آسُودہ خاطر، جس کے دل میں کوئی اضطراب نہ ہو، جس کا وقت بے فکری میں گزرتا ہو۔

آسِہ: زمین جس میں ہل چلا ہو ۔

آسی: سوکن، شوہر کی دوسری بیوی ۔

آسِیا: چکی ۔

آسیا: براعظم ایشیا ۔

آسیائی: ایشیائی ۔

آسِیاب: پانی کے بہاؤ سے چلنے والی چکی ۔

آسِیابان: پانی کے بہاؤ سے چکی چلانے والا۔

آسیا سنگ: پتھر جس سے چکی بنائی جاتی ہے ۔

آسِیب: صدمہ ، تکلیف دہ حادثہ ، بدبختی ۔

آسِیب دیدن: تکلیف میں مبتلا ہونا ۔

آسِیب رَساندَن: کسی کو تکلیف پہنچانا، پریشان کرنا

آسِیمِہ: حیران، پریشان ۔

آسِیمِہ سرَ: سراسیمہ ، حیران، پریشان ۔

آسِیوَن: سرگرداں، سرگشتہ ، پریشان ۔

آسِیہَ: فرعون کی بیوی جس نے پوشیدہ طور سے حضرت موسی(ع) کی پرورش کی ۔

آش: یخنی، دم پخت، شوربا ، سوُپ (انگ) ۔

آشِ ہرکاسِہ بودن: ہر بات میں بیجا مداخلت کرنا

آشام: آشامیدن= پینا سے فعل امر، پی لو ۔

آشامَندِہ: پینے والا ، شراب نوش ۔

آشامِیدِہ: نوشیدہ، پی لیا ۔

آشانَہ: آشیانہ، گھونسلا ۔

آش پُز: باورچی ۔

آشپزُ خانِہ: باورچی خانہ ۔

آشپزُی: باورچی کا کام ۔

آشتی: صلح، مصالحت ۔

آشتی دادن ۔ ۔ ۔ آشتی کردن: مصالحت کرنا۔

آشخال: آشغال ، کوڑا کرکٹ، کاٹھ کباڑ ۔

آشغال برچین: خاکروب، غلاظت اٹھانے والا

آشُفتِگی: پریشانی، پراگندگی، سراسیمگی ۔

آشُفتَن: پریشان ہونا ، سراسیمہ ہونا ۔

آشُفتہِ: پریشان حال، سراسیمہ ، حیران، مثال:

خطا بردم دیوانہ کس نمی گیرد
جنون نداری و آشفتہ ای خطا اینجاست

دیوانے کو کوئی غلطی کا ذمے دار نہیں ٹھہراتا مشکل تو یہ ہے کہ تم دیوانے نہیں ہو پریشان حال ہو اس لیے سب تمہیں خطا کار سمجھتے ہیں ۔

آشفتہِ حال: پریشان حال، پراگندہ خیال ۔

آشُفتہِ خاطر: پریشان دل ۔

آشُفتہِ رُوز گار: مفلس، پریشان حال وہ شخص جس کے دن پریشانی میں گزرتے ہوں ۔

آشُفتہ مُو: جس کے بال بکھرے ہوں ۔

آشکار: ظاہر، صاف، واضح، نمودار، عیاں ۔

آشکار شدن: عیاں ہو جانا ، ظاہر ہو جانا ۔

آشکُوب: چھت، عمارت کی ہرمنزل ۔

آشکُوخ: تھر تھراہٹ ۔

آشکُوخیدن: تھر تھرانا ، لرزنا ، گرنا

آشمال: چاپلوس، خوشامدی ۔

آشمالی: چاپلوسی، خوشامد ۔

آشنا: واقف، شناسا ، آگاہ، باخبر ۔

آشناب: تیراک، شناور ۔

آشناور: شناور ، تیراک ۔

marfat.com

آشنای: جان پہچان، دوستی، محبت .

آشنایٔ دادَن . . . آشنایٔ کردَن: دوستانہ مراسم ہونا .

آشوب: آشو بیدَن یا آشُفتَن= پریشان ہونا سے حاصل مصدر، پریشانی .

شہر آشوب: وہ نظم جس میں شہر بھر کی پریشانیوں کا حال درج ہو .

آشوب انگیز: فتنہ پیدا کرنے والا .

آشوب طلب: فتنہ جُو .

آشوبگاہ: فتنہ سازی کا مرکز .

آشور: سریا، ملک شام .

آشوردَن: (١)ملانا، آمیزش کرنا، خمیر کرنا۔ (٢)برہم کرنا، درہم کرنا .

آشوغ: غریب، بیگانہ، گمنام، غیر معروف .

آش و لاش: متلاشی .

آشیان: گھونسلا .

آشیانہ: قیامگاہ، گھر، مسکن .

آصال: اصل کی جمع .

آصَف: حضرت سلیمان (ع) کے دانشمند وزیر کا نام

آطریلال: ایک جنگلی پودا .

آغا: مُخنَّث، مُخنَّث کا لقب، فارسی آقا، ترکی میں آغا بمعنی صاحب، مالک .

آغا باشی: مخنثوں کے سردار کا لقب .

آغاج: درخت، لکڑی، فرسنگ کے معنی میں بھی آتا ہے

آغار: زمین کی نمی، رطوبت .

آغار کردن: تر کرنا، ملانا، آمیزش کرنا .

آغاریدن: گوندھنا، تر کرنا، سیلاکرنا .

آغاز: شروع، ابتدا، مثال:

ماز آغازو ز انجام جہاں بی خبریم
اول و آخرِ این کہنہ کتاب افتاد است

ہم اس بات سے بے خبر ہیں کہ دنیا شروع کب ہوئ اور اس کا انجام کیا ہوگا دنیا کو اگر ایک قدیمی کتاب سمجھا جائے تو یہ کہیں گے کہ اس کے پہلے اور آخری صفحات ناپید ہیں .

آغاز کردن: آغاز نہادن ۔ شروع کرنا .

آغاز گر: شروع کرنے والا.

آغازَندہ: آغاز کرنے والا، خالق، خالق کائنات، خداوند تعالی .

آغازَہ: کفش دوزی کا آلہ .

آغازیدَن: شروع کرنا، ابتدا کرنا .

آغازیدہ: جس کا آغاز ہوا ہو .

آغالیدَن: اُکسانا، اشتعال دلانا .

آغالیدہ: برآشفتہ، بر انگیختہ، غصے میں آیا ہوا

آغر: ندی جو خشک ہوگئ ہو، یا وہ جگہ جہاں خشک ندی میں کہیں پانی رہ گیا ہو

آغردَن: کھانا پینا .

آغشتگی: ملانا، مرطوب کرنا، آلودہ کرنا .

آغشتَن: پُر کرنا، ملانا، آلودہ کرنا، تر کرنا .

آغشتہ: پُر کیا ہوا، تر کیا ہوا، آلودہ کیا ہوا .

آغل: بھیڑ بکریوں کو رکھنے کی جگہ جو کسی پہاڑ یا گھر میں بنائ جاتی ہے، بھیڑوں کا باڑا .

آغندن:بھرنا، پُر کرنا، زور سے دبا کر پُر کرنا ۔

آغوز: گائے بھینس کے بچہ پیدا ہونے کے بعد کا دودھ جس کی بوہلی بناتے ہیں ۔

آغوش:گود، بغل، کنار، نیز غلام و کنیز ۔

در آغوش کردن . . . در آغوش کشیدن در آغوش گرفتن:سینے سے لگانا، بغل گیر ہونا، معانقہ کرنا ۔

آغوشیدن:گلے ملنا، بغل گیر ہونا، معانقہ کرنا۔

آغیل:خشم آمیز جیسے خشم آغیل، خشم آمیز نگاہ

آف:آفتاب کا مخفف، سورج ۔

آفات:آفت کی جمع، مصیبتیں، تکلیفیں ۔

آفاق:افق کی جمع، دنیا۔ جہاں، مثال :

عدل نوراست کزو ملک منور گردد
از نسیمش ہمہ آفاق معطر گردد

عدل ایسا نور ہے جس سے ملک روشن ہو جاتا ہے عدل ایسی بادنسیم ہے جو دنیا کو اپنی خوشبو سے مہکادیتی ہے ۔

آفت:دکھ درد، مصیبت، تکلیف ۔

آفت رسیدہ:مصیبت زدہ ۔

آفتاب:(آف-تاب)سورج کی چمک، دھوپ، روشنی، سورج

آفتاب پرست:سورج کی پرستش کرنے والا ۔

آفتاب پرستی:سورج کی پرستش ۔

آفتاب خوردن:لو لگنا ۔

آفتاب خوردہ:جسے لو لگی ہو ۔

آفتاب زدگی:لو لگنا

آفتاب شد:آفتاب کرد، سورج طلوع ہوا ۔

آفتاب گرفتگی:سورج گرہن، کسوف ۔

آفتاب گیر:چتر، چھاتا ۔

آفتمون:آفتیمون ۔ بغیر پتوں کے بیل جو درختوں پر چڑھ جاتی ہے، آکاس بیل ۔

آفرازہ:آگ کا شعلہ ۔

آفروزہ:چراغ کا فتیلہ ۔

آفرید:پیدا کیا ۔

آفریدن:خلق کرنا، پیدا کرنا ۔

آفریدون:فریدون ایران قدیم کا بادشاہ ۔

آفریدہ:پیدا کیا گیا، مخلوق

آفرین، آفریدن:مصدر سے اسم فاعل، پیدا کرنے والا۔

جہان آفرین:دنیا کو پیدا کرنے والا، خداوند تعالی

آفرینش:خلق، خلق کرنے کا عمل، مخلوق ۔

آفرینندہ:خالقِ کائنات ۔

آفگانہ:مردہ بچہ جو ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو ۔

آفند:نزاع، تنازعہ، لڑائی، دشمنی، جنگ، پیکار ۔

آفنداک:قوس قزح ۔

آفندیدن:لڑنا، جنگ کرنا، دشمنی کرنا، خصومت اختیار کرنا

آق:سفید ۔

آق قویو نلو:سفید پرچم والی ایک قوم ۔

آقا:شریف آدمی، صاحب

آقای:شریف انسان کا کردار، بزرگی ۔

آقای کردن:آقا کا سا سلوک کرنا ۔

marfat.com

آقبانو: باریک گلدار سوتی کپڑا، جس سے خواتین جسم ڈھانپتی ہیں۔
آک: نقص، خرابی، عیب۔
آکام: ٹیلے، پشتے۔
آکپ: دہن، منہ کے اندر کا حصہ۔
آکتر: (انگ) ایکٹر، فن کار۔
آکترس: ایکٹریس سے مفرس۔
آکج: ہُک، کانٹا، آنکڑا
آکِل: (ع) کھانے والا۔
آکِلہ: بہت کھانے والا۔
آکندَن: پر کرنا، بھرنا۔
آگاہ: واقف، مطلع، باخبر
آگاہی: واقفیت، خبر، اطلاع، علم۔
آگر: چُوتڑ، سُرین
آگشتن: آغَشتن، گیلا کرنا، تر کرنا۔
آگِفت: آزار، آفت، رنج۔
آگندَن: بھرنا، پُر کرنا۔
آگندِہ: بھرا ہوا۔
آگندہ پر: جو پرندوں کے پروں سے بھرا ہوا ہو
آگون: سرنگوں
آگہ: آگاہ کا مخفف، واقف، باخبر، مطلع۔
آگہی: آگاہی کا مخفف، واقفیت، اطلاع۔
آگِین: بھرا ہوا، بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے۔
شرم آگیں: بہت زیادہ شرمسار۔
زہر آگیں: زہر آلود۔
آل: (ع) اولاد، خاندان، خانوادہ، اہل خانہ۔
آل: سُرخ۔
لالہ آل: سرخ رنگ کا گل لالہ
آل: (ع) سُراب

آلا: گیلا، تر، نم، نیز آل، سرخ۔
آلاء: (ع) الی کی جمع، نعمتیں۔
آلات: آلت کی جمع، اوزار۔
آلاچِق: آلاچیق، لکڑی کا بنا ہوا گھر اور سائبان جو باغ یا صحرا کے وسط میں بنایا گیا ہو۔
آلاس: کوئلہ، زُغال۔
آلاف: الف کی جمع، ہزارہا۔
آلالہ: گل لالہ، پیالہ نما پھول والا پودا، پوست کا پودا
آلام: (ع) الم کی جمع، درد و غم، رنج۔
آلانہ: لانہ، آشیانہ، گھونسلا۔
آلاؤ: الاؤ، آگ کا انبار، وہ جگہ جہاں لوگ آگ تاپتے ہیں۔
آلایِش: آلودگی، غلاظت، میل کچیل، کثافت۔
آلاییدَن: آلودہ کرنا، گندہ کرنا۔
آلت: اوزار، ہتھیار (آلات جمع)۔
آل تمغا: شاہی مہر، مغل بادشاہوں کی مہر جو سرخ روشنائی سے لگاتے تھے۔
آلچیق: دیکھیے الاچق،
آلر: سُرین، چوتڑ۔
آلش: سفیدے کی قسم کا لمبا درخت جس کی چھال چکنی ہوتی ہے۔
آلِ عبا: حضرت رسول کریم (ع) کا خاندان۔
آلفتن: آشُفتن، ستانا، پریشان ہونا۔
آلفتہ: آشُفتہ، جسے پریشان کیا گیا ہو۔
آلفدَن: غصے میں آنا، خشمگیں ہونا۔
آلفِدہ: خشمناک۔
آلگُونِہ: سُرخاب، غازہ۔
آلمان: جرمنی ملک۔
آلمانی: جرمنی کا باشندہ۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

آلنک: مداخلت بیجا کرنا ۔

آلو: آلوچہ کا درخت ۔

آل و آچھل: خشک و لذیذ میوے ۔

آلو بالو: سرخ رنگ کی چیری ، میٹھا اور ترش پھل ۔

آلوچہ: پھل کا نام ۔

آلودگی: آلایش، گندگی، کثافت، ناپاکی ۔

آلودن: گندہ کرنا ، ناپاک کرنا ۔

آلودہ: گندہ، لتھڑا ہوا، مُلوّث ۔

خون آلودہ: خون میں لت پت، خون میں لتھڑا ہوا۔

آلودہ دامن: تردامن، ناپاک ۔

آلوزرد: زرد آلو، آلوچہ کی طرح کا پھل

آلیز: جانوروں کی جَست و خیز ۔

آلیز زدن: جَست و خیز کرنا ، دولتی لگانا ۔

آما: آمادَن اور آمودن بمعنی آمادہ کرنا سے فعل امر، آمادہ کرو ۔

آماج: نشانہ ، ہدف ۔

آماجگاہ: وہ جگہ جہاں نشانہ لگایا جائے ۔

آمادگی: تیاری، آراستگی ۔

آمادَن: تیار ہونا ، تیار کرنا ، مہیا ہونا ۔

آمادہ: تیار ۔

آمادہ کردن: آمادہ ساختن، آمادہ کرنا ۔

آمار: شماریات ۔

آمارشناس: ماہر شماریات ۔

آمارگر: شماریات کے کام پر مامور ۔

آماریدَن: شمار کرنا ۔

آماس: سوجن ۔

آماسیدَن: سوج جانا ۔

آمال: (ع)اَمَل کی جمع امیدیں، تمنائیں، مثال:

ای خاکِ درت قبلہء آمال دو عالم
گردی برسان چشمِ حزینِ نگران را

حضور(ص)کے دروازے کی خاک دو جہانوں کے لوگوں کی امیدوں کا قبلہ ہے ۔ دروازے کی کچھ خاک اس منتظر حزین کی آنکھوں تک بھی پہنچا دیجیے۔

آمپر: (انگ) برقی روکی اکائی ۔

آمپر سنج: ایک آلہ جو برق کی شدت کا اندازہ کرتا ہے۔

آمَد: آمدن سے ماضی مطلق بمعنی (وہ) آیا یا (وہ)آئی ۔

آمد کردن: نیک نصیب ہونا ۔

آمدورفت: آیا گیا ، آنا جانا ۔

آمدو شد: آیا گیا ، آنا جانا ۔

استحسان: (ع) تعریف و توصیف کرنا، تحسین۔

اِستحصال: (ع) حاصل کرنا۔

اِستحصان: (ع) پناہ لینا (کسی قلعے میں)۔

اِستحضار: (ع) اطلاع، حاضر ہونے کا نوٹس

اِستحفاظ: (ع) محافظت، نگہداری۔

اِستحقار: (ع) حقارت، نفرت، حقیر سمجھنا۔

اِستِحقاق:(ع) حق، مستحق ہونا۔
استحقاق داشتن:حق حاصل ہونا۔
اِستِحکام:(ع) پختگی، مضبوطی، محکم۔
استحکامات:استحکام کی جمع۔
اِستِحلاف:(ع) (حلف سے) حلف لینے کےلیے کہنا
اِستِحلال:(ع) شرعی یا قانونی طور پر جائز سمجھنا۔
اِستِحمام:(ع) حمام میں غسل کرنا۔
اِستِحیا:(ع) شرم آنا، شرمندگی کا احساس۔
اِستِخارہ:(ع) طلب خیر کرنا، اشارہ غیبی چاہنا۔

بعزم توبہ سحر گفتم استخارہ کنم
بہار توبہ شکن می رسد چہ چارہ کنم

صبح کے وقت میں نے چاہا تھا کہ اشارہ غیبی پاکر توبہ کا ارادہ کرونگا لیکن توبہ شکن بہار آپہنچی ہے تو اب کیا چارہ کروں۔
اِستِخبار:(ع) خبر حاصل کرنے کےلیے کہنا، کسی سے خبر پوچھنا۔
اِستِخدام:(ع) خدمت، کام پر لگانا۔
استخدام کردن:ملازم رکھنا۔
قانون استخدام کِشوَری:سول سروس لا۔
اِستَخر:ندی، تالاب۔
اِستِخراج:(ع) خارج کرنا، باہر نکالنا۔
استخراج آرا:ووٹ نکال کر گنتی کرنا۔
اِستِخفاف:(ع) توہین، حقارت، سبکی، خفیف کرنا
اِستِخلاص:(ع) خلاصی پانا، رہائی ملنا، آزادی ملنا
استخلاص کردن:رہائی دینا۔
اِستِخلاف:(ع) جانشینی کےلیے تقرری یا نامزدگی
اُستخوان:ہڈی۔
استخوان بند:چفتی جو ٹوٹی ہوئی ہڈی کے اوپر باندھی جاتی ہے۔

استخوان در گلو داشتن:تکلیف میں مبتلا ہونا۔
اِستِدارہ:(ع) دائرے کی شکل کا ہونا۔
اِستِدامہ:(ع) مسلسل، مستقل ہونا، دوام چاہنا۔
اِستِدانہ:(ع) قرض مانگنا۔
اِستِدبار:(ع) انجام پر نظر رکھنا۔
اِستِدراج:(ع) درجہ بدرجہ کام ہونا
اِستِدراک:(ع) سوچنا سمجھنا، ادراک، شعور
اِستِدعا:(ع) عرض، گزارش، درخواست۔
استدعا کردن:عرض کرنا۔
اِستِدقاق:(ع) جانچ پڑتال، تجسس، احتساب، دیکھ بھال۔
اِستِدلال:(ع) دلیل پیش کرنا۔
استدلال کردن:دلیل پیش کرنا۔
استدلالی:منطقی، مدلل۔
اِستَدن:لینا، حاصل کرنا۔
استر:خچر۔
استر:ستارہ۔
اِستِراحت:(ع) راحت، آرام۔
از کار استراحت کنیم:کام کاج سے کچھ آرام پالیں۔
استراحت کردن:آرام کرنا۔
اِستَرار:عدس، مسور۔
اِستِراق:(ع) چوری چھپے، چرانا
استراق سمع:چوری چھپے کسی کی بات سننا۔
استراق کردن:چرانا۔
اِستِراک:بعض درختوں اور جھاڑیوں کی گوند جو بہت قیمتی ہوتی ہے۔
استربان:خچر والا۔
اِستِرجاع:(ع) واپس جانا، واپسی کی خواہش کرنا، کسی سے چیز واپس لینا یا مانگنا

marfat.com

اِستِرحام:(ع) رحم کی درخواست۔
استر حام کردن:رحم کی درخواست کرنا، رنج اور سختی میں آسائش کی دعا کرنا۔
اِستِرخاء:(ع) سستی، تساہل، کمزوری۔
استر خاص:رخصت چاہنا۔
اِستِرداد:(ع) (۱) رد کرنا، (۲) واپسی، نجات۔
اُستُردن:ستر دن، تراشنا، صاف اور ہموار کرنا۔
اِستِرزاق:(ع) رزق کی تلاش یا جستجو۔
اِستِر شاد:(ع) رہنمائی چاہنا، طلب ہدایت کرنا۔
اِستِرضا:(ع) رضا مندی چاہنا۔
اُسترلاب، اسطرلاب:ستارہ شناسی کا آلہ جس سے ہئیت دان زمین اور سورج کے سالانہ ارتفاع کا حال معلوم کرتے ہیں۔
استَرنج، استَرنگ: مردم گیا:ایک خواب آور اور قے آور زہر دار پودا۔
استرَوَن:بانجھ عورت، وہ عورت جس کے بچہ پیدا نہ ہو سکے۔
استرہ:ڈاڑھی مونڈنے کا آلہ جو حجام استعمال کرتے ہیں۔
اِستزادت:اضافہ چاہنا، زیادتی کی تمنا کرنا۔
اِستِسعاد:(ع) نیک بختی کی تمنا کرنا، سعادت چاہنا، مدد چاہنا۔
اِستِسقاء:(ع) سیراب ہونے کی طلب، پانی مانگنا
نماز استسقا:وہ نماز جو بارش کی طلب میں ادا کی جائے۔
استسقائی:استسقا کے متعلق۔
اِستِسلام:(ع) سلامتی چاہنا، تسلیم، اطاعت، فرمان پذیری۔
اِستِسناد:(ع) دستاویز کے ذریعے اپنے آپ کو سچا ثابت کرنا

اِستِشارہ:(ع) مشورہ، غور و خوض، کسی کی رائے لینا
اِستِشفاع:(ع) شفاعت کےلیے گزارش۔
اِستِشمام:(ع) سونگھنا
اِستِشہاد:(ع) شہادت چاہنا۔
استشہاد کردن:شہادت کےلیے بلانا۔
استشہاداً:شہادت کے ذریعے۔
اِستِشہار:(ع) شہرت کی تمنا۔
اِستِصحاب:(ع) کسی کی صحبت چاہنا۔
اِستِصواب:(ع) مشورہ، اجازت، درستی معلوم کرنا، رائے لینا۔
اِستِضعاف:(ع) ضعیف سمجھنا۔
اِستِطاب:(ع) پاکیزگی چاہنا۔
استطاعت:(ع) قابلیت، اہلیت، صلاحیت، طاقت۔
استطراد:(ع) دشمن کو فریب دینے کے لیے بھاگ نکلنا۔
اِستِطلاع:(ع) اطلاع حاصل کرنے کی جستجو، تفتیش، آگاہی چاہنا۔
اِستِظہار:(ع) اظہار، حمایت، مدد چاہنا۔
اِستِعادہ:(ع) چیز کو واپس مانگنا، کسی چیز کو حاصل کرنے کی عادت۔
اِستعاذہ:(ع) پناہ چاہنا، پناہ حاصل کرنا۔
اِستِعارہ:(ع) کسی سے عاریۃً کوئی چیز لینا، اصطلاح بیان میں حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا علاقہ ہونا، مثلاً کسی شخص کی بہادری کی وجہ سے اسے رستم کہ دینا، رستم استعارہ ہے۔
اِستِعانت:(ع) مدد چاہنا۔
اِستِعباد:(ع) بندگی چاہنا، غلام بنا لینا۔
اِستِعجاب:(ع) حیران ہونا۔
اِستِعجال:(ع) عجلت کرنا، جلدی کرنا، کسی کو جلدی کرنے کے لیے کہنا۔

استعداد:(ع) قابلیت، لیاقت، ذہانت۔

استعدادی:لیاقت سے متعلق۔

استعذار:(ع) دلیل پیش کرکے معذرت چاہنا۔

استعراب:(ع) عربوں کی سی رسوم اختیار کرنا۔

استعصام:(ع) مداخلت کرنا، کسی چیز پر اپنے لیے نظر رکھنا، کسی چیز پر ہاتھ ڈالنا۔

استعطاف:(ع) رحم یا حمایت کی غرض سے التجا کرنا

استعفا:(ع) استعفیٰ، اپنے کام سے علیحدگی چاہنا۔

استعفاف:پاکیزگی، ممنوعات سے پرہیز۔

استعلا:(ع) بلند مرتبہ چاہنا، ترقی کی خواہش رکھنا۔

استعلاج:(ع) علاج کی جستجو۔

استعلام:(ع) اطلاع چاہنا، آگاہی چاہنا، کسی چیز کے متعلق علم حاصل کرنا۔

استعمار:(ع) آباد کرنا، آبادی چاہنا، آبادی کے نام پر کسی علاقے کو اپنے تصرف میں لانا۔

استعمال:(ع) عمل میں لانا۔

استغاثہ:(ع) جدوجہد، درخواست کرنا۔

استغراب:(ع) عجیب و غریب سمجھنا۔

استغراق:(ع) (۱) کام میں منہمک ہونا (۲) پانی میں ڈوبنا۔

استغفار:(ع) معافی مانگنا۔

استغفار کردن:مغفرت کی دعا مانگنا۔

استغفراللہ:میں خدا سے مغفرت مانگتا ہوں۔

استغلال:(ع) غلہ طلب کرنا، غلہ لینا

استغنا:(ع) بے نیازی، بیرونی امداد سے پرہیز۔

استغنام:(ع) غنیمت سمجھنا۔

استفادہ:(ع) موقع سے فائدہ اٹھانا، فائدہ چاہنا۔

استفادت:فائدہ چاہنا۔

استفاضہ:(ع) فیض چاہنا۔

استفتا:(ع) قانونی رہنمائی چاہنا، حاکم شرع سے فتویٰ مانگنا۔

استفتا کردن:قانونی مشورہ لینا، فتویٰ مانگنا

استفتاح:(ع) افتتاح، کسی چیز کے آغاز کی تقریب

استفراغ:(ع) قے ہونا۔

استفسار:(ع) پوچھنا، معلوم کرنا۔

مطلب ازواستفسار کردم:اس کے متعلق میں نے اس سے حال معلوم کیا۔

استفہام:(ع) سوال، معلوم کرنے کی کوشش کرنا۔

استفہاماً:(ع) سوالیہ انداز میں۔

استقالہ:(ع) (۱) بیع کے معاملے کو فسخ کرنے کی خواہش کرنا(۲) استعفی دینا یا کام سے کنارہ گیری اختیار کرنا۔

استقامت:(ع) ثابت قدمی، کام میں جمے رہنا، عزم بالجزم۔

استقباح:(ع) قبیح سمجھنا، برا جاننا۔

استقبال:(ع) خوش آمدید کہنا، خیر مقدم، پذیرائی کرنا۔

استقبال کردن:ملنے کےلیے آگے بڑھنا، خیر مقدم کرنا

استقبالی:مستقبل کے متعلق۔

استقدام:(ع) کسی کی آمد پر خوش آمدید کہنے کے لیے آگے بڑھنا، خیر مقدم کرنا۔

استقراء:(ع) (منطق) ثبوت میں واقعات پیش کرنا، جزئی مثالوں سے نتیجہ اخذ کرنا

استقرار:(ع) بر قرار رہنا، کام میں مشغول رہنا۔

استقراض:(ع) قرض لینا۔

بانک استقراض:بنک جہاں سے قرضہ لیا جائے۔

استقصا:(ع) کوشش، گہری تحقیق، تجسس۔

استقصاص:(ع) قصاص طلب کرنا۔

استقطاب:(ع) لوہے کی سلاخ میں قطبی میلان یا برقی

marfat.com

کیفیت پیدا کرنا۔

استقلال:(ع) آزادی، استحکام، مضبوطی، ثابت قدمی۔

استقلالاً:مستقل طور پر۔

استقلالی:آزادی سے متعلق۔

اِستکان:چائے کی پیالی۔

اِستکانت:(ع) عاجزی اختیار کرنا، زاری کرنا۔

اِستکبار:(ع) غرور و نخوت۔

اِستکتاب:(ع) کسی سے لکھوانا۔

اِستکراہ:(ع) اکراہ، کراہت، تامل، ناخوشی، بیزاری۔

اِستکساب:(ع) کسب کرنا، حاصل کرنا۔

اِستکشاف:(ع) (کشف سے) معلوم کرنے کی کوشش کرنا

استکشافی:جس کے متعلق کچھ معلوم کرنا ہو۔

اِستکمال:(ع) کمال حاصل کرنے کی کوشش۔

اِستلام:(ع) تبرک کےلیے بوسہ دینا یا ہاتھ لگانا۔

اِستلذاذ:(ع) لذت حاصل کرنا۔

اِستلزام:(ع) لازم سمجھنا۔

اِستلقاء:(ع) پیٹھ کے بل سونا، پیٹھ کے بل گرنا۔

اِستم:ستم، ظلم و ستم۔

اِستماع:(ع) سننا۔

اِستمالت:(ع) مائل کرنا، نرم الفاظ سے حوصلہ دلانا۔

استمالت کردن:حوصلہ دلانا۔

اِستمتاع:(ع) تمتع حاصل کرنا، بہرہ مند ہونا۔

اِستمداد:(ع) مدد چاہنا۔

استمداد کردن:مدد کی تمنا کرنا۔

اِستمرار:(ع) تسلسل، دوام، ایک ہی روش پر لگاتار رواں رہنا۔

استمراراً:تسلسل کے ساتھ، لگاتار۔

استمراری:جس میں تسلسل ہو۔

ماضی استمراری:فعل ماضی جس میں تسلسل پایا جائے۔

اِستمزاج:(ع) کسی کی طبیعت کا حال پوچھنا، مزاج پرسی۔

اِستمساک:(ع) کسی چیز پر ہاتھ مارنا، کسی چیز کو لے لینا

اِستملاک:(ع) ملکیت چاہنا، مالک ہو جانا، کسی جگہ کو اپنی ملکیت قرار دینا

اِستمنا:(ع) منی کا خارج ہونا، مشت زنی، جلق زنی۔

اِستمہال:(ع) مہلت چاہنا۔

اِستناد:(ع) سند قراد دینا، دلیل لانا۔

اِستنباط:(ع) نتیجہ۔

استنباط کردن:نتیجہ اخذ کرنا۔

استنبول:ترکی کا مشہور شہر جس کا قدیمی نام قسطنطنیہ تھا۔

اِستنبہ:کا بُوس، بھیانک خواب جس سے انسان ڈرنے لگتا ہے کہ اسے کسی نے دبا لیا ہے۔

اِستنتاج:(ع) نتیجہ اخذ کرنا۔

استنجا:(ع) حاجت روائی کے بعد اپنے آپ کو پاک صاف کرنا۔

اِستنساب:(ع) نسب نامہ معلوم کرنا۔

اِستنساخ:(ع) نقل تیار کرنا۔

اِستنشاق:(ع) ہوا ناک سے اندر لے جانا، سونگھنا

اِستنصار:(ع) نصرت چاہنا، مدد چاہنا۔

استنطاق:(ع) عدالت میں سوال و جواب کرنا، باز پرسی، کسی کو بولنے پر آمادہ کرنا

استنقاذ:(ع) کسی کو کسی دوسرے سے رہائی دلانا۔

اِستنکاف:(ع) انکار، ازروے تکبر انکار کرنا۔

اِستواء:(ع) برابری، یکسانی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

خط استوا: وہ بڑا دائرہ جو مشرق سے مغرب کی طرف قطبین سے برابر فاصلے پر کھینچ کر کرہ ارض کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے

اُستوار: پکا، مضبوط، قابل اعتماد، وفادار،

استوار داشتن: مضبوطی سے پکڑنا۔

استوار نامہ: مامورین سیاسی کی سند، سرکاری سند۔

استواری: مضبوطی، استحکام، اعتماد، خلوص۔

اُستوان: استوار، محکم، پائیدار

اُستوانہ: اسطوانہ (۱) ستون جو بابل اور شام کے کھنڈرات میں دبے ہوئے ملے ہیں۔ اور ان پر پیکانی خط میں عبارتیں تحریر ہیں (۲) سنگ استوانہ جس سے قدیم آشوری مہر کا کام لیتے تھے۔ ستون۔

استُودان: زر تشتیوں کا گورستان۔

اُستُور: گھوڑا، خچر۔

اُستون: ستون۔

اُستُوہ: تھکا ماندہ، خستہ، افسردہ، واماندہ۔

اُستُوی: ریڑھ کی ہڈی کا ہر جوڑ۔

استہ: لڑائی جھگڑا، نزاع۔

استہ: ہستہ (۱) پھل کی گٹھلی (۲) ہڈی۔

اِستہجان: (ع) کسی کو برا سمجھنا، کسی کو اچھا نہ سمجھنا، عیب نکالنا۔

اِستہدا: (ع) ہدایت چاہنا، رہنمائی چاہنا۔

اِستہزا: (ع) مضحکہ اڑانا، تمسخر کرنا۔

اِستہلاک: (ع) کسی کی ہلاکت چاہنا۔

اِستہلال: (ع) دیکھنے کی جستجو کرنا، ماہِ نو کو دیکھنا، نئے چاند کو دیکھنا۔

اِستہوا: (ع) سرگردان ہونا، حیران ہونا۔

اِستہیدن: لڑنا۔

اِستیجاب: (ع) لازمی قرار دینا، قابل ہونا، مستحق ہونا

اِستیجار: (ع) کرائے پر لینا۔

استیجاری: جو کرائے پر لیا جاتا ہو۔

اِستیحاش: (ع) وحشت ہونا، ڈرنا۔

اِستیذان: (ع) اجازت چاہنا۔

اِستیزہ: ستیزہ، لڑائی۔

اِستیصال: (ع) جڑ سے اکھاڑنا، تباہ کرنا۔

اِستیضاح: (ع) وضاحت چاہنا۔

استیضاحاً: (ع) وضاحت کے ساتھ۔

اِستیعاب: (ع) محیط ہونا۔ حاوی ہونا۔

اِستیفا: (ع) وعدہ ایفا کرنا، حق کے مطابق پوری رقم حاصل ہونا۔

اِستیقاظ: (ع) بیدار ہونا، ہوشیار ہونا، بیداری۔

اِستیلا: (ع) غلبہ، تفوق، تسلط۔

استیلا یافتن: غلبہ پانا۔

اِستیم: آستین

اِستیناس: (ع) دوستانہ تعلق، بے تکلفی، اُنس پیدا ہونا۔

اِستیناف: (ع) عدالت میں اپیل کرنا۔

استیہیدن: لڑنا۔

اَسجاع: (ع) سجع کی جمع، مقفی الفاظ تقریر یا تحریر میں لانا۔

اسحار: (ع) سحر کی جمع، صبحیں۔

اسخیٰ: (ع) سخی کی تفضیل کل، بہت زیادہ سخی، فیاض، اسخیا جمع۔

اسَد: (ع) شیر۔

اسدُاللہ: حضرت علی(رض) کا لقب، مشہور شاعر اسد اللہ خان المتخلص بہ غالب۔

marfat.com

أسر: (ع) اسیری، قید۔

أسَراء: (ع) اسیر کی جمع، قیدی۔

اسَرار: (ع) سِر کی جمع، راز، بھید۔

اسراف: (ع) فضول خرچی۔

اِسرافِیل: (ع)ایک فرشتہ جو قیامت کے روز صور پھونکے گا

صور اسرافیل: صور جسے حضرت اسرافیل محشر کے دن پھونکیں گے۔

اسرائیل: (ع)حضرت یعقوب علیہ السلام کا لقب

بنی اسرائیل: حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد، پیرو، یہودی۔

أسرُب: سرب، سکہ، سیسہ۔

اسرَع: (ع) سریع کی تفضیل کل، بہت جلد، با اسرع اوقات، جہاں تک ممکن ہو جلد ۔

اِسرنِج: شنگرف جیسا۔

اسطار: (ع) سطر کی جمع۔

اسطبل: اصطبل، جہاں گھوڑے رکھے جاتے ہیں۔

اسطرلاب، استرلاب: ایک آلہ جس سے ہیت دان آفتاب اور ستاروں کے ارتفاع سالانہ کا حساب معلوم کرتے ہیں۔

اسطو خودوس: ایک خاص قسم کی خوشبودار گھاس

اسطور، اسطورہ: (ع) قدیمی کہانیاں۔

اسطول: جنگی جہاز۔

اسطیر: دیکھیے اساطیر۔

اسعاد: (ع) با مراد، اقبال مند، کامیاب۔

أسَعار: (ع) سعر کی جمع، قیمتیں، نرخ

اسعار خارجہ: غیر ملکی چیزوں کی قیمتیں۔

اسعاف: (ع) حاجت پوری کرنا، کارکشائی کرنا، مدد کرنا

اسعَد: (ع) سعید کی تفضیل کل، بہت نیک بخت

اسفر: خار پشت، وہ جانور جس کے جسم پر کانٹے ہوتے ہیں۔

اسَف: (ع) افسوس۔

اسَفا: (ع) کتنے افسوس کی بات ہے۔

اسف آور: افسوسناک۔

اسفار: (ع) سَفَر کی جمع، بڑی کتابیں، جلدیں، توراۃ کے اجزا۔

اسفراج: ایک ترکاری۔

اسفرزہ: ایک خاص قسم کی بوٹی جس کے دانے خاکستری رنگ کے ہوتے ہیں اور دواؤں میں استعمال ہوتے ہیں۔

اسفرُود: ایک چھوٹا سیاہ رنگ کا پرندہ جسے سنگ خوارہ بھی کہتے ہیں۔

اسفرود: غوطہ خور۔

اسفَل: (ع) گھٹیا، بہت گھٹیا، پست تر، (اسافل جمع)

اسفناج: (۱) پالک کا ساگ (۲) اسی قسم کی سبزی۔

اسفناک: افسوسناک۔

اسفنج: اسپنج۔

اسفندار: ایرانی شمسی سال کا بارھواں مہینہ۔ یہ مہینہ ۲۹ یا ۳۰ دن کا ہوتا ہے، ہر ماہ کا پانچواں دن۔

اسفندیار: ایران کے قدیمی بادشاہ گشتاسب کا بیٹا جو رستم کے ہاتھوں مارا گیا تھا۔

اسفید: سفید۔

اسفیداب: کاربونیٹ اور ہائڈریٹ کا بنا ہوا ایک سفید مرکب جسے خواتین بطور غازہ استعمال کرتی ہیں۔

اسفیداج: اسفیداب۔

اِسقا: (ع) (۱) پینے کےلیے پانی دینا (۲) حاملہ۔

اسقا کردن: پانی پینے کےلیے دینا، آبپاشی کرنا

اِسقاط: گر جانا۔

اسقاط حمل: حمل کا گر جانا۔

اَسقاط: (ع) سقط کی جمع، بیکار چیزیں۔

اسقام: (ع) سقم کی جمع، بیماریاں۔

اسقر بُوط: (۱) کمینہ، فرومایہ، خسیس، کریہہ منظر، (۲) ایک مرض ہے، جو فساد خون سے پیدا ہوتا ہے۔ اس کی علامت یہ ہے کہ مسوڑے سوج جاتے ہیں اور جسم پر سیاہ داغ پڑ جاتے ہیں اور ہاتھ پاؤں میں درد رہتا ہے۔

اُسقُف: (ع) بشپ، پادری، عیسائیوں کا پیشوا، خطیب۔

اسقنقور: چھوٹی قسم کی چھپکلی۔

اسقُومری: ایک قسم کی بحری مچھلی۔

اسک: ہرکارہ، ڈاکیا۔

اِسکات: (ع) ساکت کرنا، آرام کرنا، آرام ہونا،

اسکات کردن: خاموش کرنا۔

اِسکار: (ع) مست کرنا، کسی کو مست کر دینا، مستی پیدا کرنا۔

اِسکاف: (ع) کفش دوز، موچی۔

اِسکان: (ع) کسی کو جگہ دینا، گھر میں ٹھہرانا، آرام مہیا کرنا

اِسکرک: ہچکی۔

اِسکلت: انسان کی استخواں بندی، جسم کا ڈھانچہ۔

اِسکِلہ: ایتالیانی سے ماخوذ، گودی، گھاٹ، سمندر کے کنارے جہاز کے ٹھہرنے کی جگہ، جہاز سے اترنے کی جگہ، پلیٹ فارم۔

اِسکِناس: نوٹ (نقدی کا) کرنسی نوٹ۔

اسکناس تقلبی: جعلی نوٹ۔

اِسکنج: بو دار سانس۔

اسکنجہ: شکنجہ۔

اِسکندان: قفل اور چابی۔

اِسکندر: سکندر۔

اِسکِنک: چھینی سے لکڑی پتھر وغیرہ کا کاٹنا۔

اِسکنہ: (۱) پیوند کاری (۲) ورما جس سے بڑھئی لکڑی میں سوراخ کرتے ہیں۔

اسگُدار: قاصد، نامہ بر۔

اسَل: برچھی۔

اسلاب: (ع) سلب کی جمع، جو چیز لے لی گئی ہو، یا جبر سے لی گئی ہو

اسلاف: (ع) سلف کی جمع، آباؤ اجداد۔

اِسلام: (ع) مسلمانوں کا دین۔

اسلامی: دین اسلام سے متعلق۔

اسلامبول: استانبول، استنبول جس کا قدیمی نام قسطنطنیہ تھا۔

اسلامبولی: استنبول کا رہنے والا۔

اسلِحہ: (ع) سلاح کی جمع، ہتھیار، آلات جنگ۔

اسلحہ خانہ: جہاں آلات جنگ رکھے جاتے ہیں۔

اسلحہ دار: جس کی حفاظت میں اسلحہ ہو۔

اسلم: (ع) بہت محفوظ، سالم تر۔

اُسلُوب: (ع) انداز، طریقہ۔

اسلوب دار: خاص انداز رکھنے والا۔

اسلِیقون: شنگرف، سیندور۔ شنگرفی رنگ۔

اسلِیمی: ایک قسم کے نقش و نگار جو پیچیدہ عبارت میں بناتے ہیں۔

اِسم: (ع) نام، اسما جمع، اسامی۔

اسم گذاری: نام رکھنا۔

اسم بامُسَمّیٰ: وہ شخص جس میں اپنے نام کی تمام خوبیاں موجود ہوں۔

اَسما: (ع) اسم کی جمع، نام۔

اسما اللّٰہ: اللہ کے نام۔

اسمار: (ع) سمر کی جمع، رات کی گفتگوئیں، رات کی

marfat.com

تفریحات، حکائتیں، افسانے۔

اسماع: (ع) سننا۔

اسمعیل: (ع) حضرت ابراہیم(ع) کے فرزند۔

اسماک: (ع) سمک کی جمع، مچھلیاں۔

اسمَر: (ع) بھورا رنگ، گندمی رنگ، چمپئی رنگ۔

اسمران: گندمی رنگ کے دو۔

اسمَن: (ع) بہت موٹا۔

اسمنونی: پودے جن کے پھول ارغوانی، آسمانی اور بعض دوسرے رنگوں کے ہوتے ہیں۔

اِسمی: مشہور

اسمیہ: نام سے متعلق، نامور۔

اسناد: (ع) سند کی جمع، سرٹیفکیٹ، دستاویزات۔

اسناد: (ع)انتساب، نسبت دینا، بات کسی دوسرے سے منسوب کرنا

أسنان: (ع) سن کی جمع، دانت

اِسنان: (ع) سال بسال عمر کا بڑھنا

اسوار: سوار

اسواران: فوجی سواروں کا دستہ

اسواط: (ع) سُوط کی جمع، تازیانے

اسواق: (ع) سوق کی جمع، بازار

اسوَد: (ع) سیاہ

اِسوِداد: لوٹنا، واپس آنا

اِسہال: (ع) دستوں کی بیماری، پیٹ چلنا

اِسہال کردن: دستوں کی بیماری ہونا

اِسہالی: جسے اسہال کی بیماری ہو

أسہام: (ع) سہم کی جمع، حصّے

أسہل: (ع) سہل کی تفضیل کل، بہت زیادہ آسان

أساف: (ع) سیف کی جمع، تلواریں

أسِیر: (ع) قیدی

أسیرانہ: قیدی کی طرح

أسیری: قید و بند، گرفتاری

اَش: ضمیر متصل، اسکا

خانہ اش: اس کا گھر

اِشارت: (ع) اشارہ

صفت اشارہ: این قلم، آن کتاب: یہ قلم، وہ کتاب

اِشاعَت: (ع) شائع ہونا، طبع ہونا، چھپنا

أشاعِرَہ: (ع)ایک مذہبی فرقہ جو ابوالحسن علی بن اسمعیل اشعری کے پیرو تھے وہ لوگ فلسفہ جبر کے قائل ہیں، یعنی یہ کہ انسان مجبور محض ہے

اشام: شام، حاجت کے مطابق خوراک، قُوت لایمُوت

اشباب: شباب کی جمع، جوانیاں

اِشباع: (ع) (۱)پُری، سیری، (۲) نمی، رطوبت

أشبال: (ع) شبل کی جمع، شیر کے بچے

اشباہ: (ع) شبہ کی جمع، مثل، مانند

أشبل:أشبیل: تخم ماہی جو شکار کرنے کے بعد خوراک کے لیے مچھلی کے پیٹ سے نکالتے ہیں

أشبو: پتھر کا کوئلہ

أشبَہ: (ع) شبیہ تر

اشپش:أشپشہ: شپش، جُوں

اشپُوختن: اشپیختن، چھڑکنا، بکھیرنا

اشتاب: شتاب، جلدی

أشتاد: ایران کے شمسی سال کے ہر مہینے کا چھبیسواں دن

اشتالنگ: ٹخنہ، ٹخنہ اور پنڈلی کے بیچ کا حصہ

اِشتباک: سوراخ سوراخ ہونا، درہم ہو جانا

اِشتباہ: (ع) غلطی، غلط فہمی

اِشتباہاً: غلطی سے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اشتباہی: غلطی

اشتداد: (ع) شدت، سخت ہونا، مضبوط ہونا

اَشتر: شُتَر، اونٹ

اشتراء: (ع) خریدنا و بیچنا

اُشترابہ: کپڑا جو اونٹ کے بالوں سے بنایا جاتا ہے

اشتراط: (ع) شرط ہونا، شرط لگانا

اشتراک: (ع) شرکت کرنا، حصے دار ہونا، حصے داری

اشتراک کردن: مشترک کام کرنا

اشتراکِ مساعی: مشترک کوشش

وجہ اشتراک: حصے داری کی فیس

اشتراکاً: اشتراک کے ساتھ، بالاشتراک

اشتراکی: کمیونسٹ

اُشتَربان: شتربان

اُشتر دل: بزدل

اشتعال: (ع) لپٹ، شعلہ، بھڑک اٹھنا، اکسانا

اشتعال کردن: مشتعل کرنا

اشتغال: (ع) مشغول ہونا

اشتغال ورزیدن: مشغول ہونا

اشتقاق: (ع) استخراج، استنباط، اخذ

اشتقاقاً: (ع) استخراجاً

اشتک: قُنداق، بچے کو خوب اچھی طرح لپیٹ دینا

اشتکا: (ع) شاکی ہونا، شکایت کرنا

اشتکاک: (ع) شک

اَشتُلم: شدت، تندی، طاقت، دباؤ، ظلم

اشتمال: (ع) شامل ہونا، مشتمل ہونا

اُشتُود: زرتشتوں کے جشن کا ایک دن

اشتہاء: (ع) بھوک، خواہش، تمنا

اشتہار: (ع) شہرت، ناموری، اعلان

اشتہار یافتن: ناموری حاصل ہونا

اشتہار نامہ: اعلان، اطلاع عام

اشتیاق: (ع) شوق، دلی تمنا، خواہش

اشجار: (ع) شجر کی جمع، درخت

اشجَع: (ع) شجاع، بہت زیادہ دلیر

اشخار: نوشادر

اشخاص: شخص کی جمع، لوگ

اَشد: (ع) شدید کی تفضیل کل، نہایت شدید

اَشَر: (ع) شریر کی تفضیل کل، نہایت شریر

اشرار: (ع) شریر کی جمع، بُرے لوگ، بد اخلاق لوگ

اشراف: شریف کی جمع، شریف النسب لوگ، امرا

حکومت اشراف: حکومت خاصہ، طبقہ امرا کی حکومت

اشراف: (ع) بلند ہونا

اشرافی: حکومت خاصہ، طبقہ امرا کی حکومت

اشرافیت: حکومت خاصہ، حکومت اشرافیہ

اشراق: (ع) چمکدار، چمکنا، آفتاب طلوع ہونا، درخشانی، تنویر

اشراقی: وہ مرتاض گروہ حکما جو بذریعہ تصفیہ قلب و کشف اپنے شاگردوں کو روحانی فروغ کی تعلیم دیا کرتے تھے، اس عمل کو اشراقی عمل کہتے ہیں، اشراقیون جمع

اشراقیون: افلاطون کے پیرو جو طریق الہام پر یقین رکھتے ہیں

اشراک: (ع) شرک کرنا

اشراک: (ع) شریک کی جمع، شرکا

اشربہ: (ع) شراب کی جمع، پینے کی چیزیں، مشروبات

اشرف: (ع) بہت شریف، بلند تر

اشرفُ المخلوقات: مخلوقات میں سے سب سے بلند ترین صاحب عزت و مرتبہ

اشرفی: سونے کا سکہ جو کسی زمانے میں ہند میں رائج تھا

marfat.com

اشعار: شعر کی جمع

اِشعار: (ع) آگاہ کرنا، خبر دینا، مطلع کرنا

اِشعاع: (ع) درخشانی، تابانی، ضوریزی

اِشعال: (ع) آگ جلانا

اشعَب: (ع) سینگوں والا جانور جس کے شانے فراخ ہوں، ایک مشہور طمع کار بخیل عرب کا نام

اشعَث: (ع) جس کے بال بُری طرح بکھرے ہوئے ہوں

اشعَر: (ع) دانا تر، زیادہ واقف کار

اشعَہ: (ع) شعاعیں

اشغال: شغل کی جمع، کام، مصروفتیں

اِشغال: مشغول ہونا

اَشغَر: خارپشت، جس کی پیٹھ پر کانٹے ہوتے ہیں

اِشفاق: (ع) شفقت کرنا، مہربانی کرنا

اشفاق انگیز: ہمدرد، شفیق

اشفِیہ: شفا کی جمع

اَشَق: (ع) گوند کی ایک قسم جو دوا کے کام آتی ہے

اشقِیا: (ع) بد بخت لوگ (جمع شقی)

اشک: آنسو

اشکبار: آنسو برساتی آنکھ

اشکار: شکار

اشکال: (ع) شکل کی جمع، طریقے

اِشکال: (ع) مشکلات

اِشکال تراشیدن: مشکلات پیدا کرنا

اَشکل: الجھن، فریب، شک و گمان

اِشکلک: تشدد کرنا کہ مجرم اپنے جرم کو تسلیم کرلے

اِشکم: شکم، پیٹ

اِشکنجہ: شکنجہ، تکلیف، عذاب، رنج و آزار

اِشکنہ: پیاز اور انڈوں سے تیار کی ہوئی غذا

اشکُو۔۔۔اَشکوب: عمارت کا بالائی حصہ، مکان کی منزل

اِشکوبہ: عمارت کی ہر منزل

اِشکُوخیدن: پھسلنا، ٹھوکر کھانا

اِشکیل: اشکل، ملاوٹ

اِشکیل کردن: ملاوٹ کرنا

اشَل: (ع) شل، بے حس جو ہاتھ سے کام نہ کر سکے

اشَمّ: (ع) (۱) خود پسند، خودبین، (۲) جس کی ناک اونچی اور کشیدہ ہو

اِشمِئزاز: (ع) کسی چیز کو مکروہ سمجھنا، طبیعت نہ چاہنا، بیزاری، نفرت

اَشنا: گراں بہا جواہر

اشناب: (آشنا-آب) شناور، تیراک

اَشناع: (ع) اَشنع، شنیع تر، بہت بُرا

اَشنک: سپیدار کی قسم کا درخت

اَشنُودن: شنیدَن، سننا

اَشنُوشہ: چھینکنا

اَشو: پاک طینت شخص

اَشواق: شوق کی جمع

اشہاد: (ع) شہادت دینا، گواہی دینا

اَشہَب: (ع) خاکستری رنگ کا گھوڑا

اَشہَد: (ع) شہادت دینے کےلیے کہنا

اَشہر: شہیر کی تفضیل کل، بہت زیادہ مشہور، نامور

اَشیا: (ع) شے کی جمع، چیزیں

اَشیاخ: (ع) شیخ کی جمع

اَشیاع: (ع) شیعہ کی جمع، پیروان، دوستان

اِصابَت: (ع) صحیح جاننا، دُرست ہونا، تیر کا نشانے پر لگنا

اصابتِ رای: درست رای، صائب رائے

گلولہ بہدف اصابت کرد: گولہ نشانے پر لگا

اصابِع: (ع) اصبع کی جمع، انگلیاں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اصاغر:(ع) اصغر کی جمع، بہت چھوٹے، کوچک ترین

اصالت:(ع) کھرا پن، اصلی ہونا

اصباح:(ع) صبح کی جمع، صبح طلوع ہونا

اصبَع:انگلی، اصابع جمع

اصَح:(ع) صحیح تر

اصحا:(ع) صحیح کی جمع

اصحاب:(ع) صاحب کی جمع

اصحابِ پیغمبر:پیغمبر (ع) کے ساتھی

اصحاب علم:علما

اصحابِ کہف:سات مسیحی جنھوں نے دقیانوس کے عہد میں بت پرستوں کے خوف سے غار میں پناہ لی اور سو گئے وہاں وہ تین سو سال بعد بیدار ہوئے

اِصحاح:(ع) تصحیح، صحیح کرنا

اصدار:(ع) صادر کرنا، بھیجنا

اصداف:(ع) صدف کی جمع، نیز دریا کی موجیں

اَصدقا:(ع) صدیق کی جمع، سچے دوست

اِصرار:(ع) تاکید کرنا

اِصطبار:(ع) صبر کرنا، تحمل کرنا

اصطبل:(ع) طویلہ، جہاں گھوڑے باندھے جاتے ہیں

اِصطخر:استخر، ندی، تالاب

اُصطرلاب:دیکھیے استرلاب

اِصطفا:(ع) انتخاب کرنا، چن لینا

اِصطِکاک:(ع) تکرانا، تصادم ہونا

اِصطِلاح:(ع) عام معنی سے ہٹ کر اسکے خاص معنی مخصوص کرنا

اصطلاحاً:اصطلاح کے طور سے

اِصطِناع:(ع) نیکی کرنا خود کسی کےلیے کام کرنا، اپنے لیے کسی چیز کا انتخاب کرنا

اِصعاد:(ع) اوپر چڑھنا، بلندی کی طرف چڑھنا

اصعَب:(ع) دشوار تر

اِصغا:(ع) سننا

برای اصغای فرمائش ایشان:ان کی فرمائش سننے کےلیے

اصغَر:(ع) صغیر کی تفضیل کل، بہت ہی چھوٹا

اصفار:(ع) صفر کی جمع

اَصفر:(ع) زرد رنگ

بحیرہ اصفر:بحیرہ زرد

اَصفیاء:(ع) صفی کی جمع، پاک لوگ، برگزیدہ لوگ

اَصل:(ع) جز، حقیقت، بنیاد، اصول جمع

اَصلاً:(ع) فی الحقیقت

اَصلاب:(ع) صَلب کی جمع، (۱)آباؤ اجداد (۲) صُلب کی جمع، کمر کی ہڈیاں

اِصلاح:(ع) درستی

اِصلاح پذیر:قابل درستی

اِصلاح صورت:حجامت، ڈاڑھی مونڈنا

اَصلان:درندہ شیر

اَصلح:(ع) صالح کی تفضیل کل، نہایت نیک، پاکباز لوگ

اصلع:(ع) جس کے سر کے بال گر چکے ہوں

اصلی:خالص

اصلیِت:حقیقت، درستی، کھرا پن

اَصَم:(ع) بہرا، جو سن نہ سکے، نیز بمعنی سخت، محکم

اَصناف:(ع) صنف کی جمع، قِسمیں

اَصنام:(ع)صنم کی جمع

اصوات:صوت کی جمع، آوازیں، صدائیں

اَصوَب:(ع) درست تر، صحیح تر

اُصول:(ع) اصل کی جمع، قواعد، قوانین

اُصولاً:(ع) اصولی طور سے

marfat.com

اصیل:(ع) اصل دار، پاک نژاد، اچھے حسب نسب والا
اضاحیک:(ع) اضحُوکہ کی جمع، مذاق، ٹھٹھہ، خندہ آور باتیں
اِضاعہ:(ع) ضائع کرنا
اِضافت:(ع) اضافہ، زیادہ
اِضافہ:(ع) زیادتی، علاوہ، بڑھانا
اِضافی:جس پر اضافہ کیا ہو
اَضحی:قربانی
عیداَضحی:عید قربان
یوم الاضحی:قربانی کا دن
اُضحوکہ:(ع) ہنسی مذاق، ٹھٹھہ، خندہ آور باتیں
اَضداد:(ع) ضد کی جمع، مخالف چیزیں، الفاظ جن کے معنی مختلف ہوں
اِضرار:(ع) ضرر کی جمع، نقصان، آزار، تکلیف
اَضرار:کسی کو نقصان پہنچنا، باعث تکلیف ہونا
اَضراس:(ع) ضرس کی جمع، دانت
اِضطِراب:(ع) بے چینی، بے تابی، پریشانی
اضطراب خاطر:دلی پریشانی
اِضطِرار:(ع) مجبوری، پریشانی، بیچارگی، درماندگی
اِضطِرام:(ع) بھڑکنا، شعلہ کا بھڑکنا
اِضعاف:(ع) (۱) دوگنا ہونا، (۲)ضعیفی
اَضعاف:(ع) برابر کے
اَضعَف:(ع) نہایت کمزور
اَضلّ:(ع) گمراہ تر
اَضلاع:(ع) ضلع کی جمع، اطراف، پہلو بصورت جمع
کثیر الاضلاع:جیومٹری کی ایسی شکل جس کی کئی اطراف ہوں
اِضلال:(ع) گمراہ کرنا، غلطی کرا دینا، راہ سے بے راہ کر دینا

اضمار:(ع) چھپانا، دل میں پنہاں رکھنا
اِضمِحلال:(ع) کمزور ہو جانا، نیست و نابود ہو جانا
اَضیاف:(ع) ضیف کی جمع، مہمان
اَضیَق:(ع) تنگ تر
اِطاعت:(ع) فرمان برداری، بندگی، فرمان پذیری
اُطاق:کمرہ
اطاق بازرگانی:ایوان تجارت
اُطاق پذیرای:کمرہ جس میں مہمانوں کا استقبال کیا جائے، ڈرائنگ روم
اِطالت:اطالہ (ع) طول دینا، طویل کرنا
اِطالہ لسان:زبان درازی
اِطالہ کلام:سخن درازی، پُر حرفی، لمبی باتیں کرنا
اَطِبّا:(ع) طبیب کی جمع
اَطباع:(ع) طبع یا طبیعت کی جمع، طبیعتیں
اَطباق:(ع) طبق کی جمع
اِطراء:(ع) کس کی تعریف میں مبالغہ کرنا
اِطراب:(ع) نغمہ سرائی کر کے کسی کو خوشی بہم پہنچانا
اِطراح:(ع) کسی کو رد کرنا، چلتا کر دینا
اَطراف:(ع) طرف کی جمع
ازہمہ اطراف:سب طرف سے
اُطرُوش:(ع) اطرش، بہرا
اُطریش:آسٹریا
اِطریفل:شہد یا شربت میں محلول کیا ہوا سفوف
اِطعام:(ع) کھانا کھلانا، خوراک دینا
اَطعِمَۃ:(ع) طعام کی جمع، خوراک میں شامل چیزیں
اِطفا:(ع) آگ بجھانا
اَطفال:(ع) طفل کی جمع، لڑکے
اِطفای:آگ بجھانے کی خدمت بجالانا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اطفائیہ: آگ بجھانا
ادارہ اطفائیہ: آگ بجھانے کا انتظام کرنے والا محکمہ
اطلاع: (ع) آگاہی، خبر
اطلاع دادن: آگاہ کرنا
اطلاعاً: اطلاع کے طور پر
اطلاعات: اطلاع کی جمع
اطلاق: (ع) شامل کرنا، عام استعمال ہونا، کسی لفظ کی عام قبولیت ہونا
اطلاق عنان کردن: باگ ڈھیلی کرنا
اطلاق کردن: کلیۃ یا عام طور سے استعمال کرنا
علی الاطلاق: کلی طور پر
اطلال: (ع) گھروں، آبادیوں کے آثار
اطلس: ریشمی پارچہ
اطلسی: ریشم کا بنا ہونا
اطماع: (ع) لالچ پر اکسانا
اَطماع: (ع) طمع کي جمع
اطمینان: (ع) اعتماد، بھروسا، تسلی، سکون
من باو اطمینان دارم: مجھے اس پر بھروسا ہے
اطمینانِ خاطر: دلی سکون
اطناب: (ع) طول دینا، طول کلام، طوالت پسندی، پرگوئی
اطو: اتو، استری
اطوکشیدن: استری کرنا
اطوار: (ع) جمع طور، طریقے
اطواق: (ع) طوق، گردن کا بند، گلے کا زیور
اطوَل: درازتر
اَطہار: (ع) طاہر کی جمع
اطہَر: (ع) بہت پاکیزہ
اطیَب: (ع) پاکیزہ تر

اظافیر: (ع) ناخن
اظفار: (ع) ظُفر کی جمع، ناخن
اظفَر: (ع) لمبے ناخنوں والا
اظلال: (ع) جمع ظلّ، سائے
اِظلال: (ع) سایہ ڈالنا
اِظلام: (ع) تاریکی چھانا، اندھیرا ہو جانا
اَظلم: (ع) بہت زیادہ ظالم
اِظہار: (ع) بیان، ظاہر
اظہاراتش ناصحیح است: اس کے بیانات درست نہیں
اظہار کردن: اظہار داشتن، بیان کرنا
اظہارات: بیانات
اظہار نامہ: قانونی طریقے کا بیان
اظہر: (ع) بہت زیادہ ظاہر، نمایاں تر
اظہرمن الشّمس: آفتاب سے زیادہ روشن، بہت واضح
اعاجم: (ع) اعجم کیجمع، دیکھیے اعجم جو عرب نہ ہوں، غیر عرب لوگ، عجمی
اعاجیب: (ع) اعجوبہ کی جمع، تعجب خیز
اِعادہ: واپس دینا یا لینا، دہرانا، اصل بات کی طرف رجوع کرنا
اعادی: (ع) عدو کی جمع، اعدا، دشمن
اِعارت: (ع) عاریتاً کوئی چیز دینا
اِعاشہ: (ع) روزی کے اسباب مہیا کرنا
اَعاظِم: (ع) اعظم کی جمع، بزرگان
از اعاظم رِجال مملکت است: وہ ملک کے بہت بڑے لوگوں میں ہے
اعالی: (ع) عالی کی جمع، بالاتر
اِعانت: (ع) اعانہ، مدد
اِعتاق: (ع) غلامی سے رہائی، آزادی

marfat.com

ا ع ت

اِعتبار: (ع) قابل یقین ہونا

اعتبار نامہ: تصدیق نامہ، وثیقہ

قیمت اعتباری: معمول کے مطابق قیمت

اِعتدا: (ع) انحراف، خلاف ورزی، نا انصافی، ستم کرنا، بیداد کرنا

اِعتداد: (ع) مطلقہ عورت کے ایام عدت (۲) شمار میں آنا توجہ کرنا

اِعتدال: (ع) میانہ روی، وسطی حد، یکسانی

اعتدال شب روز: وہ وقت جب دن رات کا وقت ایک جتنا ہوتا ہے، اور ہوا معتدل ہو جاتی ہے

اعتدال کار: کام میں میانہ روی اختیار کرنا

اِعتذار: (ع) معذرت، معافی، معذرت چاہنا

اِعتراض: (ع) نکتہ چینی، نکتہ گیری، عیب نکالنا، شبہ کرنا

اِعتراف: (ع) تسلیم کرنا

اِعتزاز: (ع) عزت، وقار

اِعتزال: (ع) ترک، اعراض، دست برداری، گوشہ گیری، گوشہ نشین ہونا

اِعتساف: (ع) (۱) ظلم کرنا (۲) سیدھے راستے سے بھٹکنا

اِعتصاب: عدم تعاون، ہڑتال، سٹرائیک، خاص مقصد کے لیے احتجاجاً کام چھوڑ دینا

اِعتضاد: مدد، کسی کی دستگیری کرنا

اِعتقاد: (ع) عقیدہ، یقین، دل میں پختگی کے ساتھ کسی بات پر قائم رہنا

ہمہ با او اعتقاد آوردند: سب کو اس پر یقین ہو گیا

اِعتکاف: (ع) عبادت کی غرض سے گوشہ نشین ہونا

اِعتلا: (ع) بلندی، رفعت، دوسروں پر برتری پانا

اِعتلال: (ع) علیل ہونا، بیمار ہونا

اِعتماد: (ع) یقین، بھروسا

اِعتنا: (ع) توجہ

اِعتناق: (ع) ایک دوسرے کی گردن پر ہاتھ ڈالنا

اِعتیاد: (ع) عادت ہو جانا

اِعتیاض: (ع) کسی چیز کا عوض چاہنا، عوض دینا یا عوض لینا

اِعجاب: (ع) (۱) حیران کر دینا (۲) خود بینی، خود پسندی

اِعجاز: (ع) معجزہ، کسی کو عاجز کر دینا، ایسا کام انجام دینا کہ دوسرے اس کام کو انجام دینے میں عاجز ہوں

اعجاز کردن: معجزہ کر دکھانا

اَعجام: (ع) دیکھیے اعجم

اعجَب: (ع) عجیب تر

اعجز: (ع) عاجز تر

اعجَم: (ع) جو ٹھیک طور سے عربی لکھ بول نہ سکے

اَعجمی: (ع) غیر عرب، جو عربی کے محاورے نہ جانتا ہو

اَعجُوبہ: عجیب

اَعداء: (ع) عدو کی جمع، دشمن

اعداد: (ع) عدد کی جمع

اِعداد: (ع) آمادہ کرنا، مہیا کرنا

اَعدال: (ع) عدل کی جمع، انصاف

اِعدام: (ع) ہلاک کرنا، دارپر لٹکانا

اَعدَل: (ع) بہت زیادہ عادل، منصف مزاج

اَعدی: (ع) انتہائی دشمن

اَعذاب: (ع) عذاب دینا، ایذا رسانی

اِعذار: (ع) معذرت کرنا

اَعراب: (ع) عرب کے رہنے والے بادیہ نشین

اِعراب: (ع) عربوں کا سا تلفظ اور انداز بیان اختیار کرنا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اِعراج:(ع) لنگڑا کر دینا

اَعراش:(ع) عرش کی جمع

اِعراض:(ع) منہ پھیر لینا، بیزاری، مخالفت

اَعراض:(ع) (۱) عرض کی جمع، (۲) حادثات

اِعراف:(ع) جنت اور دوزخ کے بیچ کا مقام

اعرَج:(ع) لنگڑا پن

اَعرَف:(ع) مشہور تر، معروف تر

اعزّ:(ع) عزیز تر

اعزّا:(ع) عزیز کی جمع

اِعزاز:(ع) عزت، وقار

اعزاز کردن:عزت دینا

اِعزام:(ع) روانہ کرنا

اِعزام کردن:روانہ کرنا، بھیجنا

اَعزہ:عزیز کی جمع، عزیز و اقارب

اعزَل:(ع) بادل جس سے بارش نہ ہو

اِعسار:(ع) عُسرت، تنگدستی، پریشانی میں مبتلا ہونا

اَعشا:(ع) جسے رات کو نظر نہ آئے، شب کور۔

اِعشار:(ع) دسواں حصہ، عشر کی جمع

اَعصاب:(ع) عصب کی جمع، پنھے، نسیں

اعصار:(ع) عصر کی جمع، زمانے

اعضا:(ع) عضو کی جمع، جسم کے حصے، ارکان

اعضای انجمن:انجمن کے ارکان

اِعطا:(ع) عطا کرنا، بخش دینا

اِعظام:(ع) عزت دینا، عظمت دینا

اعظم:(ع) بزرگتر

اَعقاب:(ع) اولاد، آنے والی نسل کے افراد

اَعقل:(ع) بہت عاقل، دانشمند، فرزانہ

اَعلا:(ع) اعلی

اعلا:(ع) بلند کرنا، مرتبہ بڑھانا، قدرو منزلت بڑھانا

اِعلال:(ع)بیمار کر دینا، علیل کر دینا، کسی بیماری میں مبتلا ہونا

اَعلام:(ع) علَم کی جمع، جھنڈے، پرچم

اِعلامیہ:(ع) منشور، اعلان، محضر

اِعلان:(ع) اظہار، ظاہر کرنا، مشتہر کرنا، اطلاع دینا،

اَعلم:(ع) عالم کی تفضیل کل، بہت ہی بڑا عالم

اعلی:(ع) بہت بلند مرتبے کا

اِعما:(ع) نابینا کر دینا، بصارت سے محروم کر دینا

اَعمار:(ع) عمر کی جمع، ایام زندگی، زندگی کے سال

اَعماق:(ع) عُمق کی جمع، گہرائیاں

اَعمال:(ع) عمل کی جمع، کام

اِعمال:(ع) عمل کرنا

اَعمام:(ع) عَم کی جمع، چچے

بنی اعمام:بھتیجے

اَعمَش:جس کی بینائی بہت کمزور ہو گئی ہو

اعمی:(ع) نابینا

اِعناب:(ع) جمع عَنب، انگور

اِعنات:(ع) اپنے آپ کو کسی دشوار کام میں ڈالنا

اَعناق:(ع) عنق کی جمع، گردنیں

اَعنق:(ع) گردن دراز

اعنی:(ع) یعنی

اعوام:(ع) عام کی جمع

اعوان:(ع) عون کی جمع، یاران، مددگاران

اعوَج:(ع) (۱) فریب آمیز، چالباز (۲) ٹیڑھا

اُعوجاج:(ع) فریب، چالبازی، ٹیڑھاپن

marfat.com

اَعُوذ:(ع) میں پناہ مانگتا ہوں

اَعُوذ باللہ: میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں

اَعوَر:(ع) جس کی ایک آنکھ ہو

اِعیا:(ع) خستہ کرنا، تھکا دینا

اَعیاد:(ع) (عید کی جمع) خوشی کے دن، جشن

اَعیان:عین کی جمع، مردان بزرگ و شریف

اعیان دولت:امرائے سلطنت

اعیانی:عمارتیں

اَعیَن:(ع) فراخ چشم

اُغ:(ع) (۱)غرغُر کی آواز

اغاثت:(ع) کسی کی مدد کرنا، فریاد رَسی

اغانی:(ع) اُغنیہ کی جمع، سرود و نغمہ، شعری زمزمے

اَغبر:(ع) خاکی رنگ، گرد آلود

اِغتباط:خوشحال ہونا،

اِغتذا:غذا کھانا

اِغتراب:(ع) اپنے وطن سے دور ہو جانا، اجنبی ہو جانا

اِغترار:(ع) مغرور ہونا، غفلت میں پڑنا

اِغتراف:(ع) دونوں ہاتھوں سے پانی لے کر پینا

اِغتسال:(ع) غسل کرنا، منہ ہاتھ دھونا

اِغتشاش:(ع) لڑائی جھگڑا، بغاوت، سرکشی، شور و غوغا

اِغتصاب:(ع) غصب کر لینا، جبر سے کوئی چیز لے لینا

اِغتمام:(ع) مغموم ہونا، افسردگی، حزن و ملال

اِغتنام:غنیمت سمجھنا

اِغتنام فرصت:فرصت کو غنیمت سمجھنا

اِغتیاب:(ع) کسی کی غیبت کرنا

اِغتیال:(ع) ہلاک کرنا

اِغذا:غذا دینا

اَغذِیہ:(ع) (غذا کی جمع) خوراک

اَغَرّ:(ع) خوبصورت، زیبا، نیکو کار، بزرگ شریف

اُغُر:(ع) اُوغور، یمن، سعادت، برکت، خیر، نیک شگون، عزم سفر

اِغراء:(ع) برانگیختہ کرنا، اکسانا

اغراض:غرض کی جمع، دلی خواہشات

اِغراق:انتہائے مبالغہ، غلو

اِغراق آمیز:مبالغہ آمیز

اغراق کردن:اغراق گفتن، انتہائے مبالغہ کرنا

اِغراق گوئی:مبالغہ

اِغرام:(ع) شیفتہ ہونا

اَغرب:(ع) غریب تر

اغرَہ:(ع) ورم جو گردن میں ہو جاتا ہے

اَغرَہ:فریفتہ، مغرور، جوان بے تجربہ

اِغشا:(ع) ڈھانپنا، غلاف ڈالنا

اَغشِیہ:(ع) غشا کی جمع، جھلی، پردہ، وہ جھلی جو بعض بیماریوں میں پیدا ہوتی ہے

اَغصان:(ع) غصن کی جمع، درخت کی شاخیں

اِغضاب:(ع) ستانا، اشتعال دلانا، برانگیختہ کرنا

اغفال:کسی کی غفلت سے فائدہ اٹھانا، فریب دینا، غفلت کرنا

اغفال کردن:کسی کو غفلت میں فریب دینا

اِغلا:مہنگا خریدنا

اَغلاط:(ع) غلطی کی جمع

اِغلاط:(ع) غلط روی

اِغلاف:(ع) غلاف میں لپیٹنا، جس پر غلاف چڑھا ہوا ہو

اِغلاق:کسی کام میں مشکل پیدا کرنا، کلمات یا عبارات

کو مشکل بنانا

اغلب:(ع) غالب کی تفضیل کل، زیادہ تر

اغلب اوقات:اکثر اوقات

اغلوطہ:(ع) غلط گوئی جو کسی کو شکست دینے کے لیے کی جائے

اغلیسون:قوس قزح

اِغما :(ع) بیہوش کرنا یا بیہوش ہونا

اِغماز:(ع) بدنام کرنا، بے قدر کرنا

اغماض:(ع) چشم پوشی

اِغمام:(ع) مغموم ہونا

اَغَن:جس کی آواز ناک سے آئے

اَغنا:(ع) بے نیاز کرنا، مالدار بنانا

اغنام:(ع) غنم کی جمع، بھیڑیں

اَغنی:(ع) زیادہ غنی، زیادہ بے نیاز، زیادہ مالدار

اَغنیا:(ع) غنی کی جمع، غنی لوگ، بے نیاز لوگ

اُغنیہ:(ع) سریلی آوازیں، زمزمہ، گیت

اِغوا:(ع) بہکاوا، جھانسا، ترغیب

اَغوال:غول کی جمع، خیالی جن بھوت

اَغور:(ع) پیش گوئی

اغیار:(ع) غیر کی جمع، دوسرے لوگ، بیگانے

اُف:دلتنگی، افسردگی کا اظہار، نفرت کا کلمہ

اَفادت، اِفادہ:(ع) فائدہ پہنچانا نیز خود نمائی و خود بینی

اِفادہ کردن:فائدہ پہنچانا، خود نمائی کرنا، مال و دولت میں خود نمائی کرنا

اِفاضت۔۔اِفاضہ:فیض پہنچانا، برتن کو لبالب بھرنا

اِفاضہ کردن:فیض دینا، نصیحت دینا، نیز کناروں تک بھرنا

اَفاضِل:(ع) افضل کی جمع، فاضل لوگ

افاعی:(ع) افعی کی جمع، سانپ

افاغِنہ:افغان کی جمع

اِفاقہ:(ع) بہتری ہونا، بہبودی پانا، رو بصحت ہونا

افانِین:(ع) فن کی جمع

اُفت:کمی، نقصان، کم و کاست، گرنا

اِفتا:(ع) فتوی دینا

اُفتادگان:بے بس، بے سہارا لوگ، گرے پڑے لوگ، عاجز مسکین، مثال

سر برآوردی بدولت پائمردی کن بلطف
دسترس دادت خدا افتادگان را دستگیر

خدا وند تعالے نے تمھیں جاہ و منزلت سے سرفرازی عطا کی ہے تو اپنے لطف و کرم سے پائمردی کرو خدا نے تمھیں دسترس بخشی ہے تو عاجزوں اور مسکینوں کی مدد کرو

اُفتادگی:فروتنی، عاجزی، درماندگی

اُفتادن:گرنا

ازکار افتادن:بہت کمزور ہو جانا

درپوستین خلق افتادن:کسی کی پیٹھ پیچھے برا کہنا

اُفتادہ:گرا ہوا، نظر انداز کیا گیا، بے بس، عاجز، ستم زدہ

اُفتان:گرتے ہوئے

افتان و خیزان:گرتے اٹھتے ہوئے، بے بسی کی حالت میں

افتانیدَن:گرنے دینا، پرا گندہ کرنا

اِفتِتاح:(ع) شروع کرنا، کسی کام کے آغاز کی تقریب

رسم یا مراسم افتتاح:کسی کام کا افتتاح دھوم دھام سے کرنا

marfat.com

اِفتتاحی:(ع) شروع کی تقریب

اِفتخار:(ع) شرف، وقار، عزت، اعزاز، فخر

افتخار کردن:فخر کرنا، ناز کرنا

اِفتخاراً:(ع) فخر کے طور پر

اِفتخاری:اعزازی

مدیر افتخاری:مدیر اعزازی

اَفتد:عجیب، تعجب

اِفترا:(ع) کسی پر الزام لگانا، بدگوئی، اِتّہام، الزام

اِفترا آمیز:تہمت آمیز

اِفتراس:(ع) شکار کرکے اس کے ٹکڑے کرنا، پھاڑنا۔

اِفتراش:پھیلانا، بچھانا۔

اِفتراض:(ع) فرض کرنا، واجب سمجھنا۔

اِفتراق:(ع) جدا ہونا، فرق کرنا۔

اِفتضاح:(ع)فضیحت، بدنامی، بے عزتی، ندامت، رسوائی، تذلیل۔

اِفتضاح در آوردن:بدنام ہونا۔

اِفتعال:(ع) کسی پر بہتان لگانا۔

اِفتِقاد:(ع) گم کرنا، ہاتھ سے جاتے رہنا۔

اِفتِکار:(ع) (فکرسے) سوچنا، فکر کرنا۔

اِفتِکاک:(ع) جدائی۔

اَفتِمون - اَفتیمون:(۱) رعشے وغیرہ سے کانپنا (۲) پودا جس سے طب قدیم میں عصبی و دماغی امراض کےلیے دوا بنائی جاتی تھی۔

اَفچَه:ڈراؤنی شکل جو کھیتوں میں جانوروں کو ڈرانے کے لیے نصب کی جاتی ہے۔

اِفحاش:بے عزت کرنا۔

اِفحام:(ع) چُپ کرا دینا۔

اَفخَر:(ع) فاخر کی تفضیل کل، بہت ہی زیادہ فخر کرنے والا۔

اَفخَم:(ع) بہت زیادہ بلند پایہ، گرانمایہ تر۔

اَفِد:عجیب۔

افدَر:چچا نیز بھائی یا بہن کا بیٹا، بھتیجا یا بھانجا۔

اَفدستا:بہت تعریف و توصیف۔

افدُم:انجام، عاقبت۔

افدیدن:تعریف و توصیف کرنا، کسی چیز کو دیکھ کر تعجب کرنا۔

افراخ:(ع) (۱) مرغی کا انڈے سینا، انڈوں پر بیٹھنا (۲)کندہ کرنا، کسی سطح پر خط کھینچنا۔

اَفراختَن:بلند کرنا، اوپر لے جانا، مرتبہ بڑھانا۔

اَفراختِه:بلند کیا ہوا، ترقی پایا ہوا۔

اَفراد:(ع) فرد کی جمع۔

اِفراد:(ع) تنہا ہونا، کسی کام کو تنہا کرنا۔

اِفراز:(ع) جدا ہونا، کسی کام کو تنہا کرنا، الگ الگ ہونا، کسی چیز کو کسی چیز سے جدا کرنا۔

اَفراز، افراختن= ترقی کرنا سے فعل امر، ترقی کرو۔

بیا فراز:بالاتر مرتبہ حاصل کرو۔

افراز رُخ:بڑے رخساروں والا۔

افرازیدن:افراختن۔

افراس:(۱) قنات، کاریز، زیر زمین نالہ۔

افراس:(ع) فرس کی جمع، گھوڑے۔

اَفراش:کمرے میں دری یا قالین بچھانا۔

اَفراشتَن:بڑھنا، ترقی کرنا، سرفرازی حاصل کرنا۔

اَفراشتِه:ترقی حاصل کیے ہوئے، بلندی پر پہنچا ہوا، جس

نے بلند مرتبہ حاصل کیا ہو۔

اِفراض:(ع) واجب سمجھنا، کسی کو باقاعدگی سے ضرورت کی چیزیں مہیا کرنا۔

اِفراط:(ع) زیادتی، کثرت۔

اِفراطِ زر:ملک میں روپے پیسے کا معمول سے زیادہ ہونا۔

اِفراطِ اکل و شُرب:کھانے پینے میں زیادتی۔

اِفراطِ کار:انتہا پسند عادات والا،حدود معقولیت سے تجاوز کرنے والا۔

اِفراط و تفریط:زندگی کی روش میں دو انتہائیں، زیادتی اور کمی

اَفرَنج:افرنگ سے معرب۔

اَفرند:خوبصورتی، آب و تاب، چمک دمک، فروشکوہ۔

اَفرندیدَن:آرائش کرنا، سجانا، زینت دینا۔

افرنگ:یورپ۔

اَفروختگی:چمک دمک، تابندگی، درخشندگی۔

اَفرُوختَن:روشن کرنا، درخشاں کرنا۔

برافروختن:غصے میں آنا۔

اَفرُوختہ:(۱)روشن، جس میں چمک پیدا ہوئی ہو، (۲)غصے میں آیا ہوا، خشمگیں۔

برافروختہ:غصے آیا ہوا۔

اَفرُوز:افروختن سے فعل امر، بیفروز، روشن کرو۔

اَفرُوزانیدن:افروختن، روشن کرنا۔

اَفروزندِہ:روشن کرنے والا، چمک پیدا کرنے والا۔

اَفرُوزہ:چراغ کا فتیلہ۔

اَفرُوزِیدَن:افروختن، روشن کرنا۔

افروغ:فروغ، پر تو، روشنائی، تابش۔

افرِہ:بدلہ، انتقام، پاداش۔

اَفرَھَنج:(۱)ضعف یا رعشے سے کانپنا، ضعف سے سر ہلنا، لغزش کرنا، ڈگمگانا، (۲)ایک قسم کی بے پتی کی بیل جو درختوں پر چڑھ جاتی ہے، اکاس بیل۔

اَفری:آفرین، شاباش، کلمہ تحسین۔

اَفرِیقا:افریقہ۔

اَفرِیقائی:افریقہ کا باشندہ۔

اَفزا: افزدوں:بڑھنا، بڑھانا سے فعل امر،بیافزا، بڑھاؤ، راحت افزا، خوشی میں اضافہ کرنے والا۔

اَفزار:اوزار، ہتھیار، کوئی آلہ جس سے کاریگر کام کرتے ہیں۔

اَفزارپا:کفش، جوتا۔

اَفزارمند:کاریگر، دستکار، اہل حرفہ۔

اَفزایش:زیادتی، اضافہ، ترقی۔

اَفزایَندہ:بڑھتی ہوئی۔

اَفزاییدن:بڑھنا۔

اَفزُودن:بڑھنا، اضافہ ہونا۔

اَفزُودہ: بڑھا ہوا۔

افزودہ کردن:بڑھانا۔

افزون:زیادہ، بڑھتا ہوا۔

روز افزون:روز بروز بڑھتا ہوا۔

اَفزُونی:زیادتی، کثرت۔

اَفساد:(ع) فساد، خرابی، بگاڑ، بداطواری، فتنہ و فساد برپا کرنا۔

اَفسار:گھوڑے گدھے کی لگام۔

افسار گسیختہ:سرکش، باغی، گریزپا۔

افسارکردن:لگام چڑھانا۔

اَفسان:فسان، جس سے اوزار تیز کیے جاتے ہیں۔

افسانہ: کہانی، سرگزشت، داستان۔

marfat.com

افسانہ پرداز: افسانہ نویس، قصہ گھڑنے والا۔

افسانہ گوُ: کہانی سنانے والا۔

افسانہ گوُی: کہانی سنانا۔

اَفسَد:(ع) فاسد کی تفضیل کل، انتہائی فاسد، بہت ہی بُرا، بگڑا ہوا، فسادی۔

افسر:(۱) تاج، (۲) افسر، عُہدیدار۔

اَفسُردگی: غمگینی، پریشانی، پژمردگی۔

اَفسُردَن: غمگین ہونا، پریشان ہونا۔

اَفسُردہ: پریشان، غمگین، پژ مردہ۔

افسردہِ خاطر: پریشان، غمگین، پژمردہ۔

اَفسری: عہدیدار کا مرتبہ۔

دانشکدہء افسری: افسروں کا کالج۔

افسِنتین - افسِنطِین: ایک قسم کا درخت جس کی شاخیں بہت لمبی ہوتی ہیں اور ان پر بہت سے پتے ہوتے ہیں، اس کے پھول بھی ہوتے ہیں، طب قدیم میں یہ لقوہ، فالج اور امراضِ معدہ کے لیے استعمال کیے جاتے تھے۔

اَفسُوس: رنج ہونا، حیف، تاسف۔

افسوس خواندن: کسی سے افسوس کرنا۔

اَفسُون: سحر، جادو، حیلہ، تزویر، مکر۔

افسُون ساز: جادوگر۔

افسون کردہ: جس پر جادو کیا گیا ہو۔

افسونگر: جادو گر۔

افسونگری: جادو گری۔

اَفشاء:(ع) فاش کرنا، ظاہر کر دینا۔

افشای راز: بھید کا ظاہر ہوجانا۔

افشانمُودن: راز فاش کر دینا۔

اَفشار: ایران کے ایک قبیلے کا نام جس کا ایک فرد نادرشاہ تھا۔

اَفشار، اَفشُردن: نچوڑنا سے فعل امر، بیافشار: نچوڑدے

افشار:(۱) کھیل کے تختے کا مہرہ (۲) ایرانی موسیقی کی دُھن۔

اَفشارِدہ: افشردہ، نچوڑا ہوا۔

اَفشاری: ایرانی موسیقی کی ایک دُھن۔

اَفشاری: افشار قبیلے سے متعلق۔

افشاندن . . . افشانیدَن: بکھیرنا۔

گلھا رُوی زمین افشاندند: پھول سطح زمین پر بکھیرے۔

افشاندہ: بکھیرے ہوئے۔

اَفشُردگی: دباؤ، نچوڑ۔

انگوررا درجام افشردم: انگور میں نے جام میں نچوڑے۔

اَفشُرگر: دبا کر شیرہ نکالنے والا، تیلی۔

اَفشُردہ: لیموں وغیرہ کا نچوڑا ہوا رس۔

افشُرہ: پھلوں کا نچوڑا ہوا رس

افشنگ: شبنم۔

اَفشُون، اَفشان:(۱) لکڑی کا بنا ہوا چار شاخہ پنجہ جس سے کاشتکار بھوسا اور دانے الگ کرتے ہیں، (۲) چھان بین کرنا، غور سے دیکھنا۔

اَفشَہ: گندم کا دلیا۔

اَفصَح:(ع) فصیح کی تفضیل کل، بہت زیادہ خوش بیان، شیریں کلام، فصاحت سے کلام کرنے والا۔

اَفضال:(ع) فضل کی جمع، فضیلتیں، بخشش، عطا، عنایت، رحم و کرم۔

اَفضَل:(ع) فاضِل، متبحر عالم، صالح

اَفضلِیّت:(ع) برتری، عظمت، بڑائی، قابلیت۔

اِفطار:(ع) روزہ کھولنا۔

اِفطاری: تھوڑی سی خوراک جس سے روزہ کھولا جاتا ہے۔

اَفطَح:(ع) چوڑی ناک، وہ شخص جس کا سر یا ناک چوڑا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہو۔

افطس: چپٹی ناک والا۔

افعال: (ع) فعل کی جمع، اعمال، کام بصورت جمع۔

افعی: (ع) سانپ۔

افعی دم: جس کی سانس زہریلی ہو۔

افغان: افغانستان کا باشندہ۔

افغان: فغان، آہ و زاری، نالہ و فریاد۔

افغانستان: ملک کا نام۔

افغانی: افغانوں سے متعلق۔

اُفق: (ع) وہ جگہ جہاں زمین آسمان ملتے نظر آتے ہیں، آفاق جمع۔

اُفقاً: (ع) افقی۔

افقر: (ع) فقیر کی تفضیل کل۔ بہت زیادہ غریب۔

افکار: (ع) فکر کی جمع، خیالات۔

افکارِ عالیِ شعرا: شعرا کے بلند پایہ خیالات۔

افگار: زخمی، آزردہ، درماندہ۔

دل افگار: پریشان، افسردہ، آزردہ۔

افگانہ: قبل از وقت پیدا ہونے والابچہ۔

افگن، افگندن: پھینکنا سے فعل امر، بیفگن، پھینک دو۔

افگندہ: پھینکا ہوا، گرا ہوا۔

افگندہ سُم: لنگڑا۔

افلاح: (ع) فلاح و بہبود، کامیابی، خوشحالی۔

اِفلاس: (ع) مفلسی، غریبی، تہی دستی۔

افلاطون: فلاطون، یونان قدیم کا نامور فلسفی۔

أفلاک: (ع) فلک کی جمع، آسمان۔

افلاک شناس: ہئیت دان۔

افلاکی: فلکی، آسمانی، سماوی چیزوں کی پرستش کرنے والا۔

افلاکیان: (۱) ستارے (۲) فرشتے۔

افلج، افلیج: (ع) فالج زدہ، مفلوج۔

اِفنا: (ع) فنا کرنا، نیست و نابود کرنا۔

أفنان: فن کی جمع۔

افنداک: قوس قزح۔

افندَرہ: درانتی، داس۔

آفندی: آقا، مالک، کلمۂ احترام۔

افندِیدَن: جنگ کرنا ،دشمنی کرنا۔ جنگ و جدل میں آمادہ کرنا۔

افواج: (ع) فوج کی جمع۔

افواہ: (ع) اڑتی ہوئی خبر۔

افواہاً: (ع) اڑتی ہوئی خبر کے طور سے۔

اُفُول: (ع) سورج یا ستاروں کا غروب ہونا۔

اَفُوغُوس: ایک خاص قسم کے درخت کی لکڑی جو بہت مضبوط ہوتی ہے۔

افہام: (ع) فہم کی جمع، سوج سمجھ، ادراک۔

افیلُون: ایک پہاڑی پودا جس کی بلندی نصف میٹر کے برابر ہوتی ہے پھول سرخ اور خوشہ دار ہوتے ہیں، طب میں ان سے کام لیا جاتا ہے۔

افیون: نشہ آور چیز جو پوست سے بنتی ہے۔

أفیونی: افیون کا عادی۔

اَقارِب: (ع) اَقرَب کی جمع، قریبی رشتے دار۔

اعِزاّ و اقارب: عزیزان، قریبی رشتے دار۔

اقاصِر: (ع) اقصر کی جمع، بہت چھوٹے۔

اقاصی: (ع) اقصی کی جمع، دُور کے مقامات۔

أقاقیا: ایک خاص قسم کا درخت اور اسکا پھل۔

اِقالہ: (ع) منسوخ کرنا، کالعدم کرنا۔

أقالیم: (ع) اقلیم کی جمع، ولایات، ممالک۔

اِقامَت: (ع) قیام کرنا، ٹھہرنا، سکونت۔

اِقامَت گاہ: قیامگاہ، رہنے کی جگہ، منزل، مقام، گھر۔

marfat.com

اقامتِ مُوَقّتی:مختصر قیام۔

اِقامہ:(ع) (۱) ٹھہرنا، قیام کرنا (۲) مستقل بنیاد قائم کرنا۔

اقامہ دلیل:دلیل پیش کرنا۔

اقامہ شہود:گواہ پیش کرنا۔

اقانیم:(ع) اقنُوم کی جمع، شخص، جسم، دین مسیحی میں باپ، بیٹا اور روح القدس میں سے ہر ایک کو اقنوم کہتے ہیں۔

اقاویل:(ع) جمع اقوال، جمع الجمع قول۔

اِقباض:(ع) پکڑنا، اپنے تصرف میں لانا۔

اقبال:(ع) خوش بختی، حکیم الامت علامہ محمد اقبال عظیم شاعرِ مشرق۔

اقبال مندی:خوش قسمتی۔

اقبَح:(ع) قبیح کی تفضیل کل، بہت ہی بُرا۔

اِقتال:(ع) قتل عام۔

اِقتِباس:(ع) کسی کتاب سے مطلب حاصل کرنا، کتاب کا کچھ حصہ نقل کرنا، معلومات میں اضافہ کرنے کے لیے اخذ کرنا۔

اِقتِحام:(ع) سوچے سمجھے بغیر کام کو شروع کردینا، خود کو مشقت میں ڈالنا۔

اقتداء:(ع) پیروی کرنا۔

اقتِدار:قدر و منزلت، اختیار

اِقتِراح:(ع) فی البدیہہ کوئی بات کہنا۔

اِقتراحاً:فی البدیہہ طور سے۔

اِقتِراع:(ع) قرعہ نکالنا۔

اِقتِران:(ع) قرین سے، باہم قریب ہونا، قرب، نزدیکی۔

اِقتِسام:(ع) شریک ہونا۔ تقسیم کرنا، حصہ بانٹنا، قسم کھانا۔

اِقتِصاد:(ع) مالی سیاست، ہر کام میں میانہ روی، آمدو خرچ کی نگہداشت کرنا۔

اقتصادیات:معاشیات، مالیات سے متعلق علم۔

اِقتِصار:(ع) مختصر کرنا، کافی سمجھنا، ایک بات پر ٹھہر جانا۔

اِقتِصاص:(ع) (۱) قصاص مانگنا (۲) روایت بیان کرنا۔

اِقتِضاء:(ع) ضرورت، خواہش، احتیاج، طلب

لدی الاِقتضاء:جیسے کہ ضرورت ہو۔

اِقتِضاب:(ع) کاٹنا، درخت کی شاخ کاٹنا۔

اِقتِطاع:(ع) قطع کرنا، جدا کرنا، کسی چیز کا کچھ حصہ لینا۔

اِقتِطاف:(ع) پھل چننا، پھل پکنے کا موسم آنا۔

اقتِفا:(ع) پیروی کرنا۔

اِقتِلاع:(ع) بیخ و بُن سے اکھاڑنا۔

اقتناء:(ع) حاصل کرنا، کام جمع کرنا۔

اِقداح:(ع) قدح کی جمع، جام، پیالے۔

أقدام:(ع) قدم کی جمع۔

اِقدام:قدم اٹھانا، کسی کام کو شروع کرنا۔

این کار را برای شما اقدام کردم:یہ کام میں نے تمہارے لیے شروع کیا

أقدَس:(ع) پاک تر، زیادہ پاکیزہ۔

أقدَم:(ع) قدیم کی تفضیل کل، بہت زیادہ قدیم۔

اقدَمیت:بہت زیادہ قدیم ہونا۔

اِقرا:(ع) پڑھو۔

اقرار:تسلیم کرنا۔

اقرارنامہ:تسلیم کرلینے کی تحریر۔

اقرافمودن:تسلیم کرنا۔

أقراص:(ع) (۱) قُرص کی جمع، گول ٹکیہ (۲) محکم، مضبوط، استوار۔

اَقراض:(ع) قرض لینا۔

اِقراع:(ع) (۱) کسی کو کسی کام سے باز رکھنا، (۲) قرعہ نکالنا۔

اَقران:(ع) قرین کی جمع، ہم عصر، قریبی لوگ۔

اَقرب:(ع) قریب کی تفضیل کل۔ بہت زیادہ قریب۔

اَقربا:(ع) قریبی رشتے دار۔

اَقرع:(ع) جس کے سر کے بال گر گئے ہوں۔

اِقریطس:(جغرافیہ) کریٹ۔

اَقساط:(ع) قسط کی جمع، قسطیں، حصے۔

اِقساط:(ع) عدل و انصاف کرنا۔

اَقسام:(ع) قسم کی جمع، انواع، قسمیں۔

اِقشعرار:کانپنا، لرزنا۔

اَقصا:(ع) دور دراز کے مقامات۔

اِقصاص:(ع) بدلہ، انتقام۔

اَقصر:قصیر کی تفضیل کل۔ کوتاہ ترین، بہت زیادہ چھوٹا۔

اَقصی:(ع) بہت دور۔

شرق اقصی:بہت دور مشرق میں۔

مسجد اقصی:یوروشلم کی مسجد کا نام۔

اَقطاب:(ع) قطب کی جمع۔

اَقطار:(ع) ممالک، علاقے، اضلاع۔

اِقطاع:(ع) کوئی چیز یا قطعہ زمین جو گذر بسر کے لیے دیا جائے

اَقطاع:(ع) قطع کی جمع۔

اَقطع:(ع) جس کا ہاتھ کٹا ہوا ہو، دست بریدہ

اِقعاد:(ع) احترام سے بٹھانا، کسی کی پذیرائی کرنا۔

اَقفال:(ع) قفل کی جمع، تالے۔

اِقفال:(ع) تالہ لگانا۔

اَقل:(ع) قلیل کی تفضیل کل، بہت ہی چھوٹا۔

حداقل:کم سے کم۔

اَقلا:(ع) کم ترین حد۔

اقلاً:کم از کم۔

اِقلال:(ع) کم کرنا، کسی چیز کا کم حاصل ہونا۔

اَقلام:(ع) قلم کی جمع۔

اَقلیت:کم تر، اکثریت کی ضد۔

اِقلید:کلید، چابی، کنجی۔

اِقلیدس:علم ہندسہ کے ایک عالم کا نام اور اس کی تصنیف۔

اِقلیم:(ع) ملک، ولایت اقالیم جمع، گزشتہ حکما کی تحقیق کے موافق کرۂ ارض کی خشکی کا ساتواں حصہ۔

اِقلیمیا:سونا چاندی کے پگھلانے کے بعد جو میل وغیرہ نیچے رہ جاتا ہے، دھات کا میل، خارجی مادہ۔

اَقمار:(ع) قمر کی جمع، چاند۔

اَقمشہ:(ع) سوتی کپڑا۔

اَقناع:(ع) (قانع سے) مطمئن ہونا، قناعت، اطمینان، دل جمعی۔

اَقنوم:(ع) شخص، جسم دیکھیے اقانیم

اَقوات:(ع) قُوت کی جمع، کھانے کی چیزیں۔

اَقواس:(ع) قوس کی جمع۔

اَقوال:(ع) قول کی جمع، بات، وعدہ۔

اَقوام:(ع) قوم کی جمع، قومیں۔

اقواہ:نیازمند ہونا، محتاج ہونا۔

اقوی:بہت زیادہ طاقتور۔

اَقویا:(ع) قوی کی جمع، طاقتور، دلیر، بہادر۔

اقیاد:(ع) قید کی جمع۔

اقیانُوس:اوقیانوس، سمندر کا نام۔

اکابر:(ع) اکبر کی جمع، بڑے لوگ، امرا، معزز لوگ۔

اکاذِیب:(ع) اکذوبہ کی جمع، جھوٹی باتیں

marfat.com

اکارس: سفید کُھمبی۔

اکارع: (ع) جمع کراع، گائے یا بکری کے پائے۔

اکارم: (ع) اکرم کی جمع، سخی، بڑے لوگ۔

اکاسرہ: (ع) کسری کی جمع، ساسانی بادشاہوں کا لقب۔

اکّال: (ع) پُرخور، زیادہ کھانے والا، پیٹو۔

اکالہ: (ع) اکال کی مونث۔

اکالیت: پرخوری، زیادہ کھانا۔

اکالیل: (ع) اکلیل کی جمع، تاج، ہار۔

اکامہ: آنت جس میں قیمہ اور مسالے بھر کر پکاتے ہیں اور پھر اس کے ٹکڑے کرلیتے ہیں۔

اکباد: (ع) کبد کی جمع، جگر بصورت جمع۔

اکبر: (ع) بڑا، اصغر کی ضد۔

اکبیا: عصب، پٹھے جسم کے۔

اکتاف: (ع) کتف کی جمع، شانے، کندھے۔

ذوالاکتاف: ایران کے قدیمی بادشاہ شاپور کا لقب۔

اکتام: (ع) پوشیدہ رکھنا۔

اکتحال: (ع) آنکھوں میں سرمہ لگانا۔

اکتسا: (ع) اپنے آپ کو تیار کرنا۔

اکتساب: (ع) کسب کرنا، حاصل کرنا۔

اکتسابی: محنت سے حاصل کی ہوئ چیز۔

اکتشاف: (ع) (کشف سے) ظاہر ہونا، دریافت ہونا۔

اکتفا: (ع) کافی، کفایت کرنا۔

اکتناہ: (ع) گہرائی میں جانا، گہراتجسس، زیادہ پڑتال، کسی چیز کی ماہیت کا پتا چلانا۔

اکثار: (ع) کثرت، زیادہ ہونا۔

اکثر: (ع) بہت زیادہ۔

اکثراً: (ع) بہت زیادتی میں، بیشتر،

اکثریت: زیادہ ہونا، زیادہ تعداد میں ہونا، اقلیت کی ضد۔

اکثریت آرا: ووٹوں کی زیادہ تعداد۔

اکثم: (ع) موٹے پیٹ والا۔

اکحال: (ع) کُحل کی جمع، سرمہ۔

اکحل: (ع) سُرمگیں (آنکھ)۔

اکدر: (ع) زیادہ تاریک، اندھیرا۔

اکدش: ملی ہوئ نسل کا، دونسلا۔

اکذب: (ع) بہت جُھوٹا، دروغ گو۔

اکذوبہ: (ع) دروغ، جھوٹ، اکاذیب جمع۔

اکراد: (ع) کُرد کی جمع، کردنسل کے لوگ۔

اِکرام: (ع) احترام، کسی کی عزت کرنا۔

اِکراہ: (ع) کراہت، نفرت۔ مجبوری۔

اِکراہاً: مجبوری سے۔

اکرم: (ع) کریم کی تفضیل کل، بہت زیادہ سخی۔بہت زیادہ قابل احترام۔

اِکسا: (ع) کپڑے وغیرہ پہن کر تیار ہونا۔

اکسد: (ع) کاسد کی تفضیل کل، جس کا رواج نہ ہو۔ جس کا کوئ خریدار نہ ہو۔

اکسُون: سیاہ رنگ کا ریشمی کپڑا۔

اکسیر: (ع) کیمیا۔

اِکفا: (ع) (۱) کافی ہونا، کفایت کرنا (۲) مثل، نظیر۔

اِکفا: ٹیڑھا کرنا۔ مایل کرنا۔

اِکفال: (ع) کفالت کرنا، ضامن بننا۔

اککرا: عاقر قرعا۔

اکل: (ع) کھانا۔

اکل و شرب: کھانا پینا۔

اِکلیل: (ع) تاج، تاجپوشی، ہار، سنہرا رنگ جو نقاشی میں استعمال ہوتا ہے۔

اکلیل الجبل: پہاڑی خوشبودار پودا۔

اِکمال: (ع) مکمل کرنا۔

اکمال کردن: تکمیل کو پہنچانا۔

اکمَل: (ع) کامل کی تفضیل کل، کامل ترین۔

اکمہ: (ع) پہاڑی چٹان، پشتہ۔

اکناف: (ع) کنف کی جمع اطراف، سرحدیں۔

دراکنافِ جہاں: اطراف عالم میں۔

اکنُوں: موجودہ وقت، دیکھیے کنوں۔

اکنونی: کنونی ، ابھی۔

اکواب: (ع) (کوب جمع) کوزے ، پیالے، جام۔

اکوان: (ع) کون کی جمع، ہستی، عالم،جہاں۔

اکُول: (ع) بہت زیادہ کھانے والا ، پرخور، پیٹو۔

اِکُولانہ: ندیدوں کی طرح، بے حد حرص وطمع سے کھانے والا۔

اکیاس: (ع) کیسہ کی جمع، تھیلے، کیسے، بٹوے۔

اکیاس: (ع) دانشمند، دانا۔

اکِید: (ع) (۱) واجب، لازم (۲) مضبوط، مستحکم

اکیداً: (ع) تاکید کے طور سے، لازماً۔

اکیس: (ع) دانشمندتر، زیرک، بہت زیادہ ہوشیار۔

اگرَ: حرف شرط۔

اگر موفقیت می خواہید باید جدوجہد نمائید: اگر کامیابی چاہتے ہو تو تمھیں جدو جہد کرنی چاہیے۔

اگرچہ: حرف ربط، ہر چند۔

اگرچہ ناخوشی اوسخت است ولی چارہ ناپذیر نیست: اگرچہ اس کی بیماری سخت ہے لیکن لاعلاج نہیں۔

اگست: ستارے کا نام، سہیل ، عیسوی سن کا آٹھواں مہینہ جس کے ۳۱ دن ہوتے ہیں۔

آل: ایک درخت جس کے پتے لمبے اور ان کی نوکیں تیز ہوتی ہیں ، پھول زرد اور پھل ترش ہوتا ہے، یہ درخت مازندران کے جنگل میں ہوتا ہے۔

آل: (ع) حرف تخصیصی ہے مثلاً،

الصباح: الساعت۔ جیسے انگریزی میں The ہے۔

الا: (ع) حرف تنبیہ بمعنی اے ، ہاں، آگاہ رہو۔

اِلاّ: (ع) حرف استثنا ، مگر، لیکن، سواے۔

اِلاّ اینکہ: سواے اس کے

اخلاقش بدنیست الااینکہ تنبل است: وہ بد خلق نہیں لیکن وہ سست ہے۔

الاچِق: الاچیق، چوبی کمرہ جو باغ کے وسط میں بنایا جاتا ہے۔

الاچِی: الانچی۔

اُلاغ: (ت) گدھا ، نافہم آدمی، بیوقوف۔

الاف: (ع) الیف کی جمع، یار، دوست، ہمدم۔

الاکُلنگ: جھولا ، ہنڈولا

اُلام: پیغام لانے والا۔

الامان: (ع) کلمہ دعا ، امن مانگنا ، مدد کے لیے پکارنا۔

الاملِیک: پودوں کی ایک قسم۔

اُلان: (ع) حالا ، اس وقت، ابھی۔

الاؤ: شعلہ، آگ ، آگ کا ڈھیر جہاں آگ تاپتے ہیں۔

الاہت: (ع) عبادت کرنا۔

الاہی: (ع) الٰہی ، خدا۔

اُلبا: (ع) لبیب کی جمع، خردمند لوگ۔

الباب: (ع) لُب کی جمع، دل، دماغ، ذہانتیں۔

ابوُالالباب: ذہین ، زیرک، دانشمند۔

الباد: دُھنیا ، حلاج، روئی دھننے والا۔

اَلبَتّہ: (ع) بے شک۔

اَلبُرز: ایران کے پہاڑ کا نام۔

البِسہ: (ع) لباس کی جمع۔

اِلتِبِساس: (ع) ابہام، مبہم، غیر واضح، مشتبہ ہونا۔

marfat.com

التجا:(ع) التماس، عرض، گزارش۔

التجاج:(ع) (۱) آوازوں کا درہم ہونا، (۲)دریا کی موجوں کا اور بڑھنا۔

التحاد:(ع) ملحد ہوجانا، دین سے پھر جانا۔

التحاق:(ع) ملحق ہوجانا، پیوست ہونا، مل جانا۔

التحام:(ع) اتصال، امتزاج، ارتباط، جوڑ، مل جانا۔

التزاذ:(ع) لذت، لذت لینا۔

التزام:(ع) لازم ہونا، کام جس کا ذمہ لیا جائے، کسی کام کا ذمے دار ہونا۔

التزام نامہ:تحریری ذمے داری، معاہدہ۔

التزامی:جس کا ذمہ لیا جائے۔

التصاق:(ع) پیوست ہونا، ملنا۔

التفات:(ع) مہربانی، توجہ۔

ازالتفاتِ شما:آپ کی مہربانی سے۔

التفاتی درحق من بکنید:میری طرف توجہ فرمایے۔

التفات شمازیاد:خدا کرے آپ کی مہربانیاں زیادہ ہوں۔

التقا:(ع) ملاقات۔

التقاط:(ع) چُننا، اکھٹا کرنا، پکڑنا، زمین سے اٹھانا۔

التماس:(ع) عرض، گزارش۔

التمغا:آل طمغا دیکھیے۔

التوا:(ع) پیچ دینا، بل دینا، پیچیدگی

التہاب:(ع) شعلہ زنی، آگ کا بھڑکنا، جلنا، برافروختہ ہونا۔

التہابی:اشتعال انگیز، بھڑکانے والا۔

التیام:(ع) زخم کا مندمل ہونا۔

التیام پذیر:مندمل ہونے کے قابل۔

الغ:مغرور، متکبر۔

الجا:(ع) اپنا کام کسی اور کے سپرد کرنا، پناہ، پناہ دینا۔

الجبر:(ع) الجبرا۔

الجزائر:(ع) ایک اسلامی ملک کا نام۔

الجزائری:الجزائر کا باشندہ۔

الچی:ایلچی۔

الحاج:(ع) جسے حج کی سعادت حاصل ہوئی ہو، حاجی۔

الحاح:(ع) عاجزانہ خواہش کا اظہار کرنا۔

الحاح کردن:عاجزی سے درخواست کرنا۔

الحاد:(ع) بے دینی، منکر دین ہونا، وجود خدا سے انکار، دہریت۔

الحاصل:(ع) حاصل یہ کہ۔

الحاف:(ع) سخت اصرار، ابرام۔

الحاق:(ع) ملنا، پیوستہ ہونا، ملحق ہونا۔

الحاقی:جو کسی کے ساتھ ملحق ہو۔

الحال:(ع) اب، ابھی، موجودہ وقت میں۔

الحان:(ع) لحن کی جمع، آوازیں، صوتی آہنگ، نغمے۔

الحذر:(ع) خوف۔

الحق:(ع) حقیقت میں۔

الحمد:(ع) تعریف، ثنا، قران مجید کی اول سورہ، سورہ فاتحہ۔

الحمد خواندن:قران کریم کی سورہ اول کی تلاوت کرنا۔

الخ:(ع) اسی طرح، آخرتک۔

الدنگ:بے شرم، مفت خور۔

الذ:(ع) لذیذ کی تفضیل کل، بہت ہی زیادہ لذیذ۔

الزام:(ع) کسی کو ذمے دار ٹھہرانا، تہمت لگانا۔

الزام آور:(ع) جس سے تہمت لگے۔

الزم:(ع) لازم کی تفضیل کل۔ بہت ہی زیادہ ضروری۔

السّابِقون:(ع) سب سے پہلے آنے والے۔

الست:کیا میں نہیں ہوں۔اشارہ ہے الست بربکم کی طرف۔

الستُ بِربِّکُم:کیا میں تمہارا خدا نہیں ہوں۔

السنہ:(ع) لِسان کی جمع، زبانیں۔

مُعلّم السِنہ خارجہ: غیر ملکی زبانیں پڑھانے والا استاد۔

اِلصاق: (ع) پیوست کرنا، ملادینا۔

اَلطاف: (ع) لطف کی جمع، مہربانیاں، عنائتیں۔

اَلطف: (ع) لطیف کی تفضیل کل۔ لطیف ترین۔

اَلعاب: بازی میں سرگرم ہونا۔

العَطش: (ع) تشنگی، پیاس۔

العیاذُ بِاللہ: (ع) خدا کی پناہ۔

اَلِغ: زنانہ، زن نما، زنخا۔

اِلغا: (ع) رد کرنا، قلم زن کرنا، تنسیخ۔

اِلغانمودن: قلم زن کرنا، رد کردینا، منسوخ کرنا۔

اَلغاز: لُغز کی جمع، معمے۔

الغَرَض: (ع) غرض یہ کہ، مقصدیہ ہے کہ۔

اَلغیاث: (ع) مددکی پکار

اَلِف: (ع) ابجد کا پہلا حرف۔

اَلف: (ع) ہزار، (الاف جمع)۔

اَلفاختَن: حاصل کرنا۔ جمع کرنا۔

اَلفاظ: (ع) لفظ کی جمع۔

اَلفبا: (ع)حروف ابجد ا،ب۔۔۔

اُلفَت: (ع) دوستی، گہرا تعلق۔

باہم خیلی الفت دارند: ان کی آپس میں گہری دوستی ہے۔

اَلفختَن، الفاختَن: حاصل کرنا، جمع کرنا۔

اَلفغدَن: حاصل کرنا۔ فائدہ اٹھانا۔ جمع کرنا۔

اَلفی: نظم جس کے ایک ہزار شعر ہوں۔

اِلقا: (ع) تخلیقی تحریک یا روحانی تاثیر پیدا ہونا۔

اِلقائی: (ع) روحانی تاثر کا نتیجہ۔

اَلقاب: (ع) لقب کی جمع۔

اِلقاح: (ع) (۱) حاملہ ہونا (۲) معنی خیز ہونا۔

اَلقِصّہ: (ع) مختصر یہ کہ۔ خلاصہ۔

اَلک: چھلنی، غربال۔

اَلکا: علاقہ، سلطنت، ملک، کشور، مرزوبوم۔

الکٹریک: (انگ) بجلی، قوت برق۔

الکٹریکی: (انگ) برقی۔

اَلکُل: الکُحل۔

اَلکلی: جس میں الکحل ہو۔

الکَن: (ع) ہکلانے والا، تھتھلانے والا، کُند زبان

اللہ: (ع) خدا۔

اللہ اَعلم: خدا بہتر جانتا ہے۔

اَلَم: (ع) درد و غم۔

الم آور: درد آگیں، دل شکن، اندو ہگیں۔

اَلماس: ایک بیش بہا جواہر کی قسم جو بہت سخت اور چمکدار ہوتاہے۔

الماس تراش: الماس تراشنے والا۔

الماس تراشِیدہ: تراشا ہوا الماس۔

الماسی: الماس کی شکل کا۔

اَلمثنٰی: (ع) نقل مطابق اصل۔

اَلم زَدہ: غمگین، غم کا مارا۔

النگ: (ت) سبزہ زار، مرغزار، چراگاہ۔

اَلنگوُ: کنگن، چُوڑی۔

اَلواث: لوث کی جمع۔ آلودگیاں۔

اَلواح: (ع) لوح کی جمع، تختیاں۔

اَلواد: (ع) سرکش، نافرمان۔

الوار: لُر کی جمع، لُرستان کے رہنے والے۔

marfat.com

الوار:(ع) لکڑی کا تختہ۔

الواط:لُوط کی جمع، لُوطی، مسخرے، اوباش۔

الواطی:لوطیوں کے ناشائستہ کام، اوباشی، بیہودگی۔

اَلوان:(ع) لَون کی جمع، رنگ۔

الوداع:(ع) رخصت کرنا، خدا حافظ کہنا۔

اُلُوف:(ع) اَلف کی جمع، ہزارہا۔

اَلوَند:پہاڑ کا نام۔

اُلوہیّت:(ع) ذات خداوندی، ربانیّت۔

الہٰ:(ع) اللہ، معبود، خدا۔

اِلہاب:(ع) اشتعال دلانا، برانگیختہ کرنا، اُکسانا۔

اِلہام:(ع) روحانی تاثر یا فیضان، الہامی خیال۔

الہام شد کہ بیائم:دفعتہً دل میں آیا کہ میں آوں۔

الہامی:الہام سے متعلق۔

اَللّٰہُمّ:(ع) اے خدا۔

الٰہی:(ع) خدا۔

الٰہی گناہان مرابہ بخش:میرے خدا میرے گناہ بخش دے۔

الٰہیات:(ع) اللہ تعالی کے احکام، علم الٰہی کے مسائل۔

الٰہیّت:الوہیت، ربانیت۔

الیاس:(ع) ایک پیغمبر کا نام۔

اَلیاف:لیف کی جمع، دھاگے، ریشے۔

اِلیز:جانوروں کی اچھل کود۔

الیف:(ع) یار، دوست، ہمدم۔

الیَق:(ع) لائق کی تفضیل کل، لائق ترین۔

اَلیم:(ع) درد انگیز، غمناک، المناک۔

الیوم:(ع) آج کا دن۔

اِلیہ:(ع) اس کو۔

اِلیہا:(ع)اس عورت کو۔

اِلیہِم:(ع) ان کو۔

اِم:بطور سابقہ آتاہے، یعنی امروز،آج، اِمشب، آج رات۔

اُمّ:(ع) ماں، امہات جمع۔

اُمّ البِلاد:مادرشہرہا، پایۂ تخت۔

اُمّ الخبائث:خباثتوں کو جنم دین والا، مجازاً شراب۔

اُمّ الدِّماغ:سرکےمغزکا مرکز۔

اُمّ الصِّبیان:نومولود بچوں کی ماں۔

اُمّ الطَّریق:شاہراہ۔

اُمّ الکتاب:قران مجید۔

اُمّ المؤمنیں:مومنین کی والدہ۔

اُمّ النُّجُوم:کہکشاں۔

اَمّا:لیکن۔

اُمّات:(ع) اُم کی جمع۔

اِماتت:مارڈالنا۔

اَماثِل:(ع) امثل کی جمع، برابر کے لوگ، ہم مرتبہ لوگ۔

اَماج:رقیق غذا جو آٹے اور گھی سے تیار کی جاتی ہو۔

اَماجِد:(ع) مجید کی جمع، معزز لوگ۔

اَمّار:(بہت زیادہ امر کرنے والا ،شر کی طرف رغبت دلانے والا۔

اَمارات:(ع) علامتیں، نشانیاں۔

اِمارت:(ع) امیری، امیر کے اختیارات۔

امارت لشکر:امیر لشکر کا منصب۔

اَمارِد:(ع) اَمرَد کی جمع، بے ریش لڑکے۔

اَمّارہ:(ع) شر اور بدی پر برانگیختہ کرنے والا

اِمارَہ:(ع) حساب کی گنتی، شمار۔

اَماکِن:(ع) مکان کی جمع، مقامات۔

اِمالہ:(۱) معدہ صاف کرنا (۲)مایل کرنا۔

اِمالہ:(ع) لفظ کے کسی حصے کے الف یا کویے سے بدلنا، مثلاً کتاب سے کتیب۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اَمام:(ع) سامنے، رُوبُرو۔

اِمام:(ع) پیشوا، رسر، پیشرو (ائمہ جمع)۔

امام جماعت:پیش نماز۔

اِمامت:(ع) پیشوائی کرنا۔

اَمان:(ع) پناہ، آسائش۔

امان خواستن:پناہ مانگنا۔

بہ امان حق:اللہ کی امان میں۔

اَمانات:(ع) امانت کی جمع۔

اَمانت:(ع) جو چیز کسی کے سپرد کی جائے کہ وہ اس کی حفاظت کرے۔

پول خود را پیش او امانت داشت:اس نے اپنی رقم اس کے سپرد کی۔

اَمانَت دار:امین، امانت رکھنے والا جس پر اعتماد ہو۔

اَمانَت کار:قابل اعتماد، دیانت دار جس کے پاس لوگ اطمینان کے ساتھ امانتیں رکھتے ہیں، امین

اَمانتی:جس کے پاس امانتیں رکھی جائیں۔

اَمانۃً:(ع) امانت کے طور پر۔

امانی:(ع) آرزوئیں،امنیہ جمع۔

امپراطریس:ملکہ۔

امپراطور:ایمپرر، فرمانروا۔

امپراطوری:بادشاہت۔

اُمّت:(ع) جماعت جو کسی پیغمبر کی پیرو اور تابع ہو۔ اُمت پیغمبر اسلام، ملت اسلامیہ۔

اُمّتی:ایک امت کے لوگ۔

اِمتثال:(ع) حکم ماننا۔

اِمتثالاً:(ع) تعمیل حکم کے طور سے۔

اِمتحان:(ع) آزمائش، آزمانا۔

اِمتحانِ شفاہی:زبانی امتحان۔

اِمتحان کتبی:تحریری امتحان۔

اِمتحان کردن:امتحان لینا، آزمائش کرنا۔

اِمتحاناً:(ع) امتحان کے طور پر۔

اِمتحانی:امتحان کی بنیاد۔

اِمتداد:(ع) مدت بڑھانا۔

اِمتزاج:(ع) ملنا ملانا۔

اِمتساک:(ع) کسی چیز پر ہاتھ مارنا۔

اِمتصاص:(ع) چُوسنا۔

اَمتعِہ:(ع) متاع کی جمع، چیزیں، سازوسامان، دولت۔

اِمتلا:(ع) متلی ہونا۔

اِمتناع:(ع) منع کرنا۔

اِمتنان:(ع) شکریہ، سپاس گذاری

اظہار امتنان:شکریے کا اظہار، منّت پذیری۔

اِمتیاز:(ع) تمیز، فرق، اعزاز، سرفرازی، فضیلت، عزت، برتری، خصوصیت، رعایت خصوصی۔

امتیازِ نفت:تیل کی مراعات۔

امتیازی:اعزازی۔

اَمثالاً:مَثَل کی جمع، محاورے، اقوال، ضرب الامثال۔

اَمثَل:(ع) برتر، شریف تر، بہتر، فاضلتر، اماثل جمع۔

اَمثِلہ:(ع) مثال کی جمع۔

اَمجاد:(ع) ماجد کی جمع۔

اَمجَد:(ع) مجید کی تفضیل کل۔ بہت ہی زیادہ شریف۔

اِمحا:(ع) محو ہونا۔

اَمَد:(ع) (۱) وقت، موسم (۲) غایت، کسی چیز کا آخر، اجل (۳) خشم و غضب، آماد جمع

اِمداد:(ع) مدد۔

امداد نمودن:مددکرنا۔

امدادی:مددکے طور پر۔

marfat.com

امدُوحه:(ع) تعریف و توصیف، ستائش۔

امر:حکم۔

امر کردن:حکم دینا۔

امر:(ع) کام، موضوع، مطلب، مسئلہ، امور جمع۔

اُمرا:(ع) امیر کی جمع۔

اِمرار:(ع) وقت گزارنا۔

امرار معاش نمودن:روزی کمانا۔

امرارِ وقت کردن:وقت گزارنا۔

امراض:(ع) مرض کی جمع بیماریاں۔

امراض مُزمِنہ:پرانی بیماریاں۔

اَمرد:(ع) لڑکا جس کے ڈاڑھی نہ آئ ہو۔

امرداد:مُرداد، ایران کے شمسی سال کا پانچواں مہینہ اس کے ۳۱دن ہوتے ہیں۔

امرُوز:آج۔

امروز و فردا کردن:آج کل کرکے ٹالنا۔

امرُوزی:آج کی۔

امرُوزین:جدید۔

امری:حکم کے مطابق۔

امریک:امریکا، امریکہ۔

امریکای:امریکہ کا رہنے والا۔

امزجه:(ع) مزاج کی جمع۔

امزِیک:(۱)سیگرٹ دان (۲) چُسنی۔

امس:کل جو گزر گیا ہے۔

اِمسار:(ع) رات کا وقت گزارنا۔

اِمساک:(ع) کم کھانا پینا، سال بھر کے خرج کے پیش نظر اپنے مالی معاملات پر نظر رکھ کر خرچ کرنا۔

اِمساک کردن:خرچ نہ کرنا، خِسّت کرنا۔

اِمسال:سال جاری۔

اِمسالہ:گزرتا ہوا سال۔

اَمسِیہ:(ع) رات کا وقت، شبانگاہ۔

اِمشب:آج رات۔

اَمصار:(ع) مصر کی جمع، شہر بصورت جمع۔

اِمضا:(ع) اپنا نام لکھنا، دستخط کرنا۔

این امضای من است:یہ میرے دستخط ہیں۔

امضای:(ع) جس پر دستخط ہوئے ہوں۔

اَمطار:(ع) مینہ برسنا۔

اَمعا:(ع) معاء کی جمع، انتڑیاں۔

اِلتِہاب اَمعا:انتڑیوں کی جلن۔

اِمعان:(ع) بہ نظر غور۔

اَمغیہ:(ع) ندیاں۔

اِمکان:(ع) ممکن ہونا۔

اِمکان داشتن:ممکن ہونا۔

امکان پذیر:ممکن۔ امکان نا پذیر: نا ممکن۔

عالِم امکان:کائنات، انسان، حیوان، جمادات، نباتات

امکِنہ:(ع)مکان کی جمع الجمع۔

اَمَل:(ع) امید، تمنا، آرزو، آمال جمع

اُمّل:(ع) جو تمدن سے آشنا نہ ہو۔ یہ عام طور سے عورتوں کے لیے آتا ہے۔

اِملاء:(ع) ہجّے، جوڑ، عبارت، سن کر لکھنا، الفاظ کا انتخاب اور صحیح استعمال۔

اَملاح:(ع) ملح کی جمع، نمک۔

اَملاق:(ع) بے کس ہونا، بینوا ہونا۔

اَملاک:(ع) مِلک کی جمع، ملکیتیں، جائداد۔

املاکِ منقول:وہ ملکیتیں جو تبدیل ہوسکیں۔

املاک غیر منقول:وہ ملکیتیں جو تبدیل نہ کی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جاسکیں مثلاً، گھر، زمین، وغیرہ

املاک:(ع) ملائک، فرشتے۔

اِملال:(ع) ملال ہونا۔ کسی کو ملول کرنا۔ رنجیدہ کرنا۔

املج:آملہ۔

املح:(ع) زیادہ نمکین۔

املس:(ع) نرم، ملائم، ہموار۔

اُمَم:(ع) اُمّ کی جمع۔

اَمَن:(ع) امان، راحت، ایمن، اطمینان، سکون۔

اَمَن:(ع) محفوظ، مصون۔

اُمَنا:(ع) امین کی جمع، قابل اعتماد لوگ، امانت دار لوگ۔

اَمنَع:(ع) بہت زیادہ بلند، زیادہ بلند پایہ۔

اَمنِہ:(ع) جلانے والی لکڑیوں کا ڈھیر۔

آمَنیت:(ع) امن و آرام، امان میں ہونا۔

آمنِیّہ:(ع) سڑکوں کی محافظت کا محکمہ۔

اموات:(ع) موت کی جمع۔

امواج:(ع) موج کی جمع، موجیں، لہریں۔

اموال:(ع) مال کی جمع، چیزیں، سازو سامان، دولت و ثروت۔

اموال منقولہ:دیکھیے املاک منقولہ۔

اُمور:(ع) امر کی جمع، کام، مسائل، معاملات۔

اُمورِ خارجہ:غیر ملکی معاملات۔

اُمورِ داخلہ:ملکی امور۔

اُمور دیدہ:تجربہ کار۔

اُمومَت:مادری۔

اُموی:(ع) خاندان بنی امیہ سے منسوب۔

اُمّہات:مائیں۔

اِمہال:(ع) مہلت۔

اِمہال نمودن:مہلت دینا۔

امّی:(ع) ماں، مادر۔

اُمّی:(ع)ناخواندہ، غیر تعلیم یافتہ۔

امیال:(ع)میل کی جمع،خواہشات، تمنائیں۔

امیان:چمڑے کا کیسہ۔

اُمّید:آرزو، توقع، ارمان۔

امید بخش:امید پوری کرنے والا۔

امید برآوردن:کسی کی خواہش کو پورا کرنا۔

امیدوار:توقع کرنے والا۔

امیدواری:عورت کے حمل کی امید۔

امیر: فرمان دینے والا، حاکم، رئیس۔

امیرالامَرا:بلند مرتبے والا حاکم، وزیر اعظم۔

امیرُ البحر:بحری کمانڈر۔بحری فوج کا افسر۔

اَمیرالمومنین:خلیفہ کا لقب، مسلمانوں کا سردار، امتِ مسلمہ کا حاکم اعلیٰ، حضرت علی(رض) اور دوسرے خلفا کا لقب

امیرانہ:امیروں کی طرح۔

اَمیَل:مائل کی تفضیل کل، بہت زیادہ مائل۔

اِملیہ:آملہ۔

اَمین:(ع) امانت دار، قابل اعتماد، دیانت دار۔

امینی:(ع) امانت داری۔

اُمیّہ:(ع) بنی اُمیّہ۔

اِن:(ع) اگر۔

اِنشااللہ:اگر خدا نے چاہا۔

ان:"ان" اسموں کی جمع کے لیے آخر میں آتا ہے مثلاً مرد سے مرداں وغیرہ۔

marfat.com

انا: برتن، چینی وغیرہ کا برتن، قدح، کوزہ۔

انابت: واپس آنا (اللہ تعالی کی طرف) توبہ و زاری کرنا۔

اناث: (ع) اُنثی کی جمع، عورتیں، لڑکیاں۔

اناث و ذکور: عورتیں اور مرد۔

اناثی: (ع) عورت۔

مدرسہ اناثیہ: لڑکیوں کا سکول۔

اناجیل: (ع) انجیل کی جمع۔

انار: ایک پھل جس کا رس میٹھا اور کچھ ترش ہوتا ہے۔

انار: روشن کرے۔

اناراللہ: اللہ روشن کرے۔

انارت: (ع) روشن کرنا، تابناک ہونا۔

انارستان: اناروں کا باغ۔

انارگیرا: خشخاش۔

انارین: زنگ۔

اناشید: نغمے، وہ اشعار جو بزم میں گا کرسنائے جاتے ہیں۔

اناطہ: (ع) لٹکانا، معلق کرنا۔

انام: مخلوق، انسان

انامل: (ع) اَنمُلہَ کی جمع، انگلیوں کے سرے۔

انانیت: (ع) خودنمائی، خود آرائی، کبرونخوت۔

انای: کُند ذہن، غبی، بیوقوف۔

انبا: (ع) خبریں، اطلاعیں، پیغامات۔

انبات: (ع) اگانا۔

انباخون: حصار، قلعہ۔

انبادہ: لاف زن۔

انبار: ڈھیر، ذخیرہ

انبار خانہ: ذخیرہ،گودام، سٹور۔

انبار دار: گودام کا محافظ۔ سٹور کیپر۔

انبار کردن: ڈھیر لگانا، جمع کرنا۔

انبارہ: ذخیرہ رکھنے والا۔

انباری: ذخیرہ یا گودام میں رکھی ہوئی چیزیں، پرانی چیزیں۔

انباز: حصہ دار، شریک کار، ساتھی۔

انبازی: حصہ داری، شراکت۔

انباشتگی: بھر پور ہونا، پُر ہونا۔

انباشتن: بھرنا، ذخیرہ ہونا۔

انباشتہ: بھرا ہوا، ذخیرہ شدہ

انباغ: حصے دار، شریک، انباز، نیز بمعنی سوکن۔

انبان۔۔انبانہ: چمڑے کا تھیلا۔

انبان بار: موٹا، سُست شخص۔

انبر: آتش گیر، چمٹا جس سے کوئلا پکڑتے ہیں۔

انبردست: چمٹی

انبرک: موچنا، چمٹی

انبروت: امرود ۔

انبرہ: (ع) مویشی جس کے ذریعے پانی نکالا جاتا ہے (۲) جانور جس کے بال جھڑ گئے ہوں۔

انبساط: (ع) خوشی، راحت، کشادہ دل ہونا۔

انبساط آور: خوشی بہم پہنچانے والا۔

انبست: جمنا، منجمد ہونا۔

انبعاث: روانہ ہونا، بھیجا جانا۔

انبوب: فرش، بساط، دری، فرش پر بچھانے والی ہرچیز۔

انبوب: ہر چیز جو بیچ میں سے خالی ہو مثلاً پائپ، نالی۔

انبودن: اکھٹا کرنا، فراہم کرنا۔

انبوذن: ابتدائی معاملہ۔

انبوسیدن: ظاہر ہونا۔

انبون: چوڑا، وسیع۔

انبوہ: ہجوم، مجمع۔

انبوہ ریش: گھنی ڈاڑھی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

انبوی: خوشبو۔

انبوئیدن: خوشبو سونگھنا۔

انبہ: آم۔

انبیا: (ع) نبی کی جمع۔

انبیس: غلے کا خرمن جسے صاف کیا گیا ہو۔

انبیق: (ع) ایک آلہ جس سے مایعات کو تقطیر کیا جاتا ہے، انابیق جمع۔

امیلہ (ع) نتیجہ حاصل کرنا۔

انتباح: (ع) سوجن، آماس۔

انتباہ: (ع) تنبیہ کرنا، بیدار ہونا، آگاہ ہونا۔

انتحار: (ع) خودکشی۔

انتحال: (ع) سرقہ (مضمون وغیرہ کا)۔

انتخاب: (ع) چناؤ، منتخب کرنا۔

انتخابات: چناؤ۔

انتخابی: منتخب شدہ، جن کا انتخاب ہو چکا ہو۔

انتر: بندر، بوزینہ۔

انتزاع: (ع) زبردستی نکال دینا۔

انتساب: (ع) کسی سے اپنے آپ کو نسبت دینا، نسبت ہونا، خویشی۔

انتساق: (ع) منظم کرنا، نظم و ترتیب کرنا۔

انتشار: (ع) منتشر ہونا، بکھرنا، پھیلنا۔

انتشاق: (ع) سانس لینا۔

انتصاب: (ع) نصب ہونا، برقرار ہونا، ایک کام پر مستقلاً قائم ہونا۔

انتصاح: (ع) مخلصانہ نصیحت مان لینا۔

انتصار: (ع) نصرت حاصل ہونا، فتح پانا۔

انتظار: (ع) منتظر ہونا، امید۔

اُطاقِ انتظار: ویٹنگ روم

برخلاف انتظار من: میری امید کے خلاف۔

انتظام: (ع) نظم و ربط، نظم و نسق۔

انتظام دادن: انتظام قائم کرنا، نظم و ربط قائم کرنا۔

انتعاش: (ع) خوش حال ہونا۔

انتفا: (ع) دور ہو جانا، بیچ میں سے نکل جانا، نیست ہو جانا۔

انتفاخ: (ع) سوجن، آماس۔

انتفاع: (ع) نفع حاصل کرنا۔

انتفاعی: جس میں نفع حاصل ہو۔

عمل انتفاعی: ایسا عمل جس سے منفعت حاصل ہو۔

انتقاد: (ع) تنقید، شعر کے محاسن و معائب کو ظاہر کرنا۔

انتقاد نمودن: تنقید کرنا۔

انتقادی: تنقیدی

انتقال: (ع) ایک جگہ سے دوسرے جگہ چلے جانا، قیامگاہ بدلنا، تبدیلی۔

انتقال پذیر: جو تبدیل کیا جائے۔

انتقال دادن: تبدیل کرنا۔

انتقال دہندہ: تبدیل کرنے والا۔

انتقال گیرندہ: تبدیل ہونے والا۔

انتقال یافتن: تبدیل ہونا۔

انتقال نومی: نیند کی حالت میں چلنا۔

انتقال ناپذیر: جو تبدیل نہ ہو۔

انتقام: (ع) بدلہ۔

انتقام کشیدن: بدلہ لینا۔

انتکاس: (ع) سرنگوں ہونا۔ سر کے بل گرنا۔

انتہا: (ع) آخرتک، آخری حد، انجام

انتہار: نہر کھودنا۔

انتہاز: (ع) فرصت ملنا، فرصت کو غنیمت

marfat.com

سمجھنا۔

اِنتہائی: انتہا درجے کی۔

اَنتیک: قدیمی یادگار۔

اَنتیک چی: (ت) قدیمی یادگاریں بیچنے والا۔

اِنتیمُون: سُرمہ کا پتھر، توتیائے معدنی۔

اُنثی: (ع) عورت ، لڑکی۔

اَنج: رخسار، گال۔

اِنجا: بچت۔

اِنجا: (ع) نجات دینا ، رہائی بخشنا ،آشکار کرنا۔

اِنجاح: (ع) کامیابی، کامرانی، حاجت براری۔

اِنجاز: (ع)وفا کرنا ، انجام تک پہنچانا ، کسی کی حاجت پوری کرنا۔

انجاس: (ع) نجس کرنا ، پلید کرنا ، ناپاک کرنا۔

انجام: (ع) آخری حصہ ، مثال:

ماز آغاز و ز انجام جہان بی خبریم
اول و آخر این کہنہ کتاب افتادہ است

ہم دنیا کے اول و آخر سے بے خبر ہیں اگر جہان کو ایک کتاب سمجھ لیا جائے تو یہ معلوم ہوگا کہ اس میں اس کی ابتدا بھی نہیں اور آخری حصہ بھی نہیں۔

انجامِش: تکمیل۔

انجامیدن: انجام تک پہنچانا۔

انجبین: انگبین، شہد۔

انجخت: خواہش ، توقع، تمنا ، امید۔

انجَختن: خواہش کرنا ، کسی چیز کی تمنا ہونا ، طمع کرنا۔

اِنجذاب: (ع) جذب کرنا ، توجہ مبذول ہونا۔

انجُرہ: بچھوا۔

انجُرِیّہ: بچھوے کی نسل۔

اِنجلا: (ع) روشن ہونا ، الہام ہونا ، حیرت انگیز انکشاف ہونا۔

انجمَ: (ع) نجم کی جمع، ستارے۔

اِنجماد: (ع) جم جانا ، منجمد ہونا ، خشک ہو جانا۔

انجم سُوز: آفتاب۔

انجُمن: بزم، سوسائٹی۔

انجمن آرا: محفل کو سجانے والا، انجمن کے لیے باعث زینت، انجمن کی رونق بڑھانے والا۔

انجمنِ ادبی: لٹریری سوسائٹی۔

انجمن بلدی: شہری کونسل۔

انجمن دانش: اکیڈیمی۔

انجمن کردن (یاشدن): جمع کرنا اکھٹے کرنا۔

انجیر: (۱) انجیر کے درخت کا پھل (۲) سوراخ۔

انجیردَن: سوراخ کرنا۔

انجِیل: (ع) عیسائیوں کی مقدس کتاب۔

اہل انجیل: عیسائی۔

انجیلی: عیسائی۔

انچُوچک: ناشپاتی کا بیج۔

انحاء: (ع) (گرامر) نحو، دستور، طرح، طرز، طریقہ۔

چہ نحوی از اوپُول گرفتِید: کسی طرح سے تم نے اس سے روپیہ لیا۔

نحوی از انحاء: کسی نہ کس طریقہ سے۔

اِنحدار: (ع) نیچے آنا۔

اِنحراف: (ع) منہ پھیر لینا ، منحرف ہو جانا ، بات سے پھر جانا ، رو گردانی کرنا ، مخالفت ، نافرمانی۔

اِنحصار: (ع) دارومدار ہونا ، منحصر ہونا۔

اِنحطاط: (ع) زوال، پستی۔

اِنحلال: (ع) حل ہونا ، گھل جانا۔

انحلال پذیرُفتن: حل ہو جانا ، ترتیب ہو جانا۔

اِنحنا: (ع) خم ہو جانا ، منحنی ہونا ، کمزور ہونا ، دبلا پتلا ہو جانا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

انخساف:(ع) خسوف، چاند گرہن۔

انخفاض:(ع) نیچے گرنا، پست ہونا، پستی

اندایہ:مالی کا بیلچہ۔

انداچہ:فکر، اندیشہ۔

انداختن:پھینکنا۔

ازکار انداختن:کام سے ہٹا دینا۔

اورابکار انداختم:میں نے اسے کام پر لگا دیا۔

برانداختن:گرادینا، ہٹا دینا

بیرون انداختن:باہر پھینک دینا۔

چشم انداختن:نظر ڈالنا۔

بتعویق انداختن:کھٹائی میں ڈال دینا، دیر کر دینا۔

پشتِ گوش انداختن:نظر انداز کر دینا۔

انداختہ:گرا ہوا۔

انداد:مانند، مثل، طرح۔

اندار:افسانہ، سرگزشت، داستان، قصہ۔

انداز:طور طریقے، ڈھنگ۔

انداز:انداختن سے فعل امر بیانداز، پھینک دو۔

اندازہ:قیاس، تخمینہ، مقدار معلوم کرنا، پیمائش۔

اندازہ گیر:اندازہ کرنے والا۔

اندازیدن:انداختن، پھینکنا۔

انداس:اندازہ۔

اندام:جسم، قد، ہاتھ، پاؤں وغیرہ، قدو قامت، مثال:

سرورا باجملہ زیبائی کہ ہست
پیشِ اندامِ تو ہیچ اندام نیست

سروکو ہر قسم کی خوبصورتی تو میسر ہے لیکن تیرے قدو قامت اور رعنائی کے سامنے وہ ہیچ ہے۔

خوش اندام:خوبصورت جسم والا، زیبا قدو قامت والا۔

گل اندام:نرم و نازک جسم والا،خوبصورت، زیبا، رعنا، خوش اندام۔

اندایش:پلستر کرنا۔

اندایش گر:پلستر کرنے والا۔

اندخس:پشت و پناہ

اندخسیدن:پناہ دینا۔

اندر:باہر کی ضد، میں، درون، درمیان

اندر:لاحقہ کے طور پر آتا ہے۔

برادر اندر:سوتیلا بھائی۔

پدر اندر:سوتیلا باپ۔

خواہر اندر:سوتیلی بہن۔

مادر اندر:سوتیلی ماں۔

اندراج:(ع) درج کرنا۔

اندراس:(ع) پرانا ہو جانا، ناپدید ہو جانا۔

اندربای:ضروری، لازم، لٹکتا ہوا، مُعلق، سرنگوں۔

اندر بایست:ضروری، لازم، احتیاج،ضرورت۔

اندر جاہ:وہ دن یا مہینہ جو قمری سال کو شمسی سال کے مطابق کرنے کے لیے بڑھایا جائے۔

اندرخُور:درخور، قابل، شائستہ، شائستگی۔

اندرُز:نصیحت

اندر گاہ:اندرجاہ۔

اندروا۔اندرواز۔اندوای:(۱) حیران (۲) گمراہ، بھٹکا ہوا (۳) سرنگوں

اندرُون:اندر۔

اندرُونی:اندر کی طرف، درون خانہ سے متعلق۔

اندِ فاع:(ع) برطرف ہونا، کنارے لگنا، ایک طرف کو ہو جانا۔

اندک:تھوڑا۔

اندک اندک:تھوڑا تھوڑا۔

marfat.com

اندک سال: خُرد سال، چھوٹی عمر۔

اندک شمار: چند۔

اندک مال: غریب، مفلس۔

اندکی: تھوڑا سا، کم، کمی۔

اِندماج: (ع) کسی کام کا آغاز کرنا، مستحکم ہونا۔

اِندمال: (ع) اچھا ہونا، بہبودی پانا، صحت یاب ہونا۔

اَندلُس: ہسپانیہ۔

اندلُسی: ہسپانیہ سے متعلق۔

اَندُمِہ: گزرے ہوئے غمگین واقعات کی یاد آوری۔

اندُو: اندر، اندرون۔

اندُوب: جلد کا مرض، پھنسیاں جو بدن پر نکل آتی ہیں

اندُوختَن: پس انداز کرنا، بچا کر رکھنا۔

اندوختِہ: جمع کیا ہوا، پس انداز کیا ہوا۔

اَندُود: پلستر۔

اندودکار: پلستر کرنے والا۔

اندُودَن: پلستر کرنا۔

اَندودِہ: پلستر کیا ہوا۔

اندُوز: اندوختن، جمع کرنا سے فعل امر۔

بیاندوز: جمع کرو۔

اندوزِندہ: جمع کرنے والا، فائدہ حاصل کرنے والا۔

اندُوزِیدن: جمع کرنا۔

اندُوہ: رنج و غم۔

اندوہ گسار: غمزدہ۔

اندوہ گیں: غمگین۔

اندوہ ناک: رنج دہ، غم افزا۔

اندوہ ناکی: غمگینی۔

اَندُوہیدَن: غم کھانا۔

اَندُہ: اندوہ کا مخفف۔

اندُوہ قوقو: کنول جس سے ایک دوائ بھی بنائ جاتی ہے۔

اَندی: (۱) امید و آرزو، (۲) تعجب۔

اَندِیدَن: حیران ہونا، شک و گمان کی بنا پر بات کرنا۔

اندِیش: سوچنے والا، مثال:

کاری کہ گرفتہ ای تو درپیش
از عاقبتِ نکو بر اندیش

جو کام تم نے شروع کیا ہے اس کے انجام پر غور و فکر کر لو۔

اَندِیشانیدَن: سوچ بچار کرنا۔

اَندیشناکَ: فکر مند، فکر میں ڈوبا ہوا، متفکر۔

اندِیشہ: فکر و خیال، ڈر، خوف۔

اندِیشہ خام: خام خیالی، وہم۔

اندِیشیدن: فکرمند ہونا، فکر کرنا۔

اَنذار: تنبیہ کرنا، آگاہی۔

اَنُر: بد صورت، قبیح صورت، بُرا، ہر بُری چیز۔

انَرژی: انرجی (انگ) قوت، طاقت۔

اِنزال: (ع) نیچے لانا، منی کا خارج ہونا۔

اِنزِجار: (ع) (زجر سے) دور ہونا، نفرت، کراہت، بیزاری۔

انزَرُوت: سرخ، زردیا سفید رنگ کی گوند جو ایک خاردار درخت سے حاصل ہوتی ہے

اِنزِعاج: (ع) بے آرام ہونا، بے چینی، اضطراب

اِنزوا: (ع) خلوت نشینی، گوشہ گیری۔

انژِہ: مسور کی دال، عدس۔

اُنس: (ع) اُلفت، ہمدمی۔

اِنس: (ع) انسان، بشر۔

اِنس و جان: انسان اور جنات مثال:

بغیر درس تو علم جہانیان باطل
بغیر علم تو اعمال انس و جاں بیکار

اہل عالم نے جو علم آپ کے درس کے بغیر حاصل کیا ہے وہ بے فائدہ ہے،آپ کے علم کے بغیر کیا انسان اورکیا جن؟

سب کا عمل بیکار ہے، اس شعر میں آنحضرت(ص) کے علم و عمل کی طرف اشارہ کیا ہے۔

انساب:(ع) نسب کی جمع، شجرہ نسب، آباو اجداد۔

انساخ:(ع) بافت، کپڑا بننا۔

انسان:(ع) حیوان ناطق، جسے اللہ تعالی نے سب مخلوق سے افضل بنایا ہے، آدمی۔

انسان شناسی:بشریات۔

انسانیات:علم الانسان، انسانوں کا نفسیاتی اور فعلاتی علم۔

انسانیّت:آدمیت، انسانی صفات، انسان ہونا۔

انسانیت کردن:شایستگی اختیار کرنا، تہذیب سے پیش آنا۔

انسَب:(ع) مناسب تر، بہتر۔

انسباک:(ع) دھات کو پگھلا کر قالب میں ڈھالنا۔

اِنسِجام:(ع) (۱)بہنا، پانی یا آنسوؤں کا بہنا، منظم ہونا، (۲)کلام کاروان ہونا

انسِجه:نسج کی جمع، کپڑوں کی بُنایٔ، کپڑوں میں بنایٔ سے نقش و نگار بنانا۔

انسِداد:(ع) (سد=دیوار سے) روکنا، بند کرنا۔

انسِلاخ:(ع) کسی چیز سے باہر آنا، مثلاً سانپ کا اپنی کھال سے باہر آنا، جسم سے کپڑے اتارنا، رات میں سے صبح کا طلوع ہونا۔

انسِلاک:(ع) داخل ہونا، کسی رشتے میں آنا، کسی جماعت میں داخل ہونا۔

انسی:(۱) انسان، (۲) اندر کی طرف، اندرونی۔

اُنسیّت:اُنس، الفت، ہمدردی۔

اِنشاء:خود کویٔ بات کہنا، آغاز کرنا، اسلوب بیان، انداز تحریر، مثال:

حرفِ شبِ فراق اگر سرکشم چو شمع

دُود از زبان خامه انشا برآورم

اگر میں ہجر کی رات کا بیان شمع کی طرح بیان کروں تو میری تحریر کے قلم کی زبان سے دل کی آگ کا دُھواں نمودار ہوگا۔

انشااللہ:(ع) (کلمہ امید) اگر خدا نے چاہا۔

اِنشاد:(ع) اشعار پڑھنا، انشا یا شعر پڑھ کر سنانا۔

اشعار خوبی اِنشاد کرد:اس نے خوب شعر سنائے۔

اِنشاق:(ع) سانس لینا۔

اِنشایٔ:(ع) انشا سے متعلق۔

اِنشِراح:(ع) کشادگی، توسیع، پھیلنا، کھولنا۔

انشِعاب:شعبے قائم کرنا۔

اِنشِقاق:(ع) جدا ہونا، تقسیم ہونا، لکڑی کا چیرا جانا

اَنصاب:(ع) نصب کی جمع، نصب کرنا، گاڑنا، لگانا۔

اَنصار:(ع) ناصر کی جمع، مددگار، دوست، رفیق، مدینے کے لوگ جنھوں نے آنحضرت(ص) سے رفاقت کی

اِنصاف:(ع) عدل، داد دینا، صحیح فیصلہ۔

اَنصاف:(ع) نصف کی جمع، آدھا کرنا۔

انصاف کار:منصف۔

انصاف کارانه:منصفانہ۔

انصافاً:انصاف کی رو سے۔

انصِباب:رنگ یا کسی قسم کی رطوبت کا کسی چیز پر چھا جانا، پھیل جانا۔

انصِداع:(ع) بگاڑ، نااتفاقی، ناچاقی، ان بن، افتراق

انصِراف:(ع) صرف کرنا، چھوڑنا، ترک کرنا۔

انصرافِ خاطر:خیال ترک کرنا۔

انصِرام:(ع) کٹ جانا، قطع ہونا، منقطع ہونا

انضِباط:(ع) نظم و ترتیب۔

کارهایش هیچ انضباط ندارد:اس کے کام میں

marfat.com

کوئی نظم و ترتیب نہیں۔

اِنضباطی:(ع) تادیبی، ربط، ضبط کے متعلق۔

اِنفِجار:پھٹنا، کشادگی۔

اِنضِمام:(ع) ضم کرنا، ملادینا، شامل کرنا۔

اِنطاق:(ع) (نطق سے) کسی سے بات کہلانا، بات کہنا۔

اِنطِباع:(ع) طبع کرنا۔

اِنطِباق:(ع) منطبق کرنا، ملانا، یکساں ہونا

اِنطِراق:(ع) شکست کھانا۔

اِنطِفا:(ع) (اطفا سے) بجھ جانا۔

اِنطِلاق:(ع) کشادہ ہونا، رواں ہونا، رہا ہونا۔

اِنطِماس:(ع) پوشیدہ ہو جانا، محو ہو جانا۔

اَنظار:(ع) نظر کی جمع، نظریں۔

اَنعام:(ع) نعَم کی جمع، مویشی، اونٹ وغیرہ۔

اِنعام:(ع) عطیہ، بخشش۔

اِنعامی:(ع) انعام کے طور پر دی گئی چیز۔

اِنعِدام:(ع) (عدم سے) مٹ جانا، معدوم ہو جانا۔

اِنعِزال:(ع)گوشہ گیری، خلوت گزینی، عزلت اختیار کرنا

اِنعِطاف:(ع) مائل ہونا، میلان۔

اِنعِقاد:(ع) منعقد ہونا۔

انعقاد جلسہ:جلسہ کا منعقد ہونا۔

اِنعِکاس:(ع) (عکس سے) سایہ، بازگشت، ردعمل، گونج۔

اِنعِکاس صدا:گنبد کی صدا۔ آواز بازگشت۔

اَنف:(ع) ناک، بینی۔

اِنفاد:تباہ کرنا، نیست و نابود کرنا، کام تمام کرنا، آخر تک پہنچانا۔

اِنفاذ:(ع) نافذ ہونا، نفاد، حکم کا اجرا

اَنفاس:(ع) نفَس کی جمع، سانس۔

اِنفاس:(ع) نفس کی جمع، دل، جان، روح، مایہ زندگی۔

اِنفاق:(ع) (۱) خرچ ہونا، راہ خدا دینا،

اَنفال:(ع) حصہ بخرا، غنیمت کا مال۔

اَنفَت:(ع) زیان، نقصان، ضرر، خسارہ۔

اَنفَج:فائدہ۔

اِنفِجار:(ع) پھٹنا، طلوع سحر ہونا، سپیدہ دم ہونا، پانی کا رواں ہونا۔

اِنفَحَہ:(ع) پنیر۔

اِنفِراد:(ع) تنہا ہونا، تنہائی۔

اِنفِراداً:(ع) فرد کے طور سے، انفرادی طور سے۔

اَنفُس:(ع) نفس کی جمع، سانس۔

اَنفَس:(ع) نفیس ترین، گراں بہا۔

اِنفِساح:(ع) (۱) وسعت، توسیع (۲) تفریح۔

اِنفِساخ:(ع) فسخ کردینا، خارج کردینا، رد کردینا۔

اَنفَست:مکڑی کا جالا۔

اِنفِصال:(ع) جدا ہونا، سبکدوش کردینا، برخاست کردینا۔

اَنفَع:(ع) نافع کی تفضیل کل، بہت زیادہ نافع، بہت سوُد مند۔

اِنفِعال:(ع) ندامت، شرمندگی، مثال:

از بسکہ ردشد از در مقصود حاجتم
آہم ز انفعال بگردون نمی رسد

میری حاجت مرادوں کے دروازے سے کئی مرتبہ رد ہوئی اس وجہ سے کہ میری آہ شرمندگی کے باعث آسمان تک نہیں پہنچی۔

اِنفعال دادن:شرمندہ کرنا۔

اِنفعال بردن:شرمسار ہونا۔

اِنفعالاً:(ع) ندامت کے ساتھ، انفعالی حیثیت سے، چپ چاپ۔

اِنفِمام:(ع) ملنا، باہم پیوستہ ہونا۔

انفعده: پگھلا ہوا، سونا یا چاندی۔

انفکاک: جدائی، فرقت، علیحدگی۔

انفَنج: سریش۔

انفی: (ع) ناک، ناک سے ادا ہونے والا حرف۔

انفیہ: (ع) نسوار۔

انفیہ دان: نسوار کی ڈبیا۔

انقاذ: (ع) رہا کرنا، نجات دینا، یکسو کر دینا۔

انقاس: سیاہی، روشنائی۔

انقاض: (ع) انگلیوں کا چٹخنا۔

انقباض: (ع) قبض، گرفتگی،، قسمت کا ناشگفتہ ہونا۔

انقدَر: آں قدر، اتنا۔

انقراض: (ع) کٹنا، گرنا، نقصان (۲) ختم ہونا، خاتمہ۔

انقراض سلسلہ پہلویہ: پہلوی حکومت کا خاتمہ (محمد رضا پہلوی پر)۔

تاانقراض عالم: ہمیشہ کے لیے۔

انقسام: (ع) تقسیم، الگ الگ ہونا۔

انقص: (ع) ناقص کی تفضیل کل، انتہائی ناقص۔

انقضا: (ع) ختم ہونا، گزرنا، پورا ہونا۔

بعداز انقضای مدت: مدت ختم ہونے کے بعد۔

انقطاع: (ع) (قطع سے) جدائی، علیحدگی، الگ ہو جانا، کٹ جانا۔

انقطاع از زندگی: زندگی کا ختم ہونا۔

انقطریُون: کہربا۔

انقلاب: (ع) بہت بڑی تبدیلی، شورش، الٹ پلٹ۔

انقلابی: جو تحریک انقلاب میں شامل ہو۔

انقیاد: (ع) فرمان برداری، اطاعت۔

درتحت انقیاد در آوردن: اطاعت گزار بنا لینا۔

انکار: (ع) کسی بات کو نہ ماننا۔

انکاری: جس کی بنیاد انکار پر ہو۔

انکر: (ع) انتہائی قابل نفرت، بہت تکلیف دہ۔

انکِسار: (ع) عاجزی، شکستگی، خاکساری۔

انکِساف: (ع) کسُوف، سورج گرہن لگنا۔

انکِشاف: (ع) (کشف سے) کھولنا، کھلنا، ظاہر ہونا۔

انگ: (۱) پانپ، نالی، نلکی (۲) علامت اور پتا جو تجارت کے مال پر تحریر کرتے ہیں، (۳) شہد کی مکھی، شیرہ۔

انگار: **انگاشتن** = خیال کرنا، گمان کرنا۔

انگارکردن: فرض کرنا، خیال کرنا، گمان کرنا۔

انگاری کند کہ ازو بالاترکسی نیست

وہ خیال کرتا ہے کہ اس سے بلند تر شخص اور کوئی نہیں۔

انگاردَن: خیال کرنا۔

انگارِدہ: جو خیال کیا گیا ہو، فرض کیا گیا ہو،فسانہ، داستان، سرگذشت۔

انگارِش: بیان، کہانی۔

انگارِہ: (۱) تحریر کا ابتدای نامکمل کام (۲) لین دین کا کھاتا (۳) تصور فکر و خیال، افسانہ، سرگزشت۔

انگارہ کردن: شمار کرنا، اندازہ کرنا۔

انگارِیدَن: خیال کرنا۔

انگاژِہ: جولاہے کا بنائی کا کنگھا۔

انگاشتَن: خیال کرنا، فرض کرنا، گمان کرنا۔

انگام: ہنگام، وقت۔

انگامہ: ہنگامہ۔

انگبار: گلابی رنگ کے پھولوں والی بیل، اس کے پھول دوازں میں کام آتے ہیں۔

انگبین: شہد۔

انگبین خانہ: شہد کا چھتا۔

انگبینہ: جمع کیا ہوا شہد، شہد سے تیار کی ہوئی شیریں

marfat.com

خوراک۔

انگدان:انجدان:ایک پہاڑی درخت۔

انگرہ:انگور کا دانہ، شاہ دانہ۔

انگروا:بھیڑوں بکریوں کے رکھنے کی جگہ۔

انگرہ... انگرہ مینُو:اہرمن، بدی کا رہنما، شیطان۔

انگز:بیلچہ۔

انگشبہ:سرمایہ دار، سوداگر۔

انگشت:انگلی۔

انگشت بہ لب کردن:افسوس کرنا۔

انگشتِ حیرت در دہان:محو حیرت ہونا۔

انگشت برچشم نہادن:مان لینا اور دلی خواہش سے اطاعت کرنا۔

انگشتال:بیمار، علیل، دردمند۔

انگشتانہ:لوہے یا پیتل کا خول جو درزی کپڑے سیتے وقت انگلی پر چڑھا لیتے ہیں تاکہ سوئی نہ چبھے۔

انگشت پیچ:(۱) گاڑھا، شہد وغیرہ کی طرح (۲) عہدوپیمان۔

انگشتر... انگشتری:مندری جو انگلی میں پہنی جاتی ہے۔

انگشت شُمار:چند ایک۔

انگشت شہادت:انگوٹھے کے ساتھ کی انگلی۔

انگشت نُما:(۱)مشہور و معروف، (۲) بدنام ، مجرم جس پر لوگ انگلیاں اٹھائیں۔

انگشت نماشُدن:بدنام ہونا، رسوا ہونا۔

انگشت نُمائی:بدنامی، رسوائی۔

انگشت نہادن:اعتراض کرنا۔

انگشتوانہ:انگشتانہ۔

انگشتہ:لکڑی کا پنجہ نما آلہ جس سے کسان بھوسا اڑا کر دانے الگ کرتے ہیں۔

انگشتی:انگلی سے متعلق، ہند سے یا عدد سے متعلق۔

انگل:کرم جو انسان کے بدن میں داخل ہو جاتے ہیں، طفیلی، مفت خور۔

انگل:سوراخ، بٹن کا سوراخ۔

انگلیون:انجیل، کتاب نصاری، مختلف رنگوں کی سلک۔

انگم:چیری کے درخت کی گوند۔

انگنار:ایک خاص قسم کا پودا جو ترکاری کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

انگور:پھل کا نام، آب انگور:مجازاً شراب۔

انگور چین:انگور کی فصل چننے والا۔

انگور چینی:انگور کی فصل چننا۔

انگورکِ چشم:آنکھ کی پتلی۔

انگیختن:اکسانا، برانگیختہ کرنا۔ اشتعال دلانا۔

انگیز:انگیختن مصدر، سے فعل امر، ملاؤ، انگیز بطور لاحقہ بھی استعمال ہوتا ہے بمعنی سبب یا باعث، مثلاً فتنہ انگیز، جو فتنہ پیدا کرنےکا باعث ہو۔

انگیز اندن ... انگیز انیدن:انگیخت کرنا، اکسانا، برانگیختہ کرنا، اشتعال دلانا۔

انگیزش:انگیخت، اکساہٹ، اشتعال، برانگیختگی۔

انگیزہ:باعث، سبب، علت، علت غای، محرک۔

انما:(ع) اگانا، بڑھانا، نشو و نما کرنا، (۲) بات کو فاش کرنا۔

انملہ:انگلی کا سرا، انامل جمع۔

انموذج:(ع) نمونہ، اعلی نمونہ۔ عمدہ مثال۔

اننَاس:پھل کا نام۔

انوار:(ع) نور کی جمع، روشنیاں، ضیائیں، مثال:

جهان مرآة انوار جمالش
دل ہر ذرہ فانوس خیالش

کائنات اس کے حسن و جمال کی ضیاؤں کا عکس دینے

والا آئینہ ہے اور ہر ذرہ خاک کا دل اس کے خیال کا چراغ ہے۔

انواع:(ع) نوع کی جمع، قسم۔

انوَر:(ع) نیِّر کی تفضیل کل، بہت ہی زیادہ چمکیلا، نورانی۔

انوری:ایران کے نامور قصیدہ نگار کا تخلص اوحدالدین انوری۔

انُوشا:خوشی، انصاف۔

انُوشَہ:جوان بادشاہ، (۲) خوش (۳) بے زوال، جاودانی حیثیت رکھنے والا۔

انُوشیرواں:ایران کے ساسانی بادشاہ کا نام جو عدل و انصاف کی وجہ سے مشہور ہوا۔

انُوک:احمق، بے وقوف۔

انُوہِیدن:زاری کرنا، رونا۔

انِہا:(ع) خبر رسانی، اطلاع دہی، مکتوب، مراسلہ۔

اَنہار:(ع) نہر کی جمع۔

انہاض:(ع) اٹھانا،آمادہ کرنا، برانگیختہ کرنا۔

انِہتاک:(ع) ہتک، بدنامی، ذلت، خواری، رسوائی۔

انِہدام:(ع) ویران ہونا، منہدم ہونا۔

انِہزام:(ع) شکست، ہزیمت۔

انِہضام:(ع)غذا کا ہضم ہونا۔

انِہماک:(ع) کسی کام میں منہمک ہونا، محو ہونا۔

انہُوما:مشتری سیارہ۔

اَنیاب:(ع) ناب کی جمع، سامنے کے چار دانت، دو اوپر کے دو نیچے کے۔

انیِران:(۱) زرتشتیوں کے عقیدے کے مطابق نکاح کے موکل فرشتے کا نام (۲) ایران کے ہر شمسی مہینے کا تیسواں دن۔

اَنِیس:(ع) ہمدم، مونس، ہم نشین۔

انیس:اردو کے مشہور شاعر کا نام۔

انیس الغُربا:پردیسیوں یا بیکسوں پر مہربانی کرنے والا۔

انیسان:افسانہ، جھوٹی بات، بیہودہ گفتار۔

انیسُون:سونف، بادیاں۔

انِیسہ:انیس کی مونث۔

اَنِیش:جاسوس، خوشامدی۔

انِیشہ:جاسوس۔

انِین:(ع) آہ وزاری، نالہ و فریاد، صدای سوزدل۔

اُو:وہ اسم اشارہ۔

اوا:آواز۔

اواخر:آخر کی جمع، آخری حصہ، آخری ایام۔

اوار-اوارہ:کھاتا، حساب، درج کرنے کا رجسٹر۔

اوار:آگ کی گرمی، تشنگی، پیاس۔

اوارجہ:حساب درج کرنے کا رجسٹر۔

اوارِین:بدصورت، بدہئیت، بُرا۔

اواسِط:(ع) اوسط کی جمع، درمیانی حصے۔

اُوام:وام کی جمع، قرض۔

اوامِر:(ع) امر کی جمع، احکام۔

اوامرِ ملُوکانہ:شاہانہ احکام۔

اَوان:(ع) وقت، ہنگام۔

اَوانی:(ع) برتن، بصورت جمع۔

اواہ:آواہ، گنبد کی صدا۔

اوائل:(ع) اول کی جمع، پہلے دن، پہلے حصے ،شروع کے حصے۔

از اوائل تابستان:موسم گرما کے شروع سے۔

اُوبار:(ع) کھا جانا، نگلنا۔

اُوباش:(ع) بدمعاش، شریر، آوارہ، لُچا،فرومایہ۔

اُوباش صفت:جس کا کرداربدمعاشوں کا ہو۔

اوباشتن:کھانا، نگلنا۔

اوباشی:بدمعاشی، آوارگی، پستی، فرومائیگی۔

marfat.com

اُوت: اگست۔

اُوتاد: (ع) پیشوایان، رہبران، بزرگانِ طریقت۔

اوتار: (ع) وتر کی جمع، کمان کی تاریں۔

اوتاغ: (ع)اوتاق، خیمہ، کمرہ۔

اوتو:اتو- استری جو کپڑوں پر کی جاتی ہے۔

اتوکشیدن: استری کرنا۔

اوتوکش: استری کرنے والا۔

اوتوکشی: استری کرنا۔

اوثان: (ع) جمع و ثن، بُت۔

اُوثق: محکم تر۔

اَوج: (ع)بلند، بلند ترین مقام، بلند ترین ، عروج، بالا ترین، درجہ۔

اوج عظمت: بلند ترین مرتبہ، پایہ بزرگی۔

اوج وحضیض: بلندی و پستی۔

اوجاع: وجع کی جمع، درد ، آزار۔

اُوجاق: اَجاق، آتشدان، چولہا۔

اَوجَب: (ع) واجب تر، لازم تر۔

اُوچیز: کسی چیز کی ماہیئت، اصلیت۔

اَوحد: (ع) واحد، اکیلا، یگانہ، یکتا۔

اُوخ: اُخ، آہ۔

آخ و اُوخ کردن: آہ و زاری کرنا۔

اُوداء: (ع) وَدید کی جمع۔ احباب، دوستان، دوستداران۔

اُوداج: (ع) شاہر گیں، گردن کی بڑی رگیں۔

اُودَر: عمو، چچا۔

اُودِیہ: وادی کی جمع۔

اُور: کسی کے منہ پر گھونسا مارنا، نیز بد کلامی

اُورا: قلعہ، حصار۔

هفت اورای چرخ: آسمان کے سات طبقے۔

اُورا: اس کو۔

اَوراد: (ع) ورد کی جمع، اذکار۔

اُوراشتن: افراشتن، بلند کرنا۔

اَوراق: (ع) ورق کی جمع۔

این کتاب اوراق شده است: اس کتاب کی جلد پھٹ چکی ہے۔

اَورام: (ع) ورم کی جمع، سوجن۔

اُورامن: ایران قدیم کی موسیقی کی اہم دھن۔

اُوردو: (۱) لشکر، (۲) پاکستان کی قومی زبان اردو۔

اَورِدہ: (ع) ورید کی جمع، وہ رگیں جو خون کو دل کی طرف لوٹاتی ہیں۔

اوَردِیدن: لڑائی کرنا، حملہ کرنا۔

اورَس: سرو کا درخت۔

اَورَع: (ع) بہت پارسا۔

اورشلیم: یوروشلم۔

اُورک: جھولنا، جھولا۔

اُورمُزد: اہورا مزدا کا مخفف، زرتشتیوں کی زبان میں خدائے واحد۔

اُورَنجن: کنگن، چوڑی۔

اُورَند: (۱) تخت، فروشکوہ، شان و شوکت (۲)فریب۔

اورَندیدن: فریب دینا، مکروریا کرنا۔

جُزاورندیدن کار او چیست: فریب دینے کے سوا اس کا کام ہی کیا ہے۔

اُورَنگ: تخت بادشاہی، حسن، خوبصورتی، رعنائی،

www.iqbalkalmati.blogspot.com

آرائش، زیب و زینت۔

اورنگ نشیں: تخت نشیں۔

اورَنگی: موسیقی کی ایک راگنی، بارید کی تیس راگنیوں میں سے ایک۔

اورُوت: بھگونا، گرم پانی میں بھگو کر پرندے کے پر اکھاڑنا۔

اوزار: ہتھیار۔

اوزار: (ع) جمع وزر، گناہ، سنگیں بوجھ۔

اوزان: (ع) وزن کی جمع، جس سے کوئی چیز تولی جائے۔

اورایش: افزائش، بڑھنا، ترقی، اضافہ۔

اوزُوم: انگور۔

اوژندَن: پھینکنا، گرانا۔

اوژولیدَن: برانگیختہ کرنا، تحریک دلانا، اشتعال دینا، حرکت میں لانا، اکسانا، ابھارنا۔

اوس: امید۔

أوساخ: (ع) وسخ کی جمع، غلاظت،گندگی، آلائش، نجاست، کثافت۔

أوساط: (ع) وسط کی جمع، درمیانی حصے۔

اوست: أوھست، وہ ہے۔

اوِستا: زرتشتیوں کی مقدس کتاب۔

أوستاخ: گستاخ، دلیر، بے پروا، نڈر۔

أوستاد: اُستاد۔

أوستادی: استادی۔

أوستام: (۱) گھوڑے کا سازو سامان، زین، لگام وغیرہ (۲) قابل اعتماد شخص۔

أوستیم: آستین۔

اوسط: (ع) درمیانہ درجہ۔

اوسَع: (ع) وسیع کی تفضیل کل۔

اوسُون: افسون، جادُو، سحر۔

أوشال: (ع) (۱) تالاب (۲) تھوڑا تھوڑا پانی جو پہاڑ پر سے نیچے آتا ہے، (۳) آنسو۔

أوشان: افشاں۔

اوشاندن: افشاندن، بکھیرنا۔

أوشنگ: رسی جو کپڑے سکھانے کے لیے دیواروں سے باندھی جاتی ہے یا رسی جس پر انگوروں کی بیل لٹکائی جاتی ہے۔

اوصاف: (ع) وصف کی جمع، جوہر، ہنر، کمالات، عادات و حالات، صفات۔

اوَصال: (ع) وصل کی جمع، جوڑ، عضوبدن۔

أوصِیا: (ع) وصی کی جمع، وہ لوگ جن کے لیے وصیت کی گئی ہو۔

اوَضاع: (ع) وضع کی جمع، افعال، کردار، طورطریقے۔

أوضَع: (ع) واضح تر، روشن تر، آشکار تر۔

اوطاق: أطاق: گھر، گھر کا کمرہ۔

أوطان: (ع) وطن کی جمع۔

أوطراق: (ت) قلعے یا شہر کی محافظ فوج۔

أوعِیہ: (ع) وعا کی جمع، برتن، ظروف۔

أوغا: ہوا، باد۔

أوغُروق: (ع) خیمہ، کیمپ، تنبو۔

أوغور: شگون، فال۔

marfat.com

اُوف: اُف کسی تکلیف کے موقع پر منہ سے نکلنا۔

اُوفتادگان: افتادگان، افتادہ کی جمع، گرے پڑے، بے بس لوگ۔

اُوفتادَن: افتادن، گرنا۔

اُوفتادِہ: گرا پڑا، عاجز۔

اَوقات: (ع) وقت کی جمع، زمانہ، شب و روز۔

اوقات تلخ: افسردگی، آزردگی، پریشانی کے دن

اوقاتش تلخ است: وہ بہت آزردہ ہے۔

اَوقاف: وقف کی جمع، کوئی جائداد یا کوئی چیز جو لوگوں کی آسائش کے لیے وقف کی جائے۔

وزارت اوقاف: وزارت جس کے تحت وقف کی ہوئی عمارتیں ہسپتال یا اور رفاہ عامہ کی چیزیں ہوں۔

او قلیدس: اُقلیدس۔

او قیانوس: بحراقیانوس۔

اُوقِیہ: (ع) آؤنس (انگ)۔

اوگ: اَوج، بلندی۔

اوکالپِتُوس: یُوکلپٹس۔

اُوگار: افگار، خستہ، درماندہ۔

اُوگنج: پریشانی، پشیمانی۔

اوّل: (ع) پہلا۔

اوّل شخص مملکت: مملکت کا پہلا شخص۔

اوّل: شروع ہونا۔

حالااول کاراست: یہ صرف کام کا آغاز ہے۔

اوّلاً: (ع) پہلے۔

اَولاد: (ع) ولد کی جمع، بیٹے۔

اُولاغ: اُلاغ، خچر۔

اولتِیماتوم: (انگ) الٹیمیٹم، آخری تجویز یا، شرط جو منظور نہ کی جائے تو، دونوں فریقوں میں قطع تعلق ہوجاتا ہے، یا لڑائی ہو جاتی ہے۔

اُولنج: انگور کی شاخیں جن سے انگور اتار لیے گئے ہوں۔

اُولو: (ع) صاحبان۔

اولواُلابصار: صاحبان روشن ضمیر، اہل بصیرت۔

اولوالالباب: عقلمند لوگ۔

اولوالامر: فرمان دینے والے، صاحبان اختیار، فرمانروایان۔

اُولواُلعَزم: پکے ارادے والا باہمّت، فراخ حوصلہ۔

اوّلی: (ع) پہلا، اولین، اعلی۔

اَولِیا: (ع) ولی کی جمع، اہل اللہ، خدارسیدہ لوگ۔

اولیای امور: ارباب اختیار۔

اوّلِیّت: جسے مقدم ہونے کا حق حاصل ہو، فوقیت، مقدم ہونا، اول درجہ حاصل ہونا۔

اوّلین: (ع) پہلا۔

اولیں کسی کہ رفت اُوبود: سب سے پہلا شخص جو گیا، وہ تھا۔

اوّلِیہ: (ع) اوّلین، اہم۔

حقایق اوّلیہ: اہم حقایق، بنیادی حقایق، اصل حقایق۔

اوماج: **اماج**–آٹے اور گھی سے تیار کی ہوئی رقیق خوراک۔

اَوَند: برتن۔

آوِند: دھوکا فریب۔

اونیورسٹی: یونیورسٹی۔

اُوہ: فریاد کی صدا۔

اَوہام: (ع) وہم کی جمع، بے بنیاد خیالات، فضول خیالات۔

اوِیزہ: خاص، خاصہ، خالص، پاک و پاکیزہ، برگزیدہ۔

اوِیژہ: آویزہ، کان کا زیور جو لٹکا ہوتا ہو، کانٹا۔

اوِیس: (ع) بھیڑیا، گرگ۔

اُوِیش: زندگی۔

اوِیشن: ایک خوشبودار صحرائی پودا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اُوپُون: کھجلی، خارش نیز مسخرہ پن۔

آہ: کلمہ حسرت و افسوس، اُف۔

اھاہہ: آواز دینا، ڈرانا، گڈریے کا ریوڑ کو آواز دینا۔

آھار: آہار، کلف جو کپڑوں کو لگائی جاتی ہے۔

اھارزدہ: جس پر کلف لگی ہو۔

اھالی: اہل کی جمع، رہنے والے۔

اِھانت: (ع) توہین، تحقیرو سُبکی۔

اِھانت آمیز: نفرت انگیز، توہین آمیز۔

اِھتِدا: (ع) راہ راست پر چلنے کی ہدایت، مثال:

راست روانِ رہت در ظلمات طلب
رفتہ قدم بر قدم برنہجِ اِھتدا

طلب و جستجو کے اندھیروں میں تیرے راستے پر چلنے والے مسافر تیری ہدایت کے مطابق قدم اٹھاتے جارہے ہیں۔

اِھتِزاز: (ع) کانپنا، لرزہ طاری ہونا۔

اھتزاز داشتن: کانپنا، لرزہ طاری ہونا۔

اھتِزازی: تھر تھرانے کی کیفیت۔

اِھتمام: (ع) انتظام، بندوبست، کوشش۔

اِھتمام نمودن: کوشش کرنا۔

اِھداء: (ع) ہدیہ بھیجنا، ہدایت کرنا، رہنمائی کرنا، منسوب کرنا۔

اھدا نمُودن: منسوب کرنا۔

اِھدار: (ع) ضائع کرنا، پامال کرنا، برباد کرنا۔

اِھداف: (ع) ہدف کی جمع، نشانے۔

اَھَر: ایک درخت کا نام۔

اَھرام: (ع) عظیم مخروطی مجسمے، ہرم کی جمع۔

اھرام مصر: مصر کے قدیم زمانے کے مجسمے۔

اَھرمَن: اہرمن، شیطان، ابلیس۔

اَھرمن کیش: شیطان کے پرستار۔

اھرمنی: شیطنت۔

اَھل: (ع) خاندان، گھریا شہر کے افراد، صاحب، مالک، لائق، مناسبت اور صلاحیت رکھنے والا، شایستہ۔

اھل اللہ: خدا رسیدہ۔

اہلِ دانش: دانشمند، عقلمند۔

اھلِ دنیا: دنیا دار۔

اھلِ صفا: پاکباز لوگ۔

اھلِ علم: عالم لوگ، علما۔

اھلِ قلم: ادیب، ادبا۔

اھلِ کتاب: جو آسمانی کتاب پر ایمان رکھتے ہوں، جنھیں آسمانی کتاب حاصل ہو۔

اھلِ مجلس: سامعین و ناظرین۔

اھل معرفت: عارف۔

اھل معنی: ذہین، زیرک۔

اھل ہنر: فن کار، ہنر مند لوگ۔

اھلاً: (ع) خوش آمدید۔

اَھلاک: (ع) ہلاک کرنا، تباہ کرنا۔

اھلاک نفس: نفسی کُشی۔

اِھلال: (ع) چاند دیکھنا، نیا چاند نکلنا۔

اَھلّہ: (ع) ہلال کی جمع۔

اَھلی: (ع) خانگی، لکھا پڑھا، گھر سے مانوس جانور۔

اہلیّت: اہل ہونا، قابل ہونا، شایستہ ہونا۔

اَھمّ: (ع) مہم تر۔

اِھمال: (ع) کوتاہی، سستی، تغافل، غفلت، بے التفاتی، تساہل، لاپروائی۔

اِھمال کردن: کوتاہی کرنا، غفلت کرنا، تساہل کرنا، بے التفاتی کرنا۔

اھمال کار: غافل، غفلت شعار۔

اھمال کاری: غفلت، غفلت کاری۔

اَھمَر: گیدڑ۔

marfat.com

اهمیّت: قدر و قیمت، قدرو منزلت۔

خیلی اهمیّت دارد: اس کی بہت زیادہ قدر و قیمت ہے۔

اَهنامَہ: (۱)طمطراق: دکھاوا، نمائش، خودنمائی (۲)رسوائی (۳)محبت (۴)وہ چیز جو فانی ہے۔

اهتُو خوشی: پیشہ ور، اہل حرفہ۔

اهواء: جمع هوا (ع) خواہشیں، تمنائیں، آرزوئیں۔

اهوال: (ع) ہول کی جمع، خوف و ہراس، خدشات۔

اهُون: (ع) سست تر، پست تر۔

اهوِیہ: (ع) ہواو ہوس۔

اهیَب: (ع) انتہائی خوف ناک، انتہائی ہیبت، مہیب تر۔

ائتِلاف: (ع) اتحاد، اشتراک۔

ای: حرف ندا۔

ای و ای: آہ، افسوس، اے کاش۔

ایا: اے۔

ایا: آہ، افسوس۔

ایاب: (ع) واپسی، بازگشت۔

ایاب و ذهاب: واپس آنا اور جانا، ٹریفک (انگ)۔

ایادی: (ع) جمع الجمع یَد ہاتھ۔

ایار: (۱) یہودی کیلنڈر، کا دوسرا مہینہ (اپریل-مئی) (۲) شمار، شمارہ۔

ایارگیر: حساب لینے والا، محاسب۔ حساب دار۔

ایارہ: (۱)حساب کتاب کا رجسٹر، کھاتا، (۲)کنگن، چوڑی، پہنچی۔

ایاز: (۱)نسیم سحر، ٹھنڈی ہوا۔ (۲)محمود غزنوی کا غلام۔

ایازی: سیاہ پردہ جو خواتین اوڑھتی ہیں۔

أیاغ: پیالہ، کُوزہ، جام، قدح۔

أیاغ زدن یا کشیدن: لمبے لمبے گھونٹ بھرکر پیالہ خالی کر دینا۔

أیاغ خانہ: میخانہ۔

ایالت: ولایت، صوبہ، ملک کا ایک وسیع حصہ جس میں چند اضلاع یا شہر شامل ہوتے ہیں۔

ایالتی: صوبائی۔

رئیس مالیہ ایالتی: صوبائی ناظم مالیات۔

ایّام: (ع) یوم کی جمع، دن۔

ایام بهار: موسم بہار، موسم بہار کے دن۔

ایام البَیض: قمری مہینے کی تیرھویں سے پندھرویں رات جب چاندنی بہت ہوتی ہے۔

أیامی: ایَم کی جمع، غیر شادی مرد عورتیں۔

اَیبَد: آگ کا شرارہ، چنگاری۔

ایبَک: بُت، صنم۔

أیتام: (ع) یتیم کی جمع۔

دارالایتام: یتیموں کی پناہ گاہ۔

ایتگِین: صاحب خانہ، خانہ دار۔

ایتگینی: ملکیت خانہ۔

اِئتلاف۔۔اِیتلاف: (الفت سے) رشتہ ناتا، عزیزداری، قرابت، یگانگت، اتحاد۔

ائتمان: ایتمان، اعتبار، اتحاد۔

ایتُوک: مژدہ، نوید، خوش خبری۔

ایثار: بہت سخاوت کرنا، بہت کچھ دینا، دوسرے کو اپنے پر ترجیح دینا۔

ایثار نمودن: بہت کچھ دینا۔

ایجا: این جا، یہاں۔

ایجاب: (ع) واجب جاننا، قبول کرنا۔

ایجابی: (ع) قبولیت۔

ایجاد: (ع) تخلیق، کوئی نئی چیز بنانا۔

ایجاز: (ع) مختصر، اختصار و کوتاہی کلام۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ایجاز نمُودَن:اختصار کرنا، مختصر کرنا۔
ایجازاً:مختصر طور سے، مختصراً۔
ایچ:ہیچ، کچھ بھی نہیں۔
ایحا:(ع) وحی کا نازل ہونا۔
ایُخشُت:دھات کے نکڑے۔
ایَدَ:(ع) قوت، مضبوطی۔
اَیَدُاللهُ مُلکہ:اللہ اس کے ملک کو استحکام بخشے۔
ایداع:(ع) اعتبار کرنا، جمع کرنا۔
ایدَر:(۱)یہاں، اس جگہ (۲)اب (۳)دیکھ۔
ایدَری:اس جگہ
ایدُون:اس طرح، اب۔
اَیدی:(ع) ید کی جمع، ہاتھ۔
ایذا:(ع)تکلیف، آزار، اذیّت۔
ایذانمودن:اذیت دینا۔
ایذان:(ع) اذان دینا۔
ایذُون:ایدون، اس طرح۔
ایر:(۱)آلہ تناسل (۲)ایک بیماری جس سے جسم پر داغ پڑجاتے ہیں۔
ایرا:زیرا، اس لحاظ سے۔
ایراث:(ع) ورثے میں دینا۔
ایراث نمودن:ورثے میں دینے کا عمل۔
ایراد:(ع) اعتراض وارد کرنا، خوردہ گیری۔
ایرادِ دلیل:ثبوت پیش کرنا۔
چہ ایرادی باین مقالہ دارید:اس مضمون پر تمھیں کیا اعتراض ہے۔
ایرانی:ایران کا باشندہ۔
ایرانیان:اہل ایران، ایران کے لوگ۔
ایرَج:ایران کے ایک قدیمی بادشاہ کا نام۔

ایرسا:سوسن کی جڑ، قوس قزح۔
ایرک:لوگ، مردم۔
ایرمان:(۱) بن بلایا مہمان۔ (۲)حاسدانہ خواہش، آرزو، ارمان۔
ایرمان سرای:مہمان خانہ، کنایہ ہے دنیا کا۔
ایُرون:گندھک، گوگرہ۔
ایزارہ:دیوار وغیرہ سے نکلاہوا پتھر یا تختہ۔
ایزاری:تولیا، دست پاک جو کھانا کھاتے وقت کپڑوں پر ڈال لیتے ہیں۔
ایزَد:(ع) خداوند تعالی۔
ایزد پناہ:خدا کی پناہ۔
ایزد پرست:خدا پرست۔
ایزدی:خدا کی رضا سے جو چیزیں وجود میں آئی ہیں۔
ایزغُنج:بورا، گنھا۔
ایساع:(ع) وسعت، توسیع۔
ایست:کھڑا ہوجا۔
ایستا:کھڑے ہونا۔
ایستادگی:ثابت قدمی، استواری۔
ایستادی کردن:ثابت قدم رہنا۔
ایستادن:کھڑا ہونا۔
باز ایستادن:بازرہنا، دست بردار ہونا۔
بحرف ایستادن:دلائل سننا۔
ایستادہ:کھڑا ہوا۔
ایستگاہ:سٹیشن (ریل گاڑی کا)۔
اَیسَر:(ع) بائیاں، بائیں طرف۔
ایشان:وہ بصورت جمع۔
ایَشک آقاسی:بادشاہ کے دربار کا حاجب، دیوانخانے کا داروغہ۔
ایشہ:(۱)جھاڑیوں کا سلسلہ (۲)چاپلوس (۳)جاسوس۔

marfat.com

ایصاء: وصیت کرنا، نصیحت دینا، سفارش کرنا۔

ایصال: (ع) پہنچانا، پیوست کرنا۔

ایصال نمودن: پہنچانا۔

وصول و ایصال: (ٹیکسوں کا) وصول کرنا اور پہنچانا۔

ایضاً: ایسا ہی، پھر۔

ایضاح: (ع) وضاحت۔

برای ایضاح مطلب: مطلب واضح کرنے کے لیے۔

ایضاحاً: (ع) وضاحت کی غرض سے۔

ایغُدہ: ہرزہ سرا، یاوہ گو، بکواسی۔

ایغری: حیوانات کا جماع کرنا۔

ایفا: (ع) پورا کرنا۔

ایفای عہد: وعدہ پورا کرنا۔

ایفای دَین: ادا کرنا، قرض ادا کرنا۔

ایفاد: روانہ کرنا، پہنچانا، بھیجنا۔

ایقاد: (ع) روشن کرنا۔

ایقاظ: جگانا، بلانا۔

ایقاع: (ع) زیروبم، پڑھنے یا بولنے میں آواز کا اُتار چڑھاؤ، الحان، انداز

ایقان: (ع) یقین۔

ایل: (ت) منگولوں کا قبیلہ، ایلات جمع، قبیلے۔

ایل: ایک سال۔

ایلاتی: قبیلے کے لوگ۔

ایل بیگی: قبیلے کے رئیس کا نائب۔

ایلجار: کسی کام کی انجام دہی کے لیے لوگوں کا جمع ہونا۔

ایلخان: قبیلے کا سردار، اس ترکیب کا استعمال ہلاکو خان سے ہوا۔

ایلخانی: ایلخاں سے منسوب۔

ایلخی: الخی، گھوڑوں کی تعداد جو نسل کشی یا گھوڑ دوڑ کے لیے رکھی جائے۔

ایلغار: (ت) ہجوم، حملہ، یلغار۔

اَیلُول: یہودیوں کے کیلنڈر کا چھٹا مہینہ (ستمبر-اکتوبر)۔

ایلی: قبائلی۔

ایلیات: قبائل کے لوگ۔

ایم: ام کی جمع، فعل کے آخر میں ضمیر جمع متکلم کی صورت میں آتا ہے مثلاً۔ آمدہ ایم: ہم آئے ہیں۔

اَیِّم: جس کی بیوی وفات پا گئی ہو یا وہ عورت جس کا شوہر وفات پا گیا ہو۔

ایماء: (ع) اشارہ۔

ایماق: (ت) طائفہ، قبیلہ۔

ایمان: (ع) عقیدہ، یقین، شریعت اسلام پر دل سے یقین ہونا۔

ایمان آوردن: شریعت اسلام پر یقین کرنا۔

اہل ایمان: شریعت اسلام پر یقین رکھنے والے۔

ایمان داشتن: شریعت اسلام پر یقین رکھنا۔

ایماندار: شریعت اسلام کے عقیدے پر یقین رکھنے والے، مخلص لوگ۔

اَیمَد: ہل جو کاشت کے لیے جوتا جاتا ہے۔

اَیمَن: (ع) محفوظ، مثال:

چورہ گشت ایمن شود کاروان
زبہر تجارت زہر سُوروان

جب راستہ پُر امن ہو تو قافلے تجارت کی غرض سے ہر طرف رواں رہتے ہیں۔

اَیمنی: حفاظت، بچاؤ، امنیت۔

ائمّہ: (ع) امام کی جمع۔

ایمہ: (۱) ابھی، اب، (۲) بیکار، فضول۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اِین: (اسم اشارہ) یہ۔
بایں ترتیب: اس ترتیب سے۔
بنا براین: اس بنا پر۔
اینان: این کی جمع، بصورت جمع۔
اینت: یہ تیرے لیے ہے۔
اینجا: یہاں، اس جگہ۔
در اینجاتوقف کردند: اس جگہ وہ ٹھہرے۔
اینجانب: (یہ خاکسار یعنی) میں، راقم۔
اینجانب تعہدمی کنم: میں اس بات کا عہد کرتا ہوں۔
اینچنیں: اس طرح سے۔
اینسان: اس صورت میں، اس طرح۔ مثال:

بیک آمدن چو بُردی دل و جان صد چو خسرو
کہ زیداگر بدینسان دوسہ بار خواھی آمد

ایک بار آنے سے ہی خسرو جیسے سیکڑوں کے جان و دل لے لیے۔ اگر اسی طرح تم دو تین مرتبہ اور آئے تو کون جی سکیگا۔
اِینست: این است، یہ ہے۔
اِینسُو: اس طرف۔
این قدر: اس قدر۔
اِینک: (۱) یہ دیکھو، خبردار، (۲) اب۔
اِینُک: آبلہ، چھالا، چیچک۔
اِینک امچکی: (۱) گلاب کے رنگا رنگ پھول (۲) گائے کے تھن۔
اِینها: این کی جمع، یہ بصورت جمع۔
اینها مال اوست: یہ سب چیزیں اس کی ہیں۔
این همه: یہ سب۔
اِیوار: وقت عصر، شام۔
اِیواز۔۔ایوازہ: سجایا ہوا، آرائش کیا گیا، آراستہ، پیراستہ۔
ایوَاللہ: (ع) بہت خوب، میں آپ کے حق فضیلت اور حسن خدمت سے آگاہ ہوں۔
اَیوان: محل، شہ نشین، برآمدہ۔
اِیواہ: آہ، افسوس۔
ای وای: افسوس۔
اَیوُب: کام، (صبر کے لیے یہ لفظ استعمال ہوتا ہے)۔
اَیُها: (ع) اے۔
اَیُها المؤمنین: اے مومنو۔
اِیہام: (ع) وہم میں ڈالنا، تذبذب غیر یقینی۔
اَیهتان: جنگلی رای۔

ب

ب: حروف ابجد کا دوسرا حرف ہے ابجد کے حساب سے اس کے عدد ۲ ہیں۔ حرف ب کبھی لفظ می کے بجائے آتا ہے مثلاً برُوَم کے بجائے می روم۔
حرف "ب" فعل امر سے پہلے بھی لگایا جاتا ہے مثلا رَو سے، برَو، دِہ سے بدہ۔ بِیِن سے ببین، کبھی فعل ماضی سے پہلے ب لگایا جاتا ہے، مثلا گرفت سے بگرفت۔
حرف "ب" کسی اسم کے سابقے کے طور پر "کو" کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً "بمن"
مجھ کو۔ این قلم خود نویس رابمن بدہ
یہ پن مجھے دو۔ ب لفظوں کے ساتھ شامل ہوکر "پر" اور "سے" "کے یا "کی" کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً بساعت من، میری گھڑی پر، بهیچ وجہ، کسی وجہ سے۔
بخدا قسم خورد: اس نے خدا کی قسم کھائی۔ بآسانی، آسانی سے۔ بَر کے معنی میں مثلاً بموقع، موقع پر۔
با: ساتھ۔
بامن قدم بزن: میرے ساتھ چلو۔

marfat.com

باء: عربی میں حرف "ب" کا تلفظ باء کی صورت میں کیا جاتا ہے۔

با آب و تاب: بڑے ٹھاٹھ سے، بڑی آب و تاب سے۔

باآفرین: قابل ستائش۔

با آنکہ: باوجودیکہ۔

با اجازہ: اجازت سے، اجازت پاکر۔

با احترام: ادب کے ساتھ۔

با احتیاط: احتیاط سے۔

بااخلاق: اچھے اخلاق والا، خوش خلق، خلیق۔

با اَدَب: مہذب، تہذیب یافتہ، شائستہ۔

باادراک: ذہین، فہیم، ذی فہم، زکی۔

با ادّعا: خواہ مخواہ کا دعوے کرنے والا، ذاتی نمائش کرنے والا، بڑھ بڑھ کر باتیں کرنے والا۔

با ارادت: ارادت مند، عقیدت مند۔

با استعداد: ذہین، لائق، زیرک۔

با اُستُقُس: قوی، طاقتور۔

با اعتقاد: کسی عقیدے پر یقین رکھنے والا۔

با اقتدار: قدر و منزلت رکھنے والا، مقتدر۔

با امتیاز: جسے کوئی امتیاز حاصل ہو۔

باب: باپ، والد۔

باب: (ع) (۱)دروازہ (۲)کتاب کا حصہ (۳) سلسلہ، معاملہ، مسئلہ۔

درین باب چہ می فرمائید: اس معاملے میں آپ کیا فرماتے ہیں۔

باب: سید محمد علی باب جس کے پیرو بابی کہلاتے ہیں۔

بابا: باپ، دادا۔

بابا جان: پیارے والد صاحب، پیارے دادا جان۔

بابا غُوری: بابا قوری، ایک قسم کی نابینائی جس میں آنکھ کی سیاہی اور سفیدی آپس میں مل جاتی ہے۔

بابت: معاملہ، موضوع، مسئلہ۔

دریں بابت: اس معاملے میں۔

بابزَن: سیخ کباب۔

بابَک: باپ، معلم، خانگی معلم۔

بابل: (۱)عراق کا ایک قدیمی مشہور شہر جس کے کھنڈرات بغداد سے کوئی چون میل کے فاصلے پر ہیں (۲)مشتری سیارہ۔

بابلی: بابل کا رہنے والا۔

بابنیہ: جس کی بنیاد مضبوط ہو، قوی۔

بابُو: (۱)باپ (۲)درویش، قلندر۔

بابُوتہ: پانی سے بھری ہوئی صراحی۔

بابُوک: بیوقوف، احمق۔

بابُونہ: ایک خوشبودار پودا جس کی شاخیں لمبی اور پھول سفید ہوتے ہیں۔

بابہ: تھیلا وغیرہ جس میں اُون بھری ہو۔

بابی: سید علی محمد باب کے مذہب پر عقیدہ رکھنے والے۔

بابیہ: پیروان باب۔

بابیزان: کفیل، ضامن۔

بابزن: (مخفف باد بزن) پنکھا۔

بات: (۱)باتُو، تیرے ساتھ۔

باتدبیر: ذہین، زیرک، دانشمند۔

باترِہ: فرانس کا رقص جو، دف کے ساتھ کیا جاتا ہے۔

باتری: بیٹری۔

باتلاق: (ت) گل لالہ سے پرُ زمین۔

باتماشا: دیکھنے میں، دلچسپ۔

باتمکین: باوقار، سلیم الطبع، پرسکون، سنجیدہ۔

باتمیز: مہذب، شائستہ۔

باتنِگان: بادنجان، بینگن۔

باتُون: چھڑی، عصا۔

باج: خراج، محصول۔ مثال:

ظہورِ حسنِ تو امنیّتی بدّوران داد
کہ بادشاہ زرعیت نمی ستاند باج

تیرے ظہور حسن نے زمانے کو ایسا امن و سکون بخشا ہے ک بادشاہ نے بھی رعیت سے خراج لینا چھوڑ دیا ہے۔

باج دادن: خراج ادا کرنا۔

باج: زرتشی مذہب کے لوگوں کی ایک مذہبی رسم، یہ رسم ادا کرتے ہوئے خاموشی اختیار کرتے ہیں۔

باج راہ: گزرگاہ کا خراج، محصول۔

باجگذار: خراج ادا کرنے والا۔

باجِ سیل: دھمکی دے کر کچھ وصول کرنا۔

باجگیر: خراج وصول کرنے والا۔

باجِناق: (ت) باجناع، ہم زُلف۔

باجِہ: لمبی کھڑکی، جہاں سے ٹکٹ وغیرہ لیے جاتے ہیں۔

باجۂ بانک: بنک کی کھڑکی۔

باجی: (ت) ہمشیرہ، بہن، خواہر۔

باچیز: دولت مند، صاحب ثروت، امیر۔

باحِر: احمق، بیوقوف۔

باحُورک: سخت گرمی۔

باحیا: حیادار، پاکدامن، باحجاب، منکسرمزاج۔

باخبَر: ذہین، زیرک، آگاہ۔

باخبر باش: آگاہ رہو۔

باخت: نقصان، کسی کھیل میں ہار جانا۔

بُرد و باخت: جیتنا اور ہارنا۔

باختَر: مغرب۔

باختری: مغربی۔

باختِصار: مختصر طور پر۔

باختِگی: کھیل کی ہار، نقصان۔

باختَن: ہارنا، ضائع ہونا۔

دو صد روپیہ باخت: اس نے دو سو روپے ضائع کیے یا ہارے۔

باختِہ: ہارا ہوا۔

باخَسِہ: (۱)ذاتی راستہ، متعارف راستے سے مختلف راہ جس سے گھر میں آنا جانا ہو (۲)نشتر۔

باخِہ: کچھوا۔

باخِہ زن: پلستر کرنے والا، معمار۔

باد: ہوا۔

باد ازِیب: جنوب مشرق سے آن والی ہوا۔

باد بُروت: غرور، نخوت، کبر۔

باد بہارمی و زد: موسم بہار کی ہوا آرہی ہے۔

باد در آستین انداختن: خود نمائی کرنا، لاف زنی کرنا، مغرور ہونا۔

باد در سر داشتن: مغرو ہونا۔

باد شُرط: موافق ہوا، مثال:

کشتی شِکستگانیم ای بادِ شُرط برخیز
باشد کہ باز بینیم آں یار آشنارا

ہماری کشتی تو ٹوٹ چکی ہے۔ موافق ہوا چل- ہماری طرف کا رخ کر، ہو سکتا ہے کہ ہم تیری وجہ سےمنزل مراد پر پہنچ جائیں، اور اس یار آشنا کو دیکھ سکیں۔

بادِ مُراد: موافق چلنے والی ہوا۔

بادِ مخُالِف: مخالف سمت کو چلنے والی ہوا، نا موافق ہوا۔

باداد: دادگر، انصاف کرنے والا۔

باد افرا: باز خواست، انتقام، مکافات، کیفر کردار، بدی کی سزا۔

باد افشان: بھوسا ازا کر گندم کے دانے الگ کرنے والا پنجہ نما آلہ۔

marfat.com

بادام بُن:بادام کا درخت۔

بادامستان:بادام کے درختوں کے جھنڈ، جہاں بادام کے درخت ہوں۔

بادامک:گلے کی گلٹی۔

بادامِہ:(۱)پیلہ ابریشم، پیلے کا خول (۲) جس کی شکل بادام کے مغز کی سی ہوتی ہے۔

باد آورد:بغیر کوشش اور بلا امید جو چیز حاصل ہو جائے، خسرو، پرویز کے خزانوں میں سے ایک کا نام "باد آورد" تھا۔

باد آوردن:ورم ہو جانا۔

باد افشان کردن:غلہ صاف کرنا۔

بادبادک:پتنگ۔

باد بدست:تہی دست، بیکار شخص کا کنایہ۔

باد برُوت:غرور، نخوت۔

باد برین:بادصبا۔

باد بیزن:پنکھا۔

بادپا:تیز رفتار۔

باد پروا:دریچہ، گھر جو بہت ہوا دار ہو۔

باد پَیما:تیز رفتار، بیکار شخص، مفلس، دروغگو، یاوہ سرا۔

باد خَن:رہگزر باد، دریچہ، کھڑکی۔

باد خوان:خوشامدی، چاپلوس، کنایۃً، بیکار شخص۔

باد خور:ہوا کے آنے جانے کا راستہ، روزن، دریچہ۔

باد خُوردہ:بُودار، جس میں بساند یا سڑاند ہو۔

باد دار:جس میں سوجن ہو، اماس۔

باد درسر:خالی دماغ، مغرور۔

باد درکف۔۔باد درُمشت:مفلس، تہی دست، جس کے پاس کچھ نہ ہو۔

باد دست:مسرف، فضول خرچ، تہیدست، جو ہاتھ لگے خرچ کر دینے والا۔

باد دستی:اسراف، فضول خرچی۔

باد دَم:گستاخ، دیدہ دلیر، خودپسند، خودنما۔

بادَر:اہل ایران کے نزدیک شمسی مہینے کا انتیسواں دن۔

بادرام --- بادرم:خودنما، سست، بیکار، بیہودہ، بے اثر، بیہودہ کام۔

باد ران:پنکھا (باد بزن)۔

بادرِحم:باز گولہ۔

بادرس:روشندان۔

باد رنگ:ککڑی، کھیرا، خیار۔

باد رنگ:سنگترے کی قسم کا پھل، چکوترا وغیرہ۔

باد رنگ بویہ:ایک پودا جس سے دوائ تیار کی جاتی ہے سبزی کی طرح اسے پکاتے بھی ہیں۔

باد رُو۔۔باد رُوج:ریحان، نیاز بو۔

بادِ رہ:تیزی سے کی گئ تقریر۔

باد روُزہ:ہر روزہ، وہ چیز جس کی حاجت ہر روز ہو۔

باد ریس:بادریسہ: تکلے کا گھومنا۔

باد زدگی:زور کا جھونکا۔

باد زدہ:سرما زدہ۔

بادزن:پنکھا (باد بزن)۔

بادژ:(۱) بدن پربہت زیادہ سرخی کا آنا۔ (۲)جذام ہونے کا احساس۔

بادسار:سبک سر، بے وقار شخص۔

بادساری:سبک سری۔

بادسر:متکبر، مغرور۔

باد سُرخ:ایک بیماری جس سے رنگ سرخ ہو جاتا ہے۔

بادسَری:تکبر، غرور، نخوت۔

باد سَنج:(۱) خیالی امیدیں لگانے والا، خودبین، متکبر،(۲)ایک آلہ جس سے ہوا کے دباؤ کا اندازہ لگایا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جاتا ہے، میزان الریاح۔

بادسوار: گھوڑے کا سوار، تیز گھوڑا۔

بادسیر: تیز، تیز رفتار، ہوا کی سی تیزی کے ساتھ چلنا۔

باد سین: نرس، دودھ پلانے والی عورت۔

باد شکن: دافع ریاح دوائی۔

باد غَد: بادغَر ، باد غرد ، باد غند: ایسی جگہ جو چاروں طرف سے ہوا کی زد میں ہو، گرمایٔ قیامگاہ۔

باد فر: اپنے گرد گھومنے والا پنکھا، فرفرہ۔

باد فرہ: مکافات، کیفر کردار۔

باد کردگی: سوزش اور ورم، جلن، سوجن۔

باد کردِہ: سُوجا ہوا، جسے آماس ہو۔

باد کِردار: تیز۔

بادکَش: ہوا کے نکلنے کا سوراخ۔

بادکشِ معدَن: کان سے ہوا کے خارج ہونے کا ذریعہ۔

بادکُن: مغرور، شیخی بگھارنے والا۔

باد کُنک ...**بادکُنَہ:** بلیڈر۔

بادگان: محافظ، سرپرست، خزانہ دار۔

بادگانہ: کھڑکی۔

بادگرد: گردباد، طوفان باد۔

بادگرد: جس کا رخ ہوا سے بدل گیا ہو۔

بادگلو: حلق سے نکلنے والی آواز ، ذکار۔

بادگند: ہرنیا ،فتق کی بیماری۔

بادگیر: روشندان۔

با دِل: دلدار، دلاور، صاحب دل۔

بادِ مُفاصِل: جوڑوں کا درد۔

بادنج: ناریل۔

بادنجان: بینگن۔

بادنما: ہوا کا رخ بتانے والا آلہ۔

باد نوا: گونج۔

بادوام: بہت دیر تک قائم رہنے والا۔

بادُو ہید: بیکار چیز۔

بادو دَم: کبر و نخوت، غرور۔

بادہ: شراب۔

بادہِ پَرست: شراب کا متوالا۔

بادہِ پیما: شراب پینے والا، شراب کا اندازہ کرنا۔

بادہ پیمای: شراب نوشی۔

بادہِ گسار: عادی شراب نوش۔

بادہ گساری: عادت کے طور سے شراب پینا۔

باد ہلِج ...**بادہنج:** بادگیر، روشندان۔

بادھوا: (۱)جس کا کوئی وجود نہ ہو، جھوٹا وعدہ۔

بادی: جہاں ہوا ہو۔

آسیاب بادی: ہوا کے ذریعے چلنے والی چکی۔

بادی: (ع)شروع، آغاز، شروع کرنے والا، بانی۔

بادیان: سَونف۔

بادیاوَند: مضبوط، مستحکم۔

بادیاوَندی: مضبوطی ، استحکام۔

بادیج: چرمی موزہ، چمڑے کا ساق پوش، پنڈلیوں تک چڑھانے والا چمڑے کا موزہ۔

بادِیر: ستون۔

بادِیہ: (ع) جنگل۔

اھل بادیہ...**اھل البادیہ:** بدّو، خانہ بدوش۔

بادیہ نشین: جنگل میں زندگی بسر کرنے والے۔

باذل: (ع) سخی، فیاض، کھلے دل سے سخاوت کرنے

marfat.com

والا۔

باذوق: اہل ذوق کسی چیز یا فن کا اچھا ذوق رکھنے والا۔

بار: (۱)بوجھ (۲)جانور پر لدا ہوا سامان (۳)پھل (۴) پردے میں ڈھکا ہوا۔

بار آوردن: پھل لانا، درخت پر پھل آنا۔ مثال:

درختی که کشتند در روزگار

بسی آورد میوه نغز بار

درخت جو کسی وقت لگایا گیا تھا، وہ بہت عمدہ پھل دے رہا ہے۔

بار: رسائی، پذیرائی، مثال:

آشنایان را بدین معنی برند

درسرائی خاص بار عام نیست

آشناؤں کو محبوب کی خاص سرائی میں اس لیے لےجاتے ہیں، کہ ان کے سینے عشق و محبت سے سرشار ہیں، وہاں عام لوگوں کی رسائی نہیں ہوسکتی۔

باریابی: رسائی، داخلے کی اجازت۔

باریافتن: داخل ہونے کی اجازت پانا۔

بار: شراب خانہ۔

بار: مرتبہ، دفعہ۔

باردیگر: دوسری مرتبہ۔

بارسفربستن: رخت سفر باندھا۔

بارِکج بمنزل نمی رسد: (محاورہ) دھوکے کا مال منزل تک نہں پہنچتا، دیانتداری ہی بہترین طریقہ زندگی ہے۔

بارھا: کئی بار۔

بار: باریدن = برسنا سے فاعلی صورت میں آیا ہے، مثلاً:

اشکبار: آنسو برسانے والی (آنکھ)۔

بارآب: مصنوعی طریقے اختیار کرکے پیدادار بڑھانا۔

بارات: برات۔

باران: بارش۔

باراندار: مال گودی، سامان اتارنے کی جگہ۔

باران ریز: پرنالہ۔

باران زدہ: کوئی جنس جو بارش کی وجہ سے خراب ہوگئی ہو۔

باران سنج: بارش کی مقدار ناپنے کا آلہ۔

بیخ ظلم را برکند:ظلم ختم کر دیا

برگہ:پانی کا حوض، تالاب

برکی:اون کی ٹوپی، اون کا لبادہ جس کے ساتھ اونی ٹوپی بھی ہوتی ہے، درویشی کلاہ:مثال:

حاجت بکلاہ برکی داشتنت نیست
درویش صفت باش و کلاہ تتری دار

درویشی کےلیے درویشوں کی سی اونی ٹوپی پہننے کی ضرورت نہیں تمہیں اپنے اندر درویشانہ صفات پیدا کرنی چاہئیں ٹوپی خواہ تمہاری امیرانہ ہی کیوں نہ ہو

برگ:(۱)پتّا، (۲)ہتیار (۳)مال و دولت (۴)اسلحہ (۵)توجہ

برگِ تمبُول:پان کا پتّا

برگ خور:پتے کھانے والا حیوان

برگ دادن، برگ کردن:چھوڑ دینا

برگِ سبزاست تحفہ درویش:اس فقیر کا تحفہ تو سبز پتّا (معمولی چیز) ہی ہے

برگِ گل:گلبرگ، پھول کی پتی

برگ ہائی شِناور:تیرنے والے پتے جو سطح آب پر نشوونما پائیں

برگدُم:ڈنٹھل

برگذار: معمولی سا تحفہ

برگذار کردن: انجام دینا، مطمئن ہونا، مکمل کرنا

برگرد: ارد گرد

برگردان: مصرع جو ترجیع بند کے ہر بند کے آخر میں آئے (۲) روکنا، ضبط کرنا، باز رہنا (۳) سیاہ کاغذ جس پر پنسل سے لکھنے سے اس کا نقش دوسرے کاغذ پر آجاتا ہے

برگرداندن: منہ پھیر لینا

روی خود را از من برگرداند: اس نے میری طرف سے منہ پھیر لیا

برگرفتن: گرفتن، پکڑ لینا، لے لینا، اٹھا لینا، کسی چیز کو زمین سے اٹھانا

برگ ریز: پتے گرنا

برگ ریزان: موسم خزاں جس میں درختوں کے پتے خشک ہو ہو کر گرنے لگتے ہیں

برگ ریزی: پتے گرنا

برگزیدگان: برگزیدہ لوگ، ممتاز لوگ، منتخب (برگزیدہ کی جمع)

برگزیدگی: خوبی، نفاست، عمدگی

برگزیدن: چننا، انتخاب کرنا،

برگزیدہ: با امتیاز، منتخب، چنا ہوا

برگس، برگست: حاشا، معاذاللہ، پناہ بخدا

برگ سبز: کم تر، کم تر درجے کی چیز، کسی کو تحفہ دیتے وقت یہ کہا جاتا ہے

برگ سبز است تحفہ درویش: یہ معمولی چیز ہی اس حقیر کا تحفہ ہے۔

برگستوان: اسلحہ، منہ ڈھانپنے کا مخصوص اسلحہ

برگشت: رجعت، واپسی

برگشتگی: الٹی حرکت، پیچھے کو مڑنا

برگشتن: واپس آنا، لوٹنا، بدلنا، تبدیلی پیدا ہونا،

برگشتہ: پھرا ہوا، واپس آیا ہوا، بدلا ہوا، سرنگوں

برگشتہ اختر: بدنصیب

برگشتہ حال: پریشان حال، بد نصیب، مصیبت زدہ

برگشتہ طالع: بد نصیب

برگماشتن: گماشتن، نصب کرنا، مقرر کرنا

برگ و ساز: ذرائع دولت، سازوسامان، بہتات، فراوانی

برگ ونوا: ذرائع، وسائل معاش

برگہ: (۱) کاغذ کا ٹکڑا جس پر کتاب یا کسی چیز کا نام لکھ کر اسے چسپاں کیا جائے (۲) وہ پٹی وغیرہ جس میں کپڑے باندھے جائیں (۳) کچھ حصہ

برگہ دُزدی: چوری کی چیزوں کا کچھ حصہ

برلیان: برلینٹ (انگ) کا مفرس، چمکدار، درخشندہ، بُراق، چمکدار الماس، زیرک

برم: چشمہ، تالاب

برماس: لمس، چھونا، چھوا جانا، ملنا

برماسیدن: چھونا، ملنا

برمال: ازان، طرز پرواز، دوز جانا

برمال زدن، برمال کردن: پرواز کر جانا، بھاگ جانا

بردار و برمال: ایسے شخص کا کنایہ جو کسی جگہ سے چیز اٹھا لے اور بھاگ جائے

برمالیدن: (۱) کسی چیز کو لپیٹنا (۲) آستین چڑھانا، بھاگنا

برمایُون: دولت مند، صاحب ثروت

برمَچیدن: ہاتھ ملنا، چیز سے ہاتھ اٹھا لینا

برمَخیدن: خود سری، نافرمانی، ماں باپ سے نافرمانی کرنا

marfat.com

برمَر: امید، انتظار

برمَک: برامکہ (جو خلفائے عباسیہ کے وزرا تھے) کے جد امجد کا نام

برمکی: برمک کے خاندان کے افراد

برملا: واضح، آشکار، سب پر ظاہر، علانیہ

برملا افتادن: سب پر واضح ہو جانا

برملائی: علانیہ

بر مَنِشی: تکبّر، خود پسندی

برمُودہ: چیز، کوئی چیز

برمِیل (ع) بیرل، نالی، پیپا، سرکاری گیلن

بر مِیو: سوزاک کی بیماری

برنا: (۱) جوان، آغاز شباب، عنفوان شباب (۲) شُستہ، خوش اسلوب

برناس: غافل، غفلت، جہالت، جہل، لاعلمی، ناواقفیت، مثال:

نامہ ہاپیشِ تو ہمی آید
ہم زبیدار دل ہم از بر ناس
(ناصر خسرو)

خط تمہارے پاس آتے ہیں ان میں سے بعض بیدار دل لوگوں کے ہوتے ہیں اور بعض غافل لوگوں کے

برناساہ: لوگ، آدمی

برنامہ: پروگرام، نمونہ، لائحہ عمل، عنوان، دیباچہ، نصاب، دستور

برنائی: جوانی، عنفوان شباب

بِرنج: چاول

غذای برنج دار: چاولوں والی غذا

بِرنج: پیتل

بِرنج زار: دھان کا کھیت

بَرنجَن، ابرنجن: خلخال، پازیب، خواتین کے کنگن، چوڑیاں

برنجی: پیتل کا بنا ہوا

بَرند: پَرَند، پرندہ

برَنداف: تسمہ، رودہ

برَندک: پہاڑی، پشتہ

بُرندہ: کاٹنا، کاٹنے والی چیز، بہت تیز

تیغ برندہ: بہت تیز تلوار

بَرندہ (۱) قاصد (۲) جیتنے والا، لے جانے والا

برَندہ: پرندہ

بُرنز: کانسی (دھات)

بُرنُس: کلاہ دراز، پاد ریوں کے سر پر پہننے کا ہُڈ، کلاہ درویشی

برنِشاندن، نشاندن: بٹھانا، کسی کو جگہ پر بٹھانا

برنِشستَن: سوار ہونا

برنشِین: وہ عورت جو بچہ جننے والی عورت کی نگہداشت کرتی ہو

برَنگ: جرس، گھنٹی

برنُو: عمدہ سلک، نرم و ملائم دیبا

برنی: چھوٹا برتن جس میں مٹھائی رکھی جاتی ہے

برنیان: پرنیان، گل دار سلک

برنِیش: قولنج، درد شکم، اسہال

برُو: ابرو کا مخفف

بروات: برات کی جمع، چیک کے ذریعے، چیک سے متعلق، ذرافت سے متعلق

برواز: (بھروسا، اعتماد)، کافی، آرام، سیرا

برواق: سوسن سی قسم کا پودا، سدا بہار پھول،

برونُوم: بیابان

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بُرُوت: مونچھیں

بُروج: برج کی جمع

بُرُودت: سردی، خنکی

بُرُودرماندن: شرم کی وجہ سے یا مجبوری کی وجہ سے کوئی کام کرنے پر آمادہ ہونا

این کار را نمی خواستم بکنم، برو درماندم، قبول کردم: میں یہ کام کرنا نہیں چاہتا تھا مجبوراً اسے اپنے ذمے لے لیا

بُرودری: کشیدہ کاری، سوزن کاری، نقش کاری، زردوزی

برَوَر: کنارہ، کنّی، کور

برُوز: نظر آنا، ظاہر ہونا، نمایاں ہونا، آشکار ہونا

برُوزدادن: افشا کرنا، ظاہر کرنا، فاش کرنا

اسرار مارا بروزداد: ہمارے راز کو اس نے فاش کر دیا

برُوشان: امت، مومنین

برُوشك: گردوغبار، خاک

برُوقه: دستار، پگڑی، کمر کو باندھنے والی پیٹی

برُومند: خوش قسمت، کامیاب، کامران، ثمر آور، بارآور، زرخیز، سیر حاصل،

برومندی: باروری، کامیابی، زرخیزی

برون: بیرون کا مخفف، باہر

برُون: برائے، واسطے

برونِ تو: تیرے لیے، تیری خاطر

بُرون: اونٹ کی نکیل

برون بر: رسدار پھل کا بیرونی پرت

برون سرا: مصنوعی سکے، غیر قانونی سکے

برویّ: اس پر

برَہ: میمنا، بھیڑ کا بچہ

برہات: وقت کا کچھ حصہ

بُرہان: (ع) دلیل، ثبوت، بحث، اثبات، استدلال

برہان قاطع: (ع) قطعی ثبوت، دلیل قاطع، لغات فارسی جس کا مؤلف محمد حسین المتخلص بہ برہان ہے

برُہانی: قطعی، یقینی، فیصلہ کن

برہت: وقت کا کچھ حصہ

برھَختَن: ادب سکھانا، تربیت کرنا، غور و فکر کرنا

بر ہختہ: تربیت یافتہ

برہم: زیر و زبر، مخلوط، پریشان

برہم زدن: بہم زدن، پریشان کرنا، زیر و زبر کرنا، توڑنا، نظم و ضبط بگاڑنا، درہم برہم کرنا،

مثال:

شرّپنہانست اندر زیر و بم
فاش اگر گویم جہان برہم زنم

میری اونچی نیچی سروں میں جوراز پوشیدہ ہے اگر میں اسے ظاہر کردوں تو جہاں درہم برہم ہو جائیگا

برہم خوردن: پریشان ہونا

برہم خوردگی: عارضی علالت، طبعیت کی ناسازی، عارضہ، شکایت، بے رغبتی، بیدلی

برہم دیگر: بہم دیگر، ایک دوسرے کسے ساتھ

برہمن: ہندوؤں کی ایک ذات جنھیں مذہبی حیثیت میں بلند مرتبہ حاصل ہے

برَہنگی: عریانی

برَہنہ: عریاں، ننگا

برہنہ پا: ننگے پاؤں

برہنَہ خوشحال: بلاوجہ خوشی منانے والا، افلاس یا ناداری کے باوجود خوش رہنے والا

برہنہ گو: آزادانہ بات کرنے والا، کھلم کھلا بات کرنے

marfat.com

والا

بَرہُوت:ایک وادی اور گہرے کنویں کا نام جو وادی حضرموت میں ہے، کہتے ہیں کہ یہ خبیث روحوں کا مسکن ہے

برہُودن:جھلسنا، جھلسانا، داغ پڑ جانا

برہُون:دائرہ، پیٹی، پٹکا، کمر کی ڈوری، حلقہ، گھیرا، باز، گلو بند، چمپا کلی

بربیختَن:ادب کرنا

بُرھہ:وقفہ،

بَری (ع) صاف، محفوظ، پاک

از گیاہ بری:گھاس وغیرہ سے پاک

بری الذمّہ: کوئی ذمہ داری نہ ہونا

بریان:بُھنا ہوا، تلا ہوا

بریّت:(ع) خلق، مخلوق، مردم، لوگ، برایا جمع

بریجن:تنور

بَرید:پیغام بر، قاصد، نامہ بر،

بُریدگی:کاٹ، شگاف

بُریدن:کاٹنا، جدا کرنا، ٹکڑے کرنا قینچی یا چھری سے

بُریدہ:کاٹا ہوا

بُریدہ دُم:دم بریدہ، جس کی دم کٹی ہو

بُریدہ زبان:جس کی زبان کٹی ہو، جو بول نہ سکے، جس کی زبان بند ہو

بُریدہ گوش:کان کٹا

بریزن:چھلنی، غربال

بریشم:ابریشم، ریشم، سلک

بریغ:خوشۂ انگور

برین:برکی تفضیل کل، سب سے اونچا سب سے اعلی، بالاتر (بہشت برین)

برین:بر این، اس پر

بُرین:ٹکڑا یا قاش خربوزے، یا کسی اور پھل کی

بُرینش:قطع و برید، کاٹ چھانٹ

بَز:سوتی کپڑا

بُز:بکرا، بکری

بُز کوہی:پہاڑی بکرا

بز گیرآوردن:منفعت بخش سودا کرنا

بزاز:کپڑے کا کاروبار کرنے والا

بزازی:کپڑے کا کاروبار

بُزاق:لعاب دہن

بُزباز:بکری بکرے کو نچانے والا

بَزباش:سبزی اور گوشت کی یخنی

بُزبہا:کم قیمت کا

بزچَران:بکریاں چَرانے والا

بُزداغ:آلہ جس سے تیغ وغیرہ کا زنگ دور کرتے ہیں

بُزدِل:ڈرپوک، کم ہمت

بزدلی:کم ہمتی

بُزدُودن:بکری کا دودھ دہنا

بزَر:بیج جو کاشت کےلیے بوے جاتے ہیں

بُزُرجمہر:ایران کے ساسانی بادشاہ نوشیرواں کا وزیر

بُزرک:السی کے بیج، چھوٹے چھوٹے بیج

بزرکار:بیج بکھیرنے والے کسان، کاشتکار

بُزُرگ:عمر رسیدہ، عالی نسب، عالی خاندان، شریف زادہ

بزرگ داشتن:احترام کرنا

بزرگ وکُوچک:بڑے چھوٹے

بزرگانہ:قابل احترام بزرگوں کی طرح

بزرگ تن:بڑے جسم جثے والا، لحیم شحیم، بڑا موٹا

بزرگ داشت: کسی کا احترام کرنا

بزرگ زادگی: بزرگوں کی اولاد ہونے کا شرف

بزرگ زادہ: شریف زادہ، عالی نسب

بزرگ سال: بڑی عمر کا، عمر رسیدہ

بزرگ طبع: بزرگ منش: بلند ہمت، بلند نظر، بزرگانہ صفات کا اہل

بزرگ ہمت: عالی ہمت

بزرگی: برتری، عزت و وقار، شرافت

بُزشم: بزوشم، بکری کے بال

بزَغ: مینڈک، غُوک

بُز غالہ: بکری کا بچہ

بزغَم: ببول کا درخت

بزَغَسمہ: وہ سبز مرکب جو پانی کے کناروں پر جمع ہو جاتا ہے، کائی

بُزغُنج: پستے کی طرح کے دانے جن میں مغز نہیں ہوتا، ان سے چمڑا رنگنے کا کام لیا جاتا ہے

بزغَہ: چھپکلی کی طرح کا جانور

بُزك: بکری کا بچہ

بزَك: آرائش، سجاوٹ

بزك کردن: سجانا، آراستہ کرنا

بُزگلہ: بکریوں کا ریوڑ

بزَل: (۱)دستک دینا، (۲)پھاڑنا (۳)بد نصیبی

بزم: جشن، مہمانی، مجلس عیش و نشاط، بادہ گساری، تقریب، مجلس

بزم آرا: مجلس یا تقریب کو آراستہ کرنے والا

بزم گاہ: عیش و نشاط کی مجلس، جہاں کوئی تقریب یا دعوت ہوتی ہے

بُزمان: بدمست، شرابی

بُزمانند: بکری کی طرح

بزماوَرد: دعوت سے لائی ہوئی چیزیں

بُزمَچہ: چھپکلی

بزم نشین: مہمان، دعوت میں شریک

بُزموی: بکری کے بال

بزَن: بہادر، شجاع

بزن بہادر: بہت بہادر

بزَنگاہ: (۱)کسی کام کے کرنے کا وقت، (۲)نازک وقت (۳)ٹکرانے کا وقت (۳)چوروں اور رہزنوں کی جگہ

سر بزنگاہ: عین موقع پر

بزُودی: جلدی سے

بُزور: زور سے، طاقت سے

بُزور: بزرکی جمع، بیج

بُزوَش: بکری کے بچے کی طرح

بُزُوشم: بکری کے بال

بزِہ: گناہ، خطا، جرم

بزِہ کار، بزہ مند: گنہگار، خطا کار، مجرم

بُزی: بکری کی طرح

بز بچہ: میمنا، بز غالہ، بکری کا بچہ

بَزیدن: وزیدن، ہوا کا چلنا

بزیُون: زربفت کا کام، کمخواب، کامدانی

بژ: شبنم

بژ گُول: ہوشیار، چالاک،

بژَن: حوض کی تہ کی گاد

بس: کافی

از خدا ترسم و بس: میں خدا سے ڈرتا ہوں اور بس،

بس کردن: رک جانا، ٹھہر جانا

بسا: بہت سے، متعدد: مثال:

marfat.com

ای بسا آرزو که خاک شده: بہت سی آرزوئیں تھیں جو خاک میں مل گئیں

بَساتین: (ع) بستان کی جمع، باغ، گلزار، چمن زار

بسارُوب: خوشہ چینی

بسارِدہ: زمین جس کی کاشت کےلیے آبپاشی کی گئی ہو

بِسارَہ: ایوان، صفّہ

بِساط: (ع) (۱) دری، بستر (۲) چیزوں کی نمائش برائے فروخت

بَساطَت: (ع) (۱) سادگی، بلا تکلف (۲) شیرین زبانی، لطیفہ گوئی

بَسالَت: (ع) دلیری، شَجاعت، دلاوری

بَسّام: (ع) بہت ہنسنے والا

بِسان: طرح، مانند، مثال:

ہوا شد تیرہ و گریان بسانِ دیدہ وامق
زمین شد تازہ و خندان بسان چہرہ عذرا

ہوا تیرہ وتار ہے گھرے بادل چھا گئے ہیں اور بارش ہو رہی ہے وامق کے آنسوؤں کی طرح، زمین تازہ وشاداب ہے، پھول شگفتہ ہیں عذرا کے چہرے کی طرح

بسانیدن: پانی دینا، آبیاری کرنا

بساوای: پنجگانہ حواس میں سے ایک حس جس سے انسان گرمی، سردی، سختی، نرمی کو محسوس کرتا ہے، قوت لامسہ

بساوِیدن، ساوِیدن: ہاتھ لگانا، چھونا، ہاتھوں سے ملنا

بَسپایَك، بسپایہ: کئی پاؤں والا، مثلاً ہزار پا

بَست: (۱) باندھنا (۲) پناہ، پناہ گاہ، وہ جگہ جہاں کوئی کسی خوف کی وجہ سے یا کسی مصلحت کی وجہ سے پناہ حاصل کرتا ہے اور وہاں سے کوئی اسے پکڑ نہیں سکتا

بست شدن: پناہ حاصل کرنا

بُستاخ: گستاخ

بُستار: سست، کاہل

بُستان، بوستان: باغ (بساتین جمع)

بستان افروز: گل تاجِ خروس، مرغ کی کلغی جیسا پھول

بستان بان: باغبان

بستان پَیرا: باغبان

بستانچی: مالی، باغبان

بستان سرا: گھر کا باغ یا باغیچہ، وسیع گھر جس میں بہت سے پھولوں والے پودے اور درخت ہوں

بُستان شیرین: قدیم ایرانی موسیقی کی ایک دُھن

بُستانکار: طلبگار، کوئی شخص جو کسی سے رقم یا کوئی چیز مانگے، قرضخواہ

بستان کاری، طلبگاری: کسی سے رقم یا کسی چیز کی طلب کرنا

بُستاوَند: ناہموار زمین

بستَدَن: کوئی چیز لینا

بِستَر: بچھونا، رخت خواب

بستر آہنگ: رضای، لحاف وغیرہ

بِستَری: بستر ہی میں پڑا رہنے والا، بیمار، کاہل

بستری شدن: بیمار ہو جانا

بَستگاہ: جائے پناہ، مامن، مقدس مقام، جہاں کوئی کسی خوف یا مصلحت کی وجہ سے پناہ لے اور وہ وہاں ہر طرح سے محفوظ ہو

بَستِگی: قرابتداری، رشتے داری، تعلق خاطر، پختگی، ارتباط

بَستَن: باندھنا، روکنا، منجمد ہونا

باربستَن: سامان باندھنا

خیال بستن: سوچنا، غور و خوض کرنا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دل بستن:بھروسا کرنا، اعتماد کرنا

بستنگاہ:مستقل زنجیر دار بند جس سے جہاز انکاتے ہیں، لنگر

بَستَنی:آئس کریم (انگ)

بَستُو:مٹی کا برتن، سُبو، روغنی پیالہ

بَست و بند:باندھنا، کپڑے وغیرہ لپیٹ کر تسمے سے باندھنا

بستُوہ:خستہ، درماندہ

بستہ:بندھا ہوا، جما ہوا، پشتارہ، بقچہ، گٹھڑی، بنڈل، پارسل (۲)قیدی (۳)قرابتدار

بستہ رَحِم:بانجھ عورت

بستہ زبان:جو بول نہ سکے، جسے کچھ کہنے کی اجازت نہ ہو

بستہ میان:تیار، آمادہ

بستہ نگار:ایرانی موسیقی کی ایک سُر

بُسَّد:مرجان، مونگا

بَسدَک:گندم یا جَو کی کٹی ہوئی فصل

بُسَّدِین:مرجان کے رنگ کا

بُسر:(۱)ہر تازہ اور نئی چیز، (۲)تازہ کھجور جس کا رنگ زرد ہو اور ابھی پوری طرح پکی نہ ہو، نارسیدہ کھجور

بَسَر آمدن:مکمل ہو جانا، تمام ہو جانا، تکمیل کو پہنچنا

بسر آوردن:پایہ تکمیل تک پہنچانا

بسربردن:مکمل کرنا

بسر درآمدن:ٹھوکر لگنا، تھر تھرانا، گر پڑنا

بسر دوِیدن:کنایہ ہے کسی کے امر یا حکم کے اجرا میں بہت تیزی کرنا

بسط (ع) توسیع، ترقی، نمو، ارتقا، وضاحت، تشریح

بسط دادن:وسعت دینا، پھیلانا، ترقی دینا، وضاحت کرنا

بسطت:(ع) فراخی، وسعت، کشادگی

بسفایج:ایک پودے کی جڑ جو لمبی، باریک اور گرہ دار ہوتی ہے اس کے اردگرد ریشے ہوتے ہیں، پودا اس کا چھوٹا اور پتے اس کے خاکستری رنگ کے ہوتے ہیں یہ پودا چٹانوں اور دیواروں کے ساتھ اگتا ہے

بسک:گندم یا جو کی کٹی ہوئی فصل

بسکلہ:لکڑی کا ٹکڑا جو دروازہ بند کرنے کےلیے دروازے کے پیچھے لگایا جاتا ہے

بسگوئی:پرگوئی، زیادہ باتیں کرنا، طوالت پسندی

بسَّل:ارزن، باجرا

بسلِہ:چنے

بِسم (ع) با اسم، نام سے

بِسم اللہ:اللہ کے نام سے

بِسمِل:ذبح کیا گیا، قربان کیا گیا، زخمی، گھائل، کسی جانور کو بسم اللہ کہہ کر ذبح کیا جاتا ہے، اس لیے ذبح ہونے والے جانور کو بسمل کہتے ہیں

نیم بسمل:جانور جسے تازہ ذبح کیا گیا ہو ابھی اس میں تڑپ باقی ہو

بسمل کردن:ذبح کرنا

بسمل گاہ:ذبح خانہ

بسملِہ:(ع) بسم اللہ الرحمن الرحیم کا مخفف ہے

بسَند:کافی، مکمل

بسَندِہ:کافی، تمام، بس

بُسُوتِہ:زلف، گیسو

بسُودن:سودن، ملنا، رگڑنا، ہاتھوں کو ملنا، پیسنا

بسُورِیدن:ملامت کرنا، برا بھلا کہنا

marfat.com

بسُوق: لبانی، طوالت

بسہولت: آسانی سے

بسُوی: طرف

بسی: بہت

بسیار: بہت سے، متعدد

بسیاران: بسیار کی جمع، بہت ہی زیادہ

بسیار خواب: پر خواب، بہت سونے والا

بسیار خوار: بہت کھانیوالا، پیٹو

بسیار دان: بڑا عالم، دانشمند

بسیارفن: بہت سے فن جاننے والا

بسیار گو: پرگو، بہت باتیں کرنے والا

بسیار ہوش: بہت ذہین، زیرک، ہوشیار

بسیاری: بہت سے، کثرت، زیادتی، وفور، فراواں

بسیج: (۱) قصد، ارادہ، تہیہ، منصوبہ بنانا، سازوسامان، مثال

بسیج سخن گفتن آنگاہ کن
کہ دانی کہ در کار گیرد سخن

بات کہنے کا ارادہ اس وقت کر جب کہ تجھے معلوم ہو کہ اس بات کا کوئی اثر بھی ہو گا

بسیجیدن: قصد کرنا، ارادہ کرنا، آمادہ کرنا

بسیط: (ع) وسیع، فراخ، جامع، حاوی

بحربسیط: (۱) بہت وسیع سمندر (۲) اشعار کا ایک بحر

بسیل: مانع، مزاحم، رکاوٹ پیدا کرنے والا

بسیم: ہنسنا، خوش ہونا، خندہ رو، کشادہ رو

بش: با او، اسے

بش: پیوند، دھات کا پیوند جو ٹوٹے ہوے برتن کو لگایا جاتا ہے

بَش: گھوڑے کی گردن کے بال، یال

بشار: گرفتار، پابند، کوٹا ہوا، سونے یا چاندی کا جڑاؤ کام

بشارَت: (ع) اچھی خبر، خوش خبری، مژدہ

بشارت دادن: خوشی کی خبر لانا

بشارت رسان: خوش خبری لانیوالا

بَشّاش: (ع) خوش، خندہ رو، با چھرہ بشاش چھرے پر خوشی کے آثار لیے ہوئے

بشاشَت: (ع) خوشی، تازگی، کشادہ روئ، چھرے پر خوشی کے آثار

بشام: شہتوت کی طرح کا موٹا درخت

بُشاوَرد: پشتہ، نا ہموار زمین

بَشتَر: حضرت میکائیل کا نام

بُشتَرَم: جلد کی بیماری جس میں جسم پر سرخ دانے نکل آتے ہیں اور خارش بہت ہوتی ہے

بُشتَرہ: چنگال، کانٹا

بُشتک: مٹی کا کوزہ

بشخصہ: ذاتی طور سے

بشدّت: سختی کے ساتھ

بشَر: آدمی

نوع بشر: نسل انسانی

بشر دوست: انسان دوست، ہمدرد، غمخوار

بشر دوستانہ: ہمدردانہ

بشر دوستی: ہمدردی، غمخواری

بشر شناسی: بشریات، انسانیات، علم الانسان، انسانوں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کا فعلیاتی اور نفسیاتی علم

بشَرہ:جھلی، بالائی پوست، ظاہری شکل، وضع قطع، نمود

بشرط:شرط کے ساتھ

بشرطی کہ:اس شرط کے ساتھ

بشری:انسانی

بشریّت:انسانیت، طبع انسانی

بُشقاب:پلیٹ، رکابی، طشتری (چینی یادھات کی)

بشك:شبنم، اوس

بشکریدن:شکار کرنا

بشکلیدن:خراش لگانا، چھیلنا، زخم لگانا

بشکم:(۱)ایوان، محل (۲)گرمیوں کا موسم گزارنے کا مقام

بشکن:انگلیوں کا چنخنا

بشکن زدن:انگلیوں کا چنخانا

بشکن بشکن:پینا پلانا، بدمستی کی کیفیت جس میں کچھ توٹ پھوٹ بھی ہو جاتی ہے

بشکول:چالاک، حریص، زحمت کش

بشکولیدن:چالاکی کرنا

بشکر، بشکرد:شکاری، وہ علاقہ جہاں شکار کیا جاتا ہے

بشلیدن:چمٹنا، لٹکانا

بشم:شبنم

بشَم: ملول، افسردہ، سوگوار، بدحال

بشمار:شمار، شماریدن= گننا سے فعل امر، گنو شمار کرو

بشن:قدوقامت

بشَنج:داغ جو انسان کے جسم پر پڑ جاتے ہیں

بشنجیدن:گرانا، ٹپکانا، چھڑکنا

بشنزہ:چنگال، کانٹا

بشَنگ:چھینی، بسولی

بشولانیدن:ہلانا، حرکت دینا،

بشولیدن:(۱)آگے پیچھے حرکت کرنا، دانائی سے کام انجام دینا

بشیر:(ع) بشارت دینے والا، خوش خبری لانے والا

بشیز:کم قیمت سکہ

بَصارت:(ع) بینائی، آنکھ کی روشنی، نظر

بصائر:(ع) بصیرت کی جمع

بَصَر:(ع) نظر، آنکھ، (ابصار جمع)

علم نوروبصر:بصریات، انسان کی بصارت سے تعلق رکھنے والا علم

بصَری:(ع) علم بصارت سے متعلق

بصَل:(ع) پیاز

بصَلی:پیاز کی شکل کا

بصیر:(ع)(۱)صاف نظر والا (۲)ذہین، زیرک

بصیرت:(ع) ذہانت، ادراک

بِضاعت:(ع) اشیا، سرمایہ، ذخیرہ، ذرائع، وسائل، اشیای تجارت

بضائع:(ع) جمع بضاعت

بِضع:(ع) تھوڑی تعداد (تین سے نو تک)، چند، کسی چیز کا کچھ حصہ۔

بِضعَت:(ع) گوشت کا ٹکڑا، حصہ

marfat.com

بط:(ع) بطخ۔

بطائح:(ع) بطحا کی جمع،

بطارِقہ:(ع) بطریق کی جمع۔

بطّال:(ع) (۱) سست، بیکار (۲) یا وہ گو، ہرزہ سرا

بِطالت:(ع) سستی، آوارگی، بیکاری، کاہلی

بَطالت:(ع) دلیری، شجاعت

بِطانہ:(ع) استر، لباس کا استر (۲) راز (۳) آستین، کپڑے کا کنارہ

بَطانہ:(ع) شیشے یا دھات کو صاف کرنے کا سفوف، دھات کا پالش۔

بطانہ کردن:شیشے بادھات کو صاف کرنا، پالش کرنا، مہر لگانا

بطحا:(ع) وادی مکہ مکرّمہ۔

بَطر:(ع) (۱) انتہائی خوشی، حیرت۔

بِطرا خِیون:ایک چھتردار، پودا۔

بُطری:بوتل،

بَطریق:(ع) قدیم روما کا قائد، پیشوا، طبقہ امرا، رومی فوج کا جرنیل،

بطش:شدت، تندی، مضبوطی، پکڑنا، تندی، سخت گیری، چھیننا، حملہ کرنا،

بطل:(ع) شجاع، دلیر

خط بُطلان کشیدن:خط باطل کھینچنا غلط قرار دینا۔

بطلِیموس:سکندریہ کا معروف ہئیت دان جو دوسری صدی میں گزرا ہے۔

بطن:(ع) پیٹ، بطون جمع۔

بطن پرست:شکم پرست، پیٹ پجاری، پیٹ کا بندہ۔

بطور:طور طریقے پر۔

بطُون:(ع) بطن کی جمع

بطونیکا:ایک قسم کا اودے پھولوں والا پودا۔

بطوء:(ع) سستی، دیر، تاخیر، ڈھیل

بطی:(ع) سست، غبی، کند ذہن۔

جریان بطی امور:معاملات کا سستی سے زیر غور آنا۔

بطی الحرکت:سست، سست رو۔

بطی الھَضم:دیر سے ہضم ہونے والا۔

بطیِخ:(ع) تربوز، ہندوانہ۔

بطِین:(ع) بڑے پیٹ والا۔

بظاہِر:ظاہر میں۔

بَع بَع:میں میں کرنے کی میمنے کی آواز۔

بَعث:(ع) بھیجنا، اٹھنا، رستا خیز، قیامت، حشر۔

یومُ البَعث:روز قیامت

بِعثَت:(ع) حضرت رسول کریم(ص) کی رسالت، حضور کا تبلیغی کام۔

بعُجلۃ:(ع) تیزی سے۔

بعد:(ع) تب (قبل کی ضد)۔

بعد ازانکہ:اس کے بعد کہ

من بعد:اس کے بعد، مستقبل میں،

بُعد:(ع) دور ہونا، دوری، (قرب کی ضد)

بعداً:(ع) بعد میں۔

بعدی:بعد کا، متاخر۔

بعض:(ع) چند، کچھ۔

بعضاً:(ع) بعض دفعہ۔

بعضی:کچھ۔

بَعل:(ع) شوہر، آقا، مالک، ایک بت کا نام بھی تھا۔

بِعلاوہ:اس کے علاوہ، اس سے زیادہ

بعلبك:ایک گاؤں کا نام۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بعمل آوردن:عمل کرنا،

بعلی:(ع) بعلبک سے منسوب۔

بعوض:عوض میں،

بعون الله:(کلمہ دعا) خدا کی مدد سے۔

بعید:دُور

بعیر:(ع) شتر، اونٹ

بعینہ:(ع) ویسے ہی، بالکل ویسا

بَغ:یزدان، خدا۔ بعض نے ایک بت بھی بتایا ہے

بغا:مخنث، ہیجڑا۔

بُغات:باغی کی جمع۔

بغاز:لکڑی کا قالب جو جوتے میں ڈالتے ہیں۔

بغاز آلتی:گلے کے نیچے کا حصہ

بغاضت:بغض، کینہ۔

بغامہ:غول، غول بیابانی

بغاوت:سرکشی، نا فرمانی

بغایت:غایت درجہ

بَغبغو:کبوتر کی غٹر غوں

بغپور:بغ، بمعنی خدا، پور بمعنی بیٹا، خدا کا بیٹا، قدیم زمانے میں یہ چین کے بادشاہوں کا لقب تھا۔

بغتۃً:(ع) غیر متوقع واقعہ، ناگہانی واقعہ

بُغچہ:گٹھڑی۔

بغداد:عراق کا مشہور شہر۔

بغدادی:بغداد کا رہنے والا۔

بُغرا:سور۔

بُغرنج:پیچیدہ، مشکل۔

بَغستان:بت خانہ، بتکدہ،

بُغض:(ء) کینہ، نفرت، خبث باطن۔

بَغضاء:(ع) سخت دشمنی، کینہ۔

بغل:بازو کے نیچے کی جگہ، بازو، سینہ، آغوش

بغل باز کردن:بازو کھولنا۔

بغل خواب:جو کوئی کسی دوسرے کے ساتھ لیٹتا ہے۔

بغل زدن:آغوش میں لینا۔

بغل کشودن:بازو کھولنا، مہربانی کرنا۔

در بغل گرفتن:سینے سے لگانا، بغل گیر ہونا

بَغل:خچر، استر

بغی:سرکشی، کرنا، بغاوت، نافرمانی۔

بغیر:سوائے

بغترہ:لاسا، چارا، ترغیب

بغج:لعاب دہن۔

بغخم:بہت زیادہ، فراوان، بکثرت

بفرمائید:فرمایے، کلمہ تعارف و احترام، آئیے، بیٹھیے، لیجیئے، کھائیے وغیرہ۔

بقا:(ع) باقی رہنا، ہمیشگی، دوام، ابد:مثال:

اے تُنک دل کہ تو از دادنِ جان می ترسی
مردن اندر نظر دوست بقای دگراست

اے کم ظرف تو جان دینے سے ڈرتا ہے۔ دوست کی نظر میں جو جان دے دیتا ہے وہ ایک اور دوامی زندگی حاصل کرتا ہے۔

مثال:

اگر بقا طلبی اولت فنا باید
کہ تا فنا نشوی راہ نمی بری بہ بقا

اگر تم چاہتے ہو کہ دائمی زندگی حاصل کرو تو اس سے پہلے فنا کی منزل ہے، جب تک عالم فانی سے نہ گزر جاؤ جاودانی زندگی کا راستہ نہیں پاسکوگے۔

بُقاع:(ع) بقعہ کی جمع، خانقاہیں، پیشواؤں کی خانقاہیں، آرامگاہیں۔

marfat.com

بقاعِ متبرک:پیشوایان دین کی آرامگاہیں۔

بقاعدہ:درست، باترتیب، قاعدے کے مطابق۔

بقّال:(ع) سبزی فروش

بقاول:باورچی خانے کا منتظم۔

بقایا:(ع) باقی ماندہ، بقیہ۔

بقدری:مطابق۔

بقر:(ع) گائے، بیل۔

بُقراط:یونانی فلسفی۔

بقراطی:بقراط سے متعلق، بقراط سے منسوب

بُقعِہ:(۱) دینی پیشوا کی آخری آرامگاہ (۲)عمارت (۳) نشیبی زمین۔

بقل:(ع) سبزی

بقلۃ، الغزال:ایک گل دار پودا۔

بقِلہ:: (ع) ایک قسم کی سبزی۔

بقّم:(ع) ایک درخت جس کے بیجوں سے سرخ رنگ بنایا جاتا ہے۔

بقُول:(ع) بقل کی جمع، سبزیاں۔

بقَول:قول کے مطابق۔

بقُولات:بقل کی جمع الجمع۔

بقِیع:(ع) (۱) وہ جگہ جہاں قسم قسم کے درخت ہوں، مدینہ منورہ کے قبرستان کا نام۔

بقیّہ:(ع) باقی، بقایا، باقی ماندہ۔

بقیۃُ السّیف:تلوار کی زد سے بچے ہوئے۔

بقیہ:مختلف جزوں سے بھری ہوئی جگہ۔

بك:پُشت، فل بیک کھلاڑی

بك:مینڈک۔

بکا:ایک قسم کا درخت جو مکہ معظمہ میں ہوتا ہے۔

بُکا:(ع) گریہ و زاری۔

بُکات:(ع) گریہ کرنے والے

بکار:کام کا، کام میں آنے والا

بَکارَت:(ع) کنوار پن، دوشیزگی

بَکتاش:(ت) ایک قدیمی پہلوان کا نام۔

بکتر:فولادی پوشش

بِکر:(ع) دوشیزہ

بُکم:(ع) گونگا۔

بکمان:بکم کی جمع۔

بکنَك:دم کٹا جانور۔

بگُور:(۱) کوئی کام کرنا، (۲) صبح سویرے کہیں جانا۔

بُکی:بہت زیادہ گریہ و زاری کرنیوالا۔

بگ:گونگا۔

بگاہ:وقت پر، صبح جلدی۔

گاہ بگاہ۔ وقتاً فوقتاً۔

بِگلر:(انگ) بگل بجانے والا۔

بگم:بیگم۔

بَگماز:شراب کی محفل، بادہ گساری۔

بَگنی:شراب کی ایک قسم۔

بَل:بلکہ۔

بُل:بہل، چھوڑ:مثال:

بُل تا جگرم خشک شود آب نماند
برروی من آبی است کزودجلہ توان کرد

چھوڑ کہ جگر کا پانی خشک ہو جائے اور پانی باقی نہ رہے، میرے چہرے پر تو اتنے آنسو آرہے ہیں کہ وہ دجلہ کی طرح رواں ہیں۔

بلا:بغیر۔

بلا:مصیبت، آفت، بدبختی، رنج، اندوہ

بلا دیدن:بلاگرفتن:مصیبت میں مبتلا ہونا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بلا اِستِفادہ: بے فائدہ، بیکار

بلا اِعتراض: کسی اعتراض کے بغیر۔

بلا انگیز: مصیبت میں پھنسانے والا، مصیبت میں ڈالنے والا۔

بلابل: بلبل کی جمع۔

بلا تاخیر: دیر کیے بغیر۔

بلا تخلّف: مخالفت کے بغیر

بلا تصوّر: خیال کیے بغیر۔

بلاج: بوریا، حصیر۔

بلا چین: **بلاگردان:** مصیبت کو دور کرنے والا۔

بلاد: (ع) بلد کی جمع، شہر۔

بلادت: (ع) کند ذہنی، بے وقوفی۔

بلادر: ہندوستان کا ایک درخت جسے ہندی میں بھلاوا اور عربی میں حلب القلب کہتے ہیں

بلا دِرنگ: بلا تاخیر، دیر کیے بغیر۔

بلادہ: فاسق، بدکار، نابکار، تبہ کار

بلادیدہ: مصیبت زدہ۔

بلا رسیدہ: مصیت زدہ۔

بلارك: جوہردار فولاد، شمشیر جوہردار۔

بلاع: (ع) پینو۔

بلاغ: (ع) پہنچانا۔ پیغام پہنچانا، ابلاغ۔

بلاغت: (ع) حسن بیان، کلام کا مرتبہ کمال کو پہنچنا۔

بلاغی: فصیح شخص جو اپنا مطلب زیبا طریقے سے بیان کر سکے۔

بلا فصل: بغیر فاصلے کے، بلا واسطہ، فوراً

بلاکش: مصیبت برداشت کرنے والا۔

بلاکلام: بغیر گفتگو کے۔

بلا گردان: بلا ٹالنے والا، نیکی کرنے والا، احسان کرنے والا۔

بلال: حضرت رسول کریم(ص) کے صحابی تھے جو موذن کی حیثیت میں بہت مشہور تھے۔

بلا مُتَصَدّی: ملازمت کی خالی جگہ۔

بلا مُعارِض: دعویدار کے بغیر، تصرف بلا معارض، ایسی چیز پر قبضہ جس کا کوئی دعویدار نہ ہو۔

بلا نصیب: حصے سے محروم

بلا واسطہ: کسی ذریعے کے بغیر۔

بلا ہَت: بے وقوفی، حماقت، نادانی، ضعف عقل۔

بلایہ: بدخو، دیدہ دلیر عورت، بد تمیز

بلایہ کار: دیدہ دلیری۔

بلبان: یہودیوں کا ایک ساز (بربط) جو وہ خاص موقع پر بجاتے ہیں۔

بلبشُو: کنایہ ہے، شورو غوغا کا، (مخفف ہے بہل شُوکا)

بُلبُل: خوش آواز پرندہ۔

بلبل زبان: خوش الحان، اچھی آواز والا

بلبل زبانی کردن: خوش بیانی کرنا، سخن سرائی کرنا۔

بُلبِلستان: وہ جگہ جہاں بلبلیں ہوں۔

بلبل مزاج: عاشقانہ مزاج والا

بلبل نوا: خوش نوا، شیریں آواز میں گانے والا۔

بُلبلہ: لوٹا، آفتابہ۔

بلجیك: بلژیک۔

بلخ: ایک شہر کا نام۔

بلخ: (۱) درخت بلوط (۲) شراب کی صراحی

بلخَم: منجنیق، جس سے سنگ اندازی کی جاتی ہے۔

بلخی: بلخ کا رہنے والا

بلَد: (ع) شہر، گاؤں، بلاد جمع

اہل بلد: شہر کے رہنے والے۔

marfat.com

بلد: رہنما، رہبر، شناسا، واقف۔

بلدبودن: جاننا، واقف ہونا۔

بلدان: بلدہ کی جمع، شہر۔

بلدر چین: بٹیر، سلوا،

بلدہ: شہر، بلدان جمع۔

بلدی: شہر سے متعلق،

انجمن بلدی: میونسپل کونسل۔

بلدیّت: واقف ہونا، شناسا ہونا۔

بلدیہ: (ع) کارپوریشن، شہرداری۔

بلژیک: بلجیم۔

بلژیکی: بلجیم سے متعلق۔

بلسان: (۱) مفید قسم کا پودا جس کے پھول سفید گچھوں کی صورت میں ہوتے ہیں۔ (۲) خوشبودار قسم کا عرق جو بعض درختوں سے حاصل ہوتا ہے اور طبّی خواص رکھتا ہے۔

بلسک: چھوتا سا پرندہ جس کے پر لمبے اور نوک تیز ہوتی ہے، پر سیاہ اور سینے کے پر خاکستری رنگ کے ہوتے ہیں

بلشک: سیخ کباب۔

بَلع: غذا کا چبانا، اور نگلنا

بلعَم: (ع) حضرت موسیٰ(ع) کے ایک ہم عصر کا نام، جو بہت لالچی تھا، مجازاً لالچی، پیٹو۔

بلعیدن: چبانا، نگلنا

بلعُون: حلق، حلقوم۔

بُلغا: بلیغ کی جمع، جن کے کلام میں بلاغت ہو۔

بلغار: سرخ رنگ کا چمڑا

بلغارِستان: ملک بلغاریہ۔

بلغاری: بلغاریہ کا رہنے والا۔

بلغاک: فتنہ، آشوب، غوغا اسے بلغاق بھی کہتے ہیں۔

بلغَم: (ع) کھانسی، بلغمی مادہ۔

بلغندہ: بغچہ، گٹھڑی۔

بلغُور: (ت)(۱) چاندی کا سکہ (۲) گندم کے کوبیدہ دانے

بلغورجَو: جو سے تیار کی گئی خوراک۔

بلفر خَج: پلید، نا پاک، زشت۔

بلَق: ابلق: سیاہ و سفید رنگ، گونا گون رنگ، بو قلموں، رنگ برنگ۔

بلقَک: ایک قسم کی گھاس

بلقیس: سبا کی ملکہ جو حضرت سیلمان(ع) کی ملاقات کو آئی تھی۔

بلِک: تحفہ، ارمغان، سوغات۔

بُلکامِہ: پرآرزو، زیادہ کام کرنے والا

بُلکفَد: رشوت

بلکک: نیم گرم پانی۔

بلکن: دیوار کا کنگرہ، سردیوار۔

بلکُنجَک: عجیب، طرفہ۔

بلکہ: شاید،

بلم: چھوٹی کشتی، نیز ایک قسم کی مچھلی۔

بلماج: یخنی، شوربا، آب گوشت۔

بلمِہ: لمبی اور گنجان ڈاڑھی۔

بلمہ ریش: لمبی گنجان ڈاڑھی والا۔

بلَنج: مقدار، اندازہ

بُلند: اونچا، بالا۔

بلند حرف زدن: اونچا بولنا،

بُلند شدن: اٹھنا۔

صبح زود بلند شدم: صبح میں جلد اٹھا

بلند آشیان: اونچے آشیانے والا۔

بلند آوازِہ: کنا یہ ہے مشہور و معروف آدمی کا

بلند اختر: خوش نصیب، بلند اقبال

بلند اختری: خوش نصیبی۔

بلند ارادہ: اولوالعزم، حوصلہ مند،

بلند اقبال: اقبال مند، خوش بخت۔

بلند اقبالی: خوش بختی۔

بلند اقتدار: بڑی قدر و منزلت والا۔

بلند بالا: اونچے قد کا نوجوان۔

بلند بخت: خوش نصیب

بلند بین: بلندی پر نظر رکھنے والا، بلندیوں تک پہنچنے کی تمنا رکھنے والا، ترقی پسند۔

بلند پایہ: بلند مرتبہ۔

بلند پرواز: اونچا اڑنے والا، ترقی پسند۔

بلند پروازی: اونچا تخیل، ترقی پسندی۔

بلند پری: بلند پروازی۔

بلند جاہ: اونچے جاہ و مرتبے والا، بلند مرتبہ

بلند قامت: لمبے قد و قامت والا،

بلند گرای: بلند پرواز۔

بلند گو: لاؤڈسپیکر (انگ)

بلند نظر: وسیع النظر، بلند حوصلہ رکھنے والا، بلند خیال۔

بلند ہمت: بلند خیال، بہت با ہمت، وسیع الخیال۔

بلوا: (ع) خلل، اضطراب، شورش، ہنگامہ، شور و غوغا، بغاوت

بلوچ: (۱) بلوچستان کا رہنے والا، بلوچ قبیلے کا فرد (۲) مرغے کی کلغی۔

بلوچستان: پاکستان کا صوبہ۔

بُلور: شیشہ۔

بُلورِالوان: رنگدار شیشے۔

بلور سازی: شیشے بنانے کا کام۔

بلوری: بلورین، شیشے کا بنا ہوا۔

بلورین اندام: بلورین تن، درخشان، تابناک جسم، نرم و نازک خوش اندام۔

جام بُلور: شیشے کا جام

بلُوط: شاہ بلوط، ایک قسم کا جنگلی درخت جس کی لکڑی سخت اور مضبوط ہوتی ہے،

بلوطِستان: جہاں بلوط کے درخت ہوتے ہیں۔

بلُوغ: (ع) بالغ ہونا۔

بسِنِ بلوغ رسیدن: بالغ ہونا۔

دندانِ بلوغ: دندان عقل: عقل داڑھیں۔

بلوغیّت: سن بلوغ کو پہنچنا۔

بلُوک: ضلع، جس میں چند گاؤں شامل ہوں۔

بلُوک: شراب پینے کا جام، قدح۔

بلُوکات: بلوک کی جمع، اضلاع۔

بلُوکی: ضلع سے متعلق۔

بلوی - بلوا: شورش، ہنگامہ۔

بلہ: احمق، بے وقوف، ابلہ

بلہ: کلمہ جواب، جی، جی ہاں۔

بلہا: (ع) ابلہ کی تانیث، نادان عورت، کم عقل عورت۔

بُلہوس، بالہوس: ہوس کار، لالچی، ہوس پرست

بلی: کلمہ ایجاب، ہاں، جی ہاں۔

بلیّات: بلیہ کی جمع بدبختیاں، تکلیفیں، مصیبتیں

بلیاد: سادہ کپڑا نقش و نگار کے بغیر۔

بلید: (ع) بے وقوف، احمق، بے شعور، کندذہن۔

بلیط: ٹکٹ

بلیغ: (ع) فصیح، خوش بیان، جس کے بیان میں صنائع استعمال ہوتی ہوں، بہت زیادہ خوش بیان،

marfat.com

سعی بلیغ: بہت زیادہ کوشش۔

بلیّہ: (ع) بد نصیبی، مصیبت، آفت، حادثہ

بم: (۱) موسیقی کے ساز کی آواز، بم مقابل زیر، (۲) کرمان کا ایک شہر

بمبائی: بمبئی، ہندوستان کا ایک شہر

بمُجرّد: فوراً، محض

بمجردیکہ: محض اینکہ، محض یہ کہ

بمُرور: زمانے کے گزرنے کے ساتھ، رفتہ رفتہ

بمرورِ ایام: دنوں کے گزرنے کے ساتھ، تدریجاً

بمُوی بند کردن: برا انجام ہرنا

بموی کشیدن: بہت آسان ہونا

بمُوجب: مطابق

بموقع: موقع کے مطابق

بمی: کم آوازی

بُن: جڑ، بنیاد، بیخ، بنیاد

بُنِ درخت: درخت کی جڑ

بنِ گوش: بنا گوش، کان کا خلا، کان کا درمیانی حصہ

از بن برکردن: جڑ سے اکھاڑ دینا

بِن: (ع) بیٹا

بُن: (ع) قہوہ

بِنا: (ع) بنیاد، عمارت

بنای عالی: عظیم عمارت

بنا برین: اس وجہ سے، اس لیے

بنّا: (ع) معمار، راج

بُناب: پانی کی تہ۔ تھاہ

بنات: (ع) بنت کی جمع، بیٹیاں، دختران

بناتُ النعش: وہ سات سیارے جو قطب شمالی کے قریب گردش کرتے ہیں

بنادِر: (ع) بندر کی جمع۔ بندرگاہیں

بنادِق: بندوق کی جمع، بندوقیں

بنارس: ہندوستان کا ایک مشہور شہر

بناغ: (۱) سوکن، (۲) دبیر، منشی

بُناگوش: (۱) کان کے اندر کا خلا (۲) کان کا پچھلا حصہ

بنام: مشہور، معروف، نامی

بنام: کے نام

بنامِ ایزد: خدا کے نام، براہ خدا

بنان: انگلیوں کے سرے، نوکیں

بُناوَر: ہرریشہ دار چیز، ریشہ دار، جس کی جڑ زمین میں اتری ہو،

بنّائی: معمار کا پیشہ

بن بست: گلی جو آگے سے بند ہو، کوچہ راہ بستہ

بنبر: سپستان، ایک درخت جس کے پتوں کی نوک تیز اور کھردری ہوتی ہے، درخت پر خوشبودار پھولوں کے گچھے لگتے ہیں

بِنت: (ع) بیٹی، دختر

بنت الجَبَل: دختر کوہ، پہاڑ کی بیٹی، گونج

بنج: ایک زہریلا پودا

بُنجشك: کنجشک، چڑیا

بنجك: دھنی ہوئی روئی

بُنجُل: بیکار، گھٹیا درجے کی تجارتی اشیا، نا مرغوب، نا پسندیدہ، ایسی اشیا جن کا کوئی خریدار نہ ہو

بُنچاق: دستاویز جو فروخت کرنے والے کے پاس ہو، جس سے اس کے مالک ہونے کا یقین ہو

بند: (۱) فیتہ، پٹی، رسی (۲) بیڑی

او را در بند نہادند: اس کے پاؤں میں بیڑی

ڈالی گئی

بند آمدن: مجبور ہو جانا، پابند ہو جانا

بند: پروا، فکر، خیال

در بندآن مباش کہ نشنید یا شنید: اس بات کی پروا نہ کر کہ اس نے سنایا نہیں

بند: بستن= باندھنا سے فعل امر، باندھ دو

بند: پیراگراف، اشعار کا قطعہ، وعدہ، معاہدہ

بندِ ساعت: بند جس سے گھڑی کلائی پر باندھی جاتی ہے

بندِ شلوار: نالا

بندِ شمشیر: تلوار کی پیٹی

بندِکفش: بوٹ کا تسمہ

در بندِ چیزی بودن: کسی چیز کا متمنی ہونا

بند آب: ڈیم

بنداد: بنیاد

بُندار: (۱) مالدار، سرمایہ دار (۲) پختہ کار، بہت کچھ جاننے والا

بَنداق: درویشوں کی اونچی لمبی ٹوپی

بند انداز: عورت جس کا پیشہ عورتوں کی آرایش کرنا ہو، آرایشگر

بندباز: رسی پر ناچنے والا بازیگر، نٹ

بندبازی: رسی تان کراس پر ناچنا، نٹ ناچ

بندبند: جوڑ جوڑ

بند خانہ: زندان، جیل خانہ

بَندر: بندر گاہ

بِندرت: شاذ و نا در

بند زدن: شکستہ برتن کو جوڑنا

بندرگاہ: جہازوں کے ٹھہرنے کا مقام

بُندُق: بندوق (بنادق جمع)

بُندُقیہ: رائفل، بندوق

بندکش: دیوار کی درزیں یا شگاف بند کرنیوالا

بندکشی: دیوار کی درزیں بند کرنا

بندکفش: فیتہ

بندگان: بندہ کی جمع، ملازماں، غلامان

بندگاہ: جوڑ

بند گسیختہ: رند مشرب، اوباش، عیاش، آوارہ

بندگی: اطاعت، فرمانبرداری، غلامی، پرستش

خدا را بندگی میکنم: میں خدا کی پرستش کرتا ہوں، اطاعت کرتا ہوں

بند گیر: عمدہ قسم کا سیمنٹ، ایک لمبا بیم

بُنِ دندان: دانتوں کی بیخ، کنایۂ فرماں برداری، اطاعت

بندوبست: نظم و ترتیب، انتظام، اہتمام

بندور: تخییلی استعداد، قوت عمل، صلاحیت

تُدُوز: موٹی سوی جس سے موٹا کپڑا سیا جاتا ہے

بندہ: غلام، خادم، میں، عاجز

بندہ پروَر: خادموں کی پرورش کرنے والا، مہربان

بندہ پروری: خادموں کی پرورش، عنایت، شفقت

بندہ زادہ: میرا بیٹا، غلام زادہ

بندہ نواز: خادموں پر مہربانی کرنے والا، شفیق، ہمدرد، مہربان

بندہِ نوازی: عاجز نوازی، بندہ پروری، شفقت و عنایت

بندی: قید، قیدی، زندانی

بندیخانہ: قید خانہ، زندان

بندیِہ: بٹن، تکمہ

بَنزین: پٹرول

بُنسالہ: پیرسالخوردہ، بوڑھا، کہن سال

marfat.com

بُنشَن:دالوں کی قسمیں مثلاً چنے، ماش، لوبیا وغیرہ

بِنصِر:ہاتھ کی درمیانی اور چھوٹی انگلی کے بیچ کی انگلی، بناصر جمع

بِنفسِہ:ذاتی طور سے

بَنَفش:نیلگوں رنگ

بِنفشہ:ایک گُل دار پودا جس کی مختلف قسمیں ہوتی ہیں، اس میں نیلے، ارغوانی اور سفید رنگ کے پھول آتے ہیں، یہ پودا دوا کے بھی کام آتا ہے

بنک:جس میں روپے پیسے کا لین دین ہوتا ہے وہاں روپیہ جمع کرایا جاتا ہے اور جب ضرورت ہو نکالا بھی جا سکتا ہے، اس سے منافعہ بھی ملتا ہے

بنک دار:بنک کے ذمے دار افسر

بُن کن:بیلچہ، کُھرپا

بنگ:بھنگ، ایک نشہ آور پودا، حشیش

بنگاب:بھنگ

بنگالہ:بنگال

بنگان:پیالی، چائے کی پیالی، فنجان

بنگاہ:گھر، قیامگاہ

بنگرہ:لوری جو ماں بچے کو سلانے کےلیے دیتی ہے

بنگی:بھنگ کا عادی

بُنلاد:بنیاد، دیوار کا نچلا حصہ

بن نا پدید:اتھاہ، جس کی تہہ کو پہنچ سکیں

بنُو:خرمن، گندم یا جو کا خرمن

بنوان:نگہبان خرمن، کھیتوں کی رکھوالی کرنے والا

بنو سرخ:مسور، عدس

بنوسیاہ:ماش کی دال

بنوبت:اپنی باری

بنوت:اولاد، فرزندی

بنُون:(ع) ابن کی جمع، بیٹے

بُنَہ:سامان، رہنے کی جگہ، قیامگاہ

بنی:(ع) (ابن کی جمع) بیٹے، پسران

بنی آدم:(ع) حضرت آدم(ع) کی اولاد، مثال:

نسبتی نیست بذات تو بنی آدم را
بہتر از عالم و آدم تو چہ عالی نسبی

حضورا آپ کی ذات سے بنی نوع انسان کو کوئی نسبت نہیں، کیا انسان اور کیا عالم انسانیت، آپ سب سے زیادہ عالی نسب ہیں

بنی اسرائیل:(ع) حضرت یعقوب(ع) کی اولاد

بنی اُمیّہ:(ع) جس کے بانی حضرت امیر معاویہ (رض) تھے ان کی خلافت ۴۱ تا ۶۰ھ قائم رہی

بنی عباس:اس سلسلے کے بانی ابو العباس السفاح تھے ان کی خلافت ۱۳۲ تا ۱۳۶ھ قائم رہی

بنی عم:(ع) چچا کا بیٹا

بنیاد:بِنا، اساس، آغاز

بنیادِ عالم:دنیا کی بنیاد، کائنات کی بنیاد

بنیاد افگندن:بنیاد قائم کرنا بنیاد ڈالنا

بنیاد برافگندن:ضائع کر دینا تباہ کر دینا

بنیاد نہادن:بنیاد رکھنا

بنیادگر:معمار، راج

بُنیان:(ع) بنیاد، بنا، اساس، کوئی چیز جو خاص بناوٹ رکھتی ہو، عمارت

بُنیچہ:(۱) ہیئت اجتماعیہ، (۲) مالیات و عوارض جن کا تعلق کاشتکاروں سے ہو (۳)کارپوریشن (۴)فوجیوں کا کوٹا

بنیز:نیز، ایضاً، ہرگز

بنیِہ:جسمانی ڈھانچا، صحت

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بنیه اش ضعیف است: اس کی صحت کمزور ہے

بُو: جس چیز کا قوت شامہ کے ذریعے احساس ہو

بو بردن: خفیہ طور سے اطلاع حاصل کرنا، شک کرنا

بوی حسادت می آید: حسد کا پتا چلتا ہے

بوی سوختہ: جلتی ہوئی چیز کی بُو

بوی گل: پھول کی خوشبو

بُو: باپ

بو علی سینا: سینا کا باپ

بو: باشد کا مخفف، ممکن ہے، ہو سکتا ہے مثال:

ذرہ ای از نور خود کُحل جواہر بہ بخش

بو کہ پذیرد ازان دیدہ جانم ضیا

اپنے نور سے جواہر کا ذرہ بھر سرمہ عطا کردے ہو سکتا ہے کہ اس سے میری روح کی آنکھ منور ہو جائے

بواب: (ع) دربان، نگہبان

بوادی: (ع) بادیہ کی جمع، بیابان بصورت جمع

بوار: تباہی، بربادی، ہلاکت

دارالبوار: دوزخ

بوارح: (ع) بارح کی جمع، موسم گرما کی ہوائیں

بوارق: (ع) بارقہ کی جمع، چمکدار، درخشاں تلواریں

بواسطہ: واسطے سے، ذریعے سے، اس وجہ سے

بواسیر: (ع) ایک بیماری جس سے مقعد میں مسّے نکل آتے ہیں اور ان میں سے خون بھی نکلتا ہے

بواشہ: باد افشان، بھوسا اڑانے والا لکڑی کا آلہ، لکڑی کا دستہ دار پنجہ یا چار شاخہ

بواطن: (ع) باطن کی جمع

بواعث: (ع) باعث کی جمع، اسباب، وجوہ

بواقی: باقی کی جمع، بقیہ چیزیں

بوال: ذیابیطس، پیشاب میں شکر آنا

بُوالحَزَن: اداس، غمگین (حزن سے)

بوالعَجَب: (ع) عجیب و غریب

بوالعجبی: حیرانی

بُوالفُضُول: فضول باتیں کرنے والا، خواہ مخواہ دخل اندازی کرنے والا

بوالہَوَس: حریص، لالچی، خواہشات کا بندہ

بوالہوسی: حرص، لالچ، وہم و خیال

بُوب: فرش، بساط، کوئی چیز جو زمین یا فرش پر بچھائی جائے

بوباش: مسلسل، قدیمی

بُوبُرد: بلبل

بُوبِلہ: ہدہد،

بُوبو: ہو بک

بوبوک: آنکھ کی پتلی

بُوتہ: (۱) کٹھالی جس میں کسی قیمتی دھات کو پگھلایا جاتا ہے، (۲) جزی بوٹی، پودا

بوتہ گل سرخ: سرخ پھولوں کا پودا، گلاب کا پودا

بوتیمار: لفظی معنی ہیں غم کھانے والا، لمبی ٹانگوں اور لمبی چونچ والا پرندہ جو دریا کے کنارے غمگین صورت بنائے کھڑا رہتا ہے، بقول بعض اسے یہ وہم ہوتا ہے کہ اس کے پانی پینے سے کہیں دریا کا پانی ختم نہ ہو جائے اس لیے پیاس کے باوجود پانی نہیں پیتا

بُوجار: گندم یا چاولوں کو صاف کرنے والا

بوجار لنجان: ابن الوقت

بوجاری: گندم یا چاولوں کو صاف کرنا

بوَجہ: وجہ سے

بُوجَہل: ابو جہل، جاہل، ناواقف

بوجہی: ایک وجہ سے

marfat.com

بُود: (بودن سے) تھا

بود: ہستی، وجود

بود و نبود: ہستی و عدم، موجودگی اور عدم موجودگی، دولت و افلاس

بود و باش: رہنا سہنا، سکونت، جائے سکونت، منزل، مسکن

بُوَد: بودن مصدر سے فعل مضارع، ہوتا ہے، ہو گا

بودا: بدھ مذہب

بودار: خوشبو دار، جس چیز سے خوشبو آئے

بودای: بدھ کی پیروی

بُودجِه: بجٹ، میزانیہ، جمع و خرج

بودجه ای: میزانیے سے متعلق

بُودش: ہستی، وجود

بودن: (مصدر) ہونا

اگر بودید: اگر تم ہوتے

اگر بودیم: اگر ہم ہوتے

بودنِه: پودینہ، پودنہ

بود و باش: وجود، ہستی، منزل و مسکن

بود و نابود: ہونا نہ ہونا، موجودگی، عدم موجودگی

بُور: شرمسار، جس کا رنگ اڑا ہوا ہو

بورشدن: شرمندہ ہونا

بور: زردی مائل رنگ

بور: تباہ ہونا، ضائع ہونا

بُوراق: معدنی مادہ، شورہ، پوٹاشیم نائٹریٹ

بُوران: سخت سردی، شدید ہوا جو برف و باران کے ساتھ چلتی ہے

بُوران: گوٹیوں سے کھیلا جانے والا کھیل

بُورانی: بینگن اور دہی سے بنی ہوئی خوراک

بورس: تمسکات کی خرید و فروخت کی جگہ سٹاک اکسچینج کا وہ مقام جہاں تاجر اور دلال داد و ستد کے لیے جمع ہوتے ہیں

بُورِہ: شورہ، پوٹا شیم نائٹریٹ

بُوری: شرمساری جو کسی ناکامی کے نتیجے میں ہو

بُوری: دلدل میں اگنے والی نرسل

بُوری: زرد یا سنہرا رنگ

بُوریا: پٹ سن کی بنی ہوئی بوری، چٹائی

نی بوریا: پٹ سن

بوریا باف: پٹ سن کی چٹائی یا بوری بننے والا

بوریا پوش: چٹائی سے جسم ڈھانپنے والا

بُوز: (۱) تیز رفتار گھوڑا (۲) تیز ہوش اور ہوشیار آدمی

بوزا: جو کی شراب، آبجو، بیئر (انگ)

بوزاگر: جو کی شراب کشید کرنے والا

بوز گند: ایوان، صفہ

بوزنِه: بوزینہ، بندر

بوزِہ: شراب جو چاولوں یا باجرے سے تیار کی جاتی ہے

بوزِہ خانه: جہاں چاولوں یا باجرے سے بنی ہوئی شراب ملتی ہے

بوزِینِه: بندر، میمون

بوژنِه: غنچہ، شگوفہ

بوس: چومنا، پیار کرنا

آستان بوس: دہلیز چومنے والا، خدمت گار

بوس و کنار: آغوش میں لینا، منہ چومنا

بُوستان: باغ، گلزار، سعدی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب کا نام، (بُساتین جمع)

بُوسلیك: ایرانی موسیقی کی ایک سر

بُوسِه: چومنا، پیار کرنا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بوسه گاه:چومنے کا مقام، مقدس مقام

بوسِیام:ایک درخت جس کی کئی قسمیں ہیں، ان میں ایک سے شکر بنتی ہے

بُوسِیدن:چومنا، پیار کرنا

بوَسِیله:ذریعے سے

بُوش:شان و شکوہ، کروفر، مثال:

خسروا معذور شان می دار گر بُوش دروغ
خانه باشان بسکه پر شد مرد می را جا نماند

اے خسرو انھیں معذور سمجھ جن کی جھوٹی شان و شوکت سے ان کے ہاں اتنے لوگ جمع ہو گئے ہیں کہ کسی اور شخص کے لیے وہاں جگہ نہیں رہی۔

بُوشاب:خواب، نیند

بُوشقاب:بشقاب، چینی یا دھات کی طشتری، رکابی، پلیٹ

بوشهر:ایران کا ایک شہر

بُوغچه:بقچہ، گٹھری

بُو غلِمه:مرغی، مرغی کی کھال کو اس طرح بھرنا کہ اس کی اصل جسامت نظر آئے

بُوف:الو، چغد

بُوفِه:الماری وغیرہ جس میں دعوت کے برتن اور لوازم دعوت رکھے جاتے ہیں۔ دعوت جس میں مہمان کھڑے ہو کر کھانا کھاتے ہیں

بُوق:بگل، سینگ جس کے ذریعے آواز دی جاتی ہے یا اعلان کیا جاتا ہے، ہارن

بوق حمام:سینگ سے نکلی ہوئی آواز جو غسل کرنے کے لیے آگاہ کرتی ہے

بوق زدن:سینگ کے ذریعے آواز دینا، موٹر کا ہارن بجانا

بوقت:وقت پر

بُوقلمُون:(۱) کئی قسم کے رنگ، رنگا رنگ (۲)ایک پرندہ جس کے پر رنگ رنگ کے ہوتے ہیں (۳)جو شخص اپنی رائے اور عقیدہ بدلتا رہتا ہے

بُوك:بوکہ، باشد کہ:ہو سکتا ہے کہ

بوکس:باکسنگ، گھونسے بازی کرنا

باکس بازی:گھونسے بازی

بوکند:عشق پیچاں

بوگان:رَحم، بچہ دان

بَول:شاش، پیشاب

بول کردن:پیشاب کرنا

بول سنج:پیشاب کا معائنہ کرنے کا ماہر

بول شناسی:پیشاب کا جائزہ لینے کی مہارت

بُو لهب:حضرت رسول کریم(ص) کے چچا، لفظی معنی ہیں ضد پر قائم رہنے والا، غیر عقیدہ رکھنے والا ضدی۔

بو لهبی:مخالفت میں اپنی ضد پر قائم ہونا

بَولی:پیشاب کرنے کی جگہ

بُوم:الو

بُوم:علاقہ، ملک، وطن، آبا، کی سر زمین

مَرز و بوم:وطن، آبائی وطن

بوما دران:تند و تیز قسم کی جڑی بوٹی جس کے پھول نیلگوں ہوتے ہیں

بُو مکند:زیر زمین جو رہنے کے لیے قیامگاہ بنائی ہو

بُو مهَن:زلزلہ، بھونچال

مثال:

برآمد یکی بو مهن نیم شب
تو گفتی زمین را گرفت است تب

آدھی رات کو زلزلہ آیا تو تُو نے کہا زمین بخار سے لرزہ براندام ہو رہی ہے

marfat.com

بُومی:کسی ملک کا رہنے والا، ملکی، مقامی

زبان بُومی:مقامی زبان

بُون:بچہ دان، عورت کا رحم، زہدان، رودہ

بُونافِع:ایک قسم کی شراب کا نام

بُوناك:بدبو، جس سے بدبو آئے

بُویا:جس میں سے خوشبو آئے، خوشبودار

بوی افزا:خوشبو پیدا کرنے والا

بُویان:بویا، جس سے خوشبو آئے

بویای:خوشبو کا احساس، قوت شامہ

بوِیچہ:پیچک، عشق پیچاں

بوی دار:خوشبودار

بوی دان:عطر دان، شیشی جس میں عطر وغیرہ رکھتے ہیں

بوِیژ:بویژہ:خاص طور سے

بوی سوز:انگیٹھی، مجمر جس میں عود جلاتے ہیں

بُویِہ:خواہش، امید، آرزو

بُوییدن:سونگھنا

بَہ:کلمہ تعجب و تحسین، خوب، اچھا

بہ:زرد رنگ کا پھل جو نارسیدہ صورت میں بھی کھایا جاتا ہے اور پکا ہوا بھی،

بہا:قیمت مثال:

مشتری را بہای روی تو نیست

من بدین مفلسی خریدارم

خریدار تیرے دیدار کی قیمت ادا نہیں کر سکتا کیونکہ وہ حد سے زیادہ ہے لیکن میں اس مفلسی میں بھی اس کا خریدار ہوں

بہای خون:خون بہا

بہا کردن:قیمت لگانا

بہاء:خوبصورتی، زیبائی، خوش و ضعی، لطافت، روشنی، رونق، درخشندگی،

بہا پیشی:پیشگی قیمت، بیعانہ

بہاجَت:(ع) خوبصورتی، زیبائی، رعنائی

بہادار:قیمتی **اوراق بہا دار:**قیمتی اوراق، گراں بہا مسودہ

بہادر:دلیر، شجاع

بہادران:فوجی جوانوں کا دستہ

بہار:(۱) موسم بہار، پھولوں کے کھلنے کا موسم، شادابی، سرسبزی، تفریح، خوشی، رونق (۲) بہار ایک راگنی کا نام بھی ہے

بہارِستان:پھولوں کا چمن زار، عبدالرحمن جامی کی کتاب کا نام

بہارنارنج:نارنگی کے پھولوں کی بہار

بہارِہ:موسم بہار کا حاصل، بہار سے متعلق

بہاری:موسم بہار سے متعلق

بہارِیّہ:موسم بہار کے مناظر سے متعلق نظم یا غزل

بہاز:اصیل گھوڑا جسے جفت گیری کے لیے گلے میں چھوڑتے ہیں

بہاگیر:قیمتی، گرانمایہ، گراں بہا

بہامِین:موسم بہار، فصل بہار

بہانِہ:حیلہ، کوئی بیجا عذر بتانا

بہانہ نا خوشی:بیماری کا بہانہ

بہانہ جو: بہانے بنانے والا

بہانہ جوی: بہانہ بنانا

بہانہ ساز: بہانہ بنانے کا عادی

بہانہ فُرُوش: بہانہ ساز

بہاور: بہادار، قیمتی

بہائم: (ع) بہیمہ کی جمع، جانور، چوپائے، حیوان

بہائی: بہاءاللہ کے پیرو، بہائی مذہب کے پیرو

بہبُود: بہتری، فلاح، خوبی، سلامتی

بہبودی: فلاح و بہبود، خوبی و سلامتی

بَہت: (ع) جھوٹ، کذب، دروغ، افترا

بُہت: حیرانی، حیرت

بُہتان: تہمت، جھوٹا الزام، افترا

بہتان زدن: تہمت لگانا

بُہت آور: حیران کن

بہتر: بہت اچھا

بہترَک: کچھ بہتر

بہتری: اچھائی

بہترین: بہ کی تفضیل کل، نہایت بہتر

بہجَت: خوشی، مثال:

طبع را لذت از ظرایف او
روح را بہجت از لطایف او

طبیعت کو خوشی اس کی ظرافت سے ہوتی ہے اور روح کو خوشی اس کی بذلہ سنجی سے ہوتی ہے

از دیدن او مرا بہجتی دست داد: اس کے دیکھنے سے مجھے خوشی حاصل ہوئی

بہدار: محکمہ صحت کا افسر

بہداری: محکمہ حفظان صحت

بہداشت: حفظ الصحت، صحت کی نگہداشت

بہدین: آتش پرستوں کا مذہب اور آئین

بَہر: واسطے

بہر: حصہ، نصیب، قسمت

بَہر: (۱) خوبصورتی، زیبائی، (۲) شاندار فتح

بہرام: سیارہ مریخ

بہرامَج: بید مشک

بہرامَن: ہیرا، یاقوت سرخ

بہرامَہ: (۱) ریشم، سبز کپڑا (۲) بید مشک

بہر حال: ہر حالت میں

بہرمند: بہرہ مند، بہرہ ور، سودمند، فائدہ مند

بہَرمہ: برما جس سے بڑھئی سوراخ کرتے ہیں

بہرُوز: (۱) ایک قسم کا نیلگوں شیشہ (۲) اچھا دن، خوشی کا دن، خوش بختی کا موقع

بہروزی: خوش بختی، مثال:

ز تقویم خرد بہروزیم بخش
بر اقلیم سخن فیروزیم بخش

عقل و خرد کے زائچے سے مجھے خوش بختی سے سرفراز کر اور شاعری کی اقلیم میں سر بلندی عطا فرما

بَہرہ: حصہ، نصیب

بہرہ برداشتن: تمتع اندوز ہونا

بہرہ بردن: حصہ لینا، اپنا نصیب پانا

بہرہ مند: بہرہ ور، کامیاب، خوش نصیب

بہرہ مندی: خوش قسمتی، کامیابی

بہزاد: اچھے حسب نسب والا، ایک نامور مصور کا نام

بہشت: خلد، جنت، فردوس

بہشت آسا: بہشت کی مانند

بہشت آشیاں: خلد آشیاں

بہشت آئین: بہشت کی مانند

marfat.com

بہشت نشین: بہشت میں جگہ پانے والا، جسے کوئی مقدس مقام حاصل ہو

بہشتی: بابرکت، مقدس مقام پانے والا

بہشتی رُوی: خوبصورت

بہشتی سرِشت: مقدس فطرت

بہ شُدگی: بہبودی

بہ شدہ: جس کی صحت بہتر ہوئی ہو

بہَق: بہک، جذام، برص

بہ گزین: بہتر چیز جو انتخاب کی جائے

بہِل: ہلیدن مصدر سے فعل امر، چھوڑ

بہل شدن: حساب بے باق ہونا

بہل کردن: اپنے حال پر چھوڑ دینا، توجہ نہ دینا

بہلُول: خندہ رو، نیکو کار، ایک بزرگ شخص کا نام

بہلول: ہارون الرشید کے زمانے کا ایک شخص جس کی خندہ آور مگر غیرت آمیز باتیں نقل کی گئی ہیں

بہلِہ: باز کی پرورش کرنے والے کا دستانہ

بہَم: ایک دوسرے کے ساتھ، اکھٹے

بہم آمیختن: ایک دوسرے سے مل بیٹھنا، اچھے تعلقات پیدا ہونا

بہم پَیوَستن: مل جانا، ایک ہو جانا

بہم خُوردن: ایک دوسرے سے ٹکرانا، تصادم ہونا

بہُمان: حرف اشارہ، فلان

بہمن: ایران کے شمسی سال کا گیارہواں مہینہ شمسی مہینے کے دوسرے دن کو بھی بہمن کہتے ہیں، ایک قدیمی بادشاہ کا نام

بَہو: بالا خانہ، چھوٹا مکان

بہی: خوش بختی، اچھائی، زیبائی، بہتری، بحالی صحت، مثال:

بکی بود کز برای روز بہی
خاطرِ پر امید و دست تہی

کب تک ایسا ہو کہ خوش بختی کی تمنا میں دل تو پر امید ہو اور ہاتھ خالی

بہی یافتن: صحت بحال ہونا

بِہی: ایک درخت اور اس کا پھل جو دوائی کے طور پر بھی کام آتا ہے

بہیج: خوش، شادمان، خوشحال (بہجت سے)

بہیمہ: وحشی جانور، چوپایہ، بہائم جمع

بہیمی: بہیمہ سے منسوب، ہوس پرستی، ناشائستگی، وحشیانہ پن

بہین: بہتر

بہین روز: بہترین دن

بہینہ: زیبا، خوب، بہترین

بی: نفی کی علامت،

بی حیا: شرم و حیا سے عاری

بیکار: جس کے پاس کوئی کام نہ ہو

بی کران: جس کا کنارہ نہ ہو

بیا: آمدن، آنا سے فعل امر، آ

بیابان: دشت، ریگستان، ویرانہ، صحرا

بیابان گرد: صحرا گرد، دشت نورد، صحرا میں گھومنے پھرنے والا

بیابان نشین: بیابان میں رہنے والے

بیابان نوَرد: بیابان میں زندگی بسر کرنیوالے

بی آبرُوی: ذلت، رسوائی، بے عزتی

بی آب و رنگ: (۱) جس میں کوئی چمک دمک نہ ہو، (۲) بے شرم، بے حیا

بی آبی: خشکی، بے رنگی، ذلت

بَیات:(۱) ایرانی موسیقی کی ایک سر (۲) ایک ایرانی نژاد طائفہ

بَیات:کسی جگہ رات گزارنا، رات کے وقت دشمن پر حملہ کرنا، شبخوں مارنا

بیات:غم، افسردگی

بیاج:بیارہ:خربوزے وغیرہ کی طرح زمین پر پھیلنے والا پودا

بی اجازہ:بلا اجازت

بی اِحتِرام:جسے کوئی عزت و وقار حاصل نہ ہو

بی احترام کردن:کسی کی عزت کا لحاظ پاس نہ کرنا

بی اِحتِیاط:احتیاط نہ کرنے والا، بے پروا

بی اِختِیار:جس پر اختیار نہ ہو، جس کا کوئی اختیار نہ ہو

بیاد:یاد میں

بی اَدَب:غیر مہذب، ناترا شیدہ، بے تمیز

بی اَدَبانہ:غیر مہذب طور سے، بے احترامی یا بے ادبی سے

بی اِدراک:بے سمجھ

بی ادراکی:بے سمجھی

بی اذیّت:تکلیف کے بغیر

بیار:آوردن= لانا سے فعل امر، آر، بیار، لا

بی آرام:بیقرار، بے چینی

بی آزَرم:بے شرم، شرم و حیا سے محروم

بی آزرمی:بے شرمی

بی اَساس:جس کی کوئی بنیاد نہ ہو، بے بنیاد

بی اِستِحقاق:جسے کوئی حق حاصل نہ ہو

بی اِستِطاعت:بے وسیلہ، بینوا، بے بس، بیچارگی

بیاسغُو:انگڑائی، جمائی

بی اِشتِہا:جسے بھوک نہ ہو

بی اَشفاق:جس میں شفقت نہ ہو

بی آشیان:بے گھر

بی اصل:جس کا حسب نسب معلوم نہ ہو

بی اصول:جو کسی قاعدے یا اصول کی پرواہ کرے

بیاض:(ع) (۱) سفید، سفیدی (۲) نوٹ بک، یادداشتوں کا مجموعہ اوراق

بیاض البیض:(ع) انڈے کی سفیدی

بیاض العَین:(ع) آنکھ کی سفیدی

بیّاع:بیچنے والا، سوداگر، خریدوفروخت کا دلّال

بی اِعتِبار:جس کی کوئی ساکھ نہ ہو، جس کا کوئی اعتبار نہ کرے

بی اِعتِدال:غیر محتاط، غیر معتدل، ہوا پرست، بندہ نفس

بی اعتدالی:احتیاط نہ کرنا، بے انصافی، توازن کے بغیر، انتہا پسندی

بی اعتدالی کردن:انتہا پسندی اختیار کرنا، نا انصافی کرنا

بی اِعتِقاد:یقین نہ کرنے والا

بی اعتِقادی:بے یقینی

بی اِعتِنا:بے فکر، لاپروا، توجہ نہ کرنیوالا

بی اعتنائی:بے توجہی، لاپروائی

بی آلایش:بے عیب، بے داغ، پاک صاف، جس میں کسی قسم کی آلودگی نہ ہو

بی اِلتِفات:نامہربان، ہمدردی نہ کرنیوالا، توجہ نہ دینے والا، بے مروت

بی التفاتی:بے توجہی، بے مروّتی

بی التفاتی کردن:توجہ نہ دینا، بے توجہی کرنا،

marfat.com

ہمدردی کو نظر انداز کرنا

بیان:تشریح، وضاحت، اظہار، توضیح

بیانِ واقع:واقعہ کے متعلق وضاحت، شرح و تعبیر

علمِ بیان:خطابت، فن خطابت کا رسالہ، خطیبانہ بیان یا طرزادا

بی انتظام:جس میں نظم و ضبط نہ ہو، نظم و ترتیب کے بغیر

بی انتظامی:بے ترتیبی، ابتری

بی اِنتہا:جس کی کوئی انتہا یا حد نہ ہو

بی انجام:بے نتیجہ

بی اندازہ:جس کا اندازہ نہ لگایا جا سکے، انتہائی

بی اندیشہ:بلا خوف، سوچے بغیر

بی اِنضباط:جس میں نظم و ترتیب نہ ہو

بی سلیقہ:بے تربیت

بیانی:تشریحی، توضیحی،

بیانك:سن جس سے بوریاں بنتے ہیں

بیانیہ:اعلان، منشور، محضر

بیاوار:شغل، پیشہ، کام

بیاور:آوردن مصدر= لانا سے فعل امر، آور یا بیاور، لا، لے آ

بی اہمیّت:غیر ضروری، معمولی

بی آہنگ:بے سُرا، ناگوار، ان مل بے جوڑ

بی آہنگی:بے سُرا پن، نا ساز گاری

بی ایمان:بے دین، غیر پابند مذہب، ملحد بددیانت، خائن، ریا کار

بی ایمانی:بددیانتی، خیانت، فریب، ریا کاری

بی بار:بے ثمر، درخت جس پر پھل نہ آئے

بی باك:بیباک، نڈر، دلیر، شجاع

بی باکانہ:دلیری سے، مردانہ وار، دلیرانہ، جُرات کے ساتھ

بی بال:(۱) جس پرندے کے پر نہ ہوں، (۲) بے سروسامان، بیکس، بینوا

بی بال و پر:جس نے پوری طرح نشوونما نہ پائی ہو، بیکس، بیچارہ، بے یار و مدد گار

بی بدل:لاثانی، بے نظیر، بے مثال، جس کا کوئی بدل نہ ہو سکے

بی برگ:(۱) جس درخت پر پتے نہ ہوں (۲) بے سروسامان، محتاج، مفلس، جس کا کوئی ذریعہ معاش نہ ہو

بی برگ و نوا:جو ذرائع معاش سے محروم ہو، محتاج، بیکس، تہی دست،

بی بصَر:(۱) نابینا (۲) ناعاقبت اندیش

بی بصری:بصارت سے محرومی، ناعاقبت اندیشی

بی بصیرت:بے دانش، بے عقل

بی بقا:فانی، عارضی، نا پائیدار

بی بقائی:نا پائیداری، تغییر پذیر

بی بند و بار:نکما آدمی

بی بُنیاد:جس کی بنیاد نہ ہو، کمزور عارضی

بی بنیہ:کمزور

بی بہا:جس کی کوئی قیمت نہ ہو، معمولی، بیکار (اردو :گران بہا)

بی بہرہ:بے نصیب، محروم

بی بی:خاتون کےلیے کلمہ احترام، معزز خاتون، خاتون خانہ

بی پا:تباہ شدہ، مفلس، جس کے پاؤں نہ ہوں

بی پایاب:عمیق، گہرا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بی پاوسر:بے سروسامان، مفلس

بی پایان:بے انتہا

بی پردہ:صفائی سے، راستی سے، صاف گوئی کے ساتھ

بی پردہ:آزادی کے ساتھ، کھلم کھلا، واضح

حرف بی پردہ:واضح بات

بی پروا:نڈر، دلیر، من چلا، جلد باز، نا عاقبت اندیش

بی پروائی:نا عاقبت اندیشی، بے فکری، بے احتیاطی

بی پُشت:جس کا کوئی حمایت یا مدد کرنیوالا نہ ہو

بی پناہ:جس کا کوئی سہارا نہ ہو، جس کا کوئی حامی یا دوست نہ ہو

بی پیر:جس کا کوئی پیشوا نہ ہو، رہبر نہ ہو،

بی پیرایہ:بے آرائش

بی خصلت:بد سیرت

بَیت:شعر (ابیات جمع)

بَیت:(ع) گھر، قیامگاہ، مقام

بیتِ شرف:مقدس مقام، مثال:

پرداخت ز تسخیر ممالک، شہ خاور
گرداند سوی بیت شرف بازعنان را

شاہ مشرق حضرت رسول کریم (ص) نے ممالک مشرق کو احاطہ اثر میں لانے کے بعد اپنی عنان پھر بیت الحرام (خانہ خدا) کی طرف موڑی

بی تا:جھریوں کے بغیر

بی تا:بے مثال

بیتاب:بیچین، بیکل، مضطرب، بیقرار

بیتابی:اضطراب، بے چینی، بیقراری

بیتُ التخلیہ:بیت الخلا، رفع حاجت کی جگہ، پاخانہ

بیتُ الحرام:(ع) کعبہ، خانہ خدا، بیت اللہ

بیت الحَزَن:(ع) غموں کا گھر، جہاں غم ہی غم ہوں

بیتُ العتیق:(ع) بیت الحرام، خانہ خدا، کعبہ،

بیت العَنکبُوت:(ع) مکڑی کا جالا

بیت الغزَل:(ع) غزل کا بہترین شعر

بیت اللہ:(ع) خانہ خدا، خانہ کعبہ

بیت المال:(ع) حکومت کا خزانہ، اسلامی حکومت کا خزانہ

بیت المَقدَس:(ع) مقدس مقام، خانہ خدا، یوروشلم

بی تامُل:بلا سوچے سمجھے، نا عاقبت اندیشی سے، جلدی میں

ہرگز بی تامل حرف مزن:بغیر سوچے سمجھے بات نہ کرو

بی تحاشی:بے تحاشہ، جلد بازی، نا عاقبت اندیشی سے

بی تدبیر:نا عاقبت اندیش، لاپروا

بی تربیَت:غیر مہذب، بد تمیز، نا شائستہ، غیر معقول

بی تربیتی:کج اخلاقی، بد تمیزی

بی تردُد:بلا جھجک، بلا پس و پیش

بی تزویر:صاف دل، صاف باطن، بے ریا، سادہ

بی تشریفات:رسوم و تکلفات کے بغیر

بی تعارُف:رسوم مروّت کے بغیر

بی تقصیر:بے ریا، بے قصور، بے گناہ

بی تکلُف:بے بناوٹ، رسوم و آداب کے بغیر

بی تلبیس:سیدھا سادا، بھولا بھالا، بے ریا

بی تمیز:تہذیب سے محروم

بی تناسُب:جس میں کوئی نسبت قائم نہ ہو

بیتُوتہ:کسی جگہ شب بسری کرنا، رات گزارنا

بی توجُہ:التفات کیے بغیر، لا پروائی

بی توشہ:ذرائع معاش کے بغیر، مفلس

بی توفیق:لیاقت سے خالی، لطافت سے محروم، کم بخت

marfat.com

بی توَقّف: بلا تاخیر، دیر کیے بغیر

بی ثبات: نا محکم، بے اصول، نا پائیدار،

بی ثمَر: بے نتیجہ، بے اثر، بے حاصل، جسے پھل نہ آئے

بیجا: نا مناسب، غلط، بے موقع

بیجادِہ: ایک قسم کا یاقوت، عقیق

بی جرم: معصوم، بے گناہ، بے قصور

بیجك: بیجک، بل، اشیائے مرسلہ کی فہرست مع قیمت، یاد داشت جس میں مال کی قدر و قیمت کی شرح مع محصول اور دیگر اخراجات درج ہوتے ہیں

بی جِلا: جس میں چمک نہ ہو

بی جمال: سادہ، بد صورت

بی جِنس: لا جنس، جو نہ مذکر ہو نہ مونث

بی جواب: لاجواب، جس کا کوئی جواب نہ ہو

بی جَوہر: بے چمک، ناکارہ، بے مصرف

بی جِہَت: بلا وجہ، ناواجب، نامناسب، نا زیبا

بی حِساب: جسے گنا نہ جا سکے، جو شمار میں نہ آسکے، بیشمار

بی حسابی: بد حسابی، حساب میں گڑبڑ

بی حسابی کردن: لین دین میں گڑبڑ کرنا، فریب کرنا

بیچارِگان: بیچارہ کی جمع، مفلس، غریا، بیکس لوگ، مجبور و معذور، بے یار و مددگار، مثال:

چو مرہم خستہ را رحمت رسان باش
بسختی چارہ بیچارگان باش

خستہ جاں کو مرہم کی طرح تسکین بہم پہنچا سخت پریشانی کی حالت میں بے کس لوگوں کی دستگیری کر

بیچارِگی: بیکسی، بے بسی، مفلسی، پریشان حالی

بیچارِہ: مفلس، بے بس، بے کس، بے یار و مددگار

بیچاك دہن: بیہودہ گو، یا وہ گو، گندہ دہن، بے ادب

بی چشم و رُو: بے شرم، بے حیا، حق نا شناش

بی چُون: بے مثال، بے نظیر

بیچون و چرا: بلا اعتراض، قطعی، نا قابل انکار، واجب التعمیل، لازمی

بی حاصل: جس سے کچھ حاصل نہ ہو، بے ثمر، بے نتیجہ، بیکار

بی حال: کمزور، بے بس، پریشان حال

بی حالی: کمزوری، پریشانی، بے بسی

بی حِجاب: بے پردہ

بی حد: بے حساب، لا تعداد، بیشمار

بیحَرف: (۱) شک و شبہ کے بغیر (۲) گونگا

بیحُرمت: بے وقار، بے عزت

بیحرمتی: بے عزتی

بی حِس: نادان، بے غیرت، جس پر کسی بات کا اثر نہ ہو

بی حِسی: احساس سے محرومی، فقدان احساس، بے توجہی

بی حصَر: بے حد، بے حساب

بی حقوق: (۱) حق ناشناس (۲) تنخواہ کے بغیر

بی حقیقت: بے اصلیت، غیر مخلص، بے وقار، دروغ گو

بی حکمت: بے دانش، دانائی سے محروم

بی حِمیّت: بے غیرت، بے حس، بزدل جس میں کسی قسم کا شوق یا جوش نہ ہو

بی حواس: پریشان خیال، سرگشتہ، غیر متوجہ

بی حوصلہ: بے ہمت، صبر و استقامت کے بغیر، چڑچڑا، تُنک مزاج، زود رنج

بی حیا: بے شرم، بے ادب، شوخ چشم

بی حیائی: بے غیرتی

بیخ: اصل، جڑ، ریشہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جاثِم: (ع)سینے کے بل لیٹا ہوا

جاجِم: (ع)اون کی بنی ہوئی دری یا قالین

جاحِد: (ع)مخالف، منکِر، انکار کرنے والا

جا خالی: کمی، خسارہ، کسر

جاخسوک: درانتی

جاد: حضرت یعقوب (ع) کے بیٹے کا نام

جادار: کھلا، وسیع، جس عمارت کے کئی کمرے ہوں

جاداری: وسعت

جادِل: جدل کرنے والا، لڑنے جھگڑنے والا

جادَنگوُی: آتشکدے کا خادم

جادُو: سحر، افسون، شعبدہ، عجیب و غریب کام

جادو بیان: فصیح البیان، جس کا بیان موثر و فصیح ہو

جادوزن: جادوگر

جادوگر: شُعبدہ باز، افسوں گر، ساحر، جادو کرنیوالا

جادوگری: سحر، افسون، شعبدہ

جادِہ: (ع)راستہ

جادِہ صاف کن: سٹیم رولر جس سے راستہ صاف اور ہموار کرتے ہیں

جادِی: زعفران، عربی میں بھی اسے جادی ہی کہتے ہیں

جاذِب: (ع)جذب کرنے والا، کشش کرنے والا، دلربا، دلکش

جاذِبانہ: (ع)کشش کے طور پر

جاذِبہ: (ع)کشش

جاذِبہ زمین: کششِ زمین، کششِ ثقل

جاذِبیّت: (ع)کشش، دلکشی، دلربائی

جار: (ع)فریاد، آواز (دینا)، اعلان، ڈھنڈورا

جارزدن۔۔۔جارکشیدن: منادی کرنا، ڈھنڈورا پیٹنا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جار: ہمسایہ

جار: کھینچنے والا

جار: چلچراغ بلور کا چراغ اور اس کی چند شاخیں اسے چھت سے آویزاں کیا جاتا ہے

جار: حرف اضافہ مثلاً در، بر وغیرہ

در اطاق: کمرے میں، در «حرف جار» ہے اور اطاق «مجرور»

جارچی: مُنادی کرنے والا، مشتہر کرنے والا، آگاہ کرنے والا، قاصد

جارچی باشی: نقیب، نقیب شاہی

جارِح: (ع) جراحت کرنے والا، زخم لگانے والا

جارِحہ: (ع) (۱) انسان کا عضو بدن مثلاً ہاتھ (۲) شکار کرنے والا پرندہ یا حیوان

جارزَن: جارچی، منادی کرنے والا

جارِف: (ع) طاعون، پلیگ

جارُوب: جھاڑو

جارُوب کش: جھاڑو سے صاف کرنے والا

جارُوب کشی: جھاڑو دینا، جھاڑو سے صاف کرنا

جاری: (ع) روان

جاری: شوہر کے بھائی کی بیوی، درانی یا جٹھانی

جارِیہ: (ع) (۱) جاری، روان، سن جاریہ= سال روان (۲) چھوٹی بچی، خادمہ

جازدَن: فریب دینا، بدلی ہوئی چیز کو اصل کے طور پر دینا

جازدِہ: نقلی، جس میں ملاوٹ ہو

جازِم: فیصلہ کن، دوٹوک، قطعی

جاسَت: وہ جگہ جہاں انگوروں کا رس نکالتے ہیں

جاسِر: گستاخ، بیباک

جاسُوس: وہ شخص جو کسی کے راز معلوم کرکے کسی دوسرے کو بتائے، خفیہ کام کرنے والا، خبر چین

جاسوسی: کسی کے لیے خفیہ کام کرنا اور اسے بتانا، خبر چینی

جاش: گندم کا صاف شدہ انبار

جاشدان: غلہ رکھنے کی جگہ

جاشو: کشتی بنانے والا، کشتی میں کام کرنے والا

جاعِل: (ع) بنانے والا، وضع کرنے والا، تخلیق کرنے والا

جاغِر: پرندوں کا چینہ دان، پوٹا

جاغُوک: درانتی

جاف: بدکار عورت، فاحشہ

جافی: (ع) جفا کرنے والا، جفا پیشہ، ظلم کرنے والا

جاکٹ: جیکٹ کا مفرس ہے

جاکردن: پاؤں جمانا

جاکش: بھڑوا، قرم ساق، دلال، کٹنی، قطامہ

جاکشی: قرم ساقی کرنا، عورتوں کی دلالی کرنا۔

جاگزین: کسی جگہ قیام کرنا۔

جاگیر: وہ زمین جو ملکی خدمات کے صلے میں حکومت کی طرف سے ملتی ہے۔

جال: دام جس سے شکاری جانوروں کو پکڑتے ہیں۔

جالِب: (ع) کشش کرنے والی، دلکش دلربا۔

جالِب توجہ: دلچسپ۔

جالب نظر: کسی کی توجہ کو اپنی طرف مبذول کرنے والا۔

جالِش: جماع۔

marfat.com

جالوُت: جن،دیو۔

جالہ: بیڑا، لٹھوں کا ٹھاٹھ جو کشتی کا کام دیتا ہے۔

جالی: جلی، واضح، صاف ،نمایاں۔

جالیز: تربوزوں، خربوزوں کا کھیت۔

جالیزبان: تربوزوں وغیرہ کی فصل کی نگہداشت کرنے والا

جالینوس: یُونان کے ایک نامور حکیم کا نام۔

جام: پیالہ، ساغر ،قدح۔

جام پنجرہ: کھڑکی کا شیشہ۔

جام ریختَن: جام کو بھرنا۔

جام زدَن: ایک دوسرے کی صحت کے جام پینا۔

جام شیشہ: شیشے کا گلاس۔

جام: خراسان کا ایک شہر۔

جاماس: **جاماسپ**–ایک طبیب کا نام۔

جامِد: (ع)ٹھوس۔

جامد: ایسا اسم جس سے کوئی دوسرا اسم ترکیب نہ پاسکے(مشتق کی ضد)۔

جامدار: (ع) ساقی۔

جامِع: (ع) وسیع، بسیط،ہمہ گیر۔

جامِعُ العَلوُم: بحرالعلوم، جس نے متعدد علوم کی تحصیل کی ہو۔

جامع: (ع) جہاں لوگ جمع ہوں، معبد بزرگ

جامِع: (ع) جمع کرنے والا۔

جا مِعُ المنقول والمعقول: جس نے منقول اور معقول دونوں علوم میں دسترس حاصل کی ہو۔

جامِعَہ: (ع) دانشگاہ، یونیورسٹی۔

جامِعیَت: ہمہ گیری ،وسعت:

جامغولؔ: حرامزدہ، شریر وتبہ کار۔

جامگی: الاؤنس،وظیفہ ،تنخواہ۔

جامگی خوار: پنشن خوار، وظیفہ خوار۔

جامُوس: (ع) بھینس،جوامیس جمع۔

جامِہ: کپڑا، لباس، پیرہن۔

جامہِ بُر: قینچی۔

جامِہ خانِہ: الماری جس میں کپڑے رکھے جاتے ہیں، وارڈ روب(انگ)۔

جامِہ خواب: سوتے وقت کا لباس۔

جامہ دان: ٹرنک ،صندوق، سوٹ کیس جس میں کپڑے رکھے جاتے ہیں۔

جامہ شُو: دھوبی

جامہ گاہ: توشہ خانہ، کپڑے رکھنے کی جگہ

جامہ وار: پھولوں والی شال

جامی: نامور شاعر عبدالرحمن جامی(۱۴۱۳- ۱۴۹۲ء) خراسان کے شہر جام کے رہنے والے تھے

جان: (۱)زندگی، روح (۲)طاقت (۳)بنیادی نکتہ، قسم

بجان خودم: اپنی زندگی کی قسم

جان بدر بُردن: کسی کی جان بچا لینا

جان تافتن: جان ضائع کر دینا

جان در کف نہادن: جان ہتھیلی پر رکھنا، جان کو خطرے میں ڈالنا

جان سپردن: فوت ہو جانا

جانش بلب رسید: اس کی جان لبوں پر آ گئی

جان کندن: موت کی کشمکش میں مبتلا ہونا، حالت نزع

جان گرفتن: روح تازہ حاصل ہونا، حیات تازہ حاصل ہونا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جان:جن کی جمع
انس و جان:انسان اور جن
جان آزار:زندگی کو تکلیف پہنچانے والا
جان آزاری:ایذا رسانی، آزار رسانی، ظلم و ستم
جان آفرین:زندگی تخلیق کرنے والا، زندگی بخشنے والا، خداوند تعالی
جانان:محبوب جو جان کی طرح عزیز ہے
جانانہ:پیارا، محبوب، زیبا دلبر
جانب:طرف، سمت، حصہ
از جانب من:میری طرف سے
اینجانب:این جانب، بندہ
بجانب من می آید:میری طرف آ رہا ہے
جانب کسی را گرفتن:کسی کی طرف سے حصہ لینا، کسی کی حمایت کرنا
جانباز:جان کو خطرے میں ڈالنے والا، جان پر کھیلنے والا
جانبازی:جان پر کھیلنا
جان بخش:جان آفرین، خداوند تعالی
جانبداری:طرفداری
جان بَر:زندگی بچانا
جانب گیر:کسی ایک کی حمایت کرنے والا، طرفدار
جان پرور:زندگی کی پرورش کرنے والا
جانخراش:تکلیف پہنچانے والا
جاندار:جان رکھنے والا، زندہ
جان دارُو:تریاق، زہر کا اثر دور کرنے والی دوا
جان در بُردن:نجات حاصل کرنا، خطرے کے موقع سے بچ جانا
جانسپار:وفادار، جان نثار
جانسپاری:جان نثاری
جانستان:جان لیوا
جانسُوز:جان جلانے والا، اذیت دینے والا
جان شکرَ:جان لینے والا
جانشین:جو شخص کسی کی قائمقامی کرے، جسے کسی کی جگہ ملے، وارث
جانشین کردن:کسی کو اپنا قائمقام بنانا، کسی کو اپنا وارث بنانا
جانشینی:وراثت، قائمقامی، کسی کا منصب کسی دوسرے کو ملنا
جانفرسا:زندگی کو آزار پہنچانے والا، پریشان کن
جانفزا:روح افزا، جان کو تقویت پہنچانے والا
جانفشان:جان قربان کرنے والا، وفادار، جان نثار
جانفشانی:جان نثاری
جانکاہ:جانفرسا، زندگی کو اذیت دینے والا
جان کندَن:جان کا عذاب ہونا، موت کی کشمکش میں مبتلا ہونا، دم مرگ ہونا
جان کنی:موت کی کشمکش، حالت نزع
جان گداز:دل و جان کو افسردہ کرنے والا
جان گدار:دل شکن، جانسوز، سخت تکلیف دہ
جان گزا:دل کو سخت آزار پہنچانے والا
جان گسِل:جو جان لینے کا موجب ہو
جان گیر:موت کا فرشتہ، حضرت عزرائیل
جانماز:مُصلاً جس پر ناز ادا کیجاتی ہے، سجادہ
جان نثار:وفادار، جو دوست کے لیے جان بھی قربان کرنے کو تیار ہو
جان نثاری:انتہائی وفاداری، جان قربان کرنے کے لیے آمادہ ہونا
جان نوازی:زندگی کے لیے فرحت کا باعث ہونا
جانور:جاندار، حیوان

marfat.com

جانوران آب زی: پانی میں رہنے والے جانور

جانور شِناسی: حیوانات کا علم

جانِہ: (۱) جان، روح، زندگی، حیات

جانِہ: سامان جنگ، اسلحہ، زرہ، جوشن

جانی: پیارا، محبوب، وفادار، مخلص، دوست پیارا دوست

دشمن جانی: جان کا دشمن

جانی: گنہگار، جفاپیشہ، تباہ کار

جاودان: ہمیشہ، دائمی، ابدی، غیر فانی

جاوِدان سرای: دوسرا جہان

جاوِدانِہ: ہمیشہ ہمیشہ کے لیے

جاوِدانی: ازلی، ابدی، دائمی، سرمدی

جاوَر: صاحب خانہ

جاوَرد: خار، کانٹا

جاوَرس: ایک قسم کی گھاس

جاوشِیر: ایک قسم کا درخت جس سے بدبودار گوند نکلتی ہے

جاوُش، چاووُش، چاوش: نقیب، لشکر کا پیشرو، کاروان کا رہبر، زائرین کا رہنما

جاوَہ: ملک جاوہ

جاوِید: دائمی، ازلی، ابدی، غیر فانی

حیاتِ جاوید: ابدی زندگی

جاویدان: جاوید، دائمی

جاوِیدَن: چبانا

جاہ: مرتبہ، درجہ، اعزاز، سرفرازی، وقار، قدر و شرف، فروشکوہ

جاہ و جلال: مرتبہ اور عظمت، شان و شکوہ

جاہ طلب: اونچے مرتبے کا متمنی

جاہ طلبی: اونچے مرتبے کی تمنا

جاہِد: (ع) جدوجہد کرنے والا

جاہدانِہ: سعی و کوشش سے

جاہِل: (ع) بے علم، بے عقل، نادان، ناواقف

جاہلانِہ: بے وقوفی سے

جاہلی: بے وقوفی

جاہِلیت: (ع) اسلام سے پہلے عربوں کا زمانہ جہالت

جائر: (ع) جور کرنے والا، ظلم کرنے والا، جفاپیشہ

جائز: (ع) جس امر کی اجازت ہو، قانون یا شریعت کی رو سے جس امر کی اجازت ہو

جائزالخطا: جس سے خطا کاری ممکن ہو، جس سے گناہ سرزد ہو سکتا ہے، انسان

جائزِہ: (ع) انعام، صلہ

کہ در اسپ دوانی جائزہ گرفت؟: گھوڑ دوڑ میں کسے انعام ملا؟

شاعر جائزہ دار: ملک الشعرا

جای: جگہ، مقام

جائیگاہ: مقام، ٹھہرنے کی جگہ، گھر، مکان، منزل

جایگیر: (۱) جگہ لے لینا، جاگزیں ہونا

آن کلمات در ذهنش جایگیرشد: وہ باتیں اس کے ذہن میں جاگزیں ہو گئیں

جایگیر: جاگیر

جای نشین: جانشین

جاییدن: چبانا

جب: (ع) قطع کرنا، کاٹنا، غالب ہونا

جب: (ع) گہرا کنواں، (اجباب جمع)

جباب: جب کی جمع

جبا خانہ: جبہ خانہ، جہاں زرہ بکتر رکھے جاتے ہیں، اسلحہ خانہ، میگزین

جبّار: (ع) اللہ تعالی کا صفاتی نام نیز متکبر، قاہر، قادر

جبّار: (ع) شکستہ ہڈی کو جوڑنے والا، استخواں بند

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جبّارانہ:جبروظلم سے

جبّاری:ظلم و ستم

جِبال:(ع) جبل کی جمع، پہاڑ

سلسلہ جبال:پہاڑی سلسلہ ، کوہستان

جَبان:(ع) بزدل، ڈرپوک

جبانَت:(ع) بزدلی، کم دلی

جباہ:(ع) دیکھیے جبّہ

جبائر:(ع) جبیرہ کی جمع

جبایَت:باج و خراج جمع کرنا

جبر:(ع) مجبوری، دباؤ، ظلم، طاقت کا استعمال

جَبر:(ع) مسلک جبر یعنی یہ عقیدہ رکھنا کہ انسان مجبور محض ہے۔ مثال:

جبر نعمت از کفت بیرون کند

شُکرِ اُوبس نعمتت افزون کند

جب تم اپنے آپ کو مجبور محض سمجھو گے تو جو نعمت تمھیں میّسر ہے وہ بھی تمہارے ہاتھ سے جاتی رہیگی اور اگر اس نعمت پر شکر گزار ہو گے تو تمھاری نعمت میں اضافہ ہوگا

جبر:(ع) شکستہ ہڈی کو باندھنا ، ریاضی کی اصطلاح میں تحویل، مختصر کرنا ، جبرو مقابلہ ، الجبرا

جبراً:دباؤ ڈال کر

جُبران:(ع)صلہ ، بدلہ ، بحالی، تلافی، تاوان، معاوضہ

جُبران کردن:تلافی کرنا ، اصلاح کرنا ، معاوضہ دینا

خساراتِ اُو را جبران کردند:اس کے نقصانات کی انھوں نے تلافی کردی

جُبران پذیر:جس کی تلافی ہوسکے

جُبران نا پذیر:جس کی تلافی نہ ہوسکے

جبرائیل:(ع) حضرت جبرئیل، ایک فرشتے کا نام

جَبرُوت:(ع) بزرگی، قدرت، عظمت، عالم قدرت، عظمت الٰہی، اللہ تعالی کی صفت

عالمِ جَبرُوت:سماوی دنیا ، دنیاے ملکوت

جبَروز:خارپشت

جبرو مقابلہ:الجبرا

جبری:(۱)دباؤ میں (۲)عقیدہ جبر کے قائل جو سمجھتے ہیں کہ انسان مجبور محض ہے جو کچھ ہوتا ہے وہ تقدیر ہی کی رو سے ہوتا ہے (قدری کی ضد)

جبری:الجبرا سے متعلق

جبریُون:عقیدہ جبر کے قائل

جبریِّہ:عقیدہ جبر کے قائل جنھیں اس بات کا یقین ہے کہ انسان مجبور محض ہیں

جبریل:حضرت جبرئیل

جَبسِین:گچ چونا جس سے دیواروں پر سفیدی کی جاتی ہے

جبغوت:روئی جو لحاف وغیرہ میں بھری جاتی ہے

جَبَل:(ع) پہاڑ

جبلاج:بخیل، کنجوس، خسیس، دون ہمت

جبِلَت:(ع) فطرت، عادت

جَبلقوُم:ارغوانی یا بنفشی رنگ کا قیمتی پتھر، یاقوت، نیلم

جَبَلی:(ع) پہاڑوں میں رہنے والا

جبِلی:فطری، قدرتی

این خُوی جبلی است:یہ فطری عادت ہے

جُبن:(ع) بزدلی، ڈر، خوف، ضعف قلب

جُبن:(ع)پنیر

جَبوُن:بزدلی

جُبہ:(ع) لباچغہ ، لبادہ ، گاؤن

جُبّہ:(ع) زرہ

جبہ:(ع) پیشانی کی چوڑای اور خوبصورتی

جبہ:(ع) پیشانی کا سامنے کا حصہ

marfat.com

جَبہ جنگ: میدان جنگ میں فوج کا سامنے کا حصہ
جبّہ خانہ: جہاں زرہ یا اسلحہ رکھا جاتا ہے
جبہ سا: جبین سا، ماتھا رگڑنے والا، اظہار عجز کرنے والا
جبُھوی۔۔۔جبھی: سامنے کا حصہ، پیشانی، پیشانی کی ہڈی
جبیرہ: پٹی، لکڑی کی کھپچی جو ٹوٹی ہوئی ہڈی پر رکھ کر باندھی جاتی ہے
جبین: پیشانی، ماتھا، جبہ
جبین درهم کشیدن: بھوئیں سکوڑنا، ناراضگی کا اظہار، ماتھے پر بل آنا
جبین سا: ناصیہ فرسای کرنے والا
جبین سائی: عاجزی کا اظہار کرنا
جبین کشادن: پیشانی کا بل جاتے رہنا، خوشی کا اظہار کرنا
جبین گرفتہ: غصے کی حالت میں
جثالقہ: (ع) جاثلیق کی جمع، مسیحی پیشوایان
جُثمان: (ع) جسیم شخص
جُثّہ: تن، جسم
جثہ دار: لحیم شحیم، موٹے جسم والا، فربہ جسم
جُحاف: (ع) (۱) تیز دھارا، تیز بہنے والا (۲) اسہال
جَحد: (ع) انکار، اختلاف
جُحر: (ع) حیوانات رکھنے کی جگہ
جُحر: (ع) عمیق غار
جَحر: (ع) آنکھوں میں نیند بھر آنا
جحِف: (ع) (۱) کوئی چیز مہیا کرنا، کسی چیز کی طرف مائل ہونا، (۲) چھلکا اتارنا
جحُود: (ع) انکار کرنا
جحیم: (ع) دوزخ کی آگ، دوزخ
جخ: جخش، دیکھیے نیچے

جخش: غدُود جو گلے کے نیچے ابھر آتی ہے
جَد: (ع) آباء، دادا
جدّپدری: دادا
جدّ مادری: نانا
جدّ: (ع) کوشش
جُدا: الگ، علیحدہ
جَداء: (ع) عطا، بخشش
جُدا جدا: الگ الگ، تنہا
جدار: (ع) دیوار، بیچ کی دیوار، درمیانی دیوار
جُدا شدنی: جدا ہونے والا
جداگانہ: علیحدہ
جِدال: (ع) (۱) لڑائی کرنا (۲) مذاکرہ، مقابلہ
جِدال کردن: مذاکرہ کرنا، لڑنا جھگڑنا
جِدالی: متنازعہ فیہ، مباحثہ انگیز، نزاعی
جُدانشُدنی: جو جُدا نہ ہو
جَداوِل: (ع) جَدول کی جمع، دیکھیے جدول
جُدائی: مفارقت
جدائی بین دو نفرانداختن: دو آدمیوں کو ایک دوسرے سے جدا کر دینا
جَدب: (ع) خشک سالی، قحط
جَدَر: دانہ جو جسم پر پیدا ہو جاتا ہے، گومڑی
جدَر: دیوار
جُدران: جَدَر کی جمع
جُدری: آبلہ
جَدع: (۱) قطع کرنا، کاٹنا، (۲) روکنا (۳) حبس میں ڈالنا
جدکارہ: مختلف رائیں، مختلف تدبیریں، مختلف روشیں
جَدَل: (ع) نزاع، خصومت، لڑائی جھگڑا، مقابلہ مباحثہ کرنا
جَدَلی: مختلف فیہ، متنازع

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جَدوار: ادرک کی سی خوشبو دار چیز جو مشرقی ہندوستان کے ایک پودے کی جڑ سے نکالی جاتی ہے اور دواؤں، اور رنگوں کے بنانے میں استعمال ہوتی ہے

جَدوَل: (ع) کاغذ جس پر افقی اور عمودی خط کھینچے گئے ہوں

جَدوَلی: خطوط جو کاغذ کے صفحے پر کھینچے گئے ہوں

جَدی: (ع) آسمانی برجوں میں سے ایک کا نام، قطب تارہ

جدی: بکری کا بچہ، بزغالہ

جَدی: (ع) ایرانی کیلنڈر کے سردیوں کے ایک مہینے کا نام تھا جسے اب بدل کر «دی» کر دیا گیا ہے

جِدّی: (ع) کوشش کرنے والا، صاحب عمل، سرگرم، سنجیدہ متین، پرقوت

جدی گرفتن: سنجیدگی سے غور کرنا

شخص جدی: سرگرم عمل رہنے والا شخص

موضوع جدی: سنجیدہ موضوع

جَدّی: (ع) آبای

جِدیّت: (ع) سعی و کوشش، سنجیدگی، فرض شناسی

جِدیّت کردن: جدوجہد کرنا

منتہای جدیت را بعمل آورد: اس نے انتہائی کوشش کی

جَدِید: (ع) نیا، تازہ، نوَ

جَدید الأحداث: جس کی تشکیل نئی ہو

جدیدُ البِنا: نئی بنی ہوئی عمارت

جدیدُ الوُرود: تازہ وارد

بطرز جدید در آوردن: جدید صورت دینا

دستگاهای جدید: زمانہ جدید کی مشینیں

جدیداً: (ع) نئی صورت میں، تازہ

جَدیدان: (۱) دن رات (۲) دو نئی چیزیں

جَدیر: (ع) سزاوار، شائستہ، اہل

جَذّ: کاٹنا، توڑنا

جَذّاب: (ع) جذب کرنے والا، کشش کرنے والا

جَذّابیّت: کشش، دلکشی، دلربائی

جُذام: (ع) برص، بیماری جس میں جسم پر سفید داغ پڑ جاتے ہیں

جُذامی: (ع) جسے برص کا مرض ہو

جَذب: (ع) کشش، تسخیر

جذبِ قلوب کردن: دلوں کی تسخیر کرنا

جذب کردن: کشش کرنا

آہن رُبا آہن را جذب می کند: مقناطیس لوہے کو اپنی طرف کھینچتا ہے

جَذبہ: (ع) دلی احساس، دل کا جوش، کشش

جَذر: (ع) سکوئر روٹ 3=<9

جَذری: جڑ سے متعلق، اصلی، بنیادی، اساسی، فطری

جِذع: (ع) کھجور کا تنہ

جَذَل: اصل، ریشہ، جڑ

جذَل: خوش ہونا، خوشی منانا

جَذم: (ع) (۱) قطع کرنا، کاٹنا (۲) اہل و قبیلہ

جذُور: جذر کی جمع

جذوَہ: (ع) جلتا ہوا کوئلہ، اخگر

جَر: (۱) شگاف، رخنہ، چاک، پھاڑنے کی آواز، چھوٹی نہر

جردادن: پھاڑنا، ٹکڑے کرنا

جَرّ: کھینچنا، لفظ کے نیچے زیر کی حرکت دینا

جَرّ ثقیل۔۔۔جَرِّ اثقال: بھاری بوجھ کھینچنا، مشین جس سے بھاری بوجھ ادھر ادھر لے جاتے ہیں

جِر: ساتھ چھوڑ دینا، فریب دینا

جرزدن: پہلوتہی کرنا

جِرم گرفتہ بود: مجھے اتنا غصہ تھا کہ میں آپے

marfat.com

میں نہ رہا

جُرأت:(ع) دلیری

جرأت دادن:حوصلہ دلانا، ہمت بندھانا

جرات بخرج دادن:ہمت کو بروے کار لانا

جَرّاح:علاج کی غرض سے نشتر وغیرہ سے چیرنے والا، جراحت کرنے والا

جراحَت:(ع) علاج کی غرض سے زخم لگانا

تَولید جراحت:زخم وغیرہ میں پیپ پڑنا

جَراحَت بند:زخم کی پٹی

جراحی:علاج کی غرض سے نشتر کو بروے کار لانا، سرجری

جراحی پیوندی:پلاسٹک سرجری

عمل جراحی:اپریشن

جراد:فصلوں کو خراب کرنے والے کیڑے، ٹڈی وغیرہ

جراد البحر:سمندری ٹڈیاں

جرادِہ:ٹڈی، مکڑی

جرّار:(ع)(۱)طاقتور، جنگجو، (۲)مکمل طور سے تیار

لشکرِ جرّار:طاقتور لشکر جس میں بہت سے لشکری شامل ہوں

جرّارِہ:(ع)(۱)لشکر جرار (۲)ایک قسم کا بچھو

جرامیز:(ع) جانداروں کے دست و پا، اعضا

جرائد:(ع) جریدہ کی جمع، رسالے، اخبارات وغیرہ

جرائم:(ع) جریمہ کی جمع، خطائیں، گناہ، جرم، بصورت جمع

جَرَب:(۱)خشک (۲)کھرنڈ (۳)زخم کا داغ، نشان (۳)جلدی بیماری جس سے سوزش اور خارش ہوتی ہے

جَرب رُطب:جلدی بیماری مثلاً داد

جُرب:دراج، تیتر

جُربُزِہ:(۱)لیاقت، قابلیت، صلاحیت، اہلیت، توانائی (۲)عیاری، مکاری

جَرَبناک...جربی:خارش میں مبتلا، خارشی

جَرّ ثقیل:بھاری بوجھ اٹھانا، ایک آلہ جس سے بھاری بوجھ اوپر اتھایا جاتا ہے

جَرثُومہ:چھوٹا سا جرم یا کیڑا جو ہر چیز میں موجود ہوتا ہے اور بیماری کا موجب بنتا ہے، جراثیم جمع

جرجیز:(ع) سلاد آبی، دریائی پودا جو سلاد کے طور استعمال کیا جاتا ہے

جرجیس:سینٹ جارج، انگلستان کا سرپرست پادری

جَرح:(ع)زخم، ایذارسانی

جَرح و تعدیل کردن:کمی بیشی کرکے اصلاح کرنا، برابر کرنا، تصحیح کرنا

جَرد:(ع) ہموار زمین جس میں گھاس نہ ہو، پرانا کپڑا

جَرَد:زخمی، مجروح، زخمدار

جَرد:بادشاہوں کا تخت، اورنگ

جردَت:(ع) برہنگی، عریانی

جردِہ:خصی گھورا، نیز زرد رنگ کا گھوڑا

جُرز:چوہا، موش

جرز:دیوار، عمارت کی بنیاد جو پتھر یا اینٹوں سے بنائی گئی ہو

جرزن:پہلو تہی کرنے والا، ساتھ چھوڑ جانے والا، فریب کار

جُرَس:(ع)گھنٹی

جَرَس:(ع) بُرجِ ناقوس، جہاں سے مقررہ اوقات پر گھنٹی بجتی ہے

جَرسام:(ع) ذاتُ الجنب، پلوریسی (انگ)

جَرشَفت:ہجو، ذم

جُرعِہ:گھونٹ

جُرعہ جُرعہ نُوشیدن:گھونٹ بھر بھر کر پینا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جُرعہ ریز۔۔۔جُرعہ دان: پینے کا برتن

جُرعہ نُوش: گھونٹ گھونٹ پینے والا، مے نوش، بلا نوش

جرقہ: آگ کی چنگاری، جلتا ہوا کوئلہ

جُرگ: صحرا، بیابان، دشت، کشتی گیروں کا معرکہ، حلقہ، مجلس

جَرگہ: دائرہ، حلقہ، صف، آدمیوں کا حلقہ

اوھم در جرگہ ما آمد: وہ بھی ہمارے حلقے میں آ گیا

جرگہ زدن: حلقہ بنانا

جُرم: (ع) گناہ، خطا، قصور

جُرم دادن: خطاواری کا جرمانہ ادا کرنا

چہ جرمی تعقیب شد؟: کس جرم میں وہ اسیر ہوا؟

جِرم: جسم، دھڑ، اس لفظ کا اطلاق فلکیات پر ہوتا ہے مثلاً جرم قمر، جرم شمس، اجرام فلکی میں سے ہر ایک ستارہ

جُرمانہ: جو کچھ سزا کے طور ادا کرنا پڑے، جریمہ

جرمناک: قصوروار، خطا کار

جرمُزہ: سفر، مسافرت

جرمُوز: چھوٹا حوض

جَرنغار: لشکر کا بایاں بازو

جرنگ۔۔۔جرنگی: تن تن کی آواز، دھات کے برتنوں کے ٹکرانے کی آواز، جھنکار

جُرواسک: ٹڈی کی طرح کا جانور جس کا رنگ سبز ہوتا ہے۔ اس کی آواز کافی بلند ہوتی ہے

جَرُور: (ع) (۱) سرکش گھوڑا، (۲) گہرا کنواں

جُرّہ: (۱) درمیانے سائز کا، نہ بہت بڑا نہ بہت چھوتا، نر پرندہ یا چرندہ

جَری: بہادر، دلیر، شجاع

جَرَیان: (ع) جاری کرنا، رفتار، روش، طریق، راستہ

جریانِ اسکناس: نقدی کے نوٹوں کا جاری ہونا

جریانِ حوادث: حادثات کا رونما ہونا

جریان رُود خانہ: دریا کے بہنے کی رفتار

جریب: زمین کی پیمائش کا پیمانہ

جَریبانہ: جریب کی پیمائش کے حساب سے مالیہ

جریب کش: زمین کی پیمائش کرنے والا، مسّاح

جَریح: (ع) زخمی، مجروح

جَریحہ: (ع) زخم

جَرِید: (ع) (۱) نیزہ (۲) درخت کی شاخ (۳) یکہ و تنہا

جَرید بازی: نیزہ بازی

جَریدہ: رسالہ، اخبار

جَریدہ نگار: صحافی

جَریرہ: (ع) گناہ

جَریم: (ع) (۱) گنہکار (۲) لحیم شحیم، فربہ، موٹا

جَریمہ دار: جسے جُرمانہ ہونے والا ہے

جَرِیّہ: (ع) کسی چیز کو کھینچنا

جُز: سوا، علاوہ

جُز اینکہ: اس کے سوا

ہمہ رفتند جز محمود: محمود کے سوا سب گئے

جِزّ: آگ پر یا گرم لوہے پر پانی گرنے کی آواز

جِز: صدائے درد، چیخ پکار کی آواز

جَزء: صلہ، انعام، نیکی کا بدلہ

جُزء: حصہ، (اجزا جمع)

جزء جزء کردن: حصوں کا جدا جدا کرنا

جُزء لایتجزّیٰ: جس کا تجزیہ نہ ہو سکے

جُزء لایَنفک: جس کا کوئی حصہ الگ نہ ہو سکے

جَزا: (ع) صلہ، انعام، نیکی کا بدلہ، پاداش نیکی و بدی

روز جزا: روز محشر۔

marfat.com

جزّار: (ع) اونٹ ذبح کرنے والا۔

جزاف: (ع) بغیر وزن کیے یا گنے خریدو فروخت کرنا۔

جزاف: صیاد، شکاری۔

جزاک اللہ: (ع) اللہ تجھے نیک صلہ دے۔

جزالت: (ع) (۱) بزرگی، خوبی (۲) استواری مضبوطی، کلام میں وضاحت و روانی۔

جزائر: (ع) جزیرہ کی جمع، جزیرے۔

جزایی۔ (ع) سزا کے متعلق،

جُزبندی: کتاب کے حصوں کو یکجا کرکے جلد باندھنا۔

جزّبہ کردن: غصہ دلانا۔

جز جز: کڑاہی میں کسی چیز کے تلنے کی آواز۔

جُزدان: چمڑے کا تھیلا جو کاغذات رکھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

جزَر: اتار۔

مَدّو جزَر: دریا یا سمندر کا اتار چڑھاؤ۔

جزَر: گاجر:

جُزرسی: فہم کی رسائی، تیز فہمی، فراست۔

جزَع: (ع) بیتابی، آہ و زاری، اظہار حُزن و ملال۔

جَزع: (ع) قیمتی پتھر، عقیق۔

جزَع و فزَع: (ع) داد و فریاد، آہ و فغان و گریہ و زاری۔

جزغال: گھی میں تلی ہوئی چیز، باقی جو کچھ بچ رہتا ہے اسے جزغال یا جزغالہ کہتے ہیں۔

جزَل: (ع) عظیم، کثیر، فراواں، فصیح کلام (جزال جمع)

جزم: (ع) (۱) علامت سکون (۲) یقین، پختہ (۳) قطع کرنا

عزم جزم کردن: پکا ارادہ کرنا۔

عزم خُودرا جزم کردن: اپنے ارادے کو پختہ کرنا۔

جُزو: کسی چیز کا حصہ۔

جُزو بندی: کتاب کے حصوں کو یکجا کر کے جلد باندھنا، مجلد کرنا۔

جُزوَع: بے صبری، ناشکیبائی، نالہ و زاری، دلتنگی کا اظہار۔

جُزوہ: کسی کتاب کا ایک حصہ۔

جُزوی: جزئی۔

جُزویان: جزئیات۔

جُزئی: معمولی سا، تھوڑا سا۔

جِزیدَن: التماس کرنا، عاجزی سے گزارش کرنا۔

جزیرہ: (ع) خشکی کا وہ حصہ جس کے چاروں طرف سمندر ہو۔

جزیرۃ العرَب: جزیرہ عرب۔

جزیرہ نشین: جزیرے کے رہنے والے۔

جزیل: (ع) زیادہ، فراواں، سخن فصیح۔

اجر جَزیل: بہت زیادہ صلہ۔

جُزی: تھوڑا حصہ، معمولی سا۔

جُزی فروش: خوردہ فروش۔

جِزیہ: وہ ٹیکس جو غیر مسلموں کے تحفظ کی ذمے داری کی صورت میں لیا جاتا تھا۔

جُسّار: (ع) جاسر کی جمع، گستاخ، بے باک لوگ دلیر۔

جَسارت: (ع) دلیری، پردلی بے باکی، بے پروای گستاخی

جسارَت آمیز: دلیرانہ، پردلی سے، گستاخانہ۔

جَسّاس: (ع) جستجو کرنے والا۔

جُسَام: (ع) بڑے تن و توش والا، جسیم، لحیم شحیم۔

جَسامَت: (ع) جسمانی حالت، تنو مند ہونا۔

جَساوَت: (ع) سختی، کڑا پن، بے حسی، سخت دلی۔

جَست: کودنا، کودنے کا عمل، نیز ارتفاع و بلندی۔

جُست: جستن مصدر=ڈھونڈنا سے ماضی مطلق ڈھونڈ لیا

جُستجو: تلاش، تفتیش، تحقیق۔

هرچه جستجو کردم، او را پیدانکردم: میں نے جتنی بھی اس کی تلاش کی، اسے نہ پایا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جَستن: کُودنا، فرار کرنا، بچ نکلنا۔

جُستہ: تلاش کیا ہوا۔

جَستہ جَستہ: کہیں کہیں، کوئی کوئی، کم کم۔

جَسَد: (ع) جسم، تن، بدن۔

جَسر: (ع) پُل۔

جسک: رنج، آزار، آفت، مصیبت۔

جِسم: (ع) تن، بدن۔

جِسماً: جسمانی طور سے۔

جِسمانیت: جسمانی حالت۔

جِسمی: مادی، جسمانی۔

جسُور: دلیر، بہادر، شجاع، گستاخ، بیباک۔

جَسُورانہ: دلیری سے، پُردلی سے۔

جَسیم: (ع) بڑے تن و توش والا، تنومند۔

جَش: نیلے رنگ کے شیشے کا دانہ، مانند فیروزہ۔

جَشن: کسی تقریب کا میلہ، خوشی، عید، مسرت انگیز تقریب۔

جَشنِ افتِتاح: کسی تقریب کے آغاز کا جشن کسی نئی چیز کے آغاز پر پُر مسرت تقریب۔

جشنِ عروسی: شادی کا جشن۔

جشن نَو روز: ایران میں ماہ مارچ میں منایا جانے والا جشن، عید نو روز۔

جشن گرِفتَن: جشن منانا۔

جَشَن: جسم کی حرارت کا بڑھنا، نبض تیز ہونا، بخار ہو جانا۔

جَشَہ: لباس کی آستین قبا کی آستین۔

جَص: (ع) گچ، چونا گچ۔

جَغ: جُوا جو بیلوں کی گردن پر رکھا جاتا ہے۔

جَعابِیب: جعبوب کی جمع، کوتاہ قد، اشخاص پست، فطرت۔

جعاشِیش: (ع) جعشوش کی جمع، دبلے پتلے بدصورت اشخاص۔

جَعال :جعالہ: (ع) کارگر کی اجرت، رقم جو سپاہیوں کو جنگ میں دیجاتی ہے،

جَعبُوب: (ع) دیکھیے جعابیب۔

جعبہ: (ع) صندوقچہ۔

جعبہ آئینہ: شو کیس ،ڈھانچا جس میں آئنہ نصب ہوتا ہے۔

جَعد: (ع) گھنگریالے بالوں کا حلقہ۔

جَعد آسا: گھنگریالے بالوں کی طرح۔

جعفَر: (ع) (۱) نہر، ندی (۲) حضرت امام جعفر صادق۔

جعفَری: ایک سبزی جس کی شاخیں لمبی اور نازک ہوتی ہیں، پتیاں کچھ کٹی ہوئی سی معلوم ہوتی ہیں، پھول چھوٹے چھوٹے سفید رنگ کے ہوتے ہیں اس کے بیج خوشبو دار ہوتے ہیں، یہ گرمیوں کے موسم کی سبزی ہے، اس سے لذیذ سالن تیار ہوتا ہے۔

جعفَری: (ع) حضرت امام جعفر سے منسوب، مذہب جعفری، شیعہ مسلک کے لوگ جو اپنے فقہ کو حضرت جعفر سے منسوب کرتے ہیں۔

جعفری: خالص ترین سونے کی قسم۔

جعفریہ: جعفری مسلک۔

جعُبل: (ع) مزدوری۔

جَعل: (ع) فریب، ریاکاری۔

جعل کردن: فریب کاری ، ریاکاری۔

جُعلق: (ع) سُبک سر، ہرزہ سرا، بیہودہ۔

جعلقی: کمینہ ،سفلہ۔

جعلی: بناوٹی۔

جُغ: یُوغ، جُوا جو بیلوں کی گردن پر رکھا جاتا ہے۔

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جَغازہ: غازہ، اُبٹن جو مستورات زینت کے لیے استعمال کرتی ہیں۔

جغالہ: پرندوں کا گروہ۔

جغتای: وسط ایشیا کی قدیمی زبان، مغلوں کی ایک شاخ

جغجغہ: بچوں کے ایک کھیل کا سازوسامان۔

جُغد: اُلو۔

جَغر: مینڈک۔

جُغرات: دہی۔

جُغرفی: جغرافیہ، احوال و اوضاع کرہ زمین۔

جغرافیہ دان: علم جغرافیہ کے جاننے والے

جغلہ: سادہ روُ، لڑکا جس کے ابھی ڈاڑھی نہ آئ ہو۔

جَغہ: تاج نما کوئ چیز جو سر پر رکھی جائے

جَف: (ع) خشک، پژ مردہ۔

جفا: (ع) ظلم، ستم، زیادتی۔

جفاپیشہ: ستم شعار، ظالم۔

جفاکشیدن: ستم برداشت کرنا۔

جفاف: (ع) خشک ہونا، پژمردگی۔

جفاکاری: ظلم و ستم، بیرحمی۔

جفاکش: ستم کش ،بینوا۔

جفا کیش: جفا پیشہ۔

جَفَّ القَلم: (ع) قلم خشک ہو گیا ہے، نوشتہ تقدیر بدل نہیں سکتا۔

جُفت: (ع) جوڑا، ملا ہوا، شادی شدہ مرد اور عورت۔

جُفت شدن: ملنا، مل جانا، واصل ہونا۔

جفت کردن: جوڑا بنانا، ملانا، واصل کرنا۔

جُفت گیری: حیوانات کو آپس میں ملانا، نر اور مادہ کو ملانا۔

یک جُفت گاؤ: ایک جوڑا گاووں کا۔

جُفت: کوزپشت: خمیدہ کمر، کبڑا۔

جُفت : جوڑا، جوڑا۔

شاگرداں جُفت جُفت آمدند: دو دو شاگرد آئے۔

جُفتک: ٹھوکر، دُلتی۔

جَفتَن: جھکنا۔

جَفتہ: جفتک ،دُلتی۔

جَفتہ زدن: دلتّی مارنا۔

جَفتہ : جھکا ہوا، خمیدہ۔

جُفتی: جوڑا جوڑا ،دودو۔

جَفرَ: (۱) ایک علم جس سے احوال غیب دریافت کرتے ہیں(۲) فراخ کنواں۔

جَفری: (ع) علم جفر جاننے والا۔

جفن: (ع) آنکھ کی پلک۔

جَفنک: لغویات، مہمل باتیں۔

حرف جفنک: لغویات۔

جفنک گفتن: لغویاتیں کرنا، بیہودہ گوئ ،ہرزہ سرائ۔

جفنکیات: فضول باتیں، لغویات، پوچ گفتگو، ہزرہ سرائ، یا وہ گوئ۔

جَفنی: آنکھ کے پپوٹے سے متعلق۔

جَفیف: خشک، پژ مردہ۔

جَقہ: حکومت کی طرف سے ملا ہوا کوئ نشان جو اوپر کے لباس پر لگایا جاتا ہے۔

جَک: مدھانی۔

جکاشہ: خارپشت۔

جِگر: اعضائ رئیسہ میں سے ایک عضو کا نام، کلیجہ، مجازاً بیٹا۔

جگر آور: پُردل، جگر دار۔

جگر پارہ: جگر گوشہ بیٹا۔

جگر تافتہ: محبت سے جس کے دل میں سوز پیدا ہو، بے چین، مضطرب۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جگر خراش: تکلیف دہ۔

جگر خوارہ: دلی صدمہ، جو دلی رنج و اندوہ کا باعث ہو

جگرسفید: پھیپھڑا۔

جگر سُوز: کلیجہ جلانے والی، دل کو اندوہگیں کرنے والی۔

جگر سیاہ: کلیجی۔

جگرک: خوراک جو بکری یا مینڈھے کے جگر کو گھی میں بریاں کر کے تیار کی جائے۔

جگرکی: مینڈے اور بکرے کے جگر بیچنے والا۔

جگر گاہ: جسم کا وہ حصہ جہاں جگر ہوتا ہے۔

جگر گوشہِ: کنایہ ہے فرزند عزیزکا۔

جگری: جگر سے متعلق۔

جگن: (۱)ایک قسم کی گھاس جسے بُن کر پردوں کا کام لیا جاتا ہے (۲)بید جس کے چھلکے سے کرسیاں بنی جاتی ہیں۔

جُل: پالان جو گھوڑے پر ڈالا جاتا ہے۔

جَل: سب کا سب، کل، بہترین حصہ۔

جُل: گلاب، چنبیلی کا پھول۔

جَلّ: (ع) خدا اُسے بڑا بنائے، ترقی دے، خدا افتخار بخشے۔

عزّوَجلّ: با عظمت اور بزرگی والا اللہ تعالیٰ۔

جَلا: چمک، روشنی، ضیا، مثال:

دل کجا مظہر انوار جمال تو بود

گرنہ این آئینہ را از تو جلائی برسد

دل آپ کے حُسن و جمال کے انوار کا مظہر کیسے ہو سکتا ہے اگر اس دل کے آئینے میں آپ کی طرف سے روشنی عطا نہ ہو

جلا دار: چمکیلا، تابناک

جِلا: سُرمہ، کُحل

جلا: دوری، وطن اور خاندان سے دور ہو جانا

جَلا وطن: وطن سے دوری، دیس نکالا

جُلاب: (ع)گلاب، عرق گلاب، شربت جو عرق گل سے تیار کیا جاتا ہے

جَلاب: (ع)کشش رکھنے والا، دلکش، دلربا

جلاب: پرندوں کا غول جو ہوا میں پرواز کر رہا ہو

جَلاب: آویزہ

جِلاب: (ع)گندا پانی، میلا پانی

جَلّاب: (ع)مویشی چرانے والا ملازم

جلا جل: گھنٹی جو جانوروں کی گردن میں باندھی جاتی ہے

جَلّاد: گردن مارنے والا، پھانسی دینے والا

جَلا دادہ: جسے چمکایا گیا ہو

جَلادار: چمکدار، روشن، تابان، درخشاں

جَلادَت: (ع)دلیری، بہادری، استحکام

جلّادی: جلاد کا کام

جلافَت: (ع)بیج میں سے خالی ہونا، بے مغزی، سبکی، حماقت

جَلاکار: جلاگر، چمکانے والا، پالش کرنے والا

جَلال: (ع)عظمت، بزرگی، افتخار، مرتبہ اعلیٰ، شان کبریائی، شان و شوکت

marfat.com

جَلالت: (ع)بزرگی، عظمت، شوکت

جلالت مآب: صاحب جلال، با عظمت، صاحب جاہ و حشمت

جلالی: پر عظمت

تاریخ جلالی: تقویم جو جلال الدین ملک شاہ کے لیے علمائے نجوم نے تیار کی تھی (۱۰۷۹ء)

جلاہق: (ع)کمان

جلب: (ع)کشش، کھچاؤ، کھینچنا

جلب کردن: متوجہ کرنا، کشش کرنا

جَلَب: (ع) (۱)جھوٹ، دھوکا بازی (۲)فاحشہ، طوائف۔

جَلَب: (ع)شور، غل، غوغا، چیخ و پکار، فتنہ و آشوب

جلباب: پردہ، خواتین کی پوشاک، کھلا لباس، عورتوں کی چادر

جلبو: ایک قسم کی سبزی

جُلت: کمینہ، گھٹیا، پست فطرت

جَلجلان: (ع)(۱)دھنیا، تل

جَلد: (ع)جلدی، سُرعت

جِلد: (ع)جسم کا بیرونی حصہ، پوست

جِلدی: کتاب بندی

جِلد بند: جلد ساز، جلد باندھنے والا، صحاف

جِلد گر: جلد ساز

جَلد مزاج: تند مزاج

جلدی: تیزی، پھرتی، عجلت

جُلسا: (ع)جلیس کی جمع، ہم نشین، ساتھی

جلسہ: (ع)نشست، محفل، مجلس، مجمع، مجلس کا انعقاد، کسی کام کو انجام دینے کے لیے لوگوں کا اجتماع

جَلغُوزہ: چلغوزہ، ایک میوہ جس کا مغز مقوی دماغ ہوتا ہے

جِلف: خالی الذہن، بے وقوف، سبک سر

این آدم خیلی جلفی است: یہ شخص بہت بے وقوف ہے

جَلَق: مُشت زنی

جُلکا۔۔۔جلکہ: صاف ہموار زمین، مرتفع زمین، اونچی جگہ کی ہموار زمین ہے

جلمُود: سنگِ خارہ

جُلنار: (ع)گلنار، گل انار

جلنگ: ضخیم ریشمی کپڑا جس پر زردوزی کا کام ہوتا ہے

جلو: سامنے، آگے آگے، روبرو

جلوافتادن: آگے نکلنا

جلوانداختن: آگے کو دھکیلنا

جلو بردن: آگے بڑھنا، ترقی پانا

جلو درخت استادہ است: وہ درخت کے سامنے کھڑا ہے

جلو رفتن: آگے آگے جانا

جلو کسی گرفتن: کسی کو روکنا، کسی پر قابو رکھنا

او ازین جلو است: وہ اس سے آگے ہے

پُول جلو: پیشگی رقم جو دی جائے، بیعانہ

جلواز: (ع)پاسبان

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جلوخان:مکان کے سامنے کی کھلی زمین، احاطہ، پیشگہ

جُلُوْد:(ع)جلد کی جمع

جَلُوْزہ:چلغوزہ

جُلُوس:تخت نشینی، بیٹھنا

جُلُوس کردن:تخت نشین ہونا

جلو گرفتن:کسی کا راستہ روکنا، منع کرنا

جلو گیری:براستہ روکنا، حائل ہونا، روک تھام

از ہوا و ہوسِ خود جلو گیری کردن:حرص و ہوا سے اپنے آپ کو روکنا

جلوند:چراغ، قندیل

جَلوہ:دیدار، آب و تاب سے اپنے آپ کو ظاہر کرنا، نمودار ہونا، تجلی، مثال:

دل تنگ تر از غنچہ زگلزار گذشتم

تا جلوہ بنظارہ دہم لالہ ستان را

میرا دل غنچے سے بھی زیادہ سمٹا سکڑا ہوا تھا، اس صورت میں میں چمن زار سے گزرا کہ لالہ زار میں آکر اپنی صورت حال کا منظر پیش کروں

جلوہ:رُونمائی، ہدیہ جو شادی کے موقع پر داماد عروس کو دیتا ہے، حاضرین میں سے دوسرے لوگ جو عروس کو رونمائی کے طور پر ہدیہ دیتے ہیں

جلوہ دادن:نمودار ہونا، سامنے آنا

جلوہ ساز:جلوہ گر

جلوہ فُروش:آب و تاب سے اپنی نمائش کرنے والا، نخرے باز، نازو انداز دکھانے والا

جلوہ گاہ:وہ مقام جہاں حسن و جمال کی نمائش ہو

جلوہ گر:حسن کی نمود و نمائش کرنے والا

جلوہ گری:نمائشِ حسن

جلوہ نما:جلوہ فروش، آب و تاب سے اپنی نمائش کرنے والا

جَلَوی:جو سامنے جاگزیں ہو، آگے کا

جَلَوِیز:(۱)کمند (۲)مفسد، غماز

جُلَّہ:گرہ، رسی کی گرہ، رسی کا لپٹا ہوا گولہ

جَلِی:(ع)واضح، صاف، روشن، موٹا خط (خفی کی ضد)

جلیب:جس چیز کو ایک شہر سے دوسرے شہر میں لے جائیں فروخت کی غرض سے

جلیتقہ:واسکٹ، بنیان جو لباس کے نیچے پہنی جاتی ہے

جَلِید:(ع)سخت، قوی، طاقتور، بردبار، نیز بمعنی یخ

جلیس:(ع)ہم نشین، ساتھی، ہمدم

جَلِیف:(ع)درشت خُو، احمق

جَلِیق:(ع)بزرگ، بزگوار، محترم

جلیل:(ع)با عظمت، صاحب جلال، بزرگ

رب جلیل:بزرگ و برتر خدا

جلیل القدر:بڑے مرتبے والا، معزز

جَلِیلہ:مونث جلیل، معزز خاتون

جلِیّہ:کسی امر کی حقیقت، آشکار اور واضح امر

جَم:جمشید، ایران کا قدیمی بادشاہ

جَمّ:انبوہ، ہجوم، کثیر، فراوان

جَمِّ غفیر:بہت بڑا ہجوم یا اجتماع

جماح:(ع)سرکشی، گھوڑے کی سرکشی

جماد:(ع)وہ چیز جو جاندار نہ ہو، عام طور اس کا اطلاق پتھر اور معدنی اشیا پر ہوتا ہے (جمادات جمع)

جمادُالکف:جامدِ الکف، تنگ مٹھی والا، بخیل، کنجوس

جمادی:(ع)ہجری سن کا پانچواں اور چھٹا مہینہ جمادی الاول، جمادی الثانی۔

جمادی:جماد سے متعلق۔ مثال:

از جمادی مُردم و نامی شدم

از نُما مردم بحیوان سرزدم

میں پہلے بے جان پتھر تھا، پتھر کی حالت سے میں نے

marfat.com

نباتات کی صورت میں نشوونما پائی اس نشوو نما کے بعد باروح حیوان یعنی انسان کی شکل اختیار کی۔

جَمار:(ع) لوگوں کا گروہ جو ایک جگہ جمع ہو،جماعت۔

جمّار:(ع)کھجور کا درخت۔

جمّاز:(ع) تیز رفتار، تند رو شتر۔

جَمّاش:شوخ، مست، بازیگر، آرایشگر۔

جماع:(ع) مرد اور عورت کے ازدواجی تعلق کا عمل۔

جماعت:(ع) گروہ، فرقہ، مجلس، انجمن جماعات جمع۔

جَمال:(ع) حسن و زیبائی،خوبصورتی۔

جمال:(ع)جمل کی جمع، اونٹ

جمّال:اونٹ رکھنے والا، ساربان

جِمام:جمع جم، قبیلے

جَمام:آسودگی، آسائش

جمان:گوہر، لُو لُو، جواہر

جماہِیر:جمہور کی جمع، جمہوریتیں

جمایِع:جمعیت کی جمع

جمۃ:ہر چیز کا اہم حصہ

جمجاہ:جمشید کے مرتبے والا، عالی مرتبہ

جُمجم۔۔۔جُمجُمہ:کھوپڑی، کاسۂ سر

جُمجمہ شناس:کاسۂ سر کا علم جاننے والا

جُمجُمہ شناسی:کرینیئولوجی انگ)

جَمد:(ع)یخ، برف

جَمدَر:(ع)کٹار جو تلوار کی طرح ہوتی ہے

جَمَرت:(ع)اخگر، جلتا ہوا کوئلہ نیز بمعنی قوم یا جماعت جو پوری طرح متفق اور متحد ہو

جمَری:سفلہ، کمینہ، بے اصل

جمزبُور:گھوڑا جس کی پیشانی پیٹ اور ہاتھ پاؤں سفید ہوں

جمشاک:جوتا، کفش

جَمشید:ایران کے ایک قدیمی بادشاہ کا نام، جشن نوروز ایران اس کے عہد سے ابتک منایا جارہا ہے

جَمَع:(ع)(۱)اکٹھا ہونا، اجتماع، انبوہ، جماعت، کچھ لوگ (۲)آمدنی

جمعی در آنجابودند:بہت سے لوگ وہاں جمع تھے

جمعی از تجّار:چند تاجر

جمع و خرج:آمدنی اور خرچ

خاطرش جمع نیست:اسے یقین نہیں

رفقاھمہ جمع بودند:رُفقا سب اکٹھے تھے

روزالجمع:روز محشر

جمعاً:کل، سب کے سب

جَمَع آوری:جمع کرنا، اکٹھا کرنا

جَمَع بندی:جمع کرنا، میزان کرنا

جمعدان:لباس رکھنے کی جگہ، جامہ دان

جُمعگی:ہفتہ وار الاؤنس، جو جمعہ کو دیا جاتا ہے

جُمَعہ:آدینہ، یوم ہفتہ سے پہلے کا دن

جُمعہ بازار:مارکیٹ جو خصوصیت کے ساتھ جمعہ کے دن لگتی ہے وہاں چیزیں سستی ملتی ہیں

جَمعی:مجموعہ، اکٹھا، متحدہ

اقدامِ جمعی:کسی کے کام کے لیے متحدہ عمل

جَمعی:(۱)کچھ لوگ (۲)ہجوم

جمعی از رُفقا:کچھ رفقا، کچھ دوست ساتھی

جَمعیت:انبوہ، ہجوم، آبادی

جمعیت زیاد درچمن دیدم:میں نے لوگوں کا ہجوم باغ میں دیکھا

جمعیت پاکستان چہ قدر است؟:پاکستان کی آبادی کتنی ہے

جمعیّت گاہ:جمع ہونے کی جگہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جَمل: (ع)اونٹ، شتر

جُمل: (ع)جملہ کی جمع، سب چیزیں

جُمّل: جہاز کا رسّا، لنگر کی زنجیر

جُملہ: (۱)فقرہ، (۲)تمام سب

جملہ بندی: جملوں کی بندش و ترتیب

جملہ خریدن: بہت کچھ خریدنا

جُملہ فروشی: تھوک فروشی

جملہ لشکر: تمام لشکر

ازآں جملہ: ان میں سے

فی الجملہ: حاصل کلام، مختصر یہ کہ

جمند: سست گھوڑا

جَمُوح: (ع)گھوڑے کا سرکشی کرنا

جَمود: (ع)جامد ہونا، خشک ہونا، جم جانا، انجماد، خشکی، منجمد ہونا، افسردگی

جَموع: (ع)جمع ہونا

جَمہُور: (ع)عوام، عموم، عوام الناس، قومی جمہوری حکومت

رئیس جمہور: جمہوری حکومت کا صدر

جمہور طلب: عوامی حکومت کے خواہاں

جمہوری: عوامی

جمہُوریت: (ع)عوامی حکومت

جُمّیز: (ع)ایک قسم کی انجیر، تازہ انجیر

جَمیعاً: .(ع)سب کے سب

جمِیل: (ع)حسین، خوبصورت، عمدہ، اعلی

ذکر جمیل: اوصاف حسنہ کا ذکر

جمیلہ: (ع)جمیل کی مونث، حسین خاتون

اوصافِ جمیلہ: اعلی اوصاف

جَن: جانب، طرف، سمت

جِنّ: آگ کی آفریدہ مخلوق، جن میں شیطان بھی شامل ہے، یہ مخلوق دکھائی نہیں دیتی (اجنّہ جمع)

جناب: کلمہ احترام، کلمہ خطاب، احترام کا عنوان

جناب: .(۱)طرف (۲)کورٹ یارڈ، آستانہ، درگاہ

جَنابت: ناپاک ہونا، ناپاکی جب غسل واجب ہو

جنابت کار: مُجرم

جناب عالی: جناب آقا، حضور، حضور والا، کلمہ تعظیم

جُنابہ: جڑواں بچے پیدا ہونا، توام

جِناح: (ع)بازو

جناح یمین: لشکر کا دائیاں بازو، جناح یسار لشکر کا بائیاں بازو

جناحی: لشکر کے بازو سے متعلق

جُناح: (ع)گناہ، جُرم، بدکاری

جَنازہ: (ع)مُردے کو دفن کے لیے لے جانا

جِناس: ہم جنس ہونا، دو لفظ جو ایک طرح کے ہوں اور فقرے یا مصرعے میں استعمال ہوں، لیکن معنی مختلف ہوں

جَناغ: (۱)دو شاخوں والی ہڈی، مرغ کے سینے کی ہڈی

جَناغی: پُرپیچ، ٹیڑھا، پیچ و خم کھاتا ہوا

جِنان: (ع)جنت کی جمع

جَنان: (۱)دل، قلب (۲)کوئی پوشیدہ امر (۳)رات، رات کی تاریکی

جِنایت: (ع)گناہ، خطا کاری، جرم (جنایات جمع)

جنایَت آمیز: مجرمانہ حرکت

جنایت کار: گنہگار، خطاکار، بدکردار

جَنب: (ع)پہلو، طرف، سمت، مثال:

اقتدار توبہ و اشک سحر گاہیش دہ
تاکند در جَنب ہم مستغفرین جاساختہ

مجھے توبہ کی قدرت عطا فرما اور توفیق بخش کہ

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

آنکھیں صبح کے وقت آنسو برسائیں تاکہ ان لوگوں کے پہلو میں مجھے بھی جگہ نصیب ہو جائے جن کی مغفرت ہو چکی ہے

در جنب: پاس، نزدیک ساتھ ہی، پہلو میں

خانہ من جنبِ پُست خانہ واقع شدہ است: میرا گھر ڈاکخانے کے ساتھ ہی ہے

ذات الجنب: غشاء الریہ کا آماس، ذات الصدر پلوریسی (انگ)

جُنب: اجنبی، بیگانہ، غریب

جُنبان: ہلنا، ہلانا، ہلتا ہوا

جُنبان: **جنباندن مصدر=** ہلانا سے فعل امر ہلا

جُنباندَن: جنبانیدَن، ہلانا

سرا جنباند: اس نے سر کو ہلایا

سگ دُمش رامی جنباند: کُتا دم ہلاتا ہے

جنبَتین: دواطرف، دونوں اطراف

جُنبِش: حرکت، ہلنا

جُنبِش دادن: ہلانا

جُنبِشِ زمین: زمین کی حرکت، زمین لرزہ، زلزلہ

جُنبَندِگان: جنبندہ کی جمع، رینگنے والا، پیٹ کے بل چلنے والا جانور

جُنبَندِہ: (۱)رینگتا ہوا (۲)ہلتا ہوا

جَنبہ: (۱)طرف، حصہ، پہلو (۲)فطرت، نظر، عنوان

جنبہ عینی: معروضی، خارجی، مطلوب ذہنی

از جنبِہ معنوی: معنوی لحاظ سے، معنوی پہلو سے

جَنبی: پہلو کا، پہلو کی طرف

جُنبیدَن: ہلنا، آگے پیچھے ہلنا، تحریک ہونا

مِہرش جُنبید: اس کی محبت کو تحریک ہوئی

زود بجُنب: جلدی کرو، ہلو

بجُنب ازجا: اٹھو، ہلو، چلو

جَنبَین: (ع)جنب کی جمع، دونوں طرف

جَنّت: (ع) (۱)بہشت (۲)باغ، جنات جمع

جِنّت: (ع)خبط، دیوانگی، جنون، پاگل پن (۲)جن کے خصائص

جُنّت: سپر، ڈھال

جَنّت مکان: جس کا بسیرا جنت میں ہو، مرحوم

جَنّتی: بہشتی

جَنج: دادو فریاد

جنجال: شور و غل، ہنگامہ، چیخ پکار، بے چینی، اضطراب، آشوب

جنخ: شب بیداری، چوکسی، چوکیداری، نگاہ رکھنا، نگہداشت کرنا

جنح: (ع)طرف، آڑ، بچاؤ کی جگہ، روک، حفاظت

جَنحہ: (ع)گناہ، جرم، مجرمانہ اقدام، خلاف قانون فعل، بدعنوانی، لغزش

جُند: (ع)لشکر، جنود جمع

جندار: نگہبان، محافظت پر مامور

جَندال: (ع)بے ترتیب مجمع، بھیڑ، انبوہ (۲)کمینوں کی ٹولی، رزیلوں کا طبقہ

جَندَر: رخت، سامان، پوشاک

جَندَرہ: ناہموار، ناصاف چیز، ناتر اشیدہ

جِندِگی: عصمت فروشی، عزت فروشی

جَندل: بہت بڑا پتھر

جِندِہ: آوارہ عورت، قحبہ، فاحشہ، عصمت فروش

جِندِہ باز: عصمت فروشوں سے تعلق رکھنے والا، عیاش، تماش بین، آوارہ، بہکانے اکسانے والا

جندہ بازی: عصمت فُروشی

جُندی: سپاہی، لشکری، سرباز

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جنرال: مفرس جنرل

جِنس: (ع)قسم، اصل، صفت

چہ جنس حیوانی است؟: کسی قسم کا جانور ہے؟

جِنس لطیف: خوبصورت وصف والی، مجازاً عورت

جِنس: سامان، مال و اسباب، اجناس جمع

اجناس خودرا از گمرک خارج کردیم: اپنا سازوسامان چنگی خانہ سے ہم محصول ادا کرکے لے آئے ہیں

جِنس: تذکیر و تانیث

جِنس ذکور: مذکر

جنس اُناث: مونث

جِنساً: (ع)جنس کے لحاظ سے، فطرۃً

جنساً مجرم است: وہ فطرۃً مجرم ہے

جِنستان: جنوں پریوں کا وطن

جِنسی: جنس سے متعلق

مالیات جنسی: مال و دولت، روپیے، پیسے کی صورت میں

جِنسیّت: اصل، بنیاد، قومیت، نسل کے لحاظ سے

جنفع: باز جھاڑیوں کی

جَنگ: لڑائی

جنگِ داخلی: خانہ جنگی، سول وار

جنگِ مُشتی: مشت بازی، باکسنگ

جنگِ زرگری: بناوٹی لڑائی، دو آدمیوں کی بناوٹی لڑائی کسی اور کو دھوکا دینے کیلیے

جنگ مُشتی: مشت بازی، باکسنگ

جُنگ: (ف)رسالوں کا مجموعہ، مجموعہ مضامین

جُنگ ادبی: ادبی رسائل یا مضامین کا مجموعہ، قسم قسم کے مضامین اور اشعار کی کتاب

جنگار: جنگجو

جنگ آزمودہ: جسے لڑائی کا تجربہ ہو

جنگانیدن: لڑانا

جنگ آور: جنگ آزمودہ جوان، سُورما بہادر، مردِ میدان، دلیر

جَنگ آوری: جنگی اقدام کرنا

جنگ بازی: بناوٹی جنگ

جنگجو: جنگ کی تمنا رکھنے والا، سورما، شجاع

جنگ دیدہ: جنگ آزمودہ، دلیر، سپاہی

جنگ ساز: لڑائی پر آمادہ

جنگل: دشت، وہ جگہ جہاں بہت سے درخت اُگے ہوں، بن، نخلستان

احداثِ جنگل: جنگلوں کے انتظام کرنے کا فن

جنگل بان۔۔۔جنگل نشین: جنگل میں رہنے والا

جنگل بُری: جنگل کاٹنا

جنگل دار: جہاں جنگل ہی جنگل ہوں

جنگلاھی: چیل

جنگلی: جنگل سے متعلق، جنگل کے درخت، جنگل میں رہنے والے

جنگلیاں: جنگل کے محافظ

جنگی: جنگجو، دلیر، سُورما، شُجاع، لشکری

جنگیدن: جنگ کرنا

دہ سال باھم جنگیدند: متواتر دس سال تک لڑتے رہے

جَنم: سرشت، جنس، شکل، صورت، ہیکل، قیافہ

جُنوب: (ع)شمال کی ضد، دکھن

جنوباً: (ع)جنوب کی طرف

جُنوبی: جنوب سے متعلق

جُنوُد: جُند کی جمع، لشکر، سپاہ

جُنوُس: (ع)جنس کی جمع، قسم، اصل

marfat.com

جُنون: (ع)دیوانگی، خبط، پاگل پن

جُنونی: خبطی، دیوانہ، پاگل، بے تاب

جنوَہ: جینیوا، سوئٹزرلینڈ کے ایک بڑے شہر کا نام

جِنّی: جس پر جن کا سایہ ہو، جن کی قسم کا

جَنِین: رِحم مادر، بچہ جو رحم مادر میں ہو

سقطِ جَنین: اسقاط حمل

جَو: (۱)ایک قسم کا غلہ (۲)بہت کم مقدار

یک جو حقیقت ندارد: اس میں ذرہ بھر حقیقت نہیں

جُو: نَدی

جُو: **جُستن مصدر**=ڈھونڈنا سے فعل امر، ڈھونڈو، جستجو کرو

جُست و جو: جستجو، تلاش، دیکھ بھال

جَوّ: فضا، ہوا، آسمان و زمین کے مابین، اجوا جمع

جواب: (ع)سوال کا متضاد، سوال کے متعلق کچھ کہنا

جواب با صواب: مناسب اور خاطر خواہ جواب حسب مراد جواب

جواب: ردو تردید، انکار

جواب صاف: صاف انکار

جواباً: (ع)جواب کے طور سے، جواب میں

جوابدار: ذمے دار، مسؤل

جوابداری: ذمے داری، مسؤلیت

جوابدِہ: ذمے دار، جس پر جواب دینے کی ذمے داری ہو

جوابی: جواب میں

جواد: (۱)سخی، فیاض

جَوّاد: تیز رفتار گھوڑا

جواذِب: (ع)جاذب کی جمع، کشش کی قوتیں

جوار: (ع)ہمسایہ، پڑوسی، حمایت، سایہ عاطفت

در جوارِ ایشان بودیم: ہم ان کے ہمسائے میں تھے

جوارِح: (ع)جارحہ کی جمع، جوڑ، اعضائے بدن، شکاری پرندہ

جوارِش: ہاضمے کے عمل کو درست کرنے کی دوا

جواری: (ع)جاریہ کی جمع، کنیزیں

جواری: (ع)مکئی کا بُھٹہ

جَواز: (ع)اجازت نامہ، رخصت، گزرنامہ، پروانہ، پرمٹ، لائسنس

جوازِ مشروبات: مشروبات کا لائسنس

جواسِیس: (ع)جاسوس کی جمع، دیکھیے جاسوس

جوال: بہت بڑا تھیلا، بورا، خُرجین

جوالدُوز: تھیلا سینے کا سُوا

جوال دُوزی: تھیلا سینا

جوالِق: (ع)جوال، خُرجین

جَوامِد: (ع)جامد کی جمع

جوامِع: (ع)جامع کی جمع

جوامِیس: (ع)جامیس کی جمع، بھینسیں

جوان: پیر کی ضد، نوعمر، مضبوط، قوی، دلیر، بہادر

دورہ جوان: نئی نسل کا

جوانانہ: مردانہ، جوانمردانہ

جوانِب: (ع)جانب کی جمع، اطراف ۱

جوان بخت: خوش نصیب، اقبال مند

جوانک: نوعمر

جوانمرد: دلیر، شجاع، عالی ہمت، سخی

جوانمردی: شجاعت، عالی ہمتی، سخاوت

جوانمرگ: جوانی کی موت مرنے والا

جَوان نُما: دیکھنے میں جوان

جَوانہ: (۱)جوان شخص (۲)درخت کی تازہ شاخیں

جوانی: عالم شباب

جواهِر: (ع)جوہر کی جمع، قیمتی پتھر، جواہر میں لعل،

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مروارید، الماس، زمرد، یاقوت، فیروزہ وغیرہ شامل ہیں

جواهرات:جواہر کی جمع اور جوہر کی جمع الجمع

جواهر تراش:جواہر کو تراش کر خاص شکل دینے والا

جواهردار:جس میں جواہر جڑے ہوں

جواهر ساز:جواہر کو خاص شکل دینے والا

جواهر فُروش:جواہر بیچنے والا

جواهر نِشان:جواہرات سے آراستہ، مرصع

جواهرنگار:موتیوں جیسی تحریر

جواهری:جوہری، جواہر بیچنے والا، جواہر کو خاص شکل دینے والا

جَو بجو:تھوڑا تھوڑا، رفتہ رفتہ

جُوبِه:میدان جہاں لوگ خرید و فروخت کا سامان لاتے ہیں اور خرید و فروخت ہوتی ہے

جوتَره:منارہ، بلند بُرج

جُوج:مرغ کی کلغی

جُوجِه:چوزہ

جُوجِه گرفتن:انڈوں سے بچے نکلوانا

جُوخِه:دستہ، گروہ

جُود:سخاوت، بخشش، مثال:

توابرِ جُودی ومن کشتِ تشنہ لب ہے تو
بیا بیا کہ کنم باتو شرح تشنہ لبی

تو سخاوت کا بادل ہے میں تیرے بغیر اس کھیتی کی طرح ہوں، جو پانی کے بغیر سوکھ رہی ہو آکے میں اپنی پیاس کی کیفیت بیان کروں

جُودَت:(ع)ہوشیاری، زیرکی، دانائی، نیکی، فضیلت، شرف، تفوق، برتری

جَودِرَو:جو کی فصل کے پکنے اور کاٹنے کا موسم

جُور:قسم، طور، مانند

این چه جُور چیزی است؟:یہ کس قسم کی چیز ہے؟

جُور:(۱)ایک جیسے (۲)بلندی

این دوکفش باهم یک جُور نیستند:یہ دونوں جوتے ایک جیسے ہیں

جُورآمدن:موزوں ہونا

جُورشدن:ایک جیسا ہونا

جُورکردن:جنس وار کرنا، درجہ بندی کرنا

همه جور بمن کمک می کردند:ہر قسم کی مدد انہوں نے مجھے دی

همه جُور کتاب:ہر قسم کی کتاب

همین جُور:اسی طرح کا

جَور:(ع)ظلم و ستم

جَوراب:پاؤں میں پہننے والے موزے

جُوراب باف:موزے بننے والا

جوراب فُروشی:جرابیں بیچنا، جرابیں بیچنے کا کام

جُور بجُور:سب اقسام، گونا گوں، متنوّع

قلم های جور بجور:سب اقسام کے قلم

جَور پیشه:جفاپیشہ، جفاکار، ظالم

جُور بُور:تذرو، چکور

جَورِه:جور، ظلم و ستم

جُوری:ایک جیسا

جَوز:گری دار میوہ

جَوزرومی:اخروٹ کا درخت

جَوزهندی:ناریل

جوزا:دو پیکر:یہ ایرانی کیلنڈر کا تیسرا مہینہ تھا جس کا نام اب بدل کر خرداد رکھ دیا گیا ہے، بارہ برجوں میں سے برج سوم کا نام جو، دو جڑواں لڑکوں کی شکل ہے، منطقۃ البروج

جوزا القی:نیکسوامیکا (دوائی)

marfat.com

جَوزاک: (۱)غم و غصہ (۲)رنج و اندوہ

جوزین: اخروٹ کا درخت

جوزہوا: ایک درخت جو جاوہ اور ہندوستان کے بعض شہروں میں پایا جاتا ہے، اس کا پھل بعض دواؤں کے کام آتا ہے

جَوزغہ: جوزَق

جوزَق: کپاس کا پوست، غلاف جس میں کپاس ہوتی ہے

جوزِہ: اخروٹ

جوزینہ: حلوا جو بادام اخروٹ وغیرہ سے تیار کیا جاتا ہو

جَوسق: (ع)بہت اونچی عمارت، بالاخانہ (جواسق جمع)

جوسک: تُکمہ

جوسنگ: ایک جو کے وزن کے برابر

جوَسہ: محل، بلندو بالا عمارت، بالاخانہ

جوش: اُبال، کھولتا ہوا، ابلتا ہوا، اضطراب، تحریک، ہلچل، شورش، ولولہ، مثال:

این جوش بہاراست کہ چوں شور قیامت
از خاک برانگیخت شہیدان خزان را

یہ موسم بہار کی آمد پر شور قیامت کا سا ہیجان سنائی دیتا ہے اس کا نتیجہ ہے کہ موسم خزاں کے شہید پھر خاک سے اٹھنے لگے ہیں

جُوش: چھوٹے دانے جو بدن پر نکل آتے ہیں

جُوشان: ابلتا ہوا، کھولتا ہوا، مضطرب، بے چین

جُوشاندَن: ابلنا، کھولنا

چایْ را نباید جوشاند: چائے کو بہت زیادہ ابالنا نہیں چاہیے

جُوشاندِہ: جوش دے کر نکالا ہوا عرق، پانی میں جوش دی ہوئی دوا

جوش خُور: (۱)صلح پذیر، مصالحت پذیر (۲)گرم ہو کر پیوستہ ہو جانے والا

جُوشِش: اُبال، پر جوش

جَوشَن: زرہ بکتر

جُوشیدن: اُبلنا، کھولنا

جُوشیدہ: اُبلا ہوا

جُوع: (ع)بھوک، گرسنگی

جوعُ البقر: ایک بیماری جس کی وجہ سے بہت بھوک لگتی ہے

جوعُ الکلب: معدے کی ایک بیماری ہے جس کی وجہ سے مریض جتنی بھی غذا کھائے اس کی بھوک نہیں مٹتی

جُوعان: (ع)بھوکا، جو بھوک سے انتہائی بے بس ہو۔

جُوغ: (ع)یُوغ، جوآ جو بیلوں کی گردن پر رکھا جاتا ہے

جوغن: پتھر کا ہاون دستہ

جُوف: (ع)(۱)اندر سے خالی، دہن کا اندرونی حصہ (۳)کسی چیز کا اندرونی حصہ

اسکناس را بگذار در جوف پاکت: نوٹوں کو جیب کے اندر رکھ لو

جَو فُروش: جو بیچنے والا

جو فروش و گندم نما: گندم دکھا کر جو بیچنے والا، دھوکا دینے والا، دغاباز

جُوق: دستہ، گروہ، انبوہ

جَوقہ: (ع)ہجوم، حزب، فریق بننا، دستہ

جَوقہ بندی: فریق بنانا، پارٹی بنانا، گروہ بندی

جُوک: خسّت، دون ہمتی، پست ہمتی

جُوکی: بخیل، کنجوس، دون ہمت، پست ہمت

جُوکیدَن: بخیلی کرنا، خست کرنا

جَو گندم: جو گندمی، سیاہ و سفید، یہ کنایہ ہے اس شخص کا جس کے سر ڈاڑھی کے بال سیاہ بھی ہوں اور سفید بھی ہوں

جوگی: یوگی، ہندو درویشوں کا مسلک رکھنے والا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جُولا:جُولاہ، جولاہا، بافندہ

جولان:گردش کرنا، ادھر اُدھر گھومنا، دوڑنا، دوڑدھوپ، ترقی، نشوونما

جولان دادن۔۔۔جولان کردن:نشو و نما کرنا، دوڑ لگانا

جَولانگاہ:دوڑنے کا میدان، ریس کورس

جُولاہ:جلاہا، بافندہ

جُولاھگی:کپڑا بننا، جلاہے کا کام

جُولَخ:موتی پشم جس سے خُرجین بنائی جاتی ہے

جولخی:پشیمنہ

جُولقی:پشیمنہ پوش قلندر

جُولہ:(۱)جولاہ کا مخفف (۲)ترکش

جُولِیدَن:ژولیدن، چبانا

جَوَن:(۱)خرمن (۲)جوآ جو ہل جوتنے کے لیے بیلوں کی گردن پر رکھا جاتا ہے

جَوندِگان:جَوندہ کی جمع، چبانے والے

جُونِہ:کلی، نئی پھوٹنے والی شاخ

جَوہر:(ع)گوہر، عنصر، مادہ، ہستی، ماہیت، حقیقت، فطرت، صلاحیت، سب سے اہم وصف

جوہر آبی:نیلی روشنائِی

جوہر بید:مادہ جو بید کی چھال سے نکالا جاتا ہے اور دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے، سالِسن

جوہر تمر:املی کا عرق

جوہر حسن لبہٗ:بنزائق ایسڈ

جوہر درمنِہ:عرق سنتونیکا، یہ عرق کرم معدہ کی دوا ہے

جوہر سرکہ:ایسٹک ایسڈ

جوہر عصیر معدہ:جوہر ہضم

جوہر علوی:بہشت، روح

جوہر قِرمز:سرخ روشنائی

جوہر و عرض:مادہ اور ہئیت

جوہر آگین:جواہر نشان، جواہر سے آراستہ، مرصع

جوہردار:باہنر، شائستہ، چمکدار، تابناک

جوہر داشتن:ہنر منؔد ہونا، کارآمد ہونا

جوہر فرد:جزولا یتجزی، وہ ذرہ =جس کے اجزا نہ ہوں، جس کا تجزیہ نہ ہو، (لیکن ایتم کی تحقیق نے ثابت کیا ہے کہ اس کا تجزیہ ہو سکتا ہے)

جوَہری:ذاتی، اصلی، حقیقی

جوی:ندی، نہر

جَوّی:(ع)فضا

کیفیات جَوی:فضائی کوائف

جُویا:جستجو کرنا، دریافت کرنا، جستجو کرنیوالا

حال شمارا از دوست شما جویا شدم:میں نے آپ کی صحت کا حال آپ کے دوست سے دریافت کیا

جُویان:جُویا

جُویاندن:جستجو کرنا، دریافت کرنا

جُویبار:ندی

جُویچہِ:چھوتی ندی

جویدن:چبانا، جگالی کرنا

جوین۔۔۔جوینہ:جوکا بنا ہوا، جس مشروب یا ماکول میں جو کا عنصر شامل ہو

جُویَندہِ:جستجو کرنے والا

جوئندہ یابندہ است:جستجو کرنے والا آخر پالیتا ہے،

marfat.com

کوشش کرنے والا کامیاب ہو جاتا ہے

جوییدَن: جُستن، ڈھونڈنا، جستجو کرنا

جَہ: جاہ، مرتبہ

جِہ: بدکار عورت، فاحشہ

جِہات: (ع) جہت کی جمع، اطراف، سطحیں، نقاط

جہاتِ اربعہ: چاروں اطراف

جَہاد: (ع) کوشش کرنا، مقدس جنگ، مسلمانوں کی وہ لڑائی جو اجتماعی تحفظ کے لیے لڑی جائے وہ لڑائی جو دین کی حفاظت کے لیے لڑی جائے

جہادی: (ع) جہاد کی صورت، جہاد سے متعلق

جِہار: (ع) (۱) تشہیر، اشاعت (۲) رُوبرو، آشکار (۳) کسی کو بے حجاب دیکھ لینا (۴) بلند آواز میں کچھ کہنا

جِہاراً: (ع) تشہیر کے طور سے، آشکار طور پر، بلند آواز میں

جہاز: (ع) (۱) مشینی آلات والی بہت بڑی کشتی (۲) اونٹ کا کجاوہ، جہاز شُتر (۳) جہیز جو بیٹی کو دیا جائے مثال:

هیچ جهاز بد خترش نداد: اس نے کوئی جہیز اپنی بیٹی کو نہیں دیا (۴) اپریٹس، آلات، (۵) اعضا جو باہم مل کر جسم میں معین عمل کو انجام دیتے ہیں مثلاً جہاز نفس، جہاز ہضم

جہازی: (ع) جہاز سے متعلق، بحری

جُہال: (ع) جاہل کی جمع، نادان، بے علم لوگ

جہالت: (ع) نادانی، بے علمی، بے وقوفی

جہان: دُنیا، گیتی، عالم

جہانِ گزران: دنیائے فانی

جہان آرا: جہان کو سجانے والا، سورج، چاند، ستارے

جہان آزمُودہ: جس نے دنیا دیکھی بھالی ہو، جہاں دیدہ

جہان آفرین: جہاں کو پیدا کرنے والا، خالق عالم، خداوند تعالی

جہان افرُوز: دنیا کو روشن کرنے والا

جہان بان: جہان کو قائم رکھنے والا، خداوند تعالی

جہانبانی: دنیا کی حکومت

جہان بین: آنکھ کی صفت، جہان کو دیکھنے پرکھنے والا، دنیا کے نشیب و فراز کو جاننے والا

جہان پناہ: جس سے دنیا کو سہارا ملے

جہان پَیما: سیّاح، جہان بھر میں گھومنے پھرنے والا

جہانتاب: دنیا کو روشن کرنے والا

آفتاب جہانتاب: جہان کو روشن کرنے والا سورج

جہاندار: دنیا کی حکومت جسے حاصل ہو، بادشاہ

جہانداری: حکومت، بادشاہت

جہاندِیدہ: جس نے دنیا دیکھی بھالی ہو، تجربہ کار، آزمودہ کار

جہاندیدہ بسیار گوید دروُغ: جہان میں گھومنے پھرنے والا بہت گپیں ہانکتا ہے

جہانروای: حکومت

جہان سالار: بادشاہ یا جرنیل کا لقب

جہانِستان: دنیا کا فاتح

جہانسُوز: آتش زن، ظالم، طاقتور بادشاہ

جہانکشا: ممالک کو فتح کرنے والا

جہانگرد: سیاح

جہانگردی: سیاحت

جہانگیر: جہاں کو فتح کرنے والا، جس کی شہرت اطراف جہاں میں پہنچی ہو، مغل بادشاہ نورالدین کا لقب

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جہانگیری: دنیا کی فتح، دنیا بھر کو متاثر کرنا

جہان مُطاع: جس کی دنیا اطاعت کرے

جہان نُما: ایک آلہ جس سے دنیا کے منظر ایک ہی تصویر میں اتار لیے جاتے ہیں، سیر بین، نقشہ دنیا

جہان نوَرد: جہاں پیما، سیاح

جہانی: دنیائی، دنیا کا باشندہ، ہمہ دیسی، فانی

جہانیان: اہل عالم، دنیا کے لوگ

جہانیدَن: کودنا، اچھلنا، بھگانا، حرکت دینا

جِہَت: (ع) وجہ، سبب، طرف، لحاظ

از کدام جہت بادی وزَد: ہوا کس طرف سے آرہی ہے

ازیک جہت او حق دارد: ایک وجہ سے اسے حق حاصل ہے

چہ جہت دارید کہ بامن نمی روید؟: کیا وجہ ہے کہ تم میرے ساتھ نہیں جاتے ہو؟

جہت: واسطے، لیے، برائے

این قلم خود نویس جہت شما خریدم: یہ پن میں نے تمہارے لیے خریدا ہے

جہت خاطر او: اس کی خاطر سے، اس کے لیے

جَہد: کوشش، سعی، تاب و تواں، قابلیت صلاحیت

جہد کن کہ بآن درجہ برسی: کوشش کر کہ تو اس مرتبے کو پہنچ جائے

جدّو جَہد: سعی و کوشش۔

جُہد: طاقت، قابلیت

جَہر: (ع) مشتہر کرنا، جو چیز مشتہر کی جائے۔ آواز بلند کرنا، ظاہر کرنا۔

جَہر: (ع) بیماری جس کی وجہ سے دن کے وقت کسی کو نظر نہ آئے۔

جہراً: (ع) کھلم کھلا، علانیہ۔

جہرم: ایران کے صوبہ فارس کے ایک شہر کا نام۔

جہرہ: چرخی، چکلی، ریل، گولہ، بیلن، پھرکی، لٹو۔

جہِش: کُود پھلانگ، چھلانگ، جست وخیز۔

جہل: (ع) نادانی، ناواقفیت،۔ حماقت۔

جہل مرکّب: انتہائی نادان۔

جہل بسیط: جو شخص جانتا ہے کہ وہ نہیں جانتا۔

جُہَلا: (ع) جُہال، جاہل کی جمع، نادان لوگ۔

جُہلاً: جہالت سے، بے وقوفی سے۔

جہمَرزی: زناکاری۔

جہندگی: لچک، اُبھرنے کی طاقت، اچھل گُود۔

جہَندہ: کوشش کرنے والا۔ کودنے والا، چمکدار۔

جہنَّم: (ع) دوزخ۔

جہنّمی: دوزخی، خدانا شناس، کافر۔

جہوُد: یہودی۔

جہوُدانہ: یہودیوں کی طرح۔

جہوُدی: یہودی۔

جَہوُل: (ع) بہت نادان، بے وقوف، احمق۔

جہیدَن: کودنا، اچھلنا، خطرے سے نکل آنا، ایک جگہ سے دوسرے جگہ جانا۔

جہیز: (ع) وہ سازو سامان جو عروس کو دیا جاتا ہے۔

جیاد: جَیِّد کی جمع، نیک، نیکو کار۔

جیاع: (ع) جائع کی جمع، بھوکے۔

جَیب: (ع) کیسہ جو قمیص یا کوٹ وغیرہ کے ساتھ سیا جاتا ہے۔

marfat.com

جیبا: خشک لکڑی۔

جیب بُر: جیب کتا۔

جیب بُری: کسی کی جیب کاٹنا۔

جیپال: ہندوستان کا ایک راجا جس کو سلطان محمود غزنوی نے شکست دی۔

جیحُون: دریا کا نام، دریائے آمو۔

جِید: گردن، پتلی نازک گردن ۔

جیِّد: بہت ہی اچھا، نفیس، ممتاز ، نیکو کار، اعلی، افضل۔

جِیر: چمڑا جسے رنگدیا گیا ہو۔

جیر: (۱) دھیمی نازک آواز (۲) چڑیوں کی چوں چوں۔

جِیران: (ت) ہمسائے۔

جیر جیر: چڑیوں کا چیں چیں کرنا، جھینگر کی آواز۔

جیر جیرک: جھینگر۔

جیرُفت: کرمان کا ایک شہر۔

جیرُو: تصدیق، قبولیت۔

جیرو کردن: تصدیق کرنا، قبولیت کی تحریر ۔

جیرو ویر: چڑیوں وغیرہ کے چوں چوں کرنے کی آواز۔

جیِرہ: راشن۔

جیرہ خُور: جیرہ خوار، جسے راشن یا وظیفہ ملتا ہے پنشنر۔

جِیز: رقم جو قرض لی گئی ہو، رقم جو کھلاڑیوں کو کھیل کے وقت دی جاتی ہے۔

جیزگر: جو کھیل کے وقت کھیلنے والوں کو قرض دیتا ہے۔

جیستن: جستن، ڈھونڈنا۔

جَیش: (ع) لشکر (جیوش جمع)۔

جیِغ: دردناک چیخ، فریاد، غوغا۔

جیغ زدن: چیخنا، دھاڑیں مارنا۔

جِیف: (ع) جیفہ۔

جِیفہ: (ع) مُردار۔

جِیك: جُنبش، پرندوں کی آواز۔

جیك جیك کردن: پرندوں کا چوں چوں کی آوازیں پیدا کرنا۔

جِیل: (ع) ایک قبیلہ۔

جِیم: ابجد کا حرف ج۔

جیم شُدن: کھسک جانا۔

جیواد: دوام، ہمیشگی۔

جُیُوش: جیش کی جمع، لشکر، عساکر۔

جِیوہ: پارہ، سیماب۔

چ

فارسی: ابجد کا ساتواں، اردو کا آٹھواں حرف عربی میں یہ حرف نہیں، حرف چ کو «جیم فارسی» یا «جیم عجمی» بھی کہتے ہیں، چ کو اہل ایران ج سے بدل بھی دیتے ہیں اور کبھی چ کو حرف ش سے بھی بدل دیا جاتا ہے ابجد کے حساب سے چ کے بجائے ج کے تین عدد ہیں۔

چا: چائے۔

چابُك: چست و چالاک، تیز، پھرتیلا، ہمہ گیر۔

چابُك پا- چابك خرام: تیز رفتار۔

چابُك دست: سبک دست، ماہر، منجھا ہوا، کاریگر، ہنر مند۔

چابُك دستی: سبک دستی،مہارت، ہنر مندی۔

چابك سُخن: (۱) فصیح، خوش بیان (۲) چرب زبان۔

چابك سوار: گھوڑ دوڑ میں سواری کرنے والا۔

چابُك قدم: تیز رفتار۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

چابکی: تیزی، چستی، مستعدی۔

چاپ: چھاپ، چھپائی، طباعت۔

چاپ خانہ: مطبع، چھاپا خانہ، پریس۔

چاپ کردن ۔۔۔ چاپ زدن: چھاپنا، طبع کرنا۔

چاپِ سنگی: پتھر کی سلوں کو چھاپنے میں استعمال کرنا، لتھو گرافی۔

چاپ شدن: طبع ہونا، چھپنا۔

کتاب را چاپ کردم: کتاب میں نے طبع کردی ہے۔

ماشین چاپ: چھپائی کی مشین۔

چاپاتی: چپاتی، روٹی جو توے پر پکائی جاتی ہے۔

چاپار: (ت)قاصد، نامہ بر، ہرکارہ، ڈاکیا۔

چاپار خانہ: ڈاکخانہ، پوسٹ آفس۔

چاپاری: ڈاک سے متعلق۔

چاپچی: چھاپا خانے میں کام کرنے والا۔

چاپخانہ: چھاپا خانہ، پریس۔

چاپلُوس: خوشامدی، خوشامد کرنے والا۔

چاپلُوسانہ: خوشامدانہ، بے جا تعریف و توصیف۔

چاپُول: چپاول، غارت گری، لوٹ مار۔

چاپِیدن: غارت کرنا، تاخت و تاراج کرنا، لوٹ مار کرنا۔

چاتِمہ: (ت) چند بندوقیں جو ساتھ ساتھ زمین پر کھڑی کر دی جاتی ہیں اور ان کے سرے اوپر سے باندھ دیے جاتے ہیں۔

چاتمہ زدن: چاتمہ کردن تفنگ۔ بندوقوں کا چاتمہ کی صورت میں باندھنا

چاچ: چاپلوسی، تملق۔

چاچ: ترکستان کا ایک شہر جو تیر کمانوں کی وجہ سے مشہور رہا ہے۔

چاچگر: چاپلوس، خوشامدی۔

چاچُول: مکرو فریب۔

چاچُول باز: (ع)(۱)مکار، فریبی (۲)نیم حکیم، عطای

چاچول بازی: (۱)ڈھونگ، اناڑی پن (۲) مکاری۔

چاچی: چاچ سے متعلق، جہاں کبھی تیرکمان بہت عمدہ بنتے تھے چاچ تاشقند یا کاشغر کا قدیم نام تھا۔

چاچی کمان: چاچ کی بنی ہوئی کمان۔

چاخان: چاپلوس، خوشامدی۔

چاخچُور: زنانہ کھلی شلوار۔

چادر: خیمہ، چادر جو خواتین پردہ کرنے کے لیے اوڑھتی ہیں۔

چادر برسرکشیدن-چادرسرکشیدن: سرکو چادر سے ڈھانپنا۔

چادرِشب: بڑا کپڑا یا دری جس میں بستر لپیٹا جاتا ہے، پلنگ پوش۔

چادر نشین: خیموں میں بسیرا کرنے والے، بیابان گرد، بادیہ نشین۔

چادر نشینی: خیموں میں سکونت کرنا۔

چادر نماز: چادر جو خواتین نازک اور رنگین کپڑے سے نماز پڑھنے کے لیے بناتی ہیں۔

چادری: پردے کے لیے مناسب کپڑا۔

چار: چار عدد۔

چار آئینہ: جنگی پوشاک جو قدیم زمانے میں جوان میدان جنگ میں جانے کے لیے زیب تن کرتے تھے، اور آئینے کی طرح تابناک آہنی تختیاں سینے اور پشت بر لگالیتے تھے۔

چاربالش: چارتکیے جو بیٹھتے ہوئے سر اور پاؤں کے نیچے اور دائیں بائیں رکھتے تھے۔

چاربند: چہاربند، دوجوز ہاتھوں کے اور دو جوز گھٹنوں

marfat.com

کے، کنایہ ہے چار عناصر کا۔

چارپا: چوپایہ۔

چارپایہ: سٹول، کرسی، سٹینڈ۔

چارپخ: چاروں طرف سے کاٹا ہوا، مستطیل۔

چارپہلو: (۱) جس کے چار کونے ہوں (۲) کنایہ ہے بڑے پیٹ اور جسم والے کا، تنومند، فربہ۔

چارتار: چارتارہ، چار تاروں والا ساز۔

چار ترک: مستطیل، چار ضلعوں والی شکل۔

چارتکبیر: نماز جنازہ کی چار تکبیریں

چارتکبیرزدن: کنایہ ہے ترک دنیا کا۔

چار چار: آمنے سامنے ہونا، روبرو ہونا، برابری ہم چشمی، مقابلہ، گفتگو، لڑائی۔

چارچار: وسط سرما یا وسط گرما کے آٹھ دن۔

چار چرخہ: چار پہیوں والا چھکڑا۔

چار چُوب: چار چوبہ-: فریم، ڈھانچا۔

چار خایہ: نفس پرست، خواہش کا بندہ۔

چار دوال: آنکس، اُکسانے والی چیز، مہمیز۔

چارراہ: سڑکوں کا چوک۔

چارزانو: آلتی پالتی مارکر بیٹھنا۔

چارسُو: سڑکوں کا چوک، چاروں طرف۔

چارسُوق: چوک جہاں چاروں طرف دکانیں ہوں۔

چارشاخ: چار شاخوں والا آلہ جس سے بھوسا اڑا کر گندم الگ کرتے ہیں۔

چار شانہ: چوڑے شانوں والا، موٹا، فربہ چھوٹے قد کا۔

چارشنبہ: چہارشنبہ، بدھ کا دن۔

چار ضرب: (۱) نماز بجانے کا انداز (۲) کنایہ ہے ڈاڑھی، موچھیں اور ابرو ترشوانے کا جو دستور تھا بعض قلندروں کا۔

چار طاق: چھت یا گنبد جو چار ستونوں پر بنایا گیا ہو اور چاروں طرف سے کھلا ہو۔

چار عنُصر: اربعہ عناصر، زمین ہوا۔ پانی اور آگ۔

چارُغ: (ت) **چارُق**- اونچی نوکوں اور تسموں والا جوتا۔

چارقب: قدیم زمانے کے وہ لباس جو ایران اور توران کے بادشاہ پہنتے تھے۔

چارقد: سر پر اوڑھنے والی شال، جس سے خواتین سر اور جسم ڈھانپتی ہیں۔

چارك: چہاریک، چوتھا حصہ، ایک چوتھائی۔

چارگاہ: ایرانی موسیقی کی ایک سُر۔

چار گوش- چار گوشہ: چار کونوں والا، چوکور شکل، مربّع، مستطیل۔

چارَم: چہارم، چوتھا۔

چارمیخ: سزا دینے کا شکنجہ۔

چارمیخ کردن: چارمیخ کشیدن: شکنجے میں چڑھانا۔

چار ناچار: ناگزیر۔

چار نعل: کوُدنا۔

چارو: (۱) کھرل، ہاون،، کونڈی (۲) چھوٹی توپ جس سے گولہ بہت اونچا جاتا ہے۔

چاروا: حیوان جس پر بوجھ لادا جاتا ہے۔

چاروادار: جانور پر سامان لاد کرلے جانے والا۔

چارُوغ: چارُوق- جوتا، جو عام طور پر دیہاتی پہنتے ہیں

چارو ناچار: ناگزیر۔

چارہِ: علاج، تدبیر، مدد، مثال:

چو مرہم خستہ را راحت رسان باش
بسختی چارہ بیچارگان باش

جس طرح مرہم زخم کو راحت پہنچاتی ہے اسی طرح تو بھی

پریشان حال لوگوں کی مصیبت میں ان کی مدد کر۔

چارہ آن این است: اس کی تدبیر یہ ہے۔

چارہ کردن . . چارہ ساختن: علاج کرنا، فلاح و بہبود کے لیے تدبیر کرنا۔

چارہ پذیر: علاج کے قابل۔

چارہ پرداز: چارہ ساز، مدد کرنے والا، بہتری کی تدبیر کرنے والا۔

چارہ جُو: علاج یا تدبیر چاہنے والا، پناہ کا خواہشمند۔

چارہ ساز: علاج یا بہتری کی تدبیر کرنیوالا، مدد دینے والا، معالج، طبیب۔

چارہ سازی: علاج کرنا، مدد کرنا، مدد، حمایت۔

چارہ گر: چارہ ساز۔

چاشت: (۱) صبح کا وقت، طلوع آفتاب کے ایک گھنٹہ بعد (۲) غذا جو چاشت کے وقت کھائی جاتی ہے۔

چاشت دان: برتن جس میں چاشت یا ناشتے کی غذا رکھی جاتی ہے۔

چاشت گاہ: صبح کے ناشتے کا وقت۔

چاشن: چٹنی یا کوئی اور ترش سی چیز جو کھانے کے ساتھ رکھی جاتی ہے، ساس (انگ)۔

چاشنی: مزہ، ، جو چیز صرف چکھنے کے لیے ہو، سر کہ یا انار کارس جو غذا میں ڈالا جاتا ہے۔

چاشنی دان: برتن جس میں چاشنی کے لیے کوئی چیز رکھی جاتی ہے۔

چاشنی گیر: جو سالن وغیرہ کے ذائقے کا اندازہ کرنے کے لیے ذرا سا چکھ لیتا ہے قدیم زمانے میں ایک شخص بادشاہ کے دستر خوان کی ہر غذا کو چکھتا تھا تاکہ پتا چل سکے کہ یہ غذائیں زہر وغیرہ کے اثر سے محفوظ ہیں۔

چاق: تنومند، موٹا تازہ ہونا، ہوشیار ہونا۔

چاقماق: دیکھیے چقماق

چاقو: آلہ جس سے قلم بناتے یا اور چیزیں کاٹتے ہیں۔

چاقو تیز کن: چاقو تیز کرنے والا۔

چاقو کش: چاقو چلانے والا، چاقو سے حملہ کرنے والا۔

چاقی: موٹاپا، فربہی۔

چاک: شگاف، درز، زخم، مثال:

نتوان دُوخت جز برشتہ وصل
جگری کز فراق گردد چاک

ہجریار سے جب جگر میں زخم لگ جائے تو اسے وصال یار کے بغیر نہیں سیا جاسکتا۔

اُو پیراهن خود را چاک کرد: اس نے خود اپنا پیرہن پھاڑدیا۔

چاک: پوَ پھٹنا، نمُودار ہونا۔

چاک چاک: جو جگہ جگہ سے پھٹا ہو، پارہ پارہ۔

چاکر: فرماں بردار، جان نثار، نوکر، بندہ، خادم۔

چاکرانہ: نوکروں کی طرح۔

چاکری: نوکری، اطاعت، فرمان برداری۔

چاکُوچ -چکش -چاکُوش: لوہے کا اوزار جس پر رکھ کر لوہار لوہا کوٹتے ہیں، سندان۔

چال: خلا، سوراخ، گڑھا، کھوکھلا۔

چال افتادن: گڑھے میں گرنا، ڈوبنا۔

چال کردن: دبا دینا۔

چال: مرغابی۔

چالاقان: پتنگ۔

چالاک: ہوشیار، چُست، دلاور۔

چالاکی: ہوشیاری، چُستی ، دلاوری۔

چال حوض: حوض جو گھروں میں تیرنے کے لیے بناتے ہیں۔

marfat.com

چالِش:(۱)حسین، دلربا طرز خرام (۲)متکبرانہ انداز رفتار (۳)جنگ و جدال۔

چالش گری: جنگجری- حریف کے مقابلے میں خود نمائی۔

چاله:گڑھا۔

ازچاله بچاله در آمدن از چاله درآمدن و بچاله افتادن:ایک مصیبت سے بچنا تو دوسری مصیبت میں جا پھنسنا۔

چام:نازو عشوہ۔

چام چام:پُرپیچ وخم راستہ۔

چامِه:نظم، غزل، موزوں اور رواں کلام۔

چامه سرا:سخن سرا، غزل سرا، شاعر غزلخواں۔

چامین:چمین، پیشاب، بول۔

چانِه:(۱) تھوڑی، جبڑے کا نچلا حصہ (۲)معاملہ، سودا۔

چانه زدن:تکرار کرنا، مول تول کرنا، معاملہ کرنا، جھگڑا کرنا، تکرار کرنا، حجت کرنا،بہت زیادہ باتیں کرنا (۲)خریدو فروخت کرتے ہوئے قیمت کم کرنے یا قیمت زیادہ کرنے کے لیے بہت باتیں کرنا۔

چانه زنی:فضول باتیں کرتے جانا، سودا کرتے ہوئے مول تول کا جھگڑا کرتے رہنا۔

چاؤ:کاغذی نقدی، نوٹ، اسکناس نوٹوں کا سلسلہ ایران کے مغل بادشاہ گیخاتون نے ۶۹۳ء میں رائج کیا۔

چاو چاه:آہ و زاری، چھوٹے پرندوں کی چوں چوں۔

چاؤ دار:(ت)ایک قسم کا غلہ۔

مرض چاو دار:ایک بیماری جو غلّے کو کیڑا لگنے کی وجہ سے ہوجاتی ہے، اناج روگ۔

چاؤش: چاؤوش:کارواں کا پیشرو جو کاروان کےآگے آگے نغمہ سرائی کرتا ہے جس سے دلوں میں تازگی پیدا ہوتی ہے۔

چاؤشی:چاؤش کا فریضہ۔

چاؤشی خواندن:مقدس مقامات کا شوق تازہ تر کرنے کے لیے سخن سرائیٔ کرنا۔

چاوله:(۱)گل صد برگ، پھول جس کی بہت سی پتیاں ہوتی ہیں۔

چاوَله:تیڑھا، کج، خمدار، ناہموار۔

چاوِیدن:پرندوں کا چوں چوں کی آوازیں نکالنا۔

چاه:کنواں۔

چاه زنخدان:تھوڑی کے درمیان قدرے گھری جگہ۔

چاه بُن:کنوئیں کی تہ۔

چاه خُو:جسکا پیشہ کنوئیں کھودنا ہو۔

چاهسار:جہاں بہت سےکنوئیں ہوں۔

چاهك:چھوتا کنواں۔

چاه كن:کنواں کھودنے والا۔

چاك كن را چاه درپیش:جو کسی کے گرانے کے لیے کنواں کھودتا ہے، اسکے آگے بھی کبھی کنواں آجاتا ہے، جو، اسکی تباہی کا موجب بنتا ہے اسے بھی تباہی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

چاهه:چاہک، چھوتا کنواں۔

چاهیُوز:خمدار آہنیں کانٹا جس سے کنوئیں میں گری ہوئیٔ چیز کو نکالا جاتا ہے۔

چای: چائے۔

چای دم كردن:چائے کو دم پر رکھنا۔

چای صرف كردن:چائے بینا۔

يك فنجان چای میل كنید:چائے کی پیالی کا شوق کیجئے۔

چایچی:چائے فروخت کرنے والا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

چای خوری: چائے کی پیالی۔

چای دان: چائے دانی۔

چاییدن: سردی لگنا، سردی سے بیمار ہو جانا، زکام لگ جانا۔

چبان: پھنسی جس سے پیپ یا خون نکلے۔

چبُون: چوبون۔پائپ جس میں تمباکو بھر کر کش لگاتے ہیں۔

چبوق کشیدن: پائپ کے کش لگانا۔

چَپ: بائیاں، بائیں طرف۔

آدم چپ: بائیں طرف والا شخص۔

ازچپ و راست: دائیں بائیں طرف سے، ہر طرف سے۔

ازطرف چپ: بائیں طرف سے۔

بطرف چپ برو: بائیں ہاتھ چلو۔

چپ اُفتادَن: منہ پھیرلینا، اچھے تعلقات قائم نہ رہنا۔

چَپ انداز: بائیں ہاتھ سے کھیلنے والا، مکار، حیلہ گر۔

چپ چپ نگاہ کردن: خشمناک ہونا۔

چپ چشم: بھینگا۔

چپ شدن: منحرف ہوجانا۔

چپ یکی را دوتامی بیند: بھینگے کو ایک کے بجائے دو نظر آتے ہیں۔

چپات: طمانچہ، تھپڑ، سیلی۔

چپاتی: توے پر پکی ہوئی روٹی، پھلکا۔

چپان: کہنہ لباس، پُرانی پوشاک۔

چپانی: کہنہ پوش، پرانے کپڑے پہننے والا۔

چپاندن: چپانیدن، کسی چیز کو بھرنا، پُر کرنا، کھچا کھچ بھرنا، ٹھونسنا۔

کاہ را بر جوال بچپان: گھاس کو بوری میں بھر دو۔

چپاوَل: لوٹ مار، غارتگری۔

اموال او را چپاول کردند: اس کے سازو سامان کو لوٹ لیا۔

چَپاوَلچی: غارت گر، یغماگر۔

چپچاپ: بوسوں کی پے بہ پے آواز۔

چَپچَله: مرطوب زمین، زمین جس پر پاؤں پھسلتا ہے۔

چپر: چاپار،قاصد، نامہ بر، ہرکارہ، ڈاکیا۔

چپر: جنگلا یا باڑ، لوگوں کا حلقہ، وہ رکاوٹیں جو گھوڑ دوڑ میں نصب کی جاتی ہیں،نیز پارچہ بافی کا ایک آلہ۔

چپراس: بکسوا، بکسوا لگانا، سلک یا چاندی کا بٹن جو لباس کے سامنے لگایا جاتا ہے۔

چپراست: بے اصولی۔

چپَرباف: فیتہ یا کور بنانے والا۔

چپش: بکری کا ایک سال بچہ۔

چُپُق: چپوق، پائپ جس سے تمباکو کے کش لگاتے ہیں۔

چَپکن: (ت)ایک قسم کا چھوٹا کوٹ۔

چپلك: آلودہ، پلید۔

چپُو: لوٹ مار، غارت، یغما۔

چپوچی: غارت گر۔

چَپہ: تالی۔

چپہ زدن: تالیاں بجانا۔

بعد از نطقِ او مردم چپہ زدن: اس کی تقریر کے بعد لوگوں نے تالیاں بجائیں۔

چپی: شال جو عرب سر سے نیچے تک پہنتے ہیں۔

چپیدن: بھرنا، ٹھونسنا۔

marfat.com

ہمہ در آن اطاق کوچك چپهدند:سب کچھ انھوں نے چھوٹے سے کمرے میں بھر دیا۔

چپیدہ:بھرا ہوا۔

چپیرہ:جمعیت، لوگ جو کسی کام کے لیے یکجا جمع ہوئے ہوں۔

چترَ:(۱)چھتری، دھوپ سے بچنے کا سایہ (۲)پیراشوٹ (۳)گھنگھریالے بالوں کی لٹ۔

چترِ آبگون:کنایہ ہے آسمان کا۔

چتر آفتاب:دھوپ سے بچنے کی چھتری۔

چترِبارانی:چھتری جو بارش میں استعمال کی جاتی ہے۔

چترزرّین:کنایہ ہے آفتاب کا۔

چترسیمین:چاند کا کنایہ۔

چترعنبرین:تاریکی شب کا کنایہ۔

چترکُحلی:آسمان یا کالی گھٹا کا کنایہ۔

چترباز:پیراشوٹ کے ذریعے نیچے اترنے والا۔

چترزنانہ:زنانہ چھتری۔

چترزدن – چترکشیدن:چھتری کو دھوپ یا بارش سے بچنے کا ذریعہ بنانا۔

چتر ہوای:پیراشوٹ۔

چتری:چھتری۔

چَتوَر:شراب کا چھوٹا سا پیمانہ، پوا، چوتھا حصہ بوتل کا۔

چچ:لکڑی کا بنا ہوا چارشاخہ جس سے بھوسے کو اڑا کر گندم کے دانے الگ کرتے ہیں۔

چچك:تل، خال، سیاہ نقطہ جو انسان کی جلد پر پیدا ہوتا ہے۔

چچُو:پستان زن، گائے، بھینس بکری وغیرہ کے تھن۔

چخ:تلوار یا چُھری وغیرہ کا نیام، نیز جنگ و ستیز۔

چخت:مکان کی چھت۔

چَخماق:چقماق، پتھر جس کو فولاد کے ساتھ رگڑنے سے آگ پیدا ہوتی ہے

چخیدن:(۱)کوشش کرنا (۲)لڑنا، لڑائی کی تیاری کرنا۔

چَخیدہ:جس نے کوششُ کی ہو، لڑائی کی ہو۔

چَخین:غلیظ، آلودہ، گندہ۔

چِدار:گھوڑے کا پالنگ، پیکڑا، جولان، رسی جس سے گھوڑے کے پاؤں باندھتے ہیں۔

چَدَر:علاج، چارہ۔

چدَن:ایک دھات ہے جو لوہے اور معدنی کوئلے سے مرکب ہوتی ہے۔

چَر:چریدن **مصدر**= جانوروں کا گھاس وغیرہ چرنا کا فعل امر۔

چُر:آلہ تناسل۔

چَر:گیت، موسیقی۔

چَرا:حیوانوں کے گھاس وغیرہ چرنے کا عمل۔

چِرا:چہ را، کیوں۔

آیانمی آئید؟ چرا:کیا آپ نہیں آرہے ہیں؟(لیکن) کیوں نہیں۔

بی چون وچرا:ردوکد کے بغیر۔

چراکہ:چونکہ

چون و چرا:جھگڑے کا انداز۔

چَرا:چراگاہ۔

چراکردن:چرنا (گھاس)۔

چَرابہ:دُودھ پر آنے والی بالائی۔

چَراجا:چراگاہ۔

چراخُور:چراگاہ۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

چرازن: گھاس چرنے والا جانور۔

چَراسک: جھینگر۔

چراغ: بتّی، لیمپ، شمع، لالٹین، فانوس۔

چراغ از چشمش پرید: اس نے ستارے دیکھے، اس کی آنکھ سے ایک چمک سی نکلی۔

چراغ امیدش خاموش شد: وہ نا امید ہوگیا۔

چَراغ بادی: ہری کین، لالٹین۔

چَراغ برق: بجلی کا بلب۔

چراغ خاموش کردن: چراغ بجھانا۔

چراغ روشن کردن: چراغ جلانا۔

چراغ گاز: گیس سے جلنے والا چراغ، مثال:

چراغی را کہ ایزد بر فروزد
ہر آنکس پُف زندریشش بسوزد

جو چراغ اللہ تعالی نے جلا یا ہے اسے جو بجھانے کے لیے پھونک مارتا ہے، اس کی ڈاڑھی جل جاتی ہے، تقدیر کے خلاف جو کوئی عمل کرتا ہے نقصان اٹھاتا ہے۔

چراغ ہیچ کس تاصبح نمی سوزد: کسی کا چراغ طلوع سحر تک نہیں جلتا، مکمل خوشی کا حاصل ہونا ممکن نہیں۔

دُودۂ چراغ: چراغ کا دھواں جو موم بتی یا دیے کے بجھتے وقت نظرآتا ہے۔

چراغان: روشنیوں کی تابناکی، درخشانی، کسی خوشی یا کسی بزرگ کی یاد میں جوبکثرت چراغ روشن کیے جاتے ہیں۔

چراغان کردن: بہت سے چراغ جلانا، جگہ کو روشن کرنا

چراغ الکلی: سپرٹ لیمپ۔

چراغ گاز: گیس کا لیمپ۔

چراغ پا: ٹیبل لیمپ، لیمپ کا سٹینڈ جس پر لیمپ رکھا جائے۔

چراغ پایہ: چراغ پا، چراغ دان۔

چراغ پَرہ: پروانہ، جو شمع یا چراغ کےگرد چکر لگاتا ہے۔

چراغ پرہیز: فانوس، قندیل۔

چراغچی: چراغ روشن کرنے والا۔

چراغدان: چراغ رکھنے کی جگہ، لیمپ سٹینڈ۔

چراغک: جگنو، کرمک شب تاب۔

چراغ کُش: چراغ بجھانے والا۔

چراغلہ: جگنو، کرمک شب تاب۔

چراغوارہ: قندیل، فانوس۔

چراغینہ: کرم شب تاب، جگنو۔

چراکردن: چرنا (حیوانات کا)۔

چراگاہ: جانوروں کے گھاس چرنے کی جگہ۔

چراگر: گھاس چرنے والا جانور۔

چرام: گھاس چارہ، سبزہ زار۔ چراگاہ۔

چَرامین: چراگاہ، علف زار۔

چراندن: چرانیدن- گھاس چرانا۔

چرانَندَہ: جانوروں کو گھاس چرانے والا۔

چرانی: خوراک کی رقم جو روزانہ یا ماہانہ کسی کو دی جاتی ہے۔

چرب: چربی۔

غذای چرب: مرغّن غذا۔

چرَب آخُور: جسے فراخی عیش و نعمت حاصل ہو، جو نازو نعمت کی زندگی بسر کررہا ہو۔

چرباندن: وزن بڑھانے کی اجازت دینا۔

چربترَ: زیادہ موٹا۔

marfat.com

چرب دست: ماہر، ہنرمند، مشّاق۔

چرب دستی: مہارت، ہنرمندی، مشّاقی۔

چرب زبان: خوشامدی، چاپلوس، زبان باز۔

چرب زبانی: خوشامد، خوشامد کے طور سے میٹھی میٹھی باتیں کرنا۔

چرب سُخن: میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا، چاپلوس، خوشامدی۔

چرب گفتار: شیریں سخن، نکتہ سنج۔

چربِش: چربی۔

چربَك: چرب کی اسم تصغیر، روغنی نان، پراٹھا۔

چربَہ: تریس پیپر، وہ کاغذ جس پر لکھنے سے نچلے کاغذ پر الفاظ ثبت ہوتے ہیں۔

چربی: چکنائی، روغن۔

این غذا چربی ندارد: اس غذا میں روغن یا گھی نہیں۔

چربی دار: جس میں چربی ہو۔

چربیدَن: موٹاپے کی وجہ سے وزن بڑھنا۔

چُرت: ہلکی سی نیند، جھپکی، آنکھ جھپکنا، آنکھوں میں نیند بھر آنا، خواب آور، بیداری کی درمیانی حالت

چُرت زدن: بیداری کی حالت میں نیند آنا، آنکھ لگنا۔

چرتی: جسے نیند آرہی ہو۔

چَرخ: (۱) پہیہ، (۲) آسمان (۳) گھومنا۔

چرخاب: پہیہ جو پانی کے بہاؤ سے گھومتا ہے۔

چرخِ آبنوس: آسمان کا کنایہ ہے۔

چرخِ آسیاب: چکی کا گھومنا۔

چرخ چنبری: آسمانی فضا۔

چرخاب: بانی کے بہاؤ سے چلنے والی چکی۔

چرخ خوردن: گھومنا۔

چرخِ کبُود: آسمان کا کنایہ ہے۔

چرخِ کوزہ گری: کمہار کا چکر جس کے ذریعے پیالے بنائے جاتے ہیں۔

چرخ: باز کی قسم کا شکاری پرندہ۔

چَرخ انداز: تیر انداز۔

چَرخاندن: چکر دینا، گھمانا۔

چرخانِندہ: چکر دینے یا گھمانے والا۔

چرخباد: طوفانی ہوا۔

چرخ ریسك: (۱) ایک پرندہ جو چڑیوں کے برابر ہوتا ہے، اس کی آواز چرخہ کاتنے کی آواز سے ملتی ہے۔

چرخ زَدَن: اپنے ارد گرد گھومنا، محور کے گرد گھومنا۔

چرخ زن: رقّاص۔

چرخَشت: میوے کا رس نکالنے کا آلہ۔

چرخَك: چرخی، چکلی، پھرکی۔

چرخِہ: چرخ، پہیہ، سوت کاتنے کا چرخا۔

چرخیدن: گھومنا، چکر لگانا۔

چرد: آستانہ، درگاہ۔

چرِدہ: چہرہ، چہرے کا رنگ۔

سیاہ چردہ: جس کا رنگ کالا ہو، سیاہی مائل رنگ والا

چِرز: پرندہ جو مرغ سے کچھ بڑا ہوتا ہے گوشت اس کا حلال ہوتا ہے۔

چَرَس: قید و بند، زندان، جیل خانہ، شکنجہ۔

چِرس: ایک خاص قسم کا پودا جس کے بیج نشہ آور ہوتے ہیں۔ ان کا سفوف بعض لوگ تمباکو کی صورت میں استعمال کرتے ہیں۔

چَرَسدان: کچکول جسے درویش چلتے ہوئے کندھے پر ڈال لیتے ہیں۔

چرسی: چرس کے کش لگانے والا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

چرش: چراگاہ۔

چرغ: باز کی طرح کا شکاری پرندہ، چرخ۔

چَرغان: شاہی مہر۔

چَرغَند: بکرے کے رودے جن میں گوشت اور کلیجی کے ٹکڑے اور چربی بھرکر بریاں کرتے ہیں۔

چِرک: پیپ، غلاظت، کثافت۔

تولید چرک: پیپ پیدا ہونا۔

چرک آهن: لوہے کا زنگ۔

چرک گرفتن: گندہ ہو جانا۔

چرک نشستن: پیپ پڑنا۔

چِرکاب: گندہ پانی، میلا پانی۔

چرک آلود: گندا، غلیظ، پیپ بھرا۔

چرک تاب: خاکستری یا قہوے کے رنگ کا کپڑا جس میں میل ظاہر ہو۔

چرکدار: گندا، غلیظ، بیپ بھرا۔

چِرکن: غلیظ، گندا۔

چرکناک-چرکیں: ناپاک، غلیظ، کثیف، جس پر زخم کی پیپ لگی ہو، زخم جس میں پیپ ہو۔

چَرگر: گانے والا، گویا، مُغنّی۔

چَرم: چمڑا۔

چَرمدان: چمڑے کا بیگ۔

چرمسار: چمڑا کمانے اور رنگنے والا، دباغ، کھٹیک۔

چرَمسازی: چمڑا کمانا یا رنگنا، دباغی کرنا۔

چرمَ گر: چرمساز۔

چرَمی: چرمین، چمڑے کا بنا ہوا۔

کفش چرمی: چمڑے کا جوتا۔

چرَند: غیر اہم باتیں، یا وہ گوئی، لاف و گراف، گھاس چرنے والا جانور۔

چرند پرند: لاف و گراف،پوچ، بے معنی گفتگو۔

چرَن: چوں چوں کی سی آواز۔

چُروک: پیشانی کی جُھری، شکن۔

چروک خوردن: شکن پڑجانا۔

چُروکِیدن: پیشانی پر شکنیں ڈالنا۔

چُروکیدہ: جس کی پیشانی پر بل ہوں۔

چَروِیدن: چارہ جوئ کرنا۔

چروَندہ: جس نے چارہ جوئ کی ہو۔

چرِیدن: چرنا (گھاس)۔

چَرندہ: گھاس چرنے والا۔

چَریک: بے قاعدہ فوج۔، جس نے باقاعدہ فوجی تربیت حاصل نہ کی ہو۔

قوای چریک: معاون یا امدادی فوج۔

چَز: بندر، میمون۔

چِزک: خارپشت، ایک جانور جس کی کھال کانٹوں سے پُر ہوتی ہے۔

چِسان: کس طرح، کیسا، مثال:

چسان از لعل میگون تومستم
کہ فارغ از مے گلگونم اے دوست

میرے دوست میں آپ کے لب لعل سے ایسا سرمست و سرمشار ہوا ہوں کہ اب شراب سرخ کی تمنا سے فارغ ہو گیا ہوں۔

چسپ: چسپیدن مصدر= چمٹ جانا، ساتھ لگ جانا سے فعل امر، آملو، ساتھ لگ جاؤ۔

چسپاں: چپکا ہوا، ساتھ لگا ہوا۔

چسپاندن: ساتھ چپکانا۔

چسپانیدہ: چپکا ہوا۔

چَسپناک: جو چپک جائے۔

marfat.com

چسپناکی:چپکنے کی خاصیت، جو چپک جائے۔ لیس، چپچپاہٹ۔

چسپندِگی:چپچپاہٹ۔

چسپیدن:چپکنا، ساتھ مل جانا۔

چسپیِدہ:چپکا ہوا، ساتھ ملا ہوا۔

چُست:چالاک، ہوشیار۔

چُستک:چمڑے کی نرم اور سادہ جوتی۔

چَستِہ:نغمہ، آہنگ۔

چشای: مزہ چکھنے کی حس۔

چشاندن:کسی چیز کا مزہ چکھنا۔

چشانندِہ:جو کسی چیز کا مزہ چکھائے۔

چَشتِہ:(۱)چاشت کے وقت کی غذا، طلوع سحر سے گھنٹہ بھر بعد کی غذا، کم خوراک (۲)کسی شخص سے کھل کر ایسی ہمدردی کرنا، جس سے وہ بگڑ جائے۔

چشتہ خُو:جو کسی کی ہمدردی کی بنا پر اس سے متواتر مدد چاہے، طماع، لالچی۔

چشِش:چکھنا۔

چَشفرَ:پاؤں کا نشان، جانور کے پاؤں کا نشان۔

چشم:(۱) آنکھ (۲)امید۔

او از خطای من چشم پوشید:اس نے میری غلطی کو نظر انداز کردیا۔

چشم بچشم:بسر و چشم، رضامندی سے، بڑی خوشی سے بہت اچھا۔

چشم آرُو:بدنظری کو دور کرنے کی دعا یا تعویذ۔

چشم آغِیل:غضب آلود نگاہ۔

چشم آلُوس:چشم آغیل۔

چشم انداز:نظارہ، منظر، آثار، متوقع حالات۔

چشم انداختن:نظر ڈالنا، ایک نظر دیکھنا۔

چشم باز کردن:آنکھیں کھولنا۔

چشم بدُور:خدا بُری نظر سے بچائے۔

چشم بدست اُوست:میں اس پر بھروسا کرتا ہوں۔

چشم براہ:منتظر

چشم براھی:انتظار

چشم بند:گرویدہ کرنیوالا، دلکش، مسحور کن، شعبدہ باز

چشم بند:پردہ، اندھیاری جو گھوڑے کی آنکھوں پر ڈالتے ہیں

چشم بندی:حیران کرنے کے لیے کسی کی آنکھیں ہاتھوں سے بند کرنا، شعبدہ بازی

چشم بی آب:بے حیائی، بے شرمی

چشم بیمار:نیم وا آنکھ یا آنکھیں

چشم بینا:آنکھ جو خوب اچھی طرح عیب و ثواب دیکھ سکے

چشم پزشک:آنکھوں کا ڈاکٹر

چشم پُوش:نظر انداز کر دینے والا

چشم پوشی:نظر اندازی

چشم پوشیدن:چشم پوشی کرنا، نظر اندازی کرنا

چشم پیش:شرمسار ہونے کا کنایہ

چشم تر:آنسوؤں بھری آنکھ، اشک آلود آنکھ

چشم تنگ:بخیل، خسیس، کنجوس کا کنایہ

چشم چران: جو ہوس کی بناپر لڑکیوں کے چہروں پر نظر ڈالتا ہے

چشم چیدن: دفعیہ یا توڑ کرنا

چشم خانہ: خانہ چشم جہاں آنکھ ہے

چشم خوردہ: جسے نظر لگی ہو

چشم داشت: کسی چیز کو حاصل کرنے کا منتظر ہونا، امیدوار ہونا، خواہش، انتظار

چشم داشتن: کسی چیز کے حصول کا منتظر ہونا

چشم درراہ داشتم: میں نے انتظار کیا

چشم دریدہ: بے حیا، بے شرم، بے ادب

چشم دل: بصیرت

چشم دوختن برچیزی: کسی چیز پر آنکھ جمالینا

چشم رس: منشا، مدنظر

چشم رسیدہ: جسے بری نظر لگی ہو

چشم روز: آفتاب، خورشید

چشم روشن شدن: کسی کو دیکھ کر خوشی حاصل ہونا

چشم روشنی: ہدیہ، تحفہ جو عروس اور داماد کو دیا جاتا ہے

چشم زاغ: نیلی آنکھ

چشم زخم: نظر لگنا

چشم زد: سفید و سیاہ مہرہ جو نظر بد کو روکنے کے لیے بچوں کے گلے میں باندھتے ہیں

چشم زدن: کنایہ ہے بہت تھوڑے وقت کا

چشم زدہ: جسے کسی کی نظر لگی ہو

چشم سفید: شوخ، ذھیت، بے حیا

چشم سیاہ شدن: دنیا کا نظر میں تاریک ہو جانا

چشم شما روشن: میں آپکو مبارک باد پیش کرتا ہوں

چشم شور: آنکھ جو کسی چیز کو پسند کرے اور وہ دوسرے کے لیے پریشانی کا موجب ہو جس سے نظر لگے

چشم شیطان کور: بد کردار اندھا ہو جائے، برای کرنے کے قابل نہ رہے

چشم ظاہری: ظاہر کی چیزیں دیکھنے والی آنکھ

چشم فسای: بد نظری کا مداوا کرنے والا

چشمک: آنکھ کا اشارہ، عینک

چشم کردہ: چشم رسیدہ، جسے بری نظر لگی ہو

چشم کسی را بروشنائ انداختن: لبھانا پھسلانا، ورغلانا

چشم کشادن: ہوش میں آنا، غور و فکر کرنا

چشم کشی: بری نظر کا توڑ معلوم کرنا

چشم کشتہ: بھینگا

چشم گفتن: قبول کر لینا

چشم و چراغ: بہت عزیز، بہت پیارا، محبوب زیبا

چشم و دل سیر: آنکھ اور دل کا اطمینان

چشم و گوش باز است: برے بھلے کی پہچان ہے

چشم و دل گرسنہ: لالچی، حریص، طماع

چشم ھمراھی ازو داشتم: میں اس سے مدد کی توقع رکھتا تھا

بالای چشم: ہم غور کرینگے۔

بچشم خود: اپنی آنکھوں سے۔

بیک چشم برہم زدن: آنکھ جھپکتے ہیں۔

marfat.com

دی شب چشم: (یامژگان) بہم نزدم: کل رات میں سو نہ سکا، آنکھ نہ لگی۔

مردمکِ چشم: آنکھ کی پُتلی۔

نور چشم: آنکھ کا نور، بیٹا بیٹی۔

چَشمہ: سوتا، وہ جگہ جہاں پانی زمین سے باہرنکلتا ہے اور رواں رہتا ہے۔

چشمہ آفتاب: خورشید کا کنایہ ہے، چشمہ آتش فشان، چشمہ خاوری، چشمہ روشن، چشمہ گرم اور چشمہ نور بھی انہیں معنوں میں آتے ہیں۔

چشمہ حیوان: آب حیات اسے چشمہ خضر بھی کہتے ہیں۔

چشمہ سار: جس زمین میں بہت چشمے ہوں۔

چشمیزک: ایک پودے کا سیاہ اور چمکدار پھل جو بہدانے کے برابر ہوتا ہے، یہ پودا سوڈان اور حجاز میں پایا جاتا ہے قدیمی طب میں اس سے آنکھوں کی دوائ تیار ہوتی تھی۔

چشیدن: چکھنا۔

چشندہ: چکھنے والا۔

چشینندہ: چکھا ہوا۔

چطور: چہ طور، کسی طرح۔

چغ: پرندوں کا گھونسلا، چھت پر جو کابک یا چھتری کبوتروں کے لیے بنائ جاتی ہے، تیلیوں سے بنا ہوا پردہ۔

چُغ: جوا جو بیلوں کی گردن پر ڈالا جاتا ہے۔

چَغ: مدھانی۔

چغار: ساز کی سُریلی آواز لڑائی کا شور۔

چغاز: بے حیا عورت، بدزبان۔

چَغالہ: پھل جو ابھی پکا نہ ہو، نارسیدہ پھل، بادام اور زرد آلو کے نارسیدہ پھل کے متعلق کہتے ہیں۔

چَغانہ: (۱) موسیقی کا ایک ساز جس کی شکل قاشق کی سی ہوتی ہے اس کے ساتھ گھنگرو بندھے ہوتے ہیں، ہاتھ سے اسے حرکت دیتے ہیں

چُغد: اُلو، بوم

چَغداول: لوگوں کا انبوہ جو لشکر کشی کے وقت لشکر کے پیچھے پیچھے چلتے ہیں، اسے چغدل اور چغدول بھی کہتے ہیں

چُغر: مینڈک

چغرشتہ: دھاگے کا بنا ہوا گولا

چغر یدن: (۱) توجہ کرنا، التفات کرنا (۲) ڈرنا خوف کھانا، وہم کرنا

چغریدہ: ڈرا ہوا، جسے کوئی وہم ہو گیا ہو

چَغز: مینڈک

چُغک: چڑیا، کنجشک

چُغل: سخن چین، اِدھر کی بات اُدھر لے جانے والا، چغل خُور

چَغل: (۱) شکن

چُغل: ہر سخت چیز

چُغلی: چغل خوری، ادھر کی بات ادھر لے جانا

چُغلی کردن: ادھر کی بات ادھر لے جانا، چغلی کرنا

چَغندر: چقندر، شلغم کی طرح کی ایک سبزی جو پک کر گہری سرخ ہو جاتی ہے

چُغو: چڑیا

چَغیدن: کوشش کرنا، جھگڑا کرنا، بات کرتے ہوئے کسی خوف سے رک جانا

چَغت: جعفری جو لکڑی کی چفتیوں سے بنائی جاتی ہے اس پر انگور وغیرہ کی بیلیں پھیلتی ہیں

چفت: ایک طرح کا قفل، دروازے کی زنجیر

چُفت: (۱) تنگ لباس (۲) ستون جس سے عمارت کو سہارا دیا جاتا ہے

چَفتک: کلنگ، کونج، لق لق

چفتہ: (۱) خم، کجی، خمیدہ (۲) طاق، گھر کی چھت،

www.iqbalkalmati.blogspot.com

محرابی چھت (۳)دروغ، بہتان

چفسیدن:چسپیدن، ملنا، پیوست ہو جانا

چقاچاق:دیکھیے چکا چاک

چقدر:چہ قدر، کس قدر

چقدر پُول لازم دارید:تمہیں کتنے روپے چاہیں

پرقدر:جس قدر بھی ہو

چقرِمہ:(۱)سخت (۲)جفاکش، مضبوط (۳)مشکل، کٹھن

چقماق:ایک خاص پتھر جس کے ساتھ فولاد ٹکرائے تو اس میں سے آگ نکلتی ہے

چقماقی:چقماق کی بنی ہوئی

چقندر:شلغم کی طرح کی سبزی جو پک کر گہرے سرخ رنگ کی ہو جاتی ہے

چُک:لکڑی کا دستہ دار چار شاخہ جس سے بھوسہ اور دانے الگ کرتے ہیں

چَک:طمانچہ، تھپڑ

چک زدن:تھپڑ مارنا، طمانچہ رسید کرنا

چک:قطرہ، بوند جو کسی جگہ یا چیز سے گرتی ہے

چَک:چیک جس کے ذریعے بنک سے رقم حاصل کی جاتی ہے

چَک:ٹھوڑی

چکا چاک:تلواروں کے ٹکرانے کی آواز، جھنجھناہٹ

چاد :(۱)سر کی چوٹی، پیشانی سے اوپر کا حصہ (۲)پہاڑی کی چوٹی

چکامِہ:غزل، نظم، قصیدہ

چکامہ سرا:غزل سرا، غزل گا کر سنانے والا، شاعر، قصیدہ گو

چکَان:قطرہ قطرہ کرنا

چکاندن:چکانیدن، قطرہ قطرہ ٹپکانا

چکانَندہِ:قطرہ قطرہ ٹپکانے والا

چکاوک:ایک خوش آواز پرندہ، جس کے سر پر چھوٹی سی کلغی ہوتی ہے، ایک راگ کا نام

چکاوہ:چنڈول، خوش آواز پرندہ

چکچک:قطرہ قطرہ پانی ٹپکنے کی آواز

چکرنہ:کوُنج، لق لق، لمبی چونچ والا مرغابی کی طرح کا پرندہ

چکرہ:قطرہ

چَکَس:باز اور اس قسم کے شکاری پرندوں کا گھونسلا

چکسَہ:(۱)کاغذ کا ٹکڑا جس میں عطار مشک و عنبریا کوئی اور دوا لپیٹ کر دیتا ہے (۲)باز یا اسی طرح کے اور شکاری پرندوں کا گھونسلا

چکسیدن:شرمسار ہونا، نادم ہونا

چکُش:لوہار کا ہتھوڑا

چُکک:(۱)چڑیا، کنجشک (۲)ایرانی موسیقی کی ایک راگنی کا نام

چکمِہ:فل بوٹ، بوٹ جو پنڈلی تک لمبا ہوتا ہے،

چکمہ دُوز:فل بوٹ بنانے والا

چکمیزک:ایک بیماری ہے جس میں انسان پیشاب پر قابو نہیں رکھ سکتا، قطرہ قطرہ پیشاب کا گرنا

چکِن:ایک قسم کا کپڑا جس پر بیل بوٹے کاڑھے گئے ہوں، جس پر زردوزی کا کام ہوا ہو، جامہ زربفت

چکوُج:دیکھے چکش

چکُنم:چہ کنم کا مختصر، میں کیا کروں

چک و چانِہ:چیز لیتے وقت قیمت میں کمی کے لیے کہنا، مول تول کرنا

چکوک:چڑیا

چکہ:(۱)چھوٹا سا، کوچک، حقیر (۲)شوخ، مسخرہ

چکہ:پانی کا قطرہ، بوند

چکیدن:قطرہ قطرہ ٹپکنا

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

چکیدہ: قطرہ قطرہ ٹپکا ہوا

چکال: سخت اور سنگین چیز

چگل: ترکوں کا ایک قبیلہ جو شعرا کے نزدیک زیبائی اور خوش اندامی کے لیے مشہور تھا

چگندر: چقندر

چگور: دوتار کا ساز جو صحرا نشین یا دیہاتی بجاتے ہیں

چگونہ: چہ گونہ، کس طرح

چگونگی: کس طرح، کسی قسم کا

چل: کم عقل، بے وقوف، احمق

چل: چہل، چالیس

چل: ڈیم، بند

چل: آلہ تناسل

چلاخ: سیلاب

چلاس: وہ شخص جو پستی اور تنگ چشمی کی وجہ سے لوگوں کی خوراک سے لقمہ اٹھا لیتا ہے

چلاغ۔۔۔چلاق: لنگڑا

چلاق کردن: لنگڑا کرنا

چلاندن: چلانیدن، نچوڑنا، کچلنا، ملنا، بھینچنا

چلاؤ: پلاؤ کی ایک قسم جو اہل ایران کی پسندیدہ غذا ہے

چلب: (۱)موسیقی کا ایک ساز (۲)آشوب و غوغا، فریاد

چلبلہ: اضطراب، بے چینی

چلپاسہ: چھوٹی چھپکلی

چلپان: عناب جو دواؤں میں استعمال ہوتا ہے

چلپک: روٹی جو گھی ڈال کر پکائی جائے

چلتوک: دھان، منجی

چلچراغ: (۱)چالیس بتیوں کی روشنی جو آرائش کی غرض سے جلائی جاتی ہیں (۲)ایک قسم کا بلور کا چراغ جس کی کئی شاخیں ہوتی ہیں ہر شاخ پر بتی رکھنے کی جگہ ہوتی ہے یہ چراغ فانوس کی شکل میں چھت کے نیچے لٹکایا جاتا ہے

چلچلہ: ابابیل، پرستو

چلر: ایک بلند و بالا جنگلی درخت جس کی لمبائی ۲۵ میٹر تک ہوتی ہے، اس کی لکڑی سخت ہوتی ہیں اور رنگ اس کا سرخ ہوتا ہے، ۲۰۰ سال تک قائم رہتا ہے

چلغوز: پرندوں کی بیٹھ

چلغوزہ: درخت صنوبر کا پھل

چلک: چھڑی

چلم: فرنگی توت

چلملہ: مفت

چلمن: بے وقوف، احمق، ابلہ

چلمع: بھیڑ بکری کی مینگنیاں

چلنگر: قفل اور چابیاں بنانے والا، قفل ساز

چلو: چلاؤ، پلاؤ کی ایک قسم جو اہل ایران کی پسندیدہ غذا ہے، ابلے ہوئے چاول جن میں بعض چیزیں ملائی جاتی ہیں

چلو صافی: چھلنی، صافی

چلوکباب: چاول جو کباب اور مکھن کے ساتھ کھاتے ہیں

چلوار: سفید سوتی کپڑا، جس پر کلف لگی ہوتی ہے

چلوزہ: انگوروں کا چھوٹا گچھا

چلو صافی کن: سوراخ دار برتن جس سے چاولوں کی پیچھ نکالتے ہیں

چلہ: چالیس روزہ، کسی کی وفات کا چالیسواں دن چالیس دن کا عرصہ، برائے اعتکاف

چلہ بزرگ: گرمیوں اور سردیوں کے پہلے چالیس دن

چلہ کوچک: گرمیوں کے چلے کے بعد بیس بیس روز

چلہ: کمان

چلہ: کنارہ، کنی، کور

چلہ خانہ: جہاں چالیس دن کے لیے اعتکاف میں بیٹھتے

ہیں
چلہ نشین: چلّے میں بیٹھنے والا
چلیپا: (۱)صلیب (۲)بالوں کا حلقہ (۳)خمیدہ چیز، خم، پیچ، کنایہ ہے زلف محبوب کا
چلیدن: نچوڑنا
چلیدہ: نچوڑا ہوا
چلیک: ٹین کا برتن جس میں تیل وغیرہ رکھتے ہیں، پیپا
چلیم: حقّے کی چلم
چم: نازک خرامی، پیچ و خم، نظم و ترتیب، آراستگی، مثال:

دعوی کنی کہ شاعرِ دہرم ولیک نیست
در شعر تو نہ حکمت و نہ لذت و نہ چم

تو دعوی تو کرتا ہے کہ میں شاعر دوران ہوں لیکن تمہارے شعر میں نہ فلسفہ ہے نہ لطف ہے اور نہ نظم و ترتیب
چماق: (ت)ہاتھ میں لے کر چلنے والی موٹی چھڑی
چماق دار: ہاتھ میں چھڑی لے کر چلنے والا
چماق نُقرہ: موٹی چھڑی جس کا دستہ چاندی کا ہو
چمانہ: فخر و ناز سے خراماں خراماں چلنا، خرامِ ناز
چمانہ: جام، ساغر، جام شراب، قدح
چمانی: جام پیش کرنے والا، ساقی
چمانیدن: نازو نخوت سے چلنا
چُمباتمہ: گھٹنوں کے بل بیٹھنا
چمچاخ: جھکا ہوا، خمیدہ، کمزور
چمچم: (۱)ایک خاص قسم کا جوتا (۲)گھوڑے گدھے کا سُم (۳)خرام، رفتار
چمچمہ: چلتے ہوئے انسان کے پاؤں کی آواز یا جانوروں کے چلنے کی پاؤں کی آواز
چمچہ: کسی رقیق شے وغیرہ کے نکالنے کا آلہ، کفگیر، بڑا چمچ

چمدان: سوٹ کیس
چمش: چشم، آنکھ
چمشاق: جوتا
چمشاگر: موچی، جوتے بنانے والا
چمک: طاقت، قدرت، شان، شوکت، پیش دستی
چمن: باغ، گلزار، گلستان
چمن آرا: باغ کو سجانے والا، باغ کی دیکھ بھال اور آبیاری کرنے والا جس سے رنگا رنگ پھول کھلتے اور باغ آراستہ ہوتا ہے، باغبان
چمن افروز: باغ کو خوبصورت پھولوں سے آراستہ کرنے والا
چمن پیرا: چمن آرا
چمن زار: جہاں باغوں کی فراوانی ہو
چمن ساز: مالی، باغبان
چمن طراز: چمن ساز
چمنا: خچر، استر
چمند: سست گھوڑا نیز سُست اور بیکار انسان
چمنستان: مرغزار، جہاں باغ ہی باغ کھلے ہوں
چمنی: چمن کی سرسبزی کا سارنگ، سبز رنگ
چموش: سرکش گھوڑا یا خچر
چمیدن: نازوادا سے چلنا
چمین: پیشاب، بول
چناب: خیمہ لگانے کا سامان
چناچن: تیراندازی کی لگاتار آوازیں
چنار: ایک درخت جس کی لکڑی بہت سخت ہوتی ہے، یہ درخت بہت طویل ہوتا ہے اس کی لمبائی ۳۰ میٹر تک ہوتی ہے
چنارستان: جہاں چنار ہی چنار ہوں
چُنان: اس طرح سے، مانند

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

چُنانچه: پس

چنانکه: مثل، مانند

چنباقِه: گھٹنوں کے بل بیٹھنا

چنبَر: حلقہ، دائرہ، محیط دائرہ

چنبرزدن: اپنے ارد گرد حلقہ بنانا

چنبرِ مینا: آسمان

چنبری: گول، مدوّر، چکردار، دائرے میں حرکت کرنے والا

چَنبوُر: لگام، کمند، رسی جو گھوڑے کی لگام سے باندھتے ہیں

چنبَه: موٹی لکڑی، ہر موٹی اور کھردری چیز، فربہ اور تنو مند شخص

چنپا: چمپا جس کے پھول سفید اور خوشبودار ہوتے ہیں، چمپاکلی

چنتِه: توشہ دان جس میں سفر کے لیے خوراک رکھتے ہیں

چند: کچھ مقدار یا تعداد

چندان: ایسا، اس قدر

او چندان بدنیست که شمامی گوئید: وہ اتنا بُرا نہیں جتنا تم کہتے ہو

او چندان پول نداشت که از حساب بیرونست: اس کے پاس اتنی رقم نہ تھی جو حساب سے بالا ہو

چندانک: جتنا کہ

چندال: ماخوذ از ھندی:چنڈال، فرومایہ شخص، پست فطرت، گھٹیا

چند برابر: بہت، کئی دفعہ

چِندَر: گوشت کے اوپر کی جھلی جو قدرے سخت ہوتی ہے

چُندک: آلتی پالتی مارکر بیٹھنا، زمین پر دوزانو ہو کر بیٹھنا

چندَل: صندل، صندل کی لکڑی

چندَش: بیزاری کی حالت میں کسی چیز کو دیکھتے ہی اسے نا پسند کر دینے کا اظہار

چند ضلعی: کثیرالاضلاع، شکل جس کے کئی ضلعے ہوں

چَند۔۔۔چندَن: صندل، ایک تناور درخت جو ہندوستان میں پایا جاتا ہے، اس کی لکڑی خوشبودار ہوتی ہے اور اس کا بُورا بعض دواؤں میں کام آتا ہے، اور اس کا شربت بھی بناتے ہیں

چندھجائی: لفظ جس کے کئی اجزا ہوں

چَندی: کچھ وقت، کچھ دیر، تھوڑی دیر

چندی فکر کرد: کچھ دیر اس نے سوچا

بعد از چندی: کچھ وقت بعد

چَندین: بہت سے، اتنا زیادہ

بچندِیں دلیل: بہت دلائل کی بنا پر

چَنگ: ایک ساز کا نام، بربط، مثال:

به نغمه دگرم زنده ساز ای مطرب
چه معُجز است که در پرده نیست چنگ ترا

اے مطرب کسی اور نغمے سے مجھ میں حیات تازہ پیدا کر کونسا اعجاز ہے جو ترے ساز کی سروں میں نہیں

چنگ زدن: ساز بجانا، بربط بجانا

چنگ: پنجہ، گرفت

در چنگ شُدن: دشمن کی گرفت میں آنا

چنگ: خمیدہ پشت، کُوز (قوز) پشت، کبڑا

چنگ پشت: کبڑا

چنگ زن: بربط نواز، ساز بجانے والا

چنگار: ایک بیماری ہے جس میں جسم پر ورم اور زخم آجاتا ہے، سرطان

چنگال: تین چار دندانوں والا کانٹا

چنگال: پنجہ، گرفت، انسان کے ہاتھ کا پنجہ، درندوں اور پرندوں کا پنجہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

درچنگال دشمن: دشمن کی گرفت میں

چنگالی: خاص قسم کی غذا جو گرم گھی میں شکر یا شیرہ اور نان سے تیار کی جاتی ہے

چنگک: ہُک جو دیوار یا چھت میں لگاتے ہیں اور ضرورت کے وقت اس پر کچھ لٹکا لیتے ہیں

چنگل: چنگال کا مخفف، پنجہ، گرفت

چنگلوک: انسان جس کے ہاتھ پاؤں کی انگلیاں ٹیڑھی ہوتی ہیں، جو شخص ضعف اور سستی کے باعث حرکت کرتے ہوئے دیوار پر ہاتھ رکھ لیتا ہے یا کسی شخص یا چیز کا سہارا لیتا ہے

چنگلہ: (۱) پرندوں یا درندوں کا پنجہ (۲) چنگ (ساز) (۳) پیچ دار بال

چنگ مریم: ایک پودا، قدیم زمانے میں اس بات پر اعتقاد کیا جاتا تھا کہ اگر با اُمید عورت اسے پانی میں ڈالدے تو بچے کی پیدائش سے جلد فارغ ہو جاتی ہے

چنگول: پنجے کی گرفت

چنگی: بربط نواز

چنگیز: چنگیز خان منگول بادشاہ جس نے ایران فتح کرکے وہاں حکومت قائم کی

چنگیزیان: چنگیز خان کی اولاد و اخلاف

چُنو: کلمہ ربط ہے جو چوُں اُو کا مخفف ہے، اس جیسا

چُنور: زور، توانائی، قوت

چنہ: چانہ کا مخفف ہے، تھوڑی

چنہ: چینہ کا مخفف ہے، دانے دُنکے جو پرندے زمین سے چگتے ہیں

چُنیدَن: چُننا، چگنا

چُنیں: چوں این کا مخفف، اس جیسا

چَنیور: صراط، پلِ صراط، قیامت

چو: افواہ، بے اصل بات، جھوٹ

چُوانداختن: جھوٹی خبریں پھیلانا

چواک: ٹین جس میں مٹی کا تیل یا گھی ڈالتے ہیں

چُوب: لکڑی جو چیزیں بنانے یا جلانے کے کام آتی ہے

چُوب اُستاد: استاد کی چھڑی، مجازاً نصیحت، تنبیہ، تادیب

چُوب استاد بہ زمِہرِ پدَر: استاد کی تنبیہ باپ کی مہر و محبت سے بہتر ہے

چوب بست: گو جو معمار دیوار یا چھت تعمیر کرنے کے لیے افقی اور عمودی لکڑیوں سے تیار کرتے ہیں

چُوبِ پا: بیساکھی جو معذور بغل میں لے کر چلتے ہیں

چُوبِ پنبہ: کارک جس سے بوتل بند کرتے ہیں

چُوب تعلیم: استاد کی چھڑی

چُوب حاکم: سختی، تشدد، بیداد، حکم حاکم، زور، طاقت

چُوب حاکم صدانداشتن: حاکم کی سختی برداشت کرنا اور دم نہ مارنا

چُوب دستی: ہاتھ میں لے کر چلنے والی چھڑی

چُوب شِحنہ: پولیس کا ڈنڈا

مثل چوب شدن: سخت کڑا یا بے اثر ہو جانا

چُوب باز: گتکا کھیلنے والا

چُوب بازی: گتکا کھیلنا

چُوبان: چوپان، گڈریا

چُوب پارہ: لکڑی کا ٹکڑا

چُوب پَر: لمبے دستے والا جھاڑو

چُوبدار: گلہ بان، گڈریا، جس کا کام بھیڑوں بکریوں کی خرید و فروخت ہو

چُوب رخت: کپڑے لٹکانے والی کھونٹی

marfat.com

چُوب سا: بڑھیوں کا رندہ جس سے لکڑی چھیل کر ہموار کرتے ہیں

چوب شکن: لکڑی کاٹنے والا

چوب شگاف: پچر، پھانا، جس سے لکڑی کو چیرنا آسان ہو جاتا ہے

چوب فروِش: لکڑی بیچنے والا

چُوبک: باریک چھڑی جس سے ڈھول بجاتے ہیں، چوب کی تصغیر

چُوبکاری: کسی کو چھڑی سے مارنا

چُوبکین: لکڑی کا چارشاخہ جس سے بھوسہ اڑاکر دانے الگ کرتے ہیں

چُوب گز: پیمانہ جس سے کپڑا ناپتے ہیں

چُوبِہ: بیلن جس سے گندھے ہوئے آٹے کو روٹی کی شکل میں پھیلاتے ہیں

چُوبِین: کوئی چیز جو لکڑی سے بنائی جائے، ایران کے بادشاہ ہرمز چہارم کے نامور سپہ سالار کا لقب، بہرام چوبین

چوبِینہ: لمبی چونچ والا پرندہ، کُونج، لق لق

چُوپان: گلہ بان، گڈریا، بھیڑیں بکریاں چراتے والا

چوپانی کردن: بھیڑ بکریاں چرانا، گلہ بانی کرنا

چُوچُو نچہ: سفید لطیف اور نازک کپڑا جس سے موسم گرما کا لباس تیار کرتے ہیں

چُوخا: موٹے کپڑے کا لباس جو گڈریے یا دہقان پہنتے ہیں یا زیادہ محنتی لوگ پہنتے ہیں

چُوخیِدَن: لڑ کھڑانا، لڑکھراتے ہوئے گرنا

چُور: چُوز، چکور، تذرو

چُوری: خوبصورت لڑکی یا لڑکا

چُوزہ: مرغی کا چھوٹا بچہ

چُوغ، یوغ: جوآ جو بیلوں کی گردن پر ڈالتے ہیں

چوشیدن: کسی کھانے والی چیز کو منہ میں چبانا

چُوک: (۱)ایک پرندہ جو اپنے آپ کو درخت کی شاخ سے لٹکاتا ہے اور پے بہ پے فریاد کرتا ہے، اسے مرغ شب آویز بھی کہتے ہیں (۲)آلہ تناسل (۳)اونٹ کا زمین پر گھٹنے ٹیکنا

چوگان: ایک کھیل جو گھوڑوں پر سوار ہو کر کھیلتے ہیں (انگ)گالف

چوگان بازی: چوگان کھیلنا

چوگانی: جسے چوگان بازی کے لیے سدھایا گیا ہو

چُوگک: (۱)چُوزہ (۲)اُلّو

چُوگُور: چکور کا بچہ، چکور

چُول: (۱)دشت، صحرا، بے آب و گیاہ جگہ

چُول: چولہ، خمیدہ، کج، تیڑھا، ناہموار

چُون: (۱)مانند، مثل (۲)کس طرح، کیوں (۳)جب، (یہ کلمہ ربط و تشبیہ ہے)

اُوچون و چراکرد: وہ معترض ہوا، بحث تکرار کی

چُونان: چُون آن، اس کی مانند

چُونانک: چنانکہ، اس طرح کہ

چُوناہ: ہم چنان، اس کی مانند

چُونِہ: گندھے ہوے آٹے کا پیڑا

چُونی: کیفیت

چُونین: چون این، چنین، اس طرح

چِہ: کلمہ استفہام، کیا، کس طرح، کس قدر؟

چِہ: کلمہ تعجب، چہ خوب، واہ کیا خوب بات ہے!

چِہ: بصورت تصغیر لاحقے کی صورت میں آتا ہے، مثلاً باغیچہ، چھوٹا باغ

چَہ: چاہ کا مخفف، کنواں

چَہار: چار

چَہار آخشِیج: چار عناصر، آگ، پانی، ہوا اور خاک

www.iqbalkalmati.blogspot.com

چہار آئینہ:دیکھیے چار آئینہ

چہارپا:حیوان، مویشی

چہاردہ:چودہ

چہار دہ سالہ:چودہ سال کی عمر کا

چہارد ہُم:چودھواں

چہاردہ معصُوم:اہل تشیع کے عقیدے کےمطابق حضرت رسول کریم(ص) حضرت بی بی فاطمہ (رض) اور بارہ امام

چہار راہ:چوک، جہاں چار راستے ملتے ہوں

چہارسُو:چاروں طرف

چہار شنبہ:بدھوار

چہار صدم:چار سوواں

چہار ضربہ:جس میں چار حصے شامل ہوں

چہار عُنصر:اربعہ عناصر، آگ پانی، ہوا اور خاک

چہار گوش... چہار گوشہ:جس کے چار کونے یا چار زاویے ہوں، مُستطیل، مربع وغیرہ

چہارلا:چار تہیں

چہاریک:چوتھا حصہ

چہچَہ-چہچہَہ:خوش آواز پرندوں کی صدا، بلبل کی نغمگیں آواز

چہر... چہرہ:رُو، رُخ، منہ کے سامنے کا حصہ، رخسار

چہرہ برافروختن:چہرہ چمک اٹھنا

چہرہ پرداز:صورتگر، مصور، نقاش

چہرہ پردازی:نقاشی، تصویر بنانا

چہرہ کشادن:چہرے سے پردہ اٹھانا، اپنا آپ دکھانا

چہرہ نما:آئینہ

چہ وقت:کس وقت، کس وقت تک

چہل:چالیس

چی:(ت) لاحقے کے طور استعمال ہوتا ہے مثلاً قہوہ سے قہوہ چی، قہوہ بنانے والا

چی:چہ چیز کا اختصار، کیا چیز؟

چیت:سوتی کپڑا جس کے مختلف رنگ ہوتے ہیں اور اس پر پھولوں کے نقش و نگار بھی ہوتے ہیں

چیچک:آبلہ، ماتا

چیخ:جس کی آنکھوں سے ہمیشہ پانی بہتا ہو یا آنکھوں میں گد آتی ہو

چیدَن:چننا، ترتیب دینا

حروف چیدَن:ٹائپ میں حروف ترتیب دینا

چیدہ:چنا ہوا، ترتیب دیا ہوا، ترتیب میں رکھا ہوا

چیر:غالب، غلبہ پانا، مسلط ہونا نیز حصہ، قسمت

چیرگی:دلیری، گستاخی، فتحمندی، غلبہ

چیرہ:دلاور، غالب، مستولی، گستاخ

چیرَہ دست:ماہر، زبردست، زورآور، ہنر مند

چیرہ دستی:مہارت، ہنر مندی، زبردستی

چیز:شے، دولت

این آدم صاحب چیز است:یہ شخص دولتمند ہے

خیلی خوب چیزی ہست:بہت عمدہ چیز ہے

ناچیز:کم، فرومایہ، پست

ہیچ چیز:کچھ بھی نہیں

چیز دار:دولت مند

چیزک:معمولی چیز

چیزُو...:خارپشت

چیست:کیا ہے؟

چیستان:معمّہ

چیغ:دیکھیے چغ

چیلان:(۱)عناب (۲)لوہے کی بنائی ہوئی چیزیں مثلاً زنجیر، ہتھیار، تلوار، چاقو

چیلہ:لکڑی کی چھڑی

چین:شکن

marfat.com

چین برجبین افگندن: غصے میں آنا

چین خوردن: شکن پڑنا

چین دادن: چہرے پر شکن آنا

چین: ملک چین

چین: چیدن مصدر= چُننا سے فعل امر، چُنو

چین بہ جبین: ماتھے کی شکن

چین خوردگی۔۔۔ چین دار: جس کی پیشانی پر بل آئے ہوں

چینُو: پل صراط، قیامت، چینور

چینہ: دانے جو پرندے زمین پر سے چن کر کھاتے ہیں

چینہ دان: پرندوں کا پوٹا

چینی: چین کا رہنے والا، چین کی بنی ہوئی چیز

چینی سازی: چین کی ساختہ چیزیں

چینی فروش: چینی کی چیزیں بیچنے والا

ح

ح – فارسی ابجد کا آٹھواں حرف، اردو کا نواں اور عربی کا چھٹا حرف ہے، ابجد کے حساب سے اس کے آٹھ عدد ہیں

حا: عربی میں ح کا تلفظ "حا" ہے

حابِل: (ع)(۱)شکاری، دام پھیلانے والا، (۲)جادوگر، ساحر

حاتِم: (ع)عرب قبیلہ طے کا فرد جس کی نسبت سے وہ حاتم طائی کہلاتا تھا، سخاوت میں اس کا نام ضرب المثل کی حیثیت رکھتا ہے

حاتِم: (ع) قانونی فیصلہ دینے والا، جج

حاج: (ع) حاجی، جنھوں نے حج کی سعادت حاصل کی ہو

حاجُ الحَرَمین: (ع) جو شخص مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے حج کی سعادت حاصل کر آیا ہو

حاجات: (ع) حاجت کی جمع، ضرورتیں

حاجِب: (ع) ابرو، پردہ دار، دربان، حواجب جمع

حاجب ماوراء: (۱)دھندلا (۲)مبہم، غیر واضح، ماند، بے آب، اندھیرا، تاریکی

حاجبی: دربان کا کام

حاجت: (ع) ضرورت، نیاز مندی

حاجت بگفتن نیست: کہنے کی ضرورت نہیں

حاجت پیش خدابردن: اللہ کی بارگاہ میں ضرورت یا تمنا کے لیے دعا کرنا

حاجت خواستن: اپنی ضرورت کے لیے درخواست کرنا

حاجت داشتن: ضرورت مند ہونا، نیاز مند ہونا

قضای حاجت: رفع حاجت

حاجت خانہ: پاخانہ

حاجت روا: حاجتیں پوری کرنیوالا، پروردگار

حاجتی: حاجت مند، ضرورت مند

حاجِر: (ع) زمین کا حصہ جس کے اطرالف بلند ہوں لیکن وسط میں نشیب ہو

حاجِز: (ع)روکنے والا، مداخلت کرنے والا، مانع، حائل

حجابِ حاجز: پردہ جس سے رکاوٹ ہو

حاجِہ: (ع) خاتون جس کو حج کی سعادت حاصل ہوئی ہو

حاجی: (ع)حاج، جس نے فریضہ حج ادا کیا ہو

حاجِیہ: خاتون جسے حج کی سعادت حاصل ہوئی ہو

حاد: (ع) تند، تیز، سخت، قطع کرنیوالا

حادُالزاویہ: زاویہ جو نوے درجے سے کم ہو

حادِث: (ع) تازہ، نیا، جو چیز تازہ وجود میں آئی ہو، نئی تخلیق، ظہور، نمایاں

حادثُ شُدن: ظاہر ہونا، نمودار ہونا وجود میں آنا، تخلیق ہونا

چہ قضیہ حادث شدہ است؟: کیا مسئلہ پیدا ہوا ہے؟

حادثات:(ع) حادثہ کی جمع

حادثہ:(ع) واقعہ، ناگہانی واقع

حادثہ جُو:(۱)جانباز، مہم جُو (۲)سنے باز، زمانہ ساز، عیار

حاذِق:(ع) ماہر، لائق، دانشمند

حار:(ع)گرم، سوزاں، سخت، سخت محنت

حارِث:(ع) کاشتکاری، دہقان

حارِس:(ع)محافظ، سرپرست، مربّی، نگہبان، پاسبان

حارِص:(ع) حریص، لالچی

حارِصہ:(ع) زخم، چوٹ

حارہ:(ع) سخت گرم، سوزاں

حازِم:(ع)ثابت قدم، مستقل مزاج، قوی الارادہ، دانا، ہشیار، جو اپنا کام نظم و ضبط سے انجام دیتا ہے، (احزام جمع)

حاس:(ع) احساس رکھنے والا، قابل ادراک، محسوس، معلوم، تاثیر، احساس کنندہ

حاسِب:حساب کا علم جاننے والا، حساب دان، محاسب

حاسِد:(ع)(۱)حسد کرنے والا (۲)دشمن، حسّاد جمع

حاسِر:(ع) جو مسلّح نہ ہو

حاسّہ:(ع)احساس، ادراک، قوت مدرک، حواس پنجگانہ میں سے ہر ایک، سامعہ، باصرہ، شامہ، لامسہ، ذائقہ

حاش:(ع)(۱)حاشا، خدا نہ کرے، کبھی نہیں (۲)سوائے

حاشا:(ع) کلمہ استثنا، مگر، سوائے، کلمہ انکار بمعنی ہرگز نہیں

حاشازدن، حاشا کردن:انکار کرنا

حاشاللہ:معاذ اللہ

حاشاوکلاّ:کبھی نہیں، خدا نہ کرے

حاشِیہ:(ع)کتاب کا حاشیہ، صفحے کے نیچے جو وضاحت کی گئی ہو، صفحے کے اردگرد کی لکیریں

حاشیہ گُذاری:حاشیہ چھوڑنا، حاشیے کے لیے جگہ چھوڑنا

حاشیہ نشین:طفیلی، کسی دوسرے کا دست نگر

حاصِد:فصل پکنے پر فصل کاٹنے والا

حاصِل:نتیجہ، درآمد، پیداوار، فصل

حاصِل خیز:زرخیز، زمین جس سے زیادہ پیداوار حاصل ہو

حاصل آمدن- حاصل افتادن:حاصل ہونا، مہیا ہونا

حاصل خیز کردن:زرخیز بنانا

حاضِر:(ع)موجود، تیار

من حاضِر رفتن ہستم:میں جانے کو تیار ہوں

حاضرباش:جو ہر وقت حاضر ہو

حاضر جواب:جو موقع کے مطابق فوراً جواب دینے کا اہل ہو، چُست جواب دینے والا، بدیہہ گو، برجستہ بات کرنیوالا

حاضر جوابی:برجستگی، بدیہہ گوئی، برجستہ جواب دینا

حاضر خدمت:جو خدمت کے لیے حاضر ہو

حاضر الذہن:زُود فہم، بات یا مسئلے کو فوراً سمجھنے والا

حاضری:ماحضر، خوراک جو موجود ہو

حاضِرین:(ع) جو لوگ موجود ہوں

حافِد:(ع)(۱)تابع، فرماں بردار (۲)پوتا، فرزند زادہ حفدہ جمع

حافِر:(ع) زمین کھودنے والا

حافِظ:(ع) حفاظت کرنے والا، نگہبان، محافظ

حافظ اسرار:بھیدوں کی حفاظت کرنے والا

حافظ:جس نے قرآن کریم حفظ کیا ہو

خدا حافظ:رخصت کے کلمات، خدا تمہارا حافظ ہو

حافظ:ایران (شیراز) کے عظیم غزل گو شاعر، شمس

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com.۹

الدین کا تخلص (۲۶ےھ - ۹۱ےھ)

حافظ کتب:کتابدار، لائبریرین

خیرالمحافظین:سب سے بہتر اور بڑھ کر حفاظت کرنے والا

حافِظہ:(ع) یاد داشت، یاد رکھنے کی قوت

حافی:(ع) پابرہنہ، جو پاؤں سے ننگا ہو

حاقِد:(ع) کینہ پرور، بداندیش، بدخواہ، حقدہ جمع

حاکِم:(ع) حکم دینے والا، صاحب اختیار، گورنر

حاکمِ عُرف:سول مجسٹریٹ

حاکمِ شرع:مذہبی معاملات کا منصف، قاضی

حاکمِ مطلق:خود مختار، فرمانروا، مطلق العنان

حاکم:(ع)غالب، برسراقتدار، سربر آوردہ، ذی اثر

حاکِمانہ:حکم دینے کے انداز میں

حاکم نشین:صوبائی گورنر کا دارالقیام

حاکم نشینِ ملوکات:دارالسلطنت

حاکمیت:عدل گستری، دادرسی، عدل کا نظم و نسق، عدالتی اختیارات

حاکی:(ع) حکایت بیان کرنے والا، محرک خیال، ظاہر کرنے والا، روایت کرنے والا

مُراسلہ حاکی از عزیمتِ اُوست:خط سے اس کی روانگی کا پتا چلتا ہے

حال:(ع)حالت، طبیعت، صورت حال، واقعہ، تفصیل موقع

اوضاع درچہ حال است؟:واقعات کی صورت حال کیا ہے؟

حال اینکہ آنکار را بکنم، ندارم:اس کام کے کرنے کے لیے طبیعت نہیں چاہتی

حال:(۱)موجودہ صورت (۲)وجد کی کیفیت

حال آمدن:ہوش میں آنا، اپنے آپ میں آنا

حال کردن:خوشی میں وقت گذارنا

حال و گذشتہ:موجودہ اور گزرا ہوا وقت

اهل حال:راحت و مسرت کے متمنی، خوش رہنے والے، مست و سرشار رہنے والے

درحال:ابھی، اسی وقت

درہرحال:ہر حالت میں، بہر حال

زبان حال:چہرے سے حال معلوم ہونا

عرضِ حال:درخواست، التماس

حالا:ابھی، اسی وقت

حالاچہ طور اید؟:آپ کی طبیعت اب کیسی ہے؟

حالاکہ او را شناختید باید طور دیگر با او رفتار کنید:اب کہ آپ نے اسے جان لیا ہے اب چاہیے کہ اس کے ساتھ بہتر سلوک کریں

حالات:حالت کی جمع

حالِب:(ع) دودھ دُہنے والا

حالت:(ع)حال، صورت حال، طبیعت، مزاج، صحت

راہ آہن در چہ حالت است؟:ریل گاڑی کی صورت حال اب کیسی ہے

حالتِ ندا:جو ندا کے طور سے استعمال ہو۔

حالِف:(ع)حلف اٹھانے والا۔

حالی:(ع)موجودہ، زمانہ حال سے متعلق، اصلی، حقیقی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

صورت حال سے متعلق، آگاہ، باخبر۔

حالی کہ سخن باینجارسید: اب کہ بات یہاں تک پہنچی ہے۔

حالی شدن: سمجھ لینا۔

حالی شدید کہ چہ می گویم؟: کیا سمجھ لیا کہ میں کیا کہ رہا ہوں؟۔

حالی کردن: واضح کر دینا۔

حالیا: اس وقت، حقیقتاً۔

حام: (ع)حضرت نوح(ع) کا بیٹا، حبشیوں کا مورث اعلی

حامِد: (ع)حمد کرنے والا، تعریف کرنے والا۔

حامِض: (ع)ترش، ترش مزہ، تیزاب۔

حامِضِ کبریت: گندھک کا تیزاب، سلفیورک ایسڈ۔

حامِضیّت: تیزابیّت۔

حامِل: (ع)اٹھانے والا، اٹھا کر لانے والا۔

بحامل کاغذ را بپردازید: اس خط کے لانے والے کو انعام دو۔

شعاعِ حامل: وہ شعاع یا فرضی خط جس کا طول اور سمت معین ہو لیکن مقام غیر معین ہو۔

حامِلگی: حمل ہونا، جو عورت امید سے ہو۔

حامِلہ: (ع)جسے حمل ہو، عورت جو امید سے ہو۔

حامی: (ع)حمایت کرنے والا، مددگار، مربی، نگہبان۔

حامی: (ع)حضرت نوح (ع)کے بیٹے حام سے منسوب۔

حامیہ: حمایت کرنے والی خاتون۔

حانِث: (ع)دروغ حلفی کرنے والا، جھوٹی قسم کھانیوالا۔

حانُوت: دکان، مغازہ، مے فروشی کی دکان، میکدہ۔

حاوی: (ع)گھیرنا، احاطے میں لینا، مُشتمل ہونا۔

این مقالہ حاوی نصایح سودمنداست: یہ مقالہ مفید نصیحتوں پر مشتمل ہے۔

حاوِیہ: (ع)جھلّی کی ایک تہ جو آنتوں کے کسی حصے کو معدے کے بیرونی حصے سے ملحق کرتی ہے۔

حائر: (ع)گڑھے یا نشیب میں پانی جمع ہوجانا۔

حائر: (ع)متحیّر، سرگشتہ، سرگرداں۔

حائز: (ع)حامل، رکھنے والا، فراہم کرنے والا۔

این حائز بسی اہمیت است: یہ بڑی اہمیت رکھتا ہے۔

حائض: (ع)حائضہ، عورت جسے حیض آتا ہو۔

حائط: (ع)احاطہ کرنے والی چیز، دیوار، باڑ۔

حائل: (ع)رکاوٹ پیدا کرنے والا، رکاوٹ۔

بین آن دو نفر حائل شد: ان دو آدمیوں کے درمیان رکاوٹ بنی۔

دیوارِ حائل: جو دیوار روکنے کے لیے بنائی جائے، حوائل جمع ۔

حَبّ: (ع)دانہ، بیج، گولی۔

حَب کردن: گولیاں بنانا۔

قُوطیِ حب: گولیوں کی ڈبیا۔

حُبّ: (ع)محبت، عشق، دوستی۔

حُبّ: (ع)مٹی کا بڑا برتن۔

marfat.com

حُبِّ ذات۔۔۔حُبِّ نفس:اپنی ذات سے محبت ، صرف اپنے مفاد سے محبت۔

حُبِّ مال:مال و دولت کی محبت۔

حُبِ وطن:وطن سے محبت۔

حِبا:(ع)تحفہ، ہدیہ۔

حُباب:(ع)(۱)بُلبلا (۲)سایہ، عکس۔

حُبابِ لامپا:لیمپ کا عکس۔

حُبابی:حباب جیسا، بلبلے کی شکل جیسا۔

حُباحب:(ع)کرم شب تاب، جگنو۔

حُباری:تیتر کی شکل کا لیکن اس سے بڑا پرندہ اس کی گردن اور ٹانگیں لمبی ہوتی ہے اور یہ حلال پرندہ ہے۔

حَبِّ الاثل:ماجو، ایک مشہور دوا۔

حز الاس:مہندی کے پودے کے بیج۔

حَبِّ البانہ:تارپین کے بیج، روح تارپین یا روغن تارپین، روغنی رال جو تارپین کے درخت سے نکلتی ہے۔

حَبِّ السّلاطین:جمال گوٹے کی گولیاں۔

حِبال:رسیاں، حبل کی جمع۔

حِبالہ:دام، جال،قید و بند، رشتہ ربط و تعلق، بندھن، حبائل جمع۔

حبالہ نکاح در آوردن:شادی ہونا

حَبَب:(ع)حباب، بلبلا۔

حَبّذا:(ع)کلمہ تحسین، شاباش، واہ واہ کیا خوب۔

حِبر:(ع)سیاہی، روشنائی جس سے لکھا جاتا ہے، احبار جمع۔

حِبر:(ع)دانشمند، نیکوکار، عیسائیوں کا روحانی پیشوا، نیز بمعنی سرور و شادمانی۔

کعبُ الحبر:علمائے تابعین میں سے ایک یہودی جو حلقہ بگوش اسلام ہوا۔

حَبس:(ع)قید، قیدخانہ، زندان۔

دُزد را درحبس انداختند:چور کو زندان میں ڈال دیا گیا۔

حبسِ ابد:عمر قید۔

حبس با اعمال شاقہ:قید بامشقت۔

حبسُ البَول:پیشاب کا رک جانا۔

حبسِ تادیبی:اصلاح کرنے کی غرض سے قید۔

حبسِ نظر:نظر بندی، خانہ بندی۔

حبسِ نفس۔۔۔حبسِ دم:سانس کا رکنا۔

حَبس خانہ:زندان، قیدخانہ، جیل۔

حَبسی:قیدی۔

حَبَش:(ع)ملک حبشہ، حبشہ کا رہنے والا۔

حبَشہ:ملک کا نام، ایبی سینیا۔

حبَشی:حبشہ کا رہنے والا۔

حَبط:(ع)بے فائدہ کام، رائگان محنت۔

حَبَق:(ع)پودینہ۔

حَبل:(ع)رسی۔

حبلُ المتین:محکم رسی، مضبوط رسی:مثال:

نیستہ، جُز گیسوی و پیش حَسَن حبل المتین
بس دراز است این سخن،بہ کین سخن کوتاہ کنم

ان گیسوؤں کے سوا حسن سجزی کے پیش نظر اور کوئی مضبوط رشتہ نہیں، یہ بات بہت طویل ہے بہتر ہے کہ اسی پر اسے ختم کروں۔

حَبل الوَرید:رگ گردن، حلق کی رگ، شاہرگ

حَبَل:(ع)(۱)بچہ جو ابھی ماں کے پیٹ میں ہے۔ (۲)انگور کا درخت یہ اس کی شاخ۔

حِبل:(ع)عقل مند، دانا زیرک، دانشمند۔ حبولؒ (جمع)۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

حبلی: (ع)حاملہ عورت۔

حبن: (ع)(۱)خرزہرہ، ایک پودا جس کی شاخیں پتلی پھول سرخ و سفید، پتے لمبے اور بہت تلخ اور زہریلے ہوتے ہیں (۲)جبین، پیشانی۔

حبوب: (ع)حبّ کی جمع، گولیاں، دانے، بیج۔

حبوبات: حب کی جمع الجمع۔

حبّہ: دانہ، بیج۔

حبۃ السودا: سیاہ دانہ۔

حبیب: (ع)دوست، محبت کرنے والا (احبّا اور احبّ جمع)۔

حبیبہ: (ع)محبوبہ۔

حبیکہ: ریگزار کا راستہ، ستاروں یا مدار کے بیچ کا راستہ۔

حتف: (ع)موت، طبعی موت، (حتوف جمع)۔

حتم: (ع)قطعی حکم، یقین، واجب، حکم جس کا بجا لانا واجب ہو۔

حتماً: (ع)یقینی طور سے۔

حتمی: (ع)یقینی، یقیناً، لازمی۔

حتمی الاجرا: (ع)جس کا اجرا یقینی ہو۔

حتمی الوقوع: (ع)جس کا واقع ہونا یقینی ہو۔

حتمیت: تیقن، یقینی۔

حتوف: (ع)اموات۔۔ حتف کی جمع

حتّی: (ع)یہاں تک کہ۔

حتی درشب ہم کارمی کند: یہاں تک کہ وہ رات کو بھی کام کرتا ہے۔

حتیّ الباب: دروازے تک۔

حتی الباب ایشان را مشایعت کردم: میں انھیں دروازے تک چھوڑنے کے لیے گیا۔

حتی القوۃ: اپنی طاقت یا استطاعت کے مطابق۔

حتی الامکان: جہاں تک ممکن ہو۔

حتّی الوسع: جہاں تک ہوسکا۔

حثّ: (ع)برانگیختہ کرنا، کام کا شوق دلانا، تشویق کرنا۔

حجّ: قصد کرنا، ارادہ کرنا، خانہ خدا کا دس ماہ ذی الحجہ کو طواف اور دوسرے مذہبی رسوم ادا کرنا، زیارت بیت اللہ کرنا۔

حجاب: (ع)پردہ، نقاب، روپوش۔

بعض زنہا حجاب رابرداشتہ اند: بعض خواتین نے پردہ کرنا چھوڑدیا ہے۔

حجّاب: (ع)(بصورت جمع)دربان، پاسبان۔

حجابت: پردہ داری

حجاج: حاج کی جمع، جنھیں حج کی سعادت حاصل ہوئی ہو

حجاج: (ع)پیشانی کی ہڈی۔

حجّاج: (ع)جس نے بہت حج کیے ہوں۔

حجّاج: (ع)عرب فرمانروا عبدالملک بن مروان جو ستمگری اور تشدد کی وجہ سے مشہور ہوا۔

حجّار: (ع پتھر کاٹنے تراشنے والا، سنگ تراش مجسمہ ساز۔

حجار: حَجر کی جمع، پتھر۔

حجاز: (ع)سعودی عرب کا علاقہ جس میں مکہ اور مدینہ ہیں۔

حجاز: (ع)ایک خاص مترنّم انداز جس میں قرآن مجید کی تلاوت ہوتی ہے۔

حجازی: حجاز سے متعلق، حجازی لَے۔

حجال: (ع)حُجلہ کی جمع، دیکھیے حُجلہ۔

حجّام: (ع)حجامت بنانے والا، فصد کرنے والا۔

marfat.com

حجامت چی: حجام، فصد کرنے والا۔

حجامی: حجام کا کام، فصد لینا۔

حَجَب: (ع) پردہ کرنا، پردہ پوشی، نقاب پوشی، روپوشی، شرم و حیا۔

حُجُب: (ع) حجاب کی جمع۔

حُجّت: (ع) دلیل، ثبوت، برہان، دستاویز، احتجاج۔

حُجت آوردن: دلیل پیش کرنا۔

حجت کردن: جھگڑنا، بحث کرنا۔

اتمام حجت: دلیل کو اختتام تک پہنچانا، کسی امر میں آخر مرتبہ سمجھانے اور معاملہ طے ہونے کی کوشش کرنا۔

بلاحجت: مسلّمہ، ناقابل تردید۔

حجت الاِسلام: (ع مسلمانوں کا رہنما، مجتہد بزرگ کا لقب۔

حُجت اللہ: (ع) امام، پیشوا۔

حُجّتی: (ع) حُجّت کرنے والا، دلیل باز۔

حُجج: (ع) حجّت کی جمع، دلائل۔

حَجَر: (ع) پتھر، سنگ، (احجار جمع)۔

حَجر: (ع) چھاتی، سینہ۔

حَجر: (ع) منع کرنا، روکنا۔

حُجر: (ع) کنار، دامان، آغوش، پناہ۔

حُجرات: (ع) حجرہ کی جمع۔

حجرُالاسوَد: (ع) سیاہ پتھر جو کعبہ میں نصب ہے، اسے حضرت ابراہیم (ع) نے لگایا تھا۔

حُجرَہ: (ع) زاویہ، تکیہ، کمرہ، مدرسہ، یا کاروانسرا کا کمرہ۔

حَجری: (ع) پتھر کا بنا ہوا۔

حَجَل: (ع) چکور۔

حَجلہ: عروس کے لیے مزین اور آراستہ کمرہ جو شب عروسی کے لیے مخصوص ہوتا ہے۔

حَجم: (ع) ضخامت، طول، عرض و عمق کسی چیز کا۔

حَجم: (ع) جسامت، تن و توش۔

حَجماً: (ع) جسامت کے لحاظ سے۔

حجمی: (ع) بڑی جسامت والا۔

حَجّہ: (ع) حج۔

ذوالحجہ-ذی الحجہ: سن ہجری کا بارھواں مہینہ۔

حَدّ: (ع) آخری سرا، انتہا، سرحد۔

حدّ اقل: کم سے کم۔

حداکثر: زیادہ سے زیادہ۔

حدِّبلوغ: بالغ ہونے کی حد یا عمر۔

حَدّخوردن: شرعی سزا پانا۔

حَدّ زدن: شرعی سزا دینا۔

حَدّشرعی: شرعی تعزیر، کوڑوں کی سزا۔

حَدّ فاصل: الگ کرنے والی دیوار۔

حد مُتَوسّط: درمیانہ درجہ۔

از حدگذشتن: حد سے بڑھ جانا۔

بیرون ازحد: حد سے باہر، حد سے بڑھ کر۔

تابحدّیکہ امکان دارد: جہاں تک ممکن ہو۔

تاچہ حد: کس حد تک۔

حُدا: (ع) ساربان کی مترنم صدا جس سے اونٹ تیز چلنے لگتے ہیں اور اہل کارواں بھی محظوظ ہوتے ہیں۔

حَداثت: (ع) کام کا آغاز ہونا، نیاپن، تازگی۔

حِداجَت: (ع) کجاوہ، پالکی جو خواتین کی سواری کے لیے اونٹ پر رکھی جاتی ہے۔

حداجہ: (ع) کجاوہ۔

حَدّاد: (ع) لوہار، آہنگر۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

حِداد: (ع)سوگواری، عزاداری، لباس عزا۔

حدائج: (ع)حداجہ کی جمع، کجاوے۔

حدائد: (ع)حدیدہ کی جمع۔دیکھیے حدیدہ۔

حدائق: (ع)حدیقہ کی جمع، باغات۔

حَدَب: (ع)(۱)کُبڑا پن (۲)بلند زمین (۳)پانی کی موج۔

حدباء: (ع)(۱)مونث احدب، کُوزپشت، کبڑی (۲)دشوار کام، سخت سال۔

حَدبَت: (ع)خمیدگی جو کمر میں پیدا ہو جاتی ہے، کُوزپشتی۔

حِدّت: (ع)تیزی، تندی، غضب و غصہ، حرارت۔

حَدَث: (ع)نیاپن، جدّت، اختراع، ایجاد، واقعہ، تخلیق۔

حدثان: (ع)نیاپن، آغاز، کسی کام یا امر کی ابتدا۔

حدثان الدہر: حادثات زمانہ۔

حَدس: (ع)قیاس، فراست سے کوئی بات معلوم کرلینا، کسی بات کو جلد معلوم کرلینا۔

حَدس زدن: قیاس کرنا،فراست سے کوئی بات معلوم کرلینا۔

حَدساً: (ع)قیاساً۔

حَدسی: (ع)قیاسی۔

حدسیّات: (ع)اسرار جو قیاس یا فراست سے سمجھ لیے جائیں۔

حد شکن: حد توڑنے والا، مداخلت کرنے والا۔

حدشکنی: مداخلت کرنا۔

حدَق: (ع)آنکھ کی پتلی، مردم چشم۔

حَدَقات: (ع)حدقہ کی جمع۔

حَدَقہ: (ع)آنکھ کی پتلی۔

حدُوث: (ع)واقع ہونا، کسی نئی چیز کا ظہورپذیر ہونا۔

حدُوث کردن: واقع ہونا۔

حَدُوثت: (ع)تازگی، نئی تخلیق۔

حُدُود: (ع)حد کی جمع، حدیں، سرحدیں۔

چہ حدُود: کس حد تک۔

حَدیث: (ع)جو کچھ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زبان سے فرمایا یا خود حضور نے عمل کیا۔

حَدید: (ع)لوہا، آہن۔

حَدیدالمزاج: (ع)گرم مزاج، تند مزاج۔

حدیدِہ: (ع)لوہے کا ٹکڑا، لوہے کا اوزار۔

حدیدی: (ع)لوہے کا بنا ہوا۔

حدیقہ: (ع)باغ، باغیچہ۔

حِذا: (ع)برابر، روبرو، نیز بمعنی پاپوش، چارپاوں کاسُم۔

حَذاقت: (ع)دانائی، دانشمندی، زیرکی، مہارت، حاذق ہونا، دیکھیے حاذق۔

حَذَر: (ع)پرہیزکرنا، ڈرنا، احتیاط، تنبیہ، آگاہی۔

زیر حذربُودن: آگاہ رہنا۔

حذف: (ع)کسی حرف کو چھوڑ دینا۔ اصطلاح ادب میں نظم یا نثر میں کسی حرف کو چھوڑدینا۔

حِذق: (ع)زیرکی، دانائی، دانشمندی، مہارت۔

حَذم: (ع)کاٹنا، قطع کرنا۔

حذو: (ع)برابر کرنا، دو چیزوں کو باہم کرنا، مقابل، روبرو۔

حذیم: (ع)تیز کاٹنے والا۔

حَرّ: (ع)حرارت، گرمی۔

حُرّ: (ع)آزاد، جو کسی کا غلام نہ ہو، بے آلائش، دلیر۔

حِراب: (ع)محاربہ، جنگ۔

حَرّاث: (ع)حارث کی جمع، کاشتکار، کسان، دہقان۔

حَراج: (ع)(۱)نیلامی، فروخت عام، (۲)کپڑوں کو سوکھنے کے لیے رسی پر لٹکانا۔

marfat.com

حَراج چی: نیلامی کرنے والا۔

حِرار: (ع) حُر کی جمع، آزاد لوگ۔

حَرارت: (ع) گرمی۔

حرارت غریزی: طبعی حرارت، حرارت جس پر انسان کی زندگی کا دارو مدار ہے۔

حرارت مزاج: خون میں حرارت پیدا ہونا، گرم مزاجی۔

حرارت نما۔۔۔حرارت سنج: تھرما میٹر۔

سنجش حرارت: تھرمامیٹر سے حرارت دیکھنا۔

مقیاس حرارت: حرارت پیما، تھرما میٹر۔

حُرّاس: حارس کی جمع، محافظ، نگہبان۔

حِراسَت: (ع) حفاظت کرنا، محفوظ رکھنا، نگہبانی، محافظت، سپردگی، تحویل۔

حراست کردن: حفاظت کرنا۔

حِراص: (ع) حریص کی جمع، لالچی لوگ۔

حَرّاف: (ع) زیادہ باتیں کرنے والا، باتونی، پُرگو، چالاک، تیز طبع۔

حَرّافت: (ع) تندزبانی تیز طبعی۔

حَرّافی: (ع) زیادہ باتیں کرنا، چالاکی، تیز طبعی، پُرگوی۔

حُراق: (ع) (۱) بہت نمکین پانی (۲) تیز رفتار گھوڑا۔

حراقِه: (ع) ایک قسم کی جنگی کشتی جس کے ذریعے قدیم زمانے میں دشمن پر آتش زنی کی جاتی تھی (حراقات جمع)۔

حَراك: (ع) جُنبش، حرکت۔

حرام: (ع) ناجائز، خلاف شریعت، حلال کی ضد۔

حَرام: (ع) بزرگ، پاک، مقدس۔

بلدالحرام: مقدس شہر، مکہ مکرمہ۔

شہرالحرام: ماہ محرم

مسجدالحرام: مسجد جس میں خانہ کعبہ واقع ہے۔

حَرامخوار: حرام خور، حرام کھانے والا، رشوت خور، نمک حرام، بے مروت، بے وفا۔

حرام خوری: نمک حرامی، بے مروتی بے وفای۔

حرام زادہ: ولد الزنا۔

حرامکار: بددیانت، بدکار۔

حرام کاری: بددیانتی، بدکاری۔

حرامی: ولدالزنا، نیز بمعنی ڈاکو، رہزن۔

حرامی: غیر قانونی ہونا، ناجائز، حرام۔

حرّان: (ع) بہت پیاسا شخص۔

حَرب: (ع) جنگ، کارزار۔

اعلان حرب: اعلان جنگ۔

دیوان حرب: مارشل کورٹ۔

حَرَب: (ع) ہلاک، بدبختی۔

حِرباء: (ع) (۱) گرگٹ جس کا رنگ دھوپ میں بدل جاتا ہے (۲) آفتاب پرست (حرابی جمع)۔

حُرباء: (ع) حریب کی جمع۔، جن کا مال و متاع غارت کردیا گیا ہو۔

حَرباً: (ع) طاقت کے ذریعے، جنگ کے ذریعے۔

حَربگاہ: میدان کارزار۔

حَربِہ: (ع) اسلحہ، سامان جنگ۔

حَربہ ناریہ: بارودی سامان جنگ۔

حَربی: (ع) جنگ سے متعلق۔

تدابیر حربِیّہ: جنگی تدابیر۔

حَرث: (ع) زمین میں ہل چلانا۔

حِرَج: (ع) گناہ، غلطی، نقصان، ضرر

حَرَج: (ع) تنگ جگہ، تنگ مکان، تنگی، دباؤ۔

حِرج: (ع)دام جو جانوروں کو پکڑنے کے لیے بچھاتے ہیں

حِرز: محفوظ جگہ جہاں کسی چیز کو حفاظت سے رکھا جائے، بہرہ، نصیب، تعویذ، دعا جو کاغذ پر تحریر کی جاتی ہے (احراز جمع)۔

حَرَس: (ع)حفاظت، محافظت، نگہبانی۔

حَرَس: (ع)نگہبانان، جمع حارس

حِرص: (ع)لالچ۔

حرص جاہ: جاہ و مرتبت کی تمنا۔

حرص زدن: لالچ کرنا۔

حُرَصاء: (ع)حریص کی جمع، لالچی لوگ۔

حَرَض: فساد، تباہی، جسم یا عقل کا فساد۔

حرف: ابجد کا حرف جس کے ملنے سے لفظ بنتا ہے (حروف جمع)۔

این کلمه چند حرف دارد؟: اس لفظ میں کتنے حرف ہیں؟۔

حرف: بات، اعتراض۔

حرف از دهن کسی گرفتن: بات کسی کے منہ سے اُچک لینا۔

حرف اندازی: گفتار میں چالاکی، لفظوں کی ہیر پھیر۔

حرف پادر ہوا: بے بنیاد بات۔

حرف جُزو ہوا است: ہوائی بات ہے۔

حرف چین: حرف گیر، نکتہ چین، خوردہ گیر، عیب جُو۔

حرف حسابی: معقول بات۔

حرف زدن: بات کرنا۔

حرف زن: نمایندہ، آزادی سے بات کرنیوالا، بولنے والا۔

حرف شِنَو۔۔۔حرف گوش کن: تربیت پذیر، اطاعت شعار۔

حرف گوش کردن: بات سننا، بات پر عمل کرنا۔

حرف مفت: بیکار بات، ، یا وہ گوئی۔

حرفِ مفت زدن: بیکار بات کرنا، یاوہ گوئی۔

حرف داشتن: اعتراض ہونا۔

باہم حرف نمی زنند: وہ آپس میں بات چیت نہیں کرتے۔

من که حرفی ندارم: مجھے کوئی اعتراض نہیں۔

حَرفاً: (ع)حرف بحرف۔

حُرَفا: (ع)حریف کی جمع۔

حِرفہ: (ع)حرفت، پیشہ، ہنُر۔

اہل حرفہ: پیشہ ور۔

حرفی: (ع)باتیں کرنے والا۔

باہم حرفی نیستند: وہ باہم بات نہیں کرتے۔

حَرق: (ع)جلنا جلانا،ملنا، دانت پیسنا۔

حَرقت: (ع)گرمی، حرارت، جلن، بھڑکنا، اشتعال سوزش۔

حَرَکات: حرکت کی جمع، جُنبش۔

حَرَکت: جنبش، ہلنا،

حرکت زمین: زمین کی گردش۔

حَرَکت: (۱)جنبش، عمل، سلوک (۲)ناپسندبات اشتعال۔

حرکت ارادی: (ع)اختیاری حرکت۔

حرکت غیر ارادی: بے اختیاری حرکت۔

حرکتِ قشون: فوج کی حرکت۔

حرکتِ نظامی: فوج کی نقل و حرکت۔

این چه حرکت است: یہ کیا ناپسند بات ہے۔

marfat.com

بد حرکت کرد: بُرا عمل کیا۔

چرا صندلی را حرکت می دہید؟: کرسی کو کیوں ہلاتے ہو؟

حَرَم: (ع)خواتین کا کمرہ، اہل خانہ، اہل و عیال کا مقام۔

حَرَم: (ع)احاطہ جو گردا گرد خانہ کعبہ ہے، کعبہ کی چار دیواری۔

حُرمات: حُرمت کی جمع۔

حِرمان: حسرت، ناامیدی، بدنصیبی

حُرمت: عزت، احترام، تقدس، آبرو۔

حرمتِ اُو را نگہداشتند: اس کی عزت کی پاسداری کرتے تھے۔

حُرمت کردن: عزت کرنا۔

حِرمَت: نا امیدی، مایوسی، بدنصیبی۔

حرَمخانہ: (۱)عورتوں کا کمرہ (۲)حرم سرا۔

حرمَل: اسپند، کالادانہ۔

حرَمیَن: (ع)دو مقدس مقامات، مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ۔

حُروب: (ع)حرب کی جمع، لڑائیاں۔

حَرور: (ع)گرمی، حرارت، حِدّت، آفتاب یا آگ کی گرمی، گرم ہوا۔

حَروُری: (ع)حروریہ سے منسوب۔

حَرُورِیہ: خارجیوں کا گروہ جن کا قیام کوفہ کے نزدیک تھا۔

حُروف: (ع)حرف کی جمع۔

حُروف: (ع)سیسے کے حروف جو چھاپنے میں استعمال ہوتے ہیں۔

حُروف چین: چھاپہ خانے کا کارگر جو کتاب یا اخبار کی طباعت کے لیے حروف جوڑتا ہے۔

حروف الفہاء: اسے ی تک کے حروف۔

حروف بزرگ: بڑے حروف، کیپٹل لیٹرز (انگ)۔

حروف چیدن: حروف جوڑنا، حروف کمپوز کرنا۔

حروفِ کوچک: بڑے حروف کے مقابلے میں چھوٹے حروف، خفی حروف (فارسی، عربی، اردو میں کوئی ایسے حروف نہیں جو بڑے چھوٹے ہوں دونوں ایک سے ہوتے ہیں)۔

حروف مُصمة: (ع)ایسے حروف جو دوسرے حروف علت سے مل کر آواز دیں۔

حروف مُصوّت: (ع)حروف عطف ا، و، ي۔

حروف مُعجَم: (ع)حروف ہجائیہ، نقطوں والے حروف۔

حروف ہجا: (ع)حروف ابجد۔

حَرُون: (ع)سرکش، اڑیل، بے قابو گھوڑا۔

حَرُونی: (ع)سرکشی۔

حُرّہ: (ع)آزاد خاندان کی عورت۔

حَری: سزاوار، لائق، شائستہ، مناسب۔

حَریب: (ع)جس کا سازو سامان تباہ ہوگیاہو (حربا جمع)۔

حُرّیت: (ع)آزادی، آزادمنشی۔

حُرّیت خواہ: آزادی خواہ، آزادی طلب، آزادی منش۔

حرِید: (ع)تنہا، الگ تھلگ۔

حَرِیر: (ع)سلک، ریشمی کپڑا۔

حریر گلدار: پھولوں والا ریشمی کپڑا۔

حرِیرہ: (ع)خوراک جو مریض کے لیے پانی، نشاستہ اور چینی سے تیار کی جاتی ہے۔

حریری: (ع)(۱)سلک کا بنا ہوا (۲)حریر باف (۳)حریر فروش

کاغذ حریری: پتلے نرم کاغذ کی قسم۔

حریسہ: (ع)دیوار جو بھیڑ بکریوں کی حفاظت کے لیے بنائی جاتی ہے (حرائس جمع)۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

حرِیش: (ع)ہزار پا (۲)سفید و سیاہ رنگ کا سانپ۔
حرِیص: (ع)لالچی، کسی چیز کا انتہائی مشتاق۔
حریصانہ: (ع)لالچ سے۔
حریصانہ آنرا میخورد: وہ اسے بھوکوں کی طرح کھاتا ہے۔
نگاہ حریصانہ: لالچی نظر۔
حریصی: حرص، لالچ۔
حرِیف: (ع)ہم کار، ہم معاملہ، ہم پیشہ، کھیل کا شریک، مد مقابل، حرفا جمع۔
حریفِ خود را پیدا کرد: اس نے اپنا مد مقابل ڈھونڈ لیا۔
حریف حریفِ خود را می شناسد: مد مقابل ایک دوسرے کو پہچانتے ہیں۔
حریف: (ع)رقیب، مخالف۔
حرِیق: (ع)آگ، آتش، آتش سوزی، آتش زدگی۔
اخطار حریق: آگ لگنے کا الارم۔
بیمہ حریق: آگ سے حفاظت کا بیمہ۔
عذابِ حریف: عذاب جہنّم۔
فریادالحریق: آگ آگ کی صدائیں۔
حریق زدہ: آتش زدہ، جسے آگ لگی ہو۔
حریق واقع شدن: آگ لگ جانا۔
حرِیم: (ع)جو، چیز حرام کی گئ ہو۔
حرِیم: (ع)خواتین کا مخصوص کمرہ، گھر کا احاطہ۔ عمارت اور مکان جس کا دفاع لازم ہو۔
حزّار: (ع)اندازہ کرنے والا، جو زراعت یا درختوں کے پھلوں کے حاصل کا اندازہ کرتا ہے۔
حزّاری: قیاس کرنا، اندازہ کرنا۔
حزاز: (ع)ایک قسم کا پودا جس کے پتے جگر کی بیماری کے لیے مفید ہوتے ہیں۔
حزام: (ع)گھوڑے کی زین جس کے ساتھ کوئ چیز باندھی جائے۔
حزامَت: (ع)راسخ عقیدہ، پکا ارادہ، دیکھیے حزم۔
حزان: (ع)حزیں کی جمع، غمزدہ، اندوہگین بصورت جمع۔
حِزب: (ع)فریق،گروہ، جماعت، احزاب جمع۔
حزبِ سیاسی: سیاسی جماعت۔
حزبِ وطن: نیشنل پارٹی۔
عضوِ حزب: جماعت کا رکن۔
حزبی: (۱)جماعت سے متعلق، جس کا کوئ خاص عقیدہ یا مسلک ہو (۲)حصہ، نصیب۔
حَزر: (ع)انداز لگانا، پیداوار کے حاصل وغیرہ کا تخمینہ لگانا۔
حزقل: (۱)تنگ خوی، بدخوئ (۲)حزقل یا حزقیل، ایک پیغمبر کا نام تھا (فرہنگ عمید)۔
حزم: (ع)پختہ، دور اندیشی، احتیاط،ثابت قدمی، استقلال، ارادہ، عزم، پختگی، زیرکی، دانائ، آگاہی، دوراندیشی۔
حُزَما: (ع)حزیم کی جمع، دانشمندان۔
حُزن: (ع)رنج و غم۔
بیتُ الحزن: رنج و غم کا مقام۔
حُزَنا: (ع)حزین کی جمع۔
حزیران: (ع)یہودیوں کے کیلنڈر کا تیسرا مہینہ۔
حزِیم: (ع)دانا، دانشمند، دوراندیش، کام میں محتاط۔
حزِین: (ع)غمگین، غمزدہ، اندو ہگین، حُزنا جمع۔
حِسّ: (ع)فہم کی قوت شعور، ادراک، احساس حرکت، نرم آواز۔
حِسِّ باصرہ: دیکھنے کی قوت۔

marfat.com

حِسّ ذائقہ: چکھنے کی حس۔

حِس سامِعہ: سننے کی قوت۔

حِسّ شامہ: سونگھنے کی حِس۔

حِس قبل از وقوع: واقعہ بیش آنے سے پہلے کا احساس ہونا۔

حِس کردم کہ او رنجیدہ است: میں نے محسوس کیا کہ وہ رنجیدہ ہے۔

حِس کردن: محسوس کرنا۔

حِسّ لامِسہ: چھونے کی حس۔

حِس وظیفہ شناس: احساس فرض۔

حِساب: (۱)شمار کرنا، گننا، (۲)کسی کے نام کی رقم جو بنک وغیرہ میں جمع ہو۔

حساب آوردن: حساب میں شمار کرنا۔

حساب از کسی خواستن: کسی سے حساب مانگنا۔

حساب باز کردن: رقم کے لیے حساب کھولنا۔

حساب بستن: حساب بند کرنا۔

حسابِ جاری: کرنٹ اکاونٹ، حساب جس سے اپنی جتنی رقم جب چاہو لے سکتے ہو۔

حساب رمَل: علم رمل کے رُموز۔

حساب کشیدن: (ازکسی)کسی کو حساب دینے کے لیے طلب کرنا۔

یوم حساب: روز قیامت۔

حساب دار: خزانچی، خزانہ دار۔

حساب داری: رقوم کے حساب کی منظم نگہداشت۔

حساب دان: علم حساب میں دسترس رکھنے والا۔

حساب دہ: حساب کا ذمے دار، جوابدہ۔

حساب گر: حساب دان۔

حساب گری: حساب دانی۔

حساب نویس: خزانچی، خزانہ دار۔

حسابی: معقول، مناسب، حسب توقع۔

حُسّاد: (ع)حاسد کی جمع۔

حسّاد: بہت زیادہ حسد کرنے والا۔

حسادَت: (ع)حسد، بدخواہی، کسی کی نعمت کا زوال چاہنا، کینہ، بُغض۔

حسادت آمیز: جس میں حسد پایا جاتا ہے۔

حسّاس: (ع)بہت زیادہ محسوس کرنے والا۔

حساسیّت: زود حسی، سرعت احساس۔

حُسام: (ع)تیز تلوار۔

حِسان: (ع)حَسَن کی جمع، خوبیاں، اچھے اوصاف، نیکیاں، اوصاف حسنہ۔

حِسان: (ع)حَسن کی جمع، بہت خوب، بہت نیک، نیکو کار۔

حُسّان: (ع)بہت حسین، نہایت نیک۔

حَسب: (ع)جانچ، شمار، مقدار، پیمائش،مطابق، کا فی ہونا، کفایت۔

حسب اوامر: احکام کے مطابق۔

حسب حال: حال کے مطابق۔

حسب موقع: موقع محل کے مطابق۔

حَسَب: (ع)نسل، نسب، ذاتی استعداد۔

حسب و نسب: ماں باپ کا خاندانی سلسلہ۔

حسبان: (ع)راے، تصور، خیال، اندازہ، شمار کرنا، گمان کرنا۔

حَسبَۃ: (ع)اجر، ثواب۔

حَسبَۃً لِلّٰہ: (ع)خدا کے لیے۔

حَسَد: (ع)بدخواہی، کینہ، کسی کی نعمت کا زوال چاہنا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ازروی حسد:حسد کی بنا پر۔

حسدبردن:حسد کرنا۔

حَسد پیشہ:جسے دوسروں کے متعلق بدخواہی کی عادت ہو، جو دوسروں کی نعمتوں کا زوال چاہتا ہو۔

حسَرات:حسرت کی جمع۔

حَسرَت:(ع)افسوس، تاسف، کسی چیز سے محروم رہنے کا احساس یا رنج، آرزو، شوق، تمنا۔

حسرت (چیزی را)خوردن:کسی چیز کے حاصل نہ ہونے کا افسوس ہونا۔

حسرتا:وائے افسوس۔

حسرت خور:جسے دوسروں کی خوشحالی اچھی نہ لگتی ہو۔

حَسرَت زدہ:جس کی قسمت میں محرومی ہو، ناکامی ہو۔

حسَك:(ع)خارخسک، غصہ، غضب، کینہ، دشمنی۔

حسم:کاٹنا، قطع کرنا، کٹی ہوئی رگ کو لوہے سے داغنا تاکہ خون بند ہو جائے۔

حُسن:جمال، زیبائی، خوبروی، نیکی۔

حُسنِ اتفاق:خوش نصیبی۔

حُسن اخلاق:اچھا اخلاق ہونا، اچھی عادات صفات کا ہونا۔

حُسنِ ادب:اچھا طور طریقہ۔

حُسن انتخاب:اچھا چناؤ۔

حُسن تعلیل:بدیع کی اصطلاح میں شاعر اپنے شعر میں ادائے مطلب کے لیے کوئی دلیل پیش کرتا ہے۔

حُسن خداداد:قدرتی حسن، زیبائی اور رعنائی کے طور پر عطیہ خداوندی۔

حُسن سلوك:خوش سلوکی، اچھا سلوک کرنا۔

حُسنش این است کہ خوب کارمی کند:اس کی خوبی یہ ہے کہ وہ خوب کام کرتا ہے۔

حُسن طلب:نہایت خوبی اور پُر لطف انداز میں کسی چیز کی طلب ظاہر کرنا۔

حسن تلّقی:محبت سے ملنا، پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھنا۔

حُسن ظن:اچھا خیال، اچھی رائے۔

حسن معاشرت:اچھا میل ملاپ۔

حَسَن:اچھا، نیک۔

حَسَنا:(۱)بہت خوب (۲)خوبصورت عورت (حسان جمع)۔

حسَنات:(ع)جمع حسنہ (ع)اچھے عمل، اوصاف

حسنات کردن:اچھے عمل کرنا، نیکیاں کرنا۔

حَسن لبہ:گوند، لوبان۔

حُسن مطلع:غزل یا قصیدے کا پہلا شعر جس میں شاعرانہ خوبیاں ہوں۔

حَسَنِہ:(ع)نیک عمل، فیاضانہ کام، ثواب، نیک صلہ، کار نیک، پسندیدہ۔

حسنٰی:(ع)بہتر یا بہترین، خوبی، اچھی عاقبت کامیابی، حضرت امام حسن سے قرابت۔

حُسنی:(ع)حُسن سے متعلق۔

حَسنیات:(ع)حَسنی کی جمع۔

حُسنیان:(ع)فتح، فتح اور شہادت۔

حسُود:حسد کرنے والا

آدم خیلی حَسوُدی است:وہ شخص بہت حاسد ہے۔

حسُودانہ:حسد سے، بطور حسد۔

marfat.com

حسودی: حسد۔

حِسّی: (ع)صاحب احساس، تاثیر پذیر، حَساس، احساس کرنے والا، جس کا ادراک ظاہری حس سے ہو مقابل عقلی۔

حِسّیات: حسّی کی جمع

حَسِیب: (ع)(۱)محاسب، حساب کرنے والا، (۲)بزرگوار، اچھے حسب و نسب والا، ذاتی اوصاف کی بنا پر نمایاں (۲)انتقام لینے والا۔

حُسَین: (ع)حضرت امام حسین (رض)، حضرت علی(ض کے فرزند۔

حَسِین: (ع)خوبصورت، زیبا، رعنا۔

حُسینی: حضرت حسین کے قرابتدار یا عقیدت مند۔

حُسینیہ: مقام جہاں حضرت امام حسین کی شہادت کا ماتم کیا جاتا ہے۔

حَشاء: (ع)جسم کے ہر بڑے جوف (دماغ، جگر، دل، بطن وغیرہ)کے اندر کے اعضا، خصوصاً آنتیں۔

حشّاش: (ع)حشیش پینے والا، بھنگ کا عادی۔

حُشاش: (ع)بیمار شخص کی زندگی کے آخری سانس۔

حَشر: (ع)(۱)ایک جگہ جمع ہونا، اٹھنا، قیامت، روز حساب (۲)شور و غل، غوغا، فتنہ، آفت۔

یوم الحَشر: (ع)روز محشر، روز قیامت۔

حَشر: (ع)گروہ، انبوہ، فوج، سپاہ۔

حَشَرات: (ع)حشرہ کی جمع، وہ چھوٹے چھوٹے کیڑے جو اکثر سوراخ کرکے زمین ہی میں رہتے ہیں۔

حشرات الارض: (ع)کیڑے مکوڑے، کیڑے زمین کے، نقصان رساں کیڑے۔

حشرگاہ: جمع ہونے کا مقام، محشر۔

حَشرہ: (ع)کیڑا مکوڑا، مور و ملخ کی قسم کا جانور جو زمین میں سوراخ کرکے اس کے اندر رہتا ہے۔

حشرہ شناس: کیڑوں کا علم رکھنے والا اینٹو مالوجسٹ۔

حشری: انتہائیٔ خواہش کا بندہ۔

حشف: (ع)گھٹیا قسم کی کھجوریں۔

حَشفَہ: (۱)گھاس وغیرہ کی جڑیں جو گھاس کاٹنے کے بعد زمین میں باقی رہ جاتی ہیں، (۲)بوڑھی عورت (۳)آلہ تناسل۔

حَشَم: اعزا و اقربا، خدمت گاراں۔

خدم و حشم: خدمت گاراں اعزا و اقربا، خانوادہ۔

حشَمت: بزرگی، جاہ و جلال، عظمت، تزک و احتشام، کّروفر۔

حشّمت: (ع)شرم و حیا۔

حشو: (ع)زائد، نقص کلام، نثریا شاعرانہ کلام میں حشو کی تین قسمیں ہیں۔

حشو قبیح: شاعر یا نثر نگار ایک شعر یا جملے میں دو لفظ ایسے لاتا ہے جس کے ایک ہی معنی ہوں، یہ کلام کا عیب ہے۔

حَشو متُوسّط: شاعر یا نثر نگار ایسا کلمہ لاتا ہے جس کا ہونا نہ ہونا یکساں ہوتا ہے، یعنی نہ اچھا نہ بُرا۔

حَشو ملیح: شاعر یانثر نگار کا ایسے کلمات لاناجو زینت کلام کا باعث ہوں اور ان کے معنی بھی پسندیدہ ہوں۔

حَشوی: (ع)کلام میں بہت حشو لانے والا۔

حشیِش: (ع)نشہ آور پودا، بھنگ، چرس حشائش جمع۔

حَشیشہ: (ع)حشیش کا پودا، خشک پودا۔

حَصات: مثانے کی پتھری، سنگریزہ۔

حَصات البول: (ع)پیشاب میں پتھریلے اجزا کا ہونا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

حَصاد:(ع)تیار فصل کا زمانہ، فصل کے کاٹنے کا موسم۔

حَصّار:(ع)فصل کاٹنے والا۔

حِصار:(ع)احاطہ، گھیرا، چاردیواری، فصیل، شہر پناہ، قلعے کے ارد گرد کی دیوار۔

حصار شدن:کسی محفوظ جگہ میں پناہ لینا۔

حصار کردن:گھیرنا، محاصرہ کرنا۔

حصار کشیدن:ارد گرد دیوار بنانا یا باڑ لگانا۔

حصاری:(ع)(۱)حصار سے نسبت، محاصرے سے متعلق (۲)محاصرے میں آیا ہوا (۳)قلعے کا سپاہی۔

حصافت:(ع)اچھی رائے رکھنا، روشن فکر ہونا، فراست، دانائی، صحیح بے لاگ فیصلہ۔

حَصان:(ع)پاکدامن عورت۔

حِصان:(ع)اصیل گھوڑا۔

حَصانت:(ع)(۱)پاکدامنی (۲)جہاں کسی کی رسائی نہ ہو، محفوظ و مصون حالت۔

حصباء:(ع)سنگ ریزہ، کنکر۔

حصبہ:ایک بیماری جس میں سخت بخار آتا ہو، ٹائیفائڈ جو خاص مدت تک جاری رہتا ہے۔

حَصد:(ع)فصل کاٹنا۔

حَصر:(ع)بندش، حد، روک تھام، پابندی۔

حصر نمودن:حد مقرر کرنا۔

حَصر:(ع)احاطہ کرنا، ارد گرد دیوار بنانا، حصار میں لانا۔

حُصر:(ع)(۱)قبض (۲)پیشاب کی رکاوٹ۔

حُصرُالبول:پیشاب کا رک رک کر آنا۔

حُصرُم:(ع)پھل جو ابھی پکا نہ ہو، انگور یا کھجوریں جو ابھی پکی نہ ہوں۔

حِصَص:(ع)حصہ کی جمع۔

حصَف:(ع)جلد کی بیماری۔

حِصن:(ع)قلعہ، حصار، محفوظ جگہ۔

حِصن حصین:ناقابل تسخیر قلعہ۔

حُصُن:(ع)پاکدامن عورت، حصان جمع۔

حصناء:(ع)پارسا عورت و شوہر دار۔

حَصُور:(ع)جُز رس، کفایت شعار، تنگدل بخیل، جو شخص عورتوں سے میل جول رکھنے سے پرہیز کرتا ہو۔

حُصُول:(ع)حاصل ہونا، میسّر آنا، حاصل کرنا۔

از حُصُول نتیجہ محروم ماند:نتیجہ حاصل کرنے سے محروم رہا۔

حُصُول پذیر:جو چیز حاصل ہوسکے۔

حُصُول مُرام:مراد حاصل کرنا۔

حصول ناپذیر:ناقابل حصول۔

حَصُون:(ع)حصن کی جمع۔

حِصّہ:(ع)(۱)بہرہ،بخش، بانٹ، تقسیم (۲)جزو۔

حِصّہ بخش:تقسیم کرنے والا۔

حصہ دار:شریک۔

حصی:سنگریزہ، کنکر۔

حصید:(ع)کٹی ہوئی فصل، جس فصل کی کٹائی ہوئی ہو۔

حَصیر:(ع)بوریا، چٹائی، دری، چٹائی جو کھجور کے پتوں سے تیار کی جاتی ہے۔

حَصیرباف:چٹائی یا دری بننے والا۔

marfat.com

حَصری: چٹائی کی طرح۔

حَصیف: (ع)بے لاگ فیصلہ ہونا۔

حَصین: (ع)مضبوط قلعہ، قلعہ جو ناقابل تسخیر ہو۔

مُلک حصین است و حِصن ملک حصین است: ملک؛ محفوظ ہے اور ملک کا قلعہ ناقابل تسخیر ہے۔

حُضّار: (ع)حاضر کی جمع، حاضرین مجلس۔

حَضارت: (ع)شہر میں زندگی بسر کرنا، شہر نشینی۔

حِضا نت: (ع)پرورش کرنا، تعلیم و تربیت دینا، سینے سے لگانا۔

حَضَر: (ع) شہر کی اقامت گاہ، گھر پر قیام ہونا

حِضر: (ع) جو شخص لوگوں کو کھانا کھاتے دیکھے اور ان کے دستر خوان پر حاضر ہو جائے، مفت خور۔

حَضُر: (ع) خوش بیان، حاضر حواب شخص۔

حَضَرات: حضرت کی جمع، حاضرین کِرام، مجلس میں خطاب کرنے کے موقع پر کہا جاتا ہے۔

حضرَت: (ع) کلمہ تعظیم، جناب، جضور، تعظیم اور حرمت کا لقب، بادشاہ کے لیے اعلی حضرت اور ملکہ کے لیے علیہ حضرت۔

حَضرمی: (ع) جنوبی عرب کا شہر، حضرموت سے منسوب۔

حضَری: (ع) شہر یا شہری آبادی سے متعلق، شہری۔

حُضُض: (ع) حضیض جمع۔

حُضور: حاضری، موجودگی، جناب۔

حُضورِدل: دلی توجہ۔

حضُورذہن: حاضر دماغی۔

حضُوریافتن: حاضری دینا۔

درحُضورمن اوراتنبیہ کردند: میری موجودگی میں اسے انھوں نے تنبیہ کی۔

شما درانجمن حضور نداشتید: آپ مجلس میں حاضر نہیں تھے۔

حضُوراً: (ع) (آپ کی یا ان کی) حاضری میں، مطلب باقی حضوراً عرض۔ **خواہم کرد**: باقی بات میں حاضر ہو کر عرض کرونگا۔

حضُوری: (ع) موجودگی۔

حَضیرت: (ع) لوگوں کی جماعت، فوج کا ہراول دستہ۔

حَضِیض: (ع) پستی، نشیب، گڑھا۔

از اوج عزت بحضیضِ پستی افتاد: وہ عزت کی بلندی سے ذلت کی پستی میں آگرا۔

حطّ: نیچے آجانا، قیمت کم ہونا۔

حطّاب: (ع) لکڑیاں کاتنے والا۔

حطاطِہ: (ع) پھنسی پھوڑا، مہاسا۔

حُطام: (ع) ریزہ، ٹوٹی ہوئی چیز، چھوٹی چھوٹی چیزیں۔

حُطام دنیوی: ادنی قسم کی دنیاوی چیزیں، مال دُنیا کیا کم کیا زیادہ۔

حَطب: (ع) لکڑی،جلانے کی لکڑی نیز سخن چینی۔

حُطمہ: (ع) بھڑکتی آگ، آتش جہنم۔

حَطیم: (ع) مکہ میں کعبہ کی دیوار۔

حظّ: (ع) لطف، لذت، مسرت۔

حَظائر: (ع) حظیرہ کی جمع، چاردیواریاں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

حَظُوظ:(ع)حظ کی جمع، مسرتیں، خوشیاں، شادمانیاں۔

حظیرہ:احاطہ، چاردیواری۔

حَظیظ:(ع)خوش نصیب، بہرہ مند، کامیاب۔

حَفا:(ع)نرسل کی قسم کا درخت جو پانی میں اگتا ہے، پیپرس کے بنے ہوئے اوراق جن پر قدیم مصری لکھا کرتے تھے، اوراق پیپرس۔

حَفّار:(ع)زمین کھودنے والا، چاہ کن، گورکن۔

حفاری:زمین کھودنا۔

حِفاظ:(ع)(۱)نگہداری، دیکھ بھال، محافظت کرنا، تحفظ (۲)مانع ہونا۔

حُفّاظ:(ع)حافظ کی جمع، جنھوں نے قرآن شریف حفظ کیا ہے۔

حفاظت:(ع)محافظت، بچاؤ، نگرانی، سلامتی۔

حَفاوَت:(ع)مہربانی کرنا، احوال پرسی۔

حفائر:(ع)حفیرہ کی جمع، گڑھے، کنوئیں۔

حَفَد:(ع)یار دوست، احباب۔

حَفَدہ:(ع)(۱)حافد کی جمع۔ خادمان، خدمتگاراں، یاردوست پوتا۔

حُفر:(ع)زمین کھودنا، کھدائی۔

حُفرہ:(ع)گڑھا، کھودی ہوئی جگہ، سوراخ۔

حُفرہ دندان:دانتوں کے بیچ کا خلا۔

حُفریات:گڑھے، جن جن جگھوں میں کھدائی ہوئی ہے۔

حفص:(ع)شیر کا بچہ۔

حِفظ:(ع)ازبر، زبانی یاد، حفاظت۔

حِفظُ الصحت:(ع)صحت جسمانی کا علم، ہائی جین (انگ)۔

حِفظُ الغَیب:(ع)غیر موجود شخص کی حفاظت۔

حفظ نَظافت:(ع)صفائی رکھنا۔

حفظی:تحت الفظ پڑھنا، سبق دہرانا، خوش خوانی۔

حَفلة:(ع)جمعیت، انجمن۔

حَفی:بہت نوازشات کرنے والا، پرسش احوال کرنیوالا۔

حَفید:(ع)فرزندزادہ، پوتا۔

حَفیرہ:(ع)گڑھا، نشیب۔

حَفیظ:(ع)حفاظت کرنے والا، باری تعالی۔

حقّ:(ع)(۱)راستی، صدق، درست، بجا، ٹھیک، واسطے، حقیقت، (۲)حصہ، دعوی، اختیار۔

حقّ ندارید کہ اندرون بیاید:تمھیں کوئی اختیار حاصل نہیں کہ اندرآو۔

دعای درحقّ من کنید:میرے واسطے دعا کیجیے۔

حقّ تقدیم:ترجیح، ترجیح کا حق۔

حق داریدآقا:جناب آپ درست فرما رہے ہیں۔

حق داشتن:درست ہونا۔

حق رابابد مراعات کنید:راستی کو ملحوظ خاطر رکھنا چاہیے۔

حق شُفعہ:کسی دوسرے کا مال خرید نے میں ترجیحی حق۔

حق شِناسی:کسی کی نیکی کا پاس رکھنے والا۔

حق کسی را اداکردن:کسی کا حق ادا کرنا۔

حق گو:سچی بات کہنے والا۔

حق گوُی:سچی بات کہنا۔

حق النّاس:لوگوں کا مالی یا اخلاقی حق جو ایک کو دوسرے پر ہوتا ہے۔

حق ناشناس:نمک حرام، کسی کا احسان نہ ماننے والا۔

حق والدین را اداکن:اپنے والدین کا حق ادا

marfat.com

کرو، والدین کی طرف سے جو تم پر ذمے داری ہے، اسے پورا کرو۔

از حق گذشتن: انصاف یا راستی کو نظر انداز کردینا۔

اویم درین مسئله حق میبرد: اس مقابلے میں اس کا بھی حق ہے۔

این دلیل حق است: یہ سچی دلیل ہے۔

کماحقّه: جیسا کہ چاہیے۔

من او را کماحقّه نشناختم: میں اسے ٹھیک طرح نہ پہچان سکا۔

ماعرفناک حق معرفتک: ہم نے تمہیں ایسا نہیں جانا جیسا جانا چاہیے تھا۔

حقّا: (ع) صحیح طور سے، حق بات یہ ہے۔

حُقار: (ع) بگلا۔

حَقارت: (ع) پستی، ذلت و خواری، نفرت۔

حَقّ الاِرتفاق: (ع) حق آسائش، رفاقت کا حق خدمت گذاری کا حق۔

حقّ الارض: (ع) زمین کا حق۔

حقُّ الامتیاز: (ع) رائلٹی (انگ)۔

حق التالیف: تالیف و طباعت کا حق، کاپی رائٹ۔

حق الثّبت: (ع) رجسٹر کرانے کی فیس۔

حقّ الجُعاله: (ع) کمیشن، حق العمل۔

حقُّ الحفاظه: (ع) نگہداشت کی فیس۔

حقُّ الزّحمَة: (ع) کسی کے کام کرنے کا صلہ، کسی کی محنت کا حق۔

حَق السّعی: کمیشن، حق العمل۔

حق السّکوُت: (ع) کسی کے خاموش رہنے کا صلہ۔

حقّ الشُّرب: (ع) پانی کی مقررہ حد استعمال کرنے کا اختیار۔

حقّ الضَرب: (ع) سکہ سازی۔

حقّ العُبوُر: کسی خاص جگہ سے گزرنے کی فیس وغیرہ۔

حقّ العمَل: (ع) کمیشن، محنت مزدوری۔

حق العمل کار: (ع) کمیشن ایجنٹ کا منصب۔

حق القَدَم: (ع) قاصد کا انعام، ڈاکٹر کے گھر آنے کی فیس

حق المارہ: (ع) مقررہ حد تک پھل وغیرہ کسی جگہ سے گزارنے کا حق۔

حق النّاس: (ع) لوگوں کا مالی یا اخلاقی حق جو ایک کو دوسرے پر ہے۔

حق الوُرُود: (ع) کہیں داخل ہونے کی فیس۔

حق الوکالة: (ع) وکیل کی فیس۔

حقّانی: (ع) درست، صحیح، حقیقی۔

حقّانیت: (ع) سچائی، راستی، درستی، حقیقت۔

حقائق: (ع) حقیقت کی جمع۔

حُقب: (ع) اسّی سال کا عرصہ۔

حق بجانب: جس کا حق ہو۔

حق بیِن: حق دیکھنے پرکھنے والا، حقیقت شناس۔

حق پرَست: خدا کی عبادت کرنے والا۔

حق پرَستی: خدا پرستی، دینداری، پرہیزگاری، سچ کا ساتھ دینا۔

حق تعالی: اللہ تعالی۔

حق جُو: حق کا متلاشی، حقیقت معلوم کرنے کی کوشش کرنے والا۔

حق جُوی: حقیقت کی جستجو۔

حِقد: (ع) کینہ، و عناد، عدوات، بُغض۔

حقدار: حق رکھنے والا، مستحق۔

حق رسی: حق حاصل کرنا، حق حاصل کرنے میں مدد دینا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

حق شناش: حق جاننے والا، حقیقت پہنچاننے والا، اپنے فرائض کو پہنچاننے والا۔

حق شناسی: حق کو پہچاننا۔

حق گذار: عادل، انصاف کرنیوالا۔

حق گذاری: عدل، انصاف۔

حق گزین: انصاف اختیار کرنے والا۔

حق گوی: سچ بات کہنا۔

حق ناشناس: نمک حرام، احسان فراموش، ناشکرگزار۔

حُقنہ: (ع) معدے کو صاف کرنے کا آلہ جس کے ذریعے گندگی خارج ہو کر معدہ صاف ہو جاتا ہے۔

حق نیوش: حق کی بات سننے والا۔

حقُود: (ع) کینہ ور۔

حُقُوق: حق کی جمع۔

حُقوق دان: وکیل۔

حقوُقی: قانونی۔

دعوی حقوقی: قانونی دعوی۔

حُقّہ: (ع) (۱) چھوٹی ڈبیا، ہیروں کا ڈبا، چینی یامٹی کا چھوٹا برتن جس میں کھانے کی چیزیں رکھتے ہیں (۲) جھلی دار غلاف یعنی کیپسُول جس میں دوا رکھی جاتی ہے، نیز چال، فریب

حَقّہ: سچا، درست، جائز، قانونی، شرعی، باضابطہ

حُقّہ باز: نٹ، مداری، بازیگر، شعبدہ باز، عیار چالاک، فریبی۔

حُقہ بازی: شعبدہ بازی، بازیگری، فریب۔

حُقہ زدن: دھوکا دینا۔

حُقّہ کار: حقہ باز۔

حَقِیر: (ع) ناچیز، عاجز، پست، فرومایہ۔

حقیرانِہ: عاجزی کے ساتھ۔

حقیری: عاجزی، پستی، فرومائیگی، حقارت۔

حقیقت: (ع) اصلیت، سچ، درست، راستی، اخلاص، اصل بات۔

حقیقت بین: سچ جاننے پرکھنے والا۔

حقیقت راہگو: اصل بات بیان کر۔

درحقیقت: اصل میں، واقعاً۔

حقیقت شِناس: حق بات پہچاننے والا۔

حقیقی: اصلی، واقعی۔

حَک: (ع) تراشنا، رگڑنا، گھسنا، متانا، چمکانا کندہ کرنا، نقش کرنا۔

حک کردن: رگڑ کر متا دینا کندہ کرنا۔

حک واصلاح کردن: درست کرنا، ترمیم کرنا، جزوی تغیرو تبدل کرنا۔

حکّاک: (ع) نقش کرنے والا، کندہ کرنے والا، نقش اتارنے والا، موتیوں کو چمکانے والا۔

حکّاکی: نقش اتارنا، موتیوں کو چمکانا، کندہ کرنا۔

حُکّام: (ع) حاکم کی جمع

حکایات: حکایت کی جمع، کہانیاں، داستانیں، قصے۔

حکایت: (ع) کہانی، داستان، شرح حال، فسانہ

بادشاہی را حکایت کنند: ایک بادشاہ کا حال بیان کرتے ہیں۔

چہ حکایتی است: کیا معاملہ ہے۔

حکایت کردن: شرح حال بیان کرنا۔

سرگذشت خود راحکایت کرد: اس نے اپنی شرح حال بیان کی۔

عجب حکایتی است: عجیب داستان ہے۔

حکایت گوُ: داستان گو۔

حکایت نویس: افسانہ نگار، ناول نگار۔

marfat.com

حکایہ:(ع)حکایت۔

حکک:(ع)(۱)سفید پتھر (۲)کوتاہ قد عورت جو چلتے ہوئے کندھے ہلاتی ہے۔

حُکم:(ع)فرمان، ارشاد

حُکم اعدام:سزای موت۔

حکم صادر کردن:حکم جاری کرنا۔

حکم نظامی:فوجی فرمان۔

حَکَم:(ع)ثالث۔

حِکَم:(ع)جمع حکمت۔

حُکَما:(ع)حکیم کی جمع، دانشمند، فلسفی۔

حکم بردار:حکم پر تعمیل کرنے والا، مخلص اطاعت گزار۔

حکم برداری:حکم پر عمل کرنا، اطاعت گزاری فرمانبرداری۔

حِکمَت:(ع)دانائی، دانشوری، فلسفہ، حق کے مطابق کام، کسی امر کا صحیح اور درست ہونا، علمای اسلام کی اصطلاح میں حقائق اشیا کے علم سے عبارت ہے اس کی دو قسمیں بتائی گئی ہیں حکمت علمی اسے حکمت نظری بھی کہتے ہیں اس میں حسب ذیل علوم شامل ہیں۔

علوم مابعدالطبیعیات:علم الٰہی، فلسفہ، علم ریاضی، علم موسیقی، علم طبیعی، علم جمادات، نباتات، حیوانات، طب اور نجوم۔

حکمت عملی:میں علم سیاست، تدبیر خانہ داری، تہذیب الاخلاق شامل ہیں۔

کسی نکشود و نکشاید بحکمت این معمارا:اس معمے کو کوئی علمی یا عملی دانائی سے حل نہ کرسکا، نہ حل کرتا ہے۔

حکمت آمیز:جس میں دانائی ہو۔

گفتار حکمت آمیز:دانشمندی کی باتیں۔

حُکمران:فرمانروا، حاکم، گورنر۔

حُکمرانی:حکومت۔

حکم فرما:حکمران، حکم دینےوالا۔

حُکمنامہ:لکھا ہوا فرمان۔

حُکمی:یقینی۔

حَکَمِیّت:ثالثی۔

حکمیت کردن:فیصلہ کرنا۔

حُکُومت:(ع)فرمانروای، حکمرانی۔

حکومتِ جمہوری:عوام کی منتخب حکومت۔

حکومت محلّی:لوکل گورنمنٹ، مقامی حکومت

حکومت مشروُطہ:آئینی حکومت۔

حکومت مُطلقہ:خود مختار حکومت۔

حکومت نظامی:فوجی حکومت، مارشل لا۔

دارُالحکومت:دارالسلطنت۔

حکّہ:(ع)خارشِ بدن۔

حکِیم:(ع)فلسفی، دانا، دانشمند، طبیب۔

حکیم دندان:دندان ساز، دانتوں کا معالج۔

حکیم طبیعی:طبیب۔

حکیم علی الاطلاق۔۔حکیم مطلق:خداوند تعالی۔

حکیمانہ:دانائی سے، دانشمندی سے۔

حکیم باشی:سربراہ طبیبان۔

حکیم خانم:لیڈی ڈاکٹر۔

حکیمی:طبابت کا کام یا پیشہ۔

حکیمی:حکمت یا دانای سے متعلق۔

حَل:(ع)کھولنا، واضح کرنا، مشکل امر کو آسان کرنا، ملنا، مخلوط ہو جانا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

حل شدن: کسی چیز میں مل جانا، مخلوط ہوجانا۔

حل مشکلاتِ شمامشکل است: تمہارے مسائل کو سلجھانا مشکل ہے۔

حِلّ: (ع) بریت، برأت، چھٹکارا، نجات، اعلان نجات، عفوگناہ۔

حِل کردن: معاف کردینا۔

حلّاج: (ع) پنبہ زن، دُھنیا، روی دھننے والا۔

حلاجت: (ع) پنبہ زنی، رویٔ دُھننے کا پیشہ۔

حلاجی: رویٔ دھننے کا کام یا پیشہ۔

حُلاحِل: قوم کا سردار، دلاور بزرگ۔

حلاّف: (ع) بہت قسمیں کھانے والا۔

حلاّق: (ع) حجام، سلمانی، آرائش گر۔

حلاقہ: (ع) حجام کا پیشہ۔

حلال: (ع) (۱) جائز، روا، مباح، شرعی نظر سے جو چیز جائز ہو، (۲) معاف۔

حق خود را باو حلال کردم: میں نے اپنا حق اسے دے دیا۔

حلّال: حل کرنے والا۔

حلال مشکلات: مشکلات کا حل کرنے والا۔

حلال زادِگی: جائز اولاد۔

حل المسائل: (ع) مسائل کی کلید، مسائل کا حل۔

حلال وار: شرعی نقطہ نظر سے۔

حلاوَت: (ع) منھاس، شیرینی، مسرت، خوشی۔

حلائل: (ع) حلیلہ کی جمع، ازواج، بیویاں۔

حَلَب: (ع) شیر، دُودھ۔

حَلَب: (ع) ملک شام کا مشہور شہر جو شیشے کے کام کے لیے مشہور ہے۔

حلبی: (ع) شہر حلب سے منسوب، اہل حلب، حلب کی بنی ہوئی چیز۔

حلبی: (ع) سفید رنگ کی دھات کی تھالی جو لوہے اور قلعی سے تیار کی جاتی ہے، ٹین کی چادر۔

حلبی ساز: ٹین کے برتن بنانے والا، لوہے کی تھالیوں کو قلعی کرنے والا، تانبے یا لوہے کے پتلے برتن بنانے والا۔

حلزُون: (ع) گھونگا، سفید مہرہ۔

حلزُون گوش: (ع) کن گھونگا، کان کے اندر کا پیچ در پیچ جوف۔

حَلزُون الاذن: (ع) کان کے اندر کا پیچ در پیچ جوف۔

حلف: (ع) قسم، عہدو پیمان، معاہدہ۔

حَلفاً: (ع) قسمیہ۔

حُلفَا: (ع) حلیف جنھوں نے قسم اٹھائی ہو اور باہم معاہدہ کیا ہو۔

حلف نامہ: قسم نامہ، حلف اٹھانے کی تحریر۔

حلق: (ع) گلا۔

حَلق افشاری: گلا گھونٹنا۔

حَلقوم: (ع) گلا، گلے کی نالی۔

حَلقہ: (ع) (۱) چھلا، انگوٹھی (۲) مہر (۳) گھیرا، دائرہ (۴) احاطہ (۵) ہک (۶) کانٹا مچھلیاں پکڑنے کا (۷) گھنگریالے بالوں کی زلف۔

حلقہ زلف راباز کرد: اس نے گھنگریالے بالوں والی زلف کھولی۔

حَلقہ بگوش: اطاعت گزار، غلام، بندہ، کسی زمانے میں غلاموں کے کانوں میں حلقہ یا چھلا ڈال دیتے تھے۔

حلقہ بگوشی: غلامی، اطاعت گزاری۔

حلقی: حلق سے نکلنے والے الفاظ کی آواز۔

حلَل: (ع) گلیاں محلے، مجلس، لوگوں کے جمع ہونے کے مقامات۔

marfat.com

حُلَل:(ع)حُلہ کی جمع، کپڑے نیز اسلحہ دیکھیے حُلہ۔
حِلم:(ع)عجزو انکسار، نرمی، ملائمت، بردباری، صبر (حلوم جمع)۔
حُلم:(ع)نیند، خواب، احلام جمع۔
حَلَمَہ:(ع)سرپستان، دودھ کی بوتل کی چُسنی (۲)کرم۔
حَلو:(ع)شیریں، لذیز۔
حَلوا:(ع)شیریں غذا جو آٹے، گھی اور چینی سے تیار کی جاتی ہے۔
از حلوا حلوا گفتن دہن شیریں نمی شود:زبانی حلوا حلوا کہنے سے منہ میٹھا نہیں ہوتا۔
گُل حلوا:مرغ کی کلغی کی طرح کا پھول۔
حلواگر:حلوائی۔
حلوا ماہی:ایک قسم کی مچھلی۔
حُلوان:(ع)عطا و بخشش جو کسی کی خدمت کے صلے میں کی جائے۔
حلوای:حلوا بنانے والا، حلوا فروش۔
حُلوُل:(ع)ظاہر ہونا، نمایاں ہونا، داخل ہونا، وارد ہونا، پہنچنا۔
حلوُل۔کردن:داخل ہونا۔
حُلہ:(ع)چُغہ، لباس، عبا، قبا، خلعت، لباس جو کسی خاص منصب کے لیے مخصوص ہو۔
حِلی:زیورات، زینت۔
حلیب:(ع)(۱)تازہ دودھ (۲)کھجور کی شراب۔
حلیّت:(ع)حلال ہونا، روا ہوا۔
حلِیت:(ع)(۱)خلاصی، آزادی (۲)بخشش، نجات، معافی، رخصت۔
حلِیت خواستن:معافی چاہنا، رخصت چاہنا۔
حلِیت:(ع)زیور، زینت، صورت ظاہر۔

حلیف:(ع)باہم معاہدہ کرنے والے ایک دوسرے کے حلیف ہوتے ہیں، ہم پیمان (حُلفا جمع)۔
حَلیل:(ع)شوہر (احلًا جمع)۔
حَلیل:(ع)حلال، روا۔
حَلیلہ:(ع)بیوی، زوجہ (حلائل جمع)۔
حَلیم:(ع)بردبار، متحمل مزاج۔
حَلیم:(ع)خوراک جو گوشت اور گندم وغیرہ سے تیار کی جاتی ہے۔
حلیمہ:(ع)بردبار عورت، وہ خاتون جس نے حضرت رسول کریم(ص)کو دودھ پلایا تھا۔
حَلیّہ:(ع)زیور، زینت، زینت زنان و مرداں۔
حُمّا:(ع)حمی، تپ، بخار> حمیات جمع۔
حِما:(ع)نگہداری، دفاع کرنا۔
حمّاد:(ع) بہت حمد کرنیوالا۔ بہت زیادہ تعریف و توصیف کرنے والا۔
حِمار:(ع)گدھا۔
حماری:گدھے سے متعلق، بے وقوف، گدھا، احمق۔
حَماسَت:(ع)دلیری، شجاعت، توانائی، جوش، ولولہ۔
حماسہ:(ع)رزمیہ نظم۔
حماسہ سرا:رجز خواں، رزمیہ نظم پڑھنے والا۔
حماسہ سرای:رزمیہ شاعری۔
حُمّاض:(ع)سرخی مائل بادامی رنگ۔
حَماقت:(ع)بے وقوفی، نادانی، بے عقلی۔
حَماقت آمیز:احمقانہ۔
کلمات حماقت آمیز:احمقانہ باتیں۔
حمال:(ع)حمل کی جمع، بوجھ۔
حمّال:(ع)باربردار، مزدور، قلی۔
حُمّال:(ع)شہتیر، چھت یا پل کی ذاٹ، گرڈر۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

حمالی: باربرداری، بارکشی۔

حمالی مفت: دوسروں کے لیے بے فائدہ محنت کرنا۔

حمام: (ع) غسل خانہ، نہانے کا مقام۔

حمام کردن: نہانا، غسل کرنا

چند وقت می روید بحمام: آپ کتنے بجے نہانے کے لیے حمام جاتے ہیں۔

حَمام: (ع) کبوتر، حمائم و حمامۃ، جمع۔

حِمام: (ع) موت، مرگ۔

حمام: (ع) گھوڑے اور اونٹ کا بخار۔

حمامچی: حمام قائم کرنے والا۔

حمامہ: کبوتر۔

حمامی: حمام کا مالک۔

حمایَت: (ع) مدد، نگہبانی، محافظت۔

حمایت گر: حامی، حمایت کرنے والا۔

حمایل: (ع) حمائل، تلوار لٹکانے والی پیٹی، کندھے پر لگانے والی پیٹی۔

حمایہ: (ع) حمایت۔

حمای: بخار سے متعلق۔

حمد: (ع) تعریف، مدح، ثنا، خداوند تعالی کی عظمت بیان کرنا۔

حَمدان۔۔۔حَمدُون: آلہ تناسل۔

حمدُونہ: (ع) بندر، میمون۔

حُمر: (ع) احمر کی جمع، سرخ۔

حُمُر: (ع) حمار کی جمع، گدھے۔

حَمرا: (ع) (۱) احمر کی مونث، سرخ رُو خاتون (۲) سخت سال قحط اور شدت گرما۔

حُمرہ: (ع) سرخی، سرخ رنگ، باد سرخ کی بیماری۔

حَمز: (ع) حِدّت، تیزی، تندی۔

حمزَہ: (ع) حضرت رسول کریم (ص) کے چچا کا نام۔

حمزَہ: (ع) درندہ شیر۔

حَمَس: (ع) ثابت قدمی، استواری، پختگی۔

حِمص: (ع) ملک شام کا شہر۔

حَمص: (ع) اتر جانا، زورکم ہونا، فرو ہو جانا، تہ نشین ہو جانا۔

حَمض: (ع) تیزابیت، کھٹاس، ترشی۔

حُمق: (ع) بے وقوفی، نادانی، حماقت۔

حُمَقا: (ع) احمق کی جمع، بے وقوف، جاہل لوگ۔

حَمل: (ع) بوجھ لادنا۔

حَمل: (ع) عورت کا بارور ہونا، امید سے ہونا، حاملہ ہونا۔

حَمل گرفتن- حمل داشتن: حاملہ ہونا۔

حمل و نقل: جہاز یا ریل گاڑی سے چیزیں لانا یا لے جانا

وسائل حمل و نقل: سامان لانے جانے کے ذرائع۔

حَمَل: (ع) بھیڑ کا بچہ، میمنا، بَرہ۔

حمَل: (ع) ایران کے شمسی سال کا موسم بہار کا پہلا مہینہ، حمل کو اب بدل کر اس کا نام فرور دین رکھ دیا گیا ہے۔

حَمَل: (ع) بارہ آسمانی برجوں میں سے برج اول منطقۃ البروج۔

حَملہ: (ع) دھاوا، چڑھائی، یورش۔

فرمان حملہ دادہ شد: چڑھائی کا حکم دے دیا گیا۔

حملہ آوردن۔۔۔حملہ بُردن: حملہ کرنا۔

حملہ دم: حبس دم، اشتداد، بھیڑ بھاڑ

حَمُوضَت: (ع) تیزابیت، ترشی، منہاس۔

حُمُول: (ع) حمل کی جمع، ڈولیاں، اونٹ جس پر ڈولی رکھی گئی ہو۔

marfat.com

حَمُول: (ع) بُرد باد شخص، صبر آزما، صابر، شکیبا۔

حَمُولہ: (ع) بارکش جانور، جانور جس پر بوجھ لادا جاتا ہے۔

حَمّوی: (ع) بخار سے متعلق۔

حَمّی: (ع) بخار، تپ۔

حمیات: (ع) حمی کی جمع۔

حَمیّت: (ع) مروت، غیرت، مردانگی، گرمجوشی، پرجوش جذبہ، ننگ وعار۔

باحَمیّت: باغیرت، با مروت، گرم جوش۔

بے حمیّت: بے غیرت، بے مروّت۔

حِمیّت: (ع) اس چیز سے پرہیز جو مریض کے لیے نقصان رساں ہوں۔

حَمید: (ع) قابل تعریف، اچھے اوصاف و اخلاق والا۔

حَمیدُالخِصال: (ع) اچھے اوصاف و عادات والا۔

حَمیدہ: (ع) مونث حمید، قابل تعریف، اچھے اوصاف والی خاتون۔

حَمیر: (ع) حمار کی جمع۔

حمیَر: (ع) عربوں کا ایک قبیلہ۔

حُمیرا: (ع) سرخ رُو عورت۔

حمیل: (ع) اٹھا لی گئ چیز، کوڑا کرکٹ، کاٹھ کباڑ جسے ندی بہا کر لے جاتی ہے۔

حَمیم: (ع) (۱) عزیز دوست، صدیق (۲) گرم پانی (احما جمع)۔

حِنا: (ع) مہندی۔

حنا بستن۔۔۔حنا گذاشتن۔۔۔حِنا نہادن: مہندی لگانا، حنا بندی کرنا۔

دست کسی را در حنا گذاشتن: کسی کو مشکل میں ڈالنا، کسی کو پریشان کرنا۔

گُل حنا: مہندی کے پھول۔

حنابلہ: (ع) حنبلی مسلک کے لوگ۔

حنا بندان: شادی کی تقریب میں عروس کی حنا بندی۔

حَنا جِر: (ع) جنجرہ کی جمع، گلے، حلق، حلقوم، وہ نالی جس سے سانس آتا جاتا ہے۔

حِناط: (ع) حنوط، لاش کو مسالہ لگا کر محفوظ کردینا۔

حنّاطی: (ع) گندم بیچنے والا۔

حَنان: (ع) رحمت، مہربانی، نرم دلی، رحم و کرم۔

حَنّان: (ع) ہمدرد، رحم دل، بہت مہربان، خداوند تعالی کا ایک صفاتی نام۔

حنّانہ: (ع) بہت آہ و زاری کرنے والا۔

استن حنّانہ: وہ ستون جس پر رسول کریم وعظ وخطبہ کے دوران سہارا لے لیا کرتے تھے وہاں حضور کے لیے منبر تعمیر کیا گیا، حضور کی مفارقت میں اس منبر نے بھی آہ و زاری کی۔

استنِ حنّانہ از ہجر رسول(ص)
نالہ می زد ہمچو اربابِ عقول

(مولوی روم)

حضور(ص) اس جہان فانی سے رخصت ہوئے تو وہ منبر جہاں حضور(ص) سہارا لیا کرتے تھے عقل مند لوگوں کی طرح حضور کی مفارقت میں رو دیا

حنبل: اہل سنت کے چار اماموں میں سے ایک ابو عبداللہ احمد بن محمد بن حنبل تھے جو ۲۴۱ھ میں فوت ہوئے، ان کے پیرو حنبلی کہلاتے ہیں۔

حنبل: پست قد شخص جس کا پیٹ بڑا ہو۔

حَنبلی: (ع) حضرت امام حنبل کے پیرو۔

حِنث: (ع) گناہ، سوگند کھا کر منکر ہو جانا۔

حنث قسم: (ع) عہدو پیمان کرکے رُو گردانی کرنا اپنی قسم کو توڑ دینا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

حَنجر۔۔حنجرہَ: (ع)گلا، حلق، نالی جو منہ کے آخر میں ہے اور آوازیں جس سے باہر نکلتی ہیں۔

حَند قوُق: (ع)(۱)درازقد (۲)مضطرب، احمق (۳)ایک بوٹی کا نام۔

حِنطۃ: (ع)گندم۔

حَنظل: (ع)نہایت تلخ پھل، اسے ہندوانہ بو جہل بھی کہتے ہیں۔

حُنفا: (ع)حنیف کی جمع، دین کی راہ میں ثابت قدم اور مستحکم۔

حَنفی: (ع)حضرت ابو حنیفہ کے پیرو، حنفی مسلک رکھنے والے۔

حَنق: (ع)غیظ و غضب کی شدت، کینہ ، دشمنی۔

حَنک: (ع)تھوڑی کے نیچے کا حصہ۔

حَنوط: (ع)مسالہ لگا کر لاش کو محفوظ کرلینا ، جس سے لاش اپنی اصلی حالت میں رہتی ہے۔

حَنوُن: مہربان، دلنواز، مشفق۔

حنِیف: (ع)راسخ العقیدہ مسلم۔

حَنیفہ: ابو حنیفہ، چار مسلمان اماموں میں سے ایک جن کے پیرو حنفی کہلاتے ہیں۔

حَنِین: (ع)(۱)نالہ وزاری (۲)مہرو شفقت، دلی اشتیاق، آرزو، تمنا۔

حُنَین: (ع)مکۂ مکرمہ اور طائف کے درمیان ایک شہر۔

حَوا: (۱)حضرت آدم کی زوجہ (۲)سبزی مائل سیاہ یا سیاہی مائل سرخ رنگ، حضرت حَوا ہابیل اور قابیل کی والدہ تھیں۔

حواجِب۔۔حواجیب: (ع)حاجب کی جمع،ابرو۔

حوادِث: (ع)حادثہ کی جمع، ناگہانی واقعات، سانحات، مثال:

زتند باد حوادث نمی توان دیدن
درین چمن کہ گلی بودہ است یاسمنی

حادثات کی اتنی شدید باد مخالف چلی کہ پھلے پھولے چمن تباہ ہوگئے حالت بہ ہوگئ کہ معلوم نہیں گلاب کے پھول کہاں تھے اور چنبلی کے پھول کہاں تھے، حافظ شیرازی نے امیر تیمور کے حملے سے متاثر ہو کر یہ شعر کہا تھا۔

حواری: (ع)مخلص دوست، حضرت عیسی کے دوستان مخلص۔

حواریون: حواری کی جمع۔

حواس: (ع)حاسہ کی جمع، حسیّن۔

حواس خمسہ: پانچ حسیّں یا پانچ قوتیں، قوت باصرہ، دیکھنے کی قوت، **قوت سامعہ:** سننے کی قوت، **قوت ناطقہ:** بولنے کی قوت، **قوت شامہ:** سونگھنے کی قوت، **قوت لامسہ:** چھونے کی قوت۔

حواس پرَت: پریشان حال، حواس باختہ۔

حواس پرَتی: حواس باختگی، پریشان حالی۔

حواشی: (ع)حاشیہ کی جمع، صفحے کے نیچے خالی جگہ جہاں بعض اضافی باتیں لکھی جاتی ہیں۔

حواصِل: (ع)بگلا۔

حوافِر: حافر کی جمع، زمین کھودنے والے۔

حوالہ: (ع)سپردگی،کسی کے سپرد کی گئ چیز۔

حوالہ: (ع)منی آڈر، چیک، ہنڈی، کاروبار کی گفتگو مندوب، نمایندہ، (حوالجات جمع)۔

حوالت بخدا کردیم و رفتیم: تمہیں خدا کے سپرد کرتے ہیں اور رخصت ہوتے ہیں۔

حوالہ کردن: چیک دینا وصولی کے لیے۔

حوالی: (ع)اطراف و جوانب، اردگرد۔

marfat.com

حوائج: (ع)حاجت کی جمع، ضرورتیں۔

حوائل: حائل کی جمع، رکاوٹیں۔

حُوت: (ع)ایک بڑی مچھلی، ایک برج آسمانی کا نام۔

حُوت: (ع)ایران قدیم کے کیلنڈر کے سال شمسی کا آخری مہینہ جسے اب اسفند کا نام دیا گیا ہے۔

حُوتُ الأحمر: طلائی رنگ کی مچھلی۔

حوجَن: (ع)سرخ پھول۔

حُور: (ع) سیاہ آنکھوں والی خوبصورت خاتون، خوبصورت بہشتی خاتون (حورا جمع)۔

حَوراء: (ع)سیاہ چشم خوبصورت خاتون۔

حُورالعَین: سیاہ آنکھوں والی خوبصورت خاتون حُور جنت۔

حُور پیکر: حور جیسے جسم والی خاتون، زیبا و رعنا

حُور سَرِشت: حور جیسی فطرت والی۔

حَوزِہ: (ع)گردونواح، اطراف، وسط علاقہ، تعلقہ، حد، رقبہ، پھیلاؤ، بسط دائرہ عمل، حلقہ رسوخ نیز بمعنی طبیعت۔

حَوزہ: (ع)انجمن، گروہ۔

حَوزہ انتخابیہ: انتخاب کرنے والوں کی جماعت۔

حَوش: (ع)گرداگرد، احاطہ، چاردیواری، اطراف خانہ، چاردیواری۔

حَوصِلہ: (ع)صبرو استقلال، ہمت، استقامت، باحوصلہ: باہمت، باتحمل۔

حوصِلہ: (ع)پرندوں کا پوٹا،۔ چینہ دان۔

حوصلہ دار: باہمت، صاحب استقلال۔

حَوض: (ع)چھوٹا تالاب۔

حوض کوثر: جنت کا چشمہ۔

حوض خانہ: گھر کے ایک حصے میں بنا ہوا چھوٹا تالاب۔

حوضِہ: نشیبی زمین۔

حَوقَلہ: لاحَول وَلا قُوۃَ اِلاَّ باللہ کہنا۔

حَول: (ع)طاقت، توانای، قدرت، نظر کی تیز حرکت، احوال جمع۔

حَوَل: بھینگا پن، کج بینی۔

حَول و حَوش: نواح شہر،گرد و نواح۔

حَولِہ: (ع)تولیا۔

حولہ ای: تولیا بنانے کے لیے موزوں۔

پارچہ حولہ ای: تولیا بنانے کے لیے موزوں کپڑا

حولی: (ع)احاطہ، کورٹ یارڈ

حومِہ: (ع)وسعت، فراخی، کشادگی، نواح شہر شہر کے ارد گرد کا علاقہ۔

حَومِہ: (ع)کسی چیز کا اہم حصہ۔

حوَمِہ نشین: نواح شہر میں رہنے بسنے والے۔

حَی: (ع)(۱)زندہ (۲)محلہ، قوم، قبیلہ، احیا جمع۔

الحیّ: خداوند تعالی۔

حي لایَموُت: غیر فانی۔

حَی: (ع)آؤ، پہنچو۔

حَیّ علی الصّلوۃ: آؤ یا جلدی کرو نماز کے لیے۔

حیا: (ع)شرم، حجاب، غیرت، کم روئی۔

حَیات: (ع)زندگی۔

حیات ابدی: غیر فانی زندگی، ہمیشہ رہنے والی زندگی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

حیات داشتن۔۔۔درحیات بودن: زندہ ہونا۔

حیاتش وفا نکرد: اس کی زندگی نے وفا نہ کی

حیات و ممات: زندگی اور موت۔

مادام الحیات: جب تک زندگی ہے۔

حیاتی: قوت حیات، جو زندگی کے لیے ناگزیر ہو جو قوت حیات کا مرکز ہو۔

حیادار: باحیا۔

حِیازت: (ع)حاصل ہونا، مالک ہونا، فراہم کرنا۔

حِیاض: (ع)حوض کی جمع۔

حِیاط: (ع)احاطہ، دیوار دارفضا، کورٹ یارڈ۔

خانہ او حیاط بزرگی دارد: اس کے گھر کا احاطہ وسیع ہے۔

حِیاکت۔۔۔حیاکَہ: (ع)بافندگی، کپڑا بننے کا کام۔

حِیتان: (ع)حوت کی جمع، مچھلیاں۔

حَیث: (ع)لحاظ، پاس، طرف۔ جہت، مکان، جگہ۔

ازہر حیث کامل بود: وہ ہر لحاظ سے مکمل تھا

من حیثُ القَوم: قومی لحاظ سے۔

من حِیثُ المجموع: مجموعی طور سے۔

حیثِیّت: (ع)(۱)وضع، اسلوب، طورطریق، ڈھنگ (۲)لیاقت، اہلیت، صلاحیت، استعداد، ناموری، اثر ونفوذ، شہرت، سطوت، وقار۔

حیدَر: (ع)شیر، حضرت علی(رض)کا لقب۔

حیران: (ع)پریشان، دنگ، سرگشتہ، سرگردان، متعجب۔

حیرانی: پریشانی، سرگردانی، تعجب۔

حَیرت: (ع)سرگردانی، حیرانی، تعجب۔

از شنیدن آن حَیرت کردم: یہ سن کر مجھے حیرانی ہوئی۔

حَیرَت افزا: حیران کن، تعجب خیز۔

حیَرت زدہ: حیران، پریشان، متحیّر، متعجب۔

حیِّز: (ع)جگہ، رسائی، حد، جہت، مقام۔

این از حَیِّزامکان بیرونست: یہ بات ناممکن ہے، یہ امکان کی حد سے باہر ہے۔

حَیزُوم: (ع)سینے کے درمیان، گھوڑے کے سینے کے درمیان وہ حصہ جہاں تنگ باندھتے ہیں۔

حَیص: (ع)رخ بدلنا، ایک طرف کو ہو جانا برگشتہ ہونا۔

حَیص بیَص: (ع)الجھن، حیرت، تحیّر، الجھاؤ، پیچیدگی، دقت، تشویش، اضطراب، مخمصہ، پریشانی۔

در حیص و بیص گیر کردہ ام: مجھے الجھن درپیش ہے۔

حَیض: (ع)عورتوں کی ماہواری۔

حِیطان: (ع)دیواریں، جمع حائط۔

حِیطِہ: (ع)(۱)احاطہ (۲)رسائی (۳)حلقہ اثر، دخل۔

بحیطۂ تصرف آوردن: اپنے قابو میں لے لینا۔

حَیف: (ع)(۱)افسوس، مقام افسوس، ناانصافی (۲)ظلم و ستم، جور و تعدی۔

حیف ومیل کردن: خورد بُرد کرنا، غبن کرنا، خیانت کرنا۔

حِیَل: (ع)حیلہ کی جمع، تدابیر، چارہ گری۔

حِیلِہ: (ع)تدبیر، تصرف، قدرت، توانائی۔

حیلہ: (۱)مکرو فریب، چالاکی، دھوکا، عیاری، مکاری۔

او حیلہ ای کرد کہ از دست ایشان خلاص شوم: اس نے تدبیر کی کہ ان کے ہاتھ سے نجات پاؤں۔

marfat.com

حیلہ ساز:حیلہ گر۔

حِین: (ع)وقت، عرصہ، اثنا، دوران۔

درحین گفتگو: گفتگو کے دوران، (احیان جمع)

حِینا بعد حِین: (ع)وقت وقت سے۔

حَیوان: (ع)جانور۔

حَیوانِ ناطق: سوچ کے مطابق بولنے والا، انسان۔

حیوان غیر ناطق: جانور۔

حیوانات اہلی: پالتو جانور۔

حیواناتِ خزندہ: رینگنے والے جانور۔

حَیوان پرَست: حیوانوں کی پوجا کرنے والے۔

حیوان شِناس: جانوروں کا علم رکھنے والے، ذوآلوجسٹ (انگ)۔

حیوان شناسی: جانوروں کا علم، ذوآلوجی۔

حَیوانی: حیوان کے متعلق۔

حیات حیوانی: (۱)حیوانوں کی زندگی (۲)وحشت و درندگی۔

حیَوانیَت: حیوانوں کی فطرت، حیوانوں کی سی عادت رکھنا، وحشت ، درندگی، ہوس پرستی۔

حیوی: (ع)حیّی سے متعلق، زندہ۔

حَیّہ: سانپ، مار۔

حَیِیّ: (ع)باشرم، باحیا۔

(خ)

خ-فارسی ایجد کا نواں، اردو کا دسواں اور عربی کا ساتواں حرف ہے ایجد کے لحاظ اس کے ۶۰۰ عدد ہیں۔

خا: عربی میں حرف "خ" کا تلفظ۔

خا: خائیدن = چبانا سے فعل امر چباؤ۔

خا: (۱)شانہ، کندھا (۲)برتن یا گڑھا جس میں گندا پانی جمع ہو جاتا ہے۔

خابِط: (ع)بے سوچے سمجھے چل پڑنے والا۔

خاتام: انگشتری، انگوٹھی خواتیم جمع

خاتِل: (ع)فریب دینے والا، دغاباز، دھوکے باز۔

خاتِم: (ع)مُہر، ڈبیا، لکڑی کی اشیا جن کو ہاتھی دانت کی اشیا سے مزّین کیا ہو۔

خاتِم: آخری، انجام ہر چیز کا، کسی سلسلے کو ختم کرنے والا۔

خاتِم الانبیا: آخری بنی جن پر نبوت کا سلسلہ ختم ہوا، حضرت رسول کریم(ص)۔

خاتمُ النّبییِن: (ع) خاتِم الانبیا، حضرت رسول کریم(ص)

خاتم کاو: پچی کاری کرنے والا۔

خاتِمہ: (ع) انجام، اخیر، عاقبت، آخری حصہ، انتہا۔

ازخاتِمہ معروض میدارد: آخر میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

خاتمہ دادن: ختم کرنا، انجام کو پہنچانا۔

خاتِمہ: (ع) التوا، ملتوی کرنا، ختم کرنا۔

جلسہ را خاتمہ دادند: جلسہ ملتوی ہو گیا۔

خاتمہ کلام: کلام کا آخری حصہ۔

خاتمہ نمائش: ڈرامے کا آخری حصہ۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

خاتمہ یافتن یا پذیرفتن: نتیجے پر پہنچنا، خاتمہ ہونا۔

نطقش را خاتمہ داد: اس نے اپنی تقریر ختم کردی۔

خاتولہ: مکر، فریب۔

خاتون: عورت، معزز عورت، خواتین جمع۔

خاج: صلیب، دار جس پر حضرت عیسیٰ(ع) کو لٹکایا گیا تھا، چلیپا۔

خاج پَرَست: مسیحیان، عیسائیٰ۔

خاج شوران۔۔۔خاج شویان: کرسمس، مسیحیوں کی تقریب جس میں وہ حضرت عیسیٰ(ع) کی صلیب کو پانی میں دھوتے ہیں، حضرت عیسیٰ(ع) کی عید تجلی۔

خاخام: یہودیوں کا عالم، حبر۔

خاد: مادہ کوا، کوّی۔

خادِر: (ع) سست، کاہل۔

خادِع: (ع) دھوکے باز، فریبی۔

خادِم: (ع) خدمت گزار، ملازم، فرمان بردار۔

خادِمہ: (ع) مونث خادم، ملازمہ۔

خادمیّت: خدمت گزاری، ملازمت، فرماں برداری۔

خادہ: سفیدے کی سیدھی لمبی لکڑی جو کافی سالوں کی کٹی ہوئی ہو اس سے بنی ہوئی چیز کو خادہ کہتے ہیں،

خاذِل: (ع) جو دوستوں کی مدد کرنے سے گریز کرتا ہے۔

خار: کانٹا، نیش، اضطراب، بے چینی۔

خار در جگر داشتن: بہت مضطرب ہونا۔

خاروخرم: تکلیف و راحت، خوش بختی و بدنصیبی

خار: **خاریدن مصدر**=کھجلانا سے فعل امر کھجلاؤ۔

خارکردن: الجھا دینا، بکھیر دینا۔

خارا: (۱)بہت سخت (۲)خاص قسم کا موج دار ریشمی کپڑا (۳)فن موسیقی کی ایک راگنی۔

سنگ خارا: سخت پتھر۔

خاراتراش: سنگ تراش۔

خارا گوش: ایک خود رو پودا ہے جس کے پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں، اس کی بو بہت تیز ہوتی ہے۔

خاراندن: خارانیدن، کھجلانا۔

اوعادتاً سرش را می خاراند: اس کی عادت ہے کہ وہ سر کھجلاتا رہتا ہے۔

خارآور: کانٹے پیدا کرنے والا، الجھن میں ڈالنے والا۔

خارای: سختی، چقماق یا سنگ مرمر کی خصوصیت۔

خاربار: خاروخس کا انبار۔

خاربَست: کانٹوں کی باڑ جو کھیتی یا کسی اور جگہ حفاظت کی غرض سے لگائی جائے۔

خاربُن: خاردار جھاڑی۔

خاربند: خاربست۔

خارپُشت: ایک چھوٹا سا جنگلی جانور جس کی جلد پر لمبے لمبے کانٹے ہوتے ہیں۔

خارِ پیراہن: وہ چیز جو آسائش میں رکاوٹ بن جائے۔

خارِ ترازُو: ترازو کی نوک جو صحیح یا غیر صحیح وزن کو ظاہر کرتی ہے۔

خارِج: (ع) باہر، الگ، بیرونی، خارجی، عجیب و غریب۔

اطوارِ خارج: عجیب و غریب طورطریقے۔

آنہادر خارج ایستادند: وہ باہر کھڑے ہو گئے۔

خارج ازقاعدہ: بے ترتیب۔

خارج از موضوع: موضوع سے الگ یا باہر۔

خارج شدن: باہر نکل جانا۔

خارج مذہب: مذہب کو چھوڑ دینے والا۔

خارِجاً: (ع) بیرونی صورت میں۔

marfat.com

خ ا ر

خارج آہنگ:بے سُرا ہو جانا۔

خارِجہ:(ع) غیر ملکی (خوارج جمع)۔

وزیر خارجہ:بیرونی ممالک میں اپنے ملک کی نمایندگی کرنے والا وزیر۔

اودرخارجہ تحصیل کردہ است:اس نے غیر ملک میں تعلیم پائی ہے۔

دولِ خارجہ:غیر ملکی حکومتیں۔

خارِجہ:(ع) نظر گیر، لفظ جو کسی ایسی جگہ لکھا گیا ہو جو دیکھنے والے کی نظر کو اپنی طرف کشش کرے۔

خارجی:(ع) غیر ملکی، بیرونی، اجنبی۔

خارجی:(ع)مسلمانوں کی ایک جماعت کے لوگ جو حضرت علی(رض) کی خلافت کے مخالف تھے۔

خارچنگ:(۱)خرچنگ، کیکڑا (۲)مرض سرطان (۳)کانٹا، وزن اٹھانے کی کل۔

خارچین:خاربست، کانٹوں کی باڑ۔

خارچینہ:موچنا جس سے زائد بال نوچے جاتے ہیں۔

خارخار:خارش، کھجلی، بے چینی، اضطراب، پریشانی۔

خارخار:مشکلات سے اٹا ہوا ہونا، لڑائی پر تلنا، تاؤ میں آنا، غصہ کرنا، رونگٹے کھڑے ہونا۔

خارخشک:گوکھرو، خاص قسم کا خاردار کانٹا۔

خارزار۔۔خارستان:خارستان وہ جگہ جہاں کانٹے ہی کانٹے ہوں۔

خارساں:خارستان:مثال:

ہمہ خارساں این سرای سپنج
کہ ہم نازو گنج است وہم درد و رنج

یہ عارضی قیامگاہ، خارستان ہے یہاں نازو انداز اور نعمت و گنج بھی ہے اور رنج واندوہ بھی۔

خارسر راہ:مانع، مزاحم، رکاوٹ پیدا کرنے والا۔

خارسُو:شوہر کی ہمشیرہ، نند۔

خارش:کھجلی کی بیماری۔

خارش دار:جسے کھجلی کی بیماری ہو۔

خارشتر:کانٹے یا کانٹے دار جھاڑیاں جنھیں اونٹ کھاتے ہیں۔

خارِق:(ع) ٹکڑے کرنے والا، پھاڑنے والا، توڑنے والا، خلاف، بالاتر۔

خارقِ طبیعت:فوق الفطرت، جو فطری قوتوں سے بالاتر قوت کا نتیجہ ہو۔

خارقُ العادہ:(ع) فوق الفطرت، معجزہ، کرامت۔

عملیات خارق العادہ:عجیب و غریب کام، غیر عادی کام۔

خارَک:(۱)چھوٹا کانٹا (۲)ایک قسم کی زرد رنگ کی کھجور جسے نرم ہونے سے پہلے توڑ کر خشک کرلیا جاتا ہو۔

خارکَش:کانٹے دار جھاڑیاں اٹھانے والا۔

خارکَن:کانٹے دار جھاڑیاں اٹھا کر لانے اور بیچنے والا مثال:

سرودِ خارکن از عندلیب نیست عجیب
کہ مدتی سروکارش نبودہ جز با خار
(فردوسی)

کانٹے دار جھاڑیاں لانے اور بیچنے والے کا سرود و نغمہ بلبل کے لیے تعجب خیز نہیں کیونکہ ایک مدت سے اس کا کاروبار بھی کانٹوں کے سوا اور کچھ نہ تھا، پھولوں کی عاشق زار بلبل کا بھی تو کانٹوں سے سابقہ رہتا ہے، کانٹوں سے سابقہ دونوں کی قدر مشترک ہے۔

خارماہی:مچھلی کا کانٹا۔

خارمِہك:ایک قسم کا کانٹے دار پودا جو سنگلاخ زمین

www.iqbalkalmati.blogspot.com

میں اگتا ہے۔

خارناک:کانٹوں بھرا۔

خارو:مچھلی کا کانٹا۔

خارہ:خارا، سخت، پتھر، سنگلاخ پہاڑ۔

خارہ:چھالا، آبلہ، گومڑا۔

خاریدن:کھجلانا، خارش کرنا۔

خاز:غلاظت، گندگی، کثافت، میل، گندہ جسم، گندے کپڑے۔

خاز:ایک قسم کا پتھر۔

خازف:(ع) بپھرا ہوا، سخت، متشدد، زبردست۔

خازق:(ع)(۱)ہدف پر جالگنا، نشانے پر لگنا، (۲)نیزے کی انی۔

خازن:(ع) خزانہ دار، خزانچی۔

خازنہ:(ع) بیوی کی بہن، سالی۔

خازُوق:(ع) بلی، کھونٹا جو حد بندی کے لیے گاڑا جاتا ہے، کھمبا جس کے ساتھ کسی شخص کو سزا کے طور پر باندھا جاتا ہے۔

خاست:خواستن مصدر= اٹھنا سے ماضی مطلق اُٹھا۔

خاستن:اٹھنا۔

خاستہ:اٹھا ہوا۔

خاسر:(ع)ہارا ہوا، جسے نقصان اٹھانا پڑا ہو، زیاں کار۔

خاسف:(۱)چشمہ جس کا پانی تہ نشین ہو گیا ہو (۲)کمزور جسم والا، مریض۔

خاش:(۱)پتلی قاش کسی چیز کی، کاغذ کا ٹکڑا (۲)عاشق شوریدہ (۳)بیوی یا شوہر کی والدہ، خوش دامن۔

خاشاک:کوڑا کرکٹ، ملبا۔

خاشع:(ع) عاجز، منکسرمزاج، اطاعت اور فروتنی کا اظہار کرنے والا۔

خاشک:خاشاک۔

خاشہ:خاشاک۔

خاشی:(ع) ڈرپوک، بودا، جھینپنے والا، شرماؤ شرمیلا۔

خاص:(ع) مخصوص، منفرد ،برگزیدہ، عام کی ضد۔

چایٔ طعمی خاص دارد:چائے کا مخصوص یا منفرد مزہ ہے۔

خاص کردن:مخصوص کردینا۔

خاص و عام:بڑا چھوٹا، ہر قسم کے لوگ۔

خاصان:(ع) خاص کی جمع، بلند مرتبہ لوگ۔

خاصۃً:خاص طور سے۔

خاصِرہ:(ع) انسان یا حیوان کے جسم میں کوکھ، کمر، پہلو، طرف۔

خاص کتان:عمدہ سنئ کا کپڑا۔

خاصگان:خاصہ کی جمع، خاصان، ذی مرتبہ لوگ۔

خاصگی:خصوصیت، شرافت۔

خاصہ:(ع)(۱)شریف، طبقہ امرا کارکن، افسر، (۲)ساز و سامان۔

خاصہ:(ع) خاص طور سے۔

خاصہ:(ع) خاص قوت یا اثر جو کسی چیز میں ہو، مخصوص چیز، کسی کے خویش و اقارب (خواص جمع)۔

خاصہ:(ع) خاصہ ململ۔

خاصہ تراش:خاص حجام، بڑا حجام۔

خاصِّیت:(ع)خصوصیت، خاص بات، امتیازی بات (خصائص جمع)۔

خاضع:(ع) عاجز، منکسر مزاج، اطاعت گزار، فرمان بردار، فروتن۔

خاطب:(ع)مانگنے والا، خواستگار۔

marfat.com

خاطِر:(ع) دل، دماغ، یاد، لیے، واسطے، وجہ۔

خاطر آمدن:یاد آنا۔

خاطر آوردن:ذہن میں لانا، یاد کرنا۔

خاطر جمع است:تسلی ہے، اطمینان ہے۔

خاطر داشتن:یاد رکھنا۔

آسودگی خاطر:امن و آسائش۔

آنرادر خاطر داشته باش:اسے دل میں جگہ دے۔

خاطر من او را بخشیدند:میری وجہ سے اسے معاف کردیا گیا۔

خاطر آزار:دل کو تکلیف دینے والا۔

خاطرِ آزاری:دلی تکلیف دینا۔

خاطرِ آزُرده:آزردہ خاطر، پریشان، پریشان حال۔

خاطر آشُفته:آشفتہ خاطر، پریشان حال۔

خاطرِ پدید:پسندیدہ، دل خوش کن۔

خاطر جمع:یقین۔

خاطر جمع ہستم که او در لاہور است:مجھے یقین ہے کہ وہ لاہور میں ہے۔

خاطر جمع شدن:یقین ہونا۔

خاطرِ جمعی:تسکین۔

خاطرِ خواہ:محبت کرنے والا، مشتاق۔

خاطرِ خواہی:عشق، محبت، اشتیاق۔

خاطر داری:تسکین، تسلی، آرام، تسلی دینا، آرام پہنچانا، غمخواری، دلداری۔

خاطِرنشان:دل نشین ہونا، آگاہی۔

خاطرنشان کردم که این کار خوب نیست:میں نے اسے آگاہ کردیا کہ یہ کام اچھا نہیں۔

خاطر نشین:دل نشین۔

خاطر نواز:دلنواز، مہربان، شفیق۔

خاطر نوازی:دلنوازی، شفقت،مہربانی۔

خاطِرہ:(ع) یاد، یاد آوری، یاد تازہ کرنا، گزرے ہوئے واقع کی یاد، عہد شباب کے گزرے ہوئے واقعات کی یاد

خاطِف:(ع)(۱)چھین لینے والا، لے جانے والا، جھپٹنے والا(۲)ایسی چمک دمک جو نگاہ کو خیرہ کردے، خواطف جمع۔

برقِ خاطف:چندھیا دینے والی بجلی۔

خاطی:(ع) خطاکار، گنہگار، مجرم۔

خاف:(ع) خراسان کے ایک شہر کا نام۔

خافِض:(ع) غرور توڑنے والا، نیچا دکھانے والا، جھکانے والا، پست کردینے والا، خوار کرنیوالا۔

خافِق:(ع) (۱)لرزنے والا، ڈگمگانے والا (۲)افق، آفاقی، دائرہ نظر۔

خافقان۔۔خافقین:(ع) مشرق و مغرب، خاور و باختر۔

خافی:(ع)مخفی کیا ہوا، پوشیدہ، چھپایا ہوا، (خوافی جمع)۔

خاقانی:(۱)مشہور قصیدہ گو شاعر (وفات ۱۱۸۰) (۲)خاقان سے منسوب۔

خاک:(۱)مٹی، زمین، علاقہ، مُلک، (۲)عاجزی (۳)قبر۔

خاک حاصل خیز:زرخیز زمین۔

خاک در ترازوی کسی افکندن:کسی کو برا بھلا کہنا، سخت سُست کہنا، بد زبانی کرنا، طعن و تشنیع کرنا، تضحیک کرنا، مذاق اڑانا۔

خاک زُغال:راکھ کوئلوں کی۔

خاک ضعیف:انسان۔

خاک عالم برسرم:افسوس ہے مجھ پر۔

خاکم بدہن:میرے منہ میں خاک، بے ادبی کے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کلمات پر مجھے معاف کر دیجیے۔

بخاک آمدن: پیٹھ لگنا (پہلوان)۔

بخاک سیاہ نشاندن: تباہ کردینا۔

بخاک مذلت نشاندن: ذلیل و رسوا کرنا۔

بخاک یکسان کردن: خاک میں ملادینا، تباہ کردینا۔

خاک آلود: مٹی سے بھرا ہوا۔

خاک انداز: بیلچہ، کڑچھا۔

خاک بازی: بچوں کا کھیل جو وہ مٹی سے کھیلتے ہیں۔

خاک برسر: اذیت میں مبتلا، عاجز ہو جانا، تشویش میں پڑنا، مغموم ہونا۔

خاک برلبَ: خاموش، خاموشی۔

خاک بیز: (۱) گلیاں وغیرہ صاف کرنے والا (۲) چھلنی، غربال۔

خاکپا: پاؤں تلے روندی ہوئ مٹی، نہایت مسکین عاجز، خاکسار، ناچیز۔

خاکدان: کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ۔

خاک رَند: گردو غبار۔

خاکروب: جھاڑو دینے والا۔

خاکروبی: جھاڑو دینے کا کام۔

خاکریز: بند، پُشتہ، جہاں خاک گرائ گئ ہے۔

خاکریزی: مٹی کا کام، مٹی سے بھرنا۔

خاکزاد: انسان جو خاک سے پیدا ہوا ہے۔

خاکسار: بندہ، ناچیز، عاجز۔

خاکساری: عاجزی، عجز و انکسار۔

خاکسان: مٹی کی مانند، عاجز، فرومایہ۔

خاکِستَر: راکھ۔

خاکِستری: راکھ کی مانند۔

خاکستری رنگ: راکھ کا سا رنگ۔

خاکشُور: (۱) وہ شخص جو سونے یا چاندی کے ذرات حاصل کرنے کے لیے اس راکھ کو دھوتا ہے جہاں سونے چاندی کو پگھلایا گیا ہو (۲) کسان، کاشتکار۔

خاک صِفت: عاجز، منکسر مزاج شخص۔

خاک کش: مزدور جسے مٹی اٹھانے کے کام پر لگایا گیا ہو۔

خاک مال: مٹی یا ریت سے صاف کیا ہوا۔

خاک مال کردن: مٹی یا ریت سے صاف کرنا۔

خاک نشین: زمین پر بیٹھنے والا، عاجز، مسکین۔

خاک نہاد: جس کی بنیاد خاک پر ہے، انسان، عاجز۔

خاکہ: کوئلوں کی راکھ، ہر نرم اور خاک کی مانند چیز۔

خاکہ: ڈھانچا

خاکی: خاک سے منسوب، مٹی کا بنا ہوا، جو چیز مٹی کے رنگ کی ہو، کنایہ ہے عاجز و فرومایہ کا۔

خاک نہاد: خاک زاد، انسان۔

خاگ: انڈا، تخم مرغ۔

خاگِینہ: گھی میں تلا ہوا انڈا، آملیٹ وغیرہ اسے خایگینہ بھی کہتے ہیں۔

خال: تل جو خوبصورتی کا نشان ہوتا ہے سیاہ نقطہ مثال۔

گرہمہ مردم و ملک خال شوند بردرت
دامن عزت ترا گرد زوال کی رسد

اگر سب انسان اور فرشتے آپ کے در پر نقطوں کی طرح جمع ہو جائیں تو آپ کی عزت کے دامن پر زوال کا غبار نہیں پڑسکتا۔

خال: (ع) ماموں، خالو۔

خال اُقلی: خالقلی (ت)، ماموں کا بیٹا۔

خالِب: فریبی، مکار۔

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

خال خال: نقطہ دار، جس پر چھوٹے چھوٹے داغ پڑے ہوں۔

خالِد: (ع) جاوید، ہمیشہ، دائم، جاودانی۔

خالدار: جس کے چہرے پر تل کی صورت میں خوبصورتی کا نشان ہو، جس پر چھوٹے چھوٹے داغ ہوں۔

خالِص: پاک صاف، جس میں کسی قسم کی آلائش یا ملاوٹ نہ ہو۔

خالصاً: (ع) مخلصانہ، خلوص سے۔

خالصانہ: خلوص کے ساتھ۔

ادعیہ خالصانہ: مخلصانہ دعائیں۔

خالِصجات: حکومت کی ملکیت۔

خالِصہ: (ع) خالص، خالص کی تانیث، حکومت کی ملکیت۔

خالِف: (ع) بیکار، فضول (۲) سیدھا سادہ، سادہ لوح، بے وقوف، نادان، ناعاقبت اندیش، ضعیف العقل۔

خالِق: (ع) پیدا کرنے والا، پروردگار، آفریدگار، خداوند تعالیٰ۔

خالقیّت: تخلیقی قوت، الوہیت، خدائی

خالِقِین: خالق کی جمع، تخلیق کرنے والے، بنانے والے۔

تبارَكَ اللهُ أحسَنُ الخالِقِين: تعریف ہے اس خدا کی جو سب سے زیادہ بہتر خالق ہے۔

خالقزی: (ت) ماموں کی بیٹی۔

خال کوُب: جسم پر گدائی کرنے والا۔

خال کُوبی: گدائی۔

خالم: سانپ، افعی۔

خالو: ماموں۔

خالو لنجان: خولنجان، ہندوستان میں اُگنے والے ایک درخت تنبُول کی جڑ جس سے دوا تیار کی جاتی ہے۔

خالی: (ع) تہی، جس میں کچھ نہ ہو۔

خالی از معنی: جس سے کچھ معنی نہ نکلتے ہوں جس میں کوئی حِسؔ نہ ہو۔

درظرفِ دو روز شہررا خالی کردند: دو دن کے عرصے میں انھوں نے شہر خالی کردیا۔

ظروف خالی: خالی برتن۔

خالی دماغ: تہی مغز، خالی الذہن۔

خام: کچا، ناخالص، ناصاف، ناتجربہ کار۔

خام پُخت: جو اچھی طرح پکانہ ہو۔

اُو جوان خام است: وہ ناتجربہ کار جوان ہے۔

خیالات خام: فضول خیالات۔

خیالات خام پختن: ہوائی قلعے بنانا، ہوائی گھوڑے دوڑانا، فضول امیدیں لگانا۔

طمع خام: بے بنیاد خواہش، بے حقیقت تمنا۔

کارخام: نامکمل کام، کام جو ناتجربہ کاری کا نتیجہ ہو۔

خام: قلم، نے، نرسل۔

خامِد: (ع) خاموش، ساکت، بے حرکت۔

خامدَست: ناتجربہ کار، تازہ کار جسے اپنے کام میں مہارت نہ ہو۔

خام رائے: ناپختہ خیال یا رائے۔

خام ریش: احمق، بے وقوف۔

خامِس: (ع) پانچواں۔

خامِسِ آل عبا: حضرت امام حسینؓ کا لقب۔

خامساً: (ع) پانچواں۔

خامسُوز: گوشت کا ٹکڑا جو آگ پر رکھنے سے جل گیا ہو یا سیاہ ہو گیا ہو۔

خامُش: خاموش۔

خامُشی: خاموشی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

خام طبع:نادان۔

خام طبعی:نادانی۔

خام طمع:بے بنیاد خواہشات رکھنے والا۔

خام طمعی:بے بنیاد خواہشات رکھنا۔

خامکار:ناتجربہ کار، خام دست۔

خامِل:خامِن(ع) گمنام، بے نام و نشان، فرومایہ، بے قدر۔

خامُوش:چُپ، ساکت، بجھ جانا۔

آتش خاموش است:آگ بجھ گئ ہے۔

او حرف زد خاموش ماندیم:اس نے بات کی ہم خاموش رہے۔

چراغ امیدش خاموش شد:اس کی امیدوں کا چراغ گُل ہوگیا ، وہ ناامید ہوگیا۔

عَطشِ مرا خاموش کرد:اس نے میری پیاس بجھادی۔

خامُوشان:خاموش کی جمع، چپ چاپ لوگ۔

وادی خاموشان:قبرستان۔

خامُوشاندن...**خاموشانیدن**:چُپ کرانا۔

خامُوشیدَن:چپ ہو جانا۔

خامِہ:(۱)قلم، نے، نرسل (۲)انداز۔

خامِہ:کچی ریشم۔

خامہ:بالائ جو دودھ کے اوپر آتی ہے۔

خامہ:ریت کا انبار۔

خامہ دان:قلمدان۔

خامہ ران:مصنف،لکھنے والا.

خامی:ناپختگی، ناتجربہ کاری۔

خامی کردن:بے تدبیری کرنا۔

خامیازہ:خمیازہ، انگڑائ۔

خان:منگول بادشاہوں کا لقب تھا ، مثلاً چنگیز خان، قبیلے خوانین جمع۔ کے سردار کا لقب

خان:(۱)کاروانسرا ے (۲)خانہ (۳)رائفل (۳)شہد کی مکھیوں کا چھتا.

خاندان:خانوادہ، کنبہ، گھربار۔

خانزادہ:خان کا بیٹا، معزز شخص کا فرزند۔

خانفرد:سردیوں کاموسم گزارنے کا گھر، تابستانی گھر۔

خانِع:اوباش، عیاش، مشتبہ، مشکوک۔

خانِق:(ع) (۱)گلاگھونٹ کر مار دینے والا (۲)تنگ راستہ، تنگ کوچہ۔

خانِقُ الذِّئب:(ع) ایک پودا جس کی شاخیں باریک اور لمبی اور پتّے اس کے چنار کے پتوں جیسے ہوتے ہیں، اس کو قاتل الذئب بھی کہتے ہیں۔

خانقاہ:درویشوں کی جگہ، صومعہ۔

خانگاہ:خانقاہ، جہاں مشائخ اور درویش جمع ہوتے ہیں اور عبادت کرتے ہیں۔

خانگی:گھریلو، گھر سے متعلق۔

خانم:خان کی مونث، معزز خاتون، عورتوں کا لقب احترام، بیوی۔

خانُمان:گھر، کنبہ، خاندان، اہل و عیال۔

بی خانُمان:بے گھر، جس کا کوئ پُرسان حال نہ ہو۔

خانُمان سُوز:گھر کو برباد کرنے والا، گھر کو تباہ کر دینے والی چیز۔

خانُمان نگون کن:گھر برباد کرنے والا۔

خانُم رئیس:لیڈی پرنسپل یا ہیڈ مسٹرس۔

خانُم کوچُولُو:محبت، مذاق یا حقارت سے کسی نوجوان عورت کو کہنا۔

خانوادِگی:خاندان، کنبہ، گھر۔

marfat.com

طبیب خانوادگی:خاندانی ڈاکٹر۔

خانوادِہ:خاندان، کنبہ، گھر، اہل و عیال۔

خانوار:خاندان، کنبہ، جو ایک گھر میں زندگی بسر کرتے ہیں، جگہ، مقام، منزل، نشیمن۔

خانہ:گھر

ملّای روم:مولانائے روم، مولانا جلال الدین رومی (وفات ۶۷۲ھ)

رومال:کپڑے کا بنا ہوا ٹکڑا جس سے ہاتھ منہ پونچھ لیتے ہیں

رومان:مفرس رومَینس عشقیہ افسانہ یا نظم

رومانی:عشقیہ

رومانی:رومی

رومانیہ:ملک رومانیہ

رُومی:روم سے متعلق

رومی:محراب، چھت دار محراب

marfat.com

رومیا:(انگ) ایک قسم کا رقص
رومی بچگان:آنسو
رومی خوی:رومی مشرب، رومی طور طریقے کا، متلون، تغییر پذیر
رُومیزی:میز پوش
رومیہ:روم کی سلطنت
رومیۃ الصغری:روم خورد
رومیۃ:الکبری، روم کبیر
رُون:آزمائش، امتحان، تجربہ
رون:وجہ، سبب، باعث، دلیل
رُوناس:مجیٹھ، ایک قسم کا پودا جو ترکی میں پایا جاتا ہے اس پودے سے رنگ بنتا ہے
روَند:روش، رفتار
روندِہ:جانے والا، سفر کرنے والا، سالک، مسافر، روندگان جمع
رَونق:(ع) آب و تاب، چمک دمک، جلا، حسن و زیبائی
رونق شمشیر:تلوار کی آب و تاب
رُونما:تحفہ جو دلہن کو اس وقت دیا جاتا ہے جب وہ چہرے سے پردہ ہٹاتی ہے
رُونوِشت:نقل
رونوِیس:نقل نویس
رونویسی:کسی تحریر کی نقل تیار کرنا
رووّاز:روباز، بے نقاب
رؤوس:(ع) بڑے بڑے عنوانات
رؤوف:(ع) رؤف، مہربان، شفیق
رُوِہ:بیرونی حصہ، اوپر کا حصہ، چوٹی
رُوہِنی:فولاد، شمشیر جوہردار
رُوی:چہرہ، سطح، وجہ
روی:رو، رفتن= جانا سے فعل امر جا، جاؤ (برو)
روی:جست، دھات
پنبہ روی:زنک اوکسائیڈ
تُوتِیای روی:زنک سلفیٹ
رُوی:اوپر، سطح
از روی انصاف:انصاف کی بنا پر
در رُوی:سطح پر
روی ہم رفتہ:اوسطاً، بالآخر
کتاب روی میزاست:کتاب میز پر ہے
روی:(ع) گھرا بادل جس سے بہت زیادہ بارش ہو
رُویا:خواب، عالم خواب
در عالمِ رویا دید:خواب کی حالت میں دیکھا
رُویا:اگنا، نشو و نما پانا
رُویاروی:چہرہ بہ چہرہ، رُودررو، روبرو
رُویاندن:اگانا، پودے وغیرہ کی نشوونما کے لیے دیکھ بھال کرنا
روی اندُود:جس پر جست کی تہ چڑھی ہو
رویانِیدن:اگانا (پودے کا)
روی بند:روبند، نقاب
رُوئت:(ع) دیکھنا، مسائل پر غور و فکر
روئت ہلال:نئے چاند کو دیکھنا
روئیتی:فوری ادائیگی،
رویداً:نرمی سے، آہستگی سے
روی داد:روداد، سرگزشت، کیفیت حال
روی دادن:اتفاق ہونا، ظاہر ہونا، واقع ہونا
روِیدن:رفتن، جانا
روِیز:رائے، ظن، عقیدہ
رُوی زرد:زرد رنگ
روی شِناس:رو شناس
روی گر:جست کی چیزیں بنانے والا
رومال:رومال

www.iqbalkalmati.blogspot.com

رُویَنده: اگنے والا، نشو و نما پانے والا

روی نما: شبِ زفاف میں دولھا کی طرف سے دلہن کے لیے تحفہ

رُویّہ: روش، انداز، طریقہ

رُویہ: جست، تانبا

رُویہ: رو، صورت، چہرہ، شکل، کسی چیز کی ظاہری صورت

رویہ مغز: غشای دماغی، مغز پوش جھلی

رُوییدن: پودوں کا اگنا

رُوییدنی: اگے ہوئے پودے، اگنے کے قابل، جن کی نشو و نما ہو سکے

روییدہ: اگے ہوئے

رویین: پیتل کا بنا ہوا

رویین تن: پیتل کے جسم والا، مضبوط، مستحکم، اسفندیار کا لقب

رویین چنگ: پیتل جیسے پنجوں والا شکاری پرندہ

رُوییِنہ: پیتل

رہ: راہ، راستہ، طریق، قاعدہ، رسم و روش، آہنگ و نغمہ

رہا: (ع) وسیع، فراخ جگہ

رہا: آزاد، بے قید

رہابنہ: (ع) جمع رہبان

رہان: (ع) شرط باندھنا، نیز رہن

رَہاندن، رہانیدن: رہائی دینا، آزاد کرنا، چھوڑ دینا

رَہاو: رباب، موسیقی کی ایک سُر

رہ آورد: راہ آورد، سفر سے لایا ہوا تحفہ، سوغات

رَہائی: آزاد ہونا، نجات، خلاصی

رہائی دادن: رہائی دینا، بچا لینا

رہائی یافتن: بچ جانا

رہائی بخش: رہائی دینے والا

رہای جا: پناہ گاہ

رہایش: رہائی

رَہَب: (ع) ڈرنا، خوف کھانا

رُہبان: (ع) تارک الدنیا، درویش، راہب کی جمع پارسا، مسیحی عابد

رَہبان: (ع) بہت ڈرنے والا

رہبانیّت: (ع) دنیا کو ترک کر دینا، خلوت گزینی، طریقہ راہب

رہبَت: (ع) خوف، ڈر

رہبَر: رہنما، ہادی

رہبری: رہنمائی، ہدایت

رہ بسیج: مسافر، راہرو

رہ پَیما: مسافر، راہرو

رہرَو: راہرو، مسافر

رہرو آنست کہ آہستہ و پیوستہ رود: مسافر وہ ہے جو آہستہ اور مسلسل چلتا رہے

رہرَوان: رہرو کی جمع، آہستہ چلنے والے، سفر کرنے والے، پارسا، سالکان

رہروان طریقت: تصوف و عرفان کے مسلک پر چلنے والے، مسافران طریقت

رہزن: چور، ڈاکو، راستے میں لوٹنے والا

رہَط: (ع) تین سے دس لوگوں کی جماعت یا گروہ

رہَق: (ع) (۱) نادانی، سبکی (۲) فتنہ انگیزی

رہگذار: رہگذر، راستہ، گزرگاہ

رہگوی: نغمہ سرا، مطرب، مغني

رہگیر: (۱) رہزن (۲) سیاح، مسافر

رہل: سب سے نیچے کی یعنی اندر کی جھلی جس میں

marfat.com

جنین محفوظ ہوتا ہے، غلاف جنین

رَہن: (ع) قرض لینے کے لیے اپنی کوئی چیز قرض کی واپسی تک دینا

رہن گذاشتن: رہن رکھنا

رہ نشین: فقیر، گدا

رہنُما: رہبر، راستہ دکھانے والا، رہبری کرنے والا

رہنمائی: رہبری، راستہ دکھانا

رہنمون: رہنما

رہنمونی: رہنمائی

رہن نامہ: کوئی چیز رہن رکھنے کا تحریری معاہدہ

رہ نوَرد: مسافر

رَہنی: کوئی چیز رہن رکھنا

اموال رہنی فروختہ خواہدشد: جو چیزیں رہن رکھی تھیں وہ بیچ دی جائینگی

رہُو: (ع) آہستہ چلنا

رہُو: طرز، روش، طریقہ، قاعدہ

رہوار: تیز رفتار سوار

رہور: تیز رفتار سوار

رہور: راہوار

رہُون: (ع) رہن کی جمع

رہی: راہی، مسافر

رہی: غلام، نوکر

رہیدن: رہائی پانا، نجات حاصل ہونا

رہیدہ: نجات یافتہ، رہاشدہ

رہیق: (ع) خمر، شراب، بادہ

رہین: (ع) مقروض، جس نے کوئی چیز رہن رکھی ہو

رہینہ: (ع) رہن، معاہدہ رہن، گروی

ری: ایران کا شہر

ری: (۱)کثرت (۲)ایک مخصوص وزن

ریا: (ع) منافقت، دھوکا، فریب

ریاح: (ع) ریح کی جمع، خوشبوئیں

ریاحین: (ع) ریحان کی جمع

ریاسَت: (ع) حکمرانی، فرمانروائی، صدارت، نظامت، اقتدار، اختیار، سرداری، حکومت

ریاستِ جمہُور: جہاں جمہوری حکومت ہو

ریاست کردن: حکومت کرنا، صدارت کرنا

ریاستِ مجلِس: صدارت جلسہ

دوسال بر آنہا ریاست کرد: اس نے دو سال ان پر صدارت کی، وہ دو سال تک ان کا فرمانروا رہا

ریاش: (ع) ریش کی جمع، ڈاڑھیاں

ریاض: (ع) روضہ کی جمع، باغات، پارسا لوگوں کے مقبرے

ریاضَت: (ع) زہد، نفس کشی، محنت، مشقت

ریاضت کشیدن: زہد و تقوی، زندگی گزارنے کے لیے نفس کشی کرنا

اہل ریاضت: ریاضت کرنے والے، پارسا لوگ

ریاضت کش: ریاضت سے زاہدانہ زندگی بسر کرنے والا

ریاضتی: (ع) ریاضت کرنے والا

ریاضی: علم حساب

ریاضیات: (ع) ریاضی کی جمع

ریاضی دان: علم حساب جاننے والا

ریاکار: دھوکے باز، مکار، فریبی، منافق،

ریاکارانہ: منافقانہ، دھوکا بازی سے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ریاکاری: منافقت، مکاری، فریب کاری، عیاری۔

ریال: سکہ جس کی قیمت مختلف اسلامی ممالک میں مختلف ہے، ریال دس= ایک تومان (ایران)۔

ریان: (ع) سیراب، تروتازہ، شاداب جسے پانی دیا گیا ہو۔

ریاوَرز: ریاکار، مکار، فریبی، منافق۔

ریای: جس کی فطرت میں ریاکاری ہو۔

رَیب: (ع) شک، گمان۔

رَیبُ الزّمان: تغییر حالات، انقلابات، نیرنگیاں، نشیب و فراز۔

لاریَب: (ع) بلاشک و گمان۔

ریباس: ایک پودا جس کے پتے سلاد کے طور بھی کھائے جاتے ہیں اور پکا کر بھی، اس کے ذائقے میں ترشی ہوتی ہے۔

رئیت: ریہ، پھیپھڑا۔

رئیتَین: پھیپھڑے۔

ریچار: محفوظ کیا گیا پھل مربا۔

ریچال: بیہودہ گوئی، بد زبانی۔

ریح: (ع) ہوا، سانس، نفس، خوشبو، ریاح جمع، معدے کی ہوا۔

ریحان: (ع) ایک خوشبودار پودا، نازبو، خوشبودار گھاس، سبزہ، مثال:

وقتی دل سودای می رفت بہ بُستانہا
عیش و طرب آوردی ہر لالہ و ریحان را

میرا سودای دل مجھے چمن زاروں میں لے گیا اور لالہ اور نازبو کے خوشنما رنگ اور دلفریب خوشبو سے عیش و طرب کی کیفیت پیدا ہو گئی۔

ریحانِ کُوہی: سفید رنگ کا نازبو۔

ریحانہ: (ع) نازبو کے پھولوں کا گلدستہ۔

رِیخ: فضلہ، گوبر، براز۔

رِیخت: (۱) شکل و صورت، وضع قطع (۲) گِرا، گرا پڑا۔

رِیختگی: ریزش، گرنا۔

رِیختَن: چھڑکنا، گرانا، بہانا، بکھیرنا، انبار لگانا، حملہ کرنا۔

ازہم ریختن: بکھر جانا۔

اشک ریختن: آنسو بہانا۔

این کار آبروی آن ریخت: اس کام نے اس کی عزت گنوا دی۔

این مجسمہ را ریختہ اند: یہ مجسمہ گرا دیا ہے۔

خون ریختن: خون بہانا، قتل کرنا۔

دُزدان برسرِاو ریختند: چوروں نے اس پر حملہ کر دیا۔

طرح ریختن: نقشہ بنانا، بنیاد رکھنا۔

فروریختن: بکھیرنا۔

ہمہ کارہا اُو برمن ریخت: اس نے میرے لیے کاموں کا انبار لگا دیا سب کام اس نے مجھ پر ڈال دیے۔

ریختنگاہ: دریا کا منبع، دہانہ۔

رِیختہ: (۱) گرا ہوا، بکھرا ہوا (۲) ڈھلی ہوئی دھات۔

اشیاریختہ اند از برِنج: چیزیں پیتل کی بنائی گئی ہیں۔

رِیختہ گر: دھات کی چیزیں بنانے والا۔

رِیختہ گری: دھات کی چیزیں بنانے کا کام۔

رِیخن: جسے اسہال آتے ہوں۔

رِیخو-رِیغو: اسہال کی بیماری۔

marfat.com

رِیدَن: اِجابت ہونا، حاجت ہونا۔

رِیز: (۱) بہت چھوٹی چیز عمدہ۔

ریز باریدن: بوندا باندی ہونا۔

ریز کردن: ریزہ ریزہ کرنا۔

ریز بِین: خوردبین۔

این پارچہ را خیلی ریز بافتہ اند: یہ کپڑا بہت عمدہ بُنا ہوا ہے۔

رِیزِش: (۱) تراوش (۲) پرُ گوئ، فضول گوئ (۳) زکام نزلہ (۳) گرنا بکھرنا۔

ریزش خاک (یاکوہ): مٹی یا پہاڑ پر سے پھسلنا۔

ریزش مُو: بالوں کا گرنا۔

رِیزِگی: ریزہ ریزہ، پارہ، پارہ۔

ریزناک: جو چیز آسانی سے توڑی موڑی جاسکے۔

رِیزَندِگی: ریزش۔

رِیزِہ: بہت چھوٹا سا۔

رِیزہ چِین: خوشہ چیں، ریزہ خور، مفت خور، طفیلی۔

ریزہ خوار: دستر خوان پر سے گری پڑی چیز کھانے والا۔

ریزہ خوان: باکمال گانے والا، نرم نرم طریقے سے بات کا آغاز کرنے والا۔

ریزہ کار: نقاشی کرنے والا۔

ریزہ کاری: نقش و نگار بنانا۔

رِیزی: چھوٹی سی۔

رِیزی: تراوش، ٹپکنا۔

رِیزِیدَن: ریختن، گرنا، بکھرنا۔

رِیژ: (۱) جہاں مٹی کے انبار ہوں (۲) آرزو، ہوا و ہوس۔

رِیژ خُو: بوالہوس۔

رَیس: (ع) ٹہلنا۔

رِیس: بٹا ہوا دھاگا

رِیس: ریستن= کاتنا سے فعل امر، کاتو۔

رِیساندَن: کسی سے کتوانا۔

رِیستن: کاتنا۔

رِیستہ: کاتا ہوا۔

رِیسمان: رسّی، دھاگا، نخ۔

ریسمان باز: رسی پر چل کر یا اچھل کود کر کرتب دکھانے والا۔

ریسمان باف: رسی بٹنے والا۔

رِیسمانی: رسی سے متعلق۔

رِیسَندِہ: کاتنے والا۔

رِیسیدن: ریستن، کاتنا۔

رِیش: ڈاڑھی۔

ریشِ بُز: بکرے کی ٹھوڑی کے بال۔

ریش پیش کسی داشتن: کسی دوسرے کی اطاعت اختیار کرنا۔

ریش تراشیدَن: ڈاڑھی ترشوانا، ڈاڑھی منڈوانا۔

ریش در آسیاب سفید کردن: اپنے آپ کو ناتجربہ کار ثابت کرنا، چکی کے کام میں بال سفید کرنا، دھوپ میں بال سفید کرنا۔

ریش در آوردن: ڈاڑھی رکھنا۔

ریش گذاشتن: ڈاڑھی رکھنا۔

ریش نداشتن: ڈاڑھی نہ رکھنا۔

بہ ریش کسی چسپیدن: اپنی حاجت بر آری کے لیے کسی دوسرے سے التماس کرنا۔

رِیش: زخم۔

رِیش کردن: مجروح کرنا، زخمی کرنا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ریش ریش: پارہ پارہ۔

ریش بابا: ایک قسم کے انگور کو کہتے ہیں جیسے انگور ریش بابا۔

ریش تراش: حجّام، سلمانی۔

ریش تراشی: حجامت کرنا، ڈاڑھی بنانا، ڈاڑھی مونڈنا۔

ریشتہ۔ رشتہ: دھاگا، نخ۔

ریشچہ: چھوٹی چھوٹی ڈاڑھی۔

ریشخَند: بہلانا، پھسلانا، فریب دینا، خوشامد کرنا، چاپلوسی، استہزا، مضحکہ اڑانا۔

ریشخَند کردن: چاپلوسی کرنا، مضحکہ اڑانا، بہلانا، پھسلانا۔

ریش دار: زخمی، مجروح۔

ریش ریش کردن: چیر پھاڑ دینا، زخمی کردینا۔

ریش سفید: بوڑھا شخص جس کی ڈاڑھی سفید ہو۔

ریش سفیدی: بڑی عمر۔

ریش گاو: احمق، بیوقوف،

ریشم۔ابریشم: نرم اور ملائم تار جو ایک خاص قسم کے کیڑے کے لعاب سے حاصل ہوتی ہے سلک۔

ریشمال: بے عزت، دیوث۔

ریشناک: زخمی، مجروح۔

ریشُو: ڈاڑھی والا۔

ریشہ: جڑ، نس، تار، شاخ، اصل، نسل۔

ریشہ دندان: دانت کی جڑ۔

ریشہ دواندن: جڑ پکڑنا۔

ریشہ کندن۔از ریشہ در آوردن: جڑ سے اکھاڑنا۔

ریشہ دار: جڑ والا۔

ریشہ کَن: جڑ اکھاڑنے والا، جڑ سے اکھڑا ہوا۔

ریشہ کنی: جڑ سے اکھاڑنا۔

ریشیدن: زخم آنا۔

ریشیدہ: جسے زخم لگا ہو۔

رَیع: (ع) افزائش، افزونی، غلہ وغیرہ کی پیداوار بڑھنا۔

رَیع کردن: بڑھانا۔

رَیعان: (ع) بہترین حصہ، نباتات کی فراوانی

ریعانِ جوانی: اوائل جوانی۔

رَیع دار: رَیع ناک، جس سے کچھ زیادہ حاصل ہو، زیادہ پیدوار دینے والا، حاصل خیز۔

ریغ۔راغ: دامن کوہ۔ چراگاہ۔

ریغ: اسہال، دست۔

ریغ زدن: دست آنا۔

ریغال: قدح، جام۔

ریغماسی: کمزور، ناتواں، بیمار۔

ریغُو: جسے اسہال آرہے ہوں۔

ریف: سیراب اور شاداب زمین۔

ریق: (ع) لعاب، آب دہن۔

ریقُو: ریغُو۔

ریکاشہ: خارپست۔

ریگ: ریت۔

ریگ بہ کفش خود داشتن (محاورہ): بے حاصل کام کرنا۔

marfat.com

ریگ پُشتہ:ریت کا انبار:

ریگ رواں:چمکتی ہوی ریت جو بہتے پانی کی طرح نظر آتی ہے۔

ریگ زار:ریگستان۔

ریگ سار:جہاں ریت ہی ریت ہو۔

ریگ شُو:ریگ شُور، ریت سے مانجا ہوا برتن۔

ریگ شور کردن:ریت سے مانج کر چمکانا۔

ریگمال:ریت مل کر صاف کیا ہوا۔

ریگمال کردن:ریت مل مل کر صاف کرنا۔

ریگمالی:ریت سے صاف کرنا۔

ریگ ماہی:چھپکلی۔

ریگی:رتیلی۔

ساعتِ ریگی:ریت گھڑی۔

ریل:ریلوے، راہ آہن۔

درزِریل:ریل کی پٹڑی کے جوڑ میں جو تھوڑا سا فاصلہ رکھا جاتا ہے۔

ریل کشیدن:ریل کی پٹڑی بچھانا۔

رِیم:پس، پیپ، کثافت۔

رِیمِ آہن:لوہے کا خارجی مادہ، زنگ۔

ریمِ چشم:آنکھ کی گد۔

ریمِ گوش:کان کا میل۔

رِیما:گینڈا، کرگدن۔

رِیماز:نرم لطیف لباس۔

رِیم آلود:جسے پیپ لگی ہو، کثیف، غلیظ۔

رِیم آوَر:جس میں پیپ پڑی ہو۔

رِیمَن:گندا، پلید، کثیف۔

رِیمہ:ریم، گوشہ چشم کی گد۔

رِیو:فریب، دھوکا، مکر۔

رِیواز:انصاف، دلیل، وجہ۔

رِیواس:دیکھیے ریباس۔

رِیوَند:ریوند چینی۔

رُبِّ ریوند:وہ لاکھ جس سے زرد رنگ نکلتا ہے۔

عصارَہ ریوند:ریوند کا نچوڑ۔

رِیوَہ:مکرو فریب۔

رِیہ:پھیپھڑا۔

رِیہ دار:پھیپھڑا دار۔

رِیختن:گرانا، بکھیرنا۔

رئیس:سردار، ڈائریکٹر، مینیجر، پریذیڈنٹ، صدر، چیئرمین، امیر۔

رئیسِ اِدارہ:صدر ادراہ۔

رئیسِ ایل:قبیلے کا سردار۔

رئیسِ ایستگاہ:سٹیشن ماسٹر۔

رئیس بانک:بنک مینیجر۔

رئیس تشریفات:تقریبات کا ناظم۔

رئیس جمہور:صدو جمہوریہ۔

رئیس خانوادہ:گھرانے کا بزرگ۔

رئیس دانشکدہ:کالج کا پرنسپل۔

رئیس دانشگاہ:چانسلر۔

رئیس دستہ دُزداں:چوروں کا سردار۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

رئیس شہربانی: سپرنٹنڈنٹ پولیس۔

رئیس کمیساریہ: مجسٹریٹ۔

رئیس مجلس: صدر مجلس۔

رئیس الوُزَرا: وزیر اعظم۔

رئیس وقت: وقتی صدر۔

رئیسہ: رئیس کی مونث۔

ز

ز- فارسی ابجد کا تیرھواں، عربی ابجد کا گیارہوں اور اردو کا سولھواں حرف ہے۔ ابجد کے اعداد کے اعتبار سے اس کے سات عدد ہیں اسے کبھی ج، ژ اور ع سے بدل دیتے ہیں۔ "ز" از کا مخفف ہے بمعنی سے۔ مثال:

بجام ساغرِ ما قطرہ ای نمی افتد

اگر نشاط ببارد ز آسمان بی تو

اگر آسمان سے مسرتوں کا بادل بھی برسے لیکن اگر تو نہیں تو میرے جام میں ایک قطرہ بھی نہیں پڑیگا۔

شمیثر نیک ز آہن بد چون کند کسی: عمدہ تلوار ناقص لوہے سے کیونکر بنائی جاسکتی ہے۔

"ز" کا الحاق: دوسرے لفظوں سے اس طرح ہوتا ہے۔

زان- ازآن: اس سے۔

زُو-ازاو: اس سے۔

وز، و از اور۔۔۔سے۔

زا-زائیدن: پیدا کرنا، آگے لانا سے فعل امر، آگے لاؤ، پیدا کرو۔

قطرہ را فیض اوست طوفان زا

ذرہ را مِہرش آفتاب نما

ایک قطرہ بھی ہو تو اس کے فیض سے وہ طوفان پیدا کردیتا ہے، ایک ذرہ خاک بھی ہو تو وہ اس کی بخشش سے آفتاب کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔

زاب: وصف، کیفیت، خاصیت، صفت۔

زاب: پیشدادی خاندان کا ایک بادشاہ۔

زاُبل: (۱) ایران کے صوبہ سیستان کا شہر جسے پہلے نصرت آباد کہتے تھے (۲) سیستان کے ایک قبیلے کا نام (۳) ایرانی موسیقی کی ایک سُر۔

زاُبلِستان: سیستان کا علاقہ، رستم کا وطن۔

زابُلی: زابل سے متعلق۔

زابیدَن: واضح کرنا، شرح کرنا، وصف بیان کرنا، خاصیت بتانا۔

زاپاس: (۱) ذخیرہ محفوظ رکھنا، محفوظ رکھی ہوئی چیز۔

زاج: جس میں گندھک کا عنصر ہو، پھٹکڑی، زاجی نمک جس میں پھٹکڑی ہو، پھٹکڑی سے بنے ہوئے مرکبات۔

زاج: جس عورت نے ابھی ابھی بچے کو جنم دیا ہو، سات دن تک اس کو زنِ زاج کہتے ہیں۔

زاجِر: (ع) زجر کرنے والا، تنبیہ کرنے والا، کسی کام سے باز رکھنے والا، سمجھانے والا۔

زاج سُور: بچے کی ولادت کی تقریب۔

زاجِہ: نومولُود بچہ۔

marfat.com

زاجی: پھٹکری سے ملتا جلتا۔

زاج: زاجہ، دیکھے زاجِ۔

زاحِف: (ع) رینگنے والا، رینگ کر چلنے والا۔

زاخِر: (ع) (سمندر کی لہروں کا) طوفان کے بعد اٹھنا اور گرنا، اتار چڑھاؤ، مجازاً شریف، فیاض۔

زاد: خوراک کا سامان جو سفر میں ساتھ لے جاتے ہیں۔

زاد: مخفف زادہ، بچہ، پیدائش، اولاد۔

زادبُوم: وطن، مادر وطن، وہ جگہ جہاں کوئی پیدا ہو۔

زادِگی: ولادت، پیدائش۔

زادن- زاییدن: جنم دینا۔

زاد خور: بوڑھا شخص، کمزور، ناتواں۔

زاد سرو: سرو آزاد۔

زاد مرد: آزاد شخص، جوانمرد، کریم۔

زاد و ولد: آل اولاد، افزائش نسل۔

زاد و بود: جائے ولادت، مسکن، سرمایہ، سامان۔

زادِہ: جو پیدا ہوا ہو۔

شاہزادہ: بادشاہ کا بیٹا، زادہ کی جمع زادگان۔

زادہ مریخ: لوہا۔

زار:اندوہگین: درد انگیز، ضعیف، لاغر، ناتواں۔

ای کہ ہیچ نشنیدی نالہ ہائ زارم را: آہ کہ تونے میری درد ناک آہ و فغان کو نہیں سنا۔

کارش زار است: اس کی حالت نازک ہے۔

زار: لاحقے کے طور پر بھی آتا ہے، وہ جگہ جہاں کوئی چیز کثرت سے ہو مثلاً: لالہ زار، خارزار، گلزار۔

زار تشت-زرتشت: پارسیوں کے مذہب آتش پرستی کا بانی، اسے زرتشت بھی کہتے ہیں۔

زارج- زِرِشک: ایک قسم کا پودا، جس کے چھوٹے چھوٹے زرد اور سرخ پھول ہوتے ہیں۔

زار خوار: خوار، پریشان حال۔

زار خورش: جو کم غذا کھانے کی وجہ سے کمزور ہو۔

زار زار: درد مندی سے آہ و زاری کرنا، آٹھ آٹھ آنسو رونا۔

زارِع: (ع) زراعت کرنے والا، کھیتی باڑی کرنے والا، کاشتکار۔

زارکُش: جسے بڑے تشدد سے قتل کیا گیا ہو۔

زار کُش کردن: تشدد سے قتل کرنا۔

زار و نَزار: کمزور، ضیعف، لاغر۔

زارِہ: گریہ و زاری۔

زاری: آہ و زاری، فریاد و فغان۔

زاری کردن: درد مندی سے رونا۔

زاری: زخمی ہونا، مصیبت، قہر، آفت، دکھ درد، مایوسی، نا امیدی، دل شکستگی، عاجزی، رونا

زارِیدن: رونا، آہ و زاری کرنا، فریاد فغان کرنا، شیون یا نوحہ کرنا۔

تاکی زاری و اشکِ تلخ می باری؟: کب تک تو روے گا اور درمندی سے آنسو بہائیگا؟۔

زاسَر- زاں سُوتر: تھوڑا سا اُس طرف، کچھ فاصلے پر۔

زاغ: کوا۔

زاغ: زاج، پھٹکڑی۔

زاغ چشم: نیلی آنکھ، چشم آبی رنگ۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

زاغ کمان: کمان کا ایک کونا جسے زاغ کمان کہتے ہیں۔

زاغپا: کنایہ ہے طعنہ، ملامت، سرزنش کا۔

زاغ چشم: جس کی آنکھیں نیلگوں ہوں۔

زاغچہ: کوّے کا چھوٹا بچہ، چھوٹا کوا۔

زاغ دل: سیاہ دل، سنگدل، بے رحم۔

زاغر: چینہ داں، پرندے کی پوٹ۔

زاغ زبان: سیاہ زبان، بد زبان۔

زاغ زن: پھٹکڑی اور نمک کے ذریعے چمڑا کمانے والا۔

زاغہ: سوراخ، پہاڑ کا غار۔

زاغی: جنگلی کوا، زاغ صحرائی، کوے کا بچہ۔

زافہ: خارپشت۔

زاق و زیق: بچوں کے رونے کی آواز۔

زاکان: ایران کا ایک شہر جہاں کا شاعر عُبید رہنے والا تھا۔ اس لیے اسے عبید زاکانی کہتے تھے۔

زاکون: قانون، قاعدہ، ضابطہ۔

زاکی: بے داغ، پارسا، زاہد۔

زاگ: زاج

زاگاب: سیاہی یا روشنائی جس سے لکھتے ہیں۔

زال: بوڑھا، ضعیف، رستم کے والد کا نام۔

زالذالك: آلوچہ، درخت آلوچہ۔

زال مدائن: اس عورت کا نام جس کا گھر نوشیرواں کے محل کے گوشے میں تھا محل تعمیر کرتے وقت نوشیرواں نے اسے اس مکان کے عوض بہت سی رقم دینا چاہی لیکن اس نے اپنا مکان کسی صورت فروخت نہ کیا، نوشیرواں نے ازراہ کرم اس کا مکان جوں کا توں رہنے دیا۔

زالو: جونک، خون چوسنے والی۔

زامیاد: ایرانی مہینے کا اٹھائیسواں دن۔

زان: سفیدے کے قسم کا اونچا درخت جس کے پتے چکنے اور چمکدار ہوتے ہیں۔

زان-ازآن: اس سے۔

زان پس- ازآن پس: اس کے بعد۔

زانکہ-ازآنکہ: چونکہ۔

زانو: گھٹنا۔

زانو بند: گھٹنے پر باندھنے کی پٹی۔

زانوبہ زانو نشستن: ساتھ ساتھ بیٹھنا، قریب بیٹھنا۔

زانو در آمدن: گھٹنوں کے بل زمین سے آلگنا۔

زانو زدن: گھٹنوں کے بل جھکنا۔

دو زانو نشستن: دو زانو ہو کر بیٹھنا۔

چہار زانو نشستن: آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔

قاب زانو: گھٹنے کی چپنی، کاسۂ زانو۔

زانی: (ع) زناکار۔

زانیج: وطن، مولد، مسکن، مرز بُوم۔

زانیہ: (ع) زانی کی مونث۔

زاو: (۱)شگاف، درہ کوہ (۲)قوی، زبردست، توانا۔

زاوَر: (۱) زہرہ سیارہ (۲) زورآور، قوی، زبردست۔

زاوَش: سیارہ مشتری۔

زاوَل: زابُل۔

زاولانہ: ہتھکڑی یا بیڑی جو مجرم کے پاؤں میں ڈالی جاتی ہے۔

زاولستان: زابلستان۔

زاووش: مشتری سیارہ۔

زاویتین: (ع) دو زاویے۔

زاویہ: (ع)گوشہ، کُنج۔

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

زاویہ حادثہ:نوے درجے سے کم کا زاویہ۔

زاویہ قائمہ:نوے درجے کا زاویہ۔

زاویہ منفرجہ:نوے درجے سے زیادہ کا زاویہ۔

زاویہ سَنج:پروٹریکٹر، جیومیٹری کا علم جاننے والا، پیمائش کا آلہ جس سے دور بین کے افقی اور عمودی زاویوں کی پیمائش ہوتی ہے۔

زاویہ سَنجی:زاویوں کی پیمائش کرنا۔

زاویہ کش:پروٹریکٹر (انگ)۔

زاویہ نشین:گوشہ نشیں۔

زاہِد:(ع)پارسا، عبادت گزار، پرہیزگار، خدا پرست۔

زاہِدان:سیستان کا شہر جسے قدیم زمانے میں دزد آب کہا جاتا تھا۔

زاہدانہ:پارسائی سے، عبادت گزاری سے، خدا پرستی سے۔

زاہدی:عبادت گزاری، پارسائی۔

زاہدی:کھجور کی ایک قسم جسے «خرمای زاہدی» کہا جاتا ہے۔

زاہِر:(ع) چمکدار، تاباں، درخشاں۔

زاہری:اچھی خوشبو، خوش رنگ اور خوشبو دار پودا۔

زاہِق:(ع) بیچ میں سے اٹھ کر چلے جانے والا، بیہودہ، فضول شخص۔

زاہِل:(ع) آسودہ خاطر۔

زائچہ:جنم پتری۔

زائد:ضرورت سے زیادہ،

زائد بر آنچہ گفتہ بودم، نبود:جو کچھ میں نے کہاتھا اس سے یہ زیادہ نہیں۔

این کلمہ در آنجا زائد است:یہ لفظ وہاں فاضل ہے۔

من این اقدام را زائد می دانم:میں اس اقدام کو ضرورت سے زیادہ سمجھتا ہوں۔

زائدہ:(ع) زائد کی تانیث، زیادہ، افزون، زوائد جمع۔

زائیدن-زاییدن:بچہ جننا، بچے کو جنم دینا۔

زائر:(ع) زیارت کرنے والا، حج کو جانے والا۔

زائش:پیدائش، اضافہ۔

زائشگاہ:جس جگہ بچے کی پیدائش ہو۔

زائل:(ع) زایل، عارضی، فانی۔

زائل شدن:مٹ جانا، فنا ہو جانا۔

زائل کردن:تباہ کرنا، برطرف کرنا۔

زائو:جو عورت بچے کو جنم دینے کے قریب ہو۔

زایَندہ:آگے لایا گیا، بڑھایا گیا۔

زایَندہ رود: اصفہان کے دریا کانام۔

زایندگی:بچے کا جنم ہونا۔

زاییدَن:بچے کو جنم دینا۔

زاییدہ:پیدائش ہونا۔

زاییمان:بچے کی پیدائش۔

زَب:سہل، آسان، رایگان۔

زَباب:صحرائی چوہا۔

زباد:بلی کی طرح کا جانور جو اس سے بڑا ہوتا ہے،اس کے بال زردی مائل ہوتے ہیں اور اس پر سیاہ دھبے ہوتے ہیں۔

زبّال:جھاڑو دینے والا، خاکروب۔

زبالہ:جھاڑو دینے والی، خاکروبہ۔

زبان:جیبھ، بول چال کا ذریعہ، بول چال۔

زبان بُومی:ملکی زبان، مادری زبان۔

زبان بربَستَن:خاموش رہنا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

زبان بَرکشادن: بولنا۔

زبان چرب و نرم: نرم خوشامد آمیز زبان۔

زبان حال: کیفیت دل کا بیان۔

زبان خوش مار را از سوراخ در می آورد: نرم اور ملائم زبان (سانپ کو بھی) سب کو گرویدہ بنا لیتی ہے۔

زبان زدن: چکھنا۔

زبان زر گری: پیشہ ورانہ زبان۔

زبانِ عامیانہ: بازاری زبان۔

زبانِ قال: گفتار، تقریر۔

زبانِ سنگین: ہکلانا، تتلانا۔

زبانِ شیرین: محبت بھرے الفاظ۔

از زبانم جَست: میری زبان سے نکل گیا، مجھ سے لغزش ہوگئی۔

بزبان آمدن: گفتگو شروع کرنا۔

بزبان آوردن: ذکر کرنا۔

بزبان رفتن: لوگوں کی زبان پر آنا۔

حرف از زبان کسی گرفتن: لفظوں سے اندازہ کر لینا کہ کوئی کیا کہنا چاہتا ہے۔

در زبان (یا برسر زبان)

مردم افتادن: چرچا ہونا، افترا پرداز باتیں ہونا، بدگوئی۔

دستورِ زبان: صرف و نحو۔

عِلم زبان: علم اللسان، زبان کا علم۔

گرفتنِ زبان: لکنت، تتلانا۔

زبان او در صحبت می گردد: باتیں کرتے ہوئے وہ تتلاتا ہے۔

زبان آور: فصیح، رواں، فصیح زبان بولنے والا۔

زبان آوری: فصاحت، زبان میں روانی، سلاست۔

زبان باز: خوشامدی، چاپلوس۔

زبان بازی: خوشامد، چاپلوسی۔

زبان بازی کردن: چرب زبانی سے خوشامد کرنا۔

زبان بُر: (۱) حق السکوت، خاموش رہنے کا صلہ (۲) خاموش کردینے والے فیصلہ کن دلائل۔

زبان بُریدہ: خاموش، بے زبان، ساکت، زبان بستہ، بات نہ کرنے والا، خاموش رہنے والا۔

زبان بستِگی: زبانِ روک دینا، خاموش کر دینا، بولنے کے قابل نہ ہونا۔

زبان بند: خاموش کر دینے والے دلائل۔

زبان ترازُو: ترازو کا کانٹا جو ترازو کے درمیان ہوتا ہے۔

زبان خواہ: گدا، بھک منگا۔

زبان دادن: قول دینا، وعدہ کرنا۔

زبان دار: پُرمعنی، جامع، واضح۔

زبان دان: زبان میں دسترس رکھنے والا۔

زبان دراز: بد زبان، بدگو، بیہودہ گو۔

زبان درازی: بد زبانی، بیہودہ گوئی۔

زبان در آوردن: شیخی بگھارنا۔

زبان درقفا: پودے کی قسم جس کا پھول پیالہ نما ہوتا ہے، اس کو گل نافرمان بھی کہتے ہیں۔

زبان رانی: فصاحت۔

زبان زَد: جو لوگوں کی زبان پر ہو۔

marfat.com

زبان فُرُوش: باتونی، پُرگو، بہت بولنے والا۔

زبان گرِفتہ: (۱) لکنت دار، خاموش، کم بولنے والا۔

زبان گز: دل خراش زبان بولنے والا۔

زبان گیر: جاسوس۔

زبان ور: زبان آور، خوش بیان، فصیح۔

زبانہ- زبان: زبان کی مانند۔

زبانہ آتش: آگ کا شعلہ۔

زبانہ زدن: آگ بھڑکنا، بھڑک اٹھنا۔

زبانہ زنگ: گھنٹی کی آواز، بانگ درا۔

زبانہ نی: بانسری کی صدا۔

زبانی: بول چال کے ذریعے، گفتگو کے ذریعے۔

زَبَد: پانی کی سطح کی جھاگ۔

زَبدُالبَحر: دریا یا سمندر کی سطح پر کی جھاگ۔

زُبدَہ: دودھ بالائی، کسی چیز کا بہترین حصہ، خلاصہ، چیدہ، برگزیدہ، منتخب۔

زَبر: اوپر کا حصہ، اوپر، صاف، حرف کے اُوپر فتحہ کی علامت۔

برزبَر شاخ: شاخ کے اوپر۔

دست آن کاریگر زبراست: اس کاریگر کا ہاتھ صاف ہے۔

زَبرو زَرَنگ: چالاک، ہوشیار اُلجھن سے نکل آنے والا۔

زبر پُوش: بالا پوش، جُبہ، قبا۔

زِبَر: سخت، درشت، نا ملائم، خشن۔

زبرتنگ: گھوڑے کا تنگ جو زین کے ساتھ باندھا جاتا ہے۔

زبرج: (ع) زینت، جواہرات سے آرائش۔

زَبَرجَد: سبز رنگ کا گوہر، نیلگوں رنگ کا فیروزہ۔

زَبَرجَدی: زبر جدین، فیروزہ رنگ۔

زبردَست: غالب، طاقتور، قوی جابر۔

زبردستِ زبردست آزار: کم درجے کے لوگوں کو آزار پہنچانے والا، جابر شخص۔

زبردستی: جبر سے، طاقت سے، بالادستی، ظلم و جوز، تشدد کا برتاؤ، برتری،

زَبَرفُوف: کوسنا، بد دعا دینا، بدگوئ کرنا، الزام تراشی کرنا۔

زَبرَمرد: جوانمرد، توانا شخص، مشہور و معروف، برگزیدہ۔

زبری: سختی، درشتی۔

زبَرین: اوپر کا، زیادہ بلند، اعلی۔

لب زَبَرین: اوپر کا ہونٹ۔

زِبل: (ع) کھاد، گوبر، لید، گندگی۔

زبلدان: کھاد کا انبار۔

زَبُور: (ع) آسمانی کتاب جو حضرت داؤد پر نازل ہوی، مزامیر داؤد، مناجات کی کتاب۔

زبُور خوان: حضرت داؤد کے پیرو۔

زَبُور نویس: مناجات نویس۔

زَبُون: خراب، بُرا، نحس، منحوس۔

زَبَہر: ماں باپ کی بیٹے سے بیزاری۔

زَبَہرکردن: عاق کرنا۔

زَبیب: کشمش، خشک انجیر۔

زبَیدہ: (۱) خلیفہ ہارون الرشید کی بیگم (۲) گل

www.iqbalkalmati.blogspot.com

صدبرگ، گیندا۔

زَبِیل: (ع) (۱) زنبیل، ٹوکری (۲) کھاد، گوبر، لید۔

زِپَرتی: معمولی، کمزور، نا قابل، غیر موثر، نااہل، بد سلیقہ، بیکار، بے سود۔

زُجّ: لوہے کی تیز نوک جو نیزے پر نصب کی جاتی ہے، پیکان۔

زُجاج: (ع) شیشہ، آبگینہ۔

زَجّاج: (ع) شیشہ گر، شیشے کی چیزیں بنانے والا۔

زُجاجی: (ع) شیشے کا بنا ہوا۔

زُجاجیَت: شیشے کی بناوٹ، شیشہ نما۔

زَجر: (ع) روک دینا، منع کرنا، چلتا کر دینا، بُرا بھلا کہنا۔

زَجِه: (ع) زاجہ، زاج، حاملہ عورت، بچے کو جنم دینے والی عورت۔

زِحاف: (ع) اصلاح عروض میں حرفوں کے درمیانی حرف کا گرا دینا۔

زحافات: (ع) جمع زحافہ، زمین پر رینگنے والے جانور مثلاً کچھوا۔

زِحام: انبوہ۔

یوم الزحام: روز محشر۔

زَحف: (۱) فوج کا دشمن کی فوج پر حملہ کرنے کے لیے آگے بڑھنا، جنگ و جدل (۲) رینگنا، گھٹنوں کے بل چلنا۔

زُحَل: (ع) کیوان سیارہ جو سیارہ مشتری کے بعد سب سے بڑا سیارہ ہے۔

زُحَلی: کیوانی، شوم، نحس۔

زَحمَت: تکلیف، آرام میں خلل آنا۔

زحمت بخودادن: تکلیف اٹھانا

اگر برای شما زحمت نہا شد: اگرآپ کے لیے تکلیف کا باعث نہ ہو۔

این کار زحمت شما راکم خواہد کرد: اس کام سے آپ کی تکلیف کم ہو جائیگی۔

این کار زحمت زیادہ لازم دارد: اس کام کے لیے زیادہ تکلیف اٹھانا لازم ہے۔

برای من زحمت نیست راحت است: میرے لیے تکلیف نہیں راحت ہے۔

خیلی متاسّفم شما را زحمت دادم: مجھے افسوس ہےکہ میں نے آ پ کو تکلیف دی۔

زحمت بخود دادن: تکلیف اٹھانا۔

در تالیف این کتاب: زحمت زیادی۔ **کشیدہ ام:** اس کتاب کی تالیف میں میں نے بہت محنت کی ہے۔

زحمت دار: تکلیف سے پریشان۔

زَحمَت کش: بہت محنت کرنے کا عادی۔

زَحِیر: سانس یا آواز جو آزردگی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے نیز اِسہال۔

زَخ: زخم۔

زخّار: (ع) طوفانی حالت۔

زُخرُف: زیور، زیب، زینت، نقش و نگار، دلکشی، خوبی و زیبائی (زخارف جمع)۔

زخارِف دُنیا: بنیادی ترغیبات، دنیاوی شان و شوکت کی طرف مائل کرنا۔

زَخم: گھاؤ، نقصان، خسارہ۔

زخم زدن: زخمی کرنا، مجروح۔

زخمی بہ قُوزکش رسید: اسکی ایزی میں

marfat.com

زخم آگیا۔

زخمِ زبان: کسی کی توہین آمیز بات سے رنج پہنچنا۔

زخمِ سنان برتن است و زخم زبان بر جان

نیزے کا زخم تو جسم پر آتا ہے لیکن زبان کا لگایا ہوا زخم جان پر آتا ہے۔

زخم بردار: زخم پذیر، جراحت پذیر۔

زخم خُوردہ: جسے زخم لگا ہو، مجروح، زخمی۔

زَخم دار: مجروح، زخمی۔

زَخم زدہ: زخم خوردہ، جسے زخم لگا ہو۔

زخم زن: زخم لگانے والا۔

زخم کاری: گہرا زخم۔

زخمناک: زخم دار۔

زخمہ: مضراب جس سے ستار بجاتے ہیں۔

زخمی: جسے زخم لگا ہو، مجروح، زخم خوردہ۔

زد: چوٹ، ضرب، نشانہ، صدمہ، نقصان، ضرر۔

زبان زد: زبانوں پر آنا، مشہور ہونا۔

زد: زدن= مارنا سے ماضی مطلق، مارا۔

نغمہ زدن: گانا۔

زدا-زدای-زدودن: صاف کرنا سے فعل امر، صاف کرلو۔

زِدائیدن: پاک صاف کرنا، چمکانا۔

زِدایش: صاف کرنے کا عمل، پالش، روشن کرنا، بہتر صورت دینا۔

زِدایَندہ: صاف کرنے والا، پالش کرنے والا، روشن کرنے والا، روشن گر۔

زَدگی: چوٹ، پڑنا، ضرب لگنا۔

غمزدگی: جسے غم سے سابقہ پڑا ہو۔

زَدَن: مارنا، بجانا، کھنکھنانا، کاتنا، ڈنگ مارنا۔

آب بچیزی زدن: کسی چیز پر پانی چھڑکنا۔

بچہ را بچوب زد: بچے کو چھڑی سے مارا۔

پنبہ زدن: رُوی دُھننا۔

جیب بُر پول را زد: جیب کٹے نے رقم نکال لی۔

چادر زدن: خیمہ نصب کرنا۔

چون بآن آب دست زد من بآن آب لب نزدم

اس نے پانی کو ہاتھ سے چھُوا تو میں نے چکھا تک نہیں۔

راہ زدن: رہزنی کرنا۔

رعد زدن: بادل کا گرجنا، بجلی کا کڑکنا۔

زنبورِ او رازد: بھڑ نے اسے ڈھنگ مارا۔

شاخہ ہای درخت رازدند: انھوں نے درخت کی شاخیں کاٹ دیں۔

شانہ زدن: کنگھی کرنا۔

شَیپُور زَدن: بگل بجانا۔

صدا زدن: آواز دینا۔

یکی در می زند: کوئی دروازہ کھٹکھٹا رہا ہے۔

زِدُو- ازدُو: دو میں سے ایک۔

زَدوبند: (۱)خفیہ سازش، اندرونی قرار داد، ملی بھگت (۲)نظم و ترتیب۔

زدوبند کردن: ملی بھگت کرنا، نظم و ترتیب کرنا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

زَدو خُورد: لڑائی، تصادم، زد و خورد سختی

درآن نقطه در گرفت: اس مقام پر سخت لڑائی ہوئی۔

زَدوار: ایک قسم کی خوشبودار سی چیز جو مشرقی ہندوستان کے ایک پودے کی جڑوں سے نکالی جاتی ہے۔

زِدُودَن: پاک کرنا، صیقل کرنا، میل دور کرنا۔

زنگ آن را با ید زِدُود: اس کا زنگ صاف کر دینا چاہیے۔

زِدُودِہ: پاکیزہ، صاف شدہ۔

زَدِہ: جسے چوٹ لگی ہو، پریشان۔

آب زدِہ: سیلا، بھیگا ہوا۔

آفتاب زدِہ: جسے دھوپ یا لُو لگ گئی ہو۔

این پارچہ زدِہ است: اس کپڑے میں سوراخ ہیں، یہ کپڑا کھایا گیا ہے۔

این پارچِہ ہیچ زدِہ ندارد: یہ کپڑا کہیں سے پھٹا ہوا نہیں

دیگر از این غذا زدِہ شُدم: اب میں اس غذا سے گھبرا گیا ہوں۔

فلک زدِہ: نصیبوں کا مارا۔

زر: سونا، دولت۔

زرِ دست افشار: نرم قسم کا سونا جسے قدیم زمانے میں ساسانی بادشاہ ہاتھ میں رکھتے تھے۔

زرجعفری: خالص سونا۔

زرسَرِہ: خالص سونا۔

زرِ سفید: چاندی۔

زرِ طلا: خالص یا سرخ سونا۔

زرو زیُور: زیورات کا سیٹ۔

سیم وزر: چاندی سونا، مال و دولت۔

زَر: بوڑھا، ضعیف، پیر، مرد یا عورت جس کے بال سفید ہوں۔

زرا تُشت: زر دشت، زرتشت

زر تُشت: پارسیوں کے مذہب آتش پرستی کا بانی۔

زَرّاع: (ع) زارع، دہقان، کسان، کاشتکار۔

زراعَت: (ع) کھیتی باڑی۔

زراعت دیَم: بارانی زمین میں کاشتکاری کرنا۔

زراغَن: (۱)زرا غنک، ڈکار، (۲)سخت ریتلی زمین

زَراف: زرافہ۔

زَرافشان: دولت بکھیرنے والا، فیاض، سخی۔

زرافِہ: افریقہ کا ایک چوپایہ جانور جس کی گردن اور اگلی ٹانگیں لمبی ہوتی ہیں اور جسم پر داغ نمایاں ہوتے ہیں۔

زرّاق: منافق، فریبی، ریاکار۔

زَرّاقانہ: منافقانہ، ریاکارانہ۔

زراندُود: مطلّا جس میں سونے کی تاروں سے کڑھای کا کام کیا گیا ہو۔

زراندودکردن: مطلاً کرنا، سونے کی تہ چڑھانا۔

زرَاوشان: شب بو۔

زراہ: دریا، سمندر۔

زراہ اکفودِہ: بحیرہ خزر، بحیرہ کیسپین۔

زرایُو: نقاب، روپوش۔

زَرباف: زر بفت، جس کپڑے پر سونے کی تاروں کا کام کیا گیا ہو۔

زَربافی: زربفت کا کام کرنا۔

زَربان: (۱)حضرت ابراہیم کا ایک نام (۲)بڑی عمر کا، بوڑھا۔

marfat.com

زربَدست:صاحب ثروت، دولتمند امیر۔
زر پَرَست:دولت کا پجاری، مایا کا بندہ۔
زرپَرستی:دولت پرستی۔
زر پُزی:پگھلا ہوا سونا۔
زرپُور:چتکبرا، ابلق، سیاہی مائل گھوڑا جس پر سفید داغ ہوں۔
زرپُوش:زر اندود، سونے سے ڈھکا ہوا، انتہائی دولت مند۔
زُرَت- ذُرت:مکئی۔
زرتُشت:مذہب آتش پرستی کا بانی۔
زر تُشتی:زرتشت کے پیرو، پارسی۔
زَرتَك:کسُم کا پھول یا پودا۔
زرتلی:خالص سونا۔
زرجعفری:خالص سونا۔
زَرج:چکور۔
زرچوبہ، زرد چوبہ:ہلدی۔
زَرحل:سونے کا محلول۔
زر خرِید:غلام یا کنیز جو رقم ادا کرکے خریدے گئے ہوں۔
زر خُشك:خالص سونا۔
زَر خیز:زیادہ پیداوار دینے والی زمین۔
زرد:پیلا رنگ۔
زرد شدن:پیلا پڑجانا۔
زَرَہ:زرہ بکتر
زَر داب:(۱)زرد رنگ کا پانی جو زخم سے باہر نکلتا ہے، صفرا۔
زَردابی:صفراوی۔
زرد آلو:خُوبانی۔
زَرد چِرہ:زرد چہرہ۔

زرد رُو:زرد رخ، پیلے رنگ کا۔زرد رُوی:پیلاہٹ۔
زَرد زخم:داد کی بیماری۔
زَر دُشت:زرتشت، مذہب آتش پرستی کا بانی جس کے پیرو پارسی کہلاتے ہیں۔
زر دُشتی:زرتشت سے منسوب۔
زرَدك:گاجر۔
زرد گوش:منافق، مُفسِد
زر دُوز:زرباف۔
زرِ شك:چھوٹا درخت جس کی لکڑی زرد رنگ کی ہوتی ہے اور پھل سرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔
زَرَع:(ع) کھیتی باڑی، کاشتکاری۔
زرغَب:(۱)کھال جسے رنگ دیا گیا ہو، ساغری
زرغُنج – زرگنج:ایک بدبودار پودا۔
زر فان:بوڑھا، پیرکہن سال۔
زَرق:(۱)نیزہ بازی (۲)غصے سے آنکھوں کا خیرہ ہونا، (۳)مکروریا، فریب، تذویر۔
زرق برق:کنایہ ہے زر و زیور کا، چمکدار، فروشکوہ، طمطراق۔
زَرقا:(۱)آسمانی رنگ کا، خاتون جس کی آنکھوں کا رنگ آسمانی ہو (۲)زمانہ جاہلیت کی عرب خاتون جو تیزی بصارت کی وجہ سے مشہور تھی۔
زرکش:جس کا پیشہ زر دوزی والے کپڑوں کے تاروں کو کھینچنا ہو۔
زَر گر:سُنار۔
زرگُون:سونے کے رنگ کا۔
زرم:آنسو
زَرَنگ:دانا، چُست و چالاک، ہوشمند۔
زر نِگار:جس پر سنہرے رنگ سے نقاشی کی گئی ہو،

www.iqbalkalmati.blogspot.com

زراندود

زر نیخ: معدنی مرکب جس میں سم الفار اور گندھک ہوتی ہے۔

زرُو: زالو، خون چوسنے والی جونک۔

زر وَرق: سنہرا کاغذ جسے زینت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

زرُوع: (ع) زرع کی جمع

زِرِہ: فولاد کا بنا ہوا جسم پوش جو لڑائی کے موقع پر پہنتے ہیں۔

زِرِہ پُوشیدَن: زرہ بکتر پہننا۔

زَرِہ: صف، قطار۔

زِرِہ باف: زرہ بنانے والا، زرہ ساز، زرہ گر۔

زِرِہ بُر: تیز تیر یا شمشیر جو، زرہ میں سے گزر جاتی ہے۔

زِرِہ پُوش: زرہ زیب تن کرنے والا۔

زَرِہ تُشت: زَرتشت۔

زِرِہ جامہ: زرہ بکتر۔

زِرِہ خُود: سر کو محفوظ رکھنے والی لوہے کی ٹوپی۔

زِرِہ ساز: زرہ بنانے والا۔

زِرِہ کُلاہ: آہنی خُود۔

زِرِہ گر: زرہ ساز۔

زَری: زربفت، کپڑا جس کا تاروپود طلای تاروں سے بنایا گیا ہو۔

زری باف: زربفت کی بُنائی کرنے والا۔

زَریر: (۱) ایک پودا جس کا تنا چھوٹا اور پھول زرد ہوتے ہیں، (۲) زردآب، یرقان، صفرا۔

زَر بِرہ: درمنہ، ایک پودا جس کے بیج پیٹ کے کیچوے خارج کر دیتے ہیں، سینٹونیکا

زرّین: طلای۔

زَرّین درخت: سنگترے کا درخت۔

زَرّین کُلاہ: مخصوص طلائی ٹوپی جو خاص خاص افسر پہنا کرتے تھے۔

زَرینہ: زرّیں، سونے کا برتن۔

زریُون: زرگون، سونے کے رنگ کا۔

زِستن: زیستن، جینا۔

زَش: از او، اس سے- با او، اس کے ساتھ۔

زِشت: بدصورت، بدنما، بدوضع، ناکارہ، بُرا۔

حرفِ زشت زیرِ خشت: بُرے الفاظ منہ سے نہ نکالنا بہتر ہے (برے الفاظ اینٹ کے نیچے)۔

زِشت اندام: بدہئیت، بد وضع۔

زِشت خُو: بُری عادات والا۔

زِشت رُو: بدصورت، بد وضع۔

زِشت سِیرت: بدکرداری، بد سلیقگی۔

زِشت گو: بد زبان، گندہ دہن فحش گو۔

زِشت گوی: بد زبانی، گندہ دہنی، فحش گوئی۔

زِشت نامی: بدنامی، بُری شہرت۔

زِشتی: بدصورتی، بد نمائی، بُرائی۔

نام کِسی را بزِشتی بُردن: کسی کا ذکر بُرائی سے کرنا۔

زِشت یاد: غیبت، بد گوئی۔

زُعاف: اچانک موت آنا، زہر۔

زَعامَت: پیشوائی، نمایندگی، بزرگی۔

زَعبَل: جس کا پیٹ بڑا اور گردن پتلی ہوتی ہے۔

زَعفران: (ع) (۱) ایک قسم کا خوشبودار زرد رنگ کا پھول جس کے کھیت کی نسبت لوگوں کا خیال ہے کہ وہاں جاکر انسان ہنسے بغیر نہیں رہتا (۲) زردہ پکاتے وقت اسے چاولوں میں ڈالتے ہیں۔

marfat.com

زَعفرانی: زعفران کے رنگ کا، زرد۔

رُخش زعفرانی شد از غم: غم کی وجہ سے اس کا چہرہ زرد پڑ گیا۔

زَعم: (ع) گمان، خیال۔

زعِیم: (ع) کفیل، ضامن، پیشوا، رہبر قوم، جماعت کا بزرگ، سردار، جو اب دہ، ذمے دار، زعما جمع۔

زَغ: زاغ کا مخفف، کوا۔

زِغار: (۱) گیلی سیلی زمین (۲) شور دار (۳) مصیبت، قہر، آفت (۳) زنگ آلود۔

زَغارُو: فاحشہ خانہ۔

زغارہ: باجرے کی روٹی۔

زَغاك: انگور کے درخت کی شاخ۔

زُغال: کوئلہ۔

زُغالِ چوب: لکڑی کا کوئلہ۔

زُغالِ سنگ: پتھریلا کوئلہ، کان کا کوئلہ۔

زُغال کردن: جلا کر کوئلے بنانا۔

خاکہ زغال: کوئلوں کی راکھ۔

معدنِ زغال: کوئلے کی کان۔

زُغالاب: سیاہ روشنائی، سیاہی۔

زُغال اختہ: ایک درخت کا ترش میوہ جسے خشک کرکے کھاتے ہیں۔

زُغال دار: کاربن گیس پیدا کرنے والا۔

زُغالی: کوئلے کی قسم کا، سیاہ کوئلے سے متعلق۔

زَغرہ: لباس کی آستین کا کنارا، باریک کپڑا جو کلاہ یا ٹوپی کے اندر سیا جاتا ہے۔

زغلُول: (ع) بچہ، طفل (زغالیل جمع)۔

زغَن: مادہ کوا۔

زُغند: (ع) (۱) چیتے اور بعض دوسرے جنگلی جانوروں کی چیخ (۲) زقند، اچھل کود، جَست، چھلانگ، کود پھاند۔

زَغیدہ: نچوڑا ہوا۔

زَغیر: السی، تخم کتان۔

زِفاف: دُلہا اور دلہن کا پہلی رات یکجا ہونا، شب عروسی۔

زُفت: ترش رُو، بخیل، خسیس۔

زَفت: موٹا، فربہ۔

زِفت: تارکول جو مٹی کے تیل سے معدن سے حاصل ہوتا ہے۔

زُفتی: ترش روئی، بخیلی، خِسّت۔

زَفر: منہ، جبڑا۔

زُفرُ: زفر۔

زَفیر: ہوا کا پھیپھڑے سے خارج ہونا، سانس کا باہر آنا۔

زِقّ: (ع) چمڑے کی بوتل جو سفر میں پانی رکھنے کے کام آتی ہے۔

زَق: پرندے کا چینہ دان، پوٹا۔

زُقاق: گلی، گلی کے اندر سے نکلنے والی گلی۔

زَقرہ: دیکھیے زغرہ۔

زِق زِق: چُوزوں کے چوں چوں کرنے کی آواز۔

زِق زِق کردن: چوزوں کا چوں چوں کرنا۔

زَقُوم: (ع) تھوہر کا درخت۔

زَك: (۱) ناتوانی، آہستہ آہستہ قدم رکھنا، منہ ہی میں بولنا۔

زکا: (ع) بڑھنا، نشو و نما، ترقی کرنا، فروغ پانا، پھلنا پھولنا۔

زکاب: زگاب، سیاہی جس سے لکھا جاتا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

زکارہ: جھگڑالو، ضدی، خیرہ سر، گستاخ، سرکش۔

زُکام: (ع) بیماری جس سے ناک سے پانی بہنے لگتا ہے، گلا بھی متاثر ہوتا ہے، کھانسی بھی آتی ہے۔

زکام شدن: زکام لگ جانا۔

زکاوَت: (ع) پاکیزگی۔

زکریّا: (ع) ایک یہودی پیغمبر جو آرے سے چیر ڈالے گئے۔

زکِش: درشت، ناہنجار، بخیل، خسیس۔

زکَند: مٹی کا پیالہ۔

زکوۃ: (ع) ضرورت سے زائد مال جو سال بھر پاس رہے اس کا چالیسواں حصہ راہ خدا میں دینا۔

زکی: (ع) پاک، پاکیزہ، نیکوکار، پارسا، از کیا جمع۔

زکیدَن: غصے کی حالت میں زیر لب بات کرنا۔

زکیِہ: (ع) زکی کی تانیث۔

زُکال: زغال، کوئلہ۔

زگیل: چھوٹے چھوٹے سخت دانے جو ہاتھ پر نکل آتے ہیں لیکن درد نہیں ہوتا۔

زگیل دار: جس کے ہاتھ پر دانے نکلے ہو۔

زلّ: (ع) لغزش، پھسلنا، غلطی۔

زِل: (ع) بھیڑ جس کی دُم نہ ہو۔

زَلازل: زلزلہ کی جمع۔

زُلال: (ع) صاف، شفاف، نتھرا ہوا، غیر مکدر پانی، آب زلال، صاف پانی۔

زُلالی: مرطوب، جس میں رطوبت ہو۔

زلَت: لغزش، خطا، گناہ۔

زَلزال: لرزنا، کانپنا۔ حرکت، جنبش، ہلچل، گھبراہٹ، پریشانی، اضطراب، ادھیڑبن، کھلبلی۔

زُل زُل نگاہ کردن: چندھیائی نظر سے دیکھنا۔

زَلزِلہ: زمین کا تھر تھرانا، بھونچال

زلزِلہ سَنج: زلزلہ پیما جس سے زلزلے کی قوت کا پتا چلتا ہے۔

زُلف: بالوں کی لٹ۔

زلفِ پریشان: بکھرے ہوئے بال۔

زلفِ زمین کنایۃً: اندھیری رات۔

زلفِ شب: تاریکی، اندھیرا۔

زُلفَت: (۱) رات کا پہلا حصہ (۲) درجہ، رتبہ

زلفی: قُرب، نزدیکی، درجہ، مرتبہ۔

زَلَق: (ع) (۱) لغزش پا، (۲) جلق، مشت زنی۔

زَلَل: خطا، غلطی، کوتاہی، لغزش، کمی۔ نقصان۔

زَلم زِمبُو: نغمہ و ساز، ساز و آواز۔

زَلُو: زالُو، جونک۔

زَلُوبیا، زیبیا: ایک شیریں غذا جو نشاستے، شکر اور تلوں کے تیل سے تیار ہوتی ہے۔

زَلِہ: (۱) خستہ، لاچار (۲) گناہ، خطا، لغزش۔

زلہؔ: ٹکڑا- مثال:

زلہ از بذل عطائش می برَم
زلہ از بذل نوالش می برَم

ان کی عطا، بخشش کا بچا کھچا میں بھی لے لیتا ہوں ان کی عطا کے دستر خوان سے کوئی ٹکڑا میں بھی حاصل کرلیتا ہوں۔

زلیخا: عزیز مصر کی بیوی جو حضرت یوسف پر عاشق ہوگئی تھی۔

زَلیف: خوف، ڈر، اندیشہ، تہدید۔

زلیفن: زلیف۔

زلیل: (ع) زلال، صاف پانی۔

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

زَم: شدید سردی۔

زمّار: بانسری بجانے والا، نے نواز۔

زَمارُوغ: سما رُوغ، فطر، ککر متا، کھُمبی جو خود بخود موسم برسات میں زمین سے پیدا ہو جاتی ہے، "کلاہ باران" بھی اسے کہتے ہیں۔

زَمّارہ: بانسری۔

زَمام: (ع) گھوڑے کی باگ، اونٹ کی مہار۔مثال:

مستی ربودہِ از کفِ ہستی زمامِ ما
مُطرب نمی دہد خبری از مقامِ ما

مستی وسر شاری نے ہماری زندگی کے ہاتھ سے ہماری باگ لے لی ہے مطرب کی لے نے ہمیں اپنے مقام سے بے خبر کر دیا ہے۔

زمامِ امور مملکت: مملکت کے کاموں کی باگ ڈور۔

زَمامدار: مختار، صاحب اختیار، امور سلطنت میں ہر اختیار رکھنے والا۔

زَمامداری: اختیار و اقتدار۔

زَمان: (ع) وقت، زمانہ، موسم۔ مثال:

کجا بودی کہ امشب سوختی آزردہ جانے را
بقدرِ روز محشر طول دادی ہر زمانے را

کہاں تھے تم کہ آج رات اس آزردہ جان کو تم نے ہجر کی آگ میں جلایا اور ہر لمحہ جو گزرا اسے تم نے روز قیامت کے برابر طول دیا۔

ابناء زمان: ایک ہی زمانے کے لوگ، ہم عصر معاصرین۔

درین زمان: اس وقت۔

زمانِ حال: مرقع، موجودہ وقت۔

زمان و زمین: ساری کائنات۔

زمان یا زمانہ پیشین: زمانہ گزشتہ۔

زمان خواستن: مہلت مانگنا۔

زَمانہ: وقت، عہد، دور، قسمت، تقدیر، دوران۔

با زمانہ بباید ساخت: زمانے کے حالات کے مطابق ہو جانا چاہیے۔

زمانہ با تو نسازد تو با زمانہ بساز: اگر وقت تمہارا ساتھ نہیں دیتا تو تم حالات واطوار زمانہ کے مطابق ہو جاؤ۔

زمانہ ساز: جو زمانے کے مطابق اپنے آپ کو ڈھال لے۔

زَمانہ سازی: حالات زمانہ کے مطابق اپنے آپ کو ڈھالنا۔

زَمانی: عارضی، وقتی۔

ترتیب زمانی: وقت کی ترتیب کے لحاظ سے، سن وار۔

زمانیان: اہل زمان، اہل عالم، لوگ۔

زماہَن: ٹھنڈا لوہا۔

زُمُخت: (ع) سخت، درشت، تیز، شدید۔

زُمُختی: سختی، درشتی۔

زَمَخشر: خوارزم کا شہر۔

زَمَخشری: شہر زمخشر کا رہنے والا۔

ابوالقاسم محمود زمخشری: مشہور مفسر قران مجید اور ماہر صرف و نحو تھے۔ ان کی وفات ۱۱۴۳ء میں ہوئی۔

زَمر: بانسری بجانا۔

زمر: زمرد۔

زمُرّد: سبز رنگ کا گوہر جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس کے سامنے سانپ اندھا ہو جاتا ہے۔

زُمُرّد گیاہ: سن۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

زمرّد نگار: زمرد نشان، جسے زمرد سے آراستہ کیا گیا ہو

زمرّدی: زمردیں، زمرد کے رنگ کا

فرش زمردی: زمرد کے رنگ کا فرش

زُمرہ: گروہ، جماعت، درجہ، قسم

مولانا محمد علی جوہر ہم از زمرہ آزادی خواہان بود: مولانا محمد علی جوہر بھی آزادی خواہوں کی جماعت میں تھے

زمزَم: (ع) کعبہ شریف کے قریب کا کنواں

زمزِمہ: (ع)(۱)سرود، گیت (۲)گنگنانا

زمزمہ کردن: راگ الاپنا، نرم زبان میں بات کرنا، نرم زبان میں کلام پیش کرنا گنگنانا

زمِستان: سردی کا موسم

زمستانی: موسم سرما سے متعلق

لباسِ زمستانی: موسم سرما کا لباس

زمَن: (ع) زمانہ، وقت، دور، زمان، عصر

زمِن: (ع) ناقص، عیب دار، گری پڑی چیز

زمَنج: عقاب کی قسم کا شکاری پرندہ

زمُو: (۱)تازہ یا خشک پھول (۲)چھت جو لکڑی اور مٹی سے بنائی گئی ہو

زمہرِیر: سخت سردی

زمی: زمین

زمِیدن: جونیدن، چبانا

زمین: دھرتی، کرہ ارض، رُبع مسکوں، دنیا، علاقہ، ملک، ارضی جانداد

زمین خوردن: نیچے گر پڑنا

زمین بآسمان دُوختن: زمین آسمان کو ملانا، حد سے زیادہ مبالغہ کرنا

زمین بائر: زمین جہاں کھیتی باڑی نہ ہوتی ہو، بنجر زمین

زمین بُوسیدن: زمین چومنا، انتہائی احترام کرنا

زمین پَیما: مساحت کرنے والا، زمین کی پیمائش کرنے والا

زمین پیمائی: مساحت، زمین کی پیمائش

زمیندار: اپنی ارضی جانداد کا مالک، اپنی زمین کا مالک

زمین زدن: زمین پر پٹک دینا

زمین شِناس: ارضیات کا ماہر، علم ارضیات میں دسترس رکھنے والا

زمین شناسی: ارضیات کا علم، طبقات الارض کا علم

زمین گیر: بیمار جو بیماری یا ناتوانی کی وجہ سے جگہ سے اٹھ نہ سکے

زمین لرزِہ: زلزلہ

زمِینہ: زمین سے متعلق کام، پس منظر، موضوع، متن

این تصویر زمینہ قشنگی دارد: اس تصویر کا پس منظر بہت عمدہ ہے

زمینی: خاکی، ارضی

سیبِ زمینی: آلو

زن: عورت، خاتون

زن خوشگل: خوبرو عورت

زنِ سلیطِہ: زبان دراز عورت

زن شوہر دار: شادی شدہ عورت

زن عفِیف: پاکدامن عورت

زن گرفتن: شادی کر لینا

زن لاسی: محض تفریحاً مردوں کے ساتھ محبت

marfat.com

جتانے والی عورت، نازو انداز دکھانے والی عورت

زن: زدن=مارنا سے فعل امر، مار (بزن) بجا (بانسری وغیرہ)

پنبہ زن:روئی دھننے والا، دُھنیا

نی زن:بانسری بجانے والا

زِنا:عورت کی بے آبروئی کرنا

زنای مُحصنہِ:کسی شادی شدہ عورت کی بے آبروی کرنا

ولدالزنا:حرامی

زنابیر:زنبور کی جمع، بھڑیں

زنابیلی:دیکھیے زنبیل

زنا دِقہ:زنادیق، دیکھیے زندیق

زنّار:کمر کی ڈوری جو عیسائی باندھتے ہیں، ہندو بھی اسے گلے میں ڈالتے ہیں

زنا زدِہ:حرامی

زنا شوئی:بیاہ شادی، عقد، نکاح، ازدواجی زندگی

زنان:زن کی جمع، عورتیں

زنان:کھیلتے ہوئے، بجاتے ہوئے

کف زنان:تالی بجاتے ہوئے

زنانِگی:عورتوں کے لیے مخصوص

زنانِہ:عورتوں کے لیے مخصوص، عورتوں کاسا، جو عورتوں کے مناسب حال ہو

قسمتِ زنانہ:زنانہ کمرہ، عورتوں کے لیے مخصوص کمرہ

زنبازک، زنبازِہ:زن دوست، وہ شخص جو عورتوں سے دوستی رکھتا ہو

زن برادر:بھاوج

زَنبُرک:کمان

کمان زنبرک:چوب کمان

زنبَق:(ع)(۱)سفید سوسن، گل دار پودے کی قِسم (۲)پرچم، جھنڈا، علم

زن بُمزِہ:دیوث، بے غیرت، قرمساق

زنبُور:(ع) بھڑ، شہد کی مکھی

زنبور خانہ:شہد کی مکھیوں کا چھتّا

زنبُورک:چھوٹی توپ جو اونٹ کے ذریعے لائی جا سکتی ہے

زنبورک چی:چھوٹی توپ کا انچارج

زنبورک خانِہ:وہ جگہ جہاں چھوٹی توپیں رکھی جاتی ہیں

زنبوری:جالی دار

بافتہ زنبوری:جالی دار بنا ہوا

زنبِہ:سفید سوسن، پھول دار پودوں کی ایک قسم، جھنڈا

زنبہ:ہتھ گاڑی

زنبِیل:ٹوکرا، ٹوکری، پٹاری، ڈلیا، گھاس یا بید کا ٹوکرا

زنبیل باف:ٹوکریاں بنانے والا

زنپارِہ:فاحشہ، طوائف

زن پرَست:جو بیوی کو حد سے زیادہ چاہتا ہو اور اس کی کسی بات کو ٹالتا نہ ہو، زن مرید

زن پرستی:زن مریدی

زنج:عرض دعوی، شکایت، فریاد

زنج:جھانجھ، مجیرا، جلاجل

زنج:گوند جو بعض درختوں سے حاصل ہوتی ہے

زنجاب:گوند جو ابھی خشک نہ ہوئی ہو

زنجار:زنگار

www.iqbalkalmati.blogspot.com

زنجان: غزنیں اور آذربائیجان کا درمیانی صوبہ خمسہ کا صدر مقام

زنجبار: دیکھیے زنگبار

زنجبیل: ادرک، سونٹھ

زنجبیلی: جس میں ادرک کی خوشبو شامل ہو

زنجرَف: شنگرف

زن جلب: قرمساق، دلال، کٹنی، فاحشہ

زنجی: زنگی

زنجیر: لوہے کے حلقوں کا سلسلہ

زنجیر مساحی: جریب جس سے زمین کی پیمائش کی جاتی ہے

پنج زنجیر فیل: پانچ عدد ہاتھی

زنجیر کردن: زنجیر سے باندھنا

زنجیر گسَستن: زنجیر توڑ دینا

زنجیر ساز: زنجیریں بنانے والا

زنجیر ضامنی: مشترکہ ذمے داری

زنجیرہ: چھوٹی زنجیر، ہلکی لہر، لہردار سطح آب، سکّے کا کنارہ جو زنجیر کی صورت میں ہوتا ہے

زنَخ: ٹھوڑی، چھوٹا سا گڑھا جو ٹھوری یا رخسار میں ہو

زنخدان: ٹھوڑی

چاہِ زنخدان: ٹھوڑی کا درمیانی چھوٹا سا گڑھا

زنخ زن: باتونی

زَند: زرتشت کی مقدس کتاب اوستا کی تفسیر کا نام، جو پہلوی زبان میں لکھی گئی تھی

زَند: کلائی کی ہڈی

زَند: بڑا، وسیع

زَندار: شادی شدہ

زِندان: قید خانہ، محبس

در زندان کردن: جیل میں ڈالنا

زندان بان: جیلر، جیل کا محافظ ملازم

زندان بانی: جیلر کا فرض

زندان خانہ: قید خانہ

زندان سرای: قید خانہ

زندانی: قید خانہ

زندانی: قیدی، (زندانیان جمع)

زندآور: حلال، روا

زندہار: بی آزار حیوان، مثلاً بھیڑ، بکری

زند خوان: (۱) آتش پرستوں کی کتاب پڑھنے والا، آتِش پرستوں کا پروہت (۲) بُلبل

زندِستا: زنداوستا، اوستا اور اس کی پہلوی تفسیر زند

زندش: درود و سلام

زَندِیقہ: (ع) بے دینی، خدا کی وحدت کا قائل نہ ہونا

زندگان: زندہ کی جمع، لوگ

زندگانی: زندگی، دور حیات، زندگی گزارنے کا انداز، حیات، معاش

زندگانی رعیتی: دیہاتی زندگی

آب زندگانی: آبحیات

درین خانہ نمی توانم کہ زندگی کنم: اس گھر میں میں زندگی نہیں گزار سکتا

زندگی: حیات، عمر

زندگی کردن: زندگی بسر کرنا

marfat.com

زن دوست: عورتوں کو دوست رکھنے والا

زن دوستی: عورتوں سے دوستی رکھنا

زندواف: زند خواں

زِندہ: بقید حیات

زندہ باد: خدا تمہیں زندہ رکھے

زندہ بگور کردن: زندہ شخص کو دفن کر دینا

زندہ کردن: حیات تازہ بخشنا، احیا کرنا

شب زندہ داشتن: رات کو جاگنا، شب بیداری

واقعاً مرا باین خبر زندہ کردی: حقیقت میں تونے یہ خبر سنا کر میری زندگی تازہ کر دی

زِندہ دار: چوکس، ہوشیار، بیدار مغز، محتاط

زندہ دل: حسّاس، ہوشیار، خوشدل، شگفتہ خاطر، خوش طبع، روشن ضمیر

زندہ دلی: خوش دلی، خوش مزاجی، خوش طبعی

زندہ رُود: اصفہان کے دریا کا نام

زَندی: انسان یا حیوان کے ہاتھ یا بازو سے متعلق

زندی: زندیا زنداوستا سے متعلق، زند کی تعلیم پر عمل کرنے والا

زِندیق: (ع) وحدت خداوندی کا منکر، دہریہ

زندیقی: (ع) زندقہ، خدا کی وحدت سے انکار

زندیک: زندیق، بے دین، ملحد، مرتد، پیرو مانی

زن سِیرت: زن صفت، عورتوں کے سے طور طریقے والا، زنخا، زن نما

زنِ عمُو: چچا کی بیوی، چچی

زنِ قحبہ: قرم ساق، بدکار عورت، کٹنی، فاحِشہ

زنقہ: تنگ و تاریک کوچہ

زنک: چھوٹی عورت

زنکہ: چھوٹی عورت

زنگ: گھنٹی، درا

زنگ سوم فارسی داریم: ہماری تیسری گھنٹی فارسی کی ہے

زنگ الکتریکی: بجلی کی گھنٹی

زنگ زدن: گھنٹی بجانا

ساعت زنگ می زند: گھنٹی کی ٹن ٹن کی آواز سنائی دیتی ہے

زنگ: زنگار

زنگ آہن: لوہے کا زنگار

زنگ از دل زدُودن: غم دل سے دور ہونا، تسکین پانا

زنگ نباتی: پھپھوندی

زنگ دل: غم و اندوہ

زنگ زدن، زنگ گرفتن: زنگار لگنا

طلا زنگ نمی زند: سونے کو زنگ نہیں لگتا

زنگار: چمڑے کا موزہ، چمڑے کا ساق

زنگار: زنگ، لوہے کی میل

زنگار خوردہ: جس پر زنگ لگا ہو

زنگار زدہ: زنگاری، زنگ آلود

زنگاری: جسے زنگ لگا ہو، زنگ کے رنگ کا

زنگبار: زنجبار، حبشہ

زنگباری: حبشہ کا رہنے والا، حبشہ کی بولی، زنجبار سے متعلق

زنگ بستہ: زنگ زدہ، جس پر بہت سا زنگ لگا ہو

www.iqbalkalmati.blogspot.com

زنگ زدگی: زنگ آلود ہونا

زنگ گرفتہ: زنگ زدہ

زنگولہ: (۱) گھنگھرو جو پاؤں پر یا حیوانوں کی گردن پر باندھے جاتے ہیں (۲) ایرانی موسیقی کی ایک سُر

زنگی: زنگبار کا رہنے والا، ملک حبشہ کا باشندہ

زنگی بہ شستن نگردد سفید: حبشی نہانے دھونے سے سفید نہیں ہو سکتا

زنندہ: چبھتی ہوئی، کاٹنے والی، دلخراش، تند و تیز، تلخ

زنندہ: ساز بجانے والا

ساز ہست زَنندہِ اش کیست؟ ساز تو ہے لیکن ساز بجانے والا کون ہے؟، ساز بجائیگا کون؟

زنویہ: درد ناک آواز میں چلانا، درد سے چیخنا، آہ و زاری کرنا

زَنُویدن: درد ناک آواز میں آہ و زاری کرنا

زِنہار: (۱) کلمہ تاکید، ہرگز، احتیاط (۲) ٹھہرنے کی جگہ، حمایت، مدد، امان، پناہ (۳) عہد و پیمان

زنہار خواستن: مدد کے لیے در خواست کرنا

زنہار خُوردن: عہد شکنی کرنا

زنہار دادن: حمایت کرنا، ٹھہرنے کے لیے جگہ دینا، پناہ دینا

زنہار (تا) نصیحت او را نشنوی: احتیاط کرنا کہیں اس کی نصیحت نہ سن لینا

زنہار خوار: صلح توڑنے والا، صلح کا پا بند نہ ہونے والا، پیمان شکن

زنہار خواہ: ٹھہرنے کی جگہ حاصل کرنے والا، حمایت یا مدد چاہنے والا

زنہار دار: عہد و پیمان کا پابند

زنہار داری: عہد و پیمان پر قائم رہنا

زنہاری: جو کسی کی حمایت میں ہو

زنی: نسائیت، نسوانیت

زنیان: تخم بادیان

عرق زنیان: عرق بادیان

زَو: دریا، بحر سمندر

زُو: از او کا شاعرانہ اختصار، اس سے

زواج: (ع) شادی، زندگی

زوّار: خدمتگار

زوار: (ع) حج کرنے والا، زیارت کو جانے والا

زوّار: زائر کی جمع، حج کرنے والے، زائرین

زوارِق: (ع) زورق کی جمع، چھوٹی کشتیاں

زوال: (ع) تنزل، اتار، کمی، گھناؤ

زوال آمدن: تنزّل شروع ہو جانا

زوال پذیر: عارضی، فانی، فنا پذیر

زوال نا پذیر: جسے کبھی زوال نہ ہو، دائمی، ہمیشہ رہنے والا

بی زوال: جسے زوال نہ ہو

زود زوال: جسے جلد زوال آ جاتا ہو، مثال:

بدی مکن درین کشت زار زود زوال

بداس دہر ہمان بدروی کہ می کاری

کشت زار (یعنی دنیا میں) جو جلد زوال پذیر ہونے والی ہے تو جو اس میں بوئے گا، زمانے کی درانتی سے وہی کاٹے گا۔

marfat.com

زوالہ: گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا

زوانہ: زبانہ، زبان کی مانند، شعلہ آتش

زواہ: غذا جو قیدیوں کے لیے تیار کی جاتی ہے

زواہر: (ع) زاہرہ کی جمع، خوبصورت پھول، درخشاں، تابان

زوایا: (ع) زاویہ کی جمع

زوائد: (ع) زائد کی جمع، فالتو اشیا، ضرورت سے زیادہ چیزیں

زوائل: (ع) زائل کی جمع، عارضی، نا پائدار چیزیں

زَوبَعَہ: (ع)(۱)طوفان گرد و باد (۲)دیو یا شیطان، زوابع جمع

زوبِین: نیزہ

زَوج: (ع) جوڑ، جفت، ہمسر، شوہر، جوڑے میں سے ایک، ازواج جمع

زوجات: (ع) زوجہ کی جمع، بیویاں

زوجِہ: (ع) بیوی

زوجیّت: بیوی ہونا، بیوی کے فرائض

زوجین: (ع) شادی شدہ جوڑا

زُود: جلد، فوراً

زود آنرا برداشتم: میں نے جلد اسے اٹھا لیا

زود برگشتم: میں جلدی لوٹ آیا

زود زود: اکثر، جلد جلد

من خیلي زود زود حمام میروم: میں اکثر حمام میں جاتا ہوں

بزودی: جلدی سے

زُوداَزُود: پیاپے، پے بہ پے تیز تیز

زود آشنا: جلدی میں دوست بن جانے والا

زُود انداز: فی البدیہہ شعر، بات جو بے تامّل کہی جائے

زود باور: جلدی یقین کر لینے والا، سادہ، نا تجربہ کار

زود خشم: جلد غصے میں آنے والا، غصیلا

زود خِیز: صبح جلد اٹھنے والا

زود خیزی: صبح جلد اٹھنا

زود رنج: جلد رنجیدہ ہو جانے والا

زودرس: (۱)محتاط، پیش بین، انجام پر نظر رکھنے والا، چوکس، محتاط، ہوشیار (۲)جلدی پکنے والا پھل

زود غضَب: جلد برہم ہونے والا

زود فہم: بات کو جلد سمجھنے والا، بات کی تہ تک پہنچنے والا

زود گذر: عارضی، فانی

زود گوار: زود گوارا، زود ہضم

زود نویس: تیز تیز لکھنے والا

زُودی: جلدی

باین زودی: اتنی جلدی

بزودی: جلدی میں

بزودی مراجِعَت خواہد کرد: وہ جلد ہی لوٹ آئیگا

زود یاب: جلد دستیاب ہونے والی چیز،

زور: طاقت، قدرت، توانائی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

زُور آوردن: دباؤ ڈالنا

زور دادن: دباؤ ڈالنا

زور زدن: طاقت استعمال کرنا

بزور: طاقت سے

بزور پول را گرفتم: میں نے طاقت سے رقم لے لی

بزور خندیدن: قہقہہ لگانا

راہ خود را بزور بازگردم: میں نے اپنا راستہ اپنی طاقت سے بنایا

مجبور شدم کہ زور بکار ببرم: میں مجبور ہوا کہ زور یا دباؤ اختیار کروں

زُور: (ع) جھوٹ ،باطل،فریب

حرف زور: نا معقول بات، جھوٹی بات

چرا زور می گوئ: کیوں ایسی نامعقول بات کرتے ہو

زور آزما: کشتی کرنے والا ، طاقتور پہلوان،اتھلیٹ (انگ)

زور آزمائ: طاقت آزمائ ، کشتی کرنا

زور آور: مضبوط، قوی، طاقتور

دشمن زور آور: قوی دشمن

زور آوری: طاقت، طاقت کے لیے ورزش کرنا

زور خانہ: اکھاڑا ، جمنیزیم (انگ)

زور دار: طاقتور

زور دست: مضبوط بازوؤں والا ، طاقتور

زور فِیِن: چھلا ، انگشتری

زَورق: (ع) چھوٹی کشتی

زورقِ سیمین: کنایہ ہے چاند کا

زورق زریں: کنایہ ہے سورج کا

زُورکی: زبردستی کی ہنسی

زُورگر: پہلوان، اتھلیٹ (انگ)

زُور گوئی: نامناسب رائے دینا ، نامناسب گفتگو یا قیل و قال

زورمند: طاقتور، قوی، زوآور

زورمَندی: قوت، طاقت، شدت

زور مندی کردن: شدت کرنا

زُورنا: زرنا، سُرنا ، ایک قسم کا ساز جو شادی بیاہ کے موقع پر بجاتے ہیں

زُورناک: پُر زور

زور ور: زورآور

زُورِہ: (ع) ریڑھ کی ہڈی

زُوزہ: درد ناک آواز، بلند آواز سے رونا

زُوزہ کشیدن: درد ناک آواز میں چیخ و پکار کرنا ، آہ و زاری کرنا

زُوش: غصہ ، جوش و غضب

زُوغ: نہر، ندی

زُولانہ: زنجیریں، بیڑیاں

زُون: بہرہ، حصہ ، قسمت، مثال:

بچشم اندرم دیدہ از زُونِ اوست
بچشم اندرم جنبش از خونِ اوست

میری آنکھ کا دیدہ اس کا دیا ہوا ہے اور آنکھ کی جنبش اسی کے دیے ہوئے خون کی وجہ سے ہے

زون: کوتاہ قد

زُون: (ع) صنم، بت

زِہ: (ع) تانت، رودہ، تار والے آلات موسیقی

زِہ کردنِ کمان: کمان میں تار باندھنا

زِہ: (ع) ولادت کی حالت میں عورت کا درد

دردِ زہ: بچے کی ولادت کا درد

زِہ: (ع) حلقہ ،گھیرا ، کنارہ نیز کلمہ تحسین شاباش

زَہ: (۱) ذریعہ ، وسیلہ ، (۲) سرچشمہ

زِہاب: (ع) ندی سے پانی اچھل کر باہر نکلنا

marfat.com

زُہّادِ:(ع)زاہد کی جمع، پرہیزگاری، عبادت گزار لوگ

زہادت:(ع)زہد، پرہیزگار،عبادت گزاری

زہار:پوشیدہ حصے جسم کے، شرمگاہ

موی زہار:پوشیدہ حصے کے بال

زَہاز:(ع)چیخ و پکار، شور غوغا

زِہازِہ:(ع)شاباش، کلمہ تحسین

زِہانیدن:چشمے کے پانی کا موج زن ہونا

زِہتاب:(ع)تار والے آلات تیار کرنے والا

زہتاب خانہ:جہاں تار والے آلات تیار کیے جاتے ہیں

زِہتابی:تانتیں بنانا

زُہد:(ع)پاکیزگی، پارسائی

زِہدان:(ع)بچہ دان، عورت کا رحِم

زُہد فروختن:منافقت کرنا پارسائی کے پردے میں منافقت کی باتیں کرنا

زہد فُروش:منافق، جس کے قول اور عمل میں بہت فرق ہو، باتیں زہدو تقوے کی اور عمل کافرانہ

زہد فروشی:منافقت، ظاہر میں کچھ اور باطن میں کچھ اور ہونا۔

زَہر:(ع)سم،بس، ہلاک کر دینے والا مرکب، انتہائی غیظ و غضب

زہر چشم:غصیلی نظر

زہر چشم بر کسی ریختن:کسی کو غضب آلود نگاہ سے دیکھنا، کسی سے شدت کا سلوک کرنا

زہر خود را ریختن:غصہ نکال ڈالنا

زہر مار:سانپ کا زہر

زہر مار بخوریی:کسی نفرت انگیز یا ضرر رساں چیز کو تم کھا رہے ہو

زہر مار کردن:ناگوار چیز کھانے پر مجبور ہونا

زہر:(ع) پھول، زرد رنگ کا پھول (ازہار جمع)

زَہرا:(ع) حضرت فاطمہ(رض) کا لقب، خوبصورت درخشاں

زَہراب:(ع) زہر آلود پانی ، پیشاب

زہر آب ریختن:پیشاب کرنا

زہر الرَّبیع:(ع) زرد رنگ کے پھول

زہر آگین:زہر کے اثر والا

زہر آلود:زہر سے آلودہ

زہر با:غذا جس میں زہر ملایا گیا ہو

زہر باد:خناق، گلے کی بیماری، گلے کی گلٹیوں کا سوج جانا

زہر خند:غصے کی حالت میں بھی مجبوراً ہنسنا، بادل ناخواستہ ہنسی

زہردار:جس میں زہر کا اثر ہو

زہر دارو:زہر کا اثر دور کرنے والی دوا، تریاق

زہر کش:زہر کا اثر مٹانے والی دوا

زہر مُہرہ:زہر کو جذب کرنے والا پتھر جو دوا کے کام آتا ہے

زہر ناک:زہر آلود

زُہرہ:سیارہ ناہید

زہرہ:زرد آب، پِتّہ مثال:

چند شوم در غمت از مژہ خونناب بار
زہرہ من آب شد در سر این ماجرا

میں تمہارے غم میں کب تک پلکوں سے خون کے آنسو بہاؤں اسی کیفیت میں میرا پتّہ بھی پانی ہو گیا ہے

زہرہ تراک:خوفزدہ

زہرہ جبین: جس کی پیشانی ناہید ستارے کی سی ہو، حسین و جمیل محبوب کا کنایہ۔

زہری:جس میں زہر کا اثر ہو

زہزاد:نسل، بچے، اولاد

www.iqbalkalmati.blogspot.com

زِیشت: دم، نفس، آہ

زَیف: (ع) تیزی، چالاکی

زِیکش: بدر رو

زِیکشی: پانی کو نکالنے کی بدررو

زِہگیر: انگوٹھے کی حفاظت کا خول جو تیر انداز استعمال کرتے ہیں

زِہوار: (ع) ڈوری،بند، آرائشی پٹی۔

زُہور: زہر کی جمع، زرد رنگ کے پھول

زہ وزاد: زن و فرزند،اہل وعیال، اولاد و نسل

زُہوق: باہر جانا، چلے جانا، نابود ہونا، ہلاک ہو جانا

زُہومت: بدبو

زِہی: کلمہ تحسین، شاباش، بہت اچھا، کمال کیا، مثال:

زہی روی گلگون خمی بوی شبگون
یکی رشک صبحی یکی رشک شامی

واہ کیسا پھولوں جیسا چہرہ اور کیسے تاریک رات جیسے بالوں کی خوشبو، چہرہ صبح کے لیے باعث رشک اور زلفیں رات کی تاریکی کے لیے باعث رشک ہیں۔

زِہی: بچے کو جنم دینے والی

زِہیدن: بچے کو جنم دینا

زی: طرف، جانب، حد، اندازہ، مثال:

فرستاد زی وی پیامی ز ری: اس کی طرف سے شہری سے پیغام بھیجا

زی: زہی

زی: (ع) ہیئت،صورت، شکل ،طرز، پوشاک نیز زندگی، روح

زیات: گھی تیل بیچنے والا

زِیاد: (ع) زیادہ، بیشتر

زیاد کردن: اضافہ کرنا ،بڑھانا

زیاد متعجب شدم: میں بہت زیادہ حیران ہوا

پول ہای زیاد کہ داری، کتابہای بخر: اتنی زیادہ رقم جو تیرے پاس ہے اس سے کتابیں خرید لے

امروزخیلی زیاد صحبت کردیم: آج ہم نے بہت زیادہ بات چیت کی۔

مواجب مرا زیاد کردند: میری تنخواہ میں اضافہ کر دیا گیا ہے

زیادت: (ع) زیادہ ہونا، اضافہ، افزائش

زیادتی: اضافہ ، زائد مقدار، جو ضرورتوں کو پورا کرنے کے بعد بچ رہے، فراوانی وفور کثرت، افراط

زیادِگی: زیادتی

زیادِہ: (ع) بہت، بیشتر

زیادہ جُو: حریص ،طماع، لالچی

زیادہ روی: غیر معتدل، حد سے بڑھنے کی کوشش کرنا

زیادہ ستانی: استحصال، جبراً کچھ حاصل کرنا

زیادہ طلب: زیادہ جُو ،حریص، طمّاع

زیادہ گو: پُر گو

زیادی: زائد

مبلغ زیادی واپس داد: زائد رقم اس نے واپس کر دی۔

زیارت: (ع) کسی متبرک مقام یا کسی زاہدوپارسا شخص کو دیکھنا

از زیارت مکہ برمی گشتند: مکہ معظمہ کی زیارت (حج) کے بعد وہ واپس آئے

آمدیم شما را زیارت کنیم: آپ کا دیدار کرنے کے لیے حاضر ہوئے

بزیارت رفتن: حج کو جانا

زیارت ہم تجارت: حج اور ساتھ ہی تجارت بھی، بیک کرشمہ دوکار

marfat.com

زیارت گاہ: حج کا مقدس مقام، کعبہ
زیارت نامہ: کتاب دعا، حج کے موقع کی دعاؤں کا مجموعہ
زیارتی: زیارت سے متعلق
زیاف: (ع) زَیف کی جمع، سیڑھی کے پائے، کھوٹے سکّے
زیّاف: درندہ شیر
زِیاک: کبوتر کے برابر سبزی مائل رنگ کا پرندہ
زِیان: نقصان، خسارہ، تکلیف
پایش زیان دید: اس کا پاؤں زخمی ہو گیا
زیان رساندن: کسی کو نقصان پہنچانا
زیان کردن، زیان بردن: نقصان اٹھانا
زیان آور: جس سے نقصان ہوتا ہو، خسارے کا باعث
زیان دار: نقصان رسان
زیان دیدہ: جسے نقصان ہوا ہو، جو خسارے میں رہا ہو
زیان رسیدہ: جسے نقصان ہوا ہو، جسے تکلیف پہنچی ہو
زیان کار: جسے گھاٹا یا نقصان ہوا ہو
زِیب: (ع) زینت، خوش نمائی، آرائش، زیبائی
زِیبا: حسین و جمیل، خوبصورت، دلربا
سیرتِ زیبا: اچھا کردار
زیبا رُو: خوبرو، حسین و جمیل
زیبا سرِشت: نیک فطرت، نیک کردار
زیب افزا: جس سے زیبائش میں اضافہ ہو
زِیبان: زیبا
زیبائی: رعنائی، حسن، دلربائی
زِیبق: (ع) پارہ، سیماب
زیبقی: (ع) سیمابی، سیماب وار
زیب گر: آرائش کرنے والا
زِیبَندگی: زیبائی، رعنائی، دلربائی، حسن، خوشنمائی، شائستگی
زِیبَندہ: آراستہ پیراستہ، زیبا، خوبصورت، دل کش، دلربا
زیبیدن: سجنا، آرائش پانا، شایان شان ہونا، مناسب ہونا، موزوں ہونا
او را نمی زیبد کہ چنین سخن گوید: اس کے شایان شان نہیں کہ ایسی بات کہے
این لباس بہ شمانمی زیبد: یہ لباس آپ کے لیے موزوں نہیں
ہر مقامی از دہن خوانند خوب می زیبد: جس سُر میں بھی موسیقار گائیں بہت اچھا لگتا ہے
زِیت: (ع) زیتون کا تیل
زیتونستان: جہاں زیتون کے درخت ہوں
زیتونی: زیتون کا اثر رکھنے والا
زِیج: (ع) رصدگاہ، جس میں ستاروں کی حرکات کا جائزہ لینے کے اسباب مہیا کیے گئے ہوں
زِیج: دل کی دھڑکن
زیج نشین: رصدگاہ میں بیٹھ کر فلکیات کا جائزہ لینے والا
زَید: غیر اصلی یا غیر واقعی نام جیسے کہہ دیتے ہیں، زید و بکر
زِید: خدا کرے کہ.... بڑھے، ترقی کرے، اضافہ
زیدَ عزُّہ: خدا کرے کہ اس کی عزت میں اضافہ ہو
زِیر: نیچے
زیر پا: پاؤں کے نیچے
زیر پازدن: پاؤں تلے روندنا
زیر پای کسی نشستن: کسی کے پاؤں میں بیٹھنا، احتراماً کسی کی خوشامد کرنا
زیرلب حرف زدن: منہ ہی منہ میں بات کرنا
زیرا: چونکہ، اس راستے سے، اس لیے
زیر آب: حوض کے پانی کے اخراج یا نکاس کی نالی جس

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سے پانی نکالا جا سکے

زیر آب زدن: پانی کا اخراج کرنا

زیر آب کسی را زدن: پوشیدہ طور پر کسی کو شکست دینا، تباہ کرنا

زیر افگن: (۱) توشک، چٹائی، زیر انداز (۲) ایرانی موسیقی کی ایک سر

زیراک: زیراکہ، کیونکہ

زیرانداز: چٹائی جو فرش پر بچھائی جاتی ہے

زیر بار: بوجھ تلے

زیر بُر: جیب کترا

زیر بغل: بغل کا گڑھا، بغل کے اندر کی خالی جگہ

زیر پای: وہ تپائی جس پر پاؤں رکھے جاتے ہیں

زیر پای کشیدن: حیلہ و تدبیر سے کسی سے اقرار کرانا

زیر پُوش: لباس کے نیچے پہننے والا کپڑا، بنیان وغیرہ، انڈرویر (انگ)

زیر تَبرَی: لکڑی کا کندہ جس کے اوپر ترخان لکڑی کاٹتا تراشتا ہے

زیر تنگ: گھوڑے کا تنگ جسے کسا جاتا ہے

زیر جامہ: نیچے کا لباس، شلوار، انڈرویر (انگ)

زیر جُلی: خفیہ، مخفی

عَروسِ زیر جُلی: لڑکی جس کی خفیہ شادی کی گئی ہو

زیر چاق: مطیع، فرمان بردار

زیر خوان: پنچم کی سروں میں گانے والا

زیر دریائی: آبدوز

زِیردست: ماتحت، زیراثر، زیردستان جمع

بزیردستان مهربان باش: ماتحتوں سے یا نچلے درجے کے لوگوں سے مہربانی کا سلوک کرو

زِیر دستی: ماتحتی، اطاعت قبول کرنا، فرمان برداری

زِیر دستی: رائٹنگ پیڈ

زِیر زار: غمناک آواز

زیر زبانی: زیر لب بات کرنا

زیر زمین: تہ خانہ، سرد آب

زیر زمینی: زمین کے اندر درخت کی جڑ

زیر سازی: سڑک کی پٹڑی، ریل کی پٹڑی

زیر سری: تکیہ

زیر شلواری: زیر جامہ

زِیر فون: سدا بہار درخت جس کے پھولوں سے دوائی بناتے ہیں

زِیرک: ہوشیار، قابل، لائق

زیر کاری: سڑک یا ریل کی پٹڑی بنانے کا کام

زیر کی: دانائی، ہوشیاری، قابلیت

زیرگاہ: کرسی، صندلی، چار پایہ، تخت

زیر گوشی: تکیہ جو کانوں کے نیچے رکھا جاتا ہے

زیر لب: آہستہ آہستہ بات کرنا

زیر لباس: زیر جامہ

زیر مشقی: رائٹنگ پیڈ

زیر نقب: کان، کان کے اندر جانے کا راستہ، اندر ہی اندر زمین کھودنا

زیر نقب کردن: اندر ہی اندر سے زمین کھودنا

زیر نگین: جو کسی کے تصرف میں ہو

زیر و بالا: نیچے اوپر، بے معنی، نامر بوط بات

زِیرہ: مسالہ، زیرے کی قسمیں، زیرہ سبز، زیرہ سفید، زیرہ سیاہ، زیرہ کرمانی

زیرہ بکرمان بردن: الٹے بانس بریلی کو

زیرہ: جوتے کا تلوا

زِیری، زیرین: لَبِ زیرین: نیچے کا ہونٹ

شعر زیرین: مندرجہ ذیل شعر

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

زِیس: طرف، جانب، سمت

زیست: زندگی، معاش

زیست کردن: جینا، زندگی گزارنا

خوردن برای زیستن است نہ زیستن برای خوردن: کھانا جینے کے لیے ہے نہ جینا کھانے کے لیے

زیست شناسی: بیولوژی، مفرس بیالوجی، حیاتیات

زَیغ: کج روی، انحراف، شک و گمان، سچی بات سے رو گردانی

زیغ الشّمس: سورج کا نیچے کی طرف آنا

زِیغ: چٹائی، بوریا

زیغ البَصَر: (ع) بصارت کی کمزوری

زِیغال: قدح، پیالہ، جام

زَیف: (۱) سیڑھی کے پائے (۲) کھوٹا سکہ ،گناہ بے ادبی

زِیگ: زیج، رصد گاہ

زِیل: ایک قسم کی بھیڑ

قوچ زیل: ایک قسم کی بھیڑ جس کی اون بہت عمدہ ہوتی ہے۔

زِیلُو: ایک قسم کی مختلف رنگوں کی چٹائی جوفرش پر بچھائی جاتی ہے

زین: کاٹھی، زین نما چیز

زین از اسپ نہادن: زین گھوڑے سے اتار دینا

زین بر گرگ نہادن: بھیڑیے پر زین ڈالنا ،جیسے بلی کے گلے میں چوہوں کا گھنٹی باندھنا

زین کردن: زین کسنا

زیر زین کشیدن: زین کسنا

زین، از این: اس سے

زَین: زینت، خوبصورتی، زیور، آراستگی

زین العابدین: حضرت حسین (رض) کے بیٹے علی کا لقب

زین افزار: جنگی گھوڑے کا زرہ

زَینب: حضرت حسین (رض) کی ہمشیرہ جنھیں فصاحت و بلاغت میں شہرت حاصل تھی۔
آپ اپنے دوبیٹوں کے ساتھ کربلا گئی تھیں اور اپنے عزیزوں کی شہادت اپنی آنکھوں سے دیکھی تھی

زین برگ: کاٹھی

زین پوش: کاٹھی کے اوپر ڈالنے کا کپڑا

زِینت: آرائش، زیبائش، زیور سے آراستگی

زینت کردن، زینت دادن: آرائش کرنا، زیور پہننانا، حسن و خوبی میں اضافہ کرنا

زینت افزا: آرائش کرنے والا، حسن و خوبی میں اضافہ کرنے والا

زین ساز: کاٹھیاں بنانے والا، سراج

زین کوهه: کاٹھی کا اوپر کا دستہ

زین گر: زین ساز، سراج

زِینه: سیڑھی

زِینہار: زنہار، ہرگز

زیور: گہنا

زیور بخود بستن: زیور پہننا

زیوردادن: زیور پہننانا، زیور سے آراستہ کرنا

ژ

ژ — فارسی ابجد کا چودھواں اور اردو کا ستارہواں حرف ہے فارسی میں اسے کبھی کبھی ز سے بدل دیتے ہیں اور کبھی ج سے بھی مثلاً لاژورد لاجورد ژیوہ سے جیوہ

ژا بِشر: آگ کی چنگاری

ژاپن: جاپان

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ژاپنی: جاپانی

ژاژ: ہرزہ، یاوہ، بے مزہ

ژاژخا: یاوہ گوئ کرنے والا، ہرزہ سرائ کرنے والا

ژاژخای: یاوہ گوئ، ہرزہ سرائ، بیہودہ گوئ، بے مزہ گفتگو

ژاژیدن: چبانا، جگالی کرنا جانور کا

ژاکت: جیکٹ کا مفرس

ژال: ژالہ، اولہ

ژاغِر: پرندوں کا چینہ دان، پوٹا

ژالہ: اولہ

ژاندارم: مسلح سپاہی

ژاندارمری: مسلح سپاہیوں کا دستہ

ژانطِیانہ: ایک قسم کا نیلے پھولوں والا پودا

ژانویہ: جنوری

ژاو: خالص، اچھی بات کا خلاصہ

ژاوِیدن، جاوِیدن: چبانا

ژُیون: ربا، سود

ژخ: بدن پر ابھرا ہوا سخت دانہ، گومڑی

ژخ: غمناک آواز، آہ و نالہ

ژخار: چیخ پکار

ژدَن: بخیہ کرنا

ژرد: پیٹو، پرخور، حریص

ژرف: گہرا، متبحر، عمیق، نہایت، غور و تعمق

ژرف بین: گہری نظر ڈالنے والا

ژرف نگاہ: زیرک، ذہین

ژرف بینی: گہری نظر سے دیکھنا، احتیاط

ژرفی: گہرائی، عمق

ژرف یاب: ژرف بین، گہری نظر رکھنے والا

ژِست: وضع، رفتار، حرکات بدن خصوصاً ہاتھ کی حرکت

ژغار: بد نصیبی، بد بختی، درد ناک آواز، سختی، محنت

ژغارُو: فاحشہ، طوائف، جندہ

ژغارِہ: باجرے کی روٹی

ژُغال: زغال، کوئلہ

ژغاو: فاحشہ، بدکار عورت

ژعوَغ: دانت پیسنا، دانت کٹکٹانا، دانت کٹکٹانے کی آواز

ژغَند: زغند، بلند، آواز، ڈراؤنی آواز

ژف: گیلا، سیلا، نمدار

ژفت: (۱) زفت، تارکول جو مٹی کے تیل سے نکلتی ہے (۲) صنوبر کی گوند

ژُفک: کان کی میل، آنکھ کی گِد

ژفیدن: گیلا ہونا، تر ہو جانا، نمدار ہونا

ژفیدِہ: جو گیلا ہو گیا ہو

ژک: منہ ہی منہ میں کچھ کہنا، بڑبڑانا، زیر لب غصے سے بات کرنا

ژکارِہ: لڑاکا، جنگجو، کینہ ور

ژُکال: زغال، کوئلہ

ژکفَر: صبر کرنے والا، صابر، شکیبا

ژکفری: برد باری، برداشت، شکیبائی

ژکِیدن: غصے اور دل تنگی سے زیر لب بات کرنا

ژگور: بخیل، خسیس، کنجوس

ژم: دایہ، قابلہ

ژند: زند، اوستا کی تفسیر پہلوی زبان میں

ژندہ: بوسیدہ کپڑا جس میں پیوند لگے ہوں

جامہ ژندِہ: بوسیدہ کپڑا جس میں پیوند لگے ہوں

ژندِہ: بڑا، وسیع

ژندِہ پوش: بوسیدہ کپڑے پہننے والا

ژنرال: جرنیل

ژنگ: بارش کا قطرہ

marfat.com

ژنگار: زنگار

ژنہ: نیش، ڈنگ، سوئی کی چبھن

ژوبین: نیزہ

ژوژ: ژوژہ، خارپشت، جانور جس کے جسم پر کانٹے ہوتے ہیں

ژوشیدن: قطرہ قطرہ ٹپکانا، عرق کھینچنا، جوہر نکالنا، کشید کرنا

ژول: نا ہموار، شکنج، چین

ژولیدن: آشفتہ ہونا، بکھرنا

ژولیدہ: آشفتہ

ژولیدہ مو: بکھرے ہوئے بال

ژون: صنم، بت

ژونیہ: جولائی

ژی: تالاب، ذخیرہ آب، آب انبار، جہاں پانی جمع ہو جاتا ہے، مثال:

اے آنکہ من از عشق تو اندر جگر خویش
آتشکدہ دارم صد و ہر مژہ ژی

میں تمہارے عشق کی وجہ سے اپنے جگر میں سیکڑوں آتشکدے رکھتا ہوں اور ہر پلک آنسوؤں کا ذخیرہ ہے

ژہیدن: پانی ٹپکنا

ژہیدہ: جس میں آبپاشی کی گئی ہو

ژیان: خوفناک، مہیب، ڈراؤنا، مرعوب کرنیوالا، خشم آلود

شیرژیان: غضبناک شیر

ژیرہ: زیرہ

ژیژ: نا خالص، غلیظ، نجس

ژیک: (۱) بارش کا قطرہ، (۲) رفیق، ساتھی

ژیوہ: پارہ سیماب

س

س: فارسی ابجد کے لحاظ سے پندھرواں حرف، عربی کا بارھواں اور اردو کا اٹھارہواں حرف ہے اسے سین مہملہ بھی کہتے ہیں، اسے کبھی حرف شین سے بدل دیتے ہیں، ابجد کے عدد کے اعتبار سے اس کے ۶۰ عدد ہیں

سا: **سائیدن=** ملنا، رگڑنا، کچلنا، مسلنا سے فعل امر رگڑو، ملو، مثال:

از نا کسی بنال و جبین بر زمین بسا
کلک وورق بیفگن و دست دعا بر آر

اپنی فروتنی اور عاجزی پر آنسو بہا اور سجدہ زیری کر اب تو اپنے قلم اور کاغذ کو الگ رکھ دے اور دعا کے لیے ہاتھ پھیلا

جبہ سا: ماتھا رگڑنا، سجدہ کرنا

سا: خراج

سا: سلک کی عمدہ قسم

ساب، سابیدن: سائیدن، رگڑنا، ملنا، مانجنا سے فعل امر، رگڑو، ملو وغیرہ

چوب ساب: ریتی جس سے ترخان لکڑی کو رگڑ کر ہموار کرتے ہیں

ساباط: (ع) پناہ گاہ، رہگزر جس پر چھت ہو

سابح: (ع) (۱) تیراک، شناور، شناگر (۲) تیز رفتار گھوڑا، سوابح جمع

سابحہ: (ع) مونث سابح

سابع: (ع) ہفتم، ساتواں

سابعاً: (ع) ساتواں

سابق: (ع) گزرا ہوا، پیشتر (سوابق جمع)

ایام سابق: گزشتہ دن، گزشتہ زمانہ

سابق براین، در سابق: اس سے پیشتر

سابقاً: (ع) پہلے سے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ذکر آن سابقاً گذشت: اس کا ذکر پہلے آیا ہے

سابقاً آنرا ندیدہ ام: اس سے پہلے میں نے اسے نہیں دیکھا

سابقُ الذکر: (ع) جس کا پہلے ذکر آیا ہے

سابِقہ: (۱) سابق، مقدم، پہلا، گزشتہ، پیش، پیش ازین (۲) تحریر، ریکارڈ (۳) واقفیت

سابقہ این شخص خوب است: اس شخص کا ریکارڈ اچھا ہے

سابقہ شناسائی، سابقہ معرفت: پہلے سے واقفیت ہونا

من احوال او سابقہ دانستم: میں اس کے حالات پہلے سے جانتا ہوں

من با او ہیچ سابقہ نداشتم: میری اس سے واقفیت نہ تھی

سابقہ دار: جس کے پاس اس کا پہلا ریکارڈ ہو

سابقہ داشتن: ریکارڈ رکھنا

سابقی: گزرے ہوئے زمانے کا

سابُوتہ: بوڑھی عورت، پیرزن

سابُود: (۱) خرمن، (۲) جھولنا، جھلانا، (۳) عشق پیچان نورانی حلقہ جو چاند کے ارد گرد نظر آتا ہے

سابورِہ: مخنث، وہ مرد جس میں عورتوں کا سا طور طریقہ ہو

سابیدِگی: (۱) بوسیدہ ہونا، محو ہونا، (۲) کاٹنا، چبانا

سابیدن: بوسیدہ ہونا، ملنا، رگڑنا، کوٹنا، مانجنا

دانہ ہای آنرا در ہاون می سابند: اس کے دانے ہاون میں کوٹتے ہیں

سابیدِہ: ملا ہوا، کوٹا ہوا، پسا ہوا، رگڑا ہوا

فلفل سابیدہ: پسی ہوئی مرچ

ساتِر: (ع) ستر کرنے والی، پردہ دار، نقاب پوش، اپنے آپ کو پوشیدہ رکھنے والی

ساتراپ: ایران قدیم کا حاکم، استاندار، صوبے کا حاکم، گورنر، والی

ساتگِین: شراب کا بڑا پیالہ، قدح

ساج: ساگوان، مضبوط لکڑی جس سے جہاز بناتے ہیں

ساج: لوہے کا توا

ساجِد: (ع) سجدہ کرنے والا، سجدہ گزار، زاہد، خدا پرست، عابد

ساجِر: (ع) شدید طوفان

ساجِع: (ع) مقفی و مسجع نثر میں بات کرنے والا

ساجُور: کتے کے گلے کا پٹا

ساچِمہ: (ع) بندوق کی چھوٹی گولی جس سے شکار کیا جاتا ہے

ساچمہ ای: شکار کرنے کے لیے بندوق کی گولی

ساحَت: (ع) صحن، کھلا میدان، مقام، درگاہ (ساحات جمع) مثال:

یا رب مدینہ است این حرم کزخاکش آیدبُوی جان

یا ساحتِ باغ ارم یا عرصہ روض الجنان

اے خدا یہ حرم مدینہ ہے کہ اس کی خاک سے زندگی کی خوشبو آتی ہے یا یہ گلزار ارم کاکھلا میدان ہے یا روضۃ الجنت کا مقام ہے۔

ساحت مجلس ملی: پارلیمنٹ کی مجلس کا مقام

ساحت طوبی: بہشت

ساحِر: (ع) سحر کرنے والا، جادو کرنے والا، جادوگر

ساحِرہ: (ع) جادوگرنی، مجازاً دلربا عورت، مسحور کر دینے والی

ساحِق: (ع) پیسنے والا، برادہ کرنے والا

ساحِل: (ع) سمندر کا کنارہ

marfat.com

ساحل رُود خانہ: دریا کا کنارہ

ساحلی: ساحل سے متعلق

حقوق ساحلی: ساحلی علاقے کے حقوق

ساخت: ساختن= بنانا سے بنایا ہوا، بناوٹ

ساختِ پاکستان: پاکستان کا بنایا ہوا

ساختِگی: آمادگی، نیز بناوٹی، مصنوعی

التماس ہای او ساختگی بود: اس کی گزارشات بناوٹی تھیں، جھوٹی تھیں، بناوٹی باتیں پیش کر کے اس نے گزارشات کیں

ساختمان: عمارت، بنا

ساختن: بنانا، تعمیر کرنا، بنانا، موافق ہونا، مثال:

از ساختن کارِ کسان سعی نما
کار تو شود ساختہِ از لطفِ خدا

لوگوں کے کام انجام دینے کی کوشش کرو تو تمہارا کام بھی خداوند تعالی کی مہربانی سے انجام پالیگا

این سخن او را خشمگیں ساخت: اس بات نے اسے غصہ دلایا

بایکدیگر ساختن: ایک دوسرے سے تعاون کرنا، ایک دوسرے سے پوشیدہ طور سے تعاون کرنا

بایکدیگر ساختہ او را بکشتن دادند: خفیہ طور سے تعاون کر کے انھوں نے اسے ہلاک کر دیا

دروغ ساختن: جھوٹ گھڑنا

دوخانہ در این مقام ساختہ است: یہاں اس نے دو مکان بنائے ہیں

کرساختن: بہرہ کر دینا

وزیر ساختن: وزیر کا عہدہ دینا

ہوای اینجا مرامی سازد: یہاں کی آب و ہوا مجھے موافق ہے

ساخت و پاخت: خفیہ سازش

ساخت و پاخت کردن: مل کر خفیہ سازش کرنا، ساز باز کرنا

ساختِہ: (۱) بنا ہوا (۲) مصنوعی، جعلی

اشیاہ ساختہ ایران: ایران کی بنی ہوئی چیزیں

سند ساختہ: جعلی سند

ساختہ و پرداختہ: بنی ہوئی اور تکمیل پائی ہوئی

ساختِہ کار: مصنوعی چیزیں بنانے والا، جعل ساز

ساختہ کاری: مصنوعی چیزیں بنانا، جعل سازی

ساختہ لگام: ضدی، سرکش

ساختیان: بکری کی کھال کا رنگا ہوا چمڑا

ساخِر: (ع) مسخرہ

ساخِط: (ع) غصے میں آیا ہوا

ساخلُو: قلعہ یا شہر کی محافظ فوج

ساخلوی: قلعہ کی محافظ فوج سے متعلق

ساخِن: چونا گچ، (عربی) گرم

ساد: سور، گراز

ساد: بیابان

سادات: (ع) حضرت رسول کریم (ص) کے اخلاف

ساداوران: گوند نما مادہ جس کا رنگ سرخ اور مزہ تلخ ہوتا ہے

سادِس: (ع) ششم، چھٹا

سادساً: (ع) چھٹے درجے پر

سادِگی: سادہ روی، وہ حالت جو نمائش اور تکلف کے بغیر ہو

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سادِن:(ع) دربان، حاجِب، خادم کعبہ

سادِہ:جو نمود و نمائش کے بغیر ہو، آسان

زندگی سادہ:زندگی جو نمود و نمائش اور تکلف کے بغیر گزاری جائے

آں مسئلہ خیلی سادہ است:وہ مسئلہ بہت آسان ہے

صاف و سادہ:بغیر نمائش کے

سادہ روان:سادہ دل

سادہ دل:صاف دل، جس میں کوئی نمائش نہ ہو

سادہ رو:بغیر ڈاڑھی کے

سادہ عذار:سادہ رُو

سادہ لوح:بھولا بھالا، ضعیف الاعتقاد

سادہ لوحی:بھولا پن

سادَج:دار چینی کے رنگ کا

سار:ایک پرندہ جس کے پر سیاہی مائل بھورے رنگ کے ہوتے ہیں

سار:لاحقہ کے طور سے استعمال ہوتا ہے، مثلاً

دیو سار:دیو کی مانند

شرمسار:نادم

سارا:خالص، جس میں کسی قسم کی ملاوٹ نہ ہو

عنبر سارا:عمدہ عنبر

سارا:حضرت ابراہیم(ع) کی بیوی کا نام جو حضرت اسحق کی والدہ تھیں

ساربان، شتربان:اونٹ کا نگہبان

سارِج:سرایت کرنے والا، نفوذ کرنے والا

سارَشک:مچھر، مچھر کا ڈنگ

سارُغ:(۱)بقچہ (۲)بڑا رومال جس میں کوئی چیز باندھی جائے

سارِق:(ع) سرقہ کرنے والا

سارِقہ:(ع) سرقہ کرنے والی

سارنج:ایک سیاہ رنگ کا چھوٹا پرندہ

سارنج:ذخیرہ آب، تالاب، آب انبار

سارنگ:سارنج نیز دنیا، جہان

ساروان:ساربان، شتر بان

سارُوج:پلستر، چونا گچ

ساروج کردن:پلستر کرنا

سارُوک:سرایت کرنے والا

سارہ:حضرت ابراہیم(ع) کی بیوی کا نام

ساری:(۱)ماژندران کا شہر (۲)جاری، گزرتا ہوا (۳)سرایت کرنے والا

ساز:موسیقی کا سامان، سارنگی، طبلہ، ڈھولک، مزامیر وغیرہ جو مطرب کے گانے کے ساتھ بجاتے ہیں

ساززن:ساز بجانے والا، سازندہ

سازِش:(۱)کسی کے خلاف میل جول، خفیہ سازباز، ملی بھگت، (۲)موافقت، ملنساری

آنہا نمی تواند باہم سازش کنند:وہ باہم موافقت نہیں کر سکتے

ساز کردن:آمادہ کرنا

ساز گار:موافق، موزون، ہم آہنگ، مفید

این آب و ہوا بمن سازگار است:یہ آب و ہوا میرے موافق حال ہے

marfat.com

آن دو نفر باهم سازگار نیستند: وہ دو شخص ایک دوسرے سے ہم آہنگ نہیں، ان کا آپس میں میل جول نہیں۔
سازگار بودن: موافق حال ہونا، مطابقت ہونا، میل جول ہونا
سازمان: انجمن، منظم جماعت، ایک ادارہ جس کے کام کاج میں باہمی میل جول ہو اور اپنے کام کو وہ نظم و ترتیب کے ساتھ کرتے ہوں
ساز مَند: آراستہ، تربیت یافتہ، تیار
سازَندگی: گائیکی، مطرب کا پیشہ
سازندِہ: (۱)ساز بجانے والا، ساز نواز (۲)بنانے والا، سازندگان جمع)
خوانندِہ زن و سازندِہ مرد است: گانے والی عورت اور ساز بجانے والا مرد ہے
سازنده این صندلی کیست: اس کرسی کا بنانے والا کون ہے
سازِ نوروز: جشن نوروز کے موقع کے لیے جو کچھ فراہم کیا جاتا ہے
ساز و برگ: سازو سامان، وہ سامان، لوازم اور آلات جو سپاہیوں کو فراہم کیے جاتے ہیں
سازِیدن: ساختن، بنانا
ساس: کھٹمل، کاٹنے والا کیڑا جو عموماً نمناک یا سیلی جگہ پر ہوتا ہے
ساسان: ایران کے ساسانی خاندان کا بانی، ارد شیر بابک کا والد
ساسانی: ساسانی خاندان کا فرد (ساسانیان جمع)
ساسُر: نرسل جس سے قلم تیار کیے جاتے ہیں
ساطِر: (ع)قصاب
ساطِع: (ع)روشن، چمکدار، درخشان، تابناک
شعاع ساطع: منور، تابان شعاع
بُرہان شاطع: واضع دلیل
ساطِن: (ع)پلید، ناپاک، کثیف
ساطُور: (ع)قطع کرنے والا، چھرا، قصاب کا چھرا، سواطیر جمع
ساعات: (ع)ساعت کی جمع
ساعَت: (ع)وقت، گھڑی، ایک گھنٹہ، عرصہ
ساعتِ اداری: دفتری اوقات
ساعتِ او تُنداست: اس کی گھڑی تیز چلتی ہے
ساعت آویز: ٹائم پیس، کلاک
ساعت سنگین است: وقت تکلیف دہ ہے
ساعت بساعت: گھڑی گھڑی بھر، ایک گھنٹے سے دوسرے گھنٹے تک
ساعت چه است: کیا وقت ہے
ساعت چهار است: چار بجے ہیں
ساعت خوش است: خوشی یا خوش نصیبی کا وقت ہے
ساعت دیواری: کلاک، دیوار سے لگانے والی گھڑی
ساعت را کُوک کردن: گھڑی کو چابی دینا
ساعت را میزان کردن: گھڑی کو وقت کے مطابق درست کرنا
ساعت ریگی: ریت گھڑی
ساعتِ زنانه: زنانہ گھڑی
ساعتِ زنگی: بجنے والا کلاک، جو گھنٹہ گزرنے کے بعد بجتا ہے اور وقت کا پتا چل جاتا ہے
ساعت شُمار: گھڑی کی چھوٹی سوئی جو گھنٹے ظاہر کرتی ہے
ساعتِ شما خوابیده است: تمہاری گھڑی پیچھے ہے، آہستہ چلتی ہے
ساعتِ شَماط: الارم والا ٹائم پیس
ساعتِ طِلا: سونے کی گھڑی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ساعتِ مُچی: کلائی کی گھڑی

این ساعت کار نمی کند: یہ گھڑی چلتی نہیں

در طرفِ یک ساعت: گھنٹے بھر میں

درین ساعت: اسی وقت

رُبع ساعت: گھنٹے کی چوتھائی، مثلاً سوا بجے

قابِ ساعت: گھڑی کی ڈبیا

نیم ساعت: آدھ گھنٹہ

ھماں ساعت: اسی وقت

یک ساعت از عمر گذشته است: زندگی کا ایک گھنٹہ گزر گیا ہے

ساعت ساز: گھڑی ساز، گھڑیاں بنانے والا

ساعِد: (ع) کلائی

ساعی: (ع) سعی کرنے والا، کوشش کرنے والا، تن دہی سے کام کرنے والا، سر گرم کار، محنتی، خراج وصول کرنے والا عامل، نیز بمعنی سخن چین

ساعدوش: دیکھیے سا قدوش

ساغر: جام، قدح، پیالہ

ساغرزدن: شراب پینا

ساغری: ایک قسم کا دندانے دار چمڑا جسے رنگا گیا ہو

سافِل: (ع) سفلہ، پست نطرت، گھٹیا

اطراف سافِله: نچلے حصے

ساقُوت: وہ آواز جب انسان ہونٹ بند کرکے سانس خارج کرتا ہے

ساق: (۱) پنڈلی (۲) شاخ گل، وہ ڈالی جس میں ایک پھول یا کئی چھوٹی ڈنڈیاں ہوں

ساقدُوش: شاہ بالا، جو شادی کے موقع پر دلہا کے ساتھ ساتھ رہتا ہے

ساقِری: ساغری

ساقِط: (ع) (۱) گرا ہوا، ناکارہ، بیکار چیز

ساقط شدن: گر جانا، بیقدر ہو جانا

حنینِ ساقط: حمل ضائع ہونا

مرضِ ساقط: گر جانے کا عارضہ

قرارداد از درجه اعتبار ساقط شد: معاہدہ ختم ہو گیا

ساقِطه: (ع) ساقط کی تانیث، فرومایہ، کم عقل، پھل جو پکنے سے پہلے درخت سے گر جاتا ہے، پتے جو درخت سے گر جاتے ہیں

ساقِه: (ع) تنا، شاخ، ڈالی، ڈنڈی

ساقه زیر زمین: زمین کے اندر کی جڑ

شاقه گل: شاخ گل، وہ ڈالی جس میں ایک پھول اور کئی چھوٹی ڈنڈیاں ہوں

ساقه دار: شاخدار

ساقی: (ع) جام بردار، کوئی شخص جو پانی یا شراب کسی کو پیش کرتا ہے

ساقی نامه: نظم جو ساقی سے متعلق ہو

ساقِیه: (ع) جام بردار عورت، جام پیش کرنے والی عورت

ساک: توبرا، کیسہ، تھیلا

ساک: غذا جو چاولوں، سبزی اور ترش میوے سے تیار کی جاتی ہے

ساکِب: (ع) (۱) جاری، بہتا ہوا (۲) سقہ

ساکِت: (ع) خاموش، چپ چاپ

ساکت باش: چپ رہو

ساکت شدن: خاموش ہو جانا

ساکت کردن: خاموش کر دینا

ساکت گردیدن: خاموش ہو جانا

از شنیدن آن جواب ساکت شد: جواب سن کر

marfat.com

وہ خاموش ہو گیا
دردش ساکت شد:اس کا درد جاتا رہا
قانون درین موضوع ساکت است:قانون اس مسئلے پر خاموش ہے یعنی قانون میں اس کے متعلق کوئی شق نہیں
ساکِن:(ع)بے حرکت، پرسکون، مطمئن، دل جمعی، قیام پذیر
ساکن شدن:ٹھہرنا، قیام کرنا
ساکن کردن:ٹھہرانا، قیام کے لیے جگہ دینا
کسی درآن خانه ساکن شد:کوئی اس گھر میں ٹھہرا ہے
ساکنِ لاهور هستم:میں لاہور کا رہنے والا ہوں
سال:بارہ ماہ کا عرصہ، برس
سالِ آینده:آنے والا سال
سالِ او زیاد است:وہ زیادہ عمر کا ہے
سال بسال:ایک سال سے دوسرے سال تک
سالِ جاری:رواں سال
سالِ خود را دُزدیدن:اپنی عمر کم بتانا
سال در سال:ہر سال، سالانہ
سالِ شمسی:سورج کے حساب سے کیلنڈر کا سال جو اب ایران میں رائج ہے
سالِ قمری:چاند کے حساب سے سال کا تعین، جو اسلامی ممالک میں رائج ہے
سال گذشته:پارسال، گزرا ہوا سال
سال میلادی:عیسوی سال
سالِ نو:نیا سال
سال نو را بشما تبریک می گویم:سال نو کی مبارک پیش کرتا ہوں
سالها:کئی سال
سالی ده هزار روپیه میگیرد:وہ سال بھر میں دس ہزار روپیہ لیتا ہے
سالی که نکوست از بهارش پیدا است:جو سال خوش بختی کا ہو اس کے موسم بہار سے یعنی شروع سے ہی پتا چل جاتا ہے
چند سال دارید؟:آپ کی عمر کتنی ہے
من چهل سال دارم:میری عمر چالیس سال ہے
همه سال:ہمہ سالہ، ہر سال
سال آزما:تجربہ کار
سالانه:سالیانہ، ہر سال
سالِب:(ع)غارت گر، سلب کر لینے والا
سالِبه:(ع)سالب کی تانیث
سالِ خُرد:خرد سال، چھوٹی عمر کا
سال خورد، سال خورده:بڑی عمر کا، مُسن
سالدات:سرباز، سپاہی
سالدار:بڑی عمر کا
سالِف:(ع)(سلف سے) سابق
سالِفُ الذِکر:جس کا اوپر ذکر ہوا
سالِفه:(ع)گزشتہ، ایام گزشتہ
سالِک:(ع)سفر کرنے والا، راہ تصوف پر چلنے والا، مسلک تصوف کا پیرو
سالِ کبیسه:لوند کا سال، لیپ یئیر، سال میلادی
سالِ گردش:سالگرہ، نئے سال کا آغاز ہونا
سالگرِه:پیدائش یا شادی کی سالانہ تقریب منانا
سالِگی:عمر کے سال کو ظاہر کرنا
بیست سالگی:بیس سال کی عمر
سالِم:(ع)محفوظ، صحت مند، تندرست، اچھی حالت میں، سب، سب کا سب
سالم وادر شدیم:ہم بخریت آگئے
سالماً:(ع)صحیح حالت میں صحت مندانہ اچھی حالت میں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سالمند: بالغ

سالنامہ: جس میں سال بھر کی یاد داشتیں درج ہوتی ہیں، تقویم، جنتری

سال نما: کیلنڈر

سالوس: ریاکار، فریبی، مکار

سالوسی: ریاکاری، فریب کاری، مکاری

سالوک: رہزن

سالون: سیلون، ہوٹلوں کے قہوہ خانوں کا بڑا کمرہ، ہال کمرہ، دالان

سالہ: (ع) یہ لفظ عدد کے ساتھ آتا ہے مثلاً

چند سالہ: کتنی عمر کا

چندین سالہ: کئی سال کا

دہ سالہ: دس برس کی عمر کا

ہمہ سالہ: ہر سال

سالہ: لشکر کا آخری حصہ

سالہا: کئی سال

سالی: ایک خاص سال

سالیان: سالہا، کئی سال

سالیان دراز: طویل مدت

سالیانہ: سالانہ، ہر سال

اقساطِ سالیانہ: سالانہ قسطیں

جشنِ سالیانہ: سالگرہ، سالانہ جشن

سام: رستم کے دادا کا نام، زال کا باپ

سام: (ع) سوجن، آماس

سام: (ع) شیم، حضرت نوح (ع) کا بیٹا

سام: (ع) وبائی، وبا پھیلانے والی، سخت گرم

باد سام: وبا پھیلانے والی ہوا

ساماکچہ: عورتوں کا سینہ بند، انگیا

سامان: گھر کا مال و اسباب، ساز و سامان، لوازم زندگی، فلاح و بہبود

بی سامان: بے گھر، جس کا کوئی ٹھکانہ نہ ہو

سروسامان گرفتن: گھر اور مال و اسباب مہیا کرنا، شادی کی تیاری کا سامان مہیا کرنا

سامان: ایران کے سامانی خاندان کا بانی

سامانی: سامانی خاندان سے متعلق

سامانیان: آل سامان، سامانی خاندان کے افراد

سامت: بیزار ہونا، دل تنگی، ملول

سامح: (ع) فیاض، کشادہ دل، خلیق

سامر: (ع) افسانہ گو، نیز بمعنی مجلس افسانہ گویان

سامرہ: اہل سامیرہ، باشندہ سامرہ

سامری: (ع) اہل سامیرہ کی زبان

گو سالہِ سامری: بچھڑا جو حضرت موسی (ع) کے زمانے میں ایک شخص بولتا ہوا لایا تھا اور لوگوں کو اس کی پرستش کی دعوت دی

سامریہ: سامرہ

سامع: (ع) سننے والا

سامعہ: (ع) سننے کی قوت، قوت سمع، سننے کی حس

حسِ سامعہ: سننے کی قوت

سامندر: سمندر

سامہ: (۱) معاہدہ (۲) اقرار نامہ، پیمان، عہد (۳) قسم، سوگند (۴) پناہ گاہ (۵) آسائش آسودگی

سامی: (ع) عالی، بلند مرتبہ

سامی: سامی نسل کا

سامیز: سان جس پر چاقو چھری تیز کی جاتی ہے

سان: پریڈ بھڑک دار نمائش، معائنہ (فوج کا)، یونی فارم، اسلحہ، نیز فسان

سانِ قشون: فوجی دستوں کا معائنہ

سان: طرز، روش، رسم، عادت، نظیر، مانند

marfat.com

سان دادن:معائنہ کرنا، پریڈ کرنا، نمائش کرنا
سان دیدن:معائنہ کرنا
سان:طرح،یہ لفظ لاحقے کے طور استعمال ہوتا ہے مثلاً
بدین سان:اس طرح
چہ سان:کس طرح
یکسان:برابر، ایک جیسا
سان:ریتی، سوہان، فسان
سانتیگرید:سنٹی گریڈ (مفرس)
سانتیگرام:(مفرس) سنٹی گرام
سانتیم:سینٹ، سوّاں حصہ
سانتیمیتر:(مفرس)سنٹی میٹر
سانِحہ:(ع)ناگہانی واقعہ، حادثہ
چہ سانحہ رخ داد:کیا واقعہ پیش آیا (سوانح جمع)۔
سانسور:(انگ)احتساب، انتقاد، روزناموں، رسالوں وغیرہ کی عیب جوئی حکومت کی طرف سے
ساو:خراج، باج، جو شکست خوردہ‌حکمانوں سے لیا جاتا تھا
ساو:(۱)برادہ (۲)سان
ساو آھن:لوہے کا برادہ جو ریتی کے رگڑنے سے گرتا ہے
ساوہ:لوہے کا برادہ
ساوِیت:(۱)مفرس سوویت، کارکنوں کی مجلس شوری (۲)روس کی جمہوری حکومت
ساوِیز:نیک خو شخص، خوش خلق، خوش مزاج
ساوِیس:دھنی ہوئی روئی
ساھِر:(ع)جاگا ہوا، بیدار
ساھِرہ:(ع) (۱)سطح زمین (۲)چشمہ جس کا پانی ختم نہیں ہوتا
ساھی:(ع)سہو کرنے والا، غافل، غفلت شعار سہل انگار، سنی ان سنی کردینے والا

سایبان:(ع)سائے کی جگہ، چتر، خیمہ، شامیانہ
سائبان زدن:خیمہ نصب کرنا
سائح، سایح:(ع)زاہد، پرہیزگار، عبادت گزار
سائد:قوم کا بزرگ
سائر:(ع)سایر، بقیہ، باقی بچنا، دوسرا
سائر کتابھا:دوسری کتابیں
سائر مردم:دوسرے لوگ
سائر:(ع)سیر کرنے والا، سفر کرنے والا
سائرین:(ع)سائر کی جمع، دیگران، دوسرے لوگ
سائس:(ع) (۱)مدبر، صاحب تدبیر، جو شخص قوم اور جماعت کا کام عقل اور تدبر سے کرتا ہے، سیاستدان
سائسانہ:بین الاقوامی لحاظ سے، سیاسی نقطہ نظر سے
سائش:(ع)ملنا، رگڑنا
سائق، سایق:(ع)اکسانے والا، برانگیختہ کرنے والا
سائقِہ:(ع)سائق کی تانیث
سائل:(ع)سوال کرنے والا
سائل:(ع)بہنا، رقیق، سیال، پانی کا سا
سائلی:سوال کرنا، گدائی، دریوزہ گری
سایَندِہ:گھسنے والا، رگڑنے والا
سایوان:سائبان، شامیانہ
سایِہ:(ع)عکس، سہارا، بچاؤ، حفاظت، حمایت
سایہ انداختن، سایہ گستردن:عکس ڈالنا
سایہ خدا:اللہ تعالی کا سہارا
سایہ شماکم نشود:آپ کی حمایت ہمیشہ مجھے حاصل رہے
بسایہ شما این کار را خواھم کرد:آپ کی حمایت سے میں یہ کام کردونگا
سایِہ افگن:سایہ ڈالنا، سہارا دینا، مدد دینا، اپنی حمایت میں رکھنے والا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سایہ بان: سائبان

سایہ پرورد: سایہ پروردہ، جس نے کسی کی مدد سے پرورش پائی ہو

سایہ ترس: سائے سے ڈرنے والا، بہت بزدل، ڈرپوک

سایہ دار: جس کا سایہ ہو

سایہ دست: ہینڈ رائٹنگ، آٹو گراف

سایہ رس: جس کے سائے میں پرورش پائی ہو

سایہ فگن، سایہ افگن: مثال:

کم مباش از درخت سایہ فگن
ہر کہ سنگش زند ثمر بخشد

تمہیں سایہ دینے والے درخت سے کم نہیں ہونا چاہیے، اگر تم سے کوئی نارواسلوک کرتا ہے تو اسے معاف کردو، دیکھو ثمردار درخت پر جب کوئی پتھر پھینکتا ہے، تو اسے وہاں سے پھل ملتا ہے

سایہ گاہ: سایہ دار جگہ، سائبان

سایہ گستر: سایہ دار، حمایت کرنیوالا، کشادہ دل، مہربان، نوازش کرنے والا

سایہ نما: سنیما، وہ آلہ جس سے سنیما کی تصویریں حرکت کرتی ہوئی نظر آتی ہیں

سایہ نشین: سائے میں بیٹھا ہوا، پروردہ، جو کسی کے سائے یا حمایت میں ہو

سایہ ور: سایہ دار

سائیدگی: بوسیدہ ہونا، فرسودہ ہونا

سائیدن: ملنا، رگڑنا، کوٹنا

سائیدہ: ملا ہوا، رگڑا ہوا، بوسیدہ

سبّ: (ع) دشنام، بے عزتی، مذمت، لعن و نفرین

سبا: (۱) جنوبی عرب کا شہر جہاں کی ملک بلقیس نے بادشاہ سلیمان سے ملاقات کی (۲) یمن کا ایک قبیلہ

سبّاب: (ع) دشنام دینے والا

سبابہ: (ع) وہ انگلی جو انگوٹھے کے قریب ہوتی ہے، انگشت شہادت

سبات: سستی، کاہلی، (۲) آرام، نیند

سباتی: سست، کاہل، طبعی طور پر سوتا ہوا، بیہوش

سبّاح: (ع) تیراک، شناور، شناگر

سباحت: (ع) تیرنا، شناوری

سباروک: کبوتر

سباط: (ع) یہودی سال کا پانچواں مہینہ جو فروری میں آتا ہے

سباع: (ع) سبع کی جمع، جنگلی جانور (شکار کرنے والے)

سباعی: (ع) سات حرفی، شاعری کے ایک بحر کا نام

سباق: (ع) دو اشخاص کے مابین مقابلہ، گھوڑ دوڑ کا مقابلہ

سبّاک: (ع) پگھلانے والا

سِبال: (ع) سبلت کی جمع، مونچھیں

سبب: (ع) وجہ، باعث، موجب، وسیلہ

سببِ انکار: انکار کی وجہ

سببِ ثقیل: بڑی وجہ

سببِ خفیف: معمولی وجہ

سبب شدن: وسیلہ بننا

بی سبب: بلا وجہ

چہ سبب: کیا وجہ ہے

سبب ساز: وسائل مہیا کرنے والا

سبب کار: جو کسی چیز کا موجب ہے

سببی: سبب ہونا

سبت: (ع) یہودیوں کا یوم ہفتہ، آرام

اصحاب السبت: (ع) یہودی

سُبح: (ع) سبحہ کی جمع

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سُبحات:(ع)سبحہ کی جمع، انوار الٰہی

سُبحان:(ع)تعریف و توصیف، تمجید، شان کبریائی، تجلی

سبحان اللہ:اللہ تعالٰی کی تمجید، خداوند تعالٰی پاک اور منزہ ہے، تعجب کے مقام پر بھی سبحان اللہ کہہ دیتے ہیں

سبحانی:(ع)ربّانی

سبحہ:(ع)تسبیح، دعا، ذکر

سبحۃ اللہ:(ع)جلال خداوندی

سبَد:ٹوکری، بید وغیرہ کا بنا ہوا پٹارا

سبدِ کاغذ:ردی کاغذ رکھنے کی ٹوکری

سبد باف:سبد گر، ٹوکریاں بنانے والا

سبدچین:انگور یا دوسرے پھل چن کر ٹوکری میں ڈالنے والا

سبدی:ٹوکری کی طرح

کلاہ سبدی:تنکوں کا بنا ہوا کلاہ یا ہیٹ (انگ)

سبز:ہرارنگ

سبز آخور:وہ جگہ جہاں جانوروں کے لیے سبز چارہ ڈالا جاتا ہے

سبز ارَنگ:سبز رنگ، ایران قدیم کی موسیقی کی دھن

سبز باغ:کنایۃً آدمی کا جسم اور کنایہ ہے آسمان اور بہشت کا

سبز بخت:خوش نصیب، خوش بخت

سبز بہار:موسم بہار کا سبزہ

سبزپا:منحوس، شوم، نا مبارک، برا قدم

سبزپری:بہار، موسم بہار، فصل بہار

این تخم سبز نخواھد شد:یہ بیج نہیں اُگے گا

برگ سبز:(۱)ہرا پتا، تازہ اگا ہوا (۲)جوان

حرف شمارا سبز می کنم:جو کچھ آپ نے کہا ہے، میں اس پر عمل کرتا ہوں

خط سبز:ڈاڑھی کا اگنا

سرت سبز باد:خدا تمھیں سر سبز رکھے، تمھیں کامیاب و کامران کرے

مائل سبز:سبزی مائل

سبز پُوش:سبز رنگ کے لباس میں ملبوس، فرشتہ، درویش خدا شناس

سبز چردِہ:گھرے سبز رنگ کا

سبز چشم:کوے کی سی آنکھ والا، زاغ چشم

سبز خوان:کنایہ ہے آسمان کا

سبزدِہ:کنایہ ہے آسمان کا

سبز فام:سبزی مائل

سبز قدم:منحوس، شُوم، بدبخت

سبزک:سبز، سبز رنگ کی قبا

سبز کُوشک:کنایہ ہے آسمان کا

سبزوار:خراسان کاشہر

سبزِہ:سبز رویدگی، سبز گھاس

سبزہ زار:چراگاہ، چمن زار، وہ جگہ جہاں گھاس اور سبز پودے ہوں

سبزی:نباتات، ترکاری

سبزی پاک کردن:محبت ظاہر کرنا، خوشامد یا چاپلوسی کرنا

سبزی پاک کن:خوشامدی، چاپلوس

سبزی جات:سبزیاں، ترکاریاں

سبزیٔ خوردن:تازہ سبزی، ترکاری جس سے سالن تیار کرتے ہیں

سبزی فُروش:سبزی بیچنے والا

سبزی کار:سبزی بونے والا

سبزینہ:سبز رنگ، سبز فام، پودوں کے سبز حصوں کا رنگین مادہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سبسب:بیابان

سبط:(ع)پوتا، حضرت اسرائیل کا قبیلہ، سبط کی جمع اسباط حضرت اسرائیل کے بارہ قبیلے

سبطی:(ع)حضرت موسی (ع)کی امت

سبطین:(ع)حضرت امام حسن (رض) اور حضرت امام حسین (رض)

سبع:(ع)ہفتم، ساتواں

سَبع:(ع)شکاری جانور درندہ، ظالم، سباع جمع

سبعہ:(ع)سات

سبعہ سماوات:سات سیارے

ذوسبعہ اضلاع:ہفت ضلعی، سات ضلعوں والی شکل

سبعیت:(ع)درندگی

سبعین:(ع)ستّر

سبَق:(ع)پیش روی، آگے یا پہلے آنا، تفوق، ترجیح سبقت

سبق خواندن:پڑھنا

سبق گرفتن:درس لینا، سبق لینا

ماسبق:جو گزر گیا ہو، سابقہ

سبقت:(ع)برتری، ترجیح، تفوق

سبقت جستن، سبقت گرفتن:برتری حاصل کرنا

سبق تاش:ہم درس، ہم سبق

سبق خواں:شاگرد، طالب علم، محصّل

سبک:(ع)طریقہ، انداز، اسلوب

سبک تعلیم:پڑھانے کا اسلوب

سُبک:ہلکا، کم وزن، جلد

سُبک رفتن:روانہ ہونا، آہستہ چلنا، خوشی سے چلنا

سبک شدن:ہلکا ہو جانا

سبک کردن:ہلکا کرنا، ذلیل کرنا

این حرکت او را سبک کرد:اس حرکت نے اسے ذلیل کر دیا

سُبک اسلحہ:ہلکا اسلحہ

سُبک بار:ہلکا بوجھ

سبک باری:لاپروای

سبک بال:ہلکے بالوں والا پرندہ، تیز اڑنے والا

سبک پا:تیز رفتار

سبک پای:تیز رفتاری

سبک پر:سبک بال

سبک پی:تیز رفتار

سبکتگین:غزنوی حکومت کا بانی، سلطان محمود غزنوی کا والد

سبک خِرد:کم عقل

سبک خیز:جلدی بیدار ہونے والا، چست، چالاک، چوکس، ہوشیار

سبک خیزی:ہوشیاری، بیدار مغزی، احتیاط

سُبک داشت:توہین، نافرمانی

سبک دست:تجربہ کار، ماہر، ہوشیار

سبک دستی:تجربہ، مہارت

سبک دل:شادمان، خوشحال، خوش، مطمئن

سبک دلی:خوشی، اطمینان

سُبکدوش:سبک بار، جس پر زیادہ بوجھ نہ ہو، زیادہ ذمے داری نہ ہو

سبک رفتار:تیز رفتار، سبک سر، ہرزہ سرا

سبک رفتاری:تیز رفتاری

سبک رکاب:تیزی سے سفر کرنے والا

سبکرَو:تیز رفتار، سبک رفتار

سبک روی:تیز رفتاری، سبک رفتاری

سبک رُوح:خوش باش، خوش مزاج، شگفتہ، بے تکلف،

marfat.com

بے تکبر

سبک روحی:خوش دلی، خوش باشی

سبک سار:فرومایہ، بے وقار، خوار، مثال:

جامی این راہ سبک ساران نیست

دامن از خویش بیفشان و درین راہ درآ

جامی یہ بے وقار لوگوں کی راہ نہیں اپنا دامن جھاڑ اور اس راستے پر آجا

سبک سایہ:عارضی، ناپائیدار، زود گزر

سبک سَر:(۱)ہرزہ سرا، جلد باز، نا عاقبت اندیش، ناتواں، مثال:

ستون خرد بُردباری بود

سبک سر ہمیشہ بخواری بود

برد باری عقل و خرد کا ستون ہے جلد باز ہمیشہ ذلیل و خوار ہوتا ہے

سبک سری:(۱)بہکی بہکی باتیں کرنا، ہرزہ سرائی، فرومائیگی، سفاہت

سبُک سنگ:ہلکا

سبک سیر:قانع، جلد مطمئن ہو جانے والا

سبک سیر:سبک رفتار، تیز رفتار

سبک طبع:خوش طبع، خوش مزاج

سبک لقا:(ع)خندہ پیشانی والا، خوش خلق

سبک مائیگی:کم مائیگی، کم عملی، ناواقفیت، جہالت

سبک مایہ:بے قدر، نکما، جاہل

سبک مزاج:بے اصول، متلون الطبع، غیر مستقل مزاج، تغییر پذیر

سبک مزاجی:تلون، غیر مستقل مزاجی، تغییر پذیری

سبک مشرَب:سبک طبع، سبک مزاج، متلون

سبک مشربی:سبک مزاجی، تلون

سبک مغز:احمق، بے وقوف

سبک مغزی:حماقت، بیوقوفی

سَبُکی:ہلکا پن، نا سمجھی

سبَل:بادل جس کا مینہ ابھی زمین تک نہ پہنچا ہو

سُبل:(ع)سبیل جمع، راستے

سَبلت:مونچھیں

سبُو:پیالہ، دستے والا جام

سبُوچہ:چھوٹا پیالہ

سبُوح:(ع)باری تعالی کی ایک صفت جس کی تسبیح کی جاتی ہے

سبُورہ:مخنث، ہیجزا

سبُوس:بھوسا، چوکر، چھلکا، چھان

سبوس آرد:آٹے کا چھان

سبوسہ:(۱)سبوس (۲)آٹے کا بورا

سبی:(ع)قیدی بنانا

سبیکہ:ڈھلی ہوئی چاندی، سونے چاندی کے ٹکڑے جنہیں کسی خاص قالب میں ڈھالا جائے

سبیل:(ع)راستہ، راہ، سڑک، طریقہ، انداز، اللہ کی راہ میں دیے جانے والا پانی

برسبیل تمثیل:کنائے کے طور سے مثالیہ وغیرہ

در سبیل حق:اللہ کی راہ میں

فی سبیل اللہ:اللہ کی راہ میں

سبیل:مونچھ

سبیل کسی را چرب کردن:کسی کی مونچھوں پر تیل یا چربی لگانا، خوشامد کرنا

زیر سبیل در کردن:برداشت کرنا

سپا:سہ پایہ:میز جس کے تین پائے ہوں

سپار، سپاریدن=سپرد کرنا سے فعل امر سپرد کردو، بھروسا کرو

سپار:(۱)ہل، (۲)آلہ، جس سے انگوروں کا رس نکالتے ہیں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سپاردن، سپُردن: سپرد کرنا، حوالے کردینا

سپاردہ، سپردہ: سپرد کیا گیا

سپارش: سفارش

سپارشی: سفارشی

سپارندہ: سپرد کرنے والا

سپاروک: کبوتر

سپارہ: سان، سنی، اوزار تیز کرنے کا پتھر، سنگ فسان

سپارہ: سی پارہ، قرآن مجید کے تیس پارے

سپاری: گندم یا جو کا تنا یا نلی

سپاریدن: سپرد کرنا

سپاریدہ: سپرد کیا گیا

سپاس: تشکر، شکریہ، مثال:

نعمتش بیش از التماسِ من است

منّتش برتر از سپاسِ من است

نعمتیں جو اللہ تعالی نے عطا فرمائی ہیں وہ میرے التماس سے کہیں زیادہ ہیں، اس کا لطف و کرم جو مجھے عطا ہوا ہے وہ میری شکر گزاری سے کہیں بڑھ کر ہے

سپاس بی قیاس خدا را: اللہ تعالی کا بے انتہا شکریہ

سپاس دار: شکر گزار

سپاس داری: شکر گزاری

سپاس داشتن: شکریہ ادا کرنا

سپاس کردن، سپاس گذاردن: شکریہ ادا کرنا

سپاس گذاری کردن: شکریہ ادا کرنا

سپاسہ، سپاس: شکر گزاری، حمد

سپاسی: (۱) گدا، گدائی کرنے والا، (۲) سپاسیان کا ایک فرقہ، قدیمی پیمبر مہ آباد کے پیرو

سپاسیدن: شکریہ ادا کرنا

سپاناج: اسفناج، سبزی، ترکاری

سپاناخ: اسفناخ

سپاوہ: شان و شوکت

سپاہ: فوج، لشکر

سپاہ راندن، سپاہ کشیدن: لشکر کو لے جانا

سپاہان: اصفہان، ایران کا ایک صوبہ

سپاہان: (۱) سپاہ کی جمع (۲) ایرانی موسیقی کی ایک سر

سپاہ دار: سپہ دار، امیر لشکر، سپہ سالار

سپاہ سالار: سپہ سالار، کمانڈر

سپاہگری: فوجی پیشہ

سپاہی: جان باز، سرباز

سپاہی گری: فوجی ملازمت

سپایہ: سہ پایہ، تین پاؤں والی میز

سِپَر: ڈھال

سپر انداختن: ہتھیار ڈال دینا، مثال:

بخشم رفتہ ما را کہ می برد پیغام

بیا کہ ما سپرانداختیم اگر جنگ است

وہ جو ہم سے خفا ہیں، ان کی طرف ہمارا پیغام کون لے جائے کہ اگر ہم سے جنگ ہی ہے تو ہم نے ہتھیار ڈال دیے ہیں، ہم نے شکست مان لی ہے

سپرکردن، سپرکشیدن: مقابلے کے لیے ڈھال سنبھالنا

سپر: **سپردن**=سپرد کرنا سے فعل امر، سپرد کرو

سپُرد: تسلیم، رضا، اطاعت، اطاعت قبول کرنا **فرمان برداری، فرمان پذیری**، ودیعت، امانت

سپر داری: مدافعت کرنا

سپردگی: سپرد کردینا، حوالے کردینا

marfat.com

او را بدست دوست سپردند: اسے دوست کے حوالے کردیا

بخاک سپردن: دفن کرنا

پی سپردن: نقش قدم پر چلنا

جان سپردن: جان دے دینا

خود را بہ قضا و قدر سپردن: تقدیر پر چھوڑ دینا

سپُردن: ددیعت کرنا، امانت رکھنا

سپردنی: سپرد کرنے کے قابل

سپُردہ: سپرد کی گئی چیز، امانت رکھی گئی چیز

سپُرز: تلی، طحال جو پیٹ کے بائیں جانب ہوتی ہے

سپرغم: اسپرغم، ریحان، ناز بو

سپرماھی: ایک چوڑی مچھلی جو کھانے میں بہت لذیذ ہوتی ہے

سپَرھم: اسپرغم

سپری: وقت ختم ہو جانا

سپری شدن: وقت ختم ہو جانا

سپری کردن: مکمل کرنا

مدت سپری شد: وقت ختم ہو گیا

سپَری: سپر کی مانند

سپریدن: تمام کرنا، انجام کو پہنچانا

سپریغ: خوشہ انگور انگوروں سے بھرا ہوا درخت

سپس: بعد، پس ازآن

ازین سپس: اس کے بعد

سپستان: ایک چھوٹا سا میوہ، جس کا رس تو بدمزہ ہوتا ہے، لیکن یہ دوائی کے کام آتا ہے

سپَل: ہاتھی یا اونٹ کا پاؤں

سپنج: سِہ پنج: پندرہ، آرامگاہ جو عارتیاً حاصل کی جائے، وقتی طو پر جو آرامگاہ حاصل کی جائے

سرای سپنج: عارضی قیامگاہ

سپنجی: عارضی، فانی

سپَند، اسپند: اسفند، ایک خاص پودے کے بیج جو جلانے سے خوشبو دیتے ہیں

سپند، آسا: چست، چالاک

سپندان: ایک سبزی جس میں لوہے کا عنصر ہوتا ہے

سپُوختن: (۱) سوراخ کرنا، چبھونا (۲) علاج کرنا، شفا دینا

سپوختہ: جس میں سوراخ کیا گیا ہو

سپُور: گلی کوچے صاف کرنے والا خاکروب

سپُوز: سوراخ، شگاف، پنکچر

سپوز: سپوختن سے فعل امر، سوراخ کرو، چھید کرو

سپوزندہ: چھید ڈالنے والا، سوراخ کرنے والا

سپوزگار: سست، کاہل، سہل انگار

سپوزیدن: سپوختن، سوراخ کرنا

سپُوس: سبوس، بھوسا، چوکر

سپِہ: سپاہ، فوج

سپَہبُد: سپہ سالار، فوج کا افسر اعلی

سپہ دار: کمانڈر

سپہر: آسمان، جہان، قسمت

سپہرار: آسمان کی بلندی، بالائی ہوا کا طبقہ

سپہر آفرین: آسمان پیدا کرنے والا، خالق

سپہر گون: آسمانی رنگ کا لاجوردی

سپید: سفید

سپیداب: کاربونیٹ اور نائٹریٹ سے بنا ہوا سفید مرکب جسے خواتین بطور غازہ استعمال کرتی ہیں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سپیدپا: مبارک قدم، خوش نصیب

سپید پُوش: سفید پوش، صاف ستھرے کپڑے زیب تن کرنیوالا

سپیددست: فیاض، سخی

سپیدفام: سفیدفام، سفید رنگ کے لوگ

سپید کار: نیکو کار

سپید مُو: سفید مو، جس کے بال سفید ہوں

سپید نامہ: پرہیز گار مومن اور درست کار شخص کا کنایہ ہے

سپیدِہ: سفیدہ

سپیدہ دم: صبحدم

سپیدی: سفیدی

سَت: شش،چھ

ستا، ستودن: تعریف کرنا سے فعل امر، تعریف کرو

خودستا: اپنی تعریف آپ کرنے والا

ستا: سہ تا: تین چیزیں

ستا: دیکھیے اِو ستا

ستاخ: چھوٹی شاخ، جزواں شاخ

ستاد: (۱)ایستاد، کھڑا ہوا (۲) خاص فوجی دستہ جو جنگی نقشے تیار کرتا ہے

ستادن: (ایستادن) کھڑے ہونا

ستادہ، ایستادہ: کھڑا ہوا

ستار: تین تاروں والا ساز جو مضراب سے بجاتے ہیں

ستار زن: ستار بجانے والا

ستّار: (ع) ڈھانپنے والا

ستّارالعیوب: عیب ڈھانپنے والا، خداوند تعالی

ستار گان: ستارہ کی جمع

ستارِہ: (ع) اختر، کوکب، قسمت، نصیب

ستارہ اش خوب است: اس کی قسمت اچھی ہے، وہ خوش نصیب ہے

ستارہ دُنبالہ دار: دمدار ستارہ

ستارہ ریختن: آنسو بہانا

ستارہ شِمُردن: رات کو تارے گننا، رات بھر جاگتے رہنا

ستارہ صبح: زہرہ سیارہ جو صبح کے وقت نظر آتا ہے

ستارہ نداشتن: بد نصیب ہونا

ستارہ: لکیریں لگانے کا خط کش

ستارہ شُمُر: ستارہ شناس

ستارہ شِناس: ہئیت دان، منجم

ستارہ شناسی: علم ہئیت، علم نجوم

ستارہ نِشان: جسے ستارے کا نشان ملا ہو

ستارہ نشان کردن: ستارے کے نشان سےآراستہ کرنا

ستاغ: (۱) بچھیرا، گھوڑا جس پر ابھی زین نہ ڈالی گئ ہو (۲) بنجر زمین، شور زار(۳) بانجھ،بے ثمر، عورت جو بے ثمر ہو،عقیم

ستاک: شاخیں، شاخ جو شاخ میں سے نکل رہی ہو

ستام: (۱) لگام، گھوڑے کا ساز (۲) آرائش و زیبائش، (۳) آستان

ستان: جہاں کوئ چیز کثرت سے ہو، یہ لفظ عام طور سے لا حقے کے طور پر آتا ہے مثلاً

گلستان، ترکستان، خارستان

ستان: جو سطح زمین پر پیٹھ کے بل لیٹ رہا ہو

ستاندن: لے لینا، فتح کرنا ، پکڑنا

اینم نمی ستاند و آنم نمی دہد: وہ مجھ سے یہ چیز نہیں لیتا اور اپنی وہ چیز نہیں دیتا

ستاندِہ: جو چیز لی گئ ہو

marfat.com

ستانَندہ: لینے والا

ستانیدن: ستاندن

ستانہ: آستانہ

ستاوَند: ایوان، بالکونی ، بالا خانہ، شہ نشین

ستاوِہ: حیلہ ، فریب ،مکر

سِتایش: (۱) تعریف و توصیف (۲) عبادت (۳) شکرو سپاس، مثال:

ضمیرم را سپاس اندیشہ گردان
زبانم را ستایش پیشہ گردان

میرے ضمیر کو اس قابل بنادے کہ مجھے شکر گزاری ہی کا خیال رہے اور میری زبان کو یہ نعمت عطا کر دے کہ وہ ہمیشہ تیری تعریف و توصیف کو اپنا شعار بنا لے

ستایش کردن: تعریف کرنا

ستایش گاہ: (۱) عبادت گاہ (۲) نظم کا آخری شعر جس میں شاعر اپنی تعریف کرتا ہے

ستایش گر: عبادت گزار، عابد، تعریف کرنے والا

ستایش گری: عبادت، تعریف و توصیف کرنا

ستایَندہ: تعریف کرنے والا

ستاییدن: ستودن، تعریف کرنا

سِتَبر: سطبر، موٹا ،درشت

ستبری: موٹا پن

سِتَخر: استخر، تالاب، ذخیرہ آب، آب انبار

ستخیز: رستاخیز، قیامت، محشر

ستُخوان، استخوان: ہڈی

سِتَد: لینے یا پکڑنے کا عمل

سِتدن، ستاندن: لینا

ستَدہ: جو چیز لے لی گئ ہو

سِتر: (ع) نقاب، پردہ، پوشش، شرم و حیا

ستَر: پوشیدہ کرنا ، چھپانا

ستر عورت: عورت کا پردہ، نقاب

ستر کردن: پوشیدہ کرنا ، نقاب اوڑھنا

ستَر: استر، خچر

ستُر، ستردن: ڈاڑھی مونڈنا سے فعل امر، ڈاڑھی مونڈ لو

مُو ستر: حجام

سِترَپ: صوبیدار، نائب السلطنت، گورنر (قدیمی)

ستر پُوش: زیر جامہ

ستُر دن: (۱) ڈاڑھی مونڈنا (۲) محو کرنا

ستردہ: (۱)جس نے ڈاڑھی مونڈلی ہو (۲) جسے محو کر دیا گیا ہو

ستَر سا: حس، احساس

سترسای: قابل حس ،قابل ادراک، جو محسوس کی جا سکے، مرئ جو نظر آسکے

ستُرگ: بہت بڑا، ضخیم

گناہِ سترگ: بہت بڑا گناہ

ستُرگی: بھدا پن، ضخامت

ستُرلاب: اسطرلاب دیکھیے

سترنگ: شطرنج

ستَروَن: جس عورت میں کسی زندگی کے جرائیم نہ ہوں، بانجھ،عقیم

سترُون: بیل کا سینگ

ستُرہ: استرا

سِترہ: پرانی وضع کا کوٹ

ستَل: آزار، اذیت، ظلم، بیداد

ستل: عقاب

ستل: تالاب

سِتَم: ظلم ، بیداد ، ناانصافی، استحصال

ستم دیدن، ستم کشیدن: برداشت کرنا

ستم آمیز: ظالمانہ ،جابرانہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ستم پروَر: ظالم، نا انصاف، ظلم و ستم کی تائید کرنے والا، ستم پیشہ، بیداد گر

ستم دیدہ: مظلوم

ستم رسیدہ: مظلوم

ستمگر: ظالم، ستم پیشہ، بیداد گر

ستمگری: ظلم، ستم پیشہ، بیداد گر ی

سِتَمی: ستم، ظلم، جور

ستمی: فرد حساب

سِتنبہ: (۱) کر یہہ، مکروہ، نفرت انگیز (۲) قوی ہیکل (۳) کابوس

سِتنج: (۱) غلہ نکالنے کا آلہ جس سے بھوسا الگ کر کے دانے الگ کیے جاتے ہیں **ذخیرہ**، پس انداز

سِتُو: (۱) سہ تار، ستار (۲) مصنرعی سکے، زر قلب

ستوار: استوار، مضبوط

ستُو دان: قبرستان، زر تشتیوں کے مقبرے

ستودِگی: تعریف

ستودن: تعریف کرنا، تعریف سے مغرور کر دینا

ستودِہ: قابل تعریف، مثال:

نادیدہ جَور او ز وفا لاف ہا زدم
نتواں نمود ترک ستائش ستودہ را

میں اس کے جوروستم دیکھے بغیر ہی اپنی وفاداریوں کی شیخی بگھارتا رہا اب اس کی حقیقت معلوم ہوئی ہے لیکن کیا کروں جس کی تعریف و ستائش کرتا رہا ہوں اس کی تعریف و توصیف ترک نہیں کر سکتا

ستُور: جار پایہ گھوڑا، خچر

سُتُور: (ع) پردہ نقاب

سُتون: کھمبا، پیل پایہ، کالم

ابن ایوان پنج ستون دارد: اس ہال کمرے کے پانچ بڑے کھمبے ہیں

ستون زدن: پیل پایہ تعمیر کرنا

ستون شدن: ستون کا کام دینا

ستون کردن: ستون بنانا

ستون بندی: ستونوں کی ترتیب

ستون پَیما: ستونوں کی پیمائش کرنے والا آلہ

ستون دار: عمارت جس کے ستون ہوں

ستونِ فقرات: ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ

ستونی: ستون کی شکل کا

ستُوہ: پریشان، خستہ و لا چار، درماندہ

ستُوہ آمدن: خستہ و لاچار ہونا

ستوہ آوردن: خستہ و لا چار کر دینا، پریشان کر دینا، عاجز کر دینا

ستوہی: دل تنگی

ستوہیدن: دل تنگ ہونا، بے صبر ہونا، خستہ و لا چار ہونا، عاجز آ جانا

سِتہ: چھ

سِتہ: رات کی بچی ہوئی غذا

سِتہ: لڑائی

سِتہ: انگور

ستِہیدن: لڑنا جھگڑنا

ستیخ: لمبا، سیدھا، اونچا

ستِیر: (۱) پوشیدہ پاکدامن، پارسا

ستِیز: ستیزہ، لڑائی

ستیز: ستیزیدن=لڑنا سے فعل امر لڑو،

ستیز جُو: جنگجو

ستیز رُو: بدہیبت، جنگجو

ستیز گر: ضدی، لڑاکا

ستیزگی: لڑائی جھگڑا ،غصہ

ستیزندِگی: لڑائی، غصہ و غضب

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ستیزندہ: جنگجو ،لڑاکا، ضدی

ستیزہ: (۱)لڑائی ، نزاع، جنگ(۲) دشمنی،کینہ، نفرت، غصہ، مثال:

دست از جفای گردش گردون بسر زنم
آہ از ستیزہ کاری اختر بر آورم

گردش گردوں کی جفاکاری سے بے بسی کے عالم میں سر پر ہاتھ مارتا ہوں اور قسمت کے کینے اور بغض کی وجہ سے میں آہیں بھرتا ہو

ستیزہ کردن: لڑنا

سیتغ، سیتخ: بلند، اونچا، سیدھا

ستیم: پس، پیپ، جراحت، زخم کی پیپ

ستین: ساتھ

ستیہش: ستیزہ، لڑائی

ستیہیدن: لڑنا، سر کشی اور نافرمانی اختیار کرنا

سج: رو، رخسار

سجّاد: سجدہ گذار، عبادت گزار، عابد

سجّادہ: (ع)جاے نماز

سجاف: (ع) سنجاف، مغزی،کپڑے کے کنارے کی ترپائی

سجاف کردن: مغزی لگانا، کنارے ترپنا

سجافِ قبای کسی بر خوردن: کسی خود پسند شخص کے دل میں اثر یا احساس پیدا کرنا

حرف پاي من سجاف قبای او برخورد: میری گزارش نے اس کے دل میں اثر پیدا کر دیا

سجاکند: مسلّح

سجّان: (ع)زندانیاں قیدی

سجانیدن: ٹھنڈ لگ جانا

سَجدَہ: (ع) بارگاہ ایزدی میں سر زمین پر رکھنا

سجدہ آوردن: خدا کے حضور سر جھکانا، سر زمین پر ٹیکنا

سجدہ دادن: سجدہ کرنا

سجدہ کردن: عبادت کرنا

سجدہ گاہ: عبادت کی جگہ ، مسجد، معبد

سجزی: سجستان یا سیستان کا رہنے والا

سجع: (ع) علم بدیع، نثر کے وہ فقرات جن کے آخری کلمات ہم قافیہ ہوں

سجع گو: نثر میں ہم قافیہ الفاظ استعمال کرنے والا

سِجِل: (ع) رجسٹر (مردم شماری کا)،مختصر شرح احوال(سجلات جمع)

سجل کردن: نام درج کرنا، مہر لگوانا، اندراج کرنا

ادارہ سجل احوال: سر شماری یا مردم شماری کا ادارہ

ورقہ سجل احوال: شناختی کارڈ

سَجن: (ع)زندان، جیل خانہ

سجنجل: آئینہ

سجُود: (ع) سجدہ کرنا، عبادت

سجُون: (ع) سجن کی جمع، جیل خانے

سجیات: (ع) دیکھیے سجیہ

سجیدن: بہت زیارہ سردی محسوس کرنا

سجیر: مخلص دوست

سجیس: پانی جس میں مٹی ملی ہو

سجیف: کمان کی تانت

سجیل: بڑا ڈول ،بالٹی

سجین: قیدی، محبوس

سجین: گہری وادی جہنم کی، آتش جہنم

سجیہ: (ع) طبعی میلان، طبیعت، مزاج، افتاد مزاج

سحاب: (ع) بادل، مثال:

سحاب عشق چو باران شوق می بارد

www.iqbalkalmati.blogspot.com

عجب مدار کہ از خاک بشگفد گل ہا

محبت کا بادل جب ذوق و شوق کی بارش برساتا ہے تو دلوں میں تازگی آجاتی ہے اس کی وجہ سے خاک میں پھول کھلنے لگیں تو تعجب نہیں ہونا چاہیے

سحابہ:(ع) بادل

سحابی:بادل کی طرح

سحّار:(ع) بہت بڑا جادوگر، ساحر

سحّاق:(ع) چکی، پیسنے والا، سان پر چڑھانے والا

سحائب:(ع) سحابہ کی جمع

سحُب:(ع) سحاب کی جمع

سحبان:ایک عرب شاعر جس کی فصاحت و بلاغت میں بڑی شہرت تھی

سَحج:(ع) ہلکی سی خراش

سحَر:(ع) طلوع فجر سے پہلے کا وقت صبح

مرغ سحر:بلبل

سِحر:(ع) جادو، طلسم

سحر آمیز:(۱) جس میں جادو کا اثر ہو (۲) دلکش، دلربا، مرغوب

سحر باز:ساحر، جادوگر

سحر بازی:جادو گری، ساحری

سحر بیان:فصیح و بلیغ، جس کے بیان میں گہرا اثر ہو

سحر بیانی:خوش بیانی

سَحَر خیز:صبح جلد اٹھنے والا

سِحر زدہ:مسحور، جس پر جادو کا اثر ہو

سِحر ساز:ساحر، جادو گر

سِحر کار:ساحر، جادوگر

سَحرگاہ:صبح کا وقت

سحر گاہان:صبح کے اوقات

سحر گاہی:صبح اٹھنا، صبح اٹھنے سے متعلق

سحرہ:(ع) ساحر کی جمع، جادوگران

سِحرِ حلال:نظم یا نثر میں ہنر نمائی، کارِ عجیب، حیرت انگیز

سَحری:(۱) صبح جلد اٹھنے سے متعلق،(۲) روزہ رکھنے کا کھانا

سِحری:طلسمی، جادو سے متعلق

سَحق:(ع) (۱) ملنا، کوٹنا، سفوف کرنا، نرم کرنا، بوسیدہ ہونا

سحق کردن:کوٹنا، پیسنا

سحُور:(ع) سحری کھانا

سخ:خوش، مسرور

سخ:غلاظت

سخا:(ع) سخاوت، بخشش، کرم۔فیاضی، جوانمردی

سخافت:(ع) دماغی کمزوری، کم عقلی

سخاگستر:فیاض، سخی، کشادہ دست

سخالہ:دھات کے ریزے جو ریتی کے رگڑنے سے گرتے ہیں

سخاوت:(ع) بخشش، عطا، سخا، کھلے دل سے کسی ضرورت مند کو دینا

سخت:کڑا جو نرم نہ ہو، محکم، مشکل، شدید، نا راحتی، بہت زیادہ

این سخن برمن سخت آمد:یہ بات میرے لیے نا راحتی کا موجب ہوئی

بیا کہ قصرِ امل سخت سست بنیاد است:آکہ امیدوں کا محل بہت زیادہ کمزور ہے

سخت آمدن:نا خوش گوار بات ہونا

سخت بازو:قوی بازوؤں والا، طاقتور

سخت بنیاد:مضبوط بنیاد والی (عمارت)

سخت پیشانی:دیدہ دلیر، بد تمیز، من چلا، دلیر، بے باک

سخت جان:بے رحم، سنگدل

marfat.com

سخت جانی: بے رحمی، سنگدلی

سخت دلی: سنگدلی، بے رحمی، بے مہری

سخت رُو: گستاخ، شوخ، ڈھیٹ، سخت رویہ اختیار کرنےوالا

سخت زبان: بد زبان

سخت زُور: پر زور

سخت کمان: مضبوط کمان پر چلا چڑھانے والا

سخت کُوش: بہت محنتی

سخت گِیر: ضابطے کی پابندی میں سختی کرنیوالا

سخت گیری: پابندی

سُختن: وزن کرنا، کھینچنا

سختُو: قیمہ بھری آنت، قیمہ اور بعض مسالے ملا کر بکرے کی آنتوں میں بھرتے ہیں اور انہیں کاٹ کر تلتے ہیں

سُختِہ: جس کا وزن کیا گیا ہو

سختی: بد نصیبی، سیاہ بختی، مصیبت، تکلیف، صعوبت، اذیت، کلفت، آزار

سختی کشیدن: اذیت برداشت کرنا

سختی کَش: مصیبت برداشت کرنے والا

سختی کشِیدہ: جس نے بڑی صعوبت برداشت کی ہو

سُخرِہ: (ع) مضحکہ، تمسخر، استہزا، مذاق، ٹھٹھا

سُخرِہ: کام جو دباؤ یا سختی سے لیا جائے، بیگار

سخرہ گرفتن: سختی سے کام لینا

سُخریّہ: (ع) مسخرہ پن، مضحکہ، استہزا

سخَط: (ع) بے اطمینانی، ناخوشی، عدم قناعت (۲) غیظ و غضب، خشم

سخف: دیکھیے سخاف

سخلات: یا سمن، چنبیلی

سُخمہ: ہلکی تلوار، کٹار، مجازاً چبھتی ہوئی بات، تیکھا جواب

سخمہ زدن: کٹار مارنا، تلخ اور چبھتی ہوئی بات کرنا

سُخُن: بات، لفظ، تقریر، کلام، قیل وقال، گفتگو

سخنِ آبدار: معنی خیز تقریر

سخن بِکر: تقریر جس میں انفرادیت نمایاں ہو

سخنِ پہلودار: گفتار جس کے مختلف معنی ہوں، طنزیہ، توہین آمیز، طنزآمیز گفتار، ناگوار تقریر

سخنِ تلخ: تکلیف دہ بات

سخن درآمدن: تقریر کا آغاز کرنا

سخن داشتن: گفتگو کرنا

سخن دراز کردن: تقریر کو طول دینا

سخن شنیدن: کوئی بات یا نصیحت سننا

سخن گفتن: سخن راندن: تقریر کرنا، رائے دینا

اربابِ سخن: مقرر، شاعر بصورت جمع

ازین مقولہ سخن رفت: اس موضوع پر بات ہوئی تھی

او ازین سخن رنجید: وہ اس بات سے رنجیدہ ہو گیا

چندین یا اوسخن داشت: کچھ عرصہ وہ اس سے گفتگو کرتا رہا

سُخن آرا: فصیح، خوش بیان، تقریر یا گفتار کو الفاظ و تراکیب سے زینت دینا

سخن آرائی: فصاحت پیدا کرنا، خوش بیانی

سخن آفرین: فصیح، بولنے کی قوت پیدا کرنے والا، پروردگار

سخن آور: سخنور

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سخن پرداز: فصیح، خوش بیان، موزوں اور رواں تقریر کرنے والا

سخن پردازی: کلام میں فصاحت پیدا کرنا

سخن پروَر: سخن آرا، گفتار کو آراستہ کرنے والا

سخن چِیں: بات لے اڑنے والا، مخبر، جاسوس، خبر دہندہ، خبر رساں

سخن داں: جسے الفاظ و تراکیب کے استعمال پر قدرت حاصل ہو، فصیح و بلیغ مقرر

سخن دانی: فصاحت و بلاغت حاصل ہونا

سخن راں: مقرر

سخن راندن: تقریر کرنا

سخن رانی: تقریر

سخن رواں: فصیح تقریر

سخن ساز: (۱) باتیں بنانے والا، جھوٹا (۲) الفاظ و تراکیب وضع کرنے والا

سخن سرا: فصیح مقرر، گانیوالا، مترنم الفاظ استعمال کرنیوالا

سخن سرائی: فصاحت، مترنم الفاظ کا استعمال

سخن سنج: اپنے الفاظ یا بیان پر ہر پہلو سے غور کرنے والا، الفاظ کو دانائی سے استعمال کرنے والا

سخن شِناس: بیان یا تقریر پر گھری نظر رکھنے والا

سخن طراز: سخن آرا

سخن شِنو: بات سن کر مان لینے والا، فرمان بردار، مطیع، اطاعت شعار

سخن فُروش: (۱) چاپلوس، خوشامدی

مرد سخن فروش: خوشامدی شخص

سخن فہم: جلدی بات کی تہ تک پہنچنے والا

سخن فہمی: جلدی بات کی تہ تک پہنچنا

سخن گذار: قاصد، پیغام آور، مقرر

سخن گُستَر: بات کو پھیلانے والا، بات کو طول دینے والا خوش بیان

سخن گو: تقریر کرنے کی صلاحیت رکھنے والا، ترجمان نمائندہ

سخن گوئی: تقریر کرنا

سخن نشنَو: بات نہ سننے والا، نافرمان

سخنوَر: فصیح مقرر، ادیب، شاعر

سخنوری: فصاحت، شاعرانہ اور ادیبانہ وصف

سخنوری کردن: فصاحت سے بولنا یا لکھنا یا شعر کہنا

سخواں: ہڈی

سخُون: سخن

سخُونت: گرمی، حدت، حرارت

سخی: (ع) فیاض، کشادہ دست، بخشش کرنیوالا

سخیف: (ع) کمزور، ہلکا، سبک، ضعیف سست

سخیف العقل: کم عقل

سخِین: (ع) (۱) گرم، جس پر شعلے کا اثر ہوا ہو (۲) دردناک

سد: صد، سو

سدّ: دیوار، ڈیم، کھائی، خندق، رکاوٹ، جنگلا

سدّ آب: ڈیم

سدِّ باب کردن: دروازہ بند کرنا، روک دینا

سد بستن: ڈیم بنانا

سدِ چین: چین کی دیوار

سدِ راہ: راستے کی رکاوٹ

سد کردن: رکاوٹ پیدا کرنا

marfat.com

سدا: صدا

سُداب: اسپند، کالا دانہ، ایک درخت جس کی بہت سی شاخیں اور پتے ہوتے ہیں

سداد: (ع) سچائی، راستی، استواری، مضبوطی، کردار کی درستی

سُداسی: (ع) چھ حرفی، جس کے چھ جزہوں

سُداسی الاضلاع: چھ ضلعی شکل

سدانت: پردہ داری، دربانی، خدمت کعبہ

سد بندی: رکاوٹ پیدا کرنا، دیوار بنانا، ڈیم بنانا

سد پا: اسے ہزارپا بھی کہتے ہیں

سدر: گرم علاقے کا سدا بہار درخت، درخت کنار، جس کی لمبائی ۲۰ میٹر تک ہوتی ہے

سدِرَہ: بہشت کا درخت، مثال:

زشاخ سدرہ برآید صدای نغمہ عشق
چو بلبلی کہ بود خوشنوای عالم غیب

سدرہ کی شاخ سے نغمہ عشق کی صدا آرہی ہے جیسے بلبل عالم غیب سے دلربا نغمہ الاپتی ہے

سدرہ المنتہی: وہ درخت سدرہ جو آسمانون پر یا بہشت میں ہے

سدرہ نشین: حضرت جبرئیل، حضرت جبرئیل کا جائے قیام جس سے آگے وہ نہیں جا سکتے

سُدس: (ع) چھٹا حصہ

سدس دائرہ: دائرے کا چھٹا حصہ

سدَف: تاریکی، اندھیرا، صبح کا دھندلکا منظر، مدہم روشنی، مجازاً نا مکمل واقفیت، دھندلانے کی سی کیفیت

سدنہ: (ع) سادن کی جمع حاجب، دربان، خادم کعبہ

سُدُوس: (ع) سبز رنگ کی چادر

سدوم: (ع) شہر جو اہل شہر کی انتہائی برائی کی وجہ سے تباہ ہوا، قوم لوط کا شہر، اسی شہر کے ایک جج کا نام، جس نے خلافت وضع فطری کا آغاز کیا

سدّہ: رکاوٹ، مسدود کرنا

سدہ: قدیمی ایران کا ایک تہوار، جشن نو روز سے ۵۰ دن پہلے کا تہوارماہ بہمن کے دسویں دن کی تقریب

سدِید: درست، صحیح، صاف، واضح، معقول

رای سدید: درست رائے، معقول رائے

سر: (۱) گردن کا بالائی عضو(۲) ابتدا، آغاز، طرف(۳) سردار(۴)خواہش (۵) عدد

سر آمدن: ترقی پانا

سرآوردن: انجام تک پہنچانا

سر از پانشناختن: سخت الجھن میں ہونا

سر از چیزی باززدن: انکار کرنا

سران سپاہ: لشکر کے سردار

سرانگشت: انگلی کا سرا

سربآسمان سُودن: اعلی مرتبے پر پہنچنا

سربسر کسی گذاشتن: اپنی ذمے داری کسی اور کے سپرد کرنا

سربیگناہ پای دار می رود، اما بالای دار نمی رود: بیگناہ، دارتلے تک تو جاتا ہے لیکن دار پر نہیں چڑھتا

سرپا: کھڑے ہوئے

سر تاسر: تمام، سب کا سب

سرتاسرِ مملکت: تمام مملکت

سرت سبزباد: تمہیں کامیابی نصیب ہو

سرتکان دادن: اونگھنا

سرجای خود بنشینید: اپنی جگہ پر بیٹھ جائیے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سر جنباندن: اونگھنا

سرِ حرف باز کردن: گفتگو کا آغاز کرنا

سرخر: بے جامداخلت کرنے والا ، احمقانہ باتوں سے بے لطفی اور بے رنگی پیدا کرنے والا

سرِ خودگرفتن: اپنے کام میں لگ جانا

سرخوردن: بے حوصلہ ہو جانا ، نا امید ہو جانا کسی چیز میں دلچسپی لینا چھوڑ دینا

سردادن: سر پیش کرنا

سردر آوردن: سمجھ لینا ، ملتفت ہونا

سردربُردن: سمجھنا

سرِدست: فی الحال ، فوراً

سررفتن: ابلنا

شیر سررفت: دودھ ابل گیا

سررسیدن: غیر متوقع طور سے آ جانا

سرِزانو: کاسہ زانو ، گھٹنے کی چپنی

سرزدن: سرزد ہونا

سر ساعت شش: پورے چھ بجے

سر سال: سال کا آغاز

سر سپردن: سر جھکا دینا ، مخلصانہ عقیدت کا اظہار کرنا

سر سواری: سواری کے وقت

سر سوزن: سوئی کا سرا

سرشام: شام کے وقت

سرشب: رات کا پہلا حصہ

سرشما قسم: آپ کے سر کی قسم

سرش برای آن کار درد می کند: اس کام کے کرنے کا وہ بہت مشتاق ہے

سر غذا: سر سفرہ ، دستر خوان پر

سر قول خود ایستادن: اپنی بات پرقائم رہنا ، ہونا

سرِکار: اپنے کام پر نظر ہونا

سرِ(وعدہ) پرداختن: وعدہ پورا کرنا

ازسر خود باز کردن: ٹالنا

آفتاب سرزد: سورج طلوع ہوا

از سر بخوانید: شروع سے پڑھیے

از سرگرفتن: پھر سے شروع کرنا

ازسرِ نو: نئے سرے سے

از سر نو چائے آوردند: وہ پھر سے چائے لے آئے

او دہ سر عیال دارد: اس کی بیوی اور بچے دس عدد ہیں

برکسی آمدن: کسی پر واقع پیش آنا

بسر شدن: انجام تک پہنچنا

چہ خطای از او سرزد شد: اس سے کیا خطا سرزد ہوئی

چادر راسر کشید و رفت: اس نے نقاب اوڑھا اور چلی گئی

چہ سرداری؟ تم کس خیال یا فکر میں ہو؟

حوصلہ ام رفت: حوصلہ نہیں رہا ، تھک گیا ہوں

درین امید بسر شد دریغ عمر عزیز: افسوس کہ اسی امید میں عمر بسر ہو گئی

دگر از سر گرفتم قصہ زلف پریشان را: میں نے اس زلف پریشان کا قصہ پھر سے شروع کر دیا

فلان سر دعوی دارد: فلاں شخص کی نیت لڑنے

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کی ہے

مدت قرار داد بسر آمد: معاہدے کا وقت ختم ہو گیا ہے

مرغ سحر نالہ سرکُن: صبح کے پرندے تو بھی درد بھری نغمہ سرای کر، بانگ دے

مُعلّم سرِخانہ: گھر پر آکر پڑھانے والا معلم

سُر: پھسلنا، سبک رفتاری، پھسلتے ہوئے چلنا، ایک قسم کا رقص

بچہ ہا روی یخ سُر میخورند: بچے برفانی سطح پر پھسلتے ہیں

سُر: (۱) چاولوں سے بنا ہوا مشروب جس میں الکحل ہوتا ہے، جو کی شراب (۲) جوتوں یا سلیپروں کی ایک قسم

سِرّ: (ع) راز، بھید، (اسرار جمع)، مثال:

سرپنہانست اندر زیر و بم
فاش اگر گویم جہاں برہم زنم

میری اونچی نیچی نواؤں میں پوشیدہ راز ہے اگر میں واضح طور سے ظاہر کروں تو جہاں درہم برہم ہو جائے

سِرّ این مطلب را کسی ہنوز نفہمیدہ: اس مطلب کی پوشیدہ بات ابھی تک کوئی نہیں سمجھا

سِر نگہداشتن: راز کو قائم رکھنا، راز کی حفاظت مخلصانہ طور سے کرنا

کاتبِ سِر: خفیہ کام کا سیکرٹری

سِر: بےحس ہونا

سِر کردن: بے حس کرنا

سُرّ: ناف

سرا: سرائے

سِراً: (ع) مخفی طور سے

سرّاء: (ع) اقبال مندی، خوش طالعی، خوش بختی امن و آسائش

سُراب: ریتلی زمین جو دور سے سورج کی روشنی میں یا چاند کی چاندنی میں پانی کی صورت میں نظر آتی ہے، مجازاً دھوکا، فریب

سُرابُستان: گھر کے قریب کا باغ

سرابِستان: وہ جگہ جہاں سراب ہی سراب نظر آتے ہیں

سرابیل: (ع) سربال کی جمع، پیرا ہن قمیص، شلوار

سرابیلی: مخنث، ہیجڑا

سراپا: سر سے پاؤں تک

سراپا: عزت کا خاص لباس

سراپردہ: شاہی دربار کے دروازے کا پردہ، خیمے کا احاطہ، خیمے کا اردگرد کا پردہ جو بطور دیوار کھینچتے ہیں

سرّاج: (ع) زین ساز

سِراج: (ع) چراغ

سراج المساکین: (ع) کنایہ ہے ماہتاب کا

سرّاج خانہ: زین سازی کی دکان

سرّاجی: زین سازی

سراجہ: (۱) گھوڑوں کی ایک بیماری جس سے جبڑوں کے نیچے کا حصہ سوج جاتا ہے (۲) زین سازی

سراچہ: گھر، چھوٹی سی سرائے

سراچہ آفتاب: سورج کے اردگرد کا ہالہ

سراچہ ماہ: چاند کے اردگرد کا ہالہ

سرآخُر: سر آخور، اصطبل کے گھوڑوں میں سب سے اچھا گھوڑا

سرادار: سرائے کا نگہبان، گھر کا نگہبان

سُرادِق: (ع) سراپردہ، خیمے کے ارد گرد کا پردہ جو بطور

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دیوار کھینچتے ہیں، بڑی چادر جو صحن میں لٹکائی جاتی ہے، (سُرادقات جمع)

سرار:(ع) برگزیدہ، اچھے حسب نسب کا

سرازیر:نشیب، ڈھلان

زمین این جا سرازیر است:زمین یہاں کی ڈھلان ہے

سرا زیر شدن:اوپر نیچے ہونا ، گرپڑنا

بچہ از پَنجَرہ سرا زیر شد:بچہ کھڑکی سے نیچے گر پڑا

سرا سر، سرتاسر:ایک سرے سے دوسرے سرے تک، سب کا سب

سراسیمگی:حیرانی،تعجب، پریشانی، الجھن

سراسیمہ:حیران،پریشان، سرگردان

ہمہ سراسیمہ دویدند:سب سرگردانی کے عالم میں دوڑ پڑے

سراشیب:نشیب، ڈھلان

سراشیب کردن:ڈھلان بنانا

سراشیبی:ڈھلان

سُراغ:(ت) کھوج، نشان

سراغ داشتن:معلوم کر لینا

سراغ گرفتن:کھوج نکالنا، تفتیش کرنا

سر آغاز:تمہید، دیباچہ، مقدمہ

سرافراز:سر بلند، نیک نام، باوقار

سرافراز شدن:سر بلند ہونا، ترقی پانا، ناموری حاصل کرنا

سرافراز کردن:کسی کی عزت افزائی کرنا

سرفرازی:عزت، فخر، وقار

سرافگندگی:شرم، فروتنی

سرافگندہ:نادم، شرمسار، خوار و زبون

سرافیل:اسرافیل فرشتہ جو قیامت کے دن صور پھونکے گا

سُرّاق:(ع) سارق کی جمع، سرقہ کرنے والے، چور

سراکوفت:سرزنش، تنبیہ

سراگون:سرنگون

سراماج:یوغ، جوا جو ہل جوتنے کے لیے دوبیلوں کی گردن پر رکھا جاتا ہے

سرآمد:کامل، مکمل، عالم برگزیدہ

سرآمدانِ سخن:تقریر کے ماہرین

سرآمد شدن:تکمیل پانا

سَران:سر کی جمع، سردار، کمانڈر، جنرل (بصورت جمع)

سران سپاہ:فوج کے کمانڈر

سر انجام:تکمیل، آخر

سر انجام گوہر بکار آورد:آخر کار اس کی فطری صلاحیت کا پتا چلے گا

سر انداز:کمرے میں بچھانے والی دری

سر انداز:(۱) سر جھکانا، (۲) بے باک (۳) نخرے باز

سر انداز:چست و چالاک، لاپروا

سراندازان:خوش اسلوبی سے ، ناز سے

سراندیپ:جزیرہ سیلون، سری لنکا

سراندن:پھسلنا

سرانگشتی:مہندی جو انگلیوں کے سروں پر لگائی جاتی ہے

سرانگشتی گذاشتن:انگلیوں کے سروں پر مہندی لگانا

سرانہ:محصول فی کس، چنگی، محصول، حصہ

ہمہ را باید کہ برای این مہمانی سرانہ بدہید:سب کو چاہیے کہ اس دعوت میں اپنا حصہ ادا کریں

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سراویل: سروال کی جمع، ، شلواریں۔

سرآہنگ: (۱)سرہنگ، چوکیدار (۲)فوج کا ہراول دستہ۔

سرای: گھر، کاروانسرائے۔

سرای بقا: سرائے جاوید، دوسرا جہان۔

سرای جزا: جہاں ہمارے اعمال کی جزا و سزا ملیگی، دوسرا جہاں۔

سرای فانی: عارضی، فانی دنیا، مٹ جانے والی قیامگاہ، دنیا۔

سرای: سرایدن= گانا سے فعل امر، گاؤ۔

سرایان: گاتے ہوئے۔

سرایاندن: سرایانیدن: گانا۔

سرایت: (ع) اثر، ایک مرض کا دوسرے کو لگنا، نفوذ۔

سرایت یک مرض باشخاصِ دیگر: ایک مرض کا دوسروں کو لگنا۔

سرایت کردنی: وبائی، دوسروں کو لگنے والی بیماری۔

سراید: سرایاندن= گانا، گاتا ہے۔ مثال:

عندلیب ار نسراید به قفس معذور است

گل ببازار نبردند و بهار آخرشد

بلبل جو قفس میں ہے اگر نہ گائے تو اسے معذور سمجھو کیونکہ پھول ابھی بازار میں نہیں گئے تھے، کہ موسم بہار ختم ہو گیا۔

سرایچہ: سراچہ، چھوٹی سرائے۔

سرایے دار: سرائے کا کام چلانے والا۔

سرایے داری: سرائے چلانے کا کام۔

سرایر: سریر کی جمع، تخت۔

سرایش: گانا، پرندوں کا چہچہانا۔

سرایندگی: گانا۔

سرایدن: گانا۔

مردمان می سرایند: لوگ گا رہے ہیں۔

سُرب: سیسہ، سکّہ۔

سُرب مدادی: سیاہ سکّہ۔

مثلِ سُرب: سیسے کی طرح بھاری۔

سِرب: (ع) ہرنوں کا گلہ، پرندوں کا غول۔

سربار: بوجھ جو گھوڑے گدھے پر لادا جائے، کنایہ ہے اس کا کہ اپنا کام کسی دوسرے پر ڈال دیا جائے۔

سربارشدن: کسی کے لیے باعث زحمت ہونا۔

سرباز: جانباز، سپاہی، فوجی سپاہی۔

سرباز زدن: سروازدن: نافرمانی کرنا، اطاعت سے منہ پھیر لینا۔

عاقلانی کہ زنجیر تو سروا زده اند

غافلانند کہ بردولت خود پا زده اند

وہ عقلمند جنھوں نے تمھاری محبت کی اسیری سے منہ پھیرا ہے وہ غافل ہیں، انھوں نے اپنی قسمت کو ہی ٹھکرا دیا ہے۔

سربازِ سواره: سوار فوج کا سپاہی۔

سرباز شدن: سپاہی کی خدمت بجالانا۔

سرباز کردن: فوجی ملازمت کے لیے امیدواروں کی فہرست میں شامل کرنا۔

سرباز مہندس: فوجی انجینئیر۔

سرباز: رُوباز، بے پرده۔

سرباز خانہ: فوجیوں کی بیرک۔

سرباز گیری: رنگروٹ بنانا، بھرتی کرنا، رنگروٹوں کی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فہرست میں شامل کرنا۔

سربازی:فوجی ملازمت۔

سربازی کردن:سپاہی کی خدمت بجا لانا۔

سربال:(ع) قمیص، شلوار، سرابیل جمع۔

سربالا:اوپر کی طرف، پہاڑی کے اوپر چڑھنا۔

سربالای:زمین کی یا پہاڑ کی بالائی سطح۔

سربالین:تکیہ۔

سَربِتُو:(۱)اپنی فکر یا سوچ بچار میں محو (۲)مکار۔

سربِتوی:(۱)فکرو خیال میں محویت (۲)مکاری فریب کاری۔

سر بخش:حصہ۔

سربداران:ایک خاندان کا نام جس نے خراسان میں ۱۳۳۷ سے ۱۳۸۱ھ تک حکومت کی سبزوار ان کا دارالحکومت تھا۔

سربر آوردن:سربلند کرنا، باغی ہونا۔

سربراہ:مطیع، فرماں بردار (اردو:سرپرست، منتظم)

سربرتافتن:نافرمانی کرنا۔

سربرداشتن:کسی کے خلاف اٹھ کھڑے ہونا، شورش کرنا۔

سربرخط:فرماں بردار، مطیع، اطاعت گزار۔

سربرَہنہ:ننگے سر۔

سر بُزُرگ:باوقار، پر عظمت، سر بلند۔

سربَست:(۱)آزاد (۲)مشکل، (۳)تاریکی، اندھیرا۔

سربَستہ:مُہر زدہ، جس پر ڈھکنا لگا ہو، پوشیدہ، چھپا ہوا، مثال:

معنئ نکتہ سربستہ قلندر داند
ہرچہ برشیخ نہانست عیان است اورا

نکتہ پوشیدہ کا مطلب تو قلندر ہی جانتا ہے، جو بات شیخ کے لیے پوشیدہ ہے، قلندر پر واضح ہے۔

سربَستی:آزادی۔

سربسر:سراسر، پورا، پورے کا پورا۔

باکسی کار ندارم سربستہ:میرا کسی سے پوشیدہ کام نہیں۔

مسائل سر بَستہ:پوشیدہ مسائل۔

سرِ بُطری:بوتل کا کارک یا ڈھکنا۔

سُرب کار:سیسے یا سکّے کا کام کرنے والا۔

سُرب کاری:سکّے کا کام۔

سربِگم:خفیہ طور سے ہلاک کردینا۔

آن فرد را سربگم کردند:اس شخص کو خفیہ طور سے ماردیا گیا۔

سربُلَند:ممتاز، باوقار، باعظمت۔

سربلندی:امتیاز، وقار، عظمت۔

سربُمہر:مُہر لگی ہوئی۔

سربند:سر پر باندھنے کا فیتہ، پٹی۔

سربَہا:خون بہا۔

سر بہ نِیست:مخفی ہلاکت۔

سر بہوا:دوران سر، سر چکرانا، الجھنا، لاپروا شخص۔

سُر بی:سیسے یا سکے کا بنا ہوا۔

سُربی رنگ:سیسے کے رنگ کا۔

سَربینِہ:(ع) ناک کے سامنے کا حصہ۔

سربینی:ناک کی نوک۔

سرپا:کھڑا ہوا۔

سرپاس:(۱)بھاری گرز، لوہے کی ہیلمٹ، آہنی خُود۔

marfat.com

سرپاس:نگہبانوں کا افسر اعلی۔

سرپاش:بھاری گرز، آہنی خود۔

سرپای:جو خدمت گار کی طرح کھڑا رہتا ہے، ملازم، نوکر

کفشِ سرپای:گھر میں پہننے کا جوتا، سلیپر

سرپاہان:پگڑی، نرم ٹوپی جو آہنی خود کے اندر پہنی جاتی ہے۔

سرپایینی:سرازیری، نشیب، ڈھلان کی طرف۔

سَرپُر:بندوق میں گولی بھرنا۔

تفنگ سرپُر:بندوق جس میں گولی بھری ہو۔

سرپَرَست:مربّی، محافظ، خاندان کا بزرگ۔

سرپَرَستی:حفاظت، زیر حمایت، زیر نگرانی۔

سر پرستی کردن:حمایت کرنا، اپنی حفاظت میں لینا۔

سرِ پستان:بھُٹنی، عورت کی چھاتی کی بھٹنی۔

سرِپستانک:بچوں کے دودھ کی بوتل کی بھٹنی جسے منہ میں لے کر بچے دودھ پیتے ہیں۔

سرپنجہ:ہاتھ، ہتھیلی، قوت، طاقت۔

سرپنجہ نرم کردن:کس کے خلاف طاقت آزمانا، کسی کے ساتھ کُشتی کرنا۔

سَر پُوش:ڈھکنا۔

سرپوش از روی کاری یا چیزی برداشتن:کسی بات کو افشا کردینا، ظاہر کردینا، فاش کردینا۔

سرپوش بر چیزی گزاشتن:کسی چیز کو ڈھک دینا۔

سرِ پُوش:راز کو چھپانے والا، راز دار۔

سَر پُوشہ:سر پُوش۔

سرپُوشی:راز داری، پردہ پوشی۔

سر پوشی کردن:راز داری کرنا۔

سَر پُوشیدہ:(۱)ڈھکا ہوا، جس پر ڈھکنا ہو۔ دوشیزہ، کنواری لڑکی۔

سَر پہَن:چوڑے سر والا۔

میخِ سرپہن:چوڑے سر والی میخ۔

سَر پیچ:دستار، پگڑی۔

سرَ پیچ:چراغ روشن کرنے والا۔

سَر پیچ:اونگھ، نیند، خواب، خواب راحت۔

سَر پیچ:سرکش، نافرمان، باغی، بے قابو، متمرد۔

سَر پیچی:نافرمانی، سرکشی۔

سرپیچی کردن:نافرمانی کرنا۔

سر پیچیدن:نافرمانی کرنا، سرکشی کرنا۔

از فرمان خدا سر پیچی کردند:خدا کے حکم سے انھوں نے نافرمانی کی۔

سُرت:سُنبلہ، خوشہ۔

سرتاب:سر پیچ، سرکشی، نافرمانی۔

سرتا بسر:سراسر۔

سرتاج:زیور یا عورت کا سر ڈھانپنے والی شال۔

سرتاسر:ایک سرے سے دوسرے سرے تک۔

حیاط را سرتاسرفرش کردند:سارے احاطے پر اُنھوں نے فرش کردیا۔

سِرتاش:(ع) سرداش، گہرا دوست، جو کسی دوست کا راز دار ہو۔

سَرتافتن:نافرمانی کرنا۔

سَر تراش:حجام، سر کی حجامت کرنے والا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سَر تراشی: حجامت، بال کٹوانا۔

سَرتِیپ: (ع) بریگیڈیر جنرل یا جنرل کا منصب۔

سر تِیر: بیم کا آخری سرا۔

سر تیز: دانشمند، عاقل، فرزانہ۔

سرتیز: جس کی نوک تیز ہو، کانٹا، خار، چڑ چڑا، تنک مزاج، زود رنج۔

سَرج: گھوڑے کی زین۔

سَرّج: زین فروش، سروج جمع۔

سَرجُنبان: با رسوخ شخص، قبیلے کا بزرگ، مشہور و معروف شخص۔

سَر جنگ: فوج کا کمانڈر۔

سر جُوش: (۱) کوئی چیز جو چکھنے کے لیے برتن سے نکالی جاتی ہے (۲) اُبال۔

سرجُوقہ: (ع) سپاہیوں کے ایک دستے کا دفعدار، فوج کا چھوٹا عہدہ دار، کارپورل۔

سَرجِین: سرگین، گائے وغیرہ کا گوبر۔

سَر چراغی: وہ پہلا تحفہ جو آغاز شب پر کسی کو دیا جائے۔

سرچشمہ: منبع، چشمے کا دہانہ۔

سرچشمہ این رُود خانہ کجاست: اس دریا کا منبع کہاں ہے۔

سرچشمہ دار: مُوجد، مخترع، ایجادیا اختراع کرنیوالا۔

سَر چکاد: پیشانی کا اوپر کا حصہ۔

سر چنگ: پنجہ، کسی کے سر پر مُکا مارنا، طمانچہ مارنا۔

سَرچِین: چیدہ، منتخب، چنا ہوا۔

سَر چین کردن: انتخاب کرنا۔

سَر حان: (۱) بھیڑیا، شیر۔

سَرحَد: دو ملکوں کی درمیانی حد، حد فاصل۔

سرحَد دار: سرحد کی حفاظت کرنیوالا افسر۔

سَرحَد نشین: سرحد پر قیام کرنے والا۔

سَرحَدی: سرحد سے متعلق۔

قبائل سرحدی: سرحد پر رہنے بسنے والے قبیلے۔

سرحِساب: آشنا، شناسا، بڑا خزانہ دار۔

سرحَلقِہ: پیشرو، سرغنہ۔

سُرخ: لال رنگ۔

از شنیدن این حرف سرخ شد: اس بات کے سنتے ہی اس کا چہرہ سرخ ہو گیا۔

برق سرخ: سرخ رنگ کا جھنڈا۔

خاکِ سُرخ: لوہے کا اکسائیڈ۔

زُغال سُرخ: انگارے۔

سُرخ کردن: پکانا، بریان کرنا، بھُوننا، کباب کرنا۔

گلِ سُرخ: گلاب کا پھول۔

سُرخاب: گلگونہ، سرخ غازہ جو خواتین زینت کے لیے چہرے پر لگاتی ہیں۔

سُرخاب زدن- سُرخاب مالیدن: زینت کے لیے غازہ ملنا۔

سرخاب و سفید آب کردن: آرائش و پیرایش کرنا۔

سُرخابی: جسے غازہ ملا گیا ہو۔

سُرخ ارج: یاقوت۔

marfat.com

سَر خارِہ:شانہ، کنگھی، بالوں میں لگانے والی پن، بَروج۔

سُرخ بید:بید کی ایک قسم۔

سُرخ پُوش:سرخ لباس پہننے والے۔

سُرخ تیرِہ:چتکبرا، ابلق۔

سُرخ چَردہ:سرخ رنگ کا، سُرخ فام۔

سُرخ چشم:ظالم، جلاد۔

سُرخچِہ:کھسرا ایک قسم کی چھوٹی چیچک۔

سُرخ دار:ایک قسم کا سدا بہار درخت جو بہت دیر میں بڑھتا ہے۔

سُرخ رگ:شریان۔

سُرخ رُو:جس کا چہرہ سرخ ہو، جس کا چہرہ شرمایا ہوا ہو، مطمئن، باوقار۔

سَرخَرِید:فِدیہ، تاوان، ذریعہ نجات، زر رستگاری، رہائی، نجات۔

سَرخَس:خراسان کا شہر۔

سَرخَس:فرن، ایک قسم کا پودا۔

سُرخ سَر:قزلباش، سپاہیوں کی ایک جماعت جو سرخ ٹوپی پہنتے تھے۔

سُرخ سَرک:رابن پرندہ، چھوٹا سا پرندہ جس کا پوٹا سرخ ہوتا ہے۔

سَرخَس شناسی:سرخَس کے پودوں کا علم جاننے والا۔

سُرخ شبان:سرخ چوپاں، حضرت موسی کا لقب۔

سرخط:تحریری معاہدہ، فروخت کا بل۔

سُرخ فام:سرخ رنگ کا۔

سَرخَک:(۱) سرخچہ، کھسرا (۲)کھٹمل۔

سرخ کردہ:بھونا ہوا، تلا ہوا، کباب کیا ہوا، بریاں کیا ہوا۔

سَرخُم:مرتبان کا ڈھکنا۔

سُرخ مُو:سرخ بالوں والا۔

سِرّ خوار:بھیدوں سے لبریز، ماہر اسرار، چیستاں کا ماہر، شاعر۔

سُرخوان:موسیقار، مطرب، گویا۔

سَرخُود:آزاد۔

سَر خُور:بچہ جو باپ کی وفات کے بعد پیدا ہوا ہو۔

سَر خوردن:لڑکھڑانا، پھسلنا، بے حوصلہ ہو جانا۔

سَر خوش:خوش، مسرور، سرمست۔

سرخُوشی:سرمستی، سرشاری، مدہوشی کا سا انداز۔

سُرخُون:خاکستری رنگ کا (گھوڑا)۔

سُرخِہ:(۱)سرخ رنگ پرندہ (۲)سرخ پینٹ، افراسیاب کے بیٹے کا نام۔

سُرخی:قرمزی رنگ، غازہ، گلگونہ، سُرخ روشنائی۔

سُرخی سر داشتن:افسانے کا عنوان جو سرخ رنگ میں لکھا جائے۔

سَرخِیرگی:الجھن، پریشانی۔

سَرخِیرِہ:الجھا ہوا، پریشان حال۔

سَرخَیل:پیشرو، سردار، دستے کا کمانڈر۔

ابلیس سرخیلِ شیاطین است:ابلیس شیطانوں کا سردار ہے۔

سَرد:ٹھنڈا، خنک۔

آہ سرد:ٹھنڈی آہ، درد بھری آہ۔

آہن سرد کُوبیدن:بے فائدہ، مشقت اٹھانا

ازشنیدن آن جواب سرد شد و اقدام دیگر نہ کرد:وہ جواب سن کر ٹھنڈا پڑ گیا اور کوئی دوسرا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

قدم نہ اٹھاسکا۔

دست وپای مریض سردشد: بیمار کے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو گئے۔

دل سرد کردن: نا امید کرنا، بے حوصلہ کردینا۔

دیروز سرد شد: کل بڑی سردی تھی۔

سرد شدن: خاموش ہوجانا۔

سَرد آب: ٹھنڈی جگہ رہنے کی، تہ خانہ، سرد خانہ۔

سَرداب: سرد آب۔

سردادن: (۱) رہا کرنا (۲) جانبازی کرنا (۳) کسی کے لیے جان نذر کرنا۔

سردار: پیشرو، قبیلے کا بزرگ۔

سِردار: مخلص جس پر پورا بھروسا ہو، راز دار۔

سَرداری: بزرگی، پیش روی، کمانڈر یا جنرل کا منصب۔

سرداسپ: زیرک، دانا، دانشمند۔

سَرِداستان: کہانی کا عنوان۔

سِرداش: گہرا دوست، مخلص رفیق۔

سردَبیر: چیف ایڈیٹر اخبار کا، ہیڈ کلرک۔

سردَر: عمارت کا رُخ، عمارت کے سامنے کا حصہ، دروازے کے اوپر کا حصہ۔

سردَرب: سردر، دیکھیے۔

سردرپیش: نادم، شرمسار، شرم سے سر جھکائے ہوئے۔

سردَرختی: پھل، حاصل۔

سردرختی این باغ زیاداست: اس باغ کا پھل بہت ہے، اس باغ سے بہت زیادہ پھل حاصل ہوتا ہے۔

سَردرد: سرکی تکلیف۔

سردرکف: سر ہتھیلی پر، جان خطرے میں ڈالنا۔

سردرگم: حیران کہ اب کیا کیا جائے، الجھنا، حیران، پریشان، سرگرداں۔

رشتہ سردرگم: دھاگے کا سرا نظر نہ آنا۔

من درین مسائل سر درگم شده ام: میں ان مسائل میں الجھا ہوا ہوں۔

سردر ہوا: خیال باف، سست، لاپروا، مغرور

سر دُور: مخالف، بد مزاج، کج خلق جاسُوسُوں کا سرکردہ۔

سَردست: ہاتھ کا مچ۔

سَر دست: چھڑی جو درویشوں کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔

سَرِدست: ابھی، اس وقت۔

سَر دستار: پگڑی، عمامہ۔

سَردَستہ: ایک دستے کا افسر، فوجی دستے کا افسر، بریگیڈیئر۔

سَردستی: جلدی سے، لاپروائی سے۔

سردستی نوشتن: جلدی میں لاپروائی سے لکھنا۔

سَردستی: موقتی۔

سردسیر: سرد آب و ہوا یا سرد علاقہ، ییلاق، نواحی سرد سیر، سرد آب و ہوا والے علاقے۔

سَردَفتر: ہیڈ کلرک یا بڑا خزانہ دار دفتر ا افسر بالا۔

سَردم: خانقاہ جہاں درویش جمع ہوتے ہیں۔

سَر دَماغ: خوش خلق۔

سرد مہر: بے مہر، جس کے دل میں مہر و محبت کا کوئی جذبہ نہ ہو۔

سردَواندَن: لیت و لعل کرنا، معرض التوا میں ڈالنا، حیلہ حوالہ کرنا۔

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سرڈور: جاسوس اور خبر نگاروں میں سے سرکردہ

سرڈوشی: وہ نشان جو فوجی افسروں کے درجے ظاہر کرنے کے لیے ان کے کندھوں پر لگایا جاتا ہے۔

سرِدہ: ساقی، مے خواروں کے حلقے کا سردار، قدحِ شراب۔

سردی: (۱) خنکی، ٹھنڈ، (۲) بے دلی۔

سردِیک: برتن کا ڈھکنا۔

سَردِین: سرخ عقیق۔

سرِراست: سیدھا۔

چرا حرف سرِ راست بمن نمی گوئید: مجھ سے تم سیدھی صاف بات کیوں نہیں کرتے ہو۔

سرراہی: وہ رقم جو مسافر رخصت ہوتے وقت صدقے یا انعام کے طور سے دیتا ہے۔

سرراہی: راستے میں۔

بچہ سرراہی یافتند: سڑک پر سے کھوئے ہوئے بچے کو پا لیا۔

سرِرَسَن: سرِ رشتہ، دھاگے کا سرا، رسّی کا سرا۔

سر رسِید: روپیہ ادا کرنے کے وعدہ کا دن۔

سر رِشتہِ: (۱) مہارت، صلاحیت، قابلیت، تجربہ (۲) دھاگے کا سرا۔

سر رشتہ پیدا کردن: مہارت حاصل کرنا۔

سر رشتہ کار راگم کردہ است: اس نے کام کرنے کی صلاحیت ختم کردی ہے۔

سَررشتہ دار: دفتردار، حساب دار، کار پر داز۔

سَررفتن: مدت کا وقت ختم ہونا، انجام کو پہنچنا ۔

سَرز: تولیا۔

سرزدای: کنایہ ہے خنجر یا تیغ بُراں کا۔

سرزدہِ: اچانک، ناگہاں، بلا اجازت، زبردستی۔

سرزدہ داخل مشو میکدہ حمام نیست: زبردستی داخل نہ ہو، یہ میکدہ ہے حمام نہیں، جہاں ہر شخص بلا اجازت داخل ہو جاتا ہے۔

سر زمین: خطہ، ملک، مملکت، کشور۔

سَرزَن: سرکش، باغی، نافرمان۔

سرزن: جلّاد، پھانسی دینے والا، تختہ دار پر چڑھانے والا۔

سر زِندِگی: زندہ دلی، سر گرمی، خوش طبعی، شگفتہ مزاجی، دلیری۔

سر زندِہ: زندہ دل، سرگرم کار، خوش طبع، دلیر، جوشیلا، شگفتہ مزاج۔

سَرزَنش: تنبیہ ،ملامت، زجر و تو بیخ، لعن طعن۔

سرزنشِ رسمی: سرکاری طور سے تنبیہ کرنا۔

سرزنش کردن: تنبیہ کرنا، ملامت کرنا۔

سرزنش آمیز: تنبیہ آمیز، جس میں تنبیہ یا ملامت ہو، ملامت کا انداز۔

سرزیر: سرازیر، نشیب، ڈھلان۔

سَرژ: ایک قسم کا اونی کپڑا۔

سرسام: بیماری جس میں سر یا دماغ میں ورم پیدا ہو جاتا ہے، اور ہذیانی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے، سراسیمگی، اضطراب۔

سَرسبز: ہرا بھرا، نشوو نما پانے ہوئے۔

سر سبزی: ہری بھری، جسے نشوونما حاصل ہو۔

سَر سُبُک: سبک سر، فرومایہ، ناتواں، نادان۔

سَر سپُردَن: تسلیم کرنا، فرماں برداری کرنا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سَرستون: ستون کا بالائی حصہ۔

سرسَخت: ضدی، سرکش، متمرد۔

سرسَختی: ضد، تمرد، سرکشی۔

سر سُخن: افسانے یا کلام کا عنوان۔

سَر سَرا: عمارت میں داخل ہونے کا دروازہ۔

سُر سُرہ: پھلسنا، پھسلتے ہوئے چلنا یا سرکنا۔

سرسری: ظاہری، معمولی، سطحی

عشق سرسری دوام ندارد: ظاہری محبت دیر تک قائم نہیں رہتی۔

کارسرسری نتیجہ نمی دہد: بے پروائی کا کام نتیجہ خیز نہیں ہوتا۔

سر سلامتی: دلجوئی، دلارامی۔

سر سلامتی گفتن: تسلی دینا، دلجوئی کرنا۔

سرسلامتی کسی رفتن: کسی کی دلجوئی کے لیے جانا۔

سر سلسِلہ: خاندان کا پہلا بادشاہ، خاندان کا اولیں فرد، بزرگ، کسی سلسلے کا آغاز۔

سرسُم: گھوڑے کا سُم۔

سر سُم رفتن: ٹھوکر کھانا، الجھنا۔

سرِ دوسُم بلند شدن: گھوڑے کا دو پاؤں اوپر اٹھانا، جست بھرنا۔

سرِ شاخہ: شاخ کا سرا۔

سر شاخہ درختی را زَدَن: درخت کی شاخیں کاٹنا۔

سرشار: لبا لب بھرا ہوا، مسَت، سر خوش۔

پیالہ سرشار: لبا لب بھرا ہوا پیالہ۔

سر شار کردن: لبا لب بھر دینا، پُر کرنا، مست و سرخوش کردینا۔

سرشاری: خوشی، سرمستی۔

سَرِشت: (ع) فطرت، طبیعت، مزاج۔

سرشتِ آدم از خاک است: انسان مٹی سے بنایا گیا ہے۔

سَرِشتن: (آٹا وغیرہ) گوندھنا، ملانا، خمیر کرنا۔

آرد سرشتن: آٹا گوندھنا۔

سرِشتہ: ملایا ہوا، گوندھا ہوا، بنایا ہوا، خمیر کیا ہوا۔

سَرشَف: خردل، رائی کے دانے۔

سِرِشک: آنسو، قطرہ۔

سرشک باران: بارش کے قطرے۔

سرشک باریدن: آنسو برسنا۔

سرشکِ خندہ: خوشی کے آنسو۔

سَرشِکستگی: شرم، ندامت، شرمساری، خفت، رسوائی۔

سرشِکستہ: نادم، شرمسار، خفیف، ذلیل خوار۔

پیشِ ہم قطارانِ خود شکستہ شد: اپنے ساتھیوں کے سامنے شرمسار ہوا۔

سرشِکن: (۱) فی کس محصول۔

سرشکن کردن: فی کس محصول عاید کرنا۔

سرشِکنی: فی کس محصول۔

سرِشکوان: پردہ جوشبِ زفاف دلہن کے سامنے لٹکا دیتے ہیں۔

سرشماری: مردم شماری۔

سرشماری کردن: مردم شماری کرنا۔

marfat.com

مالیات سر شماری: پول ٹیکس۔

سرشناس: مشہور و معروف، جسے اکثر لوگ جانتے ہوں۔

سرشُوی: حجام، سلمانی۔

گِل سرشوی: صابن کے اثر والی مٹی، جو سر صاف کرنے کے لیے لگائی جاتی ہے۔

سرشُوی: سردھونا۔

سرِشیر: دودھ کی بالائی، قیماق۔

سرِ صفحہ: سرورق، ٹائیٹل پیج، صفحے کی سُرخی۔

سرطان: ( ) کینسر کا مرض۔

سرطان: قدیم ایرانی کیلنڈر کے چوتھے مہینے کا نام تھا، اب اس کا نام بدل کر تیر رکھ دیا گیا ہے۔

سرطان: بارہ بُرجوں میں سے چوتھا بُرج۔

سرطانی: جسے سرطان کا مرض ہو۔

دُملِ سرطانی: سرطان زدہ رسولی۔

سرِ طویلہ: اصطبل کی اونچی سطح جہاں سائیس بیٹھتا ہے۔

سُرعَت: (ع) تیزی، تیز رفتاری، جلد۔

سُرعتِ انتقال: زود فہمی، ادراک۔

سُرعتِ زیاد: بہت زیادہ تیز رفتاری۔

سُرعتِ لوکو موتیو: تیز رفتاری کا اندازہ۔

سُرعتِ نبض: نبض کی تیزی۔

سُرعَت پیمَا: رفتار ناپنے کا آلہ۔

سُرعت پیمائی: رفتار کا جائزہ۔

سُرعۃً: (ع) جلدی سے۔

سَرِعَسکر: کمانڈر ان چیف۔

سرِ عَلَم: پرچم کے اوپر کے حصہ کا آرائشی نشان۔

سَرِ عَملہ: عملے کا نگراں، کارکنوں کی جماعت کا پیشرو، نگران۔

سر غج: لکڑی کا پیالہ، کاسئہ چوبی۔

سرغزَل: غزل کا پہلا بہترین شعر۔

سرِغُوغا: باغیوں کا قائد۔

سرغِین: ایک ساز «سُرنا» جو جنگ کے موقع پر بجایا جاتا ہے۔

سُرف۔سُرفیدن= کھانسنا سے فعل امر، کھانس لو۔

سُرف: سرفہ، کھانسی۔

سُرفِیدن: کھانسنا۔

سرِ فِتنہ: باغیوں کا قائد۔

سرفراز: سر افراز، سر بلند، باوقار۔

سرِ فوج: بٹالین کا جنرل۔

سُرفِہ: کھانسی۔

سُرفِہ کردن: کھانسنا۔

سُرفیدَن: (۱) کھانسنا، رشوت کے طور پر کچھ رقم دینا۔

مبلغی سُرفیدتا آن کار انجام گرفت: کچھ رقم بطور رشوت دی تو وہ کام انجام کو پہنچا۔

سر قافلہ: قافلہ سالار۔

سَرِقَت: (ع) چوری، دزدی۔

سرقت ادبی: علمی ادبی خیالات کی چوری۔

سرقت بُردن: چرالے جانا۔

سرقتِ تالیف دیگران: دوسروں کی تالیف سے سرقہ کرنا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سرقت رفتن: چوری ہو جانا۔

سرقت کردن: چوری کرنا۔

سرقت آمیز: جس میں چوری کا عنصر شامل ہو۔

سرقتی: چرایا ہوا۔

سرِقصیدہ: بہترین قصیدہ، قصیدے کا بہترین شعر۔

سرُقفلی: وہ رقم جو کوئی شخص کسی کو اس لیے دیتا ہے کہ وہ مکان یا دکان کو جو اس کے زیر استعمال ہے واگذار کردے۔

سرک: بوجھ یا وزن میں اضافہ۔

سرکار: (۱) کارگزار، کارفرما (۲) کلمۂ احترام جو کسی کو خطاب کرتے وقت کہتے ہیں مثلاً جناب عالی۔

سرکار این طور فرمودید: جناب عالی آپ نے یہ فرمایا تھا۔

سرکار بنّای: تعمیر کے کام کا نگران، اوورسیر۔

سرکاری: حکومت سے متعلق، نگرانی، نگران کا فریضہ۔

سرکاغذ: خط کا عنوان۔

سرکتاب: کتاب کا عنوان۔

سَرکج: سر ایک طرف کو تیزھا ہو جانا۔

سر کردِگان: دیکھیے سرکردہ۔

سرکردِگی: حکم، ہدایت، سرداری، امارت، قیادت۔

بسر کردگیٔ او حرکت کردند: اس کے حکم سے وہ چلے۔

سرکردن: شروع کرنا۔

سَر کردِہ: حکمران، کمانڈر، افسر، قائد، رہنما، سالار۔

سر کردہ این قشون کیست؟: اس لشکر کا کمانڈر کون ہے؟۔

سرکَش: متکبر، متمرّد، باغی، گستاخ، دیدہ دلیر، سخت مزاج۔

سرکشی:گردن کشی: غرور، تکبر، تمرد، دیدہ دلیری۔

سرکشی کردن: نافرمانی کرنا۔

سرکشیدن: سرکشی کرنا۔

سرِ کلانتَر: پولیس کا افسر اعلی۔

سرکلانتری: پولیس یا شہر بانی کا محکمہ۔

سرِ کلِمہ: تمہیدی الفاظ۔

سَرکُن: سرکردہ، سردار۔

سرِ کنجبین۔سرِکنگبین: سرکہ، انگبین، شربت جو چینی اور سرکہ سے تیار کیا جاتا ہے۔

سَرکُوب: ٹیلے یا پہاڑ کی مانند بلند جگہ جہاں سے دشمن پر حملہ کیا جائے اور آگے بڑھ کر اس کی سر کوبی کی جاسکے، دشمن کی سرکوبی۔

سرکُوبہ: (۱) بھاری گرز (۲) سرزنش، تنبیہ، ملامت۔

سرکُوبی: دباؤ ڈالنا، کچل دینا، مسل دینا، سزا دینا۔

سرکوبی کردن: سزا دینا، سرزنش کرنا کچل دینا۔

سرکُو چکی: عاجزی، انکساری۔

سرکُوفتہ: جس کا سر کچل دیا گیا ہو۔

مارسر کوفتہ: سانپ جس کا سر کچلا گیا ہو۔

سرکِہ: کھجور یا انگور کا شیرہ جسے پکا کر خمیر اٹھا لیتے ہیں، اس کا ذائقہ ترش ہوتا ہے۔

سرکِہ ابرو: ترش رُو۔

سرکہ ای: سرکے کے اثر والا۔

سرکہ با: شوربا جو سرکے کی ملاوٹ سے تیار کیا جائے،

marfat.com

یخنی جس میں سرکہ ڈالتے ہیں۔

سرکہ جَبِیْن: ترش رُو۔

سرکہ شِیرہ: سرکہ اور انگور کے شیرے کا مرکب۔

سرکہ فُروش: سرکہ بیچنے والا۔

سرکہ فروشی: (۱) سرکہ بیچنے کا کام (۲) رکھائی، تیکھا پن، سرکہ کی تجارت۔

سرِکہ فِشان: اکل کھرا، رُوکھا، تیکھا۔

سرکہ فِشانی: رُوکھا پن۔

سرگرد: میجر۔

سرگُذَر: کوچہ، گلی محلہ، پڑوس میں سکونتی مکان۔

سرگُذشت: بیان، واقعات کا بیان۔

سرگذشت آنرا از کی شنیدید: اس کے بیان کو آپ نے کس سے سنا

سرگُذشتہِ: زندگی سے تنگ آیا ہوا، جان کو خطرے میں ڈالنے والا۔

سرگِران: ناخوش، غصے میں، بیزار، افسردہ، آزردہ، خفا۔

چراہا من سرگرانید: آپ مجھ سے خفا کیوں ہیں۔

سَرگِرانی: خفگی، ناراضی، برہمی، آزردگی، افسردگی

سرگرد: فوج کا بالاتر افسر۔

سرگردان: (۱) خانہ بدوش، سیلانی، سفری (۲) پریشان، پریشان خیال، حیران (۲) بے سرویا۔

سرگردان شدن: حیران و پریشان ہونا، مارا مارا پھرنا۔

سی سال در بیابان سرگردان شدید: تیس سال بیابان میں مارے مارے پھرتے رہے۔

سرگردانی: آوارگی کی حالت، حیرانی، پریشانی۔

سرگرم: مصروف، مشغول، محظوظ۔

بچۂ سرگرم بازی است: بچہ کھیل کود میں مصروف ہے۔

سرگرم کردن: محظوظ کرنا۔

آن بازی مرا سرگرم کرد: اس کھیل نے مجھے بہت محظوظ کیا۔

سرگرمی: مصروفیات، مشغولیت، تفریح۔

در مدت دو روز ہیچ سرگرمی ندارم: دو دن کے عرصے میں مجھے کوئی مصروفیت نہیں۔

سرگروہ: قبیلے کا سردار، گروہ کا پیشرو۔

سرگزِیت: باج و خراج، جزیہ۔

سرگُزین: ریوڑ سے منتخب بہترین جانور، بہترین چناؤ۔

سرگُشادہِ: جس کا مُنہ کھلا ہو، کھلے منہ والی بوتل، کھلے منہ والی کوئی چیز مثلا جیب۔

سَرگَشتِگی: حیرانی، سرگردانی۔

سرگَشتہِ: حیران و پریشان، سرگردان۔

سرگُل: دھاگے کا بنا ہوا گیند، جس سے بچے کھیلتے ہیں۔

سَرگُم: دیکھیے سردرگم۔

سرگوشی: کسی کے کان میں کچھ کہنا۔

یک حرفِ سر گوشی: کان میں کہی ہوئی بات۔

سرگوشی حرف زدن: کان میں کوئی بات کہنا۔

سَرگِیجش–سرگیجہِ: سرگردانی، سرگشتگی، دوران سر۔

سَرگیجہ: دوران سر، سر میں چکر آنا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سَر گِیس: قوس قزح۔

سِرگین: گوبر، لید، غلاظت، کھاد۔

سِرگین خُور: گبریلا، گوبر خُور، گوبر کھانے والا کیڑا۔

سِرگین دان: گوبر، کھاد رکھنے کی جگہ۔

سِرگین غلطان-سرگین گردان: بھونرے کی ایک قسم۔

سُرلاب: اُسطرلاب، ہیئت شناسوں کا وہ آلہ جس سے وہ سیاروں کی حرکات کا جائزہ لیتے ہیں۔

سَرلاد: دیوار کا اوپر کا حصہ، سردیوار۔

سرلشکر: فوج کا کمانڈر۔

سرِلوح- سرلوحہِ: کتاب کے سر ورق کی تحریر یا تصویر، عنوان یا سرورق جسے مذہّب نقش و نگار سے آراستہ کیا جاتا ہے۔

سَرم: تسمہ۔

سرما: سردی، سردی کا موسم۔

بچّہ از سرمای لرزید: بچہ سردی سے کانپا۔

سرماست نمی شود بیرون رفت: سردی سے باہر جانا ممکن نہیں۔

سرما خوردن: ٹھنڈ لگنا، زکام ہونا۔

سرما زراعت را زده است: سردی نے فصل خراب کردی ہے۔

سرمای پیرزن: موسم سرما کی سخت سردی کے آخری دن، برد عجوز

سرمایٔ گل سرخ: موسم بہار کے آغاز کی خنکی جب گلاب کے غنچے کھلتے ہیں۔

سَرما خُوردِگی: زکام۔

دو روز پیش سرما خوردگی داشتم: دو دن پہلے مجھے زکام تھا۔

سَرما خُوردِہ: زکام کا مریض۔

سرمارِیزہ: پالا۔

سرما زَدِگی: ٹھنڈ لگنا، ٹھنڈ سے بیمار ہونا، زکام ہونا۔

سرما زَدِہ: جو سردی سے بیمار ہو۔

سر مامک-سر گریزک: لُکن میٹی کا کھیل جو بچے آنکھیں بند کرکے کھیلتے ہیں۔

سرمایہ: جمع کیا ہوا روپیہ پیسہ، تجارت میں لگنے والی رقم۔

از سرمایہ خوردن: سرمایہ ختم کردینا۔

برایٔ ہر کسی سرمایہ لازم است: ہر کسی کے لیے دولت کا ہونا ضروری ہے۔

سرمایہِ دار: صاحب ثروت، دولت مند، امیر۔

سرمایہ داری: دولت مندی، امیری۔

سرمایہ کردن: تجارت میں سرمایہ لگانا۔

سرمایہ گُذاشتن: کسی کام میں سرمایہ لگانا۔

سرَمد: (ع) غیر فانی، ازل، ابد، ہمیشہ، دوام۔

سرمَدی: (ع) ابدی، دائمی، ازلی، غیر فانی۔

سرمَست: سرشار، نشے میں مست۔

سرمَستی: سرشاری، نشے کی مستی، سرخوشی۔

سَرمَش: خشک کی ہوئی خوبانی۔

سَرمَشق: خط کا نمونہ، ماڈل، نمونہ، مثال، الفاظ جو استاد لکھ کر دیتا ہے کہ شاگرد ان کے مطابق لکھیں۔

marfat.com

شمارا باید در وطن پرستی سر مشقِ دیگران باشید

تمہیں چاہیے کہ وطن پرستی میں دوسروں کے لیے نمونہ بنو یعنی مثال قائم کرو۔

سرِ مَقالہ: بہترین مقالہ، مقالے کا عنوان، مقالے کا موضوع، اداریہ۔

سرِ منزِل: قیام کی آخری جگہ۔

سرِ منزل مقصود: منزل مقصود کا آخری مقام۔

سرِ مُوزہ: چمڑے کاساق پوش۔

سُرمہ: کاجل جسے بالخصوص آنکھوں میں خواتین لگاتی ہیں۔

سُرمہ کشیدن: سرمہ لگانا۔

سُرمہ ای: گہرا سرمئ رنگ۔

سُرمہ دان: سُرمہ دانی۔

مِیل سُرمہ دان: سرمہ دانی کی سلائی۔

سُرمہ طاش: سُرمہ، کاجل، پتھر جس سے سرمہ بنایا جاتا ہے۔

سُرمہ کش: سرمہ لگانے والا۔

سُرمہ کشیدہ: جس کی آنکھوں میں سرمہ لگا ہو۔

سرمُہَنْدِس: چیف انجینئر۔

سُرنا: ایک قسم کی نَے جو کسی جنگ یا جشن کے موقع پر بجائ جاتی ہے، ارگن با جے کی تیز آواز کی سُر۔

سُرنا زدن: سُرنا بجانا، بانسری بجانا۔

سرناجی: سُرنا بجانے والا۔

سَرنامہ: عنوان، پتا، نیز مقدمہ کتاب۔

سرناوی: بحری فوجی دستہ۔

سُرَنج: گندھک اور سیماب کا مرکب جس کارنگ سرخ ہوتا ہے۔

سَرَند: چھلنی، غربال۔

سرنشین: بس یا ہوائ جہاز میں سفر کرنے والا، قدیم زمانے میں اس مسافر کو کہتے تھے جو کاروان میں گھوڑے یا خچر پر سفر کرتا تھا۔

سِرنگ:سِرِنج: (کامفرس) جس سے ٹیکا لگایا جاتا ہے۔

سَرَنگُون: سر جھک جانا، اوندھا، سر کے بل۔

سرنگون شدن: سر جھک جانا، اوندھا ہو جانا، تباہ ہو جانا، شکست کھانا۔

سرنگون کردن: الٹنا، اوندھا کرنا، گرا دینا، تباہ کردینا، شکست دینا۔

سرنگونی: تباہی، بربادی، پریشانی۔

سِرنِگہدار: بھید کی حفاظت کرنے والا۔

سَر نوِشت: تقدیر، قسمت، ازلی مقدر۔

نوشتہ: تقدیر، جو کچھ روز ازل سے لکھا جا چکا ہے۔

سَرِنی: حُقّے کی نے پر جو نلی لگائی جاتی ہے۔

سرِنیزہ: نیزے کی انی۔

سَرو: مشہور درخت کا نام جس سے لمبے قد کو تشبیہ دیتے ہیں۔

سرو آزاد: سرو۔

سَروِ خرامان: کنایہ ہے خوش رفتار محبوب کا۔

سَرو سیمین بر: خوش اندام خاتون۔

سروسہی: سیدھا سرو۔ مثال:

چشم من کردہ بھر گوشہ روان سیل سرشک

تا سہی سرو ترا تازہ بآبی دارد

میری آنکھوں سے سیلاب روان رہتا ہے تاکہ آپ کا بلند قامت سرو سرسبز و شاداب رہ سکے۔

سروا: افسانہ، داستان، قصہ کہانی۔

سرواد: شعر، نظم، سرود و نغمہ۔

سروادہ: شعر، قافیہ شعر۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سرواز: سرباز، جان نثار، جانباز سپاہی۔

سروال: شلوار، پتلون، قمیص سرا ویل جمع۔

سرو اندام: سروقد۔

سرو بُن: سرو کا درخت۔

سروبند: زمانہ، وقت، ہنگام۔

سرو پا برہنہ: (۱) ننگے پاؤں، ننگے سر (۲) شریر، بدمعاش۔

سروتن: سربسر، سراسر۔

سروچمان: سرو خرامان، کنایہ ہے خوش رفتار لمبے قد والے محبوب کا۔

سَرُود: گیت، نغمہ، طرب انگیز راگ، نغمہ جو باہم مل کر گاتے ہیں آہنگ نغمہ، صدا ی نغمہ۔

سرود خو اندن: گیت گانا، نغمہ سرائی کرنا۔

سرودِ روحانی: نغمہ حمدو مناجات، اللہ تعالی کی حمد و ثنا۔

سرودِ عروسی: شادی کے گیت۔

سرود ملی: قومی نغمہ، قومی ترانہ۔

سرود خوان-سرودسرا: مطرب۔

سرود خوانی-سرود سرای: گیت گانا، نغمہ سرائی کرنا

سرودن-سرایدن: راگ الاپنا، گانا، سُرتال سے نغمہ سرائی کرنا۔

سرود نامہ: گیتوں کی کتاب، نغمہ سرائی کی کتاب۔

سرودی: سرود سے متعلق، نغمہ سے متعلق۔

سُرور: خوشی، راحت، مسرت۔

سَرور: سردار، پیش رو۔

سُرور آمیز: پرلطف، راحت آفرین۔

سَروری: سرداری، حکومت، پیش روی۔

سَروِستان: جہاں سروہی سرو اگے ہوں۔

سروِسہی: سرو جس کی شاخیں سیدھی ہوتی ہیں نیز بارید کے تیس راگوں میں سے ایک کا نام۔

سَرُوش: فرشتہ، وحی لانے والافرشتہ، حضرت جبرئیل، فرشتہ جو نظروں سے اوجھل ہوتا ہے لیکن اس کی آواز سنائی دیتی ہے۔

سروشی: فرشتے سے متعلق، الہام، خبر۔

سَروقامت: سروقد، بلند، بالا، سروسہی۔

سروکار: تعلق، آمدو رفت، رابطہ۔

سروِکوہی: سرو کی قسم کا درخت جو اس سے کم لمبا ہوتا ہے اس کے پتوں اور پھولوں میں بو ہوتی ہے پھول دوا کے کام آتے ہیں۔

سروناز: سرو کا درخت، خوشنما نیا اگا ہوا سرو۔

سُرُون: سینگ گائے یا بکرے کے۔

سُرُون: سُرین، جسم کا نچلا حصہ، چوتڑ۔

سُرونگاہ: سینگ والے جانور کی کنپٹی۔

سروی: سرو سے ملتا جلتا۔

سرویس: سروس (کامفرس) ملازمت، نوکری، چاکری۔

سرویہ: قوس قزح۔

سَرِہ: اچھا، خوب، خالص، پسندیدہ، بے عیب۔

ناسرہ: معیوب، نا خالص، کھوتا۔

سَرَہ: (۱) درہ، پہاڑوں کے اندر کا درمیانی راستہ (۲) پانی جس کی تہ معلوم نہ ہو۔

سَرِہ: سر سے اخذ کیا گیا ہے، طرف، عدد کو ظاہر کرنے کے لیے یہ لفظ آتا ہے۔

اوقات کار ما دو سرہ است: ہمارے اوقات کار دو سیشنوں میں منقسم ہیں۔

دُرشکہ را دوسرہ کرایہ کردم: تانگے کا میں

marfat.com

نے دو طرف کرایہ کیا ہے۔

دُرشکہ را یکسرہ کرایہ دادم: تانگے کا میں نے ایک طرف کا کرایہ دیا۔

کار را باید یکسرہ کرد: کام یقینی طور پر انجام کو پہنچانا چاہیے۔

سُرّہ: ناف۔

بندسُرّہ: ناف کی آنت۔

سر بال: حیران، پریشان۔

سرہم بند: نا اہل، اناڑی۔

سرہم بندی: نا اہلی، اناڑی پن۔

سرّہ مرد: راستباز، دیانت دار، برگزیدہ شخص۔

سَرہنگ: کمانڈر، افسر، کرنل۔

نائب سرہنگ: لیفٹیننٹ کرنل۔

سرہنگی: کرنل کا عہدہ۔

سَری: سروَری، حکومت، سرداری، بزرگی۔

سِرّی: خفیہ، پراسرار، پوشیدہ۔

أو پیغام ہای سِرّی داشت: اس کے پاس خفیہ پیغامات تھے۔

سَری: فی کس۔

سَری سی روپیہ می دہند: وہ فی کس تیس روپے دیتے ہیں۔

سَریال: (مفرس سیریل، (انگ) مسلسل، پیاپے، داستان جو جزو بجزو نشر ہو۔

سریان: کسی چیز کا دوسری چیزوں پر اثر ہونا۔

سِریانی: ملک شام کی قدیمی زبان۔

سَرِیچہ: دُم کا ہلنا۔

سُریدَن: پھسلنا۔

سَریر: (ع) تخت۔

سریرہ: راز، بھید، پوشیدہ بات۔

سریش: ایک قسم کی چپکنے والی چیز جس سے لکڑی کو لکڑی سے جوڑا جاتا ہے۔

سَریش: سرشتن سے ملانا، جوڑنا، پیوستہ کرنا۔

سریشَم: سریش۔

سریشمی: سریش کی طرح۔

سَریع: (ع) جلد، فوراً، (سرعت سے)۔

حرکت سَریع: تیز حرکت۔

اقدام سریع بعمل آورد: اس نے فوری طور سے عمل کیا۔

بحرِ سریع: فن شعر کا ایک بحر مُفتعِلُن مُفتعِلُن فاعلن۔

سریعاً: (ع) فوراً۔

امرِ او سریعاً اجرامی شود: اس کا حکم فوری طور پر جاری ہو جاتا ہے۔

سریع الأثر: فوری اثر کرنیوالی۔

دوای سریع الاثر: فوری طور سے اثر کرنے والی دوا۔

سریع الانتِقال: جلد سمجھ میں آنے والا، زوُد فہم۔

سَرِیعُ الحرکت: (ع) تیز حرکت کرنا

سَرِیعُ الزّوال: (ع) جسے بہت جلد زوال آ جائے، جلدی پژمردہ ہونے والا، جلد خشک ہو جانے والا۔

سَریع السَّیر: (ع) تیز چلنے والی، ایکس پریس ٹرین۔

سریع العَمَل: (ع) تیزی سے عمل کرنے والا، ہوشیار۔

سَریع القَلم: تیز لکھنے والا۔

سَریع الہضم: (ع) جلد ہضم والی، زود ہضم۔

سَرِیغ: انگوروں کا خوشہ۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سُرین:(ع) جسم کا پچھلا حصہ، کولھا، چوتڑ۔

سُرین گاہ:تخت پر بیٹھنے کی جگہ

سُرِیہ:(ع) داشتہ، کنیز جو داشتہ بھی ہو۔

سَزا:پاداش، تعزیر، سرزنش۔

آیا سزای نیکی بدی است؟:کیا نیکی کی سزا بدی ہے؟۔

سزادادن:سزا دینا۔

سزا رساندن:ناواجب، فعل کے متعلق سزا دینا، مجازاتی سزا، متعلق فعل سزا، واجبی سزا۔

سزا وار:لائق، مُستحق۔

سزاوار بودن:مستحق ہونا۔

اوسزاوار تنبیہ نیست:وہ کسی سزا کا مستحق نہیں۔

سزاواری:استحقاق، مستحق ہونا، لائق ہونا۔

سزاندَن:سَزِیدَن۔

سَزِیدَن:مستحق ہونا۔

سِپاسِ بی قیاس خداوندی راسزد:بے حد شُکریہ خداوند تعالی کے لیے ہے۔

سُست:ناتوان، بے قوت، کمزور، کاہل۔

این ہوا آدم راسُست می کند:یہ آب و ہوا انسان کو سست بنادیتی ہے۔

این ہوا دست وپایش راسست کرد:اس آب و ہوا نے اسکے جوڑوں کو کمزور کردیا ہے۔

دلائلِ اوسُست نظر می آید:اس کے دلائل کمزور نظر آتے ہیں۔

جدیّت او سُست شد:اس کی کوشش کمزور پڑگئی۔

چراسُست کارمی کند:وہ کیوں کاہلی سے کام کرتا ہے۔

طوفان سُست شد:طوفان تھم گیا۔

سست اعتِقاد:کمزور اعتقاد والا۔

سست بازو:کمزور۔

سُست بخت:بد نصیب۔

سُست بنُیاد:جس کی بنیاد کمزور ہو، غیر موزوں۔

سُست پی:جس کے رگ پتھے کمزور ہوں۔

سست پَیمان:جو اپنے عہد و پیمان میں مخلص نہ ہو۔

سست رای:جس کی رائے میں پختگی نہ ہو،، کوتاہ اندیش، ہلکے ذہن والا۔

سست رَغبتَ:بے حس۔

سست رگ:مریل، بے جان، نڈھال، بے ہمت، بے حوصلہ، مُردہ دل۔

سُست رِیش:احمق، بیوقوف، کند ذہن۔

سُست عنان:کمزور ارادے والا، کمزور عقل و فہم والا۔

سست عُنصر:سست، کاہل۔

سست عُنصُری:سستی، کاہلی۔

سُست کمَر:جس کی قوت مردمی کمزور ہو، نامرد۔

سُست گرِفتن:بے اعتنائ کرنا، لاپروائ کا سلوک کرنا۔

سُت مہار:سست عنان، نا اہل۔

سُست مِہر:بے مہر، نامہربان، جس میں مہر و محبت کی کمی ہو۔

سست مہری:بے مہری، نامہربانی، مہرو محبت کی کمی۔

سُست نِہاد:سست بنیاد،کمزور طبع۔

سُستی:کاہلی، کمزوری، بے حالی، ناتوانی۔

سُستی جہان:دنیا کی کمزوری نا پائیداری۔

marfat.com

سُستی کردن: کاہلی سے کام کرنا۔

سُستی کمر: نامردمیت۔

سِسک: بلبل کا بچہ جس کی آواز سریلی ہوتی ہے۔

سشنبہ: سہ شنبہ، بدھوار۔

سصَد: سہ صد، تین سو۔

سِطبر- ستبر: موٹا، بڑا جسیم، لحیم شحیم۔

سَطح: (ع) جس کی لمبائی چوڑائی ہو مگر گہرائی نہ ہو، ظاہری پہلو، ظاہری حالت۔

سطح مُستوی: (ع) ہموار سطح۔

سَطحاً: (ع) ظاہری پہلو کے لحاظ سے۔

سَطح پَیما: سطح کی پیمائش کرنے والا۔

سَطحی: معمولی، ظاہری۔

معمولاتِ سطحی: معمولی معلومات۔

سَطر: (ع) لائن۔

سطرِ پنجم این صفحہ: اس صفحے کی پانچویں لائن (سطور جمع)۔

بینُ السطُور: وہ فاصلہ جو دو سطروں کے درمیان ہو۔

سَطر آرا: وہ پیمانہ جس سے لکیریں کھینچی جاتی ہے، خط کش۔

سطر بندی کردن: سطروں کو ترتیب دینا، سطروں کے لیے لکیریں کھینچنا۔

صُطر لاب- اسطرلاب: سیاروں کی حرکتوں کا جائزہ لینے والا آلہ، مینار جو اسی غرض سے بنایا گیا ہو۔

سَطرنج: شطرنج۔

سَطری: سیدھے خط میں۔

متنِ سطری: سطروں میں۔

سَطَع: (ع) چمکدار، تاباں، درخشاں، تابش۔

سَطل: (ع) دھات کادستہ دار برتن، بالٹی۔

دستہ سطل: دھات کے برتن کا دستہ۔

سطل آب: (ع) پانی رکھنے کا برتن، بالٹی۔

سَطوَت: (ع) رعُب دبدبہ، شان و شوکت، عظمت۔

سَطُوح: (ع) سطح کی جمع، سطحیں، رقبے۔

سَطُوُر: (ع) سطر کی جمع۔

سطُول: (ع) سطل کی جمع۔

سعات: (ع) ساعی کی جمع، کوشش کرنے والے۔

سعَادَت: (ع) نیک بختی، خوش قسمتی، مسرت خوشی، برکت۔

سعادتِ ابدی: دائمی نیک بختی۔

سعادت داشتن: خوشی یا اقبال مندی حاصل ہونا۔

سعادَت یاری نکرد: نصیب نے ساتھ نہ دیا۔

سعادت آمیز-سعادت آور: خوش بختی، کامیابی، بابرکت۔

سعادت مند: خوش بخت، کامیاب، نیک، اقبال مند، مسرور

سعادت مندانہ: بابرکت،خوش اقبالی سے۔

سعادت مندی: خوش بختی، نیک بختی، کامیابی۔

سُعار: (ع) (۱) آگ کی گرمی (۲)شدید بھوک۔

سُعال: (ع) کھانسی، سُرفہ۔

سُعالِ یابس: خشک کھانسی۔

سعایَت: (ع) بد گوئی، افترا، چغلی، بہتان

www.iqbalkalmati.blogspot.com

از من پیش دیگران سعایت می کند: میرے متعلق دوسروں سے بدگوئی کرتا ہے۔

سَعَت: (ع) کشادگی، وسعت، فراخی، استعداد، گنجائش۔

سَعتر: ایک پودا جس کے پھول نیلے رنگ کے اور خوشبودار ہوتے ہیں، طب میں استعمال ہوتے ہیں، امراض ریح اور معدہ کے لیے مفید ہوتے ہیں۔

سَعتَرباز: ایک عورت جو دوسری عورت سے طبق زنی کرتی ہے۔

سَعد: (ع) ستاروں کا امید افزا اثر، نیک بختی، سعدین جمع۔

اخترِ سَعد: خوش نصیبی کا ستارہ۔

سعد اختر: خوش بختی کا ستارہ۔

سعدِ اصغر: زہرہ سیارہ۔

سعدِ اکبر: مشتری سیارہ۔

سعدو نحس ستارگان: اچھے اوربُرے اثر والے ستارے۔

سعدا: (ع) جمع سعید۔

سعدان: (ع) ایک پودا جس میں سہ پہلو کانٹے ہوتے ہیں، اونٹ ان کانٹوں کو رغبت سے کھاتے ہیں، بھکڑا۔

سعدی: ایران کے مشہور شاعر مشرف الدین بن مصلح الدین کا تخلص (وفات ۱۲۹۱ء)۔

سَعدَین: (ع) دو مبارک ستارے۔

اخترانِ سعدین: دو مبارک ستارے، مشتری اور زہرہ۔

سِعر: (ع) قیمت، نرخ۔

سُعر: (ع) گرمی آتش، گُرسنگی، درماندگی۔

سَعَف: عروس کا جہیز (۲) اسباب خانہ (۲) کھجور کے درخت کی شاخیں۔

سَعِف: (ع) جسم کے باہر یا اندر کا زخم جس میں پیپ ہو۔

سُعُود: (ع) نیک بخت، کامیاب، اقبال مند۔

سعی: (ع) کوشش، جدوجہد، مثال:

من از قدمِ سعی بہ مقصود رسیدم
ہر آبلہٗ پای مرا قبلہ نما شد

میں جدوجہد سے مسافرت میں قدم بڑھاتا منزل مقصود کو پہنچا اس مسافرت میں پاؤں کے ہر آبلے نے قبلہ کی طرف میری رہنمائی کی۔

سعی بلیغ: انتہائی کوشش۔

سَعِید: (ع) خوش، مسرور، نیک بخت، اقبال مند باسعادت۔

سعی دار: کوشش کرنے والا۔

سَعِیر: (ع) آگ، شعلہ، دوزخ۔

سَعِیط: (ع) شراب کی دُرد، تلچھٹ۔

سَغ: چھت، سقف، گنبد۔

سَغانہ: زیر زمین تہ خانہ، ٹھنڈی جگہ۔

سَغب: (ع) بھوک، گرسنگی، در ماندگی۔

سُغبہ: فریفتہ، فریب خوردہ، جسے دھوکا دیا گیا ہو۔

سُغد: سُغدیانہ، ہخامشی عہد کا ایک صوبہ، موجودہ زمانے کا سمر قند و بخارا۔

سُغَد: نشیبی زمین جہاں بارش کا پانی جمع ہو جاتا ہے۔

سُغدُو: قیمہ بھری آنت، قیمہ اور بعض مسالے ملا کر آنتوں میں بھرتے ہیں اور انہیں بریاں کرکے ان کے تکڑے کر لیتے ہیں۔

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سُغدیانہ: سغد سے منسوب۔

سُغَر: (۱)خارپشت (۲)بزرگ تیر انداز۔

سُغراق: (ت) مٹی یا چینی کا دستہ دار پیالہ، جام شراب۔

سُغری: گھوڑے یا کسی دوسرے جانور کی کھال کا چمڑا جسے رنگا گیا ہو۔

سفّاح: (۱)ظالم، خونریز، سفاک (۲)فصیح و سخنور، عباسی خلیفہ ابوالعباس کا لقب۔

سِفاد: (ع) جوڑا ہونا، حیوانات کا جُفت ہونا۔

سُفار: سوفار، تیر کی نوک۔

سِفار: (ع) سفر کرنا۔

سَفّار: (ع) کتاب فروش۔

سِفارَت: (ع) (۱)کسی حکومت کی طرف نمایندہ بھیجنا (۲)وساطت، شفاعت۔

سفارت خانہ: ملک کے کسی سفیر کا کسی دوسرے ملک میں سفارت کا دفتر، سفیر کا ادارہ۔

سِفارِش: (ع) بھلائی کا کلمہ کسی کے لیے کہنا، کسی کی مدد کے لیے کسی دوسرے سے کچھ کہنا، ہدایت، مطلع کرنا، آگاہ کرنا، حکم دینا۔

سفارش مرا بایشان بکنید: میری امداد کے لیے انھیں کہیے۔

سفارش مرا بپذیرید: میری ہدایت پر غور کیجیے

باو سفارش کردم کہ زُود بیاید: میں نے اسے آگاہ کیا کہ وہ جلد ہی آئے۔

کتابہارا سفارش دادہ ام: کتابوں کے لیے میں نے آرڈر دے دیا ہے۔

سفارش نامہ: سفارشی خط۔

سفارشی: رجسٹری شدہ، آرڈر دیا گیا۔

آن کاغذ سفارشی است: وہ خط رجسٹری شدہ ہے۔

سفّاک: (ع) ظالم، خونخوار، بے رحم۔

ضحاک پادشاہ سفاکی بود: ضحاک ظالم بادشاہ تھا۔

سفّاکانہ: (ع) ظالمانہ۔

سفّاکی: (ع) بے رحمی، ظلم و ستم، تشدد۔

سفاکی کردن: خون بہانا، ظلم و ستم کرنا۔

سُفال: مٹی کا برتن۔

سُفال پارہ: ٹھیکرا۔

سُفال پوش: مٹی کے ڈھکنے سے ڈھکا ہوا۔

سُفالِ شکستہ: مٹی کا ٹوٹا ہوا برتن، ٹھیکرا۔

سَفال: سفالت، پستی، فرومائیگی۔

سفالت: پستی۔

سُفال ساز: مٹی کے برتن بنانے والا، کمہار۔

سُفال سازی: مٹی کے برتن بنانے کا کام۔

سُفال گر: کمہار۔

سُفال گری: مٹی کے برتن بنانے کا کام۔

سُفالہ: کسی چیز کے نیچے۔

سُفالی: مٹی کا بنایا ہوا۔

سُفالین: مٹی کے بنے ہوئے۔

ظروفِ سفالین: مٹی کے برتن۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سُفالینہ: مٹی کے بنے ہوئے برتن۔

سفاناج: اسفناج۔

سَفاہ: سفیہ کی جمع، نادان، بے عقل، احمق۔

سَفاہَت: (ع) حماقت، بے وقوفی، بے عقلی، سُبکی۔

سفاہَت کردن: بے وقوفی کرنا، حماقت کرنا۔

سَفاہَت آمیز: احمقانہ۔

حرکات سفاہت آمیز: احمقانہ حرکات۔

سفاہۃً: (ع) حماقت سے۔

سفاہَن: زلف کا شانہ۔

سفائن: (ع) سفینہ کی جمع، کشتیاں، جہاز۔

سِفت: سخت۔

سُفت: (۱) سوراخ (۲) کندھا، شانہ۔

سُفتگر: موتیوں میں سوراخ کرنے والا۔

سُفتَن: چھیدنا، سوراخ کرنا۔

دُرسفتن: موتی میں سوراخ کرنا، موتی پرونا۔

سُفتہ: (۱) جس میں سوراخ کیا گیا ہو، چھدا ہوا (۲) سونے چاندی کا گوشوار۔

دُرناسُفتہ: موتی جس میں سوراخ نہ کیا گیا ہو مجازاً دوشیزہ، باکرہ۔

سَفتہ: کاغذ زر، ہنڈی۔

سفتہ: کوی چیز جو کسی سے عاریۃً لی جائے۔

سَفتہ بازی: نفع کی غرض سے ہنڈی کی خرید و فروخت کا ذریعہ۔

سُفتہ گوش: جس کے کان چھدے ہوئے ہوں۔

سِفتی: سختی، پختگی۔

سَفَچ: خربُوزہ جو اچھی طرح پکانہ ہو، نارسیدہ خربوزہ۔

سفَد: سَبد، ٹوکری۔

سَفر: (ع) شہر سے باہر کہیں دوسرے شہر جانا، سیر و سیاحت کے لیے گھر سے نکلنا، سفار جمع۔

سفرِ تکوین: حضرت موسیٰ (ع) کا پہلا سفر، توریت کے پانچ حصوں میں سے ایک۔

سفر دریا: بحری سفر، سمندر کے راستے کسی جگہ جانا۔

سفر رفتن: کسی دوسری جگہ جانا۔

سفر دور و دراز: طویل مسافرت۔

بسیار سفر باید تا پُختہ شود خامی: سفر انسان کو تجربہ کار بنادیتا ہے۔

بُنہ سفر: مسافرت کا ساز و سامان۔

در سفر بُودن: سفر میں ہونا۔

در سفر و درحضر: سفر کے دوران اور گھر میں

سِفر: کتاب، بڑی کتاب، توراۃ کے اجزا، سفار جمع۔

اسفار عہد عتیق: پرانے زمانے کی قدیمی کتابیں۔

سُفرآ: (ع) سفیر کی جمع۔

سَفر جَل: بہی کا درخت اور اس کا پھل۔

سَفر خرج: سفر کے اخراجات۔

سَفر کردہ: جس نے سفر کیا ہو، تجربہ کار۔

سفرنامہ: وہ کتاب جس میں سیر و سیاحت کے حالات درج ہوں۔

سَفرنگ: تفسیر، شرح، تعبیر، شرح و بیان۔

marfat.com

سُفرہ:(ع) (۱) دستر خوان (۲)غذا جو میز پر چنی گئی ہو۔

سفرہ آسمان:آسمانوں کی وسعت۔

سُفرہ انداختن-سُفرہ پہن کردن:میز پر دستر خوان بچھانا۔

سُفرہ شطرنج:شطرنج کا تخت۔

سُفرہ پرداز:پیٹو، پرخور، شکم پرور۔

سُفرہ چی:دسترخوان پر غذا رکھنے والا۔

سُفرہ خانہ:کھانے کا کمرہ، ڈ ائننگ روم، خانقاہوں وغیرہ میں طعام خانہ، رسوئی۔

سُفرہ ماہی:ایک قسم کی چپٹی مچھلی جو پکی ہوئی بہت لذیذ ہوتی ہے۔

سُفرہ نَشین:مہمان۔

سَفری:سفر سے متعلق۔

آن زن سفری دارد:وہ اپنے نئے بچے کی منتظر دکھائی دیتی ہے۔

جامہ دان سفری:(۱) سفر کا سوٹ کیس، ٹرنک وغیرہ (۲)ہونے والا متوقع بچہ۔

سَفسطِہ:(ع) استدلال و قیاس باطل، بے ربط بات، غلطی میں ڈالنا۔

سفسطِہ بکار بُردن:غلطی میں ڈالنا۔

سفسطہ کردن:غلطی میں ڈالنا۔

سَفسط آمیز:مغالطہ میں ڈالنے والی۔

دلائل سفسط آمیز:مغالطے میں ڈالنے والی دلیلیں۔

سَفسطی:مغالطے میں ڈالنے والا۔

سَفَك:(ع) گرانا، چھڑکنا۔

سفك دماء:خونریزی۔

سِفل:(ع) پستی، فرومائیگی

سِفلگی:کمینہ پن، پستی، رذالت۔

سِفلِہ:(ع) کمینہ، گھٹیا، فرومایہ (سفلگان جمع)۔

سِفلہ پَرور:کمینوں کی پرورش کرنے والا۔

سِفلی:ادنی، پست۔

سِفلیدَن:آواز دینا، سیٹی دینا۔

سِفلیس:سِفلِس، آتشک کی بیماری۔

سُفُن:(ع) سفینہ کی جمع۔

سِفُورجِنِہ:ایک قسم کی گھاس۔

سَفُوف:(ع) پسی ہوئی کوئی دوا۔

سَفُول:(ع) پست، فرومایہ، پستی، فرومائیگی۔

سَفِہ:(ع) نادانی، بے عقلی، سفاہت۔

سُفَہا:(ع) سَفیہ کی جمع، نادان، بے عقل۔

سَفید:دودھ کی طرح کا رنگ، چِٹا، روشن، تابان۔

سفید ریش:چٹی ڈاڑھی، چٹی ڈاڑھی والا شخص۔

سفید گذاردن:خالی جگہ چھوڑ دینا۔

سفید مُوشدن:بوڑھا ہو جانا۔

دریای سفید:بحیرہ ابیض۔

سنگ سفید:سفید پتھر۔

طرف راست کاغذ را سفید بگذار:کاغذ کی دائیں طرف کو خالی چھوڑ دو۔

گُلِ سفید:سفید منی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نژادِ سفید: سفید رنگ کی نسل۔

سفید آب: سفیدی، پاؤڈر، غازہ۔

سفید اج: ایک قسم کی مچھلی۔

سفید دار: سپیدار، ایک لمبا درخت جو سہی قامتی کے لیے مشہور ہے۔

سفید بَخت: خوش نصیب۔

سفید چشم: بے حیا، ڈھیٹ، دیدہ دلیر۔

سفید رُود: گیلان کا دریا۔

سفید فام: سفید رنگ کا۔

سفید کار: سفیدی کرنے والا۔

سفید کاری: سفیدی کرنے کا کام۔

اطاق را سفید کاری کردند: کمرے میں سفیدی کردی گئی ہے۔

سفید گر: ٹین کا کام کرنے والا، قلعی کرنے والا، قلعی گر۔

سفید گری: ٹین کا کام، قلعی کا کام، ٹین کے ڈبے وغیرہ بنانا۔

سفید مُو: سفید بال، جس کے بال سفید ہوں۔

سفید مُہرہ: چھوٹی صدف، سیپی۔

سفید نامہ: راستباز، دیانت دار، ایماندار، عادل، درستکار (سیاہ نامہ کی ضد)۔

سَفیدہ: انڈے کی سفیدی، صبح کی روشنی۔

سفیدہ ہنوز ندمیدہ است: صبح ابھی طلوع نہیں ہوئی۔

سَفیدِہ دَم: طلوع سحر۔

سفیدہ سحر: صبح کی چمک دمک۔

سفیدی: سفید رنگ، خوبصورتی۔

سفیدی زدن: سفیدی لگانا، پاؤڈر لگانا۔

سَفیر: (ع) ایمبیسیڈر، وزیر مختار جو کسی دوسرے ملک میں بھیجا جائے۔

سَفِیل: (ع) پست، گھٹیا، فرومایہ، بدبخت۔

سَفِینہ: (ع) کشتی، جہاز۔

سفینہ نوح: حضرت نوح(ع) کی کشتی۔

سفینہ ہوائی: ہوائی جہاز، غبارہ۔

سَفیہ: (ع) احمق، بے وقوف، بے عقل، نادان۔

سَفیہی: (ع) سفاہت، نادانی۔ بے عقلی، بے وقوفی۔

سَق: سقف، چھت۔

سَقّا: بہشتی، پانی لانے والا۔

سقا: پانی کی مشک۔

سقاخانہ: جہاں عوام کے لیے پینے کا انتظام ہوتا ہے۔

سُقَاۃ: ساقی کی جمع۔

سُقّاط: (ع) ساقط کی جمع، گرا ہوا، فرومایہ، ناکس۔

سَقام: سُقم کی جمع،بیمار، مریض۔

سقامَت: بیمار ہو جانا۔

سقِایت: پانی پلانا۔

سقایت کردن: پانی پلانا۔

سَقَر: (ع) دوزخ، جہنم۔

نارِ سَقَر: آتش جہنم۔

سُقراط: یونان کے مشہور فلسفی کا نام جسے بالآخر زہر کا جام پینا پڑا۔

سقراطی: سقراط سے متعلق۔

marfat.com

سِقرلات: ریشمی کپڑا جو سرخ یا مائل بہ نارنجی ہوتا ہے

سَقِز: تار پین۔

سَقِزی: تارپین سے متعلق۔

سَقَط: (ع) بیہودہ اور بے فائدہ چیز، گھٹیا سامان فضیحت و رسوائی، بولنے یا لکھنے میں سہو خطا۔

سقَط گفتن: برا بھلا کہنا، دشنام دینا۔

سقط شدن: معذور ہو جانا۔

سِقْط: (ع) اسقاط حمل ہونا، حمل گرنا۔

سِقطِ جنین: حمل گرنا۔

سِقط کردن: حمل گرانا۔

سَقطِہ: (ع) خطا، لغزش۔

سَقطی: (ع) سقط فروش، بیفائدہ چیزیں بیچنے والا گھٹیا سازو سامان فروخت کرنے والا۔

سَقف: چھت، سَقوف جمع۔

سقف این اطاق خیلی بلند است: اس کمرے کی چھت بہت اونچی ہے۔

سقف برای خانہ ای ساختن: گھر کے لیے چھت تعمیر کرنا۔

سَقف دَہن: تالو۔

سقف لاجوَردی: آسمان کا کنایہ ہے۔

سُقُف: اُسقف، بشپ، عیسائیوں کا پیشوا۔

سَقف بندی: چھت ڈالنا۔

سقلاب- سقلابی: سقلابی نسل کا فرد، دریائے دانیوب کے ساحل پر رہنے والے ایک قبیلے کا نام، آسٹریا کے صوبہ سالوینا کا باشندہ۔

سَقلات: تیز سرخ رنگ کا جو مائل بہ نارنجی ہو۔

سقلبی: سقلابی۔

سُقُلمہ: (ت) کسی کے پہلو میں مکّا مارنا، یہ ترکی لفظ سوخولہ سے ہے سُقلمہ زدن، مکا مارنا۔

سُقم: (ع) بیماری، (اسقام جمع)۔

صحت و سُقم: صحت اور بیماری، درستی اور غلطی۔

صحت و سُقِم مطلب ہنوز معلوم نیست: اس معاملے میں درستی یا نا درستی کا علم نہیں۔

سقنقُوز: (ع) چھپکلی کی قسم کا جانور جس کے چار پاؤں ہوتے ہیں اور دُم چھوٹی۔

سَقُوط: (ع) گرنا، عوام کی نظر سے گر جانا۔

اسقاط حمل ہونا، حمل کا گرنا۔

سقوط در اخلاق: اخلاقی لحاظ سے فروگزاشت ہونا۔

سقُوط کردن: گر پڑنا۔

سَقُوف: سقف کی جمع، چھت۔

سقی: پلانا، پانی دینا، آبیاری کرنا۔

سقیُروس: ایک قسم کی سخت رسولی، سرطان کی ابتدا، تہیج سرطان۔

سقیفِہ: (ع)(۱)سائبان، سایہ دارجگہ، راستہ جو اوپر سے ڈھکا ہوا ہو (۲)لکڑی کی چفتی جس سے شکستہ ہڈی کو باندھتے ہیں (۳)چھت کی تعمیر میں استعمال ہونے والا پتھر یا تختہ۔

سقیم: مریض، بیمار (سقام اور سُقما جمع)۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کلام سقیم: غلط بات، نادرست بات۔

سُک: (۱) اکسانا، آمادہ کرنا، نوکدار چیز چبھونا (۲) بد نصیبی (۳) اداسی۔

سُک زدن: نوکدار چھڑی سے جانور کو چلانا۔

سُک: عطر۔

سُکاچہ: کابُوس، بھیانک خواب، وہ چیز جس کا دل میں ڈر بیٹھ گیا ہو۔

سِکار: جلتے ہوئے کوئلے، آگ۔

سِکارو: گوشت جسے آگ پر بریاں کرتے ہیں۔

سُکاری: (ع) سُکر کی جمع، شراب پینے سے مست و سرشار لوگ۔

سُکاسَہ: خارپُشت، جانور جس کی کھال پر کانٹے ہوتے ہیں۔

سَکاف: موچی۔

سُکافِرہ: مضراب جس سے ساز بجاتے ہیں۔

سکاک: (ع) لوہار، چاقو ساز، چاقو فروش، سکے بنانے والا۔

سکاکی: چاقو سازی کا کام۔

سکاکِین: (ع) سکین کی جمع چاقو، چھریاں۔

سکال-سگال: سوچ، نیت، خواہش،

سُکّان: (ع) کشتی کا پچھلا حصہ، جس جگہ پتوار سے کشتی کا رخ موڑا جاتا ہے۔

سَکّان: (ع) ساکن کی جمع، رہنے والا۔

سکاندار-سکاندار: کشتی کا رخ موڑنے والا۔

سکاوہ: مضراب۔

سِکاہن: ایک قسم کا سیاہ رنگ جس سے چمڑا یا کپڑا رنگا جاتا ہے۔

سکب: (ع) (۱) بلند و بالا شخص (۲) تیز رفتار گھوڑا۔

سکبِینہ: زرد رنگ کی گوند جو ایک خاص درخت سے حاصل ہوتی ہے اور اس سے امراض معدہ کے لیے دوا تیار ہوتی ہے۔

سکتہِ: مرگی، صرع، ایک بیماری جس سے اعضا بے حس ہو جاتے ہیں۔

سکتہِ دار: جسے سکتہ ہو، لنگڑا۔

شعر سکتہ دار: شعر جس کے وزن کا بحر میں کچھ فرق ہو۔

سَکج: کشمش۔

سُکّر: (ع) شکّر۔

سُکر: (ع) مخموری کی حالت، سرشاری، مستی۔

سُکرات: جمع سکرہ۔

سکرات موت: جان کندن کی حالت، حالت نزع۔

سُکران: (ع) حالت مستی، جس نے شراب پی ہو۔

سُکرَت: مستی، مخموری۔

سُکرَہ: مخموری کی حالت، مستی و سرشاری، حالت نزع کی بیہوشی۔

سُکرہ: پیالہ مٹی کا۔

سَکّرین: شکّرین۔

سَکز- سَقز: تارپین۔

سِکزی: سگستان سے منسوب جسے اب سیستان کہتے ہیں۔

سُکِستَن: کندہ کرنا، کھودنا۔

marfat.com

سَکسَک: ہچکولے کھانا۔

سَکسَکِه: ہچکی۔

سکسکه کردن: ہچکی آنا۔

سَکَن: (ع) آرام، سکون، استراحت، مہربانی۔

سکَنات: ٹھہراؤ، وقفے، توقف۔

حرکات و سکناتش موافقِ عقل است: اس کا آگے بڑھنا اور توقف کرنا عقل کے مطابق ہے۔

سُکُنج: وہ شخص جس کے منہ سے بد بوآئے۔

سِکنج: (۱) خراش، ڈنگ، نیش (۲)کھانسی، سُرفہ۔

سکنجبین: شکنجبین۔

سکنجیدن: خراش لگانا، ڈنگ مارنا۔

سِکندری: ٹھوکر، الجھن۔

سکندری خوردن: ٹھوکر کھانا، الجھنا۔

سِکنگبین: شکنجبین۔

سَکنِه: قیام، ٹھہرنا۔

سَکنی: ٹھہرنا، آرام کرنا، اقامت۔

سَکّو: صحن کے آگے اونچی جگہ جو بیٹھنے کے لیے بنائی جاتی ہے، پلیٹ فارم۔

سکُوت: (ع) خاموشی۔

سکوت کردن: خاموش ہو جانا، رک جانا۔

سکوتِ محض: مکمل خاموشی۔

سکوت محض در آن اطاق حکم فرما شد: اس کمرے میں مکمل خاموشی ہے۔

سکوت موجب رضا است: خاموشی رضامندی کی وجہ سے ہے۔

حق السّکوت: چپ رہنے کا معاوضہ۔

سکُون: (ع) امن و آرام، اطمینان۔

سکُونت: (ع) قیامگاہ۔

این خانه برای سکونت خوب است: یہ مکان قیام کے لیے اچھا ہے۔

سکونت کردن: قیام کرنا، ٹھہرنا۔

سُکّه: تختگاہ دیکھیے سُکو۔

سِکّه: خاص خاص قیمتوں کے ڈھلے ہوئے روپے پیسے۔

سکّه زدن: سکہ ڈھالنا۔

سکه قلب: مصنوعی سکہ، زرقلب۔

سکه مردی: ڈاڑھی، مردانہ اوصاف۔

سِکّهٔ بِرُو: ڈھلے ہوئے سکے، روپے پیسے۔

سِکه خانه: ٹکسال، دارالضرب۔

سکه دار-سکه زده: ڈھلا ہوا سکہ۔

سکه زَن: سکہ ڈھالنے والا۔

سکه شِناس: سکہ ڈھالنے کا علم رکھنے والا۔

سکه شناسی: سکہ ڈھالنے کا علم یا فن۔

سِکّیت: کم گو، کم سخن، سکوت اختیار کرنے والا۔

سِکیز: سکیزہ۔

سَکیزه: (۱)اچھل کود، جست وخیز (۲)لڑائی جھگڑا۔

سِکیزیدن: (۱) کودنا، جست و خیز کرنا، (۲)سرکشی کرنا، نافرمانی کرنا۔

سِکّین: چاقو، کارد (سکاکین جمع)۔

سکینہ: (۱)حضرت امام حسین(رض) کی بیٹی (۲)آرام و سکون۔

سگ: کُتا۔

سگِ آبی: اُود بلاؤ۔

سگِ بازاری: آوارہ کتا۔

سگِ تازی: شکاری کتا۔

سگ درخانہ صاحبش شیر است: مالک کے گھر میں کتا بھی شیر ہوتا ہے۔

سگِ دیوانہ: باؤلا کتا، غضب ناک کتا۔

سگ سگ رانمی خورد: مجازاً چوروں کے مابین دوستی ہو جاتی ہے وہ ایک دوسرے کو نقصان نہیں پہنچاتے۔

سگِ حارِس: حفاظت کرنے والاکُتا۔

سگِ مادہ: کُتیا۔

سگِ ہار: سگ دیوانہ، باؤلا کتا، غضب ناک کُتا۔

تولہ سگ: کتے کا پلّا۔

زندگی سگ کردن: ذلیل زندگی بسر کرنا، اذیت ناک زندگی بسر کرنا۔

سگابی: سگِ آبی، اُود بلاؤ۔

سگار: سیگار (مفرس)۔

سگارون: کلغی والا جانور، مثلاً مُرغ۔

سِگال: (۱)سوچ، خیال، رائے زنی۔

سِگال: سگالیدن= سوچنا سے فعل امر، سوچو۔

بد سِگال: بُری باتیں سوچنےوالا۔

سِگالش: سوچ، خیال، رائے زنی، مشورت۔

سِگالندہ: سوچ بچار کرنے والا، رای زن، چارہ جُو۔

سگالیدن: سوچنا، سوچ کر بولنا۔

سگان: سگ کی جمع، کتے۔

سگبازی: کتوں کو سدھانا، کُتوں کے کرتب دکھانے کے لیے ان کی پرورش کرنا اور سدھانا۔

سگبان: کتے رکھنے والا۔

سگ تولہ: کتے کا پلّا۔

سگ جان: (۱)محنت کش، سخت جان۔

سگ چہرہ: ترش رُو۔

سگ دِل: سگ صفت، بدخو، کمینہ، رذیل۔

سگ دلی: بد خوئی، کمینگی۔

سگدَو: کتے کی طرح دوڑنا، کتا جو دوڑتا تو ہے لیکن اسے کچھ حاصل نہیں ہوتا ہے۔

سگ دَوی: کتے کی طرح دوڑنا۔

سگ رُوباہ: نیلے رنگ کا لُومڑ۔

سَگز: (۱)سِگز، زابلستان کا پہاڑ (۲)سیستان کا نام (سگستان، سجستان)۔

سَگزی: (۱)سگز سے متعلق، سجستان کا رہنے والا (۲)سگز کی بولی۔

سگسار: کتے سے ملتا جلتا، کتے جیسا تندوتیز حریص۔

سگسار: ایک خیالی افسانوی بلا جس کا سر کُتے کا اور جسم آدمی کا ہوتا ہے۔

سگسار: کتے کو سدھانے والا، کتوں کے کرتب دکھانے والا۔

سگ سَنبویہ: پانچ پتوں والے درخت کا بیج، تخمِ پنج انگشت۔

سگ سِیرت: سگ صفت۔

سگ صِفَت: بدخو، رذیل، دوں ہمت، کمینہ۔

سگ صفتی: بدخوی، دوں ہمتی، کمینگی۔

سَگک: بکسُوا (۱)چھوٹا کتا۔

marfat.com

سگ کُش: کتے کی موت مارنا۔

سگ گُزیدہ: کتے کا کاٹا ہوا۔

سگ لاس: کُتیا۔

سگ ماہی: سمندری بڑی مچھلی جس کی لمبائی تین سے پانچ میٹر ہوتی ہے۔

سگ مَنِش: کتے کی سی طبیعت والا، تند خُو، رذیل۔

سگ مَنِشی: تند خوئی، رذالت، کمینگی، بد خوی، دوں ہمتی۔

سَگنجہ: ژالے، اولے۔

سُگوار: سوگوار کا مخفف۔

سِل: مرضِ دق۔

سِل: لکڑی کا پُل۔

سُلاب: (۱)اسطرلاب (۲)سِلاب:سیاہ لباس، لباس ماتم

سلاجقہ: سلجوق کی جمع، سلجوقی خاندان جس کی حکومت ایران میں تھی۔

سلاح: (ع) اسلحہ۔

سلاح برداشتن: ہتھیار سنبھالنا۔

سلاح پوشیدن: مسلّح ہونا۔

سِلاح بردار: اسلحہ اٹھا کر رکھنے والا۔

سِلاح خانہ: جہاں اسلحہ رکھا جاتا ہے، میگزین۔

سِلاح دار: اسلحہ رکھنے والا۔

سِلاح ساز: اسلحہ بنانے والا۔

سِلاح شُور: پیشہ ور تیغ زن، مرد میدان، رستمِ رزم، سردار، سُورما۔

سلاحِف: (ع) جمع سُلحفا، کچھوے۔

سَلاحی: سپاہی۔

سَلّاخ: جانوروں کو ذبح کرنے والا اور کھال اتارنے والا۔

سلاخ خانہ: مذبح، جہاں جانور ذبح کیے جاتے ہیں۔

سلاخی: ذبح۔

سلاخی کردن: ذبح کرنا۔

سَلاسَت: (ع)روانی، کلام میں سادگی۔

سَلاسِل: (ع)سلسلہ کی جمع، زنجیریں۔

سَلاطِین: سلطان کی جمع۔

سَلاق: (ع) گُومڑی، مسّا، دانے جو آنکھ کے پپوٹے پر نکل آتے ہیں، چھالا جو زبان پر نکل آتا ہے۔

سَلاک: ڈھلی ہوئی دھات کا ڈلا۔

سُلالِہ: (۱)نسل (۲)مغز، جوہر۔

سلام: (ع) سلامی، سلامتی۔

سلام برشما: آپ سلامت رہیں۔

سلام رساندن: سلام پہنچانا۔

سلام رُوستائیٔ بی غرض نیست: دیہاتی کا سلام بے غرض نہیں، یہ سلام اس کی کسی ذاتی خواہش کے لیے ہے۔

سلامُ علیکم: آپ پر سلامتی ہو۔

سلام فرستادن: سلام بھیجنا۔


فرا: فرو کی جمع، پوستین

فرا پوش: پوستین پہنے ہوئے

فرات: عراق کے دریا کا نام

فراتر: اور آگے اور اوپر

فرا چنگ: گرفت

فراچنگ آوردن: گرفت میں لینا، مضبوطی سے پکڑنا

فراخ: (۱) چوڑا، کشادہ، وسیع، (۲) کثرت، افراط، افزونی، زیادہ

دہنہ آں فراخ است: اس کا منہ کھلا ہے

سال فراخ: وہ سال جس میں فصل زیادہ ہو

فراخ کردن: چوڑا کرنا

فراخا: فراخی، کشادگی، وسعت

فراخ آستین: کھلے ہاتھ والا، سخی فیاض، بخشش کرنے والا

فراخ بین: وسیع الخیال، وسعت نظر رکھنے والا

فراختن: افراختن، بلند کرنا، اوپر کو اٹھانا

فراخ حوصلہ: بلند ہمت، صابر، قانع

فراخ دست: کھلے ہاتھ والا، فیاض، سخی

فراخ دستی: کھلے ہاتھ دینا، سخاوت کرنا

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فراخ دہن، فراخ دہنہ: کھلے منہ والا، جو منہ میں آئے کہہ دینے والا، بے تکی باتیں کہنے والا

فراخ رُو: بشاش بشاش، شادمان، دلشاد، مسرور، خوش، قانع

فراخ روی: سرور، بشاشت، خوشی، شادمانی، مسرت، راحت

فراخ سال: جس سال پیداوار زیادہ ہو

فراخ سایہ: کشادہ دل، کھلے دل سے حمایت کرنے والا، بڑی استعداد رکھنے والا، بہت زیادہ تجربہ کار

فراخنا: چوڑائی، عرض، مثال:

سودی ندہد فراخنای بردوُش
گر آدمیؑ عقل و ہنر باید و ہوش

اگر انسان کو عقل و ہنر اور ہوشمندی چاہیے تو جسم اور کندھوں کی فراخی کی کوئی ضرورت نہیں

فراخناک: چوڑا، وسیع

فراخواندن: طلب کرنا

فراخور: مناسب،موزوں، موافق، شائستہ، لائق

این ہدیہ فراخور (حال) اوست: یہ تحفہ اس کے مناسب حال ہے

بفرا خور: مطابق، مناسب

ہر یک را بفراخور حالش انعامی داد: اس نے ہر ایک کو اس کے حال (منصب) کے مطابق انعام دیا

فراخہ: ہول، دہشت، خوف، ہیبت، تھر تھری، کپکپی

فراخی: (۱)چوڑائی، کشادگی، وسعت (۲)فراوانی

فراخیدن: (۱)چوڑا کرنا (۲)جدا کرنا (۳)آخر میں کھڑے ہونا

فرا داشتن: پکڑ کر اٹھانا، بلند کرنا

گوش دادن، گوش فرا داشتن: سننا، توجہ دینا

فرادی: (ع) یکہ و تنہا

فرادیس: (ع) فردوس کی جمع

فرار: (ع) بھاگنا، گریز، رو گردانی کرنا، ساتھ چھوڑ جانا، بے وفائی کرنا

فرار اختیار کردن: ساتھ چھوڑ جانا، بھاگ جانا، روگردانی کرنا

فرار دادن: بھگا دینا

چیزی یا کسی را برداشتن و فرار کردن: کسی چیز کو یا کسی کو لے بھاگنا

قوہ فرار از مرکز: مرکز گریز قوت جو مرکز سے بھاگے یا بھاگنے پر مائل کرے

فرّار: (ع) اڑ جانے والا، بھاگ نکلنے والا، متلون

فراراً: (ع) فرار کے طور پر، بھاگنے کی صورت میں

فرارسیدن: پہنچنا، پہنچ جانا

فرارفتن: جانا، آگے جانا

فرار گاہ: جگہ جہاں بھاگ کر جانا ہو

فرا رُون: عالی، بلند و بالا، راست، مستقیم، نیکو کار، پرہیز گار، مثال:

ستارہ شمر چو فرارون بیافت
دوید و بسوی فریدون شتافت

ہئیت دان نے ستاروں کی حرکت مناسب پائی تو وہ تیزی کے ساتھ دوڑ کر فریدوں کے پاس گیا

فراروی: پیٹھ کی طرف، کسی کی عدم موجودگی میں

فراری: بھگوڑا، بھاگ نکلنے والا، فرار کرنے والا، ساتھ چھوڑ جانے والا، بے وفا، گریزپا

فراری شدن: بھاگ جانا

فراری کردن: بھگا دینا

فراریت: بھاگ نکلنا، تلون، سیماب وشی

فراز: (۱)اوپر، چوٹی پر، (۲)نزدیک (۳)پھر، دوبارہ،

www.iqbalkalmati.blogspot.com

(۴) کھلا (۵)اونچا

فراز آوردن:واپس لانا

فراز دادن:باز دادن، واپس دے دینا

فراز کردن:بند کر دینا

بہ فراز کوہ رفت:وہ پہاڑ کی چوٹی پر گیا

تواضع زگردن فرازان نکوست

گداگر تواضع کند خوی اوست:بلند مرتبہ لوگ خوش خلقی سے پیش آئیں تو بہت اچھی بات ہے، فقیر اگر عاجزی اختیار کرتا ہے تو یہ تو اس کی عادت ہے

گردن فراز:بلند مرتبہ شخص

فراز، فراشتن یا فرازیدن:اٹھانا سے فعل امر، اٹھاؤ، اوپر کرو

سرفراز::سر بلند، ممتاز، متکبر

فرازمان:فرمان، حکم

فرازِندہ:اوپر اٹھانے والا، بلند کرنے والا، ترقی دینے والا

فرازی:بلندی، اونچائی

فرازیاب:ارتفاع پیما، میزان الارتفاع

فرازیدن:فراختن، بلند کرنا، اوپر اٹھانا

فِراسَت:(ع) دانائی، تیزی فہم، ذہانت

پسر بفراست دریافت:لڑکے نے ذہانت سے معلوم کر لیا

فراسۃً:دانائی سے

فراستوک: پرستو، چڑیا جس کے پر لمبے اور چونچ تیز ہوتی ہے

فراسخ:(ع) فرسخ، فرسنگ، کم و بیش چھ میل کا فاصلہ

فراسودہ:فرسودہ، پرانا، کہنہ

فراسیُون:(۱)پیاز کی قسم کا پودا جس کی گٹھلی استوانہ نما ہوتی ہے

فراش:(ع)(۱)بستر، رخت خواب (۲)بیوی

تجدید فراش کردن:دوسری بیوی کر لینا

فراش:پروانہ

فَرّاش:(ع) فرش کرنے والا، گھریلو ملازم مثال:

فراش خزان ورق بیفشاند

نقاش صبا چمن بیا راست

باد خزاں نے فراش کی صورت میں پتے، بچھا دیے اور باد صبا نے نقاش کی صورتمیں چمن کو آراستہ کر دیا

فراشا:(۱)بدن کی کپکپی، بخار آنے سے پہلے کی کیفیت، لرزہ خیز حالت، انگڑائی (۲)ٹھنڈک، خنکی، سردی

فراش باشی:بڑا ملازم، جسے ملازموں میں بڑا درجہ حاصل ہو

فراش پُست:ڈاکیا

فراشتن:افراختن، بلند کرنا

فراشیدن:لرزنا، کانپنا، کپکپی محسوس کرنا

فراعِنہ:(ع) فرعون کی جمع

فراغ:(ع) فرصت، آسائش، امن و سکُون، آسودگی، مثال:

مرا ز شغل خودم یک نفس رہائی نیست

محبتی کہ دہد از خودم فراغ، کجاست

اپنے کاموں سے مجھے دم بھر کی فرصت نہیں، محبت جو مجھے تمام کاموں سے رہائی دلا دے کہاں ممکن ہے

فراغَت:(ع) فرصت، آسائش، کاروبار سے آزادی

از کسی فراغت داشتن:کسی کو خاطر میں نہ لانا

marfat.com

درین دو روزہ ہیچ فراغت نداشتم: ان دو دنوں میں مجھے کچھ فرصت، نہ تھی

ساعات فراغت: فرصت کے اوقات

فراغت خاطر: سکون خاطر، اطمینان، امن و سکون، دلی راحت، فارغ البالی

فِراق: (ع) جدائی، ہجر، محبت کرنے والوں کا ایک دوسرے سے جدا ہونا

فراقِیہ: ایک خاص نظم جس میں ہجر و فراق کا ذکر ہو

فراک: رسمی لباس، دعوتوں کا مخصوص لباس

فراکسیون: اسمبلی کی ایک پارٹی

فراگرفتن: (۱) پھر پکڑنا (۲) سیکھنا، علم حاصل کرنا

فراگوش دادن: سننا، سننے کےلیے متوجہ ہونا

فراما سون: فری میسن تحریک جس کی ابتدا انگلستان میں ہوئی

فرامرز: رستم کے بیٹے کا نام

فرامُش: فراموش، بھول جانا

فرامشت: فراموش، بھول جانا

فرامُوش: بھول جانا، یاد سے محو ہو جانا

فراموش کرد کہ پول بیارد: وہ بھول گیا کہ نقدی لائے

فراموش کردن: بھلا دینا

فراموشم مکن: مجھے بھلانا نہیں

فراموشخانہِ: فری میسن ہال، کنایہ ہے دور استبداد کے زندان کا جہاں قیدیوں کو تادم آخر رکھا جاتا ہے

فراموش شدنی: بھولنے والا

فراموش کار: بھلا دینے والا

فراموشی: یاد نہ رہنا

فراموشیدن: بھول جانا

فرامین: فرمان کی جمع، احکام

فرانج: کابُوس، ڈراؤنا تصور، بختک

فرانسوی: ملک فرانس سے متعلق

زبان فرانسوی: فرانسیسی، اہل فرانس کی زبان، فرنچ

فرانسہ: ملک فرانس

فرانک: فرینک (ف) فرانس اور سوئٹزر لینڈ کی نقدی کا سکہ

فراوان: کثرت، افراط، زیادتی

پنبہ امسال فراوان است: اس سال کپاس کثرت سے ہوئی۔

درین رُود خانہ ماہی فراوان است: اس دریا میں مچھلیاں بکثرت ہیں

فراوانی: کثرت، افراط، زیادتی، وفور

امسال سال فراوانی است: اس سال پیدا وار بکثرت ہوئی

فراہان: عراق عجم (ایران) کا ایک ضلع اور شہر

فراہت: (ع) ذکاوت، ذہانت، ہوشیاری، کیاست، زیرکی سرگرمی، مہارت

فراہم: جمع کیا ہوا، اکٹھا، میسر

فراہم آمدن: جمع ہونا

فراہم آوردن: اکٹھا کرنا

فراہم بودن: دستیاب ہونا، فراہم ہونا

فراہم شدن: جمع ہو جانا

فراہم کردن: مہیا کرنا، تیاری کرنا، حاصل کرنا

درین شہر نمی تواند معاشی فراہم کرد: وہ اس

www.iqbalkalmati.blogspot.com

شہر میں معاش حاصل نہیں کر سکتا

مقدمات عروسی را فراہم کردند: شادی کے سازوسامان کے لیے انہوں نے تیاری کرلی

وسائل مسافرت ہنوز فراہم نیست: سفر کے ذرائع ابھی میسر نہیں

فراہیختن: (۱) ادب سکھانا، تربیت کرنا

فرابید: (ع) فربود کی جمع، بچہ شیر، پہاڑی بکری

فرائد: (ع) فریدہ کی جمع، یگانہ، یکتا، گوہر یکتا، گراں بہا جواہرات

فرائض: (ع) فرض کی جمع، وہ کام جن کا کرنا فرض ہو

فربُود: درست، راست، راسخ العقیدہ

فربود دِین: جو اپنے دین میں راسخ ہو

فربودکیش: راسخ العقیدہ

فربِہ: موٹا، تنو مند

فربہ کردن: موٹا کرنا

فربہی: موٹاپا

فربیون: پودوں کی ایک قسم جس کا رس دودھیا ہوتا ہے

فرت: کپڑے کی لمبائی کے رخ کے تار مقابل پود (تاروپود)

فرتاش: وجود، ہستی

فرتُوت: بوڑھا، ضعیف

فرتوتی: ضعیفی، بڑھاپا، خستہ حالی

فرتور: عکس، صورت جو پانی یا آئینے میں نظر آتی ہے

فَرث: (ع) حیوانات کے معدے کے اندر کا فضلہ

فرَج: (ع) تسکین، خاطر جمعی، آرام، اطمینان، کشادگی

فرج: (ع) شگاف، سوراخ، عورتوں کی شرمگاہ

فُرَج: (ع) دیکھیے فرجہ

فرجاد: عاقل، دانشمند، دانا، عالم، فاضل

فرج البَحر: (ع) ایک دریائی مچھلی جس کا جسم جیلی کی طرح نرم اور شفاف ہوتا ہے

فَرَجَ اللّٰہ: (ع) اللّٰہ کی طرف سے میسر آنے والا اطمینان

فرجام: نتیجہ، انجام، عاقبت، آخر، مثال:

ای عمل را دادہ فرجامِ مکافاتِ عمل

گرچہ دانا شرح آنرا برزبان انداختہ

خداوند تعالی نے عمل کا بدلہ اور انجام مقرر کیا ہے اگرچہ عقل پر بھروسا کرنے والوں کی زبان پر بھی ہے کہ یہ محنت کا نتیجہ ہے

خجستہ فرجام، نیک انجام: اچھے انجام والا جس کی عاقبت اچھی ہو

فرجام گاہ: قبر

فرجد: پردادا

فرجُود: کرامت، معجزہ

فرجہ: مہلت، فرصت، فراغت، وقفے

فرجِہ: شگاف، رخنہ، فرج کی جمع

فرجی: خرقہ، چادر، ردا

فرجِہ: ڈاڑھی مونڈنے کا برش

فرَح: (ع) خوشی، مسرت، راحت

دیدن آن باغ بہ آدم فرحی می دہد: اس باغ کو دیکھنے سے انسان کو فرحت حاصل ہوتی ہے

فرح بخشیدن: کسی کو راحت پہنچانا

فرحاً: (ع) خوشی سے

فرح آور: راحت بخش، جس سے مسرت حاصل ہو

فرح افزا: راحت میں اضافہ کرنے والا

فرحان: خوش، خوشحال

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فرح بخش: راحت بخش، جس سے مسرت حاصل ہو

باغ فرح بخش: باغ جسے دیکھ کر خوشی حاصل ہو

فرحت: (ع) مسرت، شادمانی

فرحناک: فرحت بخش

فرّخ: (ع) خوش، خوش قسمت، مبارک، خوشحال، خوبصورت، زیبا، خجستہ

سال فرّخ: مبارک سال

فرخ: (ع) چوزہ

فرخاد: فاتح، منصور، ظفر مند

فرخار: ایک بتخانے کا نام، ترکستان کا ایک شہر جو وہاں کے رہنے والوں کی خوبصورتی اور زیبائی کے لیے مشہور ہے، زیب و زینت، آرائش

فرخاردیس: بتکدہ کی مانند

فرخاش: پرخاش، لڑائی، جنگ

فرخج: زشت، برا، پلید

فرخُجستہ: مبارک

فرُختن: فروختن، بیچنا

فرخشور: ایک نام، ایک پیغمبر کا نام (سلیمان حیئم)

فَرّخ فال: نیک بخت، خوش نصیب

فرخ لقا: خوبصورت، حسین و جمیل

فرخمیدن: فخیدن، کپاس سے بنولے الگ کرنا

فرخمیدہ: کپاس جس سے بنولے الگ کیے گئے ہوں

فرخنج: (۱) حصہ، نفع، سود (۲) فضول، بیہودہ

فرخُندگی: خوشی، راحت، مسرت، مبارک، مساعد

فرخُندہ: خوش، مسرور، مبارک، خجستہ، اقبال مند، خوشحال

درین سال فرخندہ: اس مبارک سال میں

فرخندہ پی: مبارک قدم، خوش نصیب

فرخندہ رای: دانا، خرد مند، عاقل، فرزانہ، خوش فکر

فرخندہ طالع- فرخندہ فال: خوش نصیب، نیک شگون والا

فرخندہ فرجام: نیک انجام، اچھی عاقبت والا

فرّخ نژاد: مبارک حسب نسب والا

فرخُوی: خوش اخلاق، خوش خو، خوش اخلاقی، خوش خوئی

فرخی: مسرت، خوشی، شادمانی، فردوس کے ایک ہم عصر شاعر ابوالحسن بن جولوغ سیتانی کا تخلص (وفات ۴۲۹ھ)

فرخیدن: اچھلنا کودنا، رقص کرنا، پاے کوبی کرنا

فرد: (ع) ایک، ایک شخص، تنہا، افراد جمع

فرداعلی: فرد اکمل، اچھے اوصاف کا انسان

برہرفردی ازافراد تحصیل لازم است: ہر ایک انسان کے لیے علم حاصل کرنا لازم ہے

جوہر فرد: ذرہ، ایٹم

منحصر بہ فرد: صرف ایک، ایک ہی شخص

فردا: کل، آج کے بعد کا دن

فردا باایشان ملاقات خواہد شد: کل ان سے ملاقات ہو گی

فردا شب: کل (آنے والی) رات

فردای قیامت: روز محشر

پس فردا: پرسوں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پسین فردا: اترسوں

چو فردا رسد فکر فردا کنیم: کل جب آئیگا تو کل کے متعلق سوچ لینگے

فرداً: (ع) تنہا

فرداً فرداً: (ع) ایک ایک کرکے، الگ الگ

آنہا را فرداً فرداً صدا کرد: ان میں ہر ایک کو ایک ایک کر کے بلایا

فردوس: باغ جنت (فرادیس جمع)

فردوس آشیان: جنت نشین، جس کی جگہ بہشت میں ہو گی

فردوسی: غزنوی دور کے ایک نامور شاعر ابوالقاسم کا تخلص جو شاہنامہ کے مصنف ہیں (ولادت حدود ۳۳۰، وفات ۴۱۱ھ یا ۴۱۶

فردی: تنہا، واحد، اکیلا

فردین: فرور دین کا مخفف، ایران کے شمسی سال کا پہلا مہینہ جس کے ۳۱ دن ہیں

فرز: سرسبزی، شادابی

فرز: فرزین، بزرگ، شطرنج کا مہرہ جسے وزیر کہتے ہیں

فرز: چست و چالاک

فرز کار می کند: تیزی سے کام کرتا ہے

فرزار: دانشمند، عاقل، فرزانہ

فرزام: قابل، لائق، شائستہ

فرزان: (۱) دانا، لائق، خرو مند (۲) علم و حکمت آموزش، سیکھنا، تعلیم، فضیلت، علمیت (۳) ثابت قدمی، استواری، استقلال

فرزانگان: فرزانہ کی جمع، عقلمند، دانا، ہوشیار لوگ

فرزانگی: دانائی، عقل، ذہانت، دانش

فرزانہ: دانا، عقلمند، ہوشیار (فرزانگان جمع)

فرزبود: عقل، دانائی، دانش، حکمت، فلسفہ

فرزجہ: ملائم کپڑا

فرزد: خود رو پودا جس کی شاخیں دراز اور نرم ہوتی ہیں اور سطح زمین پر پھیلتا جاتا ہے

فرزدق: (۱) ایک عرب شاعر کا نام (۲) روٹی کا ٹکڑا

فرزند: بیٹا، پسر، بچہ

فرزند رضاعی: فرزند جس کا رشتہ خون کی شرکت سے نہ ہو بلکہ دودھ پلانے یا پرورش کرنے کی وجہ سے قائم ہو، دودھ شریک کو کوکلتاش بھی کہتے ہیں

فرزند آب: حباب، بلبلا

فرزندِ آفتاب: لعل، یاقوت، عقیق

فرزندِ خاک: انسان، آدمی

فرزند خواندگی: متبنیٰ کر لینا

فرزند خواندہ: متبنیٰ

فرزندی: فرزندانہ، بیٹے کی طرح

فرزندی قبول کردن: متبنی بنا لینا

فرزنشاد: تفکر، تامل، غور و فکر

فرزہ: دیکھیے فرزد

فرزی: تیزی، پھرتی، تیز فہمی، زود فہمی، ہمہ گیری

فرزین: شطرنج کا ایک مہرہ جسے وزیر کہتے ہیں

فرژ: ریوند چینی۔

marfat.com

فرس: گھوڑا ،افراس جمع۔

فرس: فارس، ایران، ایرانی، فارسی۔

بلادِ فرس: ایرانی شہر و قصبات۔

فرس قدیم: قدیم ایرانی زبان۔

فرسا: فرسودن=مَلنا ، گھسنا سے فعل امر، ملو، گھسو۔

جان فرسا: زندگی کو اذیت دینے والا۔

فرساد: دانشمند، فلسفی، حکیم۔

فرسان: (ع)اسپ سوار، جمع فارس۔

فرسانیدن: فرسودہ کرنا ، خستہ کردینا۔

فرسایِش: فرسودہ ہو جانا۔

فرسایندِہ: مَلنے گھسنے والا، فرسودہ کرنے والا، خستہ کرنیوالا۔

فرسب: چھت کا شہتیر۔

فِرِستادن: بھیجنا۔

پیغام فرستادن: پیغام بھیجنا۔

دو کتاب برای پسر من فرستاد: اس نے دو کتابیں میرے بیٹے کے لیے بھیجیں۔

فرستادِہ: (۱)بھیجا ہوا (۲)قاصد، ایلچی، سفیر، فرستادگان جمع۔

فرستندِہ: بھیجنے والا۔

فرَستوک: پرستوک، چڑیا۔

فِرِستہ: فرستادہ، بھیجا ہوا۔

فرسخ: فرسنگ تقریباً چار کیلومیٹر۔

فرسک: شفتالو، بڑا آڑو۔

فرسنداج: بھیجا ہوا، ایلچی، قاصد۔

فرسنگ: فرسخ دیکھیے۔

فرسنگسار: فرسنگ کا فاصلہ ظاہر کرنیوالا۔

فرسودِگی: استعمال شدہ ہونا، پرانا گھسا پٹا۔

فرسودن: استعمال کرکے خستہ ہو جانا، گھس جانا، پھٹ جانا۔

فرسی: قدیم فارسی سے متعلق۔

فرسہدن: فرسودن، گھسنا۔

فرش: (ع)دری یا قالین جو کمرے میں بچھائی جائے۔

فرش کردن: دری یا قالین بچھانا۔

اطاق با قالین فرش شدہ بود: کمرے میں قالین بچھایا گیا تھا۔

خیابان را باسنگ فرش کردند: انھوں نے سڑک کو پتھروں سے بنایا۔

یک دست فرش: ایک عدد دری۔

فُرُش: فراش کی جمع۔

فُرش: عمدہ ریت۔

فرِشتگان: فرشتہ کی جمع، ملا ئک۔

فرِشتِہ: در اصل فرستہ ہی کی ایک صورت ہے، بھیجا گیا، خدا کا نورانی قاصد، ملک، نیک پاک۔

فرشتہ سیرت-فرشتہ صفت: نہایت اچھے اوصاف والا، اچھی عادات والا۔

فرش فُروش: قالین یا دری بیچنے والا۔

فرش کن: تہ صاف کرنے والا۔

فرشی: دری یا قالین جیسا، قالین وغیرہ کا کاروبار۔

فرشیم: حصہ، جزو، فصل۔

فُرص: (ع)فرصت کی جمع۔

فرصاد: سفید یا سیاہ رنگ کے توت، انگوروں کا بیج۔

فُرصت: (ع)موقع، مہلت، فراغت، اطمینان، فارغ وقت۔

فرصت را از دست دادن: موقع کھو دینا۔

فرصت را قیمت شمردن: موقع کو غنیمت سمجھنا، موقع سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔

فرصت کردن-فرصت یافتن: موقع ملنا۔

دراولین فرصت: اولیں موقع ملنے پر۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

منتظر فرصت بودن: موقع کا منتظر ہونا۔

فرصت جُو: موقع کا منتظر۔

فرصت یاب: جسے موقع میسر آئے۔

فرض: (ع) گمان، قیاس، ذمے داری، بار ثبوت، ضروری، لازمی، ضروری کام، نماز کی رکعتیں جن کا پڑھنا واجب ہے، مانا ہوا، تسلیم کیا ہوا، خداوند تعالیٰ کا حکم۔

فرض شمردن: لازم سمجھنا۔

فرض کردن: قیاس کرنا۔

اگر فرض کنیم کہ ہیچ کس نیاید: اگر ہم قیاس کر لیں کہ کوئی بھی نہیں آرہا۔

برما فرض است کہ او را دیدنی کنیم: ہمارے لیے لازم ہے کہ اس سے ملاقات کریں۔

بفرض آنکہ-اگر قیاس کریں کہ.....

فرضاً: (ع) اگر یہ قیاس کرلیں۔

فرضاً نیامد آن وقت چہ باید کرد: اگر یہ قیاس کریں کہ وہ نہیں آرہا تو پھر کیا کرنا ہوگا۔

فرضہ: ندی کا دہانہ، ندی کا وہ شگاف جس سے اس کی شاخ میں پانی آتا ہے، دریا یا کنارہ جہاں سے کشتی وغیرہ پر سوار ہوتے ہیں۔

فرضی: قیاسی، موہوم۔

فرضیات: قیاسات، موہوم باتیں۔

فرضیات غیر ممکنہ: قیاسات جو ممکن نہیں۔

فرط: (ع) کثرت، زیادتی، شدت۔

از فرط محبت: انتہائی محبت سے۔

فرُع: (ع) (۱) شاخ (۲) سود (۳) نتیجہ (۳) ثانوی حیثیت۔

فرع آن قرضہ صد روپیہ می شود: اس قرضے کا سود ایک سو روپے ہوتا ہے۔

فرع زیادہ بر اصل: اصل سے زیادہ سُود۔

این ہا ہمہ فرع بیکاری است: یہ سب بیکاری ہی کے نتیجے ہیں۔

فرعون: (ع) مصر کا ایک مغرور بادشاہ، فراعنہ جمع۔

فرعی: ثانوی شاخ، جزی۔

کوچہ فرعی: ثانوی گلی، گلی جس سے کوئی اور گلی نکلے۔

فرغ: چوزہ۔

فرغار: ملا ہوا، گوندھا ہوا، تر۔

فرغار: پر، بھرا ہوا، مثال:

بوقت کینہ نیابی زخویشتن نرمی
اگر بہ قلزم و عمان کنی دلت فرغار

کینے کے وقت نرمی کا خیال دل میں نہیں آتا خواہ تمہارے دل میں قلزم و عمان ہی کیوں نہ بھر جائیں۔

فرغاریدن: تر کرنا، گیلا کرنا، مرطوب کرنا، ملانا گوندھنا۔

فرغر: ندی جو تقریباً خشک ہو گئی ہو، تالاب جس کا پانی ختم ہو گیا ہو۔

فرغن: پانی کا ذخیرہ جو بیابان وغیرہ میں بارش کی وجہ سے جمع ہو جائے، ندی، کاریز۔

فرغند: عشق پیچان۔

فرغُور: تیہو، تیتر۔

فرغُوک: خاموش، سست، کم گو، کم سخن۔

فرغُول: تاخیر، کام میں دیر، غفلت، سستی۔

فرغش: پرانا، کہنہ، خستہ حال۔

فرِفتن-فریفتن: (۱) شیدا کرنا، اسیر محبت کرنا (۲) فریب دینا، دھوکا دینا، بہکانا، پھسلانا۔

فرِفر: جلدی پڑھنا اور لکھنا، تیزی، شتاب، گھومنے کی آواز۔

برداشت کلک و کاغذ و فرفر فرونوشت
برفور این قصیدہ مطبوع آبدار

کاغذ اور کلک اٹھایا اور اس پرتیزی اور جلدی سے یہ

marfat.com

پسندیدہ اور آبدار قصیدہ لکھ دیا۔

فِرفِرہ: لٹو۔

زمین مانند فرفرہ دور خود می چرخد: زمین اپنے ارد گرد لٹوکی طرح گھومتی ہے۔

فرفور: تیہو، تیتر۔

فرفہن: خرفہ خودرو گھاس۔

فرفیر: (۱)ایک پھول دار پودا جس کی مختلف قسمیں ہوتی ہیں ان میں نیلے، ارغوانی، سفید اور بعض دوسرے رنگوں کے پھول آتے ہیں، (۲)تیہو، تیتر۔

فرفیون: فربیون دیکھیے۔

فرق: (ع)فاصلہ، دوری، جدائی، علیحدگی، تمیز، اختلاف، تفاوت، امتیازی علامت۔

فرق بَین خشم و غیظ چیست؟: خشم اور غیظ میں کیا تفاوت ہے؟۔

فرق داشتن: مختلف ہونا۔

این دو کلمہ باھم فرق باریکی دارند: ان دو لفظوں میں معمولی سی تفاوت ہے۔

فرق گماشتن: امتیاز پیدا کرنا۔

خاطر جمع باشید فرقی در بین نیست: مطمئن رہیے ان میں کوئی اختلاف نہیں۔

مرد احمق بینِ پسرو دختر خود فرق می گذارد: احمق شخص اپنے بیٹے اور بیٹی میں امتیاز پیدا کرتا ہے۔

فرق: (ع)سر، چوٹی۔ مثال:

ز فرق تا بقدم ہر کجا کہ می نگرم
کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا اینجاست
(نظیری)

ان کے سر سے پاؤں تک جہاں کہیں دیکھتا ہوں حسن و زیبائی دامن دل پکڑ کر کھینچتی ہے کہ تمھاری جگہ یہیں ہے۔

فِرَق: (ع)فرقہ کی جمع۔

فُرقان: (ع)حق اور باطل میں فرق کرنے والا، قران مجید۔

فُرقت: فراق، جدائی، علیحدگی۔

فرقد: (ع)قطب شمالی کے دو ستاروں میں سے ہر ایک۔

فرقدان: (ع)دو ستاروں کا نام جو قطب شمالی کے پاس ہیں، فارسی میں دو بھائیوں کو بھی کہتے ہیں۔

فِرقہ: (ع)گروہ، جماعت، قوم، کسی خاص مسلک کے پیرو۔

فرقہ باز-فرقہ طلب: فرقہ بندی یا دھڑے بندی کرنے والے۔

فرکند: (۱)زمین جس میں سیلاب گزرا ہو اور اس میں گڑھے پڑ گئے ہوں (۲)نہر، کاریز جونئی کھودی گئ ہو۔

فرکندن: کھودنا، پھاڑنا۔

فرگاہ: حضرت، حضور، قبلہ بھی کہا جاتا ہے، کلمہ احترام۔

فرم: (انگ) فارم، شکل، طور، صورت، وضع۔

بد فرم: بد شکل، بد صورت۔

فرم: غم، اندوہ، دل تنگی۔

فرمگین: غمگین، پریشان حال، اندوہگین۔

فرما: **فرمودن**=حکم دینا سے فعل امر حکم دو، (حکم بفرما)۔

فرمان: حکم، ارشاد، امر۔

فرمان بر-فرمان بردار: اطاعت گزار، مطیع، حکم کا پابند، تابع۔

فرمان بردن: حکم بجالانا، ارشاد کی تعمیل کرنا۔

فرمان دادن: حکم دینا، ارشاد کرنا۔

فرمان صادر کردن: حکم نافذ کرنا، صادر کرنا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ایشان را فرمان داد که پیش بروند: ان کو حکم دیا کہ وہ آگے جائیں۔

شرط انصاف نباشد که فرمان نبری: یہ انصاف کی بات نہیں کہ تو حکم پر عمل نہ کرے۔

ہمه از بهر تو سرگشته و فرمان بردار اند: سب آپ کے لیے سرگردان اور اطاعت گزار ہیں۔

فرمان برداری-فرمان بری: اطاعت کرنا، حکم بجا لانا، تعمیل ارشاد کرنا۔

فرمان پذیر-فرمان شنو: اطاعت گزار، حکم بجا لانے والا، ارشاد پر تعمیل کرنے والا، وفادار۔

فرماندار: ضلع کا حاکم۔

فرماندِہ: حکم دینے والا، کمانڈر، امیر، سردار، حاکم۔

فرمانده فوج کیست؟: فوج کا کمانڈر کون ہے؟۔

فرمان دہِ کل قوا: فوج کا کمانڈر ان چیف، سپہ سالار۔

فرماندہی: کمانڈر کا منصب۔

فرمانروا: حکمران، حاکم، بادشاہ، رئیس، خود مختار۔

فرمانفرما: حکمران، کمانڈر، گورنر۔

فرمانفرمائی: گورنر کا منصب، کمانڈر کا منصب حکم، حکومت۔

فرمایش: فرمودن=فرمانا کا حاصل مصدر حکم، ارشاد، بزرگوں کا دستور۔

فرمایش دادن: حکم دینا، ارشاد کرنا۔

فرمایش کردن: حکم کرنا۔

بر حسب فرمایش شما رفتم: آپ کے حکم کے مطابق میں وہاں گیا۔

چه فرمایش دارید؟: میں آپ کی کیا خدمت کرسکتا ہوں؟۔

چه فرمایشی است؟: میں معذرت چاہتا ہوں؟ جناب عالی یہ درست نہیں۔

فرمایشی: سفارشی۔

فرمایندہ: حکم دینے والا۔

فرمش: فراموش۔

فرمگین: غمگین، اندوہ گیں۔

فرمَند: چمکدار، درخشان، تابان، نورانی، باشکوہ، آراستہ، پاک، پاکیزہ۔

فرمودن: فرمانا، ارشاد کرنا۔

آقاچه می فرمائید: جناب آپکا کیا ارشاد ہے۔

اورا فرمود که برود: اسے یہ حکم دیا کہ چلا جائے۔

بفرمائید: تشریف رکھیے، فرمائیے۔

تامل فرمائید: کچھ انتظار فرمائیے۔

فرمودِہ: حکم کردہ، جو حکم دیا گیا ہے، جو بات کہی گئی ہے۔

فرمودۂ خدا: ارشاد خداوندی۔

برحسب فرموده سرکار عمل کردم: میں نے جناب کے حکم کے مطابق عمل کیا۔

فرموش: فراموش۔

فرموک: بچوں کا کھیل جس میں وہ تکلے کی طرح، اپنے ارد گرد گھومتے ہیں نیز دھاگا جو تکلے پر کاتتے ہیں۔

فرمول: فورمول، فارمولا، دستور، اسلوب۔

فرناد: تہ، پایان، پایاب، تہ آب۔

فرناس: غافل، نادان، خواب آلود غفلت، نادانی۔

فرنج: فرنگ۔

فرنج: منہ کے گرد اگرد۔

فرنجک: کابوس، ڈراؤنا تصور، ایک ذہنی بیماری جس میں آدمی کو خواب میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ

marfat.com

کسی نے اسے دبا لیا ہے اور ڈرکر چلانے لگتا ہے۔

فرنجمُشک: صحرائی خوشبودار پودا جس کے پتے دندانہ دار، پھول زردی مائل سفید ہوتے ہیں اس کے پھول اور بیج دواؤں میں استعمال ہوتے ہیں۔

فرَند: (ع)(۱)جوہر شمشیر، شمشیر جوہر دار(۱)لہر دار ریشمی کپڑا۔

فرنسیس: یورپی چمڑا۔

فرنگ: یورپ، یورپی فرنگستان۔

فرنگستان: یورپ۔

فرنگی: یورپ کا رہنے والا۔

آبلہ (یاناخوشی فرنگی) آتشک کا مرض، سفلس۔

فرنگیس: افراسیاب کی بیٹی کا نام۔

فرنگی مآب: یورپی طور طریقوں کا شیدائی۔

فرنود: دلیل، برہان، استدلال، ثبوت۔

فرنود سار: کتاب جس میں فنون حکمت سے بحث ہو اسے دائرۃ المعارف بھی کہتے ہیں۔

فرو: (ع)پوستین، لباس جو جانور کی کھال سے تیار کیا جاتا ہے۔

فرو: فرود کا مختصر، نیچے، پائین، پست۔

فرو آمدن: نیچے آنا۔

فرو بردن: نگلنا۔

فروتر: پست تر، بہت نیچے، بہت نچلے درجے کا۔

فروچکیدن: ٹپکنا۔

فرو خواندن: خواندن، پڑھنا۔

فروداشتن: نیچے رکھنا۔

فرو رفتن: نیچے جانا۔

فرو ریختن: انڈیلنا۔

فرو ستردن: مونڈنا۔

فروشدن: فرو رفتن، نیچے جانا۔

فروکردن: ٹھونسنا، زور سے ڈالنا۔

فروکشیدن: نیچے کو کھینچنا۔

فروکوفتن: پٹک دینا۔

فرو گذاشتن: نظر انداز کر دینا، چھوڑ دینا، بے تو جہی کرنا، بے التفاقی کرنا، تغافل برتنا۔

فروماندن: بہت خستہ ہو جانا۔

فرونشاندن: مٹانا، زائل کرنا، خاتمہ کر دینا، قابو پا لینا، دبا دینا، بچھا دینا۔

فرونشستن: نیچے بیٹھ جانا، تہ نشین ہو جانا، دھیما ہو جانا۔

فروهشتن: لٹکانا۔

از حل آں فروماند: اس کو وہ حل نہ کرسکا۔

چه چیزی تواند حِسِ انتقام او را فرو نشاند: کیا چیز اس کے انتقام کی حس کو مٹا سکتی ہے۔

خنجررا در شکمش فرو کرد: خنجر اس کے پیٹ میں گھونپ دیا۔

سرہگریبان فرو بردن: شرمندگی کا کنایہ، متفکر ہونا۔

عطش خود را فرو نشاند: اس نے اپنی پیاس بجھالی۔

فتنه را بزودی فرونشاند: فساد بہت جلد مٹا دیا۔

کشتی فرورفت: جہاز ڈوب گیا، کشتی ڈوب گئی۔

فُروتَن: عاجز، منکسر مزاج، فرماں بردار، متواضع۔

فروتَنانِه: عاجزی سے، انکساری، تواضع، فرماں برداری سے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فروتنی کردن: عجز و انکسار اختیار کرنا اظہار عجز کرنا۔

فُروج: (ع) فُرج کی جمع۔

فرو چکیدن: قطرہ قطرہ ٹپکنا۔

فروخ: فرخ کی جمع، چوزے۔

فُرُوخت۔فروختن=بیچنا سے ماضی مطلق، بیچا۔

فُروختار: بیچنے والا، فروشندہ۔

فروختِگی: فروخت، بکنا۔

فروختن: بیچنا۔

فروختن: افروختن، روشن کرنا۔

فروختنی: بیچ دینے کے قابل، بیچنے کے لائق۔

فروختِہ: بیچا ہوا، بکا ہوا، مال جو بک گیا ہو۔

فرود: نیچے، پائین، زیر۔

فرود آمدن: نیچے آنا۔

فرود آوردن: نیچے اتارنا، نیچے اترنے کو کہنا۔

فروداشت: فروگزاشت۔

فرود ست: زیر دست۔ بے بس، بینوا۔

فرودست: ہم آہنگی، ہمنوا ہونا موسیقی میں۔

فرودگاہ: اترنے کی جگہ، قیامگاہ، ٹھہرنے کی جگہ، ہوائی جہاز کے اترنے کا مقام۔

فرودی: اترنا۔

فرودین: فرور دین، ایرانی شمسی سال کا پہلا مہینہ جو ۳۱ دن کا ہوتا ہے اس مہینے کا انیسواں دن بھی فرور دین کہلاتا ہے، ماہ اول بہار۔

فرو رفتگی: ڈوبنا، افسردہ ہونا، افسردگی۔

فُروز: افروختن=روشن کرنا سے فعل امر، روشن کرو۔

شب فروز: شب افروز، رات کو روشن ہونا۔

فروز: روشنی، درخشانی، تنویر، تجلی، تابانی، چراغاں۔

فروزان: درخشندہ، تابندہ، روشن۔

فروزانفر: شان و شکوہ رکھنے والا۔

فروزِش: فروز، روشنی، تابانی، درخشانی، چراغان۔

فروزشگر: روشن کرنے والا۔

فروزندِگی: روشنی، درخشندگی۔

فروزِینہ: جس چیز سے آگ جلاتے ہیں، دیا سلائی وغیرہ۔

فروس: (ع) جمع فرس، گھوڑے۔

فروست: فراست۔

فروسیہ: اسپ سواری کا ماہر۔

فُروش: فروختن بیچنا سے فعل امر بیچ دو

فروش زیاد: زیادہ بکری، اشیا کا زیادہ فروخت ہونا۔

فروش کردن: بیچنا۔

فروش نمی شود: منڈی میں مندا ہے، چیزوں کی مانگ نہیں۔

اِمروز ہیچ فروش نکردہ است: آج اس نے کچھ فروخت نہیں کیا۔

این قبیل اجناس فروش نخواھد رفت: اس قسم کی چیزیں نہیں بکینگی۔

بمعرض فروش گذاردن: بیچنے کے لیے پیش کرنا۔

فروش: دیکھیے فرش۔

فروش رفتنی: فروخت کے قابل۔

فروشَندِگی: فروخت کا کاروبار۔

فروشَندِہ: فروخت کرنے والا (فروشندگان جمع)۔

فروشی: فروخت کے لیے۔

فروشیدن: فروختن، بیچنا۔

فُرُوض: فرض کی جمع، دیکھیے فرض۔

فُرُوع: فرع کی جمع، شاخیں، فروعات جمع الجمع۔

فُرُوغ: چمک، روشنی، تابندگی، درخشندگی مثال:

marfat.com

در دل غافل کجا آید فروغ مہر دوست
مہبطِ آن نور نبوَد جز دل آگاہ ما

دوست کی محبت سے غافل کے دل میں روشنی کیسے ہو سکتی ہے، ایسے نور کے اترنے کی جگہ تو ہمارے دل آگاہ کے سوا اور کہیں نہیں۔

فروغ دادن:روشن کرنا، تابندہ کرنا، ترقی دینا۔

فروکش:فرو ہو جانا، زور کم ہونا، دھنس جانا، بیٹھ جانا، تہ نشین ہونا، دریا وغیرہ کے سیلاب کا اتر جانا۔

فروکش شدن:فرو ہو جانا۔

درد آن فروکش شد:اس کا درد کم ہو گیا۔

فروگذار:غافل، غفلت شعار، بے پروا، سہل انگار۔

فروگذاری:غفلت، بے توجہی، بے التفاتی، تغافل، سہل انگاری۔

فرو گذاشت:غفلت، بے توجہی، تغافل، بھول چوک، بے اعتنائی۔

فروگیر:احاطہ کرنے والا۔

فرو ماندگی:خستگی، در ماندگی، عجز، بے بسی، تنگدستی۔

فروماندگی:خستہ اور بے بس ہوجانا۔

فرو ماندہ:خستہ و لاچار، درماندہ، عاجز، بے بس، بیچارہ، مفلس، غریب، تنگدست، تہی دست۔

فرومایگی:بے وقوفی، بے عقلی، کمینگی۔

فرومایہ:کمینہ، کم ہمت، بد اصل۔ پست خیال، پست فطرت، مفلس، نادان، بے ہنر۔

فروَند:(١)لکڑی کا پیوند یا کمانی جو دروازے کے پیچھے لگای جاتی ہے کہ دروازہ کھل نہ جائے (٢)بادبان، عدد ظاہر کرنے کے لیے جیسے بیست فروند کشتی یعنی بیس جہاز۔

فرونِشاندن:خاموش کرنا، مطیع کر لینا۔

فرونشستن:خاموش ہو جانا۔

فروہر:جوہر، ذات، ماہیت، (آئین زردتشی میں) فرشتہ۔

فروہشتن:چھوڑ دینا، رہا کردینا، آزاد کرنا، لٹکانا۔

فروہندہ:نیک سیرت، با ادب۔ خردمند۔

فروہیدہ:(١)خردمند، عاقل، دانا (٢)آشکار، واضح (٣)پرشکوہ، شان، شوکت والا۔

فرویز:سنجاف، کپڑے کا حاشیہ۔

فرویش:غفلت، سستی، بے اعتنائی، تاخیر۔

فرّہ:فر-شان و شکوہ۔

فِرہ:بہت زیادہ، فراوان، بیشی، کثرت۔

مال فرہ:کثیر دولت۔

فرہاد:ایران کے ساسانی بادشاہ خسرو پرویز کے زمانے کا سنگ تراش جو شیریں کا عاشق تھا۔

فرہت:شان و شوکت، جاہ و جلال، بزرگی، شایستگی۔

فرہست:(١)کثیر، فراواں، بیشتر، بہت زیادہ(٢)جادو سحر۔

فَرہمند:(١)خرد مند، عقل مند(٢)تربیت دینے والا۔

فرہنج:(١)فرہنگ۔

فرہنجیدن:ادب کرنا، احترام کرنا، تربیت کرنا۔

فرہَنگ:تعلیم، آموزش، علم، دانش، ادب، تربیت، قاموس، کتاب لغت۔

فرہنگ ساز:فرنگ نویس، لغت نویس، مولفِ لغت، مدوّن لغت۔

فرہنگِستان:اہل قلم کی انجمن، اہل علم کے مل کر بیٹھنے کی جگہ، اکادمی۔

فرہنگ نویسی:لغت کی تدوین۔

فرہنگی:معلم، فاضل شخص، لغات سے متعلق، تعلیم سے تعلق رکھنے والا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فرهود: شیر کا بچہ۔

فرهومند: نیک، پاک، پرہیزگار، روشن خیال۔

فرهی: بزرگی، شان و شوکت، عظمت، جاہ و جلال۔

فرهِیختن: سکھانا، پڑھانا، پرورش کرنا، تربیت دینا۔

فری: شاباش، آفرین، زہے، خوب کلمہ تحسین خوب، زیبا۔

فری: عجیب۔

فریاد: چیخ و پکار، نالہ و فریاد۔

فریاد برآوردن-فریاد کردن: چیخنا، چلانا، آہ و زاری کرنا، فریاد کرنا۔

فریاد زدن: فریاد کرنا۔

بفریاد کسی رسیدن: کسی کی مدد کے لیے آنا، کسی کی تکلیف یا پریشانی کو دور کرنا۔

فریاد رس: مددگار، یاور، چارہ ساز، مشکلات میں ہاتھ بنانے والا۔

فریاد رسی: کسی کی مدد کرنا، کسی کی مشکلات دور کرنا۔

فریادی: فریاد کرنے والا، فریاد و فغان کرنے والا، بے بس، پریشان حال، مدد کا طلبگار۔

فریادی کیست: فریاد و فغان کرنے والا کون ہے۔

فریار: شان و شوکت والا۔

فرِیب: دھوکا، مکر، دغا، ، ریاکاری، حیلہ، تزویر۔

فریب خوردن: فریب میں آنا، دھوکا کھانا۔

فریب دادن: دھوکا دینا، دغا دینا، ریا کاری کرنا۔

زود باور زود فریب می خورد: جلد یقین کرنے والا جلد دھوکا کھاتا ہے۔

شمارا چرا فریب دادند؟: تمہیں انھوں نے کیوں دھوکا دیا؟۔

فریبا: (۱) دھوکا دینا (۲) فریبی، دھوکے باز۔

فرِیب آمیز: جس میں دھوکا ہو، ریاکاری ہو۔

سخنان فریب آمیز: دھوکے کی باتیں۔

فریبُرز: اچھی قدو قامت والا، بلند و بالا، کیکاؤس کے ایک بیٹے کا نام۔

فرِیب خور: دھوکا کھانے والا، جسے دھوکا دیا جاسکے، جسے بیوقوف بنایا جاسکے۔

فرِیب دہ: دھوکا دینےوالا، فریبی۔

فریب ساز: دھوکے باز، فریبی۔

فریب سازی: دھوکا دہی، دھوکا دینا۔

فریبندِگی: دھوکا، فریب، مکاری۔

فریبَندِہ: دھوکا دینے والا، دھوکے باز۔

دلائل فریبندہ: دھوکا دینے والے دلائل۔

صورت تشنگش فریبندہ بود: اس کی حسین شکل دھوکا دینے والی تھی۔

فریبیدن: فریفتن، فریفتہ کر لینا، دھوکا دینا۔

فرید: اکیلا، تنہا، یکتا، بے نظیر، بے مثال۔

فریدالزمان: اپنے وقت کا بے نظیر شخص زمانے بھر میں بے مثال، وحید، لاثانی۔

فریدِہ: فرید کی مونث گوہر گراں بہا بے مثال گوہر، دُریتیم، فرائد جمع۔

فریدون: ایران کا بادشاہ جسے کاوہ لوہار نے ضحاک کا خاتمہ کر کے تخت نشین کیا۔

فریرون: گاؤ زبان۔

marfat.com

فریز: ایک خود رو پودا جس کی شاخیں بہت نازک ہوتی ہیں۔

فریس: کشتہ، کشتہ شدہ۔

فریسُوس: عیاش، اوباش، بدکار۔

فریسہِ: شکار جو شیر یاکسی اور درندے نے کیا ہو۔

فریسی: ایک قدیمی رومی فرقہ تھا جو رسم پرستی اور ظاہر داری میں مشہور تھا، ظاہر پرست، گندم نما جو فروش، منافق، ریاکار۔

فرِیش: کلمہ تحسین، واہ کیا کہنے، خوب، آفرین، شاباش۔

فرِیضَہ: (ع)خدا کا دیا ہوا حکم، فرض جو کسی کے ذمے ہو۔

فَریفتار: فریب دینے والا، ریا کار، مکار۔

فریفتِگی: دھوکا دینے کا عمل، فریب کاری۔

فرِیفتن: فریب دینا، فریفتہ کرنا۔

آخر بیچارہ را فریفتند: آخر انھوں نے اس بےِ بس کو فریب دے دیا۔

دلائل فریبندہ: دھوکا دینے والے، دلائل۔

صورت قشنگش فریبندہ بود: اس کی حسین شکل دھوکا دینے والی تھی۔

فریق: گروہ، جماعت، دستہ (فریقین جمع)۔

فریوَر: درست، راست، صحیح، خالص، راسخ العقیدہ، راست گو، درست کردار۔

فریوری: سچائی، راستی، عقیدے کی پختگی۔

فریِہ: لعنت، نفریں۔

فریِہ: جھوٹ، دروغ۔

فز: زخم کی پیپ۔

فزار: افزار، بڑھانے والا۔

فزار: (۱)افزا، آلہ جسے کسی کام کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

فزای: افزائش، بڑھنا، اضافہ ہونا۔

فزایَندہ: افزایندہ، بڑھانے والا۔

فَزع: (ع)ڈر، خوف، ترس، مدد کے لیے پکارنا۔

فزعِ اکبر: کنایہ ہے روز قیامت کا۔

فُزودن: افزودن، اضافہ کرنا، بڑھانا، زیادہ کرنا۔

فُزون: زیادہ، بیش۔

فزہ: (۱)فژہ، گندا غلیظ۔

فزیک: (انگ) فزکس، علم طبیعیات۔

فژ: غلاظت، گندگی، نجاست، پیپ۔

فژ: گھوڑے کی گردن کے بال، یال۔

فَژاک: غلیظ، پلید، گندا۔

فژغردہِ: بھگویا ہوا، ملایا ہوا۔

فژغند: نژگند، غلیظ، پلید۔

فژِو لیدن-پژولیدن: خشک کرنا یا ہونا، مرجھا جانا، پژمردہ کرنا یا ہونا۔

فَژَہ: غلیظ، کثیف، پلید۔

فسا: صوبہ فارس کا شہر۔

فساد: خلل، غدر، بگاڑ، بلوا، جھگڑا، دنگا، بدی، خرابی۔

فساد اخلاق: بد اخلاقی۔

فساد برپا کردن: ہنگامہ بپا کرنا۔

فسادِ تدریجی: رفتہ رفتہ، ہنگامہ پیدا ہونا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فساد جمع شدن: پھوڑا پک جانا۔

فساد خون: خون میں زہریا سمیّت پیدا ہونا۔

فساد عضو: کسی عضو کا مجروح ہونا۔

فساد عقیدہ: عقیدے کا بگڑنا۔

فساد مزاج: بد مزاجی۔

فَسّاد: فاسد کی جمع، فساد پیدا کرنے والے، ہنگامہ بپا کرنے والے۔

فسادُ الدم: (۱) کمینہ، سفلہ (۲) خون میں زہر یا سمیت پیدا ہونا۔

فساد آمیز: فتنہ انگیز، فساد ڈالنے والا، فتنہ پرداز۔

فساد کار: فتنہ جو، فتنہ پیدا کرنے کا متمنی۔

فسار: افسار، لگام۔

فسّاق: فاسق کی جمع، بدکار لوگ۔

فَسان: سان، پتھر جس پر چھریاں تیز کی جاتی ہیں۔

سنگ فسان: پتھر جس پر چھریاں تیز کی جاتی ہیں۔

فسان کردن: (چاقو چھری) تیز کرنا۔

فَسان: فسانہ، افسانہ۔

فسانیدن: ملنا، رگڑنا، چھری چاقو تیز کرنا۔

فسایَندہ: افسون کرنے والا، ساحر، جادوگر، مسحور کرنے والا، گرویدہ بنا لینے والا۔

فسایِیدن: سحر کرنا، افسون پھونکنا، جادو کرنا، مسحور کرنا، گرویدہ کرلینا۔

فِستان: گاؤن، لہنگا، پیٹی کوٹ۔

فُستق: پستہ (معرب)۔

فُسحَت: (ع) (۱) کھلی جگہ، کشادگی، وسعت، فضا، فراخی، (۲) مہلت، التوا، فرصت، فراغت (۳) آزادی۔

فَسخ: (ع) منسوخ کرنا، توڑنا، ارادہ بدل دینا کسی معاہدے کو توڑ دینا یا باطل قرار دینا۔

فسخ کردن: منسوخ کردینا، ختم کردینا۔

اجارہ نامہ فسخ شد: کرایہ نامہ منسوخ ہو گیا۔

شرکتِ خودرا فسخ کردند: شراکت باہمی کو انہوں نے ختم کردیا۔

فَسَدہ: فاسد کی جمع۔

فسَر: زیبائی، رعنائی، حسن و خوبی۔

فسر: (ع) بیان کرنا، وضاحت کرنا، تفسیر، تشریح۔

فسُردِگی: افسردگی، پژمردگی، رنج و اندوہ۔

فُسردن: افسردن، مغموم ہونا، افسردہ ہونا۔

فسردہ=افسردہ: غمگین، مغموم، آزردہ۔

فُسطاط: خیمہ، سائبان، سراپردہ۔

فسفات-فاسفیٹ: ایک مرکب جو بعض دھاتوں سے حاصل ہوتا ہے۔

فُسفُر: فاسفورس، ایک کیمیاوی عنصر جو اندھیرے میں چمکتا نظر آتا ہے۔

فسفری: جس میں فاسفورس شامل ہو۔

فِسفِس: زیر لب بولنا، چپکے چپکے بات کرنا، کھسر پھسر کرنا، کانا پھوسی۔

فسفس کردن: سن سن، سائیں سائیں، زن زن کرنا، کھسر پھر کرنا، زیر لب بات کرنا۔

فَسفِسہ:فصفصہ-پپیتا کا درخت جس کو پھلیاں لگتی ہیں۔

فِسق: (ع) نافرمانی، حکم عدولی، بدکاری، بد عملی کی

marfat.com

زندگی، گنہگاری (فسوق جمع) مثال:

بیا کہ رونق این کارخانہ کم نشود

بزُہد ہمچو تُوئی یا بفسق ہمچو منی

آک اس دینا کی رونق میں کمی نہ ہو، زھد میں تم جیسے اور گنہگاری میں مجھ جیسے آدمی تو ضرور موجود رہنے چاہئیں۔

فِسقہ:(ع)فاسق کی جمع، گنہگار لوگ۔

فِسکل:(ع)گھوڑا جو سب گھوڑوں سے پیچھے آتا ہے نیز فرومایہ، پست فطرت شخص۔

فَسِلہ:فسیلہ، گلہ، ریوڑ۔

فسّن:فسان۔

فُسُوس:(۱)افسوس (۲)تمسخر، مضحکہ، استہزا۔

فُسوسیدن:افسوس کرنا۔

فسوسیدن:اغوا کرنا، گمراہ کرنا، بہکانا، پھسلانا، ورغلانہ، منحرف کرنا۔

فُسُوق:(ع)فسق کی جمع، خداوند تعالی کے حکم کی نافرمانی کرنا، طریق حق کو چھوڑنا۔

فُسُون:افسون، جادو، سحر۔

فسِیح:(ع)فراخ، کھلی جگہ، وسیع، جادار۔

فسِیل- فوسیل:جو چیز دبی ہوئي یا مدفون پائی جائے، جو چیز کھود کر نکالی جائے کوئی چیز جو زمین کے طبقوں میں دبی ہوئی ملے اور جس کی بناوٹ میں کم و بیش کوئی کیمیاوی تغیر پیدا ہو گیا ہو جس سے یہ معلوم ہوسکے کہ یہ کس زمانے کی ہوسکتی ہے۔

فسیلة:ریوڑ، گلہ۔

فسِیلہ:درخت، کھجور کا درخت، شاخ جو کٹ کر زمین میں پیوست کی جاتی ہے۔

فَش:(۱)وش (۲)احمق شخص جو احمقانہ بات پر فخر کرتا ہے۔

فش:(۱)پگڑی کا سرا (۲)کاکل (۳)گھوڑے کے یال۔

فش:(ع)احمق شخص جو جھوٹا افتخار کرتا ہے۔

فِشار:دباؤ، نچوڑنا، کچلنا۔

فِشار آب:پانی کا دباؤ۔

فشار آوردن:دبانا، نچوڑنا، کچلنا، ملنا۔

فشار جوّی:فضا کا دباؤ۔

فشار خوردن:دباؤ پڑنا۔

فشار دادن:دبانا، نچوڑنا، ملنا، دباؤ ڈالنا۔

فشاردن:دبانا، نچوڑنا، ملنا، کچلنا۔

فشارِ فقر:مفلسی کا دباؤ۔

فشارِ مالیات:ٹیکسوں کا دباؤ۔

برای جواب بما فشار می آورند:جواب کے لیے ہم پر دباؤ ڈالا جارہا ہے۔

بهم فشار دادن:ایک دوسرے کو دبانا۔

دستم را فشار داد:اس نے میرے ہاتھ پر دباؤ ڈالا۔

فشار سنج:دباؤ معلوم کرنے کا آلہ۔

فشار نگار:ہوا کے دباؤ کا نشان بتانے والا آلہ۔

فشافاش- فشافش:تیر کے چلنے کی آواز۔

فَشان:گُرز۔

فِشان:فشاندن=بکھیرنا سے فعل امر، بکھیرو، پھیلاؤ۔

فشاندن:افشاندن، بکھیرنا، گرانا، نثار کرنا، روشنی پھیلانا۔

فِشرُدَن:دبانا، نچوڑنا، ملنا، رگڑنا۔

فِشردہ:افشردہ، جسے دبایا گیا ہو، نچوڑا گیا ہو، نچوڑا ہوارس۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فشِفشہ:آتشبازی کا گولہ جو بہت تیز پرواز کرتا ہوا پھٹتا ہے

فشَل:سست ہو جانا، کاہلی، بد دلی

فَشَم:ندی، نالہ

فشَنگ:کارتوس

فشنگ ساز:کارتوس بنانے والا

فشنگ سازی:کارتوس بنانے کا کام

فشنگی:کارتوس کی شکل کا

فشو:دندانہ دار آلہ کنگھی کی مانند

فص:(ع)(۱)انگشتری کا نگینہ (۲)کان کی لو (۳)جوز (فصوص جمع)

فصاحَت:(ع) صاف اور شستہ کلام، خوش بیانی، سادہ اور شستہ زبان، مثال:

روزِ بازار فصاحت را رواج از نظم او
صحن گلزار بلاغت را ز شعرش رنگ و بو

کلام میں سادگی اور روانی نے اس کی نظم کی بدولت رواج پایا ہے اور بلاغت کے چمن زار میں رنگ و بو اس کے شعروں کی وجہ سے ہے

فصاد:(ع) فصد، رگ میں سے خون لینا

فصّاد:(ع) رگ میں سے خون لینے والا، رگ زن

فِصال:(ع) بچے کا دودھ چھڑانا، الگ کرنا، علیحدگی

فِصال:(ع) فصیل کی جمع

فِصَح:(ع) نصاری کے نزدیک حضرت عیسی(ع) کا آسمان پر چلے جانا، یہودیوں کی اصطلاح میں مصر سے بنی اسرائیل کا خروج

عید فصح:ایسٹر

فُصَحا:(ع) فصیح کی جمع

فصد:(ع) رگ سے خون لینا، رگ زنی

فصد کردن:رگ میں سے خون لینا

فِصفِصہ:پپیتا کا پودا جس میں پھلیاں لگتی ہیں کئی اور پودوں کے نام جن کی پتیاں سہ گوشہ ہوتی ہیں، سہ گوشہ نقش و نگار، سہ گوشہ وضع یا ترتیب کی چیز

فصل:(۱)باب (۲)رسم (۳)مسئلے کا فیصلہ (۴)جدائی (فصول جمع)

فصل الخطاب:حق اور باطل کے فرق کو ظاہر کرنیوالا

چہار فصل:فصول اربعہ، چار موسم، سردی، گرمی، بہار اور خزاں

فصل کردن:الگ کرنا، جدا کرنا

قطع فصل کردن:مسئلے کا فیصلہ کرنا

فصلی:موسمی، موسم سے متعلق

فُصُوص:فص کی جمع، انگشتریوں کے نگینے

فُصُول:(ع) فصل کی جمع

فصِیح:(ع) خوش بیان، شیریں کلام، صحیح، سادہ اور رواں زبان میں بات کرنے والا، جس کے کلام میں فصاحت ہو

او نُطاق فصیحی بود:وہ خوش بیان مقرر تھا

اونُطقِ فصیحی ایراد کرد:سادہ اور رواں زبان میں اس نے تقریر کی

فصیح البیان:(ع) فصیح، سادہ اور روان زبان میں اپنے خیالات بیان کرنے والا

فصیحانہ:فصاحت کے ساتھ

فصیحِہ:(ع) فصیح کی مونث، خوش بیان، شیریں کلام خاتون

فصیل:(ع) شہر کے اردگرد کی دیوار، حصار

فصیلہ:خاندان، فصائل جمع

فُضا:کھلی جگہ، وسیع زمین، زمین کی وسعت، جغرافیہ کی اصطلاع میں کرہ زمین اور ہوائے بسیط کے درمیان کی وسعت

marfat.com

آنہا در فضای لا متناہی دور می زنند: وہ وسیع و عریض کرہ زمین اور ہوائے بسیط کی درمیانی وسعت میں گھومتے گردش کرتے ہیں، دورہ کرتے ہیں

فضاحت: ذلت، بدنامی، رسوائی، شرمندگی

فضاحت کردن: کوئی ایسا کام کرنا جس کا نتیجہ بد نامی اور رسوائی ہو

فضاحت آمیز: شرمناک، ذلیل، ذلت آمیز طور پر

فضا دار: کھلی جگہ، وسیع جگہ جہاں کوئی عمارت وغیرہ نہ ہو

فِضال: (ع) فُضلہ کی جمع،

فُضالہ: باقی ماندہ چیز، پس ماندہ، فضالات جمع

فضایح: (ع) شرمناک اعمال، (جمع فضیحت)

فضائل: (ع) فضیلت کی جمع

فضائی: وسیع فضا سے متعلق، فضائیہ

فضائیات: فضائیہ کی جمع

فضل: (ع) علم و دانش کی برتری، فضیلت، حسن خلق، حسن سیرت، خوبی ، صفت، نوازش، لطف و کرم

ارباب فضل: :فضلا، علما

بہ فضل خدا: خدا کے فضل و کرم سے

فُضلات: (ع) فضلہ کی جمع

فضل اللّٰہ: (ع) اللّٰہ کا لطف و کرم

فُضلہ: (ع) (۱) بچی ہوئی چیز، پس ماندہ چیز، بچا کھچا، باقی ماندہ (۲) نجاست، پلیدی، بول و براز

فضلہ خوار: بچا کھچا کھانے والا، نجاست اور گندگی کھانے والے جانور

فُضُوح: (ع) فضاحت، ذلت، بدنامی، رسوائی

فُضول: (ع) (۱) فضل کی جمع، کثرت، باقی ماندہ چیز، جو چیز بدن سے خارج ہوتی ہے

فضولاً: (ع)، دخل دینا، مداخلت کرنا،

فضولات: فضلات

فضولی: (ع) بیجا اور بے فائدہ کام کرنے والا، جو دوسروں کے کام میں مداخلت کرے

فضولی کردن: مداخلت کرنا

فِضّہ: (ع) چاندی، نقرہ، سیم

فضیح: (ع) بد نام، رسوا، ذلیل

فضیحت: (ع) شرمناک فعل، ذلت، رسوائی

فضیحت آمیز، فضیحت آور: ذلت آمیز

سخنان فضیحت آمیز: ذلت آمیز باتیں

فضیلت: بڑائی، بزرگی، برتری

فضیلت داشتن: برتری حاصل کرنا

قناعت بر دولت فضیلت دارد: قناعت کو دولت پربرتری حاصل ہے

فِطام: (ع) بچے کا دودھ چھڑانا

فطانت: (ع) ذہانت، فراست، دانائی، دانشمندی

فِطر: (ع) روزہ کھولنا

عیدالفطر: عید جو ماہ رمضان کے اختتام پر آتی ہے

صَدَقہ فطر: خیرات جو ماہ رمضان کے اختتام پر دی جاتی ہے

فِطر: (ع) جمع فطرت

فُطر: (ع) کھمبی

فِطرت: (ع) سرشت، انسان کی طبیعی صفت، آفرینش، قدرت، خلقت، خمیر۔

فطرۃ: (ع) صَدَقہ فطر، فطرانہ

فطرۃً: (ع) قدرتاً، فطری طور پر، پیدائشی

او فطرۃً پست است: وہ فطری طور سے پست ہے

فِطرہ: (ع) فطرانہ ، صدقہ فطر

فِطری: قدرتی، طبیعی

فطریّہ: فطرانہ ، صدقہ فطر جو ماہ رمضان کے آخری دن

www.iqbalkalmati.blogspot.com

حاجت مندوں کو دیا جاتا ہے

فطم: نطام دیکھیے

فِطَن: (ع) فطانت، ذہانت، فراست، ہوشمندی

فطِن: (ع) ذہین، دانا، با فراست،

فطِنت: (ع) فطانت، دانائی، ذہانت، فراست

فطور: (ع) افطار کی غذا، وہ چیزیں جن سے روزہ افطار کیا جاتا ہے

فطیر: (ع)(۱)وہ چیز جو آسانی سے سمجھ میں آ جائے (۲)گوندھا ہوا آتا جس میں خمیر نہ ڈالا گیا ہو

نان فطیر: فطیری روٹی

عید فطیر: یہودیوں کی فطیری عید، عید فصح

فطیم: (ع) جس بچے کا دودھ چھڑایا گیا ہو

فطین: (ع) فطن، ذہین، بافراست، فہیم، زیرک

فَظّ: سخت، کھردرا، کرخت، نا پسندیدہ، ناگوار، تہذیب کے خلاف

فَظاظت: سختی، خلاف تہذیب طرز عمل، نا پسندیدہ طور طریقے

فظاعت: :بے شرمی، بے حیائی، گھناؤنا پن

فظیع: (ع) وہ چیز جو حد سے زیادہ بری ہو، نفرت انگیز

فعّال: (ع) با عمل، محنتی، سرگرم، مستعد

او مرد فعال است: :وہ بہت محنتی شخص ہے

فعال: (ع) فعل کی جمع، کام، فعل، عمل

فعالِیّت: (ع) کام میں مستعدی، سرگرمی کار، جدوجَہد

فِعل: (ع) کام، عمل، کردار (افعال جمع)

بالفِعل: در حقیقت

قول و فعلش یکی است: اس کے قول اور کردار ایک سے ہیں، ان میں کسی قسم کا فرق نہیں

فِعلاً: (ع) فی الحقیقت، دراصل، در حقیقت، اس وقت

فعلاً کارِ دیگر نیست: اس وقت کوئی دوسرا کام نہیں

فَعلگی: محنت، مشقت، مصروفیت کار

فَعلِه: فاعل کی جمع، کارکن، مزدور، محنت کش لوگ، مزدوروں کا عملہ

فِعلی: در حقیقت، اس وقت

فغ: بت، صنم، معشوق، دلبر

فُغاک: (۱)احمق، نادان (۲)حرام زادہ

فُغان: نالہ و فریاد

فُغِستان: وہ مندر جس میں بت ہوتے ہیں، بتکدہ

فغفور: قدیم چینی بادشاہوں کا لقب

فغفوری: چینی بادشاہوں کے متعلق

فغند: جَست و خیز، رقص، پاے کوبی

فغوارِه: جو بول نہ سکے (کسی تکلیف کے باعث) بت کی مانند، چپ چاپ

فغیاز: عطا و بخشش، ہدیہ، تحفہ، مثال:

بہر طریق کہ خواہی ہمیشہ مال دہی
بہ بخشش و بہ صلہ، خیر و صدقہ و فغیاز

جس طرح بھی تو چاہے لوگوں کو بخشش و عطا سے، نیکی اور صدقہ سے یا ہدیہ وغیرہ سے نوازش کرتا رہ

فُقاح: (ع) شگوفہ

فقاح الکرمة: (ع) انگوروں کا خوشہ

فُقار: (ع) ریڑھ کی ہڈی کا ہر جوڑ (جمع فقرہ)

فقاری: ریڑھ کی ہڈیوں کے جوڑ کے متعلق

فُقاع: (ع) آب جو، پھلوں یا چاولوں سے بنائی ہوئی شراب

فُقاعه: :آبلہ دار، چھالے دار، پھپھولے دار

فُقاعی: فقاع فروش

فَقاہت: (ع) اسلامی فقہ کا علم

فقد: (ع) فقدان

marfat.com

فُقدان:(ع) غیر موجودگی، نہ ہونا، عدم، احتیاج، قلت، محتاجی

سرما فقدان حرارت است:موسم سرما میں حدت نہیں ہوتی

فقدان استقلال:استقلال کا نہ ہونا

فقر:(ع) غربت، مفلسی، تنگ حالی، تنگ دستی، افلاس، درویشی

فشار فقر:افلاس کا دباؤ

فُقَرا:(ع) فقیر کی جمع، مفلس لوگ، تنگ دست لوگ

فِقرات:(ع)فقرہ کی جمع

فقرالدّم:(ع) خون کی کمی

فَقرہ:(ع) ریڑھ کی ہڈی

فقط:(ع) صرف

فقط چیزی کہ گفت این بود:صرف وہ چیز جس کا اس نے ذکر کیا یہ تھی

فقط خواتین را راہ می دہند:صرف خواتین کو آنے کی اجازت ہے

فقط و فقط:بس یہی، اور کچھ نہیں

فِقہ:(ع) شرعی مسائل کا علم، علم دین، شرعی قانون

فُقَہا:(ع) فقیہ کی جمع، جنھیں شرعی مسائل اور احکام کا علم ہو

فقید:(ع) گم شدہ، غیر موجود

فقید المثال:جس کی مثال نہ ہو

فقید النظیر:(ع) بے نظیر، جس کی کوئی نظیر نہ ہو

فقیر:(ع) غریب، محتاج، تنگ دست، حاجت مند، عاجز، درویش

فقیری دم در است:ایک فقیر دروازے پر ہے

فقیر شدن:مفلس، محتاج ہو جانا

این بندہِ فقیر:یہ عاجز شخص، بندہ ناچیز

فقیرانہ:غریبانہ، محتاجوں کی طرح، عاجزی سے

فقیرہ:مونث فقیر

فُقری:غریبی، مفلسی، محتاجی، درویشی

فقیہ:(ع) احکام شریعت کا عالم، اسلامی آئین و قوانین کا عالم (فقہا جمع)

فک:(ع)(۱)جبڑا (۲)جدا ہونا یا کرنا، دو باہم ملی ہوئی چیزوں کا جدا ہونا

فک ارتباط:(ع) رابطوں کا کٹ جانا

فک اسفل:(ع) دہن کے نچلے حصے کی ہڈی

فک اضافت:اضافت کی علامت چھوڑ دینا

فکِ اعلی:دہن کے اوپر کے حصے کی ہڈی

فُک:مہر

فکاک:(۱)واپس لینا، پھر سے حاصل کرنا (۲)فدیہ دے کر رہائی کرانا، آزادی دلانا

فُکاہت:(ع) ہنسی مذاق، شوخی، خوش طبعی

فُکاہی:(ع) مزاحیہ، ہنسی مذاق پر مبنی، شوخی، شوخی نما

روز نامہ فکاہی:مزاحیہ اخبار، جس کے زیادہ تر مضامین ہنسی مذاق سے متعلق ہوتے ہیں

فکاہیات:مزاحیہ کہانیاں، مزاحیہ مضامین (جمع فکاہی)

فِکر:(ع) سوچ، غور، خیال

فکر بِکر:نیا خیال

فکرش را نمی توانم بکنم:میں اس کے متعلق سوچ بھی نہیں سکتا

فکر کردن:سوچنا، غور کرنا

فکری بخاطرم خطور کرد:ایک خیال میرے ذہن میں آیا

بفکر انداختن:کسی کو سوچ میں ڈالنا

بفکر رفتن:غور و فکر کا آغاز کرنا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

در فکر کار خود باش: اپنے کام ہی کی طرف توجہ دو

در فکر کسی بودن: کسی کے متعلق سوچنا

ہیچ در فکرم نبود: مجھے اس کے متعلق خیال نہیں تھا

فِکرَت: (ع) سوچ بچار، غور و فکر کی صلاحیت

فِکری: ذہنی، سوچ بچار سے متعلق

فکری شدن: سوچ کا آغاز کرنا

کار فکری: ذہنی کام

فکز: بخاری جس سے دھواں خارج ہوتا

فکسَنی: ٹوٹ پھوٹ، شکست، ریخت، شکستہ حالی، خستہ حالی، زوال، کہنہ، پرانا، خستہ

فُکل: کالر

فکل زدن: کالر پہننا یا لگانا

فکلی: کالر لگائے ہوئے، بھڑک دار مگر محض سطحی لباس پہنے ہوئے، لباس جو جاذب نظر تو ہو لیکن قدر و قیمت کے لحاظ سے معمولی ہو

فُکنَت: (ع) افسوس، پشیمانی

فکور: (ع) گہرے غور و فکر کے قابل

او شخص فکوری است: وہ مفکر یا صاحب فکر شخص ہے، حکیم یا فلسفی ہے

فکوک: جمع فک

فکہ: (ع) فقیروں یتیموں کا دستر خوان، فقیروں کا پیالہ

فکی: (ع) جبڑے سے متعلق، جبڑے کی ہڈی کے متعلق

فکیف: (ع) (۱) پس کس طرح

فَگار: افگار، زخمی، گھائل، پریشان، مجروح، دل افگار، پریشان دل

فِگن: افگن، افگندن، گرانا سے فعل امر، گراؤ، پھیلاؤ

فگندن: افگندن، گرانا، پھیلانا

فگانہ: بچے کی نشو و نما کا مکمل نہ ہونا پیٹ میں حمل گرنا، اسقاط حمل ہونا

فُلّ: (ع) چنبیلی جیسا پھول

فَلات: (ع) وسیع و عریض صحرا ویران اجاڑ جگہ، ریگستان، (فلوات جمع)

فلاح: (ع) نجات، رہائی، رستگاری، اصلاح حال

فلّاح: (ع) کاشتکار، کشاورز، کھیتی باڑی کا کام کرنے والا

فلاحَت: (ع) کاشتکاری، کھیتی باڑی کا کام، زراعت

فلاحت کردن: کاشت کرنا

فلاحتی: زراعت سے متعلق

آلات فلاحتی: کھیتی باڑی سے متعلق آلات

فلاخان، فلاخن: گوپیا جس میں پتھر رکھ کر پھینکتے ہیں، سنگ اندازی کا آلہ

فلاد: بیہودہ، بے فائدہ، عبث

فلاسفہ: فیلسوف کی جمع، فلاسفر، علم حکمت کے ماہر

فلاسنگ: فلاخن، گوپیا جس سے دشمن پر سنگ اندازی کی جاتی ہے

فلاطون: افلاطون، مشہور یونانی فلسفی

فلاکت: بد نصیبی، بد بختی، بد حالی، پریشان حالی، مفلسی، بیچارگی، فلک زدگی

فُلان: شخص غیر معلوم کا اشارہ

می گفت فلاں چیز را برای من بخر: وہ کہتا تھا فلاں چیز (نا معلوم) میرے لیے خریدنا

خیری کن ای فلاں و غنیمت شمار عمر: تم (جسے میں کہنا چاہتا ہوں) نیکی کرو اور زندگی کو غنیمت سمجھو

فلانل: فلینل، فلالین، ایک قسم کا نرم و لطیف کپڑا

فُلانی: فلاں

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فلاوَہ: سرگشتہ، سرگردان، حیران، پریشان

فلتات: غلطیاں، قلم کی لغزشیں

فلج: فلجم، دروازہ بند کرنے کا بولٹ یا زنجیر، قفل

فلج: (ع) فالج

فلج کردن: فالج ہونا

فلغ: (ع) آغاز، ابتدا

فلخُور: بنولے

فلخیدن: کپاس سے بنولے جدا کرنا

فلخیدہ: کپاس جس سے بنولے جدا کر دیے گئے ہوں

فلرز: سامان خور و نوش جو مجلس عروسی سے دسترخوان وغیرہ میں باندھ کر لے جاتے ہیں

فِلزّ: (ع) دھات

آہن فلز مفیدی است: لوہا مفید دھات ہے

شبہ فلز: دھات نما

فن استخراج و قال کردن فلزات: عام دھاتوں کو صاف کرنے کا فن

مبحث فلزات: فلزاتیات، علم فلزات، وہ علم جس میں دھاتوں کی ساخت کا ذکر ہو

فلز آلات: آلات آہنی، دھات کے آلات

فلز شِناس: دھاتوں کے علم کا ماہر، دھاتوں کو صاف کرنے کا ماہر

فلزی: دھات کا بنا ہوا

مسکوکات فلزی: دھات کے سکے

فَلس: دھات کا معمولی قیمت کا سکہ، پول سیاہ، پیسہ وغیرہ (فلوس جمع)

فَلسطین: ملک جو ترکی کے زیر سلطنت اور نگرانی میں کافی عرصہ رہا تھا، فلسطین میں یہودی چوری چھپے انگریزوں کی مدد سے اپنی بستیاں بساتے گئے اب تو وہاں ان کا تسلط ہے

فلسَفہ: (ع) حکمت، مسائل علمیہ میں غور و فکر، علم جو حقائق اشیا اور ان کے وجود کے اسباب پر بحث کرتا ہے

فلسفہ استقرائی: حکمت استخراجی یا استنباطی،

فلسفہ بافی: بناوٹی فلسفہ

فلسفہ صُوریہ: فلسفہ اسمیت، فلسفے کا یہ مسئلہ کہ کلیات یا مجرد تصورات کا فقط نام ہی نام ہے، اور یہ حقیقی وجود نہیں رکھتے

فلسفہ غلط: سوفسطہ

فلسفہ گفتن: حکمت کے انداز میں بات کرنا، کسی مسئلے کو فلسفیانہ بنانا

فلسفی: فلسفہ سے متعلق، دلائل فلسفی، فلاسفر

فلسفیات: حکیمانہ یا فلسفیانہ علوم (فلسفی کی جمع)

فلشک: چھوٹا پیالہ، کوزہ کوچک

فِلفل: پلپل: مرچ

فلفل ابیض، و فلفل سفید: سفید مرچ

فلفل دراز: لمبی مرچ

فلفل ترشی: پسی ہوئی سرخ مرچ

فلفل فرنگی، فلفل قرمز: سرخ مرچ

فلفل مبین چہ ریز است بشکن ببین چہ تیز است: یہ مت دیکھ کہ مرچ چھوٹی سی ہے توڑ اور چکھ کر دیکھ کہ یہ کیسی کاٹتی ہے

فلفل دار: جس میں مرچیں ہوں

فلفل دان: مرچوں کا ڈبا

فلفلی: (۱) جس میں مرچیں ہوں (۲) بہت تیز

فَلَق: (۱) سپیدہ، سحر، صبح کی روشنی، چیرنا (۲) درہ، پہاڑ کا شگاف (۳) مخلوق عالم

فلقمونیا: دنبل، پھوڑا، پھنسی، گلٹی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فلغمونیائی: دنبلی، جس کے دنبل یا پھوڑا ہو
فِلقَہ:: برگ، بیج، پتی کسی چیز کا نصف، نصف حصہ جو شگاف کرنے سے الگ ہوا ہو، کوئی چیز جسے چیر کر دو حصوں میں تقسیم کر دیا جائے
فلقی: بیج، پتیاں
فلک: آسمان، کرہ آسمانی، فلک سے منسوب، قسمت، مدار
فلک اعظم:: سب سے اونچا آسمان
فلک با من چہ بازی کردی: فلک یا قسمت آخر تو نے میرے ساتھ کیا کھیل کھیلا
فلک زدی: آفت، مصیبت، ادبار، بدبختی
فلک قمر: چاند کا مدار
فُلک: (ع) بادبانوں والی کشتی
فلَک: لکڑی جس کے درمیاں میں رسی بندھی ہوتی ہے اورمجرم کے پاؤں میں باندھ کر اسے کوڑے مارے جاتے ہیں
فلک کردن:: مجرم کو تلووں پر ڈنڈے مارنے کی سزا دینا
فلک الافلاک: عرش
فلک زدگی: بد بختی، بد نصیبی، فلاکت، بے بسی
فلک زدہ: بد بخت، مصیبت زدہ
فلک وش: آسمان کی طرح، آسمانی، فلکی، سماوی
فلکہ: تکلے کا گھومنا
فلکی: (۱) آسمانی، سماوی (۲) نجومی ستارہ شناس
فلکیات: علم ہئیت، احوال عالم، سر گذشت کائنات، جہاں نگاری
فلماخَن: فلاخن، سنگ انداز گوپیا
فلمنک: ہالینڈ، ڈچ زبان
فلمنکی: ڈچ زبان
فلوات: (ع) فلات، وسیع و عریض ویران جگہ ریگستان
فلوت: (انگ) فلوٹ، منہ سے بجانے کا ساز، بانسری، مرلی، نے
فلوس: تانبے کے چھوٹے سکے (فلس کی جمع)
فلِہذا: بنابریں، لہذا
فلہ: گائے یا بھیڑ کے بچہ پیدا ہونے کے بعد کا اولین دودھ
فلیو: فلیوہ، فلاد، بیکار، فضول، بیہودہ
فم: (ع) منہ، دہن، دہانہ
فمی: (ع) دہن سے متعلق
فن: (ع) ہنر، جوہر، علم کی ایک شاخ، طور طریقہ، مکر، چال، فریب
فن خوردن: فریب کھانا
فن زدن: چال چلنا، فریب دینا
فنا: (ع) موت، تباہی، زوال، معدوم ہونا
فنا پذیرفتن، فنا شدن: دنیا سے رخصت ہو جانا
فنا کردن: تباہ کر دینا
دارفنا: فانی دنیا
محکوم بفنا: فنا کے بندے، فانی، فنا ہو جانے والے
فنّاً: فن کے اصول سے
فنا پذیر: فانی، فنا ہو جانے والا
فنا پذیری:: فنا ہو جانا، کالعدم ہو جانا
فنادق: (ع) فندق کی جمع، کاروانسرائے، مہمان خانہ
فنار: روشنی کا مینار، بحری فانوس
فنّان: (ع) صاحب فن، ہنر مند، نیز بمعنی گورخر
فنانا پذیر: جسے فنا نہیں، غیر فانی، باقی رہنے والی چیز جو ہمیشہ کے لیے کسی کی یادگار رہ جائے
فنا نا پذیری:: بقا، جسے فنا نہ ہو
فنج: جسے ہرنیا کا مرض ہو
فنجار: بخار جس میں کپکپی طاری ہو جاتی ہے
فنجان: پیالی چائے کی

marfat.com

فنجان چای خوری: چائے کی پیالی

فنجان قہوہ خوری: قہوے کی پیالی

روزی سہ فنجان چائے: دن میں تین پیالے چائے

فنجان باز: شعبدہ باز

فنجان بازی: پیالوں اور گیندوں سے کھیل کا مظاہرہ

فنجانی: پیالی کی طرح

فنجیدن: جمائی اور انگڑائی لینا

فند: (۱) ہوشیاری، چالاکی، کاریگری، حیلہ، دروغ، جھوٹ

فندق: کاروانسرائے، مہمان خانہ، فنادق جمع

فُندُق: ایک مشہور میوہ جو اخروٹ سے قدرے چھوٹا ہوتا ہے اس کا مغز اخروٹ اور بادام کی طرح کھاتے ہیں،

فندق شکن: فندق کی گٹھلی توڑنے والا

فندک: چقماق، جس میں آگ کی خاصیت ہوتی ہے

فندول: لٹکن، لنگر، شاقول، رقاصۂ ساعت، پنڈولم

فنَر: سپرنگ، کمانی

شاہ فنر: بڑا سپرنگ

فنر ساعت: گھڑی کی کمانی

فنری: جس میں کمانی ہو، جس میں لچک ہو

پولک فنری: کمانیوں کو صاف کرنیوالا

ترازوی فنری: کمانی دار ترازو

خاصیت فنری: جس میں لچک کی خاصیت ہو

فنک: ایک صحرای جانور جو لومڑ سے چھوٹا ہوتا ہے، اس کی کھال سے لباس کا استر بناتے ہیں یا پوستن بناتے ہیں

فنَک: فوجی پریڈ کی اصطلاح مثلاً:

پیش فنک: اسلحہ سامنے رکھو

دوش فنک: اسلحہ کندھے پر رکھو

فنگ: بیچارہ، درماندہ

فلن: درخت کی شاخ

فُنُو: مغرور، متکبر، فریفتہ

فُنُودن: غرور کرنا، آرام کرنا، توقف کرنا

فنودہ: مغرور، فریفتہ

فنور: جدائی، کہیں دور ہو جانا

فنون: (ع) فن کی جمع

فنی: فن سے متعلق

اصطلاحات فنی: فن سے متعلق، اصطلاحات

فنیکہ: اہل فنشیا، فنشیا کے رہنے والے

فنیکی: فنشیا کا باشندہ

فوات: (ع) وقت کا گزر جانا، فوت ہو جانا

موت الفوات: اچانک موت آنا

فواتِح: (ع) فاتحہ کی جمع، دیکھیے فاتحہ

فواحِش: (ع) فاحشہ کی جمع، بد کار عورتیں

فواد: (ع) دل، قلب

فوادی: (ع) قلبی

فوارہ: (ع) چشمہ، وہ جگہ جہاں سے پانی ابھر کر نکلے

فوارہ چو بلند شود سرنگوں شود: فوارہ ابھر کر بلند ہوتا ہے تو آخر وہ (قطرہ قطرہ کی صورت میں) نیچے آ گرتا ہے

فواصِل: (ع) فاصلہ کی جمع

فواق: (ع) (۱) ہچکی، سکسکہ (۲) آخری سانس موت کی تکلیف، سوہان روح

فواق کردن: ہانپنا، سانس پھول جانا، دم دے دینا

فواکہ: (ع) فاکہہ کی جمع، پھل، خشک میوہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فوائد:(ع) فواید، فائدہ کی جمع، فائدے

سفر فوائد بسیاردارد: سفر کے بہت فائدے ہوتے ہیں

وزارت فوائد عامہ: عوام کے فلاح و بہبود کے کاموں کی وزارت

فوت: موت، نیست و نابود، معدوم، دنیا سے رخصت ہونا، مرگ، ضائع

فوت کردن: دنیا سے رخصت ہونا

فرصت را چرافوت کردید: فرصت کو تم نے ضائع کیوں کیا

وقت فوت شد: آخری وقت آ گیا

فُوت: پھونک

فُوت کردن: پھونکنا، سانس پھونکنا

توی چشمش فوت کرد: اس نے اس کی آنکھوں میں پھونکا

فوت کاسہ گری: ہنر، کام کرنے کا سلیقہ، پیالے بنانے کا ہنر

فُوت: فٹ (انگریزی) پاؤں

فوتبال: فٹ بال، توپ بازی

فُوت فوتک: بچوں کی سیٹی، سادہ سی بانسری

فُوتک: بانسری، نے

فُوتوی: کرسی جس کے بازو ہوں، آرام کرسی

فُوتہ: تولیا، رومال

فَوتی: امتداد زمانہ، وقت کا گزرنا

فوج: لشکر، سپاہ، جماعت، گروہ

فوج فوج: ہجوم

مرد ماں فوج فوج آمدند: لوگ ہجوم کی صورت میں آئے

فوجدار: کمانڈر، فوج کے ایک حصے کا کمانڈر

فوجی: فوج سے متعلق

فور: جلدی، سُرعت

علی الفور: جلدی، فوراً

فوراً: بہت جلد، اسی وقت

فوراً بہ طبیب مراجعہ کنید: بہت جلد ڈاکٹر سے رجوع کریں

فَوَران: جوش، ابال، جوشیلاپن، آپے سے باہر ہونا

فورانی: پھوٹ نکلنے والا ابلنے والا

فوردگان: آبا نماہ کا آخری دن جب زرتشی جشن مناتے ہیں

فورمول: فارمولا (انگ)

فوری: بہت جلد، فوراً، نہایت ضروری

اقدام فوری بعمل آورید: فوراً ہی کوئی اقدام کرو

فوریہ: ضروری

فوریت: فوری، فوراً

فَوز:(ع)(۱)فتح، کامیابی، ظفر مندی (۲)رہائی، نجات، رستگاری

فوژان: فریاد و فغاں کی بلند آواز

فوسفور: فاسفورس

فُوطہ: فوتہ

فُوفل: سپاری، چھالیا

درخت فوفل: چھالیا کا درخت

فَوق:(ع) اوپر کا حصہ، چوٹی، بالا، اوپر

فوق طبیعت: جو فطری قوتوں سے بالاتر قدرت کا نتیجہ ہو اور علت و معلول کے کاموں سے آزاد ہو، فوق الفطرۃ

marfat.com

مبالغ مذکورہ در فوق: مذکورہ بالا رقم

مذکورہ در فوق: مذکورہ بالا

فوقاً: (ع) اوپر، بالا

بطور یکہ فوقاً گفتہ شد: جیسا کہ اوپر ذکر آیا ہے

فوق التصوّر: (ع) تصور سے بالا، جو بات تصور میں نہ آسکے

فوق الجِلد: (ع) جلد کا بالائی حصہ

فوق الجلدی: (ع) جلد کے بالائی حصے کے متعلق

فوق الحد: (ع) حد سے بالاتر

فوق الطاقت: (ع) جسے برداشت کرنا بس میں نہ ہو

فوق العادہ: (ع) غیر معمولی، معمول سے زیادہ

خرج فوق العادۃ: غیر معمولی خرج

فوق المامول: (ع) امید سے بالا

فوق المِعدہ: (ع) شکم کا وہ حصہ جو معدے سے بالکل ملا ہوتا ہے اور اس کے اوپر ہوتا ہے

فوقانی: (ع) اوپر کا

طبقہ فوقانی: اوپر کی منزل، بالائی منزل

فوقی: (ع) بالائی حصہ

فُول: (ع) باقلہ، لوبیا

فُولاد: پولاد، ایک اعلیٰ قسم کا لوہا، بہت سخت، بہت کڑا اور مضبوط لوہا

فُوم: گندم، چنا

فونو گرافی: (انگ) اصول ضبط صوت

فہ: (۱) جو شخص بات کرنے میں درماندہ ہو، ٹھیک طرح بات نہ کر سکے

فہارِس: (ع) فہرست کی جمع

فہام: فہیم، بہت ذہین، زیرک، دانشمند

فہامت: سمجھنا، معلوم کرنا

فہامہ: بہت دانشمند

فہانہ: فانہ، زنجیر، پھانا، پھانا نما چیز

فہد: (ع) چیتا، پلنگ

فِہرس، فہرست: (ع) وہ ورق جس میں موضوعات اور صفحات درج ہوں

فہرست کتب: کتابوں کے نام

فہرست کتب مربوط: کتابیات، کتابوں کے مضمون اور مختلف نسخوں وغیرہ کی فہرست

فہرست کردن: چیزوں وغیرہ کی علی الترتیب تفصیل

فہرست مندرجات: مندرجہ چیزوں کے ناموں کی فہرست

فہرست مَوجودی: اشیائے مندرجہ کی فہرست

فہرست مُدوّن: حروف تہجی کے حساب سے بنائی گئی فہرست

فَہل: (ع) فراخ، کشادہ

فہم: (ع) سمجھ، دانائی، عقل

فہم کردن: سمجھنا، ادراک کرنا، ذہن یا تصورمیں لانا

با فہم: فہیم، دانا، ذہین

فُہَما: (ع) جمع فہیم

فہماندن، فہمانیدن: سمجھانا، ہدایت کرنا، فصاحت کرنا، تعلیم دینا، دل نشین کر دینا

آیا مقاصد خودرا بفارسی صحیح بفہمانید: کیا تم اپنے مقاصد کو صحیح فارسی میں واضح کر سکتے ہو

نتوانست آن مطلب را بمن بفہماند: وہ اپنی بات مجھ پر واضح نہ کر سکا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فہم دار: فہیم، سمجھدار، دانا، عاقل

فہمیدگی: ذہانت، سمجھ، شعور

فہمیدن: سمجھنا، ادراک کرنا، تصور میں لانا

فہمیدہ: (۱) عقل مند، دانا، عاقل، ذہین (۲) سمجھا ہوا

او آدم فہمیدہ است: وہ دانا شخص ہے

فہیم: (ع) با فہم، ذہین، عاقل، دانا، فرزانہ، دانشمند

فہیمی: ذہانت، سمجھ، ذکاوت، فہم

فی: (ع) در، درون، میں، دوران، ظرف زمان و مکان

فی امان اللہ: کلمہ رخصت، خدا حافظ

فی پنجم ماہ رمضان: ماہ رمضان کی پانچ تاریخ کے دوران

فی سبیل اللہ: خدا کی راہ میں

فی مابین: درمیان

پنج جلد کتاب فی یک صد روپیہ: پانچ کتابیں جن میں سے ہر ایک کی قیمت ایک سو روپے ہے

پنج فی صد: سو میں سے پانچ

فیار: شغل، کام، پیشہ

فیاض: (ع) سخی، عالی ہمت، کشادہ دل، کشادہ دست، فیض رسان، کریم، کریم النفس

فیاض مطلق: اللہ تعالی کی صفت

فیال: آغاز، ابتدا

فی البدیہہ: غور و تامل کیے بغیر

فی الجملہ: مختصر یہ کہ

فی الحال: اس وقت

فی الحقیقت: در حقیقت، در اصل، حقیقت یہ کہ

فی الفور: جلدی، فوراً

فی المثل: مثلاً، مثال کے طور پر

فی المجلس: مجلس میں، اسی وقت

فی نفسہ: اپنی ذات سے

فی الواقع: واقعاً، در حقیقت

فیثا غورث: یونانی فلسفی، علم ہندسہ کا بانی سمجھا جاتا ہے (۵۲۹ - ۵۸۲ ق م)

فیثا غورثی: فیثا غورث سے منسوب

فیا وار: شغل، کام، پیشہ

فیح: خوشبو سونگھنا

فیر: شوخی، تمسخر، استہزا،

فیروز: فاتح، ظفر مند، منصور، کامیاب، موفق

فیروز شدن: فتح حاصل کرنا، کامیاب ہونا

فیروز بخت: خوش نصیب، خوش بخت

فیروزج: (ع) فیروزہ، ایک قسم کا آسمانی رنگ کا جواہر

فیروز روز: خوش بخت، جس کی زندگی خوشحالی میں گزرے

فیروز کوہ: تہران کے شمال مشرق میں ایک پہاڑ کا نام

فیروز مند: فاتح، کامیاب، کامران

فیروز مندی: فتح، کامیابی، کامرانی

فیروزہ: ایک قسم کا آسمانی رنگ کا قیمتی جواہر جسے انگشتری میں نصب کیا جاتا ہے، یہ جواہر خوش قسمتی کی علامت سمجھا جاتا ہے

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فیروزہ رنگ: فیروزی رنگ کا

فیروزی: فیروزمندی، فتح مندی، فتح و ظفر، کامیابی، کامرانی، خوش بختی

فیِریدن: ٹہلنا، نازو انداز سے چلنا، کبر و ناز سے چلنا، (۲) تمسخر کرنا

فیرندہ: نازو ادا سے چلنے والا، تکبر سے چلنے والا

فیزیک: فزکس، علم طبیعیات

فیِس: (۱) پھولنا (غرور سے) (۲) مایہ فخر، غرور (۳) ڈینگ، شیخی، فیس کردن، فخر و ناز سے پھولنا

فیِسا: طاؤس، مور

فیِش: سن سن، زن زن، سائیں سائیں کی آواز

فیش کردن: سن سن کی سی آواز پیدا کرنا

فیِش فیشک – فیش فشہ: راکٹ

فَیصل: ثالثی، فیصلہ پنچاتی فیصلہ، وہ فیصلہ جو بذریعہ حَکَم ہوا ہو

فیصل دادن: فیصلہ کرنا

فیصلہ: تصفیہ، انصاف

فیصلی: ثالث، جج، منصف، حَکَم

فیض: فیاضی، سخاوت، عطیہ، بخشش، بھلائی، فیوض جمع

فیضِ حق: اللہ تعالیٰ کی بخشش

فیض رسان: بخشش کرنے والا

فیض کردن: بخشش کرنا، بھلائی کرنا

از وہِن فیض رسید: اس کے ذریعے میرے لیے بہتری ہوئی

فیض اللہ: اللہ تعالیٰ کا کرم

فیضان: فیض، کثرت، پانی کا فراواں ہونا، لبریز ہو جانا

فیض بخش: فیض رسان، بخشش کرنے والا، سخاوت کرنے والا، سخی، فیاض، بادل کو بھی فیض رسان کہ دیتے ہیں

فِیل: پیل، ہاتھی

فیل دریائی: والرس، دریائی گھوڑا

کار حضرت فیل: نہایت دشوار کام

فیلبان: ہاتھی چلانے والا، مہاوت

فَیلسوف: یونانی سے ماخوذ، حکیم، فلفسی، فرزانہ، حکمت دوست

فیل ماهی: والرس جسے دریائی گھوڑا بھی کہتے ہیں

فیل مرغ: بُو قلمون، رنگ برنگ، طرح طرح کا

فِیل و فِنجان: دو غیر متناسب یا غیر مربوط چیزیں

فیلی: ہاتھی جیسا، ہاتھی کے طور طریقوں والا

فِیلی: ایرانی موسیقی کی ایک سر

فِیما: (ع) درچیز یک، جس چیز میں

فِیما بَین: (ع) مابین، درمیان

فَین: جس کی ناک سے سنک بہتی ہو، رینٹھ

فَین فینی: ناک کی سنک کی وجہ سے سانس کا بھی مشکل سے آنا، جس کی ناک سے سنک بہتی ہو

فِینہ: ترکی ٹوپی

فُیُوض: فیض کی جمع

فیہ: اس میں

فِیہا: اس (خاتون) میں

ق

ق: فارسی ابجد کا چوبیسواں حرف، عربی کا اکیسواں اردو کا ستائیسواں ابجد کے حساب سے اس کے ۱۰۰ عدد ہیں۔

قا آن: ایران کے مغول بادشاہوں کا شاہی لقب، خاقان

قاآنی: ایک ایرانی شاعر میرزا حبیب المتخلص بہ قاآنی (۱۸۰۷-۱۸۵۴ء)

قاب: طباق، تھال، ایک قسم کی چینی کی بڑی پلیٹ،

www.iqbalkalmati.blogspot.com

تصویر کا چوکھٹا، فریم

قابِ ساعت: گھڑی کا خول

قاب عکس: تصویر کا فریم

قاب عینک: عینک کا خول

قاب کردن: فریم بنانا

عکس را قاب کردن: تصویر کا فریم بنانا، چوکھٹا بنانا

قاب: ٹخنے کی ہڈی

قابِ قمر بازی: ایک قسم کا کھیل جو ہڈیوں کے مہروں سے کھیلا جاتا ہے (جوئے کے طور پر)

قاب: فاصلہ، مقدار، اندازہ، کمان کا نصف حصہ

قابِ قوسین: دو کمانوں کے درمیان کا فاصلہ، کنایۂ قرب و نزدیکی

قاب ساز: فریم یا چوکھٹے بنانے والا

قابض: (ع) (۱) قبض کرنے والا، سکیڑنے والا، پختہ تیز، شدید (۲) خشک، عبوس، روکنے والا (۳) قبضہ کرنے والا، پکڑنے والا، لے لینے والا (قابضات جمع)

دوای قابض: قبض کرنے والی دوا

قابض الارواح: روح لے لینے والا، ملک الموت، موت کا فرشتہ، حضرت عزرائیل

قابضیّت: سختی، قبض

قابل: (ع) لائق، ہوشیار، تجربہ کار، اہل، عالم، فاضل

قابلِ اِتّساع: بڑھنے اور پھیلنے کے لائق، وسعت پذیر ہونے کی صلاحیت

قابلِ اجرا: جس پر عمل درآمد ہو سکے

قابلِ ارتعاش: جو مرتعش ہو سکے، تھرتھرانے والا

قابلِ ازدواج: شادی کے لائق

قابلِ استفادہ: جس سے فائدہ ہو سکے، مفید

قابلِ اشتعال: جسے بھڑکایا جا سکے

قابلِ استیناف: قابلِ اپیل

قابل اعتراض: جس پر کسی قسم کا اعتراض ہوتا ہو

قابلِ اکل: کھانے کے قابل

قابلِ امتزاج: جسے ملایا جا سکے، جس سے میل جول ہو سکے

قابلِ امکان: ممکن، جو ہو سکے۔

قابلِ انتفاع: جس سے نفع یا فائدہ حاصل ہوسکے۔

قابلِ انتقال: جسے تبدیل کیا جاسکے۔

قابلِ انحلال: جو حل ہوسکے۔

قابلِ انطراق: لوچدار، اثر پذیر، تشکیل پذیر۔

قابلِ انعکاس: جو عکس پذیر ہوسکے، جس کا عکس لیا جا سکے۔

قابلِ انفجار: بھک سے اڑ جانے والا۔

قابلِ اهتزاز: اہتزاز پذیر، ارتعاش پذیر، جھولنے یا تھر تھرانے والا۔

قابلِ بحث: جس پر مذاکرہ ہوسکے، جس پر تبادلہ خیال ہوسکے۔

قابلِ پرداخت-قابلِ تادیہ: واجب الادا، قابل ادا، جو ادا ہوسکے۔

قابلِ تبدیل: جو بدلا جاسکے۔

قابلِ تحسین: قابل تعریف، قابل ستائش۔

قابلِ تحمّل: جسے برداشت کیا جاسکے۔

قابلِ تحویل: تحویل پذیر، جسے کسی کے حوالے کیا جا سکے۔

قابلِ تخفیف: جس میں کمی کی جاسکے۔

marfat.com

قابل تراکم: جسے دبایا جاسکے، جسے بھینچا جاسکے۔

قابل تردید: جو رد کرنے کے لائق ہو۔

قابل تصوّر: جو تصور یا خیال میں آسکے۔

قابل تعدیل: جس میں مطابقت پیدا کی جاسکے، جسے ترتیب دیا جاسکے، جس میں توازن پیدا کیا جاسکے۔

قابل تعقیب: سراغ پذیر، جسکا سراغ لگایا جاسکے۔

قابل تقدیر: قابل قدر، پسندیدہ، عمدہ۔

قابل تقریظ: قابل تعریف، پسندیدہ۔

قابل تکذیب: جس کی تردید ہوسکے۔

قابل تنفس: جس میں سانس لے سکیں۔

قابل توبیخ: جسے ملامت کی جائے، سرزنش کرنے کے لائق۔

قابل توجّہ: جس پر غور کرنا چاہیے۔

قابلِ حس: جو محسوس ہوسکے۔

قابل حُصول: جو حاصل ہوسکے، جس کا حاصل ہونا ممکن ہو۔

قابل ذکر: جس کا ذکر ہونا چاہیے، لائق تعریف۔

قابل ذُوب: پگھلنے کے قابل

قابل زرع: جہاں کھیتی باڑی ہوسکے۔

قابل سکن: سکونت کے لائق، جہاں قیام کیا جاسکے۔

قابل شُرب: جسے پیا جا سکے۔

قابل صرف: جسے خرچ یا استعمال کیا جاسکے، تصریف پذیر۔

قابل عبور: جہاں سے پار اترا جاسکے۔

قابل فُروش: فروخت کے قابل۔

قابل فہم: جو سمجھ میں آسکے۔

قابل قبول: قبول کرنے کے قابل، جسے قبول کیا جاسکے، جس کی مقبولیت ہو۔

قابل معاشرت: جس میں ملنساری ہو جو صحبت پسند ہو۔

قابل ملاحظِہ: غور کرنے کے قابل۔

قابل نفوذ: جسے نافذ کیا جاسکے، جو رائج ہوسکے۔

قابل نقض: جسے منسوخ کیا جاسکے۔

قابل ھضم: سہل الھضم، جو آسانی سے ہضم ہو جائے۔

قابل ھیچ گونہ تغییرنیست: کسی قسم کی بھی تبدیلی کے لائق نہیں، اس میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں ہو سکتی۔

قابِلگی: دایہ کا کام۔

قابلگی کردن: دایہ کا کام کرنا۔

علم قابلگی: دایہ کے کام کا عمل جاننا۔

مُتخصِص علم قابلگی: دایہ گیری کے علم میں مہارت رکھنے والی۔

قابَلمَہ :(ت)خوراک کا بڑا برتن یا جس میں کوئی چیز پکاتے ہیں۔

قابِلہ: (ع)دایہ۔

قابِلہ: وصول کرنے والا۔

قابلیت: لیاقت، استطاعت، موزونیت، اہلیت، کارگزاری، صلاحیت۔

قابُوس: طبرستان کے حکمران و شمگیر کابیٹا، خوبرو۔

قابیل: حضرت آدم کے بیٹے کا نام جو ہابیل کا بھائی تھا، ہابیل اسی کے ہاتھوں مارا گیا۔

قاپ: قاب۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

قاپ: قاپیدن دیکھیے۔

قاپ زدن: قاپیدن دیکھیے۔

قاپلامہ: قابلہ، دایہ۔

قاپُو: (ت)دروازہ، در، بڑا دروازہ، پھاٹک۔

قاپوچی: (ت)دربان، دروازے کا محافظ۔

قاپیدن: چھین لینا، پکڑ لینا، ہتیا لینا، چرالینا۔

قات: خطرے سے محفوظ، گریز، تنہائی، رہائی۔

قاتر: قاطر، خچر۔

قاتِق: کوئی چیز جو روٹی کے ساتھ کھائی جائے مثلاً دہی، پنیر وغیرہ۔

قاتِل: (ع)قتل کرنے والا۔

قاتل رابہ دار آو یختند: قتل کے مجرم کو تختہ دار پر لٹکا دیا گیا۔

قاتلِ نفس: خودکشی کرنے والا

قاقِمہ: (۱)معمولی درجے کا کھردرا اونی دھاگا(۲)بوری، تھیلا بننے والا سیبا۔

قاتولیک: کیتھولک، عیسائیوں کا ایک مسلک۔

قاتولیکون: کیتھولک مسلک کے پیرو۔

قاتی-غاتی-غاطی: (ت)ملا ہوا، آمیختہ۔

قاتی کردن: ملانا، آمیختہ کرنا۔

قاتی پاتی-قاتی واتی: مختلف النوع چیزوں کا مجموعہ۔

قاج: قاش خربوزے وغیرہ کا ٹکڑا۔

قاچار: (ت)ترک قبیلے کا نام جس نے ایران میں قاچاری حکومت قائم کی۔

قاچاریہ: (ت)قاچارخاندان کی حکومت جو آغا محمد خان قاچار نے ۱۷۷۹ء میں قائم کی، جسے پہلوی خاندان نے ۱۹۲۵ء میں ختم کیا۔

قاچاق: (ت)ممنوعہ تجارت، سملنگ۔

اجناس قاچاق: جو چیزیں سمگل کرنے کے لیے لائی گئی ہوں۔

قاچاق کردن: سمگل کرنا، خفیہ طور سے ممنوعہ چیزیں لانا۔

غالباً بطور قاچاق جنس وارد می کرد: غالباً وہ خفیہ طور سے ممنوعہ چیز لاتا تھا۔

قاچاقچی: سمگلر، خفیہ طور پر ممنوعہ تجارت درآمد یا برآمد کرنے والا۔

قاچاقی: (ت)خفیہ طور کی ممنوعہ تجارت، سمگلنگ۔

قادات: (ت)قائد کی جمع الجمع۔

قادِح: (ع)الزام لگانے والا، بد زبان، عیب جو۔

قادِر: (ت)قدرت والا، صفاتی نام اللہ تعالیٰ، زور آور، توانا۔

قادر بودن: کسی کام کے کرنے کی قدرت رکھنا، صلاحیت رکھنا۔

قادر مطلق: قادر علی الا طلاق، سب کائنات پر قدرت رکھنے والا، خداوند تعالیٰ۔

قادِس: (ت) (۱)جہاز، (۲) قادز یا قدیز، ہسپانیہ کا ایک شہر۔

قادِسِیہ: (ع) ایک شہر جہاں عربوں اور ایرانیوں کی فیصلہ کن جنگ ہوئی تھی۔

قادِم: (ع) (۱)آنا، پہنچنا (۲)آنے والا، مسافر جو سفر سے واپس آگیا ہو۔

قاذورات: (ع)قاذورہ کی جمع، برے کام، فاحش گناہ، کارہای زشت۔

جزو قاذورات بودن: برے کاموں میں آلودہ ہونا، بیکار ہونا۔

قاذورہ: (ع)گناہ فاحش۔

marfat.com

قار: (ع)مادہ جو مٹی کے تیل سے نکلتا ہے، تارکول، رال، قیر۔
قارِب: (ع)کشتی، قوارب جمع۔
قارپُوز: ہندوانہ، تربوز۔
قارت و قُورت: بھاگ دوڑ، شور و غل، چیخ و پکار، ہنگامہ، بہت ہل چل، اضطراری حرکات، گھبرا دینا، پریشان کردینا۔
قارچ: (ت)کھمبی، سماروغ، فطر، ککر متا، کھمبی کی وہ اقسام جو کھائی جاتی ہیں، ایسی چیزیں جو زمین میں دفعتہً پیدا ہو جائیں۔
قارچ کش: سماروغ یا کھمبی کو ضائع کردینے والا مادہ۔
قارچی: کھمبی سے متعلق۔
قارِش مِیش: درہم برہم۔
قارِعَہ: (ع)(۱)مصیت (۲)قیامت۔
قار قار-قارغار: کائیں کائیں کی آواز۔
کلاغ قارقار می کند: کوا کائیں کائیں کرتا ہے۔
قار قاول: تیتر، دراج۔
قارِن: شاہنامہ فردوسی کا ایک سورما، عالی ہمت، مرد میدان۔
قارورِہ: پیشاب۔
قارون: ایک بہت بڑے دولتمند بخیل کا نام جو حضرت موسٰیؑ کی بددعا سے مع اپنے خزانوں کے زمین میں دھنس گیا۔
قارونی: قارون سے متعلق، قارون جیسا۔
دولت قارونی: بہت زیادہ دولت۔
قارِہ: (ع)براعظم، قطعہ۔
قارہ ای: براعظم سے متعلق۔
قاری: (ع)پڑھنے والا، قرات کے ساتھ قرآن شریف پڑھنے والا، قارئین جمع۔

قارئین: (ع)پڑھنے والے۔
قاز۔غاز: مشہور پرندہ ہنس جس کی ٹانگیں لمبی ہوتی ہیں۔
قازا یاغی-قازیاغی: ایک قسم کا پودا جس کے پتے ہنس کے پاؤں جیسے ہوتے ہیں۔
قاز چران: ہنسوں کا نگہبان۔
قاز غان-قزغان: دیگ جس میں چاول پکائے جاتے ہیں۔
قازیاغی: دیکھیے قازا یاغی۔
قاس: (ع)اندازہ۔
قاسِط: (ع)جابر، ستمگار، ظالم، راہ حق سے منحرف۔
قاسِم: (ع)تقسیم کرنے والا، حضرت امام حسین(رض) کے فرزند کا نام۔
قاسمُ الارزاق: (ع)رزق تقسیم کرنے والا، خداوند تعالی۔
قاسم الصّدر: (ع)غشائے وسطی، ایک جھلی جو پھیپھڑوں کے درمیان ہوتی ہے۔
قاسی: (ع)سخت، سخت دل، سنگدل بے رحم۔
قاش: (ت)ٹکڑا، کٹا ہوا، خربُوزے وغیرہ کا ٹکڑا۔
قاش خوردن: کٹا ہوا ٹکڑا کھانا۔
قاش زین: گھوڑے کی کاٹھی کا اوپر کو اٹھا ہوا حصہ۔
قاش کردن: کاٹ کر ٹکڑے کرنا۔
قاش: ترکی میں اس کا معنی ابرو ہے۔
قاشُق: (ع)چمچہ۔
قاش قاش: کٹے ہوئے ٹکڑے، ٹکڑے ٹکڑے۔
قاشُقک: (ع)سخت لکڑی یا ہاتھی دانت کے بنے ہوئے آلات جو ناچتے وقت بجانے کے کام آتے ہیں،چوبی جھانجھ، چوبی مجیرے۔
قاشقی: (ت)چمچہ نما۔
قاص: (ع)قصہ گو، کہانی یا بیان نقل کرنے والا، ناقل۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

قاصِد:(ع)پیغام لانے لے جانے والا، ایلچی، ڈاکیا۔

کاغذ را بو سیله قاصد فرستاد:خط اس نے قاصد کے ذریعے بھیجا۔

قاصدی:پیغام لانے لے جانے کا کام۔

قاصِر:(ع)کوتاہی کرنے والا، مجبور، معذور، بے بس۔

قاصر آمدن:فرض کو ادا کرنے میں ناکام ہونا۔

از انجام آن کار قاصر آمد:اس کام کو انجام دینے میں وہ ناکام رہ۔

عقل انسانی از درک آن قاصر است:انسانی عقل اسے سمجھنے میں بے بس ہے۔

قاصر البیان:(ع)جو بیان میں وضاحت نہ کرسکے۔

قاصِرہ:(ع)قاصر کی مونث۔

قاصرالید:(ع)چھوٹے ہاتھ والا، کمزور۔

قاصی:(ع)دور، بہت زیادہ فاصلے پر۔

قاصِیہ:قاصی کی مونث۔

قاضی:شریعت کی رو سے فیصلہ دینے والا، جج، منصف۔

قاضی عسکر:فوج کا ازروئے شریعت فیصلہ دینے والا۔

قاضی الحاجات:(ع)تمام حاجتیں برلانے والا۔

قاضی چرخ:قاضی فلک، ستارہ مشتری۔

قاضی القُضات:قاضیوں میں سے بڑا قاضی۔

قاضی گری:شرعی عدالت کے قاضی کا منصب، شریعت کی رو سے فیصلہ دینا۔

قاطِبہ:(ع)سارا، سب کا سب، تمام۔

قاطبۂ اسلام:امت مسلمہ۔

قاطبۃً:عموماً، اکثر۔

قاطِر:(ت)خچر، استر۔

قاطِر باری:خچر جس پر بوجھ لادا جائے۔

قاطر:درخت کی گوند یا شیرہ جو قطرہ قطرہ گرتا ہے۔

قاطر چی:(ت)خچر رکھنے والا۔

قاطِع:(ع)قطع کرنے والا، یقینی، بلا تردید، تصفیہ کن، قطعی۔

او جواب قاطع نداد:اس نے قطعی جواب نہیں دیا۔

برهان قاطع:فیصلہ کن دلیل، ایک فارسی لغت کانام جس کا مصنف محمد حسین المتخلص بہ برہان ہے۔

قاطعُ الطریق:(ع)عام راہوں پر لوٹنے والا ڈاکو، رہزن۔

قاطِعیّت:(ع)قطعی، قطعیت، یقینی، جس بات کی تردید نہ ہوسکے۔

قاطِن:(ع)ساکن، باشندہ، باشی۔

قاط و قوط:پرندوں کا شور، کٹ کٹ۔

قاطی:(ع)قاتی، ملا ہوا، آمیختہ۔

قاطی باطی شدن:مخلوط ہونا۔

قاع:(ع)میدان، ہموار، خطہ، دشت، اقواع جمع۔

قاعَت:(ع)گھر کی کشادگی، وسعت۔

قاعِد:(ع)بے حس و حرکت بیٹھا ہوا، کاہل شخص۔

قاعِدگی:(ع)حیض کا جاری ہونا۔

قاعدہ:(ع)رسم، دستور، روش، طرز عمل، طریقہ، بنیاد، اساس (قواعد جمع)۔

قاعده حل این مسئله چیست؟:اس مسئلے کے حل کا طریقہ کیا ہے؟۔

قاعده شدن:دستور بن جانا۔

قاعده کلی:عام اصول، ہمہ گیر اصول۔

قاعده مختصر:فارمولا۔

برحسب قاعده-مطابق قاعده:دستور کے مطابق۔

قواعدِ دستوری:صرف و نحو کے اصول۔

marfat.com

قاعِدۃً:اصولاً، اصولی طور پر۔

قاف:ایک افسانوی پہاڑ جس کے متعلق یقین کیا جاتا ہے کہ ساری دنیا کو گھیرے ہوئے ہے، کوہ قاف۔

قاف- تاقاف:دنیا کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک۔

قافِلہ:(ع)کاروان، مسافروں کی جمعیت (قوافل جمع)۔

قافلہ سالار:کاروان کا قائد۔

قافِیہ:(ع)وہ ہم وزن الفاظ جو ہر شعر کے آخر میں اور ردیف سے پہلے آئیں ہم قافیہ کہلاتے ہیں (قوافی جمع)۔

قافیہ تنگ شد:لاجواب ہوگیا، عاجزو مجبور ہو گیا، ششدر ہو گیا۔

قافیہ پرداز:شاعر۔

قافیہ ساز:شاعر۔

قافیہ سازی:محض قافیہ پردازی۔

قافیہ سنج:شاعر جو قافیہ کے استعمال سے آگاہ ہو۔

قافیہ سنجی:قافیہ کے استعمال سے آگاہ ہونا۔

قاق:(ع) (۱)بلند قد دُبلا شخص (۲)خشک (۳)کسی کھیل کا آخری کھلاڑی۔

قاقُلہ:(ع)الائچی۔

قاقُم:(ع)نیولے کی قسم کا جانور جس کی کھال بہت قیمتی ہوتی ہے اس سے پوستین تیار کرتے ہیں، اس پوستین کو بھی قاقم کہتے ہیں۔

قاقنج:کاکنج، موسم سرما کی چیری (پھل)۔

قال:(ع)اس نے کہا، گفتگو۔

قال قال:گفتگو، بحث۔

قال کردن-قال وقیل کردن:گفتگو کرنا، شور مچانا۔

قال:(ع)صفائی، پاکیزگی، تنقیہ، تجزیہ، تطہیر۔

قال کردن:صاف کرنا۔

طلا را باید قال کرد:چاہیے کہ سونے کو صاف کیا جائے۔

قالِب:(ع)سانچہ، جسم، بدن، ماڈل، فریم، نمونہ، کوئی خاص شکل۔

قالب بیجان:بے جان جسم، بے حس و حرکت۔

قالب (از جان) تھی شدن:فوت ہو جانا۔

قالب ریزی:سانچہ بنانے کا کام۔

قالب کردن:سانچہ بنانا۔

قالب گیر:سانچہ بنانے والا۔

قالبی:سانچہ بنایا ہوا۔

قند قالبی:مصری۔

قالَت:(ع)گفتگو، گفتار، آدمیوں کے مابین بات چیت۔

قالچی:قال گر، صاف کرنے والا (دھاتوں کا)۔

قالِع:جڑ سے اکھاڑنا، استیصال کرنا، جڑ سے اکھاڑنے والا، استیصال کرنیوالا۔

قال گر:صاف کرنے والا (دھاتوں کا کام)۔

قالگری:دھاتیں صاف کرنے کا کام۔

کوزہ قالگری:دھاتوں کو صاف کرنے کی کٹھالی۔

قال مقال:شور و غل۔

قالوس:موسیقی کی ایک دھن۔

قالی باف:قالین باف، قالین بننے والا۔

قالی بافی:قالین بننے کا کام۔

قالیچہ:غالیچہ، چھوٹا قالین۔

قالیچہ ابریشمی:ریشمی قالین، قالیچہ حضرت سلیمان، قالین جس کے متعلق مشہور ہے کہ حضرت سلیمان کے تخت پر بچھایا جاتا تھا۔

قالی فروش:قالین بیچنے والا۔

قامَت:(ع)قد، لمبائی، اندام۔

خوش قامت:خوبصورت، قد۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

قامت موزون: متناسب قد۔

قامچی-قامچی: پتلی لچکدار، چھڑی۔

قامع: (ع)مطیع کرنے والا، فتح یاب، ظفر مند۔

قاموس: (ع) (۱) سمندر، بحر اوقیانوس (۲) لغت، فرہنگ، قوامیس جمع۔

قانت: فرماں بردار، اطاعت گزار اللہ تعالی کا، خدا پرست، متقی، پرہیزگار۔

قانص: (ع) (۱) صیاد، شکاری۔

قانط: (ع)مایوس، نا امید۔

قانع: (ع)قناعت کرنیوالا، جو کچھ ملے اسے کافی سمجھنے والا۔

قانع کردن: مطمئن کرنا، یقین دلانا۔

مرا قانع کرد کہ رفتن آنجا صلاح نیست: اس نے مجھے تسلی دلادی کہ وہاں جانے میں بہتری نہیں۔

قانع کُنندہ: مطمئن کرنے والا، تسلی دینے والا، صبر دلانے والا۔

قانقرایا: غانقرایا، سڑا ہوا، ناسور دار، عفونت جو جسم کے کسی حصے میں پیدا ہوئی ہو۔

قانون: آئین جس کے مطابق حکومت اور عوام کے کاروبار چلتے ہیں، (۲) موسیقی کا ایک ساز۔

قانون: دستور، احکام جو حکومت اور مجلس شورای ملی کے انتظامات کی حفاظت کے لیے وضع کیے جائیں۔

قانون اساسی: دستور اساسی، بنیادی قانون، آئین۔

قانون اجازت نمی دہد: ملکی آئین اس بات کی اجازت نہیں دیتا۔

قانون جزائی: پینل کوڈ، تعزیزی قانون۔

قانون شرع: شرعی ضابطہ مملکت۔

قانون عرفی: عام ضابطہ۔

قانون گذاردن: قانون وضع کرنا۔

قانون (یاحقوق) مدنی: سول لا، ملکی قانون۔

قانون وضع کردن: حکومت کے قیام کے لیے مستقل بنیاد پر آئین تیار کرنا۔

قانوناً: آئین کی رو سے۔

قانوناً حق ندارد: قانون کی رو سے اس کا حق نہیں۔

قانون دان: ماہر قانون، جیوری کارکن، وکیل، منصف، جج۔

قانون دانی: قانون کا علم جاننا، قانون میں دسترس رکھنا۔

قانون گذار: واضع قانون، مقنن، مجلس وضع قانون کارکن۔

قانون گذاری: قانون وضع کرنا۔

قانون نامہ: قانون کی کتاب۔

قانون نویس: قانون وضع کرنے والا، واضع قوانین۔

قانونی: آئینی، ضابطے پر مبنی۔

اختیار قانونی باو دادند: اسے آئینی اختیار دیا گیا۔

دعاوی قانونی: قانونی اختیارات۔

غیر قانونی بودن: آئین کے خلاف ہونا۔

قانو نیت: ضابطہ پر چلنا۔

قاورد: ایک قسم کا حلوہ۔

قاورمہ: (ت)قرمہ-بھنا ہوا گوشت جس میں شوربا نہیں ہوتا یا بہت کم ہوتا ہے۔

قاووت: (ت)بیسن، غذا جو بیسن اور شکر سے تیار کی جاتی ہے اور شیرینی کے طور پر تقسیم کی جاتی ہے۔

قاہر: (ع)غالب، زبردست، جبرو قہر کرنے والا۔

قاہرہ: (ع)قاہر کی تانیث، زبردست (۲)مصر کا

marfat.com

دارالحکومت۔

قوت قاہرہ: زبردست قوت۔

قاہ قاہ: قہقہے کی آواز، قہقہہ۔

قائد: (ع)سردار، رہنما، رہبر، پیشرو، سرکردہ، قائدین جمع)۔

قایق: (ت)کشتی، سفینہ۔

قایق شراعی: ہاتھ سے چلانے والی کشتی۔

قایق بخاری: سٹیم سے چلنے والی کشتی۔

قایق پاروی: کھینے والی کشتی۔

قایقچی: کشتی چلانے والا۔

قایق ماهی گیری: کشتی جس میں بیٹھ کر مچھلیاں پکڑتے ہیں۔

قائل: (ع)مان جانے والا، تسلیم کرنے والا، اپنی خطا کا اعتراف کرنے والا، کہنے والا، بولنے والا۔

آیا قائل ہستید کہ دروغ گو را حافظہ نباشد: کیا آپ مانتے ہیں کہ جھوٹ بولنے والے کا حافظہ کمزور ہوتا ہے۔

مردمان هم هستند که به این قائل نیستند: ایسے لوگ بھی ہیں جو اس کو نہیں مانتے۔

قائم: (ع)کھڑا ہونے والا، کھڑا ہوا، برقرار پا برجا، اپنی جگہ پر محکم۔

قائم بودن: سیدھا کھڑا ہونا۔

قائم بالذات: وہ چیز جو اپنی ذات سے قائم ہو۔

قائم شدن: سیدھے کھڑے ہو جانا، اپنی جگہ پر برقرار ہونا۔

قائم شدن: چھپ جانا، غائب ہو جانا۔

قائم کردن: محفوظ کر لینا، چھپا لینا۔

او را در خانه قائم کردند: اسے اپنے گھر میں چھپا دیا۔

قائماً: (ع)سیدھے کھڑے ہوتے ہوئے۔

قائمات: (ع)قائمہ کی جمع۔

قائم الزاویہ: جس شکل کا ایک زاویہ نوے درجے کا ہو۔

مثلث قائم الزاویہ: وہ تکون جس کا ایک زاویہ نوے درجے کا ہو۔

قائمقام: کسی کی جگہ کام کرنے والا، جانشین۔

قائمقام: (۱)مرزا ابوالقاسم جو اپنے خاص انداز بیان اورمنظوم کتابوں کی وجہ سے مشہور ہوا وفات ۱۸۳۱/۵۔

قائمہ: (ع) (۱)نوے درجے کا زاویہ، عمود (۲)اشیای مرسلہ کی مفصل فہرست مع قیمت (۳)دستہ، قبضہ قوائم جمع۔

قائن: خراسان کا ایک شہر۔

قایماق: (ت)قیماق، دودھ کی بالائی، سرشیر۔

قب: (ع) (۱)رئیس، پیشوائے قوم (۲)کسی زمانے میں یہ غلہ وزن کرنے کا پیمانہ تھا (۳) پیرہن کے گریبان کا ٹکڑا۔ (۴)پہیے کا اندر کا سوراخ۔

قبا-چغہ: لمبا کھلا کوٹ، گاوؤن۔

قباب: قبہ کی جمع، گنبد بصورت جمع۔

قباچہ: کوٹ، نیم تنہ، رومی چغہ، پیٹی دار کوٹ۔

قباح: (ع)قبح کی جمع، قبیح، برا، زشت۔

قباحت: (ع)برائی، نقص، عیب، شرم۔

قباد: ایران کے ساسانی بادشاہ نوشیرواں کا والد جو ۴۸۸ء میں تخت نشین ہوا اس کے زمانے میں مزدک نے ایک نیا مذہب پیش کیا جس کی بنیاد اشتراکیت پر تھی آخر نوشیرواں کے ذریعے اسے اور اس کے پیروں کو تہ تیغ کرا

دیا گیا۔

قِبال:(ع)چہرہ، چہرے کے سامنے کا رخ، مقابل، برابر۔

درقبال:برابر میں، مقابلے میں، سامنے۔

قَبالہ:(ع)خرید یا فروخت کی تحریر، فروخت کی رسید۔

تحریر قبالہ را ہنوز ننوشتہ است:اس نے ابھی فروخت کی دستاویز تحریر نہیں کی۔

قبالہ نویس:خرید و فروخت کی دستاویز تیار کرنے والا۔

قبائح:(ع)دیکھیے قبیح (قبیحہ جمع)۔

قُبح:(ع)بد نما، برا۔

قبح این کار کم کم از میان رفت:اس کام کی بد نمائی رفتہ رفتہ دور ہو گئی۔

قبر:(ع)گور، تربت، جہاں مردے کو دفن کیا جاتا ہے۔

قبر کردن:دفن کرنا۔

قِبراغ:(ت)کام کرنے کے لیے تیار، آمادہ، پھرتیلا، چست و چالاک، تیز۔

قُبرُس:(ع)سرو کا درخت (۲)خالص تانبا یا پیتل۔

قبرستان:گورستان، جہاں مردے دفن کیے جاتے ہیں۔

قُبرغَہ:(ت)پسلی، پہلو کی ہڈی۔

شش قبرغہ:بے وقوف شخص، نادان، سادا۔

قبرکن:گور کن، قبر کھودنے والا۔

قبر گاہ:قبرستان، گورستان۔

قُبرہ:(ع)ایک پرندہ جو رفتہ رفتہ درخت میں سوراخ کر دیتا ہے، چکا وک۔

قَبَس:(ع)شعلہ، اخگر، جلتا ہوا کوئلہ مثال:

در معرض خورشید سُہارا چہ نمائش

بانورتجلی چہ ضیا نارقبس را

آفتاب کے سامنے یا مقابلے میں بنات النعش کے ایک چھوٹے ستارے کی کیا حیثیت ہے، نور تجلی کے سامنے شعلے کی روشنی کی کیا وقعت ہے۔

قبض:(ع) (۱)رسید، دستاویز، تحریر، رسید، بل (۲)معدے کی گرفتگی جس کی وجہ سے اجابت نہ ہو یا کم ہو۔

قبض دادن:تحریر دینا، درشنی ہنڈی دینا، جس میں کسی شخص یا حامل کی رقم مندرجہ کسی تاریخ پر یا طلب کرنے پر ادا کرنے کا وعدہ ہو۔

قبضُ الوصول:وہ رجسٹر جس پر تنخواہ وصول کرنے والوں کے دستخط لیے جاتے ہیں، رسید۔

قبضَہ:(ع)(۱)دستہ جیسے تلوار کا (۲)تصرف، دخل، مٹھی میں پکڑا ہوا، مداخلت، گرفت، عدد (۳)مٹھی بھر لمبائی۔

در قبضہ در آوردن:اپنے تصرف میں لے لینا۔

دو قبضہ تفنگ:دو عدد بندوقیں۔

یک قبضہ ریش:مٹھی بھر ڈاڑھی۔

قِبط:(ع)مصر کے وہ باشندے جو عیسائیوں کے یعقوبی فرقے سے تعلق رکھتے ہیں، قوم فرعون سے جن کا تعلق ہے۔

قِبطی:(ع)قبطیوں کا، قبطی زبان، قوم فرعون۔

قبقاب:(ع) (۱) کھڑاؤں، لکڑی کا بنا ہوا پاؤں پوش (۲) بیہودہ گو شخص بہت جھوٹ بولنے والا۔

قَبل:(ع)پہلے، پیش، اول، سامنے۔

دو سال قبل:دو سال پہلے۔

قبل از ظہور زردشت:زردشت کے ظہور سے پہلے۔

قبل ازانکہ او بپرودمن واردشدم:اس سے پہلے کہ وہ جائے میں وہاں پہنچا۔

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

قبل از ظهر: ظہر سے پہلے۔

قبل از وقت: وقت سے پہلے۔

قبل از وقت او را دعوت کردہ ام: وقت سے پہلے میں نے اسے دعوت دی ہے۔

پنج ساعت قبل از شام: شام سے پانچ گھنٹے پہلے۔

اقتُلِ المؤذی قبلَ ان یُوذی: مارنے والے کو اس سے پہلے مار دو کہ وہ تمہیں ماردے۔

قُبُل: سامنے کا حصہ۔

قَبلاً: اس سے پہلے۔

قبلاً تشکرات خود را تقدیم می دارم: پہلے ہی میں آپ کی خدمت میں شکریہ پیش کرتا ہوں۔

قبلاً مرا خبردہید: پہلے ہی مجھے خبر دے دینا۔

قِبلہ: (ع)طرف، جہت، سمت، مکہ معظمہ، جس کی طرف منہ کرکے نماز ادا کی جاتی ہے۔ مثال:

ای خاکِ درت قبلۂ آمالِ دو عالم
گردی برسان چشم حزینِ نگران را

آپ کے دروازے کی خاک دو جہانوں کی امیدوں کا مقدس مرکز ہے کچھ دروازے کی خاک کا غبار حزین کی آنکھوں تک بھی پہنچا دیجیے جواس مبارک غبار کا منتظر ہے۔

قبلۂ حاجات: کلمہ تعظیم، جو سب کی حاجتیں برلانے والا ہے۔

روبہ قبلہ: قبلہ کی طرف منہ۔

قُبلہ: (ع)بوسہ۔

قبلہ گاہ: حاجتیں برلانے والا، قبلہ جہان حاجتیں بر پوری ہوتی ہیں، کلمہ احترام۔

قبلی: قبلہ کی طرف، مغرب کی طرف۔

قبُور: قبر کی جمع۔

قبُورغہ: قبرغہ، پسلی، پہلو کی ہڈی۔

قبلہ نما: ایک آلہ جس سے قبلہ کے رخ کا پتا چلتا ہے۔

قبور: (ع)جمع قبر۔

قبوض-قبوضات: قبوض قبض کی اور قبوضات قبوضی کی جمع ہے، رسیدیں، دستاویزیں، تحریریں۔

قبُول: (ع)منظور، پسند، یقین۔

قبول دارم: تسلیم کرتا ہوں کہ یہ درست ہے۔

قبول داشتن: یقین کر لینا۔

قبول نکردن: مسترد کردینا۔

بسیاری او را قبول نکردند: بہت سے لوگوں نے اسے قبول نہ کیا۔

حرف مرا قبول نکرد: جو کچھ میں نے کہا اسے پسند نہ کیا۔

خواهش مرا قبول خواهید کرد؟: کیا آپ میری درخواست منظور کرینگے؟۔

قبول دار: قبول کرنا، تسلیم کرنا، یقین کرنا۔

قبولی: قبولیت، منظوری، پسندیدگی۔

قبولی خود را بنویسید: اپنی منظوری کی اطلاع لکھ دیجیے۔

قبولیّہ: منظوری، اصول۔

قُبّہ: (ع) (۱)گنبد، برج، ہروہ شے جو گنبد کی طرح گول ہو (۲)آرائشی مرصع گول چیز۔

قبۂ آب: حباب، بلبلا۔

قبۂ زرین: کنایہ ہے آفتاب کا۔

قبہ دار: گنبد کی طرح۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

قبیح:(ع)برا، نازیبا، قابل نفرت، معیوب۔

قبیحہ:شرمناک فعل، قبائح جمع۔

قبیل:(ع)(۱)قسم، طرح، جماعت، گروہ (۲)ضامن، کفیل۔

ازین قبیل:اس قسم کا۔

ازین قبیل سوالات:اس قسم کے سوالات۔

شعرای بزرگ از قبیل فردوسی و سعدی:فردوسی اور سعدی کی طرح کے بزرگ شعرا۔

قبیلہ:(ع)آباؤ اجداد اور ان کی اولاد، خاندان، خانوادہ، قبائل جمع۔

قبائل بدوی:بدو قبیلوں کے لوگ۔

قُپ:(۱)کُپ، کھلے منہ والا شیشے کا برتن (۲)منہ کا اندر کا حصہ۔

قپان:بڑا ترازو، میزان۔

قپان کردن:بڑے ترازو میں تولنا۔

قپانچہ:جھپٹ کر نیچے آنا، چیل وغیرہ کی طرح ٹوٹ پڑنا۔ حملہ کرنا۔

قپانچہ شدن:جھپٹ کر نیچے آنا

قپاندار:تولنے والا، وہ شخص جس کا کام لوہے کے ترازو میں چیزیں تولنا ہو۔

قپاندار خانہ:چیزوں کے تولنے کا مقام۔

قپان داری:لوہے کے ترازو میں چیزیں تولنا۔

قِپچاق:سرخ جھنڈے والے، مغول تاتار جنھوں نے ایشیا اور یورپ کے بعض علاقوں میں تیرھویں صدی عیسوی میں حکومت کی، قپچاقیوں کی زبان۔

قپلان:(ت)شیر۔

قپو:قاپو، بڑا دروازہ۔

قپی:شیخی باز۔

قپی آمدن:شیخی بگھارنا۔

قتال:(ع)جنگ، لڑائی، کشت و خون، کارزار۔

قُتّال:(ع)قاتل کی جمع۔

قتل:(ع)خون ریزی، ہلاک کردینا، ہلاکت۔

قتل عام:عام لوگوں کی ہلاکت۔

قتل کردن:ہلاک کرنا۔

قتل گاہ:قتل کرنے کی جگہ۔

بقتل آوردن:ہلاک کرنا۔

بقتل رساندن:ہلاک کرنا۔

بقتل رسیدن:مارا جانا۔

مجازاتِ قتل اعدام است: کسی کو قتل کرنے کی سزا موت ہے۔

قتلہ:(ع)قاتل کی جمع۔

قتول:(ع)بہت زیادہ قتل کرنے والا۔

قتیل:(ع)قتل کیا ہوا، مقتول۔

قچان:(ت)ہوشیار، چوکس، چوکنا، پھرتیلا، مستعد، چست، چاق و چوبند۔

قچک:کمانچہ۔

قحاب:(ع)کھانسنا۔

قحاب:(ع)قحبہ کی جمع، بدکار عورتیں۔

قحبہ:(ع)فاجرہ، بدکار عورت، فاحشہ، طوائف۔

قحط:(ع)کال، کمیابی، خشک سالی، کھانے پینے کی چیزوں کی نایابی یا کمیابی۔

قحط رجال-قحط الرجال:لوگوں کی کمیابی، لائق لوگوں کی کمیابی۔

قحط شدن:کھانے پینے کی چیزوں کی نایابی ہو جانا۔

قحط رسیدہ-قحط شدہ:جو قحط سے پامال ہوئے ہوں۔

قحط سال:اجناس کی نایابی کا سال۔

قحطی:قحط زدہ۔

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

قِحف:(ع)کھوپڑی، جُمجُمہ، کاسہ سر۔

قحفی:کاسہ سر کے متعلق۔

قد:(ع)قامت، جسم کی اونچائی، بلندی۔

قد علم کردن:سیدھے کھڑے ہونا۔

قدکشیدن:اپنی عمر کی نسبت سے طویل ہونا۔

قد گرفتن:قد ناپنا۔

قدو قامت:قامت و جسامت۔

قدّاح:(ع)کاسہ گر، قدح ساز، جام بنانے والا۔

قدارِہ:(ع)غدارہ، چوڑے پھل کی تلوار، چوڑی تلوار۔

قداسَت:متبرک، مقدس، طہارت، پاکیزگی۔

قُدّام:(ع)سامنے کا حصہ، پیش، آگے۔

قُدام:(ع)قدیم، پرانا، کہنہ۔

قدامَت:(ع)قدیم ہونا، پرانا ہونا۔

قدامَہ:(ع)قدومہ، جھاڑیوں سے گھرنا، باڑ لگانا، احاطہ کرنا۔

قُدّامی:(ع)سامنے کی۔

قُدامی:(ع)قدیم کی جمع۔

قد بلند:لمبے قد والا۔

آدم بلند قد:طویل القامت، لمبے قد کا آدمی۔

قدح:(ع)الزام لگانا، ملامت کرنا، سرزنش کرنا، بد گوئی، عیب جوئی۔

قدَح:(ع)ساغر، پیالہ، کاسہ، جام (اقداح جمع) مثال:

غلام نرگسِ مستم کہ بامداد و پگاہ
قدح بدست گرفتہ ز خواب برخیزد

میں نرگس مست کا غلام ہوں، جو صبح سویرے ساغر ہاتھمیں لیے ہوئے خواب سے بیدار ہوتی ہے۔

قدر:(ع)قسمت، قابلیت، اہمیت، صلاحیت۔۔

قدر تندرستی خود نمی دانست:اپنی صحت کی قدرو قیمت وہ خود نہیں جانتا تھا۔

جاننا۔

قدر دانستن:خوبی کا اندازہ کرنا، قدر پہچاننا۔

قدر زر زرگربداند قدر جوہر جوہری:سونے کی اہمیت کا اندازہ سنار ہی کرسکتا ہے اور جوہر کی اہمیت جوہری ہی جان سکتا ہے۔

قدر نوکرِ با وفا را باید دانست:وفادار ملازم کی قدر کرنی چاہیے۔

قدری از آں چشیدم:اس میں سے کچھ میں نے چکھا یا پیا۔

قدریکہ مادر محبت دارد، پدر ندارد:جتنی محبت بچے سےماں کرتی ہے، اتنی باپ نہیں کرتا۔

بقدر:بہ اندازہ۔

بقدر اِستطاعت:اپنی بساط یا ہمت کے مطابق۔

بقدر اَمکان:جہاں تک ممکن ہو۔

بقدر کفایت:جس قدر کافی ہو۔

بقدر کفایت روشن نیست:یہ کافی روشنی نہیں، کافی صاف نہیں۔

بقدری سرد است کہ نمی تواں بیرون رفت:اتنی زیادہ سردی ہے کہ باہر نہیں جاسکتے۔

بقدر لزوم:جس قدر ضروری ہو، جتنا لازم ہو۔

جلیل القدر:بڑی عزت و عظمت والا۔

چہ قدر:کتنا۔

چہ قدرشکر لازم دارید:کتنی چینی کی آپ کو ضرورت ہے۔

شب قدر–لَیۡلَۃُ القَدر:اس رات کے تعین کے لیے کوئی یقینی بات نہیں کہی جاسکتی، عام طور سے یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ماہ رمضان کی ستائیسویں رات شب قدر ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

هر قدر ارزش باشد من مثنوی معنوی بخرم: مولانائے روم کی مثنوی معنوی کی قیمت جتنی بھی ہو میں خریدو نگا۔

قدَر: قسمت، نصیب، قضا، تقدیر، سرنوشت۔

قضا و قدر: تقدیر الہی، خداوند تعالی کی رضا۔

قَدر: دیگ، کڑھاؤ، قدور جمع۔

قُدرت: طاقت، توانائی، قابلیت، استطاعت، صلاحیت، اہلیت، اختیار۔

قُدرتِ ادبی: ادبی قابلیت۔

قدرتِ الهی: خداوند تعالی کی شان، خداوند تعالی کا ہمہ گیر اختیار۔

قدرت داشت که همه را بکشد یا ببخشد: اسے استطاعت تھی کہ سب کو ماردے یا سب کو معاف کردے۔

قدرت داشتن: قادر ہونا، با اختیار ہونا، استطاعت رکھنا۔

قُدرتی: خداوند تعالی کی تخلیق، فطری۔

قدر دان: لوگوں یا چیزوں کی خوبیاں جاننے والا۔

رئیس ما نسبت خدمات ہمه اعضای خود قدر دان است: ہمارا سربراہ اپنے سب اراکین کی خدمات کی قدر شناسی کرتا ہے۔

قدر دانی: کسی چیز یا شخص کی خدمات کی قدر کرنا۔

قدر دانی کردن: کسی کی خدمات کو سراہنا۔

از خدمات فرد فردِ اعضا کتباً قدر دانی کرد: ایک ایک ممبر کی خدمات کی تحریری طور پر قدر شناسی کی اور خدمات کی داد دی گئی۔

قدر شِناس: لوگوں یا چیزوں کی خوبیاں جاننے والا۔

قدر شناسی: کسی کی خوبیوں کو جاننا اور داد دینا۔

قدر قدرت: قسمت کی طرح ہمہ گیر [illegible] قدر قدرت، عظیم شان و شوکت رکھنے والے۔

قدری: کوشش پر یقین رکھنے والا، اپنے آپ کو مجبور محض سمجھنے کے بجائے اپنی کوشش پر یقین رکھنے والے مسلک کے لوگ۔

فلسفه قدری: ذاتی کوشش اور اس کے نتائج پر یقین رکھنے کا علم۔

قدریّه: کوشش پر یقین رکھنے والے مسلک کے پیرو، مجبور ہونے کے نظریے کے مخالف۔

قدزن: قلم کو قط لگانے والا۔

قُدس: (ع) پاک، منزه، مقدس۔

روحُ القدس: مقدس روح حضرت جبرئیل سے مراد ہے۔

قُدس: (ع) پاک، بے آلاش، مقدس، منزه۔

قدس شریف: بیت المقدس۔

قُدِّس: (ع) پاک کرے خدا۔

قدس اللهُ سره: خدا اس کی قبر پر برکت دے۔

قُدسُ الاقداس: (ع) سب سے زیادہ مقدس، مقدس ترین، متبرک ترین۔

قُدسی: (ع) مقدس، آسمانی، ملکوتی، پاک، متبرک، پاکیزگی اور طہارت سے منسوب۔

حدیث قدسی: حضرت رسول کریم (ص) کی مقدس حدیث۔

عالمِ قدسی: مقدس دنیا، مقدس دنیائے آخرت۔

قُدسیان: فرشتے ملائک۔

قدسیّت: تقدس، پاکیزگی۔

قدسیّه: پاک، مقدس۔

قدغَن: (ت) امتناع، روک ٹوک، منع، مناہی، حکم نہی، ممنوع۔

قدغن سخت: سخت رکاوٹ۔

marfat.com

قدغن کردن: روکنا، منع کرنا، ممنوع قرار دینا۔

مشروب فروشی را در پاکستان قدغن کرده اند: شراب فروشی پاکستان میں ممنوع قرار دی گئی ہے۔

قدک: نیلے رنگ کا سوتی کپڑا، بکرم۔

قد کشیدن: بڑھنا، بلند قامت ہونا۔

قدکشیدہ: لمبے قد کا۔

قدِکو تاہ: پست قامت۔

قد کو تولہ: ٹھنگنا، پست قد۔

قدَم: (ع) پاؤں، چلتے ہوئے دونوں قدموں کا درمیانی فاصلہ، کم فاصلہ۔

قدم برداشتن: قدم اٹھانا، کام کا آغاز کرنا۔

قدم داشتن: مبارک نصیب ہونا۔

قدم رنجہ کردن یا فرمودن: آنا، تشریف لانا، عام طور سے دعوت ناموں میں آنے کے متعلق لکھا جاتا ہے۔

قدم زدن: چلنا۔

قدم کردن: پاؤں سے جگہ کو ناپنا۔

قدم کردن: اچھا نصیب لانا۔

قدم گرفتن: قدم سے قدم ملانا۔

قدم گذاشتن: قدم رکھنا۔

قدمِ مولودِ تازہ برائی شما مبارک باشد: خدا کرے بچے کی ولادت تمہارے لیے مبارک ہو۔

قدم آهسته می رفت: وہ بہت آہستہ آہستہ چلتا تھا۔

پیش قدم: جو دوسروں سے پہلے کام کرتا ہے۔

چند دقیقه در باغ وحش قدم زد: وہ کچھ عرصہ چڑیا گھر میں گھوما پھرا۔

خوش قدم: مبارک قدم، جس کا آنا باعث برکت

درمیانِ آنها قدم نگذار: ان کے بیچ میں نہ پڑنا۔

قِدَم: ہمیشگی، جو خداوند تعالی کی صفت ہے۔

قدما: آتے ہوئے۔

قُدَما: قدیم کی جمع، قدیمی لوگ۔

قدم پیما: قدموں سے پیمائش کرنے والا۔

قدمت: (ع) (۱) قدیم، کہنہ (۲) جرات دلیری۔

قدمت آن سبب زیادی قیمت است: اس کا قدیم ہونا اس کے قیمتی ہونے کی وجہ ہے۔

قدمتِ خدمت: قدیمی خدمت۔

قدم شمار: قدم گن گن کر جگہ کو ناپنے والا۔

قدم گاہ: جگہ جہاں کسی کو پہنچنا ہو۔

قدم گاہ آدم: لنکا کا پہاڑ جہاں کہا جاتا ہے کہ حضرت آدم نے قدم رکھا تھا۔

قدمی: قدم سے متعلق۔

قُدّوس: بہت مقدس، بہت متبرک۔

قدوم: (ع) آنا، پہنچنا، تشریف لانا، ظہور، مثال:

برغریبان گذری کن کہ بہ تشریف قدوم
از دل تنگ غریبان تو بری بارِ عنا

ان بے بس لوگوں کی طرف بھی گزر کیجیے کہ آپ کے تشریف لانے سے ان کے حسرت زدہ دل پر سے سختیوں کا بوجھ دور ہو جائے۔

قدومہ: ایک قسم کا پودا جس کے پتے نرم اور پتلے ہوتے ہیں، پھول اس کے زرد اور چھوٹے چھوٹے ہیں، اس کے دانے سینے کے درد اور کھانسی دور کرنے کے لیے دوائی کا کام دیتے ہیں۔

قُدوَہ: (ع) نمونہ، جس کی پیروی کی جائے۔

سعدی قدوَہ غزل سرایان است: سعدی ایک

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مثال ہے غزل سراؤں کے لیے۔

قدی: پورے قد و قامت کا۔

آئینہ قدی: پورے سائز کا آئینہ۔

قدِید: (ع)گائے یا بکرے کا خشک کیا ہوا گوشت۔

قدِیر: (ع)طاقتور، صاحب قدرت، توانا۔

خداوند قدیر: قادر مطلق۔

قدّیس: (ع)پاک، منزہ، پارسا۔

قدیم: (ع)پرانا، ہمیشہ کا، ازلی، اگلے زمانے کا، آبائی، موروثی۔

از قدیم: پرانے وقتوں سے۔

القدیم: قدیم، باری تعالی کی ایک صفت۔

در قدیم رسم شان این بود: پرانے زمانے میں ان کی یہ رسم تھی۔

دنیا قدیم و خدا ازان قدیم تر است: دنیا بہت پرانی ہے اور خالق دنیا اس سے بھی زیادہ قدیم یعنی ازلی ہے۔

مرد مان قدیم: قدما، اگلے وقتوں کے لوگ۔

قدیماً: (ع)قدیم زمانے سے۔

قدیم الایام: قدیم زمانہ۔

از قدیم الایام: پرانے زمانے سے۔

قدیمہ: (ع)قدیم کی تانیث۔

قدیمی: پرانا، اگلے وقتوں کا، پرانے زمانے کا۔

او دوست قدیمی من است: وہ میرا بہت پرانا دوست ہے۔

قدیمی مسلک: کسی قدر پرانے خیالات کا۔

قذال: (ع)دو کانوں کے درمیان گردن کا پچھلا حصہ۔

قذَر: (ع)غلاظت، گندگی، پیپ۔

قذِر: (ع)گندہ، غلیظ، پلید۔

قذف: (ع)(۱)تہمت لگانا، الزام عاید کرنا(۲)ندی یا دریا کا کنارہ۔

قَر: غر، فاحشہ، طوائف۔

قر: رقص میں جسم کے اعضا کی حرکت۔

قرا: (ت)قرہ، تازگی۔

قُرا: قریہ کی جمع، گاؤں۔

قُرّاء: قاری کی جمع، قران شریف قرأت کے ساتھ تلاوت کرنے والے۔

قِراب: (ع)غلاف، شمشیر کا نیام۔

قراب: (ع)قرب، قرابت، نزدیکی، رشتے داری، قرابت داری۔

قراپا دین: فارما کو پیا، دواؤں کی لغت۔

قراباغ: (ت)کاکیشیا کے ایک ضلع کا نام۔

قراباغی: (ت)(۱)قراباغ کا رہنے والا (۲)ایرانی موسیقی کی ایک سر۔

قرابت: (ع)قربت، نزدیکی، خویشی، رشتے داری، اپنائت۔

قرابت صلبی: خونی رشتے داری۔

باهم قرابت داریم: ہم آپس میں رشتے دار ہیں، خاندانی قربت ہے۔

قرابہ: چھوٹے منہ کی بوتل۔

قرابیس: قربوس کی جمع، گھوڑے کی کاٹھی کا اوپر اٹھا ہوا حصہ جسے ہرنا کہتے ہیں۔

قرابین: قربانی کی جمع، اللہ کی راہ میں دی گئی قربانیاں۔

قرابین: ایک قسم کی بندوق۔

قراچور: (ت)لمبی تلوار۔

قراچہ داغ: آذر بائیجان کا ایک ضلع۔

قراچی: (ت)جپسی، ایک خانہ بدوش قوم۔

قراح: (ع)خالص، پاکیزہ پانی، نیزوہ زمین جہاں درخت نہ ہوں۔

قراد: (ع)ایک خاص قسم کا کرم جو اونٹ اور بعض

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دوسرے جانوروں سے لپٹ کر ان کا خون چوستا ہے۔

قرار:(ع)آرام و راحت، استراحت، آسودگی قائم رہنا، ثبات، دوام، قاعدہ، طریقہ۔

قراریستن:فیصلہ ہونا۔

قرار دادن:رکھنا۔

سنگ ھارا روی یک دیگر قرار دادند:پتھروں کو، ایک دوسرے کے اوپر نصب کردیا۔

قرار دادن:منظور کر لینا، فیصلہ کر لینا۔

قرارِ سابق مرتباً درس می خوانید؟:کیا تم باقاعدہ پہلے کی طرح درس لیتے ہو؟

قرار شدن:فیصلہ ہو جانا۔

قرار قطعی:حتمی فیصلہ۔

قرار گذاشتن:معاملہ طے کرنا۔

قرار گرفتن:قیام کرنا۔

قرار گرفتن:تہیہ کر لینا، مثلاً

رای ما این قرار گرفت: ہم نے یہ تہیہ کرلیا۔

قرار واقعی:معقول، اچھی طرح۔

قرار و مدار:سمجھوتا، مفاہمت، آپس کا فیصلہ۔

از قرار ذیل:مندرجہ ذیل۔

از قراری کہ می گویند:یہ کہا گیا ہے کہ...

ازین قرار:اس طرح۔

قرارداد:(ع)تقرر، تعیناتی، عہد و پیمان، تعیین وقت۔

قرار دادی بآن شرکت منعقد کردیم:ہم نے اس کمپنی سے بات طے کرلی ہے۔

قرارداد ملاقات:ملاقات کے لیے تعیین وقت۔

باکسی امروز عصر قرارداد دارم:آج میں نے عصر کے وقت کسی سے وقت مقرر کیا ہے۔

قرار دادہ:طے ہوا، فیصلہ ہوا، مفاہمت ہوئی،

قراردادی:اقرار نامہ، تصفیہ، سمجھوتا۔

قرا سُوران:قرہ سوران، راستے کا نگہبان سوار، شاہراہوں کا محافظ، قافلے کا محافظ، امن قائم کرنے والا، مسلح رہنما۔

قرارگاہ:آرام گاہ، قیامگاہ۔

قرار گیری:آرام، سکون، راحت۔

قرار نامہ:اقرار نامہ، تحریری معاہدہ۔

قراص:(ع)گرس، بارہ درجن۔

قرّاض:(ع)کاٹنے والا، کترنے والا۔

قراضہ:(ع)لوہے یا تانبے کے ریزے جو دھات کو رگڑتے ہوئے گرتے ہیں۔

قراضِہ:(ع)جگالی کرنے والے۔

حیوانات قراضہ:جگالی کرنے والے جانور۔

قِراغُول:(ت)قراول، سنتری، چوکیدار، محافظ۔

قراقر:(ع)معدے کی گڑ بڑ۔

قرا قروت:(ت)قرہ قروت-دہی جسے خشک کر لیتے ہیں۔

قرا قوش:قراغوش، عقاب۔

قرامطہ:(ع)مسلک اسمعیلیہ کا ایک فرقہ جس کا بانی ابو ذر قرمط تھا۔

قُرآن:(ع)قران مجید، آسمانی کتاب جو حضرت رسول کریم (ص) پر نازل ہوئ، کلام اللہ۔

قِران:(ع)ستاروں کا اتصال، مبارک وقت۔

بر قران زہرہ و مشتری:زہرہ اور مشتری سیاروں کے ایک برج میں آنے پر۔

صاحبقران:وہ شخص جس کی ولادت کے وقت زہرہ اور مشتری سیارے ایک ہی برج میں ہوں ایسے وقت کی پیدائش کا آدمی بڑا اقبال مند ہوتا ہے، امیر تیمور کا لقب صاحبقران ہوا تھا۔

قِران نحسین:دونحس ستاروں یعنی زحل اور

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مریخ کا قرب ہونا۔
قرانتین-قرنتین: قرنطینہ، قید طبی، وہ وقت جب مسافروں یا ایسے جہازوں کو جن میں کوئی بیماری پھیل گئی ہو یا بیماروں کو علیحدہ رکھا جائے تاکہ بیماری پھیلنے نہ پائے۔
قرنتین گذاشتن: پھیلنے والی بیماری کی بنا پر بیماروں کو الگ رکھنا۔
قرآن خوان: قاری، قران شریف کی تلاوت کرنے والا۔
قرآنی: قران شریف سے متعلق۔
قراول: (ت) (۱) سنتری چوکیدار، نگہبان، رینجر، محافظ (۲) نشانہ باندھنا، شست جو بندوق سے باندھی جائے۔
قراول آوردن: شست لگانا۔
قراول رفتن: شست باندھنا۔
قراول خانہ: بیرک، محافظ کے ٹھہرنے کی جگہ۔
قراولی: محافظ یا رینجر کا دفتر۔
قرائت: (ع) صحیح تلفظ کے ساتھ قران شریف پڑھنا۔
قرائت کردن: قران شریف کی تلاوت کرنا۔
قرائت خانہ: قران شریف کی تلاوت کرنے کا کمرہ۔
قرائن: (ع) جمع قرینہ-وہ علامتیں جو انسان کے لیے دلیل کی مانند ہوں، سیاق و سباق، عبارت کا سیاق۔
معنی این کلمہ از قرائن ثابت شد: اس لفظ کا مطلب سیاق عبارت سے ثابت ہوگیا ہے۔
قُرب: (ع) نزدیکی، خویشی، قریبی تعلقات مثال:
حجاب مانعِ قرب است شرم حائلِ لطف
بنزد او رہ اظہار آرزو بکشا
حجاب نزدیک ہونے کے لیے رکاوٹ کا باعث ہے اور حیاداری لطف و کرم کی راہ میں حائل ہے اس کے لیے آرزو کے اظہار کا راستہ کھول دو۔
قُربا: (ع) قریبی لوگ، رشتے دار۔
قرباغہ: مینڈک اسے قورباغہ بھی کہتے ہیں

قربان: (ع) نثار، قربانی دینا، اللہ کی راہ میں۔
قربان رفتن یا شدن: قربان ہونا، نثار ہونا۔
قربانت شوم: آپ کے لیے جان بھی حاضر ہے۔
قربان سرت بروم: آپ کے سر کے لیے جان حاضر ہے۔
عید قربان: عیدالاضحی، جس پر جانوروں کی قربانی دی جاتی ہے، وہ تہوار جو ۱۰ ذی الحجہ میں منایا جاتا ہے۔
فرزندانِ خود را برای خوشنودی اصنام قربان می کردند: بتوں کی خوشنودی کے لیے اپنے بیٹوں کی قربانی دیتے تھے۔
قَربان: برتن جو پر ہونے کے قریب ہو۔
قِربان: ترکش۔
قُربانگاہ: مذبح، جانوروں کے ذبح کرنے کی جگہ۔
قربانی: عید الاضحی کے موقع پر مینڈے یا بکرے وغیرہ کو ذبح کرنا۔
قربانی کردن: قربانی دینے کے لیے جانور کو ذبح کرنا۔
قِربت: (ع) مشک۔
قُربت: (ع) نزدیکی، خویشی۔
قربوس: گھوڑے کی کاٹھی کا اوپر کو اٹھا ہوا حصہ جسے برنا کہتے ہیں۔
قُربہ: قربت۔
قُربی: (ع) قرابت داری، رشتے داری۔
مودتِ قربی: یگا نگت کی محبت، ایک خاندان سے ہونے کی محبت۔
قُرپ: کرپ-قاش، کٹا ہوا ٹکڑا۔
قربوس: دیکھیے قربوس۔
قُرت: نگلنا، ہڑپ کر جانا۔

marfat.com

قُرة: (ع)آنکھوں کا روشن ہونا، آنکھوں کے آنسوؤں کا خشک ہونا، خوشی کی علامت ظاہر ہونا۔

قرة العین: (ع)(١)جو نور چشم کا باعث ہو، جو سرور و راحت کا ذریعہ ہو (٢)ایران کے ایک خوبرو شاعرہ جس کا نام زرین تاج تھا، سید علی محمد باب نے جس کی وہ پیرو تھی اسے طاہرہ کا نام دیا، بابی مذہب اختیار کرنے کی وجہ سے اسے گرفتار کیا گیا آخر ١٢٦٣ھ میں لوگوں نے اس کا گلا گھونٹ کر مار دیا۔

قرح: (ع)زخمی ہونا، زخم، السر، قروح جمع۔

قرحَہ: (ع)زخم، السر، جراحت۔

قرحہ آکلہ: جلد کی بیماری

قرحہ بینی: ناک کا زخم

قرحی: زخمی۔

قرد: بندر، میمون۔

قردہ: بندریا۔

قرشی: قریشی، قریشی قبیلے کے لوگ۔

قُرص: پتلی گول چیز، ٹکیا، گردہ، کلیجہ، اقراص جمع۔

قرص خورشید: آفتاب کا گھیرا۔

قرص زرّین: آفتاب، سونے کی پلیٹ۔

قرص سیمین: چاند۔

قرص نُقرِہ: چاندی کی پلیٹ۔

درخت قرص کمر: کاجُو کا درخت۔

قُرص: مضبوط، مستحکم، دیرپا۔

این پارچہ خیلی قرص است: یہ کپڑا بہت مضبوط یا دیرپا ہے۔

قرص کردن: مضبوط بنانا۔

قرصک: ٹکیا۔

قرض: (ع)ادھار، مستعار۔

قرض بہم رساندن: قرض بہم پہنچانا۔

قرض حسن-قرض الحسنہ: قرض جو بلا سود اور بلا میعاد ہو۔

قرض دادن: ادھار دینا۔

قرض داشتن: ادھار لینا۔

قرض کردن: ادھار لینا۔

یک ہزار روپیہ از او قرض کردم: میں نے اس سے ایک ہزار روپیہ قرض لیا۔

قرض مقراض محبت است: ادھار محبت کی قینچی ہے۔

قرضخواہ: قرض دینے والا۔

قرضدار: قرض لینے والا۔

سہام قرضہ: ایسی دستاویز جس کے ذریعے قرضہ وصول ہو۔

قرضہ: ادھار لیا گیا۔

وجہ قرضی: قرض لی گئی رقم۔

قرضِیہ: قرضہ۔

قِرط: (١)گوشوارہ (٢)شعلہ آتش۔

قرطاجنہ: کار تہیج، ملک کا نام۔

قرطاجنی: کارتہیج کا رہنے والا۔

قِرطاس: (ع)کاغذ، تحریر، دستاویز، قراطیس جمع۔

قرطاس ابیض: سفید کاغذ جس پر یادداشتیں تحریر کی جائیں۔

قِرطاس بازی: دفتری طوالت، فضول وقت گزارنے کے لیے نامہ نویسی، اہل کارانہ طرز روش، افسرانہ تمکنت (جس میں ذم کا پہلو ہو)۔

قِرطاسی: کاغذ کی طرح۔

قُرطبہ: (ع)ہسپانیہ کا شہر۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

قرطم:(ع)زعفران کے بیج۔

قرع:کوٹنا، دروازے پر دستک دینا۔

قرع:(ع)(۱)کدو (۲)ترکی بہ ترکی جواب دینا، دندان شکن جواب دینا۔

قرَع:(ع)گنجاپن۔

قُرَع:قرعہ۔

قرع انبیق:ایک آلہ جس سے عرق نکالا جاتا ہے۔

قُرعَہ:فال، قسمت آزمائی، لاٹری۔

قرعہ انداختن یا زدن:قرعہ ڈالنا۔

قرعہ بنام او اصابت کرد:قرعہ اس کے نام کا نکلا۔

قرعہ کشیدن:قرعہ نکالنا۔

قرعہ کشی:لاٹری نکلنا۔

قرعہ زن:قرعہ نکالنے والا۔

قرغیز:(ت)ایک مغل قوم، کرغز، اس کی زبان کرغزی۔

قرفہ:(ع)دار چینی۔

قُرُق:ایک مخصوص شکار گاہ ایک مخصوص جگہ، سبزہ زار۔

قرق بودن یاشدن:مخصوص شکارگاہ وغیرہ جہاں عام لوگ شکار نہیں کر سکتے۔

قرق کردن:کسی جگہ کو عام لوگوں کے لیے ممنوع قرار دینا۔

قُرُقگاہ:مخصوص جگہیں۔

قرقاول:تیتر، دراج۔

قرقر:غرغر، بجلی کڑکنے کی آواز۔

قرقرہ:دھاگے کی نلکی، ریل جس پر دھاگا لپٹا ہوتا ہے۔

قرقرہ نخ:ریل یا پھرکی جس پر دھاگا لپٹا ہوتا ہے دھاگا لپٹنے کی چرخی جس سے ریل تیار ہوتی ہے۔

قرقرہ ماہی گیری:ماہی گیر کی پھرکی جب مچھلی پھنس جاتی ہے تو پھرکی کی ڈور لپیٹ کر اسے نکال لیتے ہیں۔

قرقرہ جرِّ ثقیل:رسّے اور چرخی جس کے ذریعے بھاری اشیا اٹھاتے اور جہاز وغیرہ پر لادتے ہیں۔

قرقشہ:غرغشہ، لڑائی جھگڑا۔

قرقف:(ع)شراب، ٹھنڈا پانی۔

قرقی:ایک شکاری پرندہ جو باز سے چھوٹا ہوتا ہے اور اس کی آنکھیں بھی چھوٹی ہوتی ہیں۔

قُرک:ایک پرندہ جو شہد کی مکھیوں کو کھا جاتا ہے۔

قرلتای:قوریلتائی، ایران کے مغل حکمرانوں کی جنرل اسمبلی۔

قِرمِز:(ع)سرخ رنگ۔

قرمزدانہ:سرخ رنگ کے بیضوی شکل کے کیڑے۔

قرمز روشن:چمکیلی روشنی، ہلکا سرخ۔

قرمز سیر:گہرا سرخ۔

قرمز شدن:سرخ ہونا، شرمانا۔

قرمز کردن:سرخ رنگ دینا، سرخ رنگ سے رنگنا۔

قرمز کم رنگ:ہلکا سرخ۔

قرمزلاکی:گہرا سرخ، ارغوانی۔

قرمزی:سرخی، سرخ رنگ، سرخ رنگ میں رنگا ہوا کپڑا۔

قُرمساق:دیوث، ذلیل، بے غیرت۔

قِرمطی:(ع)فرقہ اسمعیلہ کی ایک شاخ قرمطیہ کا فرد جس کا بانی ابو ذر قرمط تھا (قرامطہ جمع)

قرمطیّہ:(ع)قرمطی فرقہ۔

قرموط:(ع) قرموت، خاص قسم کا چارہ جو طویل سفر کے دوران گھوڑے کو دیا جاتا ہے۔

قُرمہ:(ت) قورمہ، مسالے اور گھی میں بھنا ہوا گوشت۔

قرمہ کردن:قورمہ بنانا۔

قَرن:(ع)مانند، مثال، نظیر، اقران جمع۔

marfat.com

قرن:(ع)(۱)صدی، (۲)گائے یا بکری کا سینگ، صد سالہ دور، قرون جمع۔

قرنِ ایرانی:تیس سال کا عرصہ۔

قرن بیستم میلادی:بیسویں صدی عیسوی۔

قرن فرنگی:سو سال کا عرصہ۔

قرن:(۱)رسی جس کے ساتھ دو اونٹوں کو یکجا باندھا جاتا ہے (۲)تیر و کمان، شمشیر (۳)ایک عرب قبیلے کا نام۔

قرون:قرن کی جمع۔

قرون ماضِیہ:گزرے ہوئے زمانے۔

قرون وسطی:متوسط زمانہ۔

قرنا:قریں، قریب، نزدیک۔

قرناق:(ت)قرنق، خدمتگار، کنیز۔

قرنباد:زیرہ۔

قرنبی:مکڑی۔

قرنبیق:قرع انبیق کا مخفف۔

قرنطین:قرنطینہ (انگ)صحت گاہ جہاں مسافروں کا معاینہ کیا جاتا ہے اور کوئی بیماری ہو تو اسے روکنے کے لیے ٹیکے لگائے جاتے ہیں۔

قرنفل:خوش رنگ سرخ پھول، ماخوذ از یونانی۔

قرنفلی:قرنفل سے متعلق۔

قرنفلیہ:خوش رنگ سرخ پھول۔

قرنی:سینگوں والا۔

قرنَین:دو سینگ۔

ذوالقرنین:دو سینگوں والا، سکندر کا لقب۔

قرنیہ:آنکھ کے ڈیلے کا بیرونی پردہ۔

قُروت:(ت)کسی ضرب کی وجہ سے جلد کے اندر خون کا خشک یا سیاہ ہو جانا۔

قُروح:قرح کی جمع، زخم جس میں پیپ پڑ گئی ہو۔

قرود:قرد کی جمع، بندر، میمون۔

قروض:قرضے کی واجب الوصول رقوم۔

قروق:قورروق، مخصوص شکارگاہ، وہ جگہ جو کسی خاص کام کے لیے مخصوص ہو۔

قرون:(ع)جمع قرن، صدیاں۔

قرَہ:(ت)سیاہ رنگ۔

قُرہ:تازگی، خوشی، چمک، ٹھنڈک۔

قرۃ العین:آنکھوں کی روشنی۔

قرہ آغاج:(ت)ناروں، ایک درخت جس کی پتیاں دونوں طرف سے کھردری ہوتی ہیں۔

قرہ چایلاق:(ت)زنبور خور، ایک پرندہ جو شہد کی مکھیوں اور بھڑوں کو کھا لیتا ہے۔

قرہ چی:(ت)قرچی، جپسی، ایک خانہ بدوش قوم۔

قرہ سنقر:(ت)سیاہ رنگ کے شکاری پرندے کی ایک قسم، شکرہ، وغیرہ۔

قرہ سوران:(ت)سڑک کا محافظ، مسلح محافظ۔

قرہ طاق-قرطاق:(ت)مانٹی نیگرو کا باشندہ۔

قرہ قاز:(ت)سیاہ رنگ کا ماہی خور پرندہ۔

قرہ قروت:(ت)چھاچھ یا دہی جسے جوش دے کر خشک کر لیتے ہیں۔

قرہ قوش:(ت)عقاب۔

قرہ قول:(ت)دیکھیے قراول۔

قرہ قولاق:قرہ قلق، سیاہ گوش جانور۔

قرہ گھرّ:(ت)سیاہ رنگ کا گھوڑا۔

قرہ مندول-قرہ منگولہ:بانات جس کا رواج اٹھارویں صدی عیسوی میں زیادہ تھا، بانات۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

قرہ مینا:(ت) بندوق (پرانی قسم کی)

قرہ نی:الغوزہ، موسیقی کا ساز

قرہ نی زن:الغوزہ بجانے والا

قریب:(ع) نزدیک

بحر قریب:شاعری کا ایک بحر "مفاعلین مفاعلین فاعلاتن"

عن قریب: تھوڑے عرصے میں، جلدی

قریب یک ماہ در کوہ مری توقف کردم:تقریباً ایک ماہ میں نے کوہ مری میں قیام کیا

ماضی قریب:گزرا ہوا نزدیک کا زمانہ، صرف و نحو میں ماضی کی ایک قسم

قریباً:تھوڑے ہی عرصے میں، جلدی ہی

قریباً وارد خواہد شد:جلد ہی وہ آ جائیگا

قریب الاختتام:(ع) جلد ہی ختم ہونے والا

قریب الفہم:(ع) جو جلدی ہی سمجھ میں آ جائے

قریبُ الوُقوع:(ع) جلد ہی وقوع پذیر ہونے والا

قریح:(ع)(۱)زخمی، مجروح (۲)خالص، صاف

قریحہ:ذوق، سلیقہ، تراوش فکر، ادراک

او قریحۂ اختراع دارد:اسے نئی چیز بنانے کا ذوق ہے

بی قریحہ:بے ذوق

قریحہ شاعری:شاعری کا ذوق و شوق

قریر:(ع) ٹھنڈک، تر و تازہ، خوشحال، خورسند

قریر العَین:(ع) آنکھوں کی ٹھنڈک، آنکھوں کی روشنی، خوشی

قُرَیش:(ع) عرب قبیلہ جس سے رسول کریم(ص) کا نسبی تعلق تھا

قریشی:(ع) قریش سے متعلق، قریشی

قریض:(ع) مقروض

قریع:(ع) حریف، ساتھ کشتی کرنے والا، پہلوان

قریم:کریما

قرین:(ع) نزدیک، ہمدم، ساتھی، دمساز، رفیق

قرینِ افتخار:مفتخر، مکرم و محترم

متمنی است تشریف آوردہ ما را قرین افتخار فرمائید:بندہ خواہشمند ہے کہ آپ تشریف لا کر ہمیں مفتخر فرمائیں

قرینِ عقل، قرین قیاس:وہ بات جسے عقل قبول کرے

قرین مصلحت::مصلحت آمیز، جس میں بھلائی یا بہتری ہو

اُو بخت جوان دارد کہ ہاتو قرین است:وہ شخص خوش نصیب ہے جو تم سے قریب یا تمہارا ساتھی ہے

سعادت قرین:خوش، خوشحال، خوش بخت

قرینہ:(ع) علامت، مناسبت جو دو چیزوں میں ہو قیاس، اندازہ، ڈھنگ، صورت، نسبت، تناسب، مناسبت، حسن تناسب

قز:(ع) کچی سلک

قُز:(ت) لڑکی، دختر

قزّاز:(ع) سلک کا تاجر

قزاغند:سلک کی بنی ہوئی زنانہ صدری، سینہ بند، انگیا نیز زرہ بکتر

قزّاق:(ت) کاسک، ایک تا تاری قبیلے کا نام جو بحیرہ خزر کے شمال میں آباد ہے اور جس کے افراد اکثر روس کے رسالوں میں بھرتی ہو جاتے ہیں کسی زمانے میں یہ قزاق ایران میں استبدادی کاموں پر مامور ہوتے تھے یہ لمبی

marfat.com

ٹوپی اور لمبی قبا پہنتے تھے

قزاق خانہ:قزاقوں کے رہنے کا مقام

قزاقی:قزاقوں کا لباس

قزاگند:جنگی لباس، ریشمی لباس جو قدیم زمانے میں جنگ کے موقع پر پہنا جاتا تھا

قُزح:(ع) قوس قزح، سات رنگوں کی دھنک جو آفتاب کی شعاعوں کے ساتھ بادل میں سے گزرتے ہوئی دکھائی دیتی ہے

قزغان:قزقان، بڑی دیگ جس میں خوراک پکائی جاتی ہے

قزغَند:ایک خاص قسم کے درخت کا پھل جس میں مغز نہیں ہوتا، یہ چمڑا رنگنے کے کام بھی آتا ہے

قزقان:قزغان، بڑی دیگ

قِزِل:(ت) سرخ، قرمز

اسپ قزل:سرخ رنگ کا گھوڑا

قزل آلا:مچھلی جس کے جسم پر سرخ داغ ہوتے ہیں اور میٹھے پانی میں پائی جاتی ہے، اس کا گوشت لذیذ ہوتا ہے

قَزلاغ:غزلاغ، بھورے مٹیالے رنگ کے پرندوں کی قسمیں، چنڈول، چکاوک وغیرہ

قزلاغ:ہنسی، دل لگی، پر لطف صحبت، ہنسی دل لگی کرنا

قِزل ارسلان:ایک بادشاہ کا نام

قِزلباش:(ت) ایران کے صفوی بادشاہ اسمعیل صفوی نے اپنی محافظ فوج کے لیے سرخ ٹوپیاں بنوائی تھیں اس وجہ سے اُن لشکریوں کا نام قزلباش ہو گیا

قزن قُفلی:ہک، کانٹا، آنکڑا، مچھلیاں پکڑنے کا کانٹا

قزوین:تہران کے شمال مغرب میں ایک صوبے کا نام

قزوینی:قزوین کا رہنے والا

قزی قزین:سلک کا بنا ہوا، ابریشمی

قَس:پادری، عیسائیوں کا روحانی پیشوا (قسوس جمع)

قِس:(ع) قیاس کر

قس علی ہذا:باقیوں کے لیے اسی سے قیاس کر لے

قَسا:بے رحمی، سنگدلی

قساس:(ع) خس و خاشاک جو سیلاب میں بہہ کر آتا ہے

قسّاس:(ع) نکتہ چین، عیب چین

قسّام:(ع) تقسیم کرنے والا

قساوَت:(ع) بے رحمی، سنگدلی، سختی

قساوتِ قلبی:سنگ دلی

قساوسہ:قسیس، پادری

قسب:(ع) سخت، خشک کھجور

قسر:(ع) مجبور کرنا، مجبوری، دباؤ ڈالنا، جبر سے کسی سے کام لینا

قِسراق:(ت) چنچل دوشیزہ

قَسری:(ع) بر خلاف طبیعت، بلا ارادہ، غیر طبیعی، مائل بہ جبر، مجبور کرنا، جبری

قِسط:(ع) ٹکڑا، داد، نصیب، مقدار، جز

قِسطاس:(ع) ترازو، میزان

قِسط بندی:اگر کسی کے ذمے قرض ہے تو اس کی قسطیں مقرر کر دینا

قَسطل، قسطلان:(ع) میدان جنگ کا گرد و غبار

قُسطَنطِنیہ:ترکی کا ایک شہر جسے اب استنبول کہتے ہیں

قسطنطین:استنبول سے متعلق

قِسطی:قسطوں میں ادا ہونا یا کرنا

پرداخت قسطی:قسطوں میں ادائیگی

معاملات قسطی:قسطوں کی بنیاد پر طے ہونے والے معاملات

قِسَم:(ع) سوگند، حلف

www.iqbalkalmati.blogspot.com

قسم خوردن: حلف اٹھانا

قسم دروغ: جھوٹی قسم

قسم دروغ خورد که آنجا خواہد رفت: اس نے جھوٹی قسم کھائی کہ وہ اس جگہ جائیگا

بخدا قسم: خدا کی قسم

قِسم: (ع) طرح، نوع، وضع، ڈھنگ، کیسا (اقسام جمع)

این چه قسم پرنده است: یہ کس قسم کا پرندہ ہے

این کار را چه قسم باید انجام داد: یہ کام کیسے انجام دینا چاہیے

چه قسم: کس قسم کا، کس طرح کا

قِسماً: (ع) جزی طور پر

قِسمت: (ع) جز، حصہ، بہرہ

قسمت زیادی ازآن فروختہ شد: اس کا زیادہ حصہ فروخت ہو گیا ہے

قسمت: نصیب، بخت، تقدیر

قسمت آزمای: بخت آزمای، نصیب آزمانا

قسمت پذیر: قابل تقسیم، جو تقسیم ہو سکے

قسمت کردن: حصہ داری کرنا، حصہ دینا

قسمت من از روز ازل این بود: میرا نصیب تو روز ازل ہی سے ایسا تھا

قسمت ناپذیر: جو تقسیم نہ ہو سکے

قسمت نامہ: حلف نامہ، تحریری طور پر قسم کھانا

خدا قسمت کند که باہم می رویم: خدا کرے کہ ہم مل کر جائیں

قابل قسمت: تقسیم ہونے کے قابل، جو تقسیم ہو سکے

قَسوَت: (ع) قساوت، بے رحمی، سنگدلی، سختی

قسورہ: (ع) درندہ شیر، قوی اور دلیر جوان

قسی: (ع) سخت، سخت دل

قسی القلب: سنگدل

قسِیس: (ع) کشیش، پادری، قساوسہ جمع

قسِیم: قسمت، نصیب نیز تقسیم کرنے والا، حسین و جمیل، زیبا، رعنا

قش: (ع) خاکروبہ (۲) چھوٹی کھجور، بڑا ڈول

قشاغی: (ت) قشاوہ، قشو، کھردری کنگھی، گھوڑے کے جسم پر پھیرنے والا کھرکھرا

قشر: (ع) میوے کا چھلکا، ظاہری صورت، بالائی سطح، چھال (قشور جمع)

قشر زمین: زمین کی بالائی سطح

قشر نان: روٹی کا پرت

قشر: چھلکا اتارنا، چھیلنا، جلد اتارنا

قشر بندی: ظاہری سطح درست کرنا

قشردار، قشر مانند، قشری: جس کے اوپر چھلکا ہو، جس کی بالائی سطح پر چھال ہو

قشعریرہ: (ع) لرزہ، لرزش، شدت سرمایا دہشت کی وجہ سے جسم کانپنا

قشقہ: تلک، ٹیکا، ماتھے پر نشان جو لگایا گیا ہو

قشقون: (ت) گھوڑے کی دمچی، گھوڑے کا پٹھا

قِشلاق: (ت) سردی کا موسم گزارنے کیلیے نسبتاً گرم جگہ، گرمسیر متضاد ییلاق گرمیوں کا موسم گزارنے کی جگہ

قِشم: (ع)(۱) سطح زمین پر پانی کا راستہ (۲) طبیعت، حال، ہئیت (۳) بریاں شدہ گوشت

قشم: بندر عباس (ایران کی بندر گاہ) کے جنوب مغرب کا

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ایک جزیرہ

قشمشم: غشمشم (۱)دلیر، نڈر، صاحب عمل، سرگرم، خودرای، خود نما

قشنگ: خوبصورت، زیبا، دلربا، عمدہ، خوب

او خیلی قشنگ بازی می کرد: وہ بہت عمدہ کھیلتا تھا

دختر قشنگ: خوبصورت لڑکی

قشنگ کردن: خوبصورت بنانا

قشنگ: خوبصورتی، زیبائی، رعنائی، دلربائی

آن دختر ہم قشنگی داشت و ہم زرنگی: وہ لڑکی بہت خوبصورت بھی تھی اور دانا اور چست و چالاک بھی تھي

قشو: (ت) دھات کا کھردرا شانہ جو گھوڑے کے جسم پر پھیرتے ہیں، کھرکھرا

قشوکردن: کھرکھرا کرنا

این اسپ را چند روز است کہ قشو نکردہ اند: چند روز سے اس گھوڑے پر کھرکھرا نہیں کیا گیا

قشور: (ع) قشر کی جمع، دیکھیے قشر

قشون: (ت) لشکر، فوج، عسکر

قشون اشغالی: قبضہ کرنے والی فوج

قشون پیادہ: پیادہ فوج

قشون سنگینی بجنگ او آمدند: اس سے جنگ کرنے کے لیے متعدد فوج آئی

قشون سوارہ: سوار فوج

قشونی: لشکر سے متعلق

قص: (ع) سینہ، سینے کا درمیانی حصہ

عظم قص: سینے کی پسلی

قصاب: (ع) قصائی، بوچڑ، گوشت فروش

قصاب خانہ: مذبح، جہاں جانور ذبح کیے جاتے ہیں

قصابی: جانور ذبح کرنے کا کام یا پیشہ

قصابیہ: مذبح کا ٹیکس

قُصاد: قاصد کی جمع، پیغام لانے لے جانے والے، ایلچی

قصار: (ع) آخری حد، آخری حصہ

قِصار: (ع) قصیر کی جمع، چھوٹے چھوٹے، مختصر

کلمات قصار: مختصر مگر جامع کلمات، کم لفظ مگر پر معنی

قصّار: (ع) دھوبی

قِصارت: (ع) چھوٹا، کوتاہ

قصارت: (ع) ایک ذاتی کمرہ، خلوت گاہ، خلوت میں گفتگو کرنا، تخلیہ، خلوت گاہ میں ملاقات کرنا

قصارت: (ع) کپڑے دھونے کا کام

قُصارہ: (ع) وسیع اور حصار دار مکان

قصاص: (ع) خون بہا، تلافی، جزا، مکافات

قصّاص: (ع) قصہ گو، داستان گو، محفل میں قصہ گوئی کرنے والا

قصاص: ایک قسم کا چھوٹا سا درخت جس پر شوخ زرد رنگ کے گچھے آتے ہیں

قصاصاً: (ع) قصاص کے طور پر

قصائد: (ع) قصیدہ کی جمع، نظمیں جو کسی کی تعریف و توصیف میں کہی جائیں

قصَب: (ع)(۱) نرسل، سرکنڈا (۲)نے، بانسری، مرلی (۳)ایک عمدہ قسم کا کپڑا، کتان کا کپڑا

قصب بستن: عمدہ قسم کا کپڑا پہننا

قصب مصر: مصر کا بنا ہوا کپڑا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

قصبات:(ع) قصبہ کی جمع، گاؤں

قصَب الجیب:(ع)(۱)قلم، گنّا

قصب الریہ:(ع) حلق کی نالی جس سے سانس لیا جاتا ہے

قصبَ السّبَق:(ع) بانس جو گھوڑ دوڑ میں گول کا کام دیتا ہے

قصب السُکّر: شکر، گنا نیشکر

قصب پوش: کتان کے کپڑے پہننے والا

قصبہ:(ع) گاؤں (قصبات جمع)

قصبہ صغریٰ: پنڈلی کی باہر کی طرف کی ہڈی

قصبہ کبریٰ: پنڈلی کی ہڈی

نزلہ قصبة الریہ: برونکائیٹس کا مرض

خزع قصبة الریہ: ہوا کی نالی

قصَبی: بانسری کی طرح

قصبی: کتان کے کپڑے کا ٹکڑا

قصد:(ع) ارادہ، مقصد

بقدر کفایت: اتنا جو کافی ہو

بقدر کفایت نان ہست: اتنا کھانا ہے جو کافی ہو

کف بِین: ہاتھ دیکھنے والا، کف شناس، پامسٹ

کف بینی: ہاتھ دیکھنا، کف شناسی، ہاتھ دیکھنے کا علم، ہاتھ دیکھ کر غیب کی باتیں بتانا

کِفت: کندھا

کَفتار: قوی جثہ، درندہ، کنایۃً بے رحم، ظالم، دغا باز، لتیرا

کفتَر: کبوتر

کفتر باز: کبوتر باز

کفتری: کبوتری

کَفتن: کفیدن، تڑکنا، پھاڑنا

کُفتن: کوفتن، کوتنا

کُفتیدن: کفتن

کفج، کف: جھاگ، پانی کی سطح کی جھاگ، صابون کی جھاگ

کفچلیز: دودھ کی بالائی اتارنے والا چھوٹا چمچہ

کفچِہ: کف گیر، بالائی اتارنے کا چمچہ

کفچہ مار: سانپ جس کا سر چمچے کی طرح چوڑا ہوتا ہے

کفدار: جس میں جھاگ آئے، ہیجان خیز، پر اضطراب

کف دستی: ہاتھ پر چھڑی مارنے کی سزا

کف دستی زدن: سزا کے طور ہاتھ پر چھڑی مارنا

کُفر: (ع) خداوند تعالی کی وحدت سے انکار، کافری، خلاف ایمان بات کرنا

کفر گفتن: کفر بکنا، کفر کا جملہ کہنا، اللہ تعالی کی وحدانیت سے انکار کی باتیں کرنا، بے حرمتی کرنا، بے ادبی کے کلمات کہنا

کفر آمیز: کفر یا بے ادبی کے کلمات

کُفران: (ع) ناشکری، نا سپاسی، حق ناشناسی

کفرانِ نعمت کردی: تو نے نعمت کا شکر ادا نہیں کیا، منعم کی نا شکری کی

کف رَو: تلووں کے بل چلنے والا

کف روان: تلووں کے بل چلنے والا جانورمثلاً ریچھ

کُفر گوی: کفر بکنا، اللہ تعالی کی وحدانیت سے انکار کی باتیں کرنا

کفرگ: پاؤں تلے کی رگ

کُفرہ: (ع) کافر کی جمع

کُفری: (ع) کفر کی باتیں کرنے والا، کافر

کُفری، کفرا: (ع) درخت کا شگوفہ

کفش: جوتا

کفشِ اطاق: (یا راحتی) سلیپر

کفشِ پارچہ ای: کپڑے کا جوتا

کفش پاکردن: (یا پوشیدن) جوتا پہننا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کفش تاپتا: جوتا جو موزوں نہ ہو

کفش چوبی: لکڑی کا پاؤں پوش، کھڑاؤں

کفش راحتی: سلیپر

کفش کسی را جُفت کردن: کسی کے سامنے اس کے جاتے وقت اس کا جوتا رکھنا

کفش کندن: جوتا اتارنا

کفش یخ بازی: برف پر چلنے یا پھسلنے کا جوتا، سکیٹ

پاتُوی کفشِ کسی کردن: کسی دوسرے کے معاملے میں دخل دینا، یا اسے برہم کرنا

ہر دو پا را در یک کفش کردن: مجازاً اپنی بات پر اڑے رہنا

کفش بان، کفش دار: جوتوں کی حفاظت کرنے والا

کفش پاک کن: دروازے پر رکھنے کا پاانداز جس سے جوتے صاف ہو جاتے ہیں

کفش دُوز: جوتے سینے والا، موچی

کفش دوزی: جوتے سینے کا کام

کفشک: چھوٹا جوتا

کفش کن: دہلیز

کفشگر: کفش دوز، موچی

کفشیر: ٹانکا، دھات جوڑنے کا مسالہ

کفک: پانی یا صابون کی جھاگ، پھپھوندی

کفک زدگی: پھپھوندی لگنا، بوسیدہ، فرسودہ

کفک زدِہ: جسے پھپھوندی لگی ہو، بوسیدہ، فرسودہ دقیا نوسی

کف کُوب: پاؤں تلے کی جلن

کف کوب: ہتھیلی کا چھل جانا، زخم آنا

کفگیر: دودھ کی بالائی اتارنے کا چمچہ

کفَل: (ع) سرین، چوتڑ (اکفال جمع)

کفلیز: کف گیر

کف مال: کف کوب

کفَن: (ع) مردے کا لباس جس میں لپیٹ کر اسے دفن کرتے ہیں

کفن دُوز: مردے کا لباس سینے والا

کفُو: (ع) برابر کا، ہم پلہ (اکفا جمع)

ہم کفو: ایک ہی درجے کے

ازدواج با غیر ہم کفو: غیر متناسب شادیاں

او بآن زن ہم کفو نیست: وہ اس عورت کا جوڑ نہیں، ہمسر نہیں

کفُور: (ع) ناشکرگزار، کافر، حق ناشناس، ناسپاس

کفوف: (ع) دیکھیے کف

کفِہ: (۱) گندم یا جو جنھیں ابھی گاہانہ گیا ہو (۲) دف

کفہ: ترازو کا پلڑا

کفی: ہتھیلی سے متعلق

کفی: جھاگ دار

کفی: کافی

کفیدن: الگ ہونا، پھٹنا، تڑکنا

کفِیز: قفیز، پیمانہ

کفِیل: (ع) (۱) ضمانت دینے والا، ضامن، کفالت کرنے والا (۲) قائمقام

کفیل خرج: خاندان کی کفالت کرنے والا، خاندان کا خرج برداشت کرنے والا

کفیل دادن: ضمانت دینا

کفِیل وزیر: قائمقام وزیر

بقید کفیل مرخص کردن: ضمانت پر رہا کرنا

کُک: پتھریلا کوئلہ

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کک: کیک خشک بسکٹ

ککچہ: بنولے

ککمک: جسم کی جلد پر سیاہ رنگ کا دھبا

ککہ: فضلہ، پاخانہ، غلاظت

کل: گنجا

کل اگر طبیب بودی سر خود را علاج کردی: ڈاکٹر اگر خود گنجا ہوتا تو اپنے سرکا علاج کر لیتا

کل: نرحیوان، بکرا، بھینسا، بیل، ہرن، ایسے جانور

کل: (۱) کند ہو جانا شمشیر وغیرہ کا (۲) سختی، کج خمیدہ

کل: (۱) بال کاتنا، کم کرنا، گھٹانا، (۲) کند، بے حس

کُل: تمام

کل آنرا تماشا کردیم: ہم نے پوری طرح اسے دیکھا

عقل کل: وہ عقل مند مشیر جس کے بغیر کوئی کام نہ کر سکیں، عقل مافوق البشری

علی کل حال: ہر حال میں

کلا: مینڈک

کلا: (ع) حرف انکار جس سے مخاطب کے کلام کے باطل ہونے پر اسے آگاہ کیا جاتا ہے، ہر گز نہیں

کُلاً: (ع) سب کا سب، تمام

کُلا: کلاہ کا مخفف

کِلاب: کلب کی جمع، کتے، سگان

کَلاب: (ع) پانی سے ڈرنا جو سگ گزیدگی کی علامت ہے

کلابرگ: ایک پودا جس پر بہت سے چھوٹے چھوٹے پھول لگتے ہیں

کلابہ: دھاگے یا ریشم کا لچھا

کلاپُشت: کلاپشتہ، اون کا بنا ہوا چھوٹا سا جامہ

کلات: قلعہ، حصار، پہاڑ کی چوٹی پرکا قلعہ، مشہد کے شمال میں ایک شہر کا نام

کلاتِہ: (۱) چھوٹا قلعہ، (۲) تھوڑی سی مزروعہ زمین، کشت زار

کلاجُو: شراب یا قہوہ پینے کا چھوٹا جام

کلار: مینڈک، قور باغہ

کلارِستاق: مازندران کا ایک ضلع

کلاژ: بھینگا، احول

کلاژہ: کوے کی طرح کا پرندہ

کلاس: درجہ، مرتبہ، جماعت کا کمرہ

کلاسِہ: (۱) کنواں جس سے لوگ پانی پیتے ہیں (۲) دمشق کی ایک مسجد کے حوض کا نام

کلاسہ: طبقہ بندی کرنا، مرتب کرنا

کلاسی: طلبہ کی جماعت کے لیے مخصوص

کُتب کلاسی: جماعتوں کے لیے مخصوص کتابیں، نصاب کی کتابیں

کلاسمان: طبقہ بندی، صف بندی

کلاسنگ: فلاخن، گوپیا جس سے سنگ اندازی کی جاتی ہے

کلاسِیک: اولیں اسلوب ادب، اعلی درجے کا، مستند، مسلم الثبوت، خصوصاً ادبیات میں

کلّاش: قلاش، مفت خور، مفلس، طفیلی، دغا باز، جعل ساز

کلاشکن: ایک قسم کا حلوہ

کلاغ: کوا

کلاغ پیسَہ: کوے کی قسم کا پرندہ

کلاغچہ: ایک قسم کا چھوٹا کوا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کلاغی: کوے جیسا
دستمالِ کلاغی: ایک کشمیری رومال جس کی سطح سرخ ہوتی ہے اور اس پر سیاہ رنگ کی شکلیں ہوتی ہیں
کلاف: لچھا، انٹی، دھاگے یا ریشم کا گچھا
کلاک: (۱)سرکا درمیانی حصہ (۲)دشت و صحرا، بیابان جو موسم برسات میں سرسبز ہو جاتا ہے
کلاکموش: صحرای چوہا
کلال: (ع)(۱)تکان ہونا (۲)جس کے کوئی اولاد نہ ہو
کلال: کوزہ گر، مٹی کے پیالے بنانے والا
کلالت: (ع)(۱)خستگی، تکان، بے حسی، سستی
کلالہ: گھنگریالے بالوں کی لٹ
کلالۂ: (ع) دور کی رشتے داری کی نسبت
کلام: (ع) گفتگو، تقریر، بات کرنا، سخن، مذاکرہ
حاصل کلام: گفتگو یا تقریر کا خلاصہ
علم کلام: اعتقادی علم، فاضلانہ علم
میر کلام: بلند پایہ، فصیح البیان، مالا کلام
کلام اللہ: خدا کا کلام، قرآن مجید
کلان: بڑا، جسیم، وسیع، کثیر، بزرگ
تودہ کلان: بہت بڑا انبار
کلانتر: (۱)بڑا، بزرگ تر، بلند پایہ بلدیہ کا میئر، پولیس کا بڑا افسر کد خدا
کلانترمرز: سرحد کا والی
کلانتری: بزرگی، شہر کے میئر کا منصب، پولیس کے افسر اعلیٰ کا منصب
کلان سال: پیر، بوڑھا
کلانی: بڑائی، بڑا سائز، بزرگی، بڑی جسامت
کلاوو: صحرای چوہا

کلاوہ: سرگشتہ، حیران، سراسیمہ
کُلاہ: سر پر پہننے کی ٹوپی
کلاہ از سر برداشتن: سر سے ٹوپی اتارنا
کلاہ بردار: دغا باز
کلاہ برداری: دھوکا، فریب
کلاہ برسرگذاشتن: ٹوپی پہننا
کلاہ آفتاب گردان دار: دھوپ سے بچنے کی ٹوپی
کلاہ تقی برسر نقی گذاشتن، کلاہ علی را سر ولی گذاشتن: دوسروں کے مال سے اپنا کاروبار کرنا کاروبار میں فریب دینا
کلاہ خُود را بھوا انداختن: بہت خوشی منانا
کلاہ خود را قاضی کردن: اپنے متعلق خود فیصلہ کرنا، خود اپنا جائزہ لینا
کلاہ خُود: آہنی ٹوپی
کلاہ راہبان: راہبوں کی مخصوص ٹوپی
کلاہش پشم ندارد: وہ اپنے اختیارات کو استعمال کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا
کلاہ سرِکسی گذاشتن، کلاہ کسی را برداشتن: کاروبار میں کسی کو فریب دینا، ٹھگنا
کلاہ فرنگی: ہیٹ
سرش بکلاہش می ارزد: وہ بڑی اہمیت رکھتا ہے اس کا سر اس کے کلاہ فضیلت کے شایان شان ہے
شب کلاہ: رات کو پہننے کی ٹوپی
کلاہ بردار: دھوکے باز، فریبی، دغا باز، مکار، فریب کار، حق مارنے والا، ٹھگ
کلاہ برداری: دھوکے بازی، فریب کاری، دغا بازی
کلاہ دار: ٹوپی پہنے ہوئے، با اختیار

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کُلاہ داری:اختیارات کو استعمال کرنا

کلاہ دُوز:ٹوپی سینے یا بنانے والا

کلاہ دوزی:ٹوپی سینا یا بنانا

کلاہک:چھوٹی ٹوپی، جو چیز ٹوپی کے مشابہ ہو

کلاہی، کلاتی:ٹوپی پہننا

کلب:کتا، سگ (کلاب جمع)

داء الکلب:کتے کا کاٹنا، دیوانگی، پاگل پن

کلَب:(۱)منہ، منہ کا اردگرد کا حصہ (۲)پرندے کی چونچ

کلباسُو:چلپاسہ، چھوٹی چھپکلی

کلبّتان، کلبتین:زنبور جس سے دانت نکالتے ہیں

کلبِہ:چھوٹا سا گھر، جھونپڑا، چھپر، دکان، مثال:

یوسف گم گشتہ باز آید بہ کنعان غم مخور

کلبِہ احزان شود روزی گُلستان غم مخور

(حافظ)

یوسف (ع) جو کہیں کھو گئے ہیں اپنے وطن کنعان میں واپس آجائنگے غم نہ کرو یہ حزن و ملال کا گھر پھر سے گلستان بن جائیگا

کلبی:کتے سے متعلق

کلیترہ:فضول گفتگو، بے معنی باتیں

حرف ہای کلیترہ:بیہودہ گفتگو

کلتُور:کلچر، تہذیب

کلتہ:سال خوردہ حیوان، از کار رفتہ

کلثُوم:موٹے رخساروں والا

کلج:بڑا ٹوکرا جس سے گوبر وغیرہ ایک جگہ جمع کرتے ہیں

کلجان:کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ

کلجہ:پرانے انداز کا کوٹ

کلدانی:کلدانی قوم، کلدانی زبان، بابل کا رہنے والا

کلدِہ:سخت زمین

کِلس:چونا، چونے کا پتھر

کَلف:(ع) سیاہ اور سرخ ملے ہوئے رنگ، جسم کی جلد پر ہلکے بھورے رنگ کا دھبا، خال

کلف ہای ماہ:چاند کی سطح کے نشانات

کُلُفت:موٹا، جسیم، لحیم

کلفت شدن:موٹا یا جسیم ہونا

کلفت کردن:فربہ کرنا، موٹا کرنا

درسن بلوغ صدایش کلفت شد:بالغ ہونے پر اس کی آواز بھدی یا کرخت ہو گئی

صدای کلفت:کرخت آواز

طناب کلفت:موٹی رسی

کُلفَت:محنت، مشقت، رنج، تکلیف

کُلفَت:(۱)ملازمہ

کلفتی:موٹا ہونا، سختی، درستی، سنگدلی، ناگواری، نا پسندیدگی

کلفتی:گھر میں ملازمہ کا کام کرنا

کلفن:سیاہ رال جس سے تارپین مقطر کرکے نکالتے ہیں

کلک:(۱)مٹی کا چھوٹا سا طبق (۲)داؤ، چالبازی، ہنر

کلک زدن:چالبازی کرنا، داؤ کرنا، دھوکا دینا۔

کلک چیزی را کندن:کسی معاملے کو ختم کر دینا

کلک کسی را کندن:کسی کو کام سے ہٹا دینا، پیچھا چھڑانا

کلک:شوم، نحس

کلک:نشتر، نیشتر

کلک:تختہ جس سے کشتی کا کام لیا جاتا ہے اس سے پانی کی سطح کو عبور کیا جاتا ہے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کِلک: قلم

کلک باز: چالباز شخص، فریبی، دغا باز، چالاک

کلک بازی: چالبازی، فریب کاری، دغا بازی

کلکی: کلک باز

کلکتہ: بھارت کا مشہور شہر

کلک ران: (کشتی کا) کھوّیا، کشتی چلانے والا، ملاح

کلک رانی: کشتی کو چلانا

کلکسیون: صف بندی، قسم بندی، درجہ بندی، ترتیب دینا، قسم قسم کے سامان کو ترتیب دینا

کَل کَل: ہرزہ سرای، یا وہ گوئی

کلَم: کرم کلہ، ایک ترکاری کا نام

کلِمات: (ع) کلمہ کی جمع

کلماسنگ: فلاخن، گوپیا جس سے سنگ اندازی کرتے ہیں

کلیِل: مسہل دوا

کلِمہ: (ع) لفظ، گفتگو، سخن

کلمہ اللّٰہ: (ع) اللّٰہ تعالی کا فرمان

کلمہ بکلمہ: لفظ بہ لفظ

کلمہ بکلمہ ترجمہ کرد: اس نے لفظ بلفظ ترجمہ کیا

کلمہ بندی: ترتیب الفاظ، خوبیٔ بندش

کلمہ توحید، کلمہ شہادت: اشہداَن لاالہَ الا اللہ وحدہ، لاشریک و اشہدانَ محمداً عبدہ و رسول

کلمہ حق: سچی بات

کلمہ مشتق: استخراج کیا ہوا، اخذ کیا ہوا

یک کلمہ باشما حرف دارم: مجھے تم سے ایک، بات کہنا ہے

کلمتیّن: دو کلمہ شہادت

کلّن: دھنی ہوئی روئی

کِلنِج: ہاتھ کی چھوٹی انگلی، چھنگلی

کلنَج: (۱) تکبر، خود ستائی (۲) زخم کی پیپ

کلنجار: (۱) کیکڑا (۲) سرطان (۳) معدے کا کرم

کُلند: (۱) کلنگ، (۲) قفل (۳) کھودنا صاف کرنا

کلَندر: قوی ہیکل، تنو مند، نا تراشیدہ، غیر مہذب، جاہل، خوشامدی

کلندیدن: چیرنا، زمین کھودنا

کُلنگ: تیز نوک والا آلہ، کدال، بیلچہ

کلنگ زدن: کدال سے زمین کھودنا

این زمین را کلنگ بزن: اس زمین کو کدال سے کھودو

کلنگی: کدال جیسا، کدال سے کھودا گیا

کلنل: کرنل کا مفرس، سرہنگ

کُلوب: کلب، سوسائٹی، انجمن، مجمع

کُلوتہ: روئی کی بنی ہوئی ٹوپی جو کانوں کو بھی لپیٹ میں لے لیتی ہے

کُلوچہ: ایک قسم کی منھائی جو آٹے، گھی اور چینی سے تیار کی جاتی ہے

کُلوخ: ڈھیلا، ڈلا، روڑا، پتھر

کلوخ انداختن: پتھر پھینکنا

کلوخ بر لب زدن: کوئی چیز دینے سے انکار کرنا

کلوخ در آب افگندن:: پانی کو خراب کرنا

کلوخ درراہ: راستے کی رکاوٹ

کلوخ انداز: (۱) پتھر پھینکنے والا (۲) قلعہ کا سوراخ، روزن جس سے دشمن پر پتھر پھینکے جاتے ہیں

کلوخ اندازی: (۱) سنگ اندازی، قلعہ کی فصیل کا سوراخ جس سے دشمن پر سنگ اندازی کی جاتی ہے **کلوخ اندازان:** شعبان کے مہینے کے آخر میں خوشی منانا،

marfat.com

دعوتیں کرنا

کلوخ چین: ڈھیلوں یا پتھروں کی باڑ

کلوخ زار: جہاں پتھر ہی پتھر پڑے ہوں

کلوخ کُوب: پتھر کوٹنے والا

کلوخِہ: ڈھیلا، پتھر کا ٹکڑا

قند کلوخہ: چینی کے ڈلے

کلوک: چھوٹا بچہ، بے تربیت، بے احتیاط،

کلون: کنڈی،زنجیر، چٹخنی

کلون کردن: کنڈی لگانا، دروازے کی زنجیر لگانا، چٹخِنی لگانا

درخانہ را کلون کن: دروازے کو زنجیر لگا دو، کنڈی لگا دو

کَلوَند: خیار، کھیرا

کَلہ: سر

کلہ اش شکست: اس کے سر کو چوٹ لگ گئی

کلہ عمارت: عمارت کی چوٹی، بالائی کنگرہ

کُلہ: کلاہ کا مخفف

کلہ: سر کی چوٹی، کاکل

کلہ کاکل: بالوں کی لٹ، گھنگریالے بالوں کی لٹ

کلہ پاچہ: بکرے یا مینڈھے کے سری پائے

کلہ پُرباد: متکبر، مغرور

کلہ پَز: سری پائے پکانے والا، پکا کر بیچنے والا

کلہ پوش: سر پر پہننے کی ٹوپی، چھجے دار ٹوپی

کلہ پُوک: خالی الذہن، بیوقوف

کلہ خر: مغرور، متکبر، ضدی، احمق

کلہ خشک: بے دماغ، احمق، بے وقوف

کلہ دار: (۱)لائق، قابل (۲)مغرور، ضدی

کلہ شق: ضدی، ہٹیلا، متمرد، خود رائے، سرکش

کلہ شقی: ہٹیلا پن، تمرد، سرکشی، خودرائی، سرکشی

کلہ شقی کردن: سرکشی کرنا، ضد کرنا

کلہ قندی: مخروطی

کَلی: گنجا پن

کُلی: چھوٹا پن

کُلی: جذام، برص کی بیماری

کُلّی: عمومی، سب کے سب، مجموعی طور پر

اِحتمال کلی: بہت زیادہ امکان، قیاس غالب، گمان غالب

بکلی: پورا، سب کا سب

بطورِ کلی: عام طور سے

تخفیفِ کلی: مکمل تخفیف

قاعدہ کلی: عمومی قاعدہ

کسوفِ کلی: مکمل سورج گرہن

کلی فروختن: اجتماعی طور پر فروخت کرنا، ہول سیل

کلیاً: (ع) کلیۃً، تمام تر، سب کا سب

کُلیات: شاعر کے تمام کلام کا مجموعہ

کُلیت: عمومیت، عام، ہمہ گیر اصول کسی اصول کا عالمگیر ہونا

کلیتَین: گُردے

کلِید: چابی، کنجی، اشارہ

کلید انداختن: تالا کھولنا

کلید چندین قفل: کنجی جس سے کئی اور تالے کھل جاتے ہیں، ماسٹر کی

کلیدشدن: (۱)تالا لگنے سے کسی چیز کا بند ہو جانا (۲)گرہ پڑ جانا

کلید کردن: تالا لگانا

کلید خور: چابی کا سوراخ۔

کلید دار: جس کے سپرد چابی کی گئی ہو، محافظ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کلیدان: قفل، نگہبان

کلیسا،کلیسیا: قوم نصاری کا معبد، عیسائیوں کا گرجا

کلیسیای اعظم: کیتھڈرل

کلیشہ: چھپائی کی پلیٹ یا تختی

کلیک: بھینگا، احول، کج چشم

کلیک: ہاتھ کی چھوٹی انگلی، چھنگلی

کلیلہ: کلیلہ ایک گیدڑ کا نام جس کا ذکر، مشہور کتاب کلیلہ و دمنہ میں آیا ہے

کلیل: عاجز، درماندہ

کلیم: (ع) گفتگو کرنے والا، سوال و جواب میں حصہ لینے والا، پاکستان و ہند کے مشہور شاعر ابو طالب کا تخلص

کلیم اللہ: (ع) اللہ تعالی سے باتیں کرنے والا، حضرت موسی(ع) کا لقب

کلیمی: (ع) یہودی، حضرت موسی(ع) کلیم اللہ کا پیرو

کلینیک: (انگ) کلنک، مطب، درمان گاہ، بیمارستان

کلیواج: چیل

کلیون: سات رنگوں کا کپڑا، جامہ ہفت رنگ

کلیوی: کلوی، گردوں کا، گردوں سے متعلق

کلیہ: گردہ (کلیتین جمع)

کُلّیہ: (ع) سب کا سب، تمامتر، تمام و کمال

کلیہ اجناس را فروخت: سب چیزوں کو فروخت کر دیا

کلیتۂ: (ع) تمام، سب کا سب، کلی طور سے

کم: تھوڑا، ذرا سا، چند، قلیل، قلیل المقدار، نادر الوجود، سرسری

این میوہ حالاکم است: یہ پھل ابھی تھوڑا ہے

حقوقش را کم کردند: انھوں نے اس کی تنخواہ کم کر دی

سن او ازمن کمتر است: اس کی عمر مجھ سے چھوٹی ہے

سنگ کم: تھوڑے وزن کا

کمترین اعتنای ہم بہ او نکردند: انھوں نے اس کی طرف ذرا سی توجہ بھی نہ کی

کم حرف بزن: تھوڑا بولو

کم کردن: تھوڑا کر دینا

کم ماندہ بود کہ کُشتہ شود: قریب تھا کہ وہ مارا جاتا

کم و بیش: تھوڑا بہت

یک کمی: تھوڑا سا

محصّلین فارسی در این دانشکدہ کم اند: اس کالج میں فارسی کے طلبہ کی تعداد کم ہے

کم: (۱)چھلنی کا گھیرا (۲)چق، چلمن، پردہ

کم: کہ مرا کا مخفف، کہ مجھ کو

کم: کتنا، چہ قدر، کس قدر

بی کم و کاست: کسی قسم کی کمی کے بغیر

کم: آستین

کم: (ع) تمھارا، تم پر

ایامکم: (ع) تمھارے ایام

سلام علیکم: (ع) تم پر سلامتی ہو

کما: چنانکہ، بطور یکہ

کما حقہ: جیسا کہ اس کا حق ہے، ٹھیک ٹھیک

کما فی السابق: پہلے کی طرح، بطور سابق

کماکان: پہلے کی طرح

کماینبغی: (ع) شائستہ طور سے، جیسے کہ مناسب ہو

کماہی: جیسا کہ ہے

کم آب: خشک، خشک سالی، پھلوں میں رس کم ہونا

کمابیش: کم و بیش، بیش و کم، تھوڑا بہت

marfat.com

کماج:ایک قسم کا موٹا اور چوڑا نان

کماجدان:برتن جس میں موٹے اور چوڑے نان رکھے جاتے ہیں، تانبے کا بڑا برتن دیگ

کم آزار:بے آزار، جس سے کسی کو تکلیف نہ پہنچے

کماس:کھلے منہ کا مٹی کا برتن، کاسہ چوبی، کشکول

کمال:(ع) تمام، پورا، نہایت، بہت، عروج، انتہا، ہنر، قابلیت، انتہائے قابلیت

بحد کمال رسیدن:کسی خوبی یا وصف میں انتہا کو پہنچنا، قابلیت، حاصل ہونا، کسی فن میں کامل ہونا

سنِ کمال:بلوغت کی عمر

صاحب کمال:با کمال، انتہائی قابلیت رکھنے والا

کمالات:(ع) کمال کی جمع

کمالہ:(۱)کج، خمیدہ (۲)خام ریشم

کمان:(۱)تیر اندازی کا آلہ (۲)خمیدہ

کمان آسمان:قوس قزح

کمان بہمن:قوس قزح

کمان حلاجی:روئی دھننے کا آلہ

کمان را چلہ کردن:کمان کا چلہ چڑھانا

کمان وائلن:وائلن بجانے کا کمانچہ

کمان ابرو:جس کے ابرو خمیدہ ہوں

کمان انداختن، کمان افگندن:ہتھیار ڈال دینا

کمان پشت:کُبڑا

کمانچولہ، کمان دان:جس میں کمان رکھتے ہیں

کمانچہ:چھوٹی کمان، وائلن کی طرح کا موسیقی کا ساز

کمانچہ فرنگی:وائلن

کمانچہ زدن:وائلن بجانا

کمان کشیدن:کمان کا چلہ چڑھانا، تیر پھینکنے کے لیے کمان کو کھینچنا

کمانگر:کمان ساز، کمان بنانے والا

کمان گردوں:قوس قزح

کمان گیر:کماندار

کمانہ:(۱)کمان کی مانند (۲)سارنگی نواز کا کماچہ جس سے وہ سارنگی بجاتا ہے

کماہی:جیسا کہ ہے

کم بخت:بد نصیب

کم بَر:تھوڑے عرض والا، کم چوڑا

کم بَضاعت:جس کے پاس سرمایہ کم ہو، ذرائع معاش کم ہوں، کم حیثیت، کم مرتبہ

کم بغل:غریب، جس کے وسائل معاش کم ہوں

کمبُود:کمی، قلت، نقصان، خسارہ، کم وزن

کمبُوک:ایک خاص قسم کی گوند جو خاص قسم کے درختوں سے حاصل ہوتی ہے اور ریشم کے رنگنے کے کام آتی ہے

کم بہا:کم قیمت، معمولی

کمپا، کمپای:عارضی، نا پائدار، زود گزر

کمپانی، کمپنی:(انگ) شرکت، ادارہ شرکت، ہیئتِ شُرکا

کمپر، کم پُشت:جس پرندے کے پر کم ہوں، پتلا، دُبلا

کمپُوت:پھلوں کا تازہ مربا، پھل جو شیرے میں رکھ کر محفوظ کیے جاتے ہیں

کمپیر:بوڑھا

کمتر:بہت کم، چند

کمتر اوقات:بہت کم اوقات، کبھی کبھی

کمتر کسی است کہ با او بتواند کہ زندگی کند:کم ہی ایسے لوگ ہیں جو اس کے ساتھ رہ سکیں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سابق او را کمتر دوست داشتم: پہلے میں اس سے زیادہ دوستی نہیں رکھتا تھا

سال او از سال من کمتر است: اس کی عمر میری عمر سے کم ہے

کمترین: بہت زیادہ کم

بندہ کمترین: عاجز ترین خادم

کمترین سہم را بمن داد: سب سے کم حصہ مجھے دیا

کمترینہ: کمترین

کم جثّہ: چھوٹے جسم والا

کم جرأت: کم ہمت، بزدل

کم جمعیّت: جہاں آبادی کم ہو

کم جمعیت کردن: آبادی کم کرنا

کمچہ: لکڑی کی ڈوئی

کم حافظہ: جس کی یادداشت کمزور ہو

کم حرف: کم گو

کم حرفی: کم گوئی

کم حُرمتی: جس کی لوگوں کی نگاہ میں عزت کم ہو

کم حَوصلگی: کم ہمتی، دھیما پن

کم حوصِلہ: دھیما، کم ہمت

کمخا: سلک کی ایک قسم

کم خرج: سستا، ارزان

کم خرج بالانشین: سستا اور قابل ستائش، اچھا

این چنین خانہ ای کم خرج خواہد بود: اس قسم کا گھر بنانے میں زیادہ خرج نہیں ہوگا

کم خرچی: کفایت شعاری، جز رسی، بخل، کنجوسی

کمخواب: بے خوابی کی بیماری، جسے نیند نہ آتی ہو

کمخواب: ایک قسم کا ریشمی کپڑا

کمخوابی: بے خوابی، نیند نہ آنا

کمخوار، کمخور: کم کھانے والا

کم خُوری: کم غذا کھانا

کم خونی: بیماری جو خون کے کم ہونے کی وجہ سے ہوتی ہے

کم دخل: کسی بات میں زیادہ دخل نہ دینے والا

کم دل: بے دل، بے ہمت، بے حوصلہ

کم دوام: جسے زیادہ دوام حاصل نہ ہو، عارضی، زیادہ دیر قائم نہ رہنے والا

کمدی، کامیڈی: (انگ) خندہ آورنمائش، خندہ آور کھیل، کامیڈی، مزاح، دل لگی کے مسرت آور کھیل، خندہ آور مضمون یا کتاب

کُمدی نویس: مسرت آور کھیل لکھنے والا، امید پسندی پر مبنی مضمون یا تمثیل لکھنے والا

کم ذہن: بھول جانے والا، یاد نہ رکھنے والا، فراموشکار

کمَر: جسم کا درمیانی حصہ

کمراز میان کسی کشادن: جگہ سے ہٹا دینا، دفتر وغیرہ کے کام سے الگ کردینا، موقوف کردینا۔

کمر باز کردن: کمر کھول دینا۔

کمر باختن: محنت مشقت سے بہت زیادہ تھک جانا، خستہ و لاچار ہوجانا۔

کمر بُر: شارٹ کٹ، فاصلہ کم کرنے کے لیے راستہ بدلنا۔

کمر بستن: آمادہ کار ہونا۔

از کمر افتادن: محنت سے بہت تھک جانا، خستہ و لاچار ہو جانا

دست بہ کمر زدن: ہاتھ کمر کی طرف جھکانا

دست بہ کمر کسی نہادن (یا کردن): کسی کو کمر سے پکڑ لینا

marfat.com

کمرا: چاردیواری جس کے اندر چوپائے رکھے جاتے ہیں

کمربستہ: کام کرنے کے لیے تیار

کمر بند: (۱) کمر پر باندھنے کی پیٹی، آزار بند

کمر بند نظامی: تلوار لٹکانے کی پیٹی

کمر چین: پرانی وضع کا لباس جس میں کمر کی جگہ پر تہیں ہوتی ہیں

کمر شکن: سخت محنت طلب کام، پر مشقت کام، جس سے کمر خستہ ہو جائے

کمرکش: (۱) پہاڑ کی بلندی (۲) مرد میدان، شجاع، دلیر کمرکوہ

کمرکوہ: کمرکش

کمرگاہ: جہاں کمر بند یا پیٹی باندھی جاتی ہے

کمرُو: شرمسار، با حیا، بے حوصلہ، خجل، خجالت کش

کمرُوی: شرَمساری، حیاداری

کمری: (۱) کمر سے متعلق (۲) جس کی کمر خمیدہ ہو

اسلحہ کمری: کمر سے باندھنے کا اسلحہ

کمری شدن: بہت زیادہ تھک جانا، خستہ ہو جانا

کم زبان: کم گو

کم زن: سہل انگار، آرام طلب، بے دولت، بے اقبال

کمزور: بے طاقت

کم سال: خورد سال، کم عمر

کم سُخن: کم گو، زیادہ باتیں نہ کرنے والا

کمَسک: دہی جس کی نمی خشک ہو گئی ہو

کم شیر: کم دودھ دینے والی گائے

کم طالِع: بد نصیب

کم ظرف: اوچھا، کم حوصلہ، نا عاقبت اندیش، بے صبر، پست خیال

کم ظرفی: اوچھا پن، کم حوصلگی، نا عاقبت اندیشی، پست خیالی

کم عرض: جس کی چوڑائی کم ہو، تنگ

کم عقل: نادان، بے وقوف، جاہل

کم عقلی: نادانی، بے وقوفی، جہالت

کم عمر: چھوٹی عمر کا

کم عُمق: جس کی گہرائی کم ہو، اتھلا، پایاب

کم عیار: کم درجے کا

کم فُرصت: بے صبر، تندو تیز، جلدی میں

کم فرصتی: بے صبری، تیزی، سرعت

کم فُرُوش: کم تولنے والا

کم فروشی: سودا کم تولنا

کم فہم: کم عقل، اچھی طرح نہ سمجھنے والا، نادان کند ذہن، غبی

کم فہمی: کم عقلی، کند ذہنی، نادانی

کم قدر: کم قیمت کا

کم قوت: کمزور، بے طاقت

کم قیمت: ارزاں، سستا، کم بہا

کُمک: مدد، حمایت، دستگیری، یاری، ہمراہی

کمک خواستن: مدد چاہنا

کمک کردن: مدد دینا، دستگیری کرنا

آن پیر مرد را کمک کردند: اس بوڑھے شخص کی انھوں نے مدد کی

درین کار کمک لازم دارد: اس کام میں اسکے لیے مدد ضروری ہے

کمکار: نا تجربہ کار

کُمکِ خرج: امدادی خرچ، الاؤنس، نقصان یا خسارے سے محفوظ کر دینا، حفاظت کے لیے سامان دینا، قانونی ذمے داری سے خسارہ پورا کر دینا

کم کم: تھوڑا تھوڑا، درجہ بدرجہ

کم کم ترقی کرد: اس نے درجہ بدرجہ ترقی کی،

تدریجاً ترقی کی

کم کم: کدال سے کھودنے کی آواز

کُمکی: مدد دینا، دستگیری کرنا

کمکی: کمی، کچھ

کم گفتار: کم سخن، کم گو، کم بولنے والا

کمَل: (ع) کامل

کُمَلا: (ع) کامل کی جمع

کمَلکان: (۱) قطرہ (۲) چھوٹی ندی

کم مائیگی: کم سرمایہ ہونا، کم استعداد، کم درجہ

کم مایہ: جس کے پاس سرمایہ کم ہو، جس کی استعداد کم ہو، کم طاقت، کمزور، بہت معمولی علم رکھنے والا، کمزور

کم میدان: جس کے لیے گنجائش کم ہو، موقع کم ہونا

کم نام: جسے لوگ کم جانتے ہوں، جس کی شہرت نہ ہو، جسے ناموری حاصل نہ ہو

کمَند: پھندا

کمندافگن: کمند انداز، کمند پھینکنے والا، دام بچھانے والا

کمند انداختن: پھندا لگانا، دام بچھانا

کمندانداز: دام بچھانے والا

کمندانداز ی: دام بچھانا، پھندا لگانا

درکمندانداختن، در کمندآوردن: دام کے ذریعے شکار پکڑ لینا

کم نُور: دھندلا، بینائی کی کمزوری

این چراغ کم نور است: اس چراغ کی روشنی کم ہے

چشمانِ او کم نور اند: اس کی بینائی کمزور ہے

کمُون: (ع) زیرہ

کمونِسٹ، کمیونسٹ: (انگ) اشتراکی، اشتراکی آئین کا پیرو

کمونیسم: آئین اشتراکیت

کم ہمت: بے ہمت، بے حوصلہ

کم ہمتی: بے ہمتی، حوصلہ نہ ہونا

کمی: کم ہونا

کمی نان آنہا را در زحمت افتاد: معاش کی کمی ان کے لیے تکلیف کا باعث ہوئی

کمیاب: چیز جو کم ملے یا کم دستیاب ہو، نادر الوجود

این گوہر کمیاب است: یہ جواہر بہت کم ملتا ہے

کمیابی: کسی چیز کا کم ہونا

کمیّت: اندازہ یا مقدار کم ہونا، کسی چیز کی مقدار کا وزن کیا جائے یا شمار کی جائے تو اس میں کمی ہو

کُمیت: سیاہی نما سرخ رنگ، سیاہی نما سرخ رنگ کا گھوڑا

کمیتہ، کمیٹی: (فر) انجمن خصوصی، انجمن جو مالی، علمی اور فنی امور کے مطالعے کے لیے تشکیل دی جاتی ہے

کمیچہ: (۱) جگنو (۲) کمانچہ

کمیز: پیشاب، بول، شاس، ادرار

کمیزدان: برتن جس میں پیشاب رکھا جاتا ہے

کمیسیون: (فر) چند اشخاص کی انجمن جو چیزوں کی خرید و فروخت اور آڑھت وغیرہ کے لیے فیصلہ کرتی ہے

کمیک، کامک: (انگ) خندہ آور

کمین: (ع) گھات، شکار کے لیے چھپ کر بیٹھنا، مثال:

دیو رہزن درکمین، نفس و ہوا اعدای دین
این ہمہ با سایہ لطفت پناہ آوردہ ام

لوٹنے والا یا گم کردہ راہ کرنے والا دیو میری گھات میں ہے، ہوا و ہوس دین کے دشمن ہیں۔ ان سب باتوں کے ساتھ میں نے آپ کے لطف و کرم کے سائے میں پناہ لی ہے

marfat.com

کمین کردن: گھات لگانا، جاسوسی کرنا
کمین گاہ: گھات میں بیٹھنے کی جگہ
در کمین نشستن: گھات لگانا، گھات میں بیٹھنا
ساعتی در کمینِ او نشستند: گھنٹہ بھر اس کی گھات میں بیٹھے
کمین: کمترین، گھٹیا، پست فطرت
کمیونسٹ: اشتمالی، اشتراکی
کَن: کندن= کھودنا سے فعل امر، کھودو
چاہ کن را چاہ در پیش: جو کسی کے گرانے کے لیے کنواں کھودتا ہے اسے بھی کنوئیں کا سامنا کرنا پڑتا ہے
کُن: کردن= کرنا سے فعل امر، کرو
کن فکان: خداوند تعالی نے کہا ہوجا
کن فیکون: کہا ہو جا تو ایسا ہوا
کن: بخیہ جو کپڑے پر کیا جاتا ہے
کنا: زمین، کنارہ
کُناد: وہ ایسا کرے یا اسے ایسا منظور ہو
خدایش رحمت کناد: خدا اس پر رحمت کرے
کِنار: طرف پہلو، کنارہ
کنارِ آب: بیت الخلا جہاں پانی کا انتظام ہو
کنار آب رفتن: بیت الخلا میں جانا
کنار افتادہ: (۱) فرسودہ، متروک، (۲) تنہا پڑا ہوا
کنارجادہ: سڑک کا کنارہ، سڑک کی طرف
کنار کشیدن: ایک طرف کو ہو جانا
کنار گذاشتن: الگ کر دینا، نظر انداز کر دینا، اٹھا دینا
از گوشہ و کنار: ہر طرف سے، ہر گوشے سے
آن عادتِ زشت را کنار گذاشت: اس نے بری عادت ترک کر دی

بکنار آمدن: پہلو میں آنا
درکنار گرفتن: بغل گیر ہونا، آغوش میں لینا
شوخی بکنار: شوخی کو چھوڑیے
کُنار: کنول کا پودا، کنول
کنارنگ: والی، حاکم اعلی
کِنارہ: طرف، لب دریا، ساحل، حد، حاشیہ، سنجاف، گوٹ، مغزی
کنارہ کردن، کنارہ گرفتن: کنارہ کرنا، الگ رہنا، ہٹ جانا، چلے جانا
از مجلس کنارہ کرد: مجلس سے چلا گیا، مجلس سے الگ ہو گیا
کنارہ جُو: خلوت نشین، الگ رہنے والا
کنارہ جوی: خلوت نشینی، الگ ہو رہنا
کنارہ جوی کردن: الگ ہو جانا، سوسائٹی سے علیحدہ ہو جانا، تنہائی اختیار کر لینا
کنارہ گرد: جو الگ گھومتا پھرتا ہے
کنارہ گرفتن: لوگوں سے دوری اختیار کرنا
کنارہ گیر: خلوت اختیار کرنے والا، گوشہ گیری کرنے والا
کنارہ گیری: خلوت اختیار کرنا، گوشہ نشینی اختیار کرنا، کنارہ کشی اختیار کرنا، خانہ نشین ہو جانا
کِناری: سرحد پر رہنا
کنّاس: خاکروب، جاروب کش، گلیوں سڑکوں وغیرہ سے کوڑا کرکٹ اٹھانے والا
کنّاسی: خاکروبی، جاروب کشی، گلیوں سڑکوں سے کوڑا کرکٹ اٹھانا
کُناغ: ریشم کا تار، مکڑی کے جالے کا تار
کُناک: پیٹ درد، پیچش
کُنام: (۱) گنجان جھاڑیوں کا سلسلہ، جھاڑیوں کا جنگل چراگاہ، (۲) گھونسلا، آشیانہ (۳) حیوانات کے رہنے کی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جگہ

کُنان: کرتے ہوئے

رقص کنان: رقص کرتے ہوئے

شادی کنان: خوشی مناتے ہوئے، مل کر خوشی کی تقریب مناتے ہوئے

کُنانَہ: کہنہ، فرسودہ، پرانا

کِنایَت: (ع) کنایہ، اشارہ، پوشیدہ بات

کِنایہ: (ع) رمز و اشارہ، پوشیدہ بات، مبہم بات جو صرف اشاروں کی بنا پر سمجھی جا سکے

کنایۃً: (ع) اشارۃً، اشارے سے

کنایہ دار: اشارہ آمیز

کنایہ زدن: مبہم بات کرنا، غیر واضع بات کرنا

شوخیِ کنایہ دار: اشارے اشارے میں شوخی کرنا

کَنَب: سن جس کے ریشوں سے بوریاں اور رسیاں بناتے ہیں

کنبُورہ: مکر و فریب، نیرنگ

کنبیزہ: تربوز جو ابھی پکا نہ ہو، نارسیدہ تربوز

کُنت: گنتی، حساب لگانا، شمار کرنا، شامل حساب کرنا، محسوب کرنا

کُنترات، کنتریکٹ: (انگ) معاہدہ، ربط

کنترات کردن: معاہدہ کرنا

کُنتراتی: کارکن جو معاہدے کے تحت مقرر کیا گیا ہو

اعضای کنتراتی: معاہدے کے شُرکا

کنتواری: پاپلین، ایک قسم کا نفیس کپڑا

کُنج: گوشہ، کونہ، زاویہ، مثال:

ہر آن کہ کنجِ قناعت بہ گنجِ دنیا داد
فروخت یوسفِ مصری بہ کم ترین ثمنی

جس شخص نے دنیا کے مال و دولت کے لیے قناعت کا گوشہ عافیت ترک کر دیا تو گویا اس نے مصر کے یوسف(ع) کو کم ترین قیمت پر فروخت کر دیا

کنج دریا: کھاڑی، شاخ دریا، گودی، چھوٹی بندرگاہ

مار در کنجی خزید: سانپ گوشے میں گھس گیا

کَنج: (۱) حلق کا کوا

کُنجارِہ: کنجالہ، کچلے ہوئے اور نچوڑے ہوئے تلوں کے بیجوں کا باقی حصہ

کُنجِد: تل

روغن کنجد: تلوں کا تیل

کنجدِک: جلد پر بھورے رنگ کا دھبا، چھائی، چھائی پڑ جانا

کُنجَک: تازہ، نیا، بدیع

کُنجکاو: متجسس، متلاشی، آگہی طلب، جستجو جاری رکھنے والا، تحقیق پسند، اہم معاملے کی کھوج لگانے والا

کُنجکاوی: غور و پرداخت، تجسس، تجسس کا شوق، تحقیق پسندی، راز جوئی

کُنجکاوی کردن: جستجو کرنا، تحقیق کرنا

کُنجل: (۱) گنجل، راز، پیچیدہ چیز (۲) خمیری روٹی جو تنور میں گر جائے اور اس کا گلولہ بن جائے

کنجِہ: ایک قسم کا کباب

کُنجیدہ: کنجارہ، کوٹے ہوئے تلوں کا بقیہ حصہ

کَنخت: جوہر، جوہر شمشیر

کُند: (۱) تلوار جو تیز نہ ہو (۲) سست، غبی جو آرام آرام سے حرکت کرے

او در دروس خود کنداست: وہ اسباق سمجھنے میں غبی ہے، ٹھیک طرح سمجھ نہیں پاتا، کند ذہن

کَند: کندن=کھودنا سے ماضی مطلق، اس نے کھودا

کُند: مجرم کو زنجیر میں کسنا، کاٹھ جس میں مجرم کے پاؤں اور کبھی کبھی ہاتھ بھی ٹھونک دیے جاتے ہیں، سزا دینے کا آلہ

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کند:گاؤں، قلعہ، بعض لفظوں کے ساتھ بطور لاحقہ آتا ہے جیسے تاشکند، تاشقند

کندا:دانا، فیلسوف، حکیم، منجم، نیز شجاعت، دلیری

کندآور:دلیر، شجاع، بہادر، دلاور

کندآوری:دلیری، شجاعت، مثال:

چگونہ سر آمد بہ نیک اختری

پریشان ہمہ روز کند آوری

دیکھیے نیک بختی کی وجہ سے کیسے روز روز کی پریشانی ختم ہوئی اور اس کی جگہ دلیری اور شجاعت نے لی

کنداگر:حکیم، دانا، شجاع

کُند ذہن:غبی جو بات کے سمجھنے کی صلاحیت نہ رکھتا ہو

کند ذہنی:بے سمجھی، بے وقوفی

کُندُر:(۱)مصطکی، ایک قسم کی زرد رنگ کی گوند (۲)ایک طرح کی گچ (۳)زرد رنگ

کُندرای:جس کی رائے صائب نہ ہو

کندرَو:انسان یا حیوان جو آہستہ آہستہ چلتا ہے

کند زبان:آہستہ آہستہ بات کرنے والا، رک رک کر بات کرنے والا

کند زبانی:رک رک کر باتیں کرنا

کُندُش:کندسہ ،ایک پودا جسکے پتے دندانہ دار ہوتے ہیں، ان کا رنگ سیاہی مائل ہوتا ہے، ان کی بو تُندسی ہوتی ہے

جوہرکندش:ایک زہریلا نباتی مرکب جو وجع مفاصل اور درد اعصاب کے مہیج کے طور سے استعمال ہوتا ہے

کُندِش:دھنی ہوئی روئی

کُندفہم:کند ذہن، جو آسانی سے بات سمجھ نہ سکے

کند فہمی:کند ذہنی، بے عقلی، جہالت

کندک:روٹی کے ریزے، روٹی جس کے ٹکڑے ہو گئے ہوں

کندک:خندق، کھائی

کندکار:سست عمل، بیکار پھرنے والا

کُند گوش:جو جلد سن نہ سکے

کَندِگی:کھودنا، کندہ کرنا

کندلان:بڑا خیمہ، سائبان جو بادشاہوں کے دربار کے آگے لگایا جاتا ہے

کند مند:ویران، خراب، تباہ شدہ عمارت

کَندن:کھودنا، اکھاڑنا، جدا کرنا

از ریشہ یا بیخ برکندن:جڑ سے اکھاڑ دینا

بابیل کندن:بیلچے سے کھودنا

پَرہای کنجشک بیچارہ کندند:بیچاری چڑیا کے پر انھوں نے نوچ دیے یا اکھاڑ دیے

پوست کندن:جِلد اکھاڑ پھینکنا

جان کندن:حالت نزع میں ہونا، جان نکلنا

چاہ کندن:کنواں کھودنا

دل برکندن:توجہ ہٹا لینا

روئی این برنج را کندہ اند:اس پیتل کی سطح پر کھدائی کی گئی ہے

موی خود را کندن:اپنے بال اکھاڑنا

کندُو:شہد کی مکھیوں کا چھتا

کُندوالِہ:جوان، تنومند، قوی ہیکل

کندُورہ:چمڑے کا بڑا دستر خوان

کندو کوب:بیچینی، بیقراری، اضطراب

کندِہ:کھودا ہوا، جس پر کھدائی کی گئی ہو

کندِہ:لکڑی کا کاٹا ہوا چھوٹا سا ٹکڑا، درخت کا کٹا ہوا ٹکڑا

کندہ کار:کھدائی کرنے والا

کندہ کاری:کھدائی کا کام کرنا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کندہ گر: کندہ کار

کُندی: سستی، سست کاری، آرام طلبی، بیوقوفی

کندی ذہن: کند ذہنی

کندی چشم: بینائی میں دھندلاپن

کنز: خزانہ، گنج، (کنوز جمع)

کنزُ اللغات: لفظوں کا ذخیرہ

کنِسک: بخیل، کنجوس، خسیس

کنسرت: (فر) یگانگت، ہم آہنگی ساز و آواز

کنسول: (انگریزی) کسی غیر ملک میں کسی حکومت کا نمایندہ جو خود اپنی حکومت کی نمایندگی کرتا ہے

کنسولات: کاؤنسل گری

کنسولتاسیون: کانسلٹیشن، مشورہ

کنسولیار: نائب کونسل

کُنش: عمل، کام کرنا، فعل، کردار، نیک بابد

کَنش: کھودنا، کھدائی

کُنشت: مندر، چرچ، آتشکدہ، یہودیوں کی عبادت گاہ

کنعان: ملک کا نام جہاں کے حضرت یعقوب(ع) رہنے والے تھے، آپ یہیں پیدا ہوئے

پیرِ کنعان: حضرت یعقوب(ع)

ماہ کنعان: کنعان کاچاند یوسف (ع) کا لقب

کنعانی: کنعان کا رہنے والا

کنفاله: امرد باز

کنَف: پر، بال، پہلو، حد، سایہ، پناہ گاہ (اکناف جمع)

کنّف: سن، سن کی بنی ہوئی رسیاں

کنِفت: غلط، کثیف، ضائع

کنفرانس: (انگ) کانفرنس، مشاورت کا جلسہ

کنفو سیوس: کنفوشش کا پیرو، کنفوشی

کُن فیکون: دیکھیے کُن

کنِیک: بخیل، کنجوس، خسیس، ممسک

کُنگ: پر، پر و بال، بازو

کنگ مریض را گرفتند: انہوں نے بیمار کا بازو پکڑا

کُنگ: تنومند، توانا، قوی

کُنگاش: مشورہ، مشاورت، غور و خوض، سوچ بچار

کنگاش کردن: مشورہ کرنا

کنگاشستان: مشاورت خانہ، کونسل

کنگر: بے شرمی سے گدائی کرنے والا

کنگر: ایک خاص قسم کی سبزی جو پکائی جاتی ہے

کنگرِہ: فصیل یا قلعہ کی دیوار کادندانہ لب بام کا دندانہ، چوٹی

کُنگرِہ: کانگریس، مجلس، انجمن

عضو کنگرہ: مجلس کارکن

کنگرہ دار: کنگروں والا

کُنندہ: کرنے والا

کُنو: کنف، جانب، طرف سایہ

کنُود: ناشکرگزاری، کفران نعمت

کنُور: (۱) غلہ رکھنے کی جگہ (گھر میں) (۲) فریب

کنورِہ: فریبی، دھوکے باز

کنوریدن: فریب دینا

کنوز: کنز کی جمع، خزانے

کنون: اکنون، اب

کنونِہ: حالت

کنونی: موجودہ

اوضاع کنونی: موجودہ حالت، معاملات کی موجودہ صورت حال

کُنہ: (ع) گہرائی، تہ، اصل، بنیاد، حقیقت

بکنہ مطالب پی نبرد: وہ مطالب کی تہ تک نہ پہنچ سکا

marfat.com

کنه: سائبان، بالائی چھت

کُنیاک: ایک قسم کی شراب

کُنیَت: (ع) وہ نام جو ماں باپ کے رشتے کی نسبت سے پکارا جائے مثلاً ابن خطاب

کنیز: ملازمہ

کنیزک: لونڈی

کنیزی: غلامی، پابندی

کنِیس: (ع) یہودیوں کا معبد

کنیسَہ: (ع) یہودیوں کی عبادت گاہ

کنیف: (ع) پنگھوڑے میں بچے کو پاخانہ کرانے کا برتن یا کوئی اور ذریعہ

کُو: کہاں ہے؟

کتاب من کو: میری کتاب کہاں ہے

کُو: کہ او، کہ وہ

کَو: عاقل، فرزانہ، دانا، خرد مند، دلیر

کوارِث: کارث کی جمع، اندوھگین، غمزدہ

کوارِہ: ٹوکری، مٹی کا برتن، بڑا ٹوکرا جس میں پھل ڈال کر لے جاتے ہیں

کواژ: کوازہ، سرزنش، طعنہ، شوخی، مزاح

کواش: کواشہ، طرز، روش

کواکِب: (ع) کوکب کی جمع، ستارے

کواکب شناس: ستارہ شناس، علم ہئیت کا جاننے والا

کوانین: کانون کی جمع، آتشدان، انگیٹھیاں

کُوب: **کوبیدن**=کوٹنا سے فعل امر، کوٹو، ہتھوڑے سے کوٹو

آبلہ کوب: ٹیکا لگانے والا

آہن کوب: لوہے کو ہتھوڑے سے کوٹنے والا

زرکوب: سونا کوٹنے والا، سنار

کُوبل: کونپل، شگوفہ

کُوبن: ہتھوڑا

کوبَندِہ: کوٹنے والا، کھٹکھٹانے والا

کُوبِہ: موگرا، موگری، موسل، ہتھوڑا

کُوبیدِگی: کوفتگی، کوٹنا، کھٹکھٹانا

کُوبیدن: کوٹنا، کھٹکھٹانا، پیسنا

فلفل را درہاون کوبیدند: انھوں نے ہاون میں مرچوں کو کوٹا پیسا

آبلہ کوبیدن: ٹیکا لگانا،

پای کوبیدن: رقص کرنا

در کوبیدن: دروازہ کھٹکھٹانا

گندم کو بیدن: گندم کو کوٹنا پیسنا

کُوبیدِہ: کوٹا ہوا، پیسا ہوا، کھٹکھٹایا ہوا

کُوبِیِن: ٹوکری جو کھجور کے پتوں یا بانس سے بنائی جاتی ہے

کُوپارہ: کوارہ، بڑا ٹوکرا جس میں پھل وغیرہ اتار کر رکھتے ہیں، مٹی کا برتن

کُوپال: (۱)گرز (۲)موٹی گردن اور شانے

کُوت: قلعہ، شہر، گاؤں

کوپلِہ: (۱)محراب جسے آراستہ کیا گیا ہو (۲)فتح مندی کی قوس (۳)قفل (۴)حباب

کوپہ: ایک قسم کی بگھی

کُوت: کسی چیز کا تودہ، انبار، ڈھیر، مثلاً گندم کا انبار، پتھروں کا ڈھیر

کُوت: کہ او ترا، کا مختصر، کہ تجھے

کُوت: قلعہ، گاؤں

کُوت: کھاد، گوبر وغیرہ

کُوتار: تنگ کوچہ یا بازار جس پر چھت ہو

کُوتاہ: چھوٹا، مختصر

کوتاہ شدن: مختصر ہو جانا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کوتاہ کردن: مختصر کرنا
آدم کوتاہ: چھوٹے قد کا، ٹھنگنا، پست قامت
دست از دامن کسی کوتاہ کردن: کسی کو جانے دینا، کسی سے نجات حاصل کرنا
دست کسی را کوتاہ کردن: کسی کے اختیارات میں کمی کرنا
روز ہا کوتاہ می شود: دن چھوٹے ہو رہے ہیں
سخن را کوتاہ کردن: بات کو مختصر کرنا
قدِ کوتاہ: پست قامت
قصہ کوتاہ: مختصر کہانی، مختصر یہ کہ
مدت کوتاہ: تھوڑا عرصہ
کُوتاہ اندیش: کسی بات کو نہ سوچنے والا، کسی بات کے انجام پر غور نہ کرنے والا، نا عاقبت اندیش
کوتاہ اندیشی: کسی بات کو نہ سوچنا، نا عاقبت اندیشی
کوتاہ بین: (۱) کم عقل، نا عاقبت اندیش (۲) کمزور بصارت والا
کوتاہ بینی: کم عقلی، نا عاقبت اندیشی
کوتاہ دستی: بخیلی، کنجوسی، اجتناب
کوتاہ نظر: تنگ نظری، تعصب
کوتاہ نفس: تنگ نفس
کُوتاہی: کمی، اختصار، غفلت، بے توجہی، تغافل، فرو گذاشت
کوتاہی عمر: چھوٹی عمر
کوتاہی کردن: غفلت کرنا، فرو گذاشت کرنا
چرا از کردن آن کار کوتاہی کردید: تم نے اس کام کے کرنے سے کیوں غفلت کی
کُوتکش: دیکھیے کو دکش
کُوتوال: قلعے یا شہر کا محافظ، پولیس افسر
کو تُوتُو: کوتولہ، چھوٹا، پست قامت، ٹھنگنا، بونا

کُوتہ: کوتاہ کا مخفف
کوتہی: کوتاہی، کمی، مثال:

خبراز کوتہی بال و پرِ خود دارم
بچہ امید بروں از قفس تنگ شوم

مجھے اس بات کا علم ہے کہ میرے پر و بال چھوٹے ہیں اس قابل نہیں کہ مجھے پرواز میں مدد دے سکیں تو کس امید پر اپنے اس تنگ قفس سے باہر آؤں
کوثر: بہشت کی نہر کا نام، برفراواں چیز
کُوج: بھینگا، احول، دو بین، جسے ایک کے بجائے دو نظر آئیں
کُوچ: (۱) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا، سفرکرنا، روانگی
کوج: کاج، ایک درخت جس کی پتیاں بہت پتلی اور لمبی ہوتی ہیں درخت بھی سیدھا اورلمبا ہوتا ہے
کوچ کردن: سفر کرنا، جدا ہونا، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا
ازین جا کوچ کردہ بجای دیگر ماندہ اند: یہاں سے سفر کرکے کسی دوسری جگہ جا کر قیام کر لیا ہے
کُوچاندن، کوچانیدن: ایک جگہ سے کسی دوسری جگہ جانا
کُوچک: چھوٹا
کوچک تر: بہت چھوٹا
کوچک شدن: کم ہو جانا، مختصر ہو جانا
کوچک کردن: سائز چھوٹا کرنا، مختصر کر دینا
از کوچک تا بزرگ: چھوٹے سے بڑے تک
بچہ کوچک: چھوٹا بچہ
کتاب کوچک: چھوٹی کتاب، کتابچہ

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نامہ بس کوچک شد: خط مختصر کر دیا گیا

کُوچک ابدال: چھوٹی عمر کا درویش، مرید

کوچکی: چھوٹا پن، تھوڑی عمر، فروتنی

کوچکی کردن: عاجزی اختیار کرنا

کُوچِہ: گلی

کوچہ باغی: ایرانی موسیقی کی ایک سر

کوچہ خاموشان: قبرستان

کوچہ دادن: راستہ دینا، راستہ کھولنا

کوچہ گرد: سیلانی، آوارہ گرد، پریشان حال، خانہ بدوش، مارا مارا پھرنے والا

کوچہ گردی: آوارگی، مارا مارا پھرنا

کُوچُولُو: چھوٹا، کوچک، چھوٹا بچہ، ننھا

کوچیدن: کوچ کرنا، سفر کرنا، ایک جگہ سے دوسری جانا

کُوچِیک: چھوٹا، تھوڑا، عاجز، مسکین

کوخ: بغیر کھڑکی کا گھر

کُود: کھاد، گوبر وغیرہ

کود دادن: کھیت میں کھاد ڈالنا

کود کردن: کھاد جمع کرنا

درخت را باید کود کرد: پودے یا درخت کے لیے کھاد ڈالنی چاہیے

کُودتا: بغاوت، سرکشی، سپاہیوں کا حکومت کو جھکانے کے لیے ہڑتال کرنا

کُود خوار: گندگی کھانے والا، (کیڑا)

کُودک: چھوٹا بچہ، طفل

کود کانہ: بچگانہ، بچوں کی طرح

چرا کود کانہ حرف می زنید: کیوں بچگانہ باتیں کرتے ہو

کُود رست: گھاس جو کھاد وغیرہ پر اگ آتی ہے

کُودکستان: چھوٹے بچوں کا سکول، کنڈرگارٹن

کودکش: گلی کوچوں کا کوڑا کرکٹ صاف کرنے والا، خاکروب، جاروب کش

کُودکی: بچپن، بچگی

کُودن: بیوقوف، جاہل

کُودنی: بیوقوفی، جہالت

کُور: (١)نابینا (٢)تاریکی، اندھیرا

آن دواچشمش را کور کرد: اس دوا نے اسے بینائی سے محروم کر دیا

چاہ را کور کردند: کنویں کو بند کر دیا

کورشدن: بینائی سے محروم ہو جانا

کور کردن: اندھا کر دینا، بینائی سے محروم کر دینا

کور مادر زاد: بچہ جو ماں کے پیٹ سے نابینا پیدا ہوا ہو

از یک چشم کور: ایک آنکھ کی بینائی سے محروم

آن دیوار حیاط را کور کرد: اس دیوار کے احاطے نے منظر کو محدود کر دیا ہے

گرہ کور: سخت گرہ

کُوراب: سراب، شورہ زار

کورباطن: کور دل، جس کا باطن روشن نہ ہو

کور بخت: بد نصیب

کور دل: جس کا باطن روشن نہ ہو

کُوردین: پشمینے کا لباس، گلیم، گودڑی

کُوَرس: (١)الجھے ہوے بال، جسم کی کثافت، غلاظت

کورس: (١)دوڑ (مقابلے کی) (٢)میدان (٣)بگھی میں سفر کرنا، مسافت

کورس: نصاب

کورش: سیروس، کوروش اعظم، ایران قدیم کا بادشاہ

کُورک: پھوڑا، دُنبل، جھالا، گومڑی

کُور کُور: مردار خور چیل، گدھ

کُور کورانہ: اندھا دھند، بے سوچے سمجھے

کور کورانہ اطاعت می کند: وہ بے سوچے سمجھے اطاعت کرتا ہے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

انقیاد کُور کُورانہ: اندھی عقیدت، بے سوچے سمجھے کی عقیدت

کُور کُوری: جھلملانا، ٹمٹمانا، چمک دمک، ٹمٹماہٹ، جھلملاہٹ

کور کوری کردن: جھلملانا، ٹمٹمانا

چراغ کور کوری می کند: چراغ ٹمٹما رہا ہے، جھلملاتا ہے

کُور مالی: ٹٹولنا، اندھوں کی طرح تلاش کرنا

کور مالی کردن: اندھوں کی طرح تلاش کرنا، ٹٹولنا

کُور مُوش: چھچھوندر

کُورنِش: کرنش، تعظیماً آداب بجا لانا، جھک کر سلام کرنا

کَوروش: عظیم ہخامنشی بادشاہ، وفات ۵۲۹ ق م

کُور کُبود: تیرہ و تار، نیست و نابود، بد بخت

کُورِہ: آتشدان، گلخن، انگیٹھی، بھٹی جس میں دھاتیں وغیرہ پگھلائی جاتی ہیں، بھٹی

کورہ آجر پُزی: اینٹوں کا بھٹہ

کورہ آہک پزی: بھٹی جہاں چونا پکایا جاتا ہے

کورہ آہن گر: لوہار کی بھٹی

کورہ قالگری: بلند انگیٹھی

کورہ گداز: پگھلانے والی بھٹی

کورہ دِہ: چھوٹا گاؤں، دیہہ، جہاں آبادی کم ہوتی ہے

کورہ راہ: پیچیدہ سڑک، وہ سڑک جس پر روشنی کا انتظام نہ ہو، تنگ راستہ

کورہ تاب: بھٹی جلانے والا

کُوری: بے بصارتی، نظر نہ آنا، بینائی کی کمزوری

کوریدُور: (انگریزی) کاریڈور کا مفرس، دالان، دہلیز، رہرو، غلام گردش

کُوز: کبڑا پن، خمیدگی

کوز پُشت: کنایہ ہے آسمان کا

کوزپشت: کبڑا، خمیدہ پشت، قوز پشت

کُوزِر: گندم کا سٹا جس سے ابھی دانے نہ نکلے ہوں

کوزِہ: مٹی کا پیالہ

کوزہ گِل: مٹی کا پیالہ

یک کوزہ شیر بیار تا نوش کنم: پیالہ دودھ کالا کہ میں اسے پیوں

کُوزِہ، قوزہ، غوزہ: روئی کا گدا

کوزِہ پُز: کوزہ گر، پیالے بنانے والا

کوزہ دار: جوتے خانے کا مالک

کوزہ فُروش: پیالے بیچنے والا

کوزہ گر: پیالے بنانے والا

کوزہ گردان: بازیگر

کُوژ، قوژ: خمیدگی

کوژ پشت: کبڑا، خمیدہ پشت

کُوس: بڑا نقارہ آسیب

کوس خوردن: جھٹکا کھانا

کوس رحلت: کوچ کا نقارہ

کوس زدن: نقارہ بجنا

کوس عقب نشینی: واپسی کا نقارہ بجنا

کُوست: کوس، آسیب، صدمہ، تکلیف، رنج

کُوسَج: کوسہ

کُوسک: باقلا، لوبیا

کُوسِہ: جس کی ڈاڑھی میں بال کم ہوں، صرف تھوڑی پر بال ہوں

کوسہ و ریش پہن: متضاد، بے جوڑ بات

marfat.com

بیہودہ، غیر موزوں

کوسہ ریش: جس کی ڈاڑھی میں بہت کم بال ہوں

کوسہ ماہی: کنار مچھلی جو سمندر میں ہوتی ہے

کُوش: کوشیدن=کوشش کرنا سے فعل امر کوشش کرو، مثال:

اول اے جان دفعِ حرص مُوش کن
بعد ازان در جمع گندم کُوش کن

اے عزیز پہلے چوہوں کے حرص کو دور کرلو یعنی چوہوں کا سد باب کر لو پھر گندم جمع کرنے کی کوشش کرو

کُوشا: کوشان، کوشش کرنا

کُوشاب: دوشاب، انگوروں کا شیرہ

کُوشان: کوشش کرنا

کُوشش: جد و جہد، سعی، دوڑ دھوپ

کوششِ بیہودہ کردن: بے فائدہ جد و جہد کرنا

کُوشک: محل، بلند مکان، قصر، قلعہ، شہر سے باہر بلند پایہ مکان جس کے ساتھ باغ بھی ہو

کُوشنِہ: قسط

کوشیدن: کوشش کرنا

کوشید تا جامۂ زنان نپوشید: جد و جہد کرو تاکہ عورتوں کا لباس نہ پہننا پڑے

کُوف: اُلو، بُوم

کُوفت: آسیب، آزار، تھکاوٹ، ملال، صدمہ، افسردہ خاطری

کوفتگِی: تھک جانا، ملال ہونا، افسردہ ہونا، الجھن، پراگندگی، پریشانی

کُوفتن: کوبیدن، کوٹنا، پیسنا

کوفتہ: (۱)صدمہ اٹھائے ہوئے (۲)قیمے میں پیاز وغیرہ ملاکر انھیں گول کرکے بریان کرنا

کوفتہ حال، کوفتہ خاطر: پریشان، افسردہ، آزردہ، تکلیف میں مبتلا، رنجور

کوفتہ خوار: دیوث، قرمساق، بے غیرت

کُوفتی: جسے آتشک کا مرض ہو

کُوفجان: قفس، پنجرہ

کُوفشانہ: جولاہا

کُوفہ: (ع) عراق کا قدیمی شہر

کوفی: (ع) کوفہ کا رہنے والا، کوفہ سے متعلق

کُوفیِہ: (ع) چار گوشہ پگڑی

کُوک: کچی سلائی، ٹپّا ڈالنا

کوک زدن: کچی سلائی کرنا، (گھڑی کو) چابی دینا

قدک را کوک زد: اس نے بُکرم میں کچی سلائی کی

کوک: بخیہ جو ہاتھ سے کرتے ہیں

کُوک: لَے، سُر، دھن، نغمہ، ساز کے تاروں یا پردوں کی ٹھیک ترتیب، ہم آہنگی

ساز ہارا کوک کردند: ساز کے تاروں یا پردوں کو انھوں نے ترتیب دے لی ہے

ساعت را کوک کنید: گھڑی کو چابی دیجیے

ساعت کوک نیست: گھڑی کو چابی نہیں دی گئی

کوک ساعت خالی شد: گھڑی کی چابی ختم ہو گئی ہے

کوک کردن: بخیہ کرنا، ترتیب دینا، (گھڑی کو) چابی دینا

کوک: کاہو، کلفا

کُوک: پتھر کا وہ کوئلہ جس سے آنچ دے کر کاربن خارج کر

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دیتے ہیں
کوکائین: کوکین، ایک انگریزی نشہ آور دوا
کوکب: (ع) ستارہ (کواکب جمع)
گلِ کوکب: ڈالیا، میکسیکو کا ایک رنگ برنگ پھولوں والا پودا، ایک قسم کا سرخ رنگ
کوکبہ: ستارہ، شان و شوکت، جاہ و جلال، جماعت، گروہ سواروں کا دستہ
کوکبی: ستارے کی شکل کا
کُوکنار: خشخاش کا ڈوڈا جس سے افیون نکلتی ہے یا بنائی جاتی ہے
کُوکُو: (۱) ایک قسم کی خوراک جو سبزی سے یا آلو کچل کر یا انڈوں سے تیار کی جاتی ہے، آملیٹ جو انڈوں سے تیار کیا جاتا ہے (۲) پرندے کی سریلی آواز، فاختہ کی آواز
کُول: کندھا، شانہ، پشت، پیٹھ
کول کردن، کول گرفتن: پیٹھ پر رکھنا
بچہ را سرِ کول خود گذاشت: اس نے بچے کو پیٹھ پر رکھ لیا
کُول: پوستین
کُول: تالاب، حوض، وہ جگہ جہاں پانی جمع ہو جاتا ہے
کُول: بھینگا، احول، دو بین
کُولاب: تالاب
کُو لاک: بحری طوفان
کولاک زدن: طوفان آنا
کولغ: آتشدان، انگیٹھی
کولر: ٹھنڈا کرنے کا ذریعہ
کولک: چھوٹی ٹوکری جو خواتین چرخا کاتتے وقت پاس رکھتی ہیں

کُولنج، قولنج: رودوں کے درد کی بیماری
کولہ: کج، خمیدہ
کولہ: وہ بوجھ جو کندھے یا پیٹھ پر اٹھایا جائے
کولہ بار، کولہار: (سپاہی کی) خرجی یا تھیلا جس میں وہ کھانے پینے کا سامان رکھتا ہے
کولی: (۱) ایک خانہ بدوش قوم (۲) چیخ و پکار (۳) ہندوستانی گویوں کا ایک طائفہ جو بہرام گور کے زمانے میں ایران گیا اور وہیں رچ بس گیا پیٹھ پر سوار ہونا
کولی دادن و گرفتن: کسی کی پیٹھ پر سوار ہونا
کُولیدن: زمین کھودنا
کولیگری، کولیگیری: ہنگامہ بپا کرنا، شور و غل کرنا
کُوم: سبزہ جو تالاب کے کنارے اگ آتا ہے
کُومش: کنواں کھودنے والا
کومہ: کمین گاہ، شکار گاہ، چھوٹی سی قیامگاہ جو شکاری درخت کی شاخوں سے تیار کرتے ہیں
کومہ نشین: شکار کے انتظار میں گھات لگا کر بیٹھنے والا
کَون: ہستی، دنیا، عالم، وجود میں آنا
کون و فساد: عالم وجود میں آنا اور ختم ہو جانا
کون و مکان: کائنات جو وجود میں آتی ہے
کُون: مقعد
کُونہ: تہ، سرین، چوتڑ
کونہ کفش: جوتے یا بوٹ کی ایڑی
کُونی: مفعول، خلاف وضع فطری کرانے والا
کَونَین: دو جہان، فانی دنیا اور آنے والا ابدی جہان
کوہ: (۱) پہاڑ
کوہِ آتش فشان: آگ برسانے والا پہاڑ

marfat.com

کوه نور: ایک مشہور ہیرا

کوه یخ: برف سے ڈھکا ہوا پہاڑ

کُوہان: اونٹ کي پیٹھ کی برآمدگی

دو کوہانه: اونٹ جس کے دو کوہان ہوں

کوہان دار: کوہان والا جانور، اونٹ

کوه بُر: چٹان کاٹنے والا

کوه پایِه: پہاڑ کا زیریں حصہ، دامن کوه

کوه پَیکر: بہت جسیم

کوہسار: کوہستان، پہاڑی علاقہ

کوہستان: پہاڑی علاقہ

مملکتِ کوہستانی: جہاں کا علاقہ پہاڑی ہو

کوه شِناس: پہاڑی خاصیتوں کو جاننے والا

کوه شناسی: پہاڑی خاصیتوں کو جاننا، پہاڑی راستوں سے واقف ہونا

کوہکن: پہاڑ کھودنے والا، سخت مشقت کا کام کرنے والا

کوه گرد: پہاڑوں میں گھومنے پھرنے والا

کوه گردی: پہاڑوں میں گھومنا پھرنا

کوه نوَرد: پہاڑوں میں گھومنے پھرنے والا

کُوهه: (۱)پشتہ، انبار (۲)کاٹھی کا اہم حصہ (۳)حملہ (۳)اونٹ کی کوہان (۵)پانی کی لہر (۶)ٹیلا

کوهه آب: موج دریا

کوہی: پہاڑی، کوہستانی

کُوی: گلی محلہ، شاہراہ، راہ فراخ

کوبکو، کوی بکوی: گلی گلی، کوچے کوچے

کویچِه: کوچہ

کویر: شوره زار، سراب

کویز: گھر کا گوشہ

کویستن: غلہ یا کسی اور چیز کو کوٹنا

کوِیش: لسی دہی رکھنے کا برتن

گَه: کاه کا مخفف، گھاس، تنکا

گُه: کوه کا مخفف

کِه: (۱)چھوٹا، خرد، کوچک (۲)چھوٹا لڑکا

که ومه: چھوٹا بڑا

که: حرف بیان

که: کون، کس

که بامن خواہد آمد: میرے ساتھ کون آئیگا

که را: کس کو

مالِ که: کس کا مال

آنچنان خستِه بود که غذا ہم نمی توانست خورد: وه اتنا تھکا ہوا تھا کہ غذا بھی نہ کھا سکا

بطوریکه: اس طرح

جای که: کہاں

حالاکه او نمی آید ما شروع کنیم: اب کہ وه نہیں آتا ہے، ہم کام شروع کرتے ہیں

خیال کردم که دیر است: میں نے خیال کیا کہ دیر ہے

در عصری که خواندن و نوشتن معمول نبود: جس زمانے میں لکھنے پڑھنے کا معمول نہیں ہوا تھا

رفتم که خار از پاکشم محمل نہان شد از نظر: میں کانٹا پاؤں سے نکالنے لگا، اتنے میں محمل آنکھوں سے اوجھل ہو گیا

مدادی که باآن نوشتید چه رنگ بود؟ جس روشنائی سے تم نے لکھا اس کا کیا رنگ تھا؟

مردی که اینجا آمد دوست من بود: جو شخص

www.iqbalkalmati.blogspot.com

یہاں آیا وہ میرا دوست تھا
من کہ نمی آیم: جہاں تک میرا تعلق ہے میں نہیں آؤنگا
وقتیکہ: جس وقت کہ
ہنگامی کہ: جس وقت کہ
کہا: خجل، شرمسار
کہالت: (ع) کاہلی، سستی
کہانت: (ع) (۱) پادری یا کاہن کا منصب (۲) ہئیت دانی، اختر شناسی، غیب گوئی
کُہبُد: پہاڑوں میں جا کر عبادت کرنے والا
کُہبَل: کہبد، نادان، ابلہ، احمق
کہتر: زیادہ چھوٹا
کہتری: بہت چھوٹا ہونا
کہترین: بہت زیادہ چھوٹا
کَہر: سرخی مائل سیاہ رنگ کا گھوڑا
کہرُبا: خاص قسم کے درخت کی گوند جو رگڑنے سے گھاس یا کاغذ کو اپنی طرف کھینچ لیتی ہے۔ گھاس یا تنکوں کو اپنی طرف کھینچنے والا۔ مثال:

میل ازین جانب اختیاری نیست
کہربا را بگو کہ من کاہم

اس طرف سے یعنی میں تو ان کے دل میں میلان پیدا نہیں کر سکتا وہ تو تنکوں کو بھی یعنی نا چیز انسانوں کو بھی اپنی طرف کھینچ سکتے ہیں ان سے کہو کہ گھاس کا ایک تنکا میں بھی ہوں
کہر ہای سیاہ: سایہ پتھر جسے سنگ موسی بھی کہتے ہیں، پتھر کا کوئلہ
کہربا رنگ: کہر بائی رنگ
کہریز، کاریز: زمین دوز نہر، قنات
کُہسار: کوہسار
کُہستان: کوہستان
کَہف: (ع) غار
اصحابِ کہف: غار کے سات ساتھی جو خدائی کا دعوی کرنے والے ظالم بادشاہ دقیانوس کے خوف سے ایک غار میں جا کر چھپ کر سو گئے تھے
کَہکشان: بہت سے ستارے جو ایک جگہ جمع ہوتے ہیں اور ان کی وجہ سے رات کو روشن راستہ نظر آتا ہے
کَہل: وہ شخص جس کی عمر تیس سے پچاس سال کے درمیان ہو، مجازاً آزمودہ کار، عاقل، فرزانہ
کُہَن: پرانا، قدیم، کہنہ
درخت کہن: پرانا درخت
کُہَن بار: محل، بارگاہ
کہن پیر: بہت زیادہ بوڑھا
کہن دَیر: جہانِ قدیم
کہن سال: بڑی عمر کا، بہت بوڑھا
کہن سالی: بڑھاپا، بڑی عمر، ضعیفی
کُہنِگی: بڑھاپا، خستہ، پرانے زمانے کا ہونا
کہنِہ: پرانا، خستہ، پرانے زمانے کا
کہنہ شدن: پرانا ہو جانا
کہنہ کردن: خستہ کر دینا
کفش ہای من کہنہ شد: میرا جوتا پرانا ہو گیا ہے
لباس خود را بزودی کہنہ کرد: اس نے لباس کو جلد ہی خستہ کر دیا ہے
لباس کہنہ: پرانا لباس
کَہنہ: کاہن کی جمع، رَمّال، نجومی، پیش گوئی

marfat.com

کرنے والے، عیسائیوں کے پادری

کُہنہ بر چین: پھٹے پرانے کپڑے اٹھانے والا

کہنہ پرست: پرانی چیزوں کو پسند کرنے والا، پرانی یادگاروں کو پسند کرنے والا

کہنہ چین: پرانے کپڑوں کا کاروبار کرنے والا

کہنہ حریف: پرانا ساتھی

کہنہ سرباز: کار آزمودہ، پرانا جنگ آزمودہ سپاہی

کہنہ فُرُوش: پرانی چیزیں بیچنے والا

کہنہ فروشی: پرانی چیزیں بیچنا

کہُوف: (ع) کہف کی جمع، غار، بصورت جمع

کہولت: (ع)(۱)بڑھاپا (۲)کاہلی، سستی

کہیر: کثیر، بہت زیادہ، فراوان

کہین: بہت چھوٹا، کہتر

کہینہ: سب سے چھوٹا

کی: کب، کس وقت

کی آمد و کی رفت: وہ کب آیا اور کب چلا گیا

ازکی: کب سے

او کی ہمچو کاری خواہد کرد: وہ اس قسم کا کام کب کریگا

تاکی: کب تک

تاکی در آنجا ماندید: تم کب تک وہاں رہے

قطار کی حرکت کرد: گاڑی کس وقت چلی

کی: (ع) داغ کرنا گرم لوہے سے

کی: ایران کے کیانی بادشاہوں کا لقب کیکاؤس، کیخسرو

مثال:

عرفی نعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہتے ہوئے کہتے ہیں:

ہُشدار کہ نتوان بیک آہنگ سرودن

نعتِ شہ کونین و مدیحِ کی وجم را

محتاط رہو کہ ایک ہی انداز میں شہِ کونین کی نعت اور کیخسرو و جمشید کی مدح نہیں کہی جا سکتی

کی: کس نے

کی شمارا خبرداد: تمہیں کس نے خبر دی

کِیا: (۱)آقا، صاحب، بزرگ، پہلوان (۲)عنصر، چار عناصر میں سے ہر ایک

کیا جُور: دانا، عاقل، فرزانہ، فاضل

کیاخَن: آہستگی، نرمی

کیادِہ: رسوا، بدنام، بے آبرو

کِیار: کاہلی، سستی

کیارا: ملال، رنج و اندوہ

کیا رنگ: سفید، پاکیزہ، لطیف، پاک رنگ

کیازَند: عظیم الشان بادشاہ

کِیاسَت: (ع) فراست، دانشمندی، زکاوت، دانائی

باکیاست، صاحب کیاست: دانشمند

کِیاغ: نباتات

کیاگِن: ناہموار، درشت، مخالف

کیّال: پیمانے سے پیمایش کرنے والا

کَیان: ایران قدیم کے کیانی بادشاہوں کاخاندان، عظیم بادشاہ جن کا لقب "کے" تھا کیخسر و وغیرہ

کِیان: خیمہ، صحرانشین لوگوں کا خیمہ

کیان: کون، کون لوگ

کَیانی: ایران کے کیانی خاندان کے افراد

کیانیان: کیانی خاندان کے افراد

کیبیدن: راستہ سے لوٹ آنا، منحرف ہو جانا

کِیپ: مضبوطی سے بند کیا ہوا، جس میں نہ ہوا داخل ہو سکے نہ پانی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کیج:پراگندہ، پریشان، تھوڑا سا، کم
کیج کیج:تھوڑا تھوڑا، آہستہ آہستہ
کیخسرو:ایران کا کیانی بادشاہ
کیخسروی:کیخسرو سے منسوب
کیَد:دھوکا، فریب، حیلہ، تزویر
کیر:آلِ تناسل
کیز:نمدہ، اون کا بنا ہوا
کیس:تھیلا، کیسہ، توبرہ، بیگ
کیس:سکڑنا، سمٹنا، بل پڑنا، سکڑتے جانا
کیس افتادن:سمٹنا، سکڑ جانا
کیسان:(ع) بغاوت کرنا، بیوفائی کرنا
کیست:کہ است کا مخفف ہے، کون ہے
کیسنہ:دھاگا جو تکلے سے لپٹا ہوتا ہے
کیسہ:تھیلا، بٹوا، بیگ
کیسہ بُر:بٹوا اڑا لینے والا، جیب تراش
کیسہ کردن، کیسہ کشیدن:بٹوا اڑا لینا
او آرد را کیسہ کرد:اس نے آٹا بوری میں رکھ لیا
در کیسہ کردن:بٹوے میں رکھ لینا
دست درکیسہ خالی کردن:ضرورت مند ہونا
سرِ کیسہ را وا کردن:تھیلی کا منہ کھول دینا
کیسہ بُری:جیب تراشی، بٹوا اڑا لینا
کیسہ دار:جس کے پاس بٹوا ہو
کیسہ دار:وہ مادہ جانور جس کے پیٹ میں تھیلی ہوتی ہے جس میں وہ اپنے بچے کو لے کر چلتی ہے
کیسہ کش، کیسہ مال:بٹوا اڑا لینے والا
کیش:مذہب، دین، آئین، روش
کیش:پرندوں کو اڑانے کے لیے یہ لفظ استعمال کیا جاتا ہے
کیش کردن:پرندوں کو اڑانا
مرغان را کیش کرد:پرندوں کو اس نے اڑایا
کیش:ترکش
کیغ، کیخ:پانی یا گید جو آنکھ کے کونے میں آ جاتی ہے
کیف:(۱)بٹوا، بیگ، ہینڈ بیگ (۲)خوشبو کی ڈبیا، خوشبو کی تھیلی
کیفِ پول:بٹوا
کیفِ جراحی:جراح یا سرجن کا بیگ، جس میں اپریشن کا سامان رکھا جاتا ہے
کیفِ زنانہ:عورتوں کا ہینڈ بیگ، پرس
کیفِ سفری:مسافر کا بیگ
کیَف:(۱)نشہ، مستی، سرشاری، خوشی(۲)صورت حال
کیف دادن:مستی کی کیفیت پیدا کرنا
کیف شماچہ طور است:تمہاری طبیعت کیسی ہے، تمہارا حال کیسا ہے
کیفش کُوک است:وہ بہت مزے میں ہے، مست و سرشار ہے
کیف کردن:مست و سرشار ہونا
بی کیف:بے مزہ
کَیفَ:(ع) کیسا ہے؟
کیف مایشا:جیسا کہ اس کی خوشی ہو
کیفَر:بدلا، صلہ، نتیجہ، یاد داشتیں، جزا، مکافات
کیفردادن:صلہ دینا
کیفر کشیدن، بہ کیفرِ اعمالِ خود رسیدن:اپنے کردار کے انجام کو پہنچنا، سزا پانا
کیفی:تجزیہ، تحلیل ماہیت، کیف و مستی کا آرزومند
آدم کیفی:عیاش، خوش باش

marfat.com

کیفیّت: خوبی یا اچھائی کا درجہ، خاصیت، ماہیت، نوعیت، صورت حال

کیفیت را شرح داد: اس نے صورت حال کی کیفیت بتائی

کیفیت مہم تراز کمیت است: کسی چیز کی خوبی اس کی کم مقدار سے زیادہ اہم ہے

کیفیتی: ماہیت، خاصیت سے متعلق

کیقباد: ایران کے کیانی خاندان کا بادشاہ

گیک: کک، جوں کی طرح کا چھوٹا سا کرم جو انسانوں کا خون چوستا ہے

کیک درتنبان یا شلوار، کیک در پاچہ: شلوار یا پاجامے میں‌خون چوسنے والا کرم خلل، اضطراب

کِیک: آنکھ کی پتلی

کَیکاؤس: ایران کے کیانی خاندان کا بادشاہ

کیکِن: تاریکی، اندھیرا

گیل: اناج کی مقدار معلوم کرنے کا پیمانہ، اندازہ

کِیل: (۱) خمیدہ، ٹیڑھا (۲) آرزومند

کِیل: پہاڑی پھل جس کا رنگ سیاہ یا زرد ہوتا ہے اس کی جلد نہایت نرم ہوتی ہے

کِیلو: (انگ) کیلو گرام (وزن)

کیلوس: (یونانی) ایک قسم کی غذا

کیلو گرام: ہزار گرام

کیلو میٹر: کلو میٹر، ہزار میٹر

کیلو میٹر شمار: پتھر کی تختیاں جو سفر کے دوران مسافت کا پتا دیتی ہیں کہ کتنے کلو میٹر کا سفر طے ہوا ہے

گیلِہ: اناج کی مقدار معلوم کرنے کا پیمانہ (کیلات جمع)

کیلہ کردن: اناج کا وزن معلوم کرنا

کِیماق، قیماق: دودھ کی بالائی، سرشیر

کیمُخت: ایک قسم کا دندانے دار چمڑا جسے رنگ دیا گیا ہو

کِیموس: غذا جو معدے میں ہضم ہو رہی ہو

کیمیا: وہ علم جس میں مادی چیزوں کی اہمیت اور اجزا سے بحث ہوتی ہے یعنی یہ چیز کس کس عنصر سے مرکب ہے فلاں فلاں عنصر سے کون کون سی چیزیں بن سکتی ہیں، کیمسٹری

کیمیاگر: علم کیمیا جاننے والا، ایک دھات کو دوسری دھات میں تبدیل کرنے والا

کیمیاگری: علم کیمیا جاننا، ایک دھات کو دوسری دھات میں تبدیل کرنے کا علم

کیمیائی: کیمیا سے متعلق

کِین: (۱) کینہ، انتقام، بغض، عناد، عداوت

کِین خواستن: انتقام لینے کی آرزو کرنا

کِین: کہ این کا مخفف ہے، کہ یہ

کِین آور: انتقام لینے والا

کِین آوری: انتقام لینا

کِین ایرج: ایران کے مشہور موسیقار بارید کے ایک راگ کا نام

کِین خواہ: انتقام لینے کا آرزومند

کِین ستان: جو اپنا انتقام لیتا ہے

کِین سیاؤش: موسیقار بارید کی ایک راگنی کا نام

کِین وقت: اس وقت

کِینہ: انتقام، بدلا، تلافی، عداوت، عناد، بغض

از روی کینہ این کار را کرد: انتقام کے خیال سے یا عداوت کی بنا پر اس نے یہ کام کیا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

با او کینه دارد:اس کے ساتھ اس کی عداوت یا بغض ہے

سینہ پُرکینہ:دل جس میں انتقام کا گہرا جذبہ ہو

کینہ گرفتن، کینہ کشیدن:انتقام لے لینا

کِینہ جُو:انتقام کے موقع کا متلاشی، انتقام طلب

کینہ جوی:انتقام لینا

کینہ خواہ:کینہ جُو

کینہ دار:جس کے دل میں انتقام کا جذبہ ہو، عداوت رکھنے والا

کینہ کش:انتقام لینے والا، انتقام لینےکے موقع کا منتظر

کینہ کشی:انتقام لینے کی خواہش

کینہ ور:کینہ دار، کینہ، بغض رکھنے والا

کیَوان:زحل ستارہ

کیوانی:زحل ستارے سے متعلق

کیوغ:سیاہ رنگ کی گاد جو جوہڑ یا حوض کی تہ میں جم جاتی ہے

کیومرث:ایران کی پیشدادی حکومت کا اولین بادشاہ

کَیہان:دنیا، جہان، روزگار

کئی، کیی:کیانی خاندان سے متعلق

گ

لہَنج: پتھر جس پر دھوبی کپڑے دھوتا ہے

لہنہ: احمق، بیوقوف، ابلہ، بے ادب

لہو: (ع) کھیل، لعب، وقت گزاری، بازی

لہوی: دیکھیے لہات

لہی: رخصت، اجازت، پروانہ

لہیب: (ع) مشتعل، شعلہ بھڑکنا، شعلہ، آگ کی حرارت

لہیدن: کچلا جانا، میوے کا ضائع ہونا

لہیدہ: کوٹا گیا، نرم شدہ، ضائع شدہ

لہیف: (ع) اندوہگین، غمزدہ، سوختہ دل، کسی چیز کے

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ضائع ہونے کا غم ہونا

لِیاقت:(ع) قابلیت، استعداد، وصف، جوہر، عمدگی خوبی، دانائی، ہر چیز کے حاصل کرنے کا مادہ

لِیالی:(ع) لیل کی جمع، راتیں

لیان: درخشان، تابان، چمکدار، فروزان، عربی میں فراخی، آسائش جو زندگی میں حاصل ہو

لَیان: خوشی، فراخ روزی

لیبی: لیبیا ملک

لیّت: کسی چیز کی آرزو کے موقع پر یہ کلمہ بولا جاتا ہے، کاش

لِیتر: لٹر (پیمانہ) تیل وغیرہ ناپنے کا

لِیتک: مفلس، بے سروپا، غلام اور کنیز بھی

لیّث: شیر، ایک قسم کی مکڑی کو بھی کہتے ہیں

لیثر غس: سستی، فراموشی

لیچ: جس چیز میں پانی پڑ گیا ہو، جو چیز گیلی ہو گئی ہو

لیچار: مربّہ جو انگوروں کے رس سے تیار کیا جاتا ہے، نیز بیہودہ باتیں

لیر: لیرا، اٹلی کا چاندی کا سکہ جو جنگ سے پہلے دس پنس کا ہوتا تھا

لیر: بچوں کی طرح رال ٹپکنا یا ناک بہنا، بچوں کی یا فاترالعقل لوگوں کی طرح گفتگو کرنا، حماقت کی باتیں، مہمل باتیں

لِیرہ: پاؤنڈ

لیرہ انگلیسی: پاؤنڈ، سٹرلنگ

لیرہ عثمانی: ترکی سکہ

لِیز: پھسلنی زمین، جہاں سے پاؤں پھسل جائے

لیز خوردن: پھسل جانا

لِیزم: پھسلنا

لیزی: پھسلن

لیزیدن: پھسل جانا، لڑھکنا

لِیس: لِیسیدن=چاٹنا سے فعل امر چاٹ لو

کاسہ لیس: لالچی، خوشامدی، فقیر، گدا، کسی سے فیض حاصل کرنے کا آرزو مند

لِیسَک:(۱)گھونگا (۲)دیوار گھڑی کی دندانے دار چرخی (۳)ایک قسم کا پودا جس کی پتیاں گھونگے کی شکل کی ہوتی ہیں

لیسندِہ: چاٹنے والا

لیسِہ:(۱)ترخانوں کے رندے کا بلیڈ (۲)ہموار کرنا

لیسہ زدن: ہموار کرنا

لیسہ: میوہ دار درختوں کی آفت، چھوٹے چھوٹے پروانے جو سیب، الوچہ اور آڑو کے درختوں پر بیٹھتے ہیں، پتوں پر تار تنتے ہیں اور پھلوں کا رس غذا کے طور پر استعمال کرتے ہیں جس سے اکثر پھل ضائع ہو جاتے ہیں

لیسیدن: چاٹنا

لیطر: لیتر، لٹر، پیمانہ تیل وغیرہ ناپنے کا

لِیف:(۱)کھجور کے درخت کی چھال، کھجور یا ناریل کے تار

لِیف: ریشہ، دھاگا سوت کا، الیاف جمع

لیفِ تنبان: پتلون یا شلوار کے نیچے پہننے کا زیر جامہ

لیف حمام: چھوٹا کیسہ جس میں صابون ہوتا ہے اور حمام میں غسل کرتے ہوئے اسے جسم پر رگڑتے ہیں

لِیفہ: نیفہ جس میں نالا ڈالتے ہیں

لیفی: ریشہ، تار یا سوت سے متعلق

لیقہ: کپڑے کا ٹکڑا جو سیاہی کی دوات میں ڈالتے ہیں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

لیک: لیکن

لیکور: لیکوئر، شیریں خوشبودار شراب، شکر دار الکحل کا شیرہ جو شرابوں میں پڑتا ہے، خاص قسم کی برانڈی

لیل: (ع) رات

لیلا: لیلی ایک خاتون جس سے مجنوں کو عشق تھا

لیلاً: شبانہ، رات کے وقت

لیلاج: لجلاج، ایک مشہور شطرنج کا ناقابل تسخیر کھلاڑی

لیلہ: (ع) ایک رات، شب (لیالی جمع)

لیلۃ القدر: شب معراج، شب قدر

لیلی: شبانہ، رات کے وقت

لیلی: مجنوں کی محبوبہ، ان کے عشق کی داستان بعض شعرا نے "لیلیٰ و مجنوں" کے نام سے لکھی ہے

لیم: مریل، بے دم، نڈھال، سست، بے ہمت، بے حس

لی لی: (۱) کودنا، پھدکنا جست، زقند (۲) چھلانگ (۳) رقص، ناچ

لی لی کردن: کودنا، جست لگانا، رقص کرنا

لیمو: نیبو، ترنج، لیموں

آب لیمو: لیموں کا رس

لیمو ترش: کھٹا لیموں

لیمونات، لیموناد: لیمونیڈ، مشروب جو لیموں کے رس سے تیار کیا جاتا ہے

لیموی: لیموں کے رنگ کا، لیموں کی طرح ترش، زرد رنگ

لین: نرم، ملائم، ہموار

لین العریکہ: خوش خلق، نرم خو

لین: (ع) لینت

لینت: (ع) نرمی، ڈھیلاپن، رودے یا آنت کا ڈھیلاپن

لینت دادن: ڈھیلا کرنا

لیوان: گلاس

لیوان را آب کن: گلاس پانی سے بھر دو

لئیم: (ع) کمینہ، پست فطرت، گھٹیا، بخیل، لئام جمع

لئیم الطبع: لئیم النفس، پست فطرت، کمینہ، خسیس

لیوہ: فریب دینے والا، چاپلوس، احمق، نادان

م

م: فارسی ابجد کا اٹھائیسواں حرف، عربی کا چوبیسواں اور اردو کا اکتیسواں - ابجد کے اعداد کے لحاظ اس کے چالیس عدد ہیں، حرف م لفظ کے آخر میں آکر متکلم کے معنی دیتا ہے، مثلاً دیدم، میں نے دیکھا، لفظ کے شروع میں آکر یہ حرف نفی کے معنی بھی دیتا ہے مثلاً کن سے مکن، مت کرو وغیرہ کبھی لفظ کے آخر میں آکر عدد کی صورت کو ظاہر کرتا ہے مثلاً دوم، سوم وغیرہ

ما: ہم، ضمیر متکلم

مامی خوانیم: ہم پڑھتے ہیں

ما: کیا، جو چیز کہ

ماء: (ع) پانی

ماء الحیات: زندگی کا پانی، آب حیات

مآب: جگہ جہاں کوئی واپس آئے، پناہ گاہ

مابعد: جو بعد میں آئے، جو ذیل میں آئے

مابعد الطبیعت: فطرت کے علاوہ جو کچھ ہے، علم الٰہی

مابقی: باقی، بقیہ، باقی ماندہ

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مابقی نان را کی خورد: باقی ماندہ روٹی کس نے کھائی

مابُون: مفعول، مخنث، ہیجڑہ

مابہ الاحتِیاج: (ع) جس کی ضرورت ہو، جو ضروری ہو، جسکی احتیاج ہو

مابہ الاختِلاف: (ع) جس میں اختلاف ہو، موضع گفتگو

مابہ النِّزاع: (ع) جو کشمکش کا باعث ہو

مابَین: (ع) درمیان

مات: حیران، افسردہ، متحیر، مبہوت، سرگرداں

مات: شطرنج کے کھیل میں بادشاہ کا بے بس ہونا اور شکست کا باعث بننا اسے مات اور شاہ مات بھی کہتے ہیں

مات شدن: بادشاہ کے مہرے کا بے بس ہونے سے شکست سے دوچار ہونا

مات کرِدن: بے بس کر دینا، متحیر کر دینا، ہزیمت دینا

ماترک: (ع) آبائی جائداد یا املاک، ترکہ، میراث، ورثہ

ماتَحت: (ع) زیر حکم، زیر فرمان، تابع

مات زدِہ: حیران، مبہوت، شکست خوردہ، بے بس، متحیر

ماتمَ: (ع) مرنے کا غم، گریہ و زاری، سوگ

ماتم گرِفتن: سوگ منانا

ماتم پُرسی: تعزیت، ورثائے میت کے ساتھ ہمدردی و غمخواری

ماتم دار: عزادار

ماتم زدِہ: جس کے گھر میں ماتم ہو

ماتم کدِہ: وہ گھر جہاں کے لوگ کسی عزیز کی موت کے رنج و غم میں مبتلا ہوں

ماتیک: کازمیٹک، غازہ، ابٹن جو مستورات زینت کے لیے چہرے پر بالوں میں لگاتی ہیں

مآثِر: (ع) کارہائے نمایاں بڑی بڑی یادگار چیزیں (مآثرہ کی جمع)

ماج: چاند

ماجِد: (ع) شریف، قابل احترام، جلیل القدر، رفیع الشان، بزرگوار، جوانمرد

ماجِدہ: (ع) ماجد کی مونث، بزرگوار خاتون، مواجد جمع

ماجَرا: ماجرای: سرگذشت، حقیقت، حادثہ، اتفاق

ماجرا جُو: ماجرا طلب، جاں باز، مہم جو، آشوب طلب، قسمت آزما، با ہمت

ماجُوج: (ع) ایک قوم جو یافث بن نوح(ع) کی اولاد سے ہے

ماچ: بوسہ، چومنا

ماچ دادن: بوسہ دینا

ماچ کردن: بوسہ لینا، چومنا

ماچ و موچ: چومنا چاٹنا

ماچُوچِہ: ٹونٹی دار چھوٹا برتن جس سے دوائی وغیرہ بچے کو پلاتے ہیں

ماچِہ: مادہ، مقابل نر

ماچِین: مہاچین کا مخفف، چین اعظم، انڈو چائنا

چین و ماچین: چین اور انڈ و چائنا، چینی حکومت

ماحصَل: (ع) نتیجہ، حاصل شدہ، خلاصہ

ماحصل کلام: بیان کا خلاصہ

ماحضَر: (ع) جو حاضر ہے، جو تیار ہے، کھانے وغیرہ کی چیز جو موجود ہو

ہم کریمان قبول فرمائید
تحِفہ اہل فقر ماحضراست

اہل کرم بھی تحفہ قبول فرما لیں جو درویشوں کے پاس پیش کرنے کے لیے حاضر ہے (یہ تحفہ تو درویشوں کی دعاؤں ہی کا ہے)

ماحی: (ع) محو کرنے والا، نشان مٹانے والا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ماخ: کھوٹا سونا چاندی کنایۃً پست فطرت، خسیس شخص

ماخذ: اصل، بنیاد، جہاں سے کوئی چیز یا معلومات حاصل کیے جائیں یا حاصل کیے گئے ہوں

سند ہی ماخذ - بے بنیاد، سند کے بغیر

ماخلق اللہ: (ع) جو کچھ اللہ تعالیٰ نے تخلیق کیا ہے، کائنات، دنیا

اولِ ماخلق اللہ: اولیں چیز جو تخلیق ہوئی، عقل یا دانش

ماخوذ: (ع) (۱) جو اخذ کیا گیا ہو، استفادہ کیا گیا ہو (۲) رقم جو وصول کی گئی ہو

ماخور: (ع) خرابات، میخانہ، مثال:

عِلم داری مرو بعادت و رسم
کعبہ با تست بگذر از ماخور

تو صاحب علم ہے عادت اور رسم کی تقلید نہ کر، کعبہ تیرے دل میں ہے، خرابات دنیا سے گزر جا

ماخولیا - مالیخولیا: توہمات کا مرض، خفقان

ماد: مادر، ماں

ماد: مانند، مشابہہ

ماد: مد

مادام: (ع) امتداد، مدت، دوران

مادام کہ: وقتیکہ، جس وقت کہ، تا وقتیکہ

مادام الحیواۃ: جب تک زندہ ہے

مادام العمر: جب تک زندگی ہے

مادام: میڈم، (انگ)، خانم، بانو، معزز خاتون کے لیے کلمہ احترام

مادبہ: (ع) مہمانی، ضیافت

مادح: (ع) مدح کرنے والا، تعریف و توصیف کرنے والا، مداح

مادر: والدہ، ماں

مادر اندر: سوتیلی ماں

مادرانہ: ماں کا سا سلوک

مادر بزرگ: والدہ کی اماں، نانی

مادر پدر: دادی

مادر جان: پیاری اماں

مادر روزگار: (یا دہر) قدرت

مادر طایفہ: خاندان کی بڑی بوڑھی

مادر مادر: نانی

مادر بخطا: جس کی ماں پاکدامن نہ ہو

مادر خواندہ: منہ بولی ماں

مادر زاد: پیدائشی

مادرِ زن: خوش دامن، ساس

مادر فرزندی: ماں کی طرف سے قرابت

مادری: ماں کی طرف سے، مادرانہ، پیدائشی، فطری

مادرید: (جغرافیہ) میڈرڈ

مادگی: جس سوراخ میں بٹن لگاتے ہیں

مادموزال- میڈموزائل: (انگ) مِس، کنواری لڑکی

مادون: (ع) پست، گھٹیا، زبوں، فرومایہ

مادہ: نر کی متضاد

مادّہ: ہر چیز کی جنس خام جس سے چیزیں بنتی ہیں، ہیولیٰ، جوہر مادی، مواد

مادہ قانون: قانون پر مواد یا مقالہ

مادہ واحد: بے نظیر مواد یا مقالہ

مادۃً: مادی طور پر، مواد کے اعتبار سے

مادی: معنوی، نفس مضمون سے متعلق، جسمانی، مادہ سے منسوب و مربوط، کوئی شخص جو تمام چیزوں کو مادہ سے نسبت دیتا ہے اور خدا سے منکر ہے

مادیات: مواد، وہ اشیا جن سے بعض اور اشیا بنائی جائیں

مادیان: گھوڑی

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مادیّت:جسمانیت، ہیولائیت

مادینہ:مادہ، جنس مادہ

مادیون:مادی کی جمع، مادہ پرست لوگ

ماذُون:مجاز

مار:سانپ، افعی

مار بدست دیگری گرفتن یا کشتن (محاورہ) خطر ناک کام کی انجام دہی کے لیے کسی اور کو مقرر کرنا

مار:بیمار کا مخفف

مار:گذشتہ

ماراسپند:ہر شمسی مہینے کا نواں دن، ایک فرشتے کا نام

مارِآستین:جو ظاہر میں دوست ہو اور حقیقت میں دشمن

مارافسار، مارافسان:افسونگر یا منتر پھونک کر سانپ پر قابو پانے والا

مارپیچ:چکر دار، پیچیدہ، سانپ کی طرح، مرغولہ دار پیچدار

مارچُوبہ:ایک لمبے تنے والا پودا جس کی بلندی دو میٹر تک ہوتی ہے بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اس کے پتے کھانے سے سانپ کے زہر کا اثر نہیں ہوتا

مارخوش خط و خال:حیلہ ور شخص جس کی ظاہری صورت اچھی اور سیرت بری ہو

مارِد:متمرد، سرکش، نافرمان، دیو، آسیب، بھوت پریت

ماردی:سرخ، قرمز

مارزنگی:زرد رنگ کا زہردار سانپ

مارس:فریب سے فتح پانا

مارس شدن:فریب میں آنا

مارس کردن:فریب دینا

مارس:(۱)ماہ مارچ (۲)مریخ

مارِستان:وہ علاقہ جہاں بہت سے سانپ ہوں

مارستان:بیمارستان، شفاخانہ، ہسپتال

مارش:مارچ، باقاعدہ قدم اٹھانا، مل کر قدم اٹھاتے ہوئے چلنا

مارش کردن:خاص آواز پر قدم اٹھاتے ہوئے چلنا

مارشال:مارشل، سپہ سالار

مارقشیشا:درد چشم کے علاج کی دوائی جسے حجرالنور بھی کہتے ہیں

مارک:نشان، علامت

مارگزیدگی:سانپ کا ڈسنا

مارگزیدہ:سانپ کا ڈسا ہوا

مارگزیدہ از ریسمان بترسد:سانپ کا ڈسا ہوا رسی سے بھی ڈرتا ہے

مارگیاہ:مارچوبہ

مارگیر:سانپ پکڑنے والا

مارمانند:سانپ کی طرح، مار صورت، پیچیدہ، بے وفا، بے مروت، کینہ پرور، مکار

مارماہی:ایک مچھلی جو سانپ کی سی ہوتی ہے

مارمولک:چھپکلی، سوسمار

مارمہرہ:پتھر جو بعض قسم کے سانپوں کے مغز میں ہوتا ہے اور تریاق کا کام دیتا ہے

ماروُت:ایک فرشتہ، ماروت اور ہاروت دو فرشتے ہیں جن کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ جادو کی تعلیم کرنے کی پاداش میں چاہ بابل میں ڈالے گئے

مارو مارہ:عبور کرنے والا، رہگذر

مارون:ایک پتھر جس کا سفوف بنا کر آنکھوں کی دوائی کے طور پر استعمال کرتے ہیں

مارِہ:(۱)حساب، دفتر حساب (۲)مہرہ

ماری:سانپ جیسا، مکار، دغا باز، خطر ناک

ماز:پیچ، تہ، شکن، شگاف

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مازاد: فزونی، زیادتی، جو چیز زیادہ آ گئی ہو
مازالاق: غرغرہ، فرفرہ، لٹو
مازِح: ہنسی مزاح کرنے والا
مازریون: پے بہ پے پیاس لگنے کو روکنے کی دوا
مازندر: مخفف مازندران
مازندران، ماژندران: ایران کا شمالی صوبہ
مازندرانی: مازندران کا رہنے والا، ماژندران سے متعلق
مازُو: (۱)پیچ، تہ، شکن، چین، شگاف (۲)بلوط کے درخت سے حاصل ہونے والا مادہ اس مادے کو جمع کرکے اس سے جانوروں کا چمڑا رنگنے کا کام لیا جاتا ہے
مازہ: پشت کی ہڈی، کمر کا مہرہ
ماژ: عیش و عشرت، خوشی، آسودگی
ماژر: میجر (انگ) سرگرد، یاور
ماس: آماس کا مخفف، سوجن
ماساریقا: جھلی کی ایک قسم جو آنتوں کے کسی حصے کو معدے کے بیرونی حصے سے ملحق کرتی ہے
ماساز: مساج (انگ) جسم کی مالش، مشت مالی
ماسبَق: (ع) جو گزر گیا، گزشتہ
ماست: دہی
ماست بند: دہی جمانے والا
ماست بندی: دہی جمانا
ماست کَش: دہی اٹھا کر بیچنے کے لیے جا بجا لے جانے والا
ماست مالی: (۱)حاشیہ جو بین السطور لکھا جائے، مصطلحات
ماسک: (انگ) نقاب، پردہ، ہنسی چھپانے کے لیے رخ پوشی کرنا
ماسِک: پکڑنا
ماسِکہ: (ع) پکڑنے کی قوت، خود داری کی حس

ماسلف: (ع) جو گزر گیا، گزشتہ، ماسبق
ماسوای: (ع) سوائے، علاوہ
ماسُورہ: (۱)آلہ جسے جولا ہے کپڑا بننے میں استعمال کرتے ہیں (۲)نلکی
ماسِہ: (عمدہ) ریت
ماسہ زار: ریتلی زمین
ماسِیدن: جمانا، یخ بستہ کرنا، منجمد کرنا (سیال اشیا کا)
ماش: ایک پودا جس سے ماش کی دال حاصل ہوتی ہے
ماشاءاللہ: جو خدا نے چاہا، کلمہ تحسین کے تعجب کے طور پر بھی کہا جاتا ہے
ماشرا: (۱)سوجن جس سے خون بھی نکل آتا ہے (۲)درختوں کا ایک روگ جس سے پتے اور چھلکے خشک ہو کر گر پڑتے ہیں، پت روگ
ماشطہ: دایہ، آرائش گر، آراستہ کرنے والی خاتون
ماشُو: غربال، چھلنی
ماشُور: ملی ہوئی چیزیں، باہم آمیختہ چیزیں، مہینے
ماشورہ: نرسل جو بیچ میں سے خالی ہوتا ہے
ماشہ: (۱)چمٹی، موچنا (۲)لبلبی، بندوق کا گھوڑا
ماشی: (۱)ماش کے رنگ کا (۲)پیدل سفر کرنے والا (۳)گلہ بان
ماشین: مشین (انگ)
ماشین آلات: مشینری
ماشین بخار: سٹیم انجن
ماشین تحریر: ٹائپ رائٹر
ماشین خانہ: ورک شاپ، جگہ، جہاں مشینیں رکھی جاتی ہیں
ماشین سوارکُن: فٹر
ماشینسٹ: (انگ) مشین چلانے والا، مشین کا فن جاننے

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

والا

ماضی:(ع) گزرا ہوا وقت، گزشتہ زمانہ

ماطِر:(ع) برسنے والا، بارانی

ماعُون:(ع)(۱)نیکی، احسان، (۲)کوئی چیز جس سے فائدہ حاصل ہو (۳)اسباب خانہ

ماغ:(۱)مرغابی کی قسم کا ایک پرندہ (۲)غبار

ماغ:گائے کی آواز

گاؤ ماغ می کشد:گائے آواز لگا رہی ہے

ماغ کشیدن:گائے کا بولنا

مافات:(ع) وہ جو گزر گیا، ہاتھ سے نکل گیا ہے

جبران مافات کردن:غفلت کی وجہ سے جو نقصان ہوا اس کی تلافی کرنا

مافوق:(ع) جو اوپر بیان ہوا، مذکورہ بالا

این مطلب مافوق عقل است:یہ بیان یا بات انسانی عقل سے بالا ہے

مافی الضّمیر:(ع) جو ذہن میں ہے

ماقبل:(ع) پہلے، پیشتر

ماقُوت:ایک قسم کی خوراک جو نشاستہ اور چینی وغیرہ سے تیار کی جاتی ہے

ماک:دودھ جو گائے بھینس کا بچہ پیدا ہونے کے بعد دوہا جاتا ہے

شیر ماک:دودھ جس سے بہلی بنتی ہے

ماکان:جولاہے کا کپڑا بننے کا آلہ

ماکو:تبریز کے شمال مغرب کا ایک شہر

ماکُول:کھانے کی چیز، خوردنی، خوراک

ماکُولات:ماکول کی جمع، کھانے کی چیزیں

ماکِیان:مرغی

مال:(ع)(۱)اسباب، سازوسامان، جانداد، دھن دولت (۲)جانور جس پر بوجھ لادا جاتا ہے، سواری کا جانور

مالِ کی:کس کا سامان؟

مال غیر منقول:وہ جانداد جو ایک جگہ سے نقل نہ کی جا سکے مثلاً زمین

مال منقول:وہ جانداد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائی جا سکے مثلاً مال و اسباب وغیرہ

مال فراوان گرد کرد:بہت زیادہ دولت اس نے جمع کر لی ہے

این کتاب مال من است:یہ کتاب میری ہے

بیت المال:حکومت کا خزانہ

دستمال:رومال

مال، مالیدن:ملنا سے فعل امر، ملو، مل دو

مآل:(ع) جہاں لوٹ کر آنا ہو، انجام بینی، باز گشت

مالاً:دولت کے ذریعے، نتیجۃً، آخر الامر

مالاً بہ او مساعدت کردند:انھوں نے رقم دے کر اس کی یاوری یا مدد کی

مآلاً:لہذا، اس وجہ سے، اس لیے

مالایار:ملیریا بخار

مالایاری:جسے ملیریا بخار ہو

مالا کلام:(ع)(۱)جس کلام میں شک شبہ کی گنجائش نہ ہو، (۲)بیان سے بالا، جسے الفاظ میں بیان نہ کیا جا سکے

مالُ الاِجارہ:(ع) کرائے کا (مکان وغیرہ)

مال التّجارہ:(ع) سامان تجارت، تجارتی اشیا

مالا مال:بھرپور، بہت، کثیر، بہت زیادہ، کناروں تک بھرا ہوا

مآل اندیش:عاقبت اندیش، دور بین، عاقبت بین، محتاط

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مآل اندیشی: عاقبت بینی، انجام سے متعلق سوچ بچار کرنا، دور بینی

مالا یطاق: (ع) غیر قابل تحمل، جو قوت برداشت سے بالا ہو، طاقت فرسا

مال بگیری: مطالبہ، مال لے لینے کا حکم، انگریزی میں اس کے لیے ریکیوزیشن ہے

مال بند: پول، بلّی، ستون

مال پرَست: دولت کا بندہ، زر پرست، دولت پرست

مال پرستی: زر پرستی، دولت پرستی

مالِح: (ع) نمکین

مال خولیا: مالیخولیا، خفقان کی بیماری، وہم، سودا

مالی خولیائی: جسے وہم یا سودا کا مرض ہو، سودائی

مالدار: دولت مند، متموّل

مالداری: تمول، دولت مندی

مالِش: مَلنا

مالش دادن: مَلنا

مالطہ: مالٹا (ملک)

مالِک: آقا، صاحب، جس کی ملکیت ہو

مالک مِلک خود را فروخت: صاحب ملکیت نے اپنی ملکیت فروخت کر دی

مالک یوم الدین: روز حساب کا مالک، باری تعالی

مالکانہ: حق ملکیت

مالِ مردم خور: دوسروں کا مال کھانے والا، دوسروں کا مال لے لینے والا

مالُوف: (ع) جس سے الفت ہو، مانوس، عزیز

عادتِ مالوف: معمول کی عادت، ہمیشہ سے جو عادت ہو

مالہ: معمار کا گارا پھیلانے کا آلہ، گرمالہ، کانڈی

مالہ کشیدن: گارا پھیلانا، گارے کا ردا چڑھانا

مالی: مال و دولت سے متعلق

اُمورِ مالی: مال و دولت سے متعلق امور و مسائل

مالِیات: باج، خراج، محصولات، ٹیکس

مالیات ارضی: زمین کا لگان

مالیات بر درآمد: انکم ٹیکس

مالیات برعایدات: انکم ٹیکس

مالیات بستن: (یا وضع کردن) ٹیکس لگانا

مالیات مستغلات: کرایوں کا ٹیکس

مالیات غیر مستقیم: بالواسطہ انکم ٹیکس

مالیات مستقیم: براہ راست انکم ٹیکس

مالیات ملکی یا املاک: پراپرٹی ٹیکس

مالیات سنگین بر مسکرات بستہ اند: الکحل کے مشروبات پر بہت زیادہ ٹیکس لگایا گیا ہے

مالیات دِہ: ٹیکس ادا کرنے والا

مالیات بندی: ٹیکس لگنا

مالیاتی: مال و دولت سے متعلق

حاکم مالیاتی: ٹیکس حاصل کرنے والا افسر

مالیخولیا: (ماخوذ از یونانی) سوداوی مرض، ذہنی بیماری جس سے طرح طرح کے توہمات ذہن میں آتے ہیں

مالیدن: مَلنا

روغن را بہ بدن خود مالید: تیل اس نے اپنے بدن پر ملا

مالِیدنی: ملنے والی چیز، بیرونی استعمال کی دوا، مرہم

مالیدہ: ملا ہوا

مالِیہ: ذرائع آمدنی، مالیات

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ادارہ مالیہ:مالیات کا محکمہ

امین مالیہ:مالیات کا ایجنٹ

رئیس مالیہ:مالیات کا ڈائریکٹر

وزارتِ مالیہ:وزارت مالیات

مام:والدہ، ماں

ماما:(۱) ماں (۲)دایہ

ماماچہ:دایہ

مامان:مام، ماں، والدہ

مامائی:دایہ گیری، دایہ گری کا کام جاننا

مامای کردن:دایہ گیری کرنا

مامضی:(ع) گزشتہ، جو گزر گیا

مضی مامضی:(ع) جو گزر گیا وہ گزر گیا

مامک:ماں کی تصغیر، ماں

مامَن:(ع) امن کی جگہ، پناہ گاہ، حفاظت کی جگہ

مامُوت:ہاتھی کی قسم کا بڑا جانور جو قدیم زمانے میں سرد ممالک میں ہوتا تھا لیکن اب اس کی نسل ختم ہو چکی ہے

مامُور:(ع) جسے کسی کام کے لیے مقرر کیا گیا ہو، مامُورین جمع

مامور شدن:کسی کام کے لیے مقرر ہونا

مامور کردن:تعین کرنا

مامُورینِ دولت:حکومت کے ملازمین

این را مامور کردند کہ مالیات را وصول کند:اسے متعین کیا گیا ہے کہ ٹیکس وصول کرے

دو نفر را مامور تفتیش کردند:دو آدمی تفتیش پر مقرر کیے گئے ہیں

شما مامور ہستید کہ این پیغام را برسانید:تمہیں اس بات پر مقرر کیا گیا ہے کہ یہ پیغام پہنچا دو

مامورِ اجرا:انتظامی امور کا دفتر

ماموریّت:خدمت، فرض،حکم، ہدایت، کمشن، کار منصبی

او بہ ماموریت رفتہ است:وہ اپنا فرض ادا کرنے کے لیے (ملک سے باہر) گیا ہے

من ماموریت دارم کہ شمارا طلب کنم:مجھے ہدایت ہوئی ہے کہ میں تجھے طلب کروں

مامُول:جس کی امید ہو، جو متوقع ہو

این بر خلافِ مامول من است:یہ میری امید کے خلاف ہے

مامون:امن میں آیا ہوا، محفوظ

مامون الرشید:ایک عباسی خلیفہ جس نے ۱۹۸ تا ۲۱۸ھ / ۸۱۳ تا ۸۳۳ء حکومت کی

مامِیران:زرد پھول دینے والے دو پودے

مان:من کی جمع، ہمارا، جیسے فرزند کی جمع

فرزندمان:ہمارے بیٹے

دیدمان:اس نے ہمیں دیکھا

مان:گھر، گھر کا ساز و سامان نیز مثل، مانند

مانا، مانند:ویسا ہی

مانا کہ گوئی:جیسا کہ تو کہتا ہے

مانَحنُ فِیہ:(ع) جو موضوع ہمارے پیش نظر ہے، مورد بحث ھے، جس میں ہم ہیں

مانداب:جہاں پانی جمع رہتا ہے اور اس سے بو آنے لگتی ہے

ماندگار:پائیدار، مستحکم

ماندگی:خستگی، تکان، تھکاوٹ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ماندن: رہنا، قیام کرنا، باقی رہنا، بقیہ، خستہ ہو جانا

آنچه را که می ماند جمع کن: جو باقی رہ گیا ہے اسے جمع کر لے

باز ماندگان: جو باقی رہ گئے ہیں

چند روز در آنجا ماندید: تم کتنا عرصہ وہاں رہے؟

در ماندن: خستہ و لاچار ہونا

درماندگان: خستہ و لاچار لوگ

فروماندن: کم زور ہو جانا، تھک جانا

ماند: جو رہ گیا ہے

هیچ نخواهد ماند جز آثار نیکو کاری: نیک کاموں کے اثرات کے سوا کوئی چیز باقی نہیں رہیگی

برین رواق زبرجد نوشته اند بزر
که جز نکوی اہل کرم نخواهد ماند

اس نیلگوں محل پر سنہری الفاظ میں لکھا ہے کہ اہل کرم کی نیکی کے سوا کوئی چیز باقی نہیں رہیگی

ماندہ: جو باقی رہا ہے، بقیہ، تھکا ہوا، خستہ

اجناسِ ماندہ: چیزیں جو فروخت ہونے سے باقی رہ گئی ہوں

مانستن: مانند ہونا، مشابہ ہونا، مماثل ہونا، ہم شکل ہونا، مشابہت رکھنا، ایک جیسا ہونا، ملتا جلتا ہونا

مانسته: مشابہت ہونا، مانند، مماثلت

مانش: بہتے پانی کا قدرتی یا مصنوعی نالہ، نہر کھاڑی

مانع: (ع) رکاوٹ، مزاحمت، خلل اندازی، ممانعت، (موانع جمع)

مانع داشتن: اعتراض ہونا

مانع شدن: روکنا، مزاحم ہونا، مزاحمت کرنا

مانع شما درین کار چیست: اس کام میں تمہارے لیے کیا رکاوٹ ہے

موانع را مرتفع نمودم: رکاوٹیں میں نے دور کر دیں

مرا از رفتن مانع شد: میرے جانے میں اس نے رکاوٹ پیدا کی

مانگ: چاند

مانند: مشابہ، مماثل، ہم شکل، مشابہت

قدش سرو مانند است: اس کا قد سرو کی مانند ہے

بی مانند: بے مثال

مانندگی: مشابہت، مماثلت

مانندہ: مانند ہونا، مشابہ ہونا، مماثل ہونا

مانو: گونج، صدای باز گشت، کسی کے خیالات کو حرف بحرف دہرا دینا

مانور: (۱) مینوور (انگ) بحری یا عسکری حرکت، جہازوں کے بیڑے کا کسی خاص منصوبے کے تحت حرکت کرنا (۲) داو کرنا، گھات لگانا، جوڑ توڑ یا حکمت عملی سے مجبور کر دینا

مانور دادن: بحری یا عسکری حرکت کرنے کی مشق کرنا

مانوس: جس سے انس ہو، عزیز، واقف، آشنا، اچھی طرح سے جانا پہچانا ہوا

مانوس شدن: اچھی طرح سے جان لینا، آشنا ہونا

مانوی: مانویت، مانی کا پیش کیا ہوا مذہب

مانی: (۲۱۶ - ۲۷۶ء) فتق کا بیٹا بابل کا رہنے والا تھا اس نے شاپور اول کے زمانے میں پیغمبر ہونے کا دعوی کیا، بڑے پائے کا مصور تھا، مصوری کو اس نے معجزے کے طور پیش کیا لیکن مخالفت کی بنا پراسے وطن چھوڑنا

marfat.com

پڑا، آخر وہ قتل ہوا اس نے جو مذہب پیش کیا تھا وہ کچھ عرصے بعد نابود ہو گیا، اس کی مصوری کی کتاب کا نام ارژنگ تھا

مانیدن: کسی چیز کے مشابہہ ہونا

ماوا: (ع) ماوای، پناہ گاہ، ٹھکانا، حفاظت کی جگہ منزل، مسکن، مامن، مثال:

آرزوی جنت ماوا برون کردم ز دل
جنتم این بس کہ برخاک درت ماوی کنم

پناہگاہ جنت کی آرزو میں نے دل سے نکال دی ہے میرے لیے جنت بس یہی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے دروازے کی خاک کو اپنی پناہ گاہ بنالوں

ماوی دادن: کسی کو پناہ دینا، حفاظت کے لیے جگہ دینا

ماوی گرفتن: مسکن پانا، پناہ گاہ حاصل ہونا، قیام کرنا، ٹھکانا بنانا

ماورا: جو پیچھے ہے، دوسری طرف، اس طرف، بالا

ماورای تصور: تصور سے بالا

ماوراءالنہر: شہر کا نام جو دریائے جیحون سے پار ہے

ماوقع: واقعہ، حالت، صورت حال، کسی فعل کا ماحول، وہ حالت جس میں کوئی فعل انجام پذیر ہو

ماہ: چاند، قمر، مہینہ

ماہ آب: آبان، ایران کے شمسی کیلنڈر کا مہینہ

ماہا: چاند کی مانند

ماہار: مُہار

ماہانہ: ماہوار، ماہیانہ

ماہ بماہ: ہر مہینے

ماہ پارہ: چاند کا ٹکڑا، کنایۂ حسین و جمیل

ماہتاب: چاند کی چاندنی، چاند

ماہ پرَست: چاند کی پرستش کرنے والا

ماہ پَیکر: چاند جیسے جسم والا، حسین و جمیل

ماہ چہاردہِ شب: چودھویں کا چاند

ماہچہ: پرچم کے اوپر کا چاند

ماہِر: (ع) تجربہ کار، فن میں مہارت رکھنے والا

او در زدن وائلن ماہر است: وہ وائلن بجانے میں بڑی مہارت رکھتا ہے

ماہرانہ: مہارت سے

ماہرُخ: ماہ رو، چاند جیسے روشن چہرے والا حسین، زیبا، رعنا

ماہ رُخسار: ماہرخ

ماہ روزہ: ماہ رمضان

ماہری: مہارت، تجربہ کاری

ماہ سِیام: ماہ نخشب دیکھیے ماہ مقنع

ماہ سِیما: ماہرخ

ماہ شمسی: شمسی مہینہ، ایران کے شمسی سال کے بارہ مہینوں میں پہلا مہینہ فروردین ہے اور بارھواں مہینہ اسفند ہے یہ مہینے دور آفتاب کے گرد زمین کی گردش سے متعلق ہیں، ہر مہینہ شمسی کے نام منسوب ہے

ماہ صِیام: ماہ رمضان جس میں روزے رکھے جاتے ہیں

ماہ طلعَت: چاند جیسے چہرے والا، حسین و جمیل

ماہ قمری: قمری مہینہ، قمری سال ماہ محرم سے شروع ہوتا ہے اور آخری قمری مہینہ ذی الحج ہے یہ مہینے زمین کے گرد چاند کی گردش سے متعلق ہیں اس لیے ہر مہینہ قمری کے نام منسوب ہے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ماہ کاشغر: ماہ نخشب

ماہ کش: ماہ نخشب

ماہِ کنعان: کنعان کا چاند، کنایۃً حضرت یوسف(ع)

ماہ مقنع: ماہ نخشب، نخشب ترکستان کا ایک مشہور شہر ہے جہاں حکیم مقنع نے ایک مصنوعی چاند کنوئیں سے نکلتا ہوا دکھایا تھا، اس لیے یہ چاند ماہ مقنع یا ماہ نخشب کے نام سے مشہور ہوا

ماہگانہ: :ماہانہ، ماہوار، ماہیانہ

ماہ گرفت: چاند گرہن، خسوف

ماہ گرفتگی: چاند گرہن

ماہ لقا: چاند جیسے چہرے والا، ماہرو، ماہ طلعت محبوب

ماہنامہ: مجلہ یا رسالہ جو ہر مہینے شائع ہوتا ہے

ماہ نخشب: ماہ مقنع

ماہُو: زیب و زینت، آرائش و پیرائش

ماہوار: ماہانہ، ماہیانہ

ماہواری: ماہانہ تنخواہ، ماہانہ آمدنی، محاصل ماہیانہ

ماہُوت: چوڑا کپڑا، اونی یا سوتی کپڑا، بڑے عرض کی بانات

ماہوت پاک کن: کپڑے صاف کرنے کا برش

ماہوت فروش: بزاز، کپڑے کا کاروبار کرنے والا

ماہُوتی: جس پر اونی یا سوتی کپڑے کا غلاف ہو

ماہُور: زمین کی بلندی و پستی، نا ہموار، ایرانی موسیقی کی راگنی

ماہ وش: چاند کی طرح حسین، زیبا، رعنا

ماہِہ: عمر ظاہر کرنے کے لیے آتا ہے

بچّہ چہار ماہہ: چار ماہ کی عمر کا بچہ

ماہہ: آلہ جس سے سوراخ کرتے ہیں، برما

ماہی: مچھلی (۲) ہئیت، حُوت، بارھویں برج کا نام

ماہی اسقومری: ماکریل، ایک قسم کی بحری مچھلی، گرمیوں میں اس قسم کی مچھلیاں گروہ در گروہ سمندر کے کنارے پر آ کر انڈے دیتی ہیں

ماہی خاردار: کانٹوں والی مچھلی

ماہی درشت قنات: تھوتھنی والی مچھلی

ماہی روغن: مچھلی جس سے تیل نکالا جاتا ہے

ماہی زیر قنات: چھوٹی مچھلی جو چارے کے کام آتی ہے

ماہی سفید: سفید مچھلی

ماہی سَوف: سفید مچھلی

ماہی سیم: چاندی کے رنگ کی مچھلی

ماہی طلائی: سنہرے رنگ کی مچھلی

ماہی گُوسِہ: یورپی سمندروں کی ایک قسم کی مچھلی جو مچھلیوں کا شکار کرتی ہے

ماہی گول: تالابوں کی عام مچھلی

ماہی یُونس: ایک قسم کی سرخ مچھلی جو پانی سے نکلنے کے بعد مرتے وقت طرح طرح کے رنگ بدلتی ہے

صید ماہی: مچھلی کا شکار

ماہی: ماہانہ

ماہی: (صیغہ تانیث) وہ کیا ہے

ماہیانِہ: ماہانہ، ماہوار تنخواہ

ماہیانہ شما چند است: تمہاری ماہانہ تنخواہ کتنی ہے

اطلاع نامہ ماہیانہ: ماہوار اطلاع نامہ

marfat.com

او ماہیانہ سہ ہزار روپیہ می پردازد: وہ تین ہزار روپے ماہانہ تنخواہ پاتا ہے

ماہی پرَست: مچھلیوں کا پجاری

ماہی پرستی: مچھلیوں کی پوجا

ماہی پروَر: مچھلیوں کی پرورش کرنے والا

ماہی پروری: مچھلیوں کی پرورش کرنا

ماہِیَّت: جوہر، ذات، حقیقت، اصلیت، کیفیت (ماہیات جمع)

ماہی تابہ: ماہی تاوا، فرائنگ پین، جس میں گھی وغیرہ ڈال کر کوئی چیز بریاں کی جاتی ہے، کڑاہی

ماہِیچہ: بازو کا پٹھا، عضلہ

ماہی خانہ: مچھلیوں کے لیے جو تالاب بنایا جائے اور اس میں ان کی پرورش کی جائے

ماہی خوار: بگلا، مچھلیاں کھانے والا

ماہی خواری: مچھلیاں کھانا

ماہی دان: وہ برتن جس میں پانی ڈال کر مچھلیاں رکھی جاتی ہیں

ماہی درہم: قالین جس میں مچھلیوں کو ایک دوسرے کے پیچھے تیرتے دکھایا جاتا ہے

ماہی شِناس: مچھلیوں کا علم جاننے والا

ماہی شِناسی: مچھلیوں کا علم جاننا

ماہی فروش: مچھلیاں فروخت کرنے والا

ماہی قزل آلا: ایک قسم کی مچھلی جو میٹھے پانی میں زندگی بسر کرتی ہے

ماہی گیر: مچھلیاں پکڑنے والا

ماہی گیری: مچھلیوں کا شکار کرنا

ماہی مانند: مچھلی کی مانند

مائت: (ع) موت کے قریب، جو شخص آخری دموں پر ہو

مائدَہ: (ع) دسترخوان جس پر کھانا چنا جائے

ہر چہ بزیر فلک ہست طفیلِ تو است
مائدہ عشق را نادرہ مہمان توی

زیر فلک جو کچھ بھی ہے وہ آپ ہی کی ہی بدولت ہے یہاں عشق و محبت کا جو دستر خواں بچھا ہے اس کے لیے بے نظیر مہمان آپ ہی ہیں

مائع: (ع) مایع، کوئی رقیق یا سیال چیز، بہنے والامادہ

پیمانہ مائعات:: رقیق چیزیں ناپنے کا پیمانہ

تبدیل بہ مائع کردن: رقیق صورت میں تبدیل کر دینا

مائعیت: رقیق ہونا

مائل، مایل: (ع) میلان رکھنے والا، متوجہ، راغب

مائل است کہ آنرا بخرد: اس کا میلان اس چیز کو خریدنے کی طرف ہے

مائل بودن: کسی چیز کی طرف راغب ہونا، میلان ہونا

مائل شدن: کسی چیز کی طرف میلان ہونا

مائلِیّت: میلان، رغبت

مایَتحلل: (ع) جو بدن میں حل ہو جائے

مایَحتاج: (ع) جس چیز کی ضرورت ہو

مایلزِم: (ع) جو چیز لازم ہو

مایمِلک: (ع) جو چیز کسی کے تصرف میں ہو، جو چیز کسی کی ہو

مایَندر: مادراندر، سوتیلی ماں

مایُوس: نا امید

مایوس شدن: نا امید

مایوس کردن: نا امید کرنا، دل سرد کرنا

او ازین طفل مایوس است: وہ اس بچے سے نا امید ہے، اسے اس بچے میں بہتری کی کوئی امید نہیں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مایوسانہ: نا امیدی سے

مایوسی: نا امیدی

مایوسیت: ناامیدی

مایہ: مقدار، اندازہ، ہر چیز کا مادہ، خمیر، سرمایہ، پونجی، تعداد، اصطلاح طب میں مرض کو روکنے کا ٹیکا

مایہ افتخار: عزت کا ذریعہ، سرمایہ فخر

مایہ بدنامی: بری شہرت کا ذریعہ

مایہ زدن: خمیر کرنا، (دہی) جمانا

این محصل مایہ افتخارِ دانشکدہ ماست: یہ طالب علم ہمارے کالج کے لیے باعث فخر ہے

برای کسی مایہ گرفتن: کسی رنج کی وجہ سے کسی کو مشکلات میں مبتلا کرنا

من برای کسب مایہ ندارم: تجارت کی غرض سے میرے پاس سرمایہ نہیں

نمی دانید چہ مایہ مردم بدینسان گرفتار شدہ اند: تم نہیں جانتے کہ کتنے لوگ اس کام میں گرفتار ہوئے

مایہ خُوش: میخوش، کسی قدر ترش اورشیریں

مایہ دار: خمیر شدہ، سرمایہ دار، حقیقی علم رکھنے والا

مایہ زدَن: خمیر کرنا، دہی جمانا

مایہ سُوز: اپنا سرمایہ کھونے والا

مایہ کُوبی: ٹیکا لگانا

مایہ نما: بنیادی خیال، تصور

مایہ ور: مالدار، دولت مند، سرمایہ دار

مایِ: آبی، دریائی

مایِ و منی: انانیت، خودستائی، خودبینی، خود پسندی، خود غرضی

مُباح: (ع) جائز، روا، حلال، درست، پاک

می گفتند کہ خونِ این اشخاص مباح است: کہتے تھے کہ ان اشخاص کا خون بہانا جائز ہے

مُباحات: (ع)مباح کی جمع، جائز چیزیں، حلال چیزیں

مُباحَت: (ع)برے نتائج سے بریت، درستی، پاکی

مَباحِث: (ع)مبحث کی جمع، موضوعاتِ بحث، موضوعاتِ مذاکرہ

مباحثِ علمی: علمی موضوعات پر بحث و مذاکرہ

خلطِ مبحث کردن: بحث و مذاکرہ میں الجھن پیدا کرنا

روی چہ مبحثی صحبت کردند: کس موضوع پر بحث و مذاکرہ ہوا

مُباحِثَہ: مذاکرہ، بحث، مناظرہ، سوال و جواب

مباحثہ کردن: بحث کرنا

مَباد: (کلمہ دعا) فعل نفی، ایسا نہ ہو، خدا نہ کرے

مَبادا: کلمہ پرہیز، ایسا نہ ہو، مثال:

بلبلان را ہمہ شب خواب نیامد از بیم
کہ مبادا ببرد برگ گلی بادِ نسیم

بلبلوں کو رات بھر اس خوف میں نیند نہ آئی کہیں ایسا نہ ہو کہ بادِ نسیم کے جھونکے پھولوں کی پتیوں کو اڑا لے جائیں

یاد داشت کنید مبادا فراموش نشود: اسے لکھ لو کہیں ایسا نہ ہو کہ بھول جاؤ

مُبادِرت: (ع) جلدی کرنا، سرعت سے کام لینا

مبادرت کردن: کام کرنے کے لیے جلدی کرنا، سرعت سے کام شروع کرنا

چرا درین کار مبادرت نکردید: اس کام میں تم نے جلدی کیوں نہیں کی

مبادلہ: عوض، تبدیلی، معاوضہ

مَبادی: (ع) مبداء، اساس، بنیاد، اصل، ابتدائی امور

marfat.com

مُبادی:(ع) مبتدی، ابتدا کرنے والا، شروع کرنا
مبادی آداب:با اصول شخص، اچھی عادات و اطوار والا شخص
مُبارات:(ع) ایک دوسرے سے بیزار ہونا
مُبارِز:(ع) مرد میدان، جنگجو، دلیر، شجاع، سورما
مبارز طلبی:کسی شخص کو مقابلے میں آنے کے لیے للکارنا، جنگ کا آرزو مند ہونا، جنگ کی دعوت دینا
مُبارِزَہ:جنگ
مبارزہ کردن:جنگ کرنا
مُبارک:با برکت، برکت یافتہ، خجستہ، فرخندہ
مبارک باد:(دعاے خیر) آپ کے لیے با برکت ہو، خدا آپ کو خوش رکھے
مبارک گفتن:مبارک باد کہنا
سالِ نو شمارا مبارک باد:نیا سال آپ کے لیے با برکت ہو
عروس را خانہ نو مبارک باشد:خدا کرے کہ دلہن کے لیے نیا گھر با برکت ہو
مبارک فال:نیک شگون، فرخندہ فال
مبارکی:دعاے خیر، دعاے برکت، تبریک
مبارکی گفتن و نوشتن:کسی کی خوشی کی تقریب میں دعا کہنا اور لکھ کر بھیجنا
مُباسَطَت:(ع) کشادہ روی، فیاضی، نیک خوئی
مَباش:(کلمہ دعا و پرہیز)خدا نہ کرے
از شرِّ دشمن ایمن مباش:دشمن کے فتنہ و شر سے بے فکر نہ بیٹھو
مُباشِر:(ع) نمایندہ، کار پرداز، ایجنٹ، پیشکار، ناظر، نگران
مباشرِ املاک:کسی کی جانداد کا سپروائزر
مباشرِ بنائی:عمارت کا سپروائزر
مباشرِ قشون:فوج کا ناظر
مباشرِ قطار:ریل گاڑی کا منتظم
مباشِرَت:(ع) اپنے ہاتھ سے کام کرنا، کسی کام کو خود انجام دینا، جماع، میاں بیوی کی شب گزاری
مباشرت کردن:نظم و تربیت دینا، مجامعت کرنا
ادارہ مباشرت:معاش اور روزی کا محکمہ
مباشری:مباشرت
مباعَدَہ:(ع) دور کر دینا
مَبال:(ع) پاخانہ، مستراح، آبریز، پیشاب، پاخانے کی جگہ
مُبالات:(ع) دیکھ بھال، فکر مندی، غور سے نظر ڈالنا، سوچ بچار، کسی کام میں فکر و اندیشہ کرنا، اہتمام کرنا
مُبالِغ:(ع) مبلغ کی جمع، رقم
مُبالِغَت:(ع) مبالغہ، بڑھا چڑھا کر بات کرنا، اصل کے کسی حصے کو حد سے بڑھ کر ظاہر کرنا، اغراق
مُبالِغَہ:(ع) حد سے بڑھ کر کوئی بات کی جائے ایسی بات جو اصل سے بڑھ کر بیان کی جائے
مبالغہ گو:حد سے بڑھا چڑھا کر بات کرنے والا
مَبانی:(ع) اساس، بنا، بنیاد، عمارت، مبنی کی جمع
مُباہات:(ع) فخر، شان و شوکت، بڑائی، افتخار
مباہات کردن:فخر کرنا
مباہِلَہ:(ع) کوسنا، بددعا دینا، احمقانہ سلوک کرنا، ایک دوسرے پر لعن طعن کرنا
مُباہی:(ع) فخر کرنے والا
مُبایِعَہ:(ع) باہم خریدوفروخت کرنا
مُبایِن:(ع) جدا، ناموافق، ناساز، مغایر
مبایِنَت:(ع) جدائی، مغایرت، اختلاف، انتشار
مبایِنَہ:(ع) ایک دوسرے سے اختلاف ہونا، مخالف ہو

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جانا

مُبتَدا:(ع) ابتدا، آغاز، جملہ اسمیہ کا پہلا جزو

مُبتدِع:(ع) بدعت کرنے والا، خلاف قاعدہ نئی بات اور نئی رسم پیدا کرنے والا، مذہب یا کسی اور چیز کے مسلمہ عقاید کا مخالف

مُبتدی:(ع) ابتدا کرنے والا

مُبتذَل:(ع) معمولی چیز، حقیر سی چیز، پیش پا افتادہ، ذلیل گھٹیا سی چیز

مُبتَر:(ع) جس کی دم کٹی ہو

مُبتکِر:(ع) ایجاد کرنے والا، اختراع کرنے والا

مُبتلا:(ع) پھنسا ہوا، گرفتار، الجھا ہوا، الجھنا

مبتلا بودن:کسی بات میں الجھنا، پریشان ہونا

مبتلا شدن:پھنس جانا، الجھ جانا

مبتلا کردن:کسی کو الجھا دینا، پریشان کرنا

مُبتلی:(ع)بلا، مصیبت میں مبتلا

مُبتنی:(ع) مبنی، بنا، بنیاد، اساس

مُبتہِج:(ع) خوش و خرم، مسرور، خوشنود، خوشحال

مبحَث:(ع) بحث کا موضوع، جس چیز پر بات چیت کرنا مقصود ہو

مَبدا:(ع) ابتدا ہونے کی جگہ، ابتدا، اصل، بنیاد، منبع

مبدِع:(ع) موجد، بانی، تخلیق کرنے والا، آغاز کرنے والا، کوئی چیز بنانے والا

مُبَدَّل:(ع) بدلا ہوا، تبدیل شدہ، بھیس بدلنا، بہروپ اختیار کرنا

مبدل شدن:تبدیل ہونا، اپنے آپ میں تبدیلی پیدا کرنا

مبدل کردن:تبدیل کرنا، بھیس بدلنا

بالباسِ مبدل بیرون رفت:بھیس بدل کر وہ باہر نکلا

دوستی آنہا مبدل بہ دشمنی شد:ان کی دوستی دشمنی میں تبدیل ہو گئی

مس را بہ طلا مبدل کردن:تانبے کو سونے میں تبدیل کرنا، نقل کو اصل کی صورت میں ظاہر کرنا

مَبذّر:(ع) اسراف کرنے والا، فضول خرچ

مَبذول:(ع) خرچ کر دیا گیا، بخش دیا گیا

مبذول داشتن:دے دینا، بخش دینا

مرحمتی در حقِ من مبذول دارید:میرے حق میں مرحمت فرما دیجیے

مُبرا:(ع) پاک، گناہ سے بری، معاف، آزاد

مبرا کردن:بری کرنا، معصوم ہونے کا اعلان کرنا

او ازین کارہا مبرا است:وہ ان کاموں سے بری ہے، ان کاموں سے اس کا کوئی تعلق نہیں

مُبرّات:(ع) مبرت کی جمع، خیراتی کام، نیکی کے کام، نیکی کی یادگاریں، مثلاً عام استعمال کے لیے کنواں بنوانا، فلاح عامہ کے لیے کام کرنا

مُبرِّد:(ع) (۱)خنک، ٹھنڈا، سرد

مُبرَز:رفع حاجت کی جگہ

مُبرَّز:(ع)ممتاز، عمدہ، برجستہ، نمایاں

مُبرقَع:(ع) چہرے پر پردہ ڈالے ہوئے، نقاب اوڑھے، در پردہ

مُبرَم:(ع) نہ ٹلنے والا، مضبوط، استوار، جگہ پر قائم، محکم، مستحکم

مُبرِم:اصرار یا تاکید کرنا، دباؤ ڈالنا، بہت زور دینا

اِحتیاج مبرم:شدید ضرورت

گدای مبرم:نہ ٹلنے والا فقیر

مبرور:(ع) نیک، پارسا، جس کی زندگی زہد و تقوی

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

میں گزری ہو

مبرُوص: (ع) جزامی، مجذوم، جسے برص کا مرض ہو

مُبَرہن: (ع) جو واضح ہو جائے، ثابت ہو جانے، واضح، روشن، آشکار

مُبّری: (ع) جو کسی تہمت سے پاک ہو

مبسُوط: (ع) کشادہ، فراخ، پھیلا ہوا

مُبشِّر: (ع) بشارت دینے والا، خوش خبری لانیوالا

مُبصِّر: (ع) بابصیرت، واضح اور روشن کرنے والا، دوسروں کو سمجھانے والا

مُبطِل: (ع)باطل قرار دینے والا، منسوخ کر دینے والا

مبعَث: (ع)حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کا زمانہ

مُبعد: (ع)دور بھیجا گیا، نکالا گیا

مبعُوث: (ع) جسے برانگیختہ کیا گیا ہو

مبعُوث: (ع) بھیجا گیا، جسے نمائندہ کے طور سے بھیجا گیا ہو، مندوب

مبعوث شدن: بطور نمایندہ بھیجا جانا

مبعوث کردن: بطور نمایندہ مقرر کرنا

مجلسِ مبعوثان: ہاؤس آف کامنز

مُبغَض: (ع) نا پسندیدہ، مکروہ

مبغُوض: (ع) بغض اور غصے کا مورد

مُبل: گھر کی میز کرسیاں وغیرہ، فرنیچر

مُبِلّ: تر کرنے والا، اشکبار، قطرے ٹپکانے والا

مَبلَغ: (ع) حد کو پہنچنا، رقم کی مقدار اور اندازہ

مبلغ پانصد روپیہ ارسال کردم: میں نے پانچ سو روپے ارسال کیے

مبلغ کل: حساب کی کل رقم

مُبلّغ: (ع) تبلیغ کرنے والا

مبلول: (ع) نمدار، نمناک

مبنیٰ: (ع) بنیاد، اساس

مبنی: (ع) جس پر بنیاد قائم کی گئی ہو

این کہ گفتید مبنی بر اطلاع صحیح نیست: یہ جو تم نے کہا اس کی بنیاد صحیح اطلاع پر نہیں

مُبہِج: (ع) نشاط آور، مسرت بخش، مژدہ

مُبہم: (ع) غیر واضح، پیچیدہ، جو بات صاف نہ ہو۔

مبہَمات: (ع) مبہم کی جمع

مَبہوت: (ع) حیران، ششدر، متحیّر، سرگشتہ

مبہوت شدن: حیران، ششدر ہونا

مبہوت کردن: حیران کر دینا

مُبَہّی: (ع) قوت باہ پیدا کرنے والی دوا

مبِیت: (ع) رات بھر کے لیے پناہ گاہ، خوابگاہ، مسکن

مبِیض: (ع) جہاں مرغیاں انڈے دیتی ہیں، تخمدان

مبِیع: (ع) فروخت شدہ مال، خریدا ہوا اور بیچا ہوا

مُبِین: (ع) صاف، واضح، روشن، شک و شبہ سے پاک، ناقابل تردید، برحق

مُبِین: (ع) بیان کرنے والا، وضاحت کرنے والا

مُبیِّن: (ع) صاف، واضح، آشکار، واضح کرنے والا

مُبیَّن: (ع) بیان شدہ، موضوع سخن

متاب: (ع) منہ مت پھیر، رو گردانی نہ کر، مثال:

قرب خواہی کردن از طاعت مپیچ
خواجگی خواہی سر از خدمت متاب

اگر تو قرب حاصل کرنا چاہے تو جو ذمے داریاں تجھ پر فرض ہیں ان سے گردن فرازی نہ کر، منہ نہ موڑ، اگر تو خود مخدوم بننا چاہتا ہے تو خدمت سے روگردانی نہ کر

متاب: (ع) گناہ سے توبہ، حق کی طرف واپس آنا

مُتابِع: (ع) تابع، پیرو، فرماں بردار

متابعَت: (ع) پیروی، فرماں برداری

www.iqbalkalmati.blogspot.com

متابعت کردن: فرماں برداری کرنا، اطاعت گزاری کرنا، پیروی کرنا۔

مُتاثِر: (ع) دل پر اثر کرنے والی، اثر پذیر

مُتاجِر (ع) تجارت خانہ

مُتاخِر: (ع) آخری، جدید، جدید زمانے کا فرد (متقدم کی ضد)

مُتادِّب: (ع) جسے ادب و احترام کی تربیت حاصل ہو

متاذّی: (ع) مجروح، تکلیف میں مبتلا، ایذا رسیدہ

مُتارِکہ: (ع) ترک جنگ وغیرہ، مصالحت، صلح کا اقدام

متارکہ جنگ کردن: جنگ ترک کرنا، مصالحت کرنا

بین دشمنان متارکہ شد: دشمنوں میں جنگ ترک ہوئی اور مصالحت ہو گئی

متاسِّف: (ع) افسوس، افسوس کرنے والا

خیلی متاسفم کہ دیروز خدمتِ جنابِ عالی نرسیدم: مجھے بہت افسوس ہے کہ میں کل جناب کی خدمت میں حاضر نہ ہو سکا

متاسفانہ: افسوس کے ساتھ

متاسّی: پیرو، نقش قدم پر چلنے والا، پیروی کرنا، مثال یا نمونے کو پیش نظر رکھنا

مَتاع: (ع) مال و دولت، تجارت کا مال و اسباب

کِتابہا متاعِ خوبی است: کتابیں بڑی اچھی دولت ہیں

متاعِ زندگی: سرمایہ حیات

مُتاعِب: (ع) رنج و تعب دینے والا

مُتالِم: (ع) غمگین، افسردہ، اداس

ہمہ از حادثہ ای متالم شدند: سب اس حادثے سے متاثر ہوئے

متالِہ: (ع) علم الہیات کا مطالعہ کرنے والا، زاہد و عابد

مُتامِّل: (ع) غور کرنے والا

متانت: (ع) سنجیدگی، ثابت قدمی، استواری، مضبوطی، خیالات کی درستی

مُتانی: (ع) آہستہ آہستہ چلنا، دیر کرنا، دیر تک اسی حالت میں رہنے والا

مُتاہِل: (ع) شادی شدہ، بیوی بچوں والا، کنبے والا

او تا ہنوز متاہل نشد: اس نے ابھی تک شادی نہیں کی

مُتَبادِر: (ع) بات جو اچانک ذہن میں آ جائے

مُتَبادِل: (ع) تبدیلی، جسے بدلا جا سکے

عوض حروف کاف و گاف با یکدیگر متبادل اند: (فارسی میں) کاف اور گاف ایک دوسرے سے بدلے جا سکتے ہیں

مُتبادلہ: باہمی، آپس کا

مُتَبارِز: (ع) مبارز، دلیر، شجاع، مرد میدان، سورما

مُتبارِک: (ع) برکت کرنے والا، مبارک

مُتَباعِد: (ع) بعید، دور، ایک دوسرے سے دور

مُتَبایِن: (ع) مختلف، جن میں تفاوت ہو

این دو موضوع باہم متباین اند: یہ دو موضوع ایک دوسرے سے مختلف ہیں

مُتَبحِّر: (ع) بہت بڑا عالم

او متبحر در علم ادبیات است: وہ ادبیات کا بہت بڑا عالم ہے

مُتَبختِر: (ع) ناز و انداز سے خرام کرنے والا، خوش خرام

متبدِّل: (ع) بدلا ہوا

مُتبرِّک: (ع) مقدس، پاک

اماکن متبرکہ: مقدس مقامات

مُتبرِّم: (ع) ملول، آزردہ، افسردہ

مُتبسِّم: (ع) شگفتہ، مسکرانے والا، خنداں، جس کے

marfat.com

ہونٹوں پر مسکراہٹ رہتی ہو

مُتَّبِع: (ع) پیروی کرنے والا، فرمان بردار، اطاعت گزار، فرمان پذیر

مُتَبلوِر: (ع) بلوریں خاصیت پیدا ہونا

مُتَبنّی: (ع) لے پالک، گود لیا ہوا، فرزندی میں لیا ہوا

متبوع: (ع) جس کی پیروی کی جائے، جس کی اطاعت کی جائے

مُتَتابِع: (ع) (۱)سلسلہ وار، لگار تار، متواتر تابع

مُتَتَبِّع: (ع) تتبع کرنے والا

مُتَجاسِر: (ع) (۱) دلیر، جری، باہمت، بیباک، من چلا (۲) باغی، سرکش، متجاسرین جمع

مُتَجانِس: (ع) ہم جنس

مُتَجاوِر: (ع) مجاور

مُتَجاوِز: (ع) اپنی حد سے گزر جانے والا، تجاوز کرنے والا

مُتَجاہِر: (ع) جس کی شہرت بری ہو، فریب و مکاری میں شہرت رکھنے والا

مُتَجاہِل: (ع) اپنے آپ کو بے خبر ظاہر کرنے والا، جان بوجھ کر نادان بننے والا، تجاہل کرنے والا

تجاہلِ عارفانہ: جان بوجھ کر اپنے آپ کو انجان ظاہر کرنا

مُتَجَدِّد: (ع) جدت اختیار کرنے والا، جدید خیالات پیش کرنے والا، جدت پسند (معاشی امور میں)۔

مَتجَر: (ع) تاجری، سوداگری، (۲) سامان، تجارت کا مال۔

متجرہ: (ع) تجارت خانہ، مقام تجارت۔

مُتَجَسِّد: (ع) متجسم دیکھیے۔

مُتَجَسِّس: (ع) جستجو کرنے والا، متلاشی، تجسس کرنیوالا۔

مُتَجَسِّسانہ: (ع) جستجو کے طور پر، گہرے تجسس کے ساتھ۔

مُتَجَسِّم: (ع) مجسم، بہ شکل انسان، جسے جسم عطا کیا گیا ہے۔

مُتَجَلّی: (ع) جو ظاہر اور آشکار ہے۔

مُتَجَمِّع: (ع) جو کچھ جمع ہوا ہو، جو فراہم ہوا ہو۔

مُتَجَمِّل: (ع) آراستہ، پیراستہ، خود آرا، آسودہ حال۔

مُتَحاب: (ع) دوستانہ، محبانہ، ایک دوسرے سے دوستانہ تعلقات رکھنے والا۔

دولِ متحاب: حکومتیں جو ایک دوسری کی خیر خواہ ہوں۔

مُتَحارِب: (ع) جنگ کرنے والے۔

مُتَحاشی: (ع) جو جدا ہو گیا ہو، دور کہیں ٹھہرا ہوا۔

مُتَحتِّم: ضروری، لازمی، ناگزیر، جس کے بغیر چارہ نہ ہو۔

مُتَحجِّر: (ع) (حیوانی یا نباتی مادوں کا) پتھر ہو جانا، مجازاً حیرت اور خوف کے مارے ششدر ہو جانا۔

مُتَّحِد: (ع) مل جانا، اتحاد ہونا، باہم ایک دوسرے سے مل جانا۔

دو دول باھم متحد ھستند: دو ملک آپس میں اتحادی ہیں۔

مُتَّحِدُ الشَّکل: (ع) ایک ہی شکل کے۔

متحداً: (ع) اتحاد و اتفاق کے طور پر۔

متحد المال: (ع) شریک مال۔

متحدالمرکز: (ع) جن کا مرکز ایک ہو، ہم مرکز۔

مُتحد المضمون: (ع) جن کا مضمون ایک ہو۔

مُتَّحِدَہ: (ع) جن کا آپس میں اتحاد ہو۔

مُتَحرِّک: (ع) حرکت کرنے والا، چلتا ہوا، رواں، جاری۔

متحرک شدن: حرکت میں آنا، چلنا۔

مُتَحرّی: (ع) ارادہ کرنے والا۔

مُتَحسِّر: (ع) افسوس کرنے والا، جس کے دل میں کوئی حسرت ہو۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مُتَحصِّن:(ع)حلقہ میں پناہ لینے والا۔

مُتَحکِّم:حکم چلانے والا، جبر سے حکومت کرنے والا، تحکم سے کام لینے والا۔

مُتَحلّی:(ع)آراستہ، مزین۔

مُتَحمِّل:(ع)مستقل مزاج، برداشت کرنے والا، بردبار،

اُو مخارج خانوادہ خود را متحمل می شود:وہ اپنے خاندان کے اخراجات خود برداشت کرتا ہے۔

مُتَحیِّر:(ع)حیران، متعجب، حیرت زدہ، ہکا بکا۔

متحیر شدن:حیران ہو جانا۔

مُتَخاصِم:(ع)دشمن، جدال پسند، نزاع انگیز، جھگڑالو، متخاصمین جمع۔

مُتَخالِف:(ع)مخالف، نا مساعد، مضرت رساں، بر خلاف، نقصان دہ، نا موافق۔

مُتَخَذ:(ع)اخذ کیا گیا، قبول کیا گیا، اختیار کیا گیا، لے لیا گیا

مُتخصِّص:(ع)ماہر خصوصی۔

مُہندِس متخصص:ماہر انجینئر۔

مُتخطّی:(ع)خلاف ورزی کرنے والا، انحراف کرنے والا، خطا کار، مجرم، گنہگار۔

مُتَخلخِل:(ع)(۱)جس کے اجزا باہم متصل ہوئے نہ ہوں (۲)مسام دار، جس میں مسام کثرت سے ہوں

متخلِّص:(ع)جس کا تخلص ہو جیسے اسداللہ خاں المتخلص بہ غالب۔

متخلِّف:(ع)خلاف عمل کرنے والا، مخالفانہ روش اختیار کرنے والا۔

متخلِّق:(ع)اچھا اخلاق رکھنے والا۔

متخلقِ اخلاقِ حمیدہ:حسن اخلاق کے اوصاف رکھنے والا۔

متخیِّل:(ع)بلند تخیل رکھنے والا۔

قوت متخیلہ:(ع)تخیل کی قوت۔

مَتَد:روش، دستور، قاعدہ میتھڈ (انگ)۔

مُتَداخِل:(ع)ایک دوسرے سے متعارف ہونا ایک دوسرے کے قریب آنا، درمیان آیا ہوا، جو دوسروں میں شامل ہوا ہو، داخل ہونیوالا۔

مُتَدارِک:(ع)فن شاعری کے ایک وزن کا نام

متَداعی:(ع)دعوی کرنے والا (۲)دعوے داروں کی جماعت، متداعین جمع۔

مُتَداوِل:(ع)مروج، رائج۔

لباس جدید متداول شدہ است:جدید قسم کا لباس مروج ہو گیا ہے۔

مُتَدرِّجاً:(ع)بتدریج، رفتہ رفتہ۔

مُتدیِّن:(ع)دیندار، دیانت دار، ایماندار۔

مُتَذبذِب:(ع)تذبذب میں پڑنے والا، پس و پیش، شش و پنج میں پڑنے والا، غیر مستقل مزاج، کمزور ارادے کا۔

مُتذکِّر:()یاد میں رہنا، یاد دلایا جانا۔

متذکرشدن:یاد میں رہنا۔

مُتَذلِّل:(ع)ذلیل و خوار۔

مترادِف:(ع)دو الفاظ جو ایک معنی رکھتے ہوں، ہم آہنگ ہم ردیف۔

متراژ:(ع)میٹر کے حساب سے اندازہ کرنا۔

مُتَراکِب:(ع)انبار کے طور سے اوپر تلے رکھا گیا، عروض کی اصطلاح میں ایسا قافیہ لانا جس کے تین حرف متحرک ہوں، مثلاً شِکَند، فِکَند۔

مُتراکِم:(ع)جمع شدہ، تہ بہ تہ جمع ہونے والا۔

متراکم شدن:انبار لگنا۔

مُتَربِّص:(ع)منتظر۔

مُترتِّب:(ع)ترتیب پانا، نتیجہ ہونا۔

فائدہ ازین مترتب نخواہد بود:اس سے کوئی

marfat.com

فائدہ حاصل نہ ہوگا۔

مُتَرجِّم: (ع)ترجمہ کرنے والا، مترجمین جمع۔

مترجمی: ترجمہ کا کام، ترجمان کا کام۔

مُتردِّد: (ع)تردد کرنے والا، فکر مند، پریشان، مذبذب، ضعیف الارادہ، غیر مستقل مزاج۔

مَتَرس: انسانی شکل میں ڈراؤنی شکل جو پرندوں کو ڈرانے کے لیے کھیتوں میں رکھی جاتی ہے، ڈراؤنا۔

مُتَرسِّل: (ع)خط و کتابت، خط لکھنے والا، مراسلہ لکھنے والا، معتمد، سیکرٹری۔

مُتَرشِّح: (ع)ترشح، ٹپکنا، رسنا، ظاہر ہونا۔

مُترصِّد: (ع)منتظر، امیدوار، امید رکھنے والا، محتاط، چشم براہ۔

بندہ مترصدِ فرصتِ شما است: بندہ آپ کی فرصت کا منتظر ہے۔

مُترقَّب: (ع)جس کا انتظار ہو۔

مترقِّب: جو کسی کا انتظار کرتا ہے

مُترقّی: (ع)ترقی کرنا، آگے بڑھنا، ترقی پذیر۔

مِلَلِ مترقیہ: ترقی یافتہ قومیں۔

مترنِّم: (ع)گانے والا، جس کی آواز میں ترنم ہو، جس کے شعروں میں ترنم کی کیفیت ہو۔

مَترُوک: (ع)ترک شدہ، منسوخ، غیر مروج۔

متروکات: (ع)متروک کی جمع۔

متروکیت: ترک ہونا، رائج نہ ہونا۔

مترهِّب: (ع)عبادت کرنے والا۔

مُتزایِد: (ع)بڑھنا، زیادہ ہونا۔

متزلزِل: (ع)لرزش کرنے والا، ڈگمگانے والا، جو ایک بات پر قائم نہ رہ سکے۔

مُتزوِّج: (ع)جس نے شادی کی ہو، شادی شدہ۔

متزهِّد: (ع)پارسا، جس نے ترک دنیا کر کے عبادت گزاری

اختیار کی ہو۔

مُتَسالِم: (ع)جو کسی سے صلح و آشتی کرے۔

مُتَساوی: (ع)برابر، مساوی ہونا۔

متساوی الاضلاع: (ع) (جیومیٹری) جس شکل کے ضلع برابر ہوں۔

متساوی الترکیب: (ع)جن کی ترکیب ایک جیسی ہو۔

متساوی الزوایا: (ع)جس شکل کے زاویے برابر ہوں۔

متساوی الصّدا: ہم صدا، ہم آواز، ہم آہنگ جن کی آواز ایک سی ہو۔

متساوی المحیط: (ع)جن کا محیط ایک سا ہو۔

مُتَّسِع: (ع)جس میں وسعت ہو، وسیع، وسعت دار، فراخ۔

متسع کردن: وسیع کرنا، پھیلانا۔

مُتَشابِہ: (ع)یکساں، ایک جیسا، ہم نسبت، متناسب، مماثل۔

متَشابِہات: (ع)متشابہ کی جمع، چیزیں جو ایک جیسی ہوں۔

متَشاعِر: (ع)جو یہ دعوی کرے کہ میں شاعر ہوں، تُک بند شاعر۔

متَشائم: (ع)جس کے دل میں برے برے خیال آتے ہوں۔

مُتَشبِّث: (ع)جو شخص کسی چیز پر ہاتھ مارتا ہے اور اسے ہتیانے کی کوشش کرتا ہے۔

متَشتِّت: (ع)منتشر، پراگندہ۔

متَشخِّص: (ع)ممتاز شخصیت۔

متَشرِّع: (ع)شریعت پر کاربند۔

متَشرِّف: (ع)بزرگ، بزرگ منش۔

متَشکِّر: (ع)شکر گزار، ممنون، سپاس گزار۔

خیلی متشکرم کہ اینجا تشریف آوردید: (ع)میں بہت شکر گزار ہوں کہ آپ یہاں تشریف لائے۔

مُتَشکِّل: (ع)صورت پذیر ہونا، صورت اختیار کرنا، کسی چیز کا بنایا جانا۔

این از سنگ ھای صاف متشکل گردیدہ است: یہ صاف اور ہموار پتھروں سے بنا ہے۔

مُتَشکّی: (ع)شکایت کرنے والا، شاکی۔

مُتَشنِّج: (ع)جسے تشنج کا مرض لاحق ہو۔

مُتَشہّی: (ع)آرزومند۔

مُتَشیِّع: (ع)شیعہ مسلک کا پیرو۔

مُتَصادِف: (ع)مصادف، مطابق ہونا، موافق ہونا۔

مُتَصادِم: (ع)ٹکرانا، تصادم ہونا۔

مُتَصاعِد: (ع)صعود کرنا، بلندی پر پہنچنا، ترقی کرنا۔

مُتَصالِح: (ع)کسی دوسرے شخص سے مل کر مصالحت سے کام کرنا۔

مُتَصدّی: (ع)پیشکار، ایجنٹ، گماشتہ، محرر۔

متصدی این کارکیست: اس کام کا پیشکار کون ہے۔

مُتَصرِّف: (ع)جس کا کسی چیز پر تصرف ہو، جو قابض ہو۔

متصرف شدن: قابض ہونا۔

متصرِّفات: (ع)وہ چیزیں جن پر کوی قابض ہو یا جو چیزیں کسی کے تصرف میں ہوں۔

مُتَّصِف: (ع)صفت رکھنے والا۔

متّصِل: (ع)ساتھ، ملحق، ملا ہوا۔

خانہ ھای شما وما متصل اند: ہمارا اور تمہارا گھر ساتھ ساتھ ہیں۔

متصل شدن: مل جانا، قریب ہو جانا۔

متصل کردن: ملانا، ملحق کردینا، قریب کردینا۔

متصلاً: (ع)متواتر، لگاتار۔

مُتَصنِّع: (ع)اپنے فن اور صفت کی بنا پر خود نمائی کرنے والا، جو تصنع کے ساتھ اپنی نیکو کاری کو ظاہر کرے۔

متَصوَّر: (ع)تصور میں آنا، خیال میں آنا۔

ھیچ فائدہ درین کار متصورنیست: اس کام میں کسی فائدے کی توقع نہیں۔

مُتَصوِّف: (ع)اپنے تصوف اور درویشی کا اظہار کرنے والا۔

مُتَصوِّفہ: (ع)اہل تصوف، صوفیہ۔

مُتَضاد: (ع)ایک دوسرے کی ضد۔

نیک وبد باھم متضاد اند: نیک اور بد ایک دوسرے کی ضدہیں۔

مُتَضرِّر: (ع)جس میں نقصان کا ضرر ہو۔

مُتَضرِّع: (ع)رحم طلب، تضرع کرنے والا، نالہ و فریاد کرنے والا۔

مُتَضعِّف: (ع)ضعیف، جو ضعیف و ناتوانی سے دُچار ہو۔

متضمِّن: (ع)شامل، مندرج۔

روزنامہ متضمن جنگ عراق و ایران است: اخبار میں عراق اور ایران کے جنگ کا ذکر شامل ہے۔

متَطاوِع: (ع)فروتن، مطیع، فرماں بردار۔

متَطرِّق: (ع)راستہ پا لینے والا۔

متَظاہِر: (ع)ظاہر کرنے والا، ظاہر کرنا۔

متظلِّم: (ع)نا انصافی، یا کسی تکلیف کی شکایت کرنے والا، داد خواہ۔

مُتَعادِل: (ع)ہم وزن، برابر۔

مُتَعارِض: (ع)جس کو کسی سے تفاوت یا مخالفت ہو۔

متَعارِف: (ع)جان پہچان والا، مشہور، جس کا دوسروں سے تعارف ہو۔

متعارفی: عام، معمولی۔

مُتَعاقِب: (ع)تعاقب کرنے والا، پیچھے آنے والا۔

متعاقباً: (ع)تعاقب کے طور پر۔

marfat.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مُتَعاقِد: (ع)ٹھیکہ یا اقرار نامے میں شریک ،عہدو پیمان کرنے والا۔

مُتَعال: بلند ترین، عظیم، بزرگ و برتر۔

خداوند متعال: بزرگ و برتر خداوند تعالی۔

مُتَعالی: (ع)بلندپایہ ، بلند مرتبہ۔

مُتَعامِل: (ع)جو کسی سے خرید و فروخت کا معاملہ کرتا ہو۔

مُتَعاوِن: (ع)تعاون کرنے والا، یار، مددگار، حمایتی جو ایک دوسرے کی اعانت کریں۔

مُتَعاهِد: (ع)متفقہ عہد کرنے والے، متفقہ عہد کرنے والوں کا رکن۔

مَتعِب: (ع)جو شخص کسی کو رنج و تکلیف میں مبتلا کرے ، متعاب جمع۔

مُتَعبِّد: (ع)عبادت کرنے والا، عبادت گزار، عابد، زاہد۔

متعجِّب: (ع)حیران، ششدر۔

متعجب شدن: ششدر ہو جانا ، حیران ہونا۔

متعجّبانه: (ع)تعجب سے، حیرانی سے۔

متعدِّد: (ع)کئی، بہت سے، چند جو شمار کیے گئے۔

مُتعدّی: (ع)چھوت کی بیماری (۲)حد سے تجاوز کرنے والا۔

متعذِّر: (ع)عذر بہانہ کرنے والا۔

متعرِّب: (ع)جس نے عربوں کا سا اخلاق اور طور طریقے اختیار کرلیے ہوں۔

متعرِّض: (ع)مزاحمت کرنے والا، روکنے والا، مداخلت کرنے والا، مخالفت کرنے والا، بیجا دخل اندازی، مداخلت۔

می خواستم که حرف بزنم او متعرض شد: میں نے چاہا تھا کہ بات کروں لیکن اس نے مزاحمت کی۔

متعسِّر: (ع)مشکل، دشوار، پیچیدہ۔

متعسِّف: (ع)بے راہروی اختیار کرنے والا، ستمگار۔

متعشِّق: (ع)کسی سے عشق کرنے والا۔

مُتَعصِّب: (ع)تعصب کرنے والا، اپنی یا اپنی جماعت ہی کی باتوں پر زور دینے والا، بے جاطرفداری کرنے والا۔

شخصِ متعصب درست قضاوت نمی کند: بے جا طرفداری کرنے والا شخص درست فیصلہ نہیں کرتا۔

متعصِّبانه: تعصب سے، بے جا طرفداری سے۔

مُتَّعِظ: (ع)نصیحت قبول کرنے والا، وعظ و نصیحت سننے اور اس پر عمل کرنے والا۔

مُتَعفِّن: (ع)جس میں عفونت ہو، بدبودار، گلا سڑا، جس سے بو آنے لگے۔

متعفن شد: اس میں سے بو آنے لگی ہے۔

متعلِّق: (ع)جس چیز کا کسی کے ساتھ تعلق ہو، جس کا کسی سے علاقہ یا واسطہ ہو۔

زمین های متعلق بدولت: زمین جن کا تعلق حکومت سے ہے۔

مُتعلق بودن: ملکیت ہونا۔

این قلم خود نویس به طارق متعلق است: یہ فاؤنٹین پن طارق کا ہے۔

متعلقات: متعلق کی جمع۔

خانه و متعلقات: گھر اور گھر سے تعلق رکھنے والے۔

متعلّقان: (ع)افراد خانہ، ملازمین اور خاندان سے وابستہ لوگ۔

متعلِّقه: (ع)جس کے ساتھ کسی کا تعلق ہو،عیال، زوجہ، سازوسامان۔

متعلِّم: (ع)شاگرد ، طالب علم، تعلیم حاصل کرنے والا (متعلمین جمع)۔

متعمِّد: (ع)اپنے ارادے سے کوئی کام کرنا، سنجیدگی سے کوئی کام کرنا، سنجیدگی سے کام کرنے والا، بالارادہ کام کرنے والا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

متعمداً(ع)عمداً۔

متعمق:(ع)دور اندیش، غور سے نظر ڈالنے والا، عمیق نظر سے دیکھنے والا۔

متعمل:(ع)اپنے کام کاج میں کوشش کرنیوالا۔

متعنت:(ع)آزار پہنچانے والا، جو کسی کی خواری یا ذلت کا متمنی ہو۔

متعند:(ع)ضدی، مخالف، عناد رکھنے والا۔

متعہ:(ع)عارضی یا محدود مدت کے لیے شادی جس کا رواج اہل تشیع میں ہے، عارضی مدت کے نکاح کو صیغہ کہتے ہیں۔

متعہد:(ع)عہدیدار، ذمے دار، عہد و پیمان کرنے والا۔

شاگردان متعهد هستند که:(ع)طلبہ اس بات کا ذمہ لیتے ہیں یا عہد کرتے ہیں کہ----

متعهد شدن:ذمے داری قبول کرنا، عہد کرنا۔

متعین:(ع)(۱)ظاہر، آشکار، مقرر (۲)بزرگوار، دولت مند شخص۔

متغایر:(ع)جس کا کسی سے اختلاف ہو یا کسی سے مغائرت ہو۔

متغلب:(ع)غلبہ پانے والا، زبردست۔

متغیر:(ع)دگرگون، کوئی شخص یا چیز جو تغیر حال پیدا کرے، آشفتہ، خشمگین، رنجیدہ، تغیر، تبدیلی کا ہونا۔

متفاحش:(ع)فحش کلامی کرنے والا، بُرا بھلا کہنے والا۔

متفاخر:(ع)ایک دوسرے پر فخر و ناز کرنے والے۔

متفاوت:(ع)مختلف، فرق ہونا۔

این با آن کاملاً متفاوت است:یہ اس سے بالکل مختلف ہے۔

متفحص:(ع)(۱)جستجو کرنا، تلاش کرنا (۲)جستجو کرنے والا، تفحص کرنے والا۔

متفرد:(ع)الگ، جدا، تنہا۔

متفرس:(ع)(۱)علامت کے طور کوئی چیز حاصل کرنے والا (۲)حیران ہونے والا کہ میں نے کیا حاصل کر لیا ہے

(۳)گھوڑ سواری کا ماہر۔

متفرع:(ع)کسی چیز سے شاخ کی طرح نکلنے والا، متعلق۔

متفرعات:(ع)متفرع کی جمع، شاخیں، متعلقات، ضمنی پیداوار۔

متفرعن:مغرور، متکبر، ضدی۔

متفرق:(ع)منتشر، پراگندہ، الگ الگ، جدا جدا۔

منفرق شدن:(ع)منتشر ہو جانا۔

متفرق کردن:منتشر کردینا۔

متفرقه:مختلف۔

امور متفرقه:مختلف امور۔

متفطن:(ع)زیرک، دانا، باتدبیر۔

متفق:(ع)اتفاق ہونا، موافق ہونا، ہم خیال ہونا، رائے میں یکسانیت ہونا۔

متفق گردید رایے ہو علی با رائے من:ہو علی کی رایے کا میری رائے سے اتفاق ہو گیا، یہ ایسے موقع پر عام طور سے کہا جاتا ہے، جب کسی بزرگ کی رائے کا اپنی رائے سے اتفاق ہو گیا ہو۔

متفق شدن:ہم رائے ہونا، ہم خیال ہونا۔

عاقبت درین موضوع بامن متفق شد:آخرکار اس موضوع پر اسے میری رائے سے اتفاق ہو گیا۔

متفقاً:اتفاق کے ساتھ۔

متفقاً بحق او رای دادند:متفقہ طور سے انہوں نے اس کے حق میں رائے دی۔

متفق الرای:(ع)ہم رایے ہونا، ہم خیال ہونا۔

متفق القول:(ع)بیان کے ساتھ ہم خیال ہونا۔

متفق الکلام:(ع)ہم سخن، ہم کلام، یک زبان۔

متفکر:(۱)گہری سوچ اور فکر والا،

متفکر شدن:(۱)گہری سوچ میں ہونا

شنیدن این خبر همه متفکر شدند:اس خبر کے سنتے ہی سب گہری سوچ میں پڑ گئے۔

marfat.com

مُتَفکّرانه: گہری سوچ بچار، سے، غور و خوض سے

مُتفنّن: (ع) علوم و فنون جاننے والا، ایک فن سے دوسرے فن کی طرف رجوع کرنے والا

مُتَقابِل: (ع) آمنے سامنے، رو برو، ایک دوسرے کے مقابلے میں

شرائط متقابله: باہمی شرائط

مُتَقارِب: (ع) قرب حاصل ہونا، نزدیک ہونا (۲) فن شاعری کا ایک بحر جس میں آٹھ مرتبہ فعولن ایک شعر میں آتا ہے

مُتَقارِن: (ع) ایک دوسرے سے متحد، ایک ہی بات کی طرف مائل ہونے والے

مُتَقاطِع: (ع) ایک دوسرے کو قطع کرنے والا

متقاعِد: (ع) جو شخص اپنی جگہ پر بیٹھتا ہے اور اپنے حق پر قانع ہوتا ہے، پنشن یافتہ، مطمئن

اعضای متقاعدِ دانشگاه: یونیورسٹی کے پنشن یافتہ ملازمین

از جواب او متقاعد نشدم: اس کے جواب سے میں مطمئن نہ ہوا

متقاعد کردن: یقین دلانا، مطمئن کرنا

مُتَقاضی: (ع) کوئي شخص جو کسی دوسرے سے اپنی خواہش کا اظہار کرے

مُتَقاطِر: (ع) جو چیز قطرے قطرے کی صورت میں ٹپکے

مِتقال: (ع) سخت اور درشت سوتی کپڑا

مُتقبّل: (ع) اپنے ذمے کوئی فرض لینا، قبول کرنا، ذمے داری قبول کرنا، مدد دینا

متقدّم: (ع) قدیمی، گزشتہ زمانے کا

متقدّمین: (ع) متقدم کی جمع، اگلے وقتوں کے لوگ

متقرّب: (ع) تقرب چاہنے والا، قرب حاصل کرنے کا خواہشمند

متقلّب: فریبی، دھوکے باز، دغا باز، حیلہ ور

متقلبانه: دغا فریب سے، دھوکے سے

مُتقَن: (ع) سخت، محکم، مضبوط

مُتّقی: (ع) پرہیزگار، عابد، زاہد

مُتّکا: (ع) تکیہ، تکیہ گاہ

مُتکافی: (ع) جتنا کافی ہو، بقدر کفایت

مُتکبِّر: (ع) مغرور

متکبرانه: غرور سے تکبر سے

حرف های متکبرانه: تکبر آمیز باتیں

متکدّی: (ع) گدا، فقیر

متکفِّل: (ع) کفالت کرنے والا، ضامن، کفیل، ذمے دار

متکفل شدن: کسی کی کفالت کرنا، کسی کا کفیل بننا

متکلِف: (ع) وہ شخص جو کوئی کام اپنے ذمے لے لیتا ہے اور خود کو پریشانیوں میں مبتلا کرتا ہے

متکلِم: (ع) کلام کرنے والا، سخن گو، ناطق

متکلم شدن: بولنا، کلام کرنا، بات کرنا، متکلم بطور ضمیر بھی آتا ہے

متکوِّن: (ع) عالم نیستی سے عالم ہستی لایا گیا، وجود میں آنا

مُتّکی: (ع) حمایت یافتہ، پناہ یافتہ

